فتاویٰ محمودیہ

فقیہ الامت حضرت مولانا مفتی محمود حسن گنگوہی نوراللہ مرقدہٗ

تبویب، تخریج اور تعلیق

زیر سرپرستی

شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب زید مجدہم

زیر نگرانی

دار الافتاء جامعہ فاروقیہ کراچی

Made searchable using ScribeTools.com

فتاوی محمودیہ

فقیہ الامت حضرت مولانا مفتی محمود حسن گنگوہی نوراللہ مرقدہ

تبویب، تخریج اور تعلیق

زیر سرپرستی

شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب زید مجدہم

زیر نگرانی

دار الافتاء جامعہ فاروقیہ کراچی

فتاوی محمودیہ

فتاویٰ

فقیہ الامت حضرت مولانا مفتی محمود حسن گنگوہی نور اللہ مرقدہ

تبویب، تخریج اور تعلیق

دار الافتاء جامعہ فاروقیہ کراچی

کل صفحات ——— ۷۱۲

ناشر

ادارہ الفاروق کراچی

جملہ حقوق بحق ادارہ الفاروق کراچی پاکستان، محفوظ ہیں

اس کتاب کا کوئی بھی حصہ ادارہ الفاروق سے تحریری اجازت کے بغیر کہیں بھی شائع نہیں کیا جاسکتا۔ اگر اس قسم کا کوئی اقدام کیا گیا تو قانونی کارروائی کا حق محفوظ ہے۔

جميع حقوق الملكية الأدبية والفنية محفوظة

لإدارة الفاروق كراتشي باكستان

لا يسمح بإعادة نشر هذا الكتاب، أو أيّ جزء منه، أو نسخه، أو حفظه في برنامج حاسوبي، أو أيّ نظام آخر يستفاد منه إرجاع الكتاب، أو أي جزء منه.

All rights are reserved exclusively in favour of:

Idarah Al-Farooq Karachi-Pak.

No part of this publication may be translated, reproduced, distributed in any form by any means, or stored in a data base or retrieval system, without the prior written permission of the publisher.

فتاوی محمودیہ

Graphix & Composing: Irfan Anwar Mughal

سن طباعت بار اول.....۱۴۲۶ھ، مطابق ۲۰۰۵ء

سن طباعت بار دوم.....۱۴۲۹ھ، مطابق ۲۰۰۸ء

سن طباعت بار سوم.....۱۴۳۰ھ، مطابق ۲۰۰۹ء

ملنے کا پتہ

ادارہ الفاروق کراچی

جامعہ فاروقیہ، پوسٹ بکس نمبر 11009 شاہ فیصل کالونی نمبر 4، کراچی، پوسٹ کوڈ نمبر 75230

فون: 4599167, 4571132، ای میل: info@farooqia.com

www.farooqia.com

——— مطبع.....القادر پرنٹنگ پریس ———

Made searchable using ScribeTools.com

اجمالی فہرست

.....☆.....بقية كتاب الصلوة .....☆.....

☆☆ باب صلوة الجمعة ٣٠

☆ الفصل الأول في وجوب الجمعة ٣٠

☆ الفصل الثانی فی شرائط الجمعة ٤٠

☆ فصلٌ فی اشتراط المصر للجمعة ٥٧

☆ الفصل الثالث فی تعدّد الجمعة ١٨٨

☆ الفصل الرابع فی خطبة الجمعة ١٩٨

☆ الفصل الخامس فی أذان الجمعة ٢٩٧

☆ الفصل السادس فی وقت صلوة الجمعة ٣٣٨

☆ الفصل السابع فی النوافل یوم الجمعة ٣٤٤

☆ الفصل الثامن فی احتیاط الظهر ٣٤٦

☆ الفصل التاسع فی النظافة یوم الجمعة ٣٥٨

☆☆ باب العیدین ٣٦٧

☆ الفصل الأول فی شرائط العیدین ٣٨١

☆ الفصل الثانی فی وجوب صلوة العید علی المخبوسین والنساء .. ٣٩١

☆ الفصل الثالث فی صلوة العید فی المسجد وغیره ٤٠١

☆ الفصل الرابع فی تعدد العید وتکراره..... ٤٢٨

☆ الفصل الخامس فی تکبیرات العیدین ٤٣٧

☆ الفصل السادس فی تکبیرات التشریق ٤٤٥

☆ الفصل السابع فی خطبة العید ٤٥١

☆ الفصل الثامن فی الدعاء بعد العیدین ٤٥٩

☆☆ باب صلوة الاستسقاء ٤٧٦

☆☆ باب الجنائز ٤٨١

☆ الفصل الأول فی غسلِ المیت ٤٨٨

☆ الفصل الثانی فی تکفین المیت ٥٠٤

☆ الفصل الثالث فی صلوة علی المیت ٥٤٤

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرست عنوانات

نمبر شمار	مضمون	صفحہ نمبر
	باب صلوة الجمعة	
	الفصل الأول فی وجوب الجمعة	
	(وجوبِ جمعہ کا بیان)	
۱	نابینا پر جمعہ اور اس کی امامت	۳۰
۲	جو شخص لاؤڈ اسپیکر سے اذانِ جمعہ سنے، تو کیا اس پر جمعہ فرض ہے؟	۳۱
۳	جمعہ کے لئے گاؤں سے شہر میں آنا	۳۲
۴	گاؤں کا آدمی جمعہ کے دن شہر میں جائے تو کیا نیت کرے؟	۳۳
۵	جمعہ کے وقت اسکول کی حاضری	۳۴
۶	جن لوگوں کو جمعہ نہیں ملا، کیا وہ ظہر جماعت سے پڑھیں؟	۳۴
۷	جمعہ سے پہلے ظہر پڑھی	۳۵
۸	جو شخص کوئی نماز نہیں پڑھتا، صرف جمعہ پڑھتا ہے، اس کا حکم	۳۶

Made Searchable by ScribeTools.com
Made searchable using ScribeTools.com

۹	عورت کے جمعہ پڑھنے سے نمازِ ظہر ساقط ہوجائے گی یا نہیں؟	۳۷
۱۰	جنگل میں بکریاں چرانے والے کے لئے نمازِ جمعہ کا حکم	۳۷
۱۱	قیدیوں کے لئے جمعہ وعیدین اور اعتکاف کا حکم	۳۸

الفصل الثانی فی شرائط الجمعة

(صحتِ جمعہ کی شرائط کا بیان)

۱۲	جمعہ کی شرائط (مفصل)	۴۰
۱۳	جمعہ کے شرائط، دارالحرب اور غیر دارالحرب میں مساوی ہیں یا نہیں؟	۴۷
۱۴	جہاں سلطان نہیں تو کیا وہاں جمعہ بھی نہیں؟	۴۷
۱۵	جمعہ کے لئے سلطان اور اذنِ عام کی شرط	۴۸
۱۶	نمازِ جمعہ کے لئے مسجد شرط نہیں	۵۳
۱۷	ایضاً	۵۴
۱۸	نمازِ جمعہ کے لئے مسجد کا ہونا ضروری نہیں	۵۵
۱۹	جو مسجد وقف نہ ہو، اس میں جمعہ کا حکم	۵۶

فصل فی اشتراط المصر للجمعة

(صحتِ جمعہ کے لئے شہر کی شرط ہونے کا بیان)

۲۰	مصر کی تعریف	۵۷
۲۱	مصر کی تعریف اور اقامتِ جمعہ کی شرائط	۵۸
۲۲	فنائے مصر کی تحدید	۶۱
۲۳	ایضاً	۶۱
۲۴	کیا مصر اور دیہات کا اطلاق عرب ممالک کی آبادی کے تناسب سے ہوگا؟	۶۱
۲۵	قریۂ کبیرہ کی تعریف	۶۴

۲۶	جس سے عقیدت ہو، اس کے فتویٰ پر عمل کریں	۶۴
۲۷	جمعہ فی القریٰ اور قریہ کی تعریف	۶۵
۲۸	قریۂ صغیرہ وکبیرہ	۶۷
۲۹	قصبہ کی تعریف کیا ہے؟	۷۲
۳۰	مصر کی تعریف اور قریہ میں جمعہ کا حکم	۷۳
۳۱	احناف نے جمعہ کے لئے مصر کی شرط کیوں لگادی؟	۸۸
۳۲	جمعہ فی القری	۹۱
۳۳	اعتراض بر جواب مذکورہ	۹۳
۳۴	قریہ کبیرہ میں نمازِ جمعہ	۹۶
۳۵	جمعہ فی القریٰ	۹۷
۳۶	ایضاً	۹۸
۳۷	ایضاً	۹۹
۳۸	ایضاً	۱۰۰
۳۹	جمعہ فی القری مفصل	۱۰۵
۴۰	گاؤں میں نمازِ جمعہ، فنائے شہر اور اس کی حد	۱۲۳
۴۱	گاؤں میں نمازِ جمعہ	۱۲۴
۴۲	ایضاً	۱۲۵
۴۳	ایضاً	۱۲۹
۴۴	ایضاً	۱۳۱
۴۵	چار ہزار والی آبادی میں نمازِ جمعہ	۱۳۲
۴۶	جمعہ فی القریٰ	۱۳۵
۴۷	دوسو گھروں پر مشتمل آبادی میں نمازِ جمعہ	۱۳۵
۴۸	تین ہزار سے زائد آبادی میں جمعہ کی نماز کا حکم	۱۳۶

Made searchable using ScribeTools.com

۴۹	گاؤں میں نمازِ جمعہ	۱۳۸
۵۰	گاؤں میں جمعہ اور تعزیہ پر قیاس	۱۳۹
۵۱	گاؤں میں جمعہ	۱۳۹
۵۲	قریۂ صغیرہ میں جمعہ	۱۴۴
۵۳	ایضاً	۱۴۵
۵۴	ایضاً	۱۴۶
۵۵	جس بستی میں شرائط نہ ہوں اور پھر بھی جمعہ پڑھا جائے، اس کا حکم	۱۴۷
۵۶	شہر سے متصل گاؤں والوں پر جمعہ	۱۴۹
۵۷	قصبہ سے قریب گاؤں والوں پر جمعہ	۱۵۱
۵۸	دیہات میں تعلیمِ مسائل کی خاطر جمعہ پڑھنا	۱۵۲
۵۹	قریۂ صغیرہ میں امام کے پیچھے نمازِ جمعہ میں اقتداء	۱۵۲
۶۰	بنگال کے دیہات میں جمعہ	۱۵۳
۶۱	مزرعہ قریبہ میں نمازِ جمعہ	۱۵۴
۶۲	ایک ہزار کی آبادی میں نمازِ جمعہ کا حکم	۱۵۶
۶۳	دو ہزار کی آبادی میں جمعہ وعیدین وقربانی	۱۵۷
۶۴	جس بستی میں مسلمانوں کے تیس گھر ہوں، وہاں جمعہ کا حکم	۱۵۸
۶۵	کیا تین گاؤں مل کر ایک جگہ جمعہ پڑھیں؟	۱۶۱
۶۶	پندرہ سو کی آبادی میں نمازِ جمعہ کا حکم	۱۶۲
۶۷	موضع دادری میں جمعہ	۱۶۳
۶۸	آبادی سے چالیس میل دور کارخانہ میں نمازِ جمعہ	۱۶۵
۶۹	جس بستی میں مسجد نہ ہو، وہاں جمعہ وعید	۱۶۵
۷۰	جمعہ کی نماز کے لئے کسی بستی میں جانا	۱۶۷
۷۱	لوگوں کے نماز ترک کرنے کے اندیشہ سے نمازِ جمعہ کا قیام	۱۶۸

۷۲	ایضاً	۱۷۰
۷۳	بستی میں نمازِ جمعہ بند کرنے سے لوگ فرض نماز روزہ چھوڑ دیں تو کیا حکم ہے؟	۱۷۲
۷۴	بستی میں نمازِ جمعہ سے منع کرنے کی صورت میں لوگوں کی ملامت کا خوف ہو تو کیا کیا جائے؟	۱۷۴
۷۵	جوازِ جمعہ میں اختلاف ہو تو راہِ عمل کیا ہے؟	۱۷۵
۷۶	احتیاط مذہبِ حنفی میں ہے کہ ''قریہ صغیرہ میں جمعہ نہیں''	۱۷۵
۷۷	جمعہ کی نماز میں شوافع کے یہاں کتنے آدمی ضروری ہیں؟	۱۷۶
۷۸	ایضاً	۱۷۶
۷۹	بازار کی مسجد میں جمعہ قائم کرنا	۱۷۷
۸۰	اگر بغیر جمعہ کے مسجد آباد نہ ہو تو کیا کریں؟	۱۷۸
۸۱	جس مسجد میں پنجوقتہ نماز نہ ہوتی ہو، اس میں جمعہ کا حکم	۱۷۸
۸۲	گھر یا حجرہ میں جماعت یا جمعہ	۱۸۰
۸۳	جیل یا گھر میں جمعہ	۱۸۱
۸۴	قید خانہ میں جمعہ کی نماز	۱۸۳
۸۵	فیکٹری میں جمعہ	۱۸۴
۸۶	ہوسٹل میں جمعہ	۱۸۶
۸۷	کواڑ بند کر کے نمازِ جمعہ	۱۸۶

الفصل الثالث فی تعدد الجمعة

(متعدد جگہ جمعہ پڑھنے کا بیان)

۸۸	تعددِ جمعہ	۱۸۸
۸۹	ایک بستی میں متعدد جگہ جمعہ	۱۸۸
۹۰	بڑی جامع مسجد ہوتے ہوئے دوسری جگہ جمعہ قائم کرنا	۱۹۲
۹۱	مزارعِ متعددہ میں تعددِ جمعہ	۱۹۴

Made searchable using ScribeTools.com

۹۲	مسجد کو چھوڑ کر عیدگاہ میں ضرورت کے وقت جمعہ ادا کرنا	۱۹۵
۹۳	بدعتی امام سے بچنے کے لئے مدرسہ میں قیامِ جمعہ	۱۹۶

الفصل الرابع فی خطبة الجمعة

(جمعہ کے خطبہ کا بیان)

۹۴	خطبہ دینے کا مسنون طریقہ	۱۹۸
۹۵	خطبۂ جمعہ ایک منبر پر بیٹھ کر، ایک کھڑے ہو کر دینا	۱۹۸
۹۶	خطبۂ جمعہ منبر کے کس زینہ سے ہو	۱۹۹
۹۷	ایضاً	۲۰۰
۹۸	جمعہ کے دو خطبوں کے درمیان بیٹھنا	۲۰۰
۹۹	خطبہ اور نمازِ جمعہ میں فصل کی مقدار	۲۰۲
۱۰۰	خطبہ کے بعد مصلی پر بیٹھنا	۲۰۷
۱۰۱	خطبہ کے بعد امام کا منبر سے اتر کر مصلی پر بیٹھنا	۲۰۸
۱۰۲	خطبۂ جمعہ کا حکم	۲۰۸
۱۰۳	خطبۂ جمعہ وعیدین کا حکم	۲۰۹
۱۰۴	خطبہ کا سننا جمعہ کے لئے شرط نہیں	۲۱۰
۱۰۵	ایضاً	۲۱۱
۱۰۶	خطبۂ اُولی اور ثانیہ میں کس قدر طول ہو؟	۲۱۱
۱۰۷	خطبہ جمعہ دیکھ کر پڑھنا	۲۱۲
۱۰۸	خطبۂ جمعہ میں خلفائے راشدین کا تذکرہ	۲۱۳
۱۰۹	خطبہ میں نواب کا نام لینا	۲۱۴
۱۱۰	خطبۂ جمعہ کے ختم ہونے سے پہلے کھڑا ہونا	۲۱۴
۱۱۱	ایک شخص نماز جمعہ پڑھائے، دوسرا خطبہ پڑھے	۲۱۵

Made Searchable by ScribeTools.com

۱۱۲	مراہق خطبہ پڑھے اور بالغ جمعہ پڑھائے	۲۱۶
۱۱۳	خطبۂ جمعہ بزبانِ عربی (مفصل)	۲۱۶
۱۱۴	جواب پر چند اعتراضات	۲۲۷
۱۱۵	الخطبة بغير العربية	۲۳۵
۱۱۶	ایضاً	۲۳۶
۱۱۷	ایضاً	۲۳۹
۱۱۸	اردو میں خطبہ	۲۴۰
۱۱۹	مذہب شافعی میں خطبۂ جمعہ کا ترجمہ	۲۴۰
۱۲۰	ترجمۂ خطبۂ عربیہ	۲۴۱
۱۲۱	خطبہ حاضرین کی زبان میں	۲۴۳
۱۲۲	خطیب کا وقتی مسئلہ اردو میں سنانا	۲۴۹
۱۲۳	جمعہ کی دو اذانوں کے درمیان وعظ	۲۴۹
۱۲۴	اذانِ خطبہ سے پہلے وعظ	۲۵۲
۱۲۵	خطبۂ جمعہ سے پہلے وعظ	۲۵۳
۱۲۶	جمعہ سے پہلے وعظ	۲۵۶
۱۲۷	خطبہ سے پہلے اردو میں وعظ (مفصل)	۲۵۶
۱۲۸	جمعہ کی نماز پڑھنے کے بعد کسی دوسری مسجد میں خطبہ پڑھنا	۲۶۷
۱۲۹	جمعہ پڑھ کر دوسری مسجد میں خطبہ پڑھنا	۲۶۸
۱۳۰	ایک شخص کا دو جگہ خطبہ پڑھنا	۲۶۹
۱۳۱	خطبۂ جمعہ کے وقت عصا ہاتھ میں لینا	۲۶۹
۱۳۲	خطبہ کے وقت لاٹھی ہاتھ میں لینا	۲۷۰
۱۳۳	تلوار یا کمان لے کر خطبہ پڑھنا	۲۷۱
۱۳۴	خطبہ کے وقت خطیب کی طرف رخ ہو یا قبلہ کی طرف؟	۲۷۳

Made searchable using ScribeTools.com

۱۳۵	دورانِ خطبہ ادھر ادھر دیکھنا	۲۷۵
۱۳۶	حالتِ خطبہ میں پنکھے سے ہوا کرنا	۲۷۶
۱۳۷	دورانِ سنت جمعہ کا خطبہ شروع ہوجائے تو کیا کیا جائے؟	۲۷۶
۱۳۸	خطبہ کے وقت نماز نفل پڑھنا	۲۷۷
۱۳۹	خطیب کا عین خطبہ کے وقت مصلی پر آنا	۲۷۸
۱۴۰	خطبۂ جمعہ سے پہلے نعت ونظم	۲۷۹
۱۴۱	خطبۂ جمعہ میں اشعار	۲۷۹
۱۴۲	خطبہ کے وقت سامعین کا ہاتھ باندھنا، کھولنا	۲۸۰
۱۴۳	اذان وخطبہ کے درمیان "إن اللّٰه وملائكته" پڑھنا	۲۸۰
۱۴۴	سامعین کا حالتِ خطبہ میں درود شریف پڑھنا	۲۸۲
۱۴۵	خطبۂ اُولیٰ کے اخیر کی دعاء	۲۸۳
۱۴۶	درمیانِ خطبہ میں سامعین کا زور سے درود شریف پڑھنا	۲۸۴
۱۴۷	خطبہ سے قبل "السلام علیکم" کہنا	۲۸۵
۱۴۸	دعا بین الخطبتین	۲۸۵
۱۴۹	دعا کے درمیان چندہ	۲۸۷
۱۵۰	ایضاً	۲۸۸
۱۵۱	خطبہ کے وقت نمازیوں سے چندہ وصول کرنا	۲۹۰
۱۵۲	خطبۂ جمعہ کے وقت چندہ کرنا	۲۹۱
۱۵۳	خطبۂ جمعہ میں "الوداع"	۲۹۴
۱۵۴	خطبۃ الوداع	۲۹۵
۱۵۵	ایضاً	۲۹۶

الفصل الخامس فی أذان الجمعة

(جمعہ کی اذان کا بیان)

۱۵۶	جمعہ کی دو اذانوں کا ثبوت	۲۹۷
۱۵۷	جمعہ کی اذانِ ثانی	۲۹۷
۱۵۸	جمعہ کے لئے اذانِ اول سنت ہے یا ثانی؟	۲۹۸
۱۵۹	جمعہ کے دن اذان کہاں دی جائے؟	۲۹۹
۱۶۰	جمعہ کی اذانِ ثانی کس جگہ پر ہو؟	۳۰۰
۱۶۱	جمعہ کی اذان ثانی کا محل	۳۰۱
۱۶۲	اذانِ خطبہ کا محل	۳۰۲
۱۶۳	ایضاً	۳۰۵
۱۶۴	جمعہ کی اذانِ ثانی کا مقام اور محمد بن اسحاق کا حال	۳۰۸
۱۶۵	جمعہ کے روز اذانِ خطبہ کا مقام	۳۱۱
۱۶۶	مسجد میں جمعہ کی اذانِ ثانی	۳۱۷
۱۶۷	مسجد میں اذانِ خطبہ	۳۲۲
۱۶۸	جمعہ کی اذانِ ثانی کہاں دی جائے؟	۳۲۴
۱۶۹	اذانِ خطبہ کا جواب اور اس کے دلائل	۳۲۴
۱۷۰	جمعہ کی اذانِ ثانی کا جواب	۳۲۷
۱۷۱	اذانِ خطبہ کا جواب	۳۳۰
۱۷۲	اذانِ خطبہ کا جواب اور اس کے بعد دعا	۳۳۲
۱۷۳	ایضاً	۳۳۲
۱۷۴	اذانِ خطبہ کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا کرنا	۳۳۳
۱۷۵	جمعہ کی اذانِ ثانیہ کے بعد دعاء	۳۳۳

Made searchable using ScribeTools.com

۱۷۶	اذانِ ثانی اور خطبہ میں فصل	۳۳۶
۱۷۷	اذان بین یدی الخطیب کو دائیں بائیں کہنا	۳۳۶

الفصل السادس فی وقت صلوة الجمعة

(نمازِ جمعہ کے وقت کا بیان)

۱۷۸	جمعہ کی نماز اولِ وقت میں	۳۳۸
۱۷۹	استوائے شمس کے وقت جمعہ کے روز نماز کا حکم	۳۳۹
۱۸۰	جمعہ کے دن زوال کا حکم	۳۴۰
۱۸۱	جمعہ کے دن زوال کے وقت نماز پڑھنے کا حکم	۳۴۱
۱۸۲	زوال سے پہلے جمعہ کی اذان	۳۴۲

الفصل السابع فی النوافل یوم الجمعة

(جمعہ کی نفلوں کا بیان)

۱۸۳	جمعہ کے بعد کتنی سنتیں ہیں؟	۳۴۴
۱۸۴	محراب میں جمعہ سے پہلے سنتیں پڑھنا	۳۴۵

الفصل الثامن فی احتیاط الظهر

(احتیاط الظہر کا بیان)

۱۸۵	احتیاط الظہر کی تفصیل	۳۴۶
۱۸۶	احتیاط الظہر کا حکم	۳۵۱

الفصل التاسع فی النظافة یوم الجمعة

(جمعہ کے دن غسل وغیرہ کا بیان)

۱۸۷	شبِ جمعہ میں غسل کرنے سے مسنون غسل ہو جائے گا یا نہیں؟	۳۵۸
۱۸۸	جمعہ کے روز حجامت	۳۵۸

۱۸۹	ناخن اور بال جمعہ کی نماز سے پہلے بنوائیں یا بعد میں؟	۳۵۹

فصل فی المتفرقات

۱۹۰	جمعہ کی نماز کے لئے "حی علی الفلاح" پر کھڑا ہونا	۳۶۱
۱۹۱	ہر جمعہ کو سورۂ کہف کا ورد	۳۶۲
۱۹۲	دورانِ ڈیوٹی نمازِ جمعہ پڑھنے سے ثواب ملے گا یا نہیں	۳۶۲
۱۹۳	نئی مسجد میں جمعہ اور جمعہ کی تعطیل کو اتوار سے بدلنا	۳۶۳
۱۹۴	جو شخص پنجگانہ نماز پڑھتا ہے، اس کو امامتِ جمعہ کے لئے تجویز کیا جائے	۳۶۴
۱۹۵	متولی کا امام کے علاوہ جمعہ کے لئے کسی اَور کو آگے بڑھانا	۳۶۵
۱۹۶	نمازِ جمعہ کی نیت	۳۶۶

باب العیدین

۱۹۷	"عید الضحی" کہنا چاہیے کہ "عید الأضحی"؟	۳۶۷
۱۹۸	نمازِ عید کا وقت	۳۶۷
۱۹۹	جو شخص قربانی نہ کرے، اس کے لئے نمازِ عید کا حکم	۳۶۸
۲۰۰	جو شخص فجر کی نماز نہ پڑھے، اس کے لئے نمازِ عید کا حکم	۳۷۰
۲۰۱	نمازِ عید بنیتِ نفل	۳۷۱
۲۰۲	نمازِ عید کو مؤخر کرنا	۳۷۳
۲۰۳	شہادت دیر سے پہنچے، تو نمازِ عید کو مؤخر کیا جائے	۳۷۴
۲۰۴	نمازِ عید، شوافع کے پیچھے	۳۷۶
۲۰۵	جس کو عید کی نماز نہیں ملی، وہ تنہا یا جماعت سے نمازِ پڑھ سکتا ہے	۳۷۷
۲۰۶	مسبوق نمازِ عید کس طرح پوری کرے؟	۳۷۸

Made Searchable by ScribeTools.com
Made searchable using ScribeTools.com

۲۰۷	نمازِ عید، نمازِ جنازہ پر مقدم ہے	۳۷۸
۲۰۸	روزہ رکھ کر نمازِ عید پڑھنا	۳۷۹
۲۰۹	عذر کی وجہ سے نمازِ عید میں تاخیر کا حکم	۳۸۰

الفصل الأول فی شرائط العیدین

(عیدین کی شرائط کا بیان)

۲۱۰	عید کی شرائط	۳۸۱
۲۱۱	کیا عیدین کے لئے شرط لگانے میں حرج ہے؟	۳۸۲
۲۱۲	دو ہزار کی آبادی میں عیدین اور قربانی	۳۸۴
۲۱۳	پانی کے جہاز میں نمازِ عید	۳۸۵
۲۱۴	دیہات میں نمازِ عید اور اس کے مفاسد	۳۸۷
۲۱۵	باہر کا آدمی بھی عید کی نماز پڑھا سکتا ہے	۳۸۹

الفصل الثانی فی وجوب صلوة العید علی المحبوسین والنساء

(قیدیوں اور عورتوں کے لئے نمازِ عید کا بیان)

۲۱۶	قیدیوں کے لئے نمازِ عید کا حکم	۳۹۱
۲۱۷	عورتوں کے لئے نمازِ عید میں شرکت کا حکم	۳۹۲
۲۱۸	عورتوں پر نمازِ عید واجب نہیں	۳۹۳
۲۱۹	جامع مسجد میں صرف خواتین کے لئے نمازِ عید کا حکم	۳۹۴
۲۲۰	عورتوں کا عیدگاہ میں جانا	۳۹۵
۲۲۱	عورت کے ذمہ نمازِ عید، رفع یدین وغیرہ	۳۹۷
۲۲۲	عید کا جھنڈا اور عورت کا خطبۂ عید	۳۹۹

الفصل الثالث فی صلوۃ العید فی المسجد وغیرہ

(عیدین کی نماز مسجد میں ادا کرنے کا بیان)

۲۲۳	عیدین کی نماز بستی یا میدان میں؟	۴۰۱
۲۲۴	نمازِ عید کے لئے میدان میں جانا مستحب ہے اور مسجد میں پڑھنا خلافِ سنت ہے	۴۰۴
۲۲۵	نمازِ عیدین صحرا میں یا آبادی میں؟	۴۰۵
۲۲۶	فیلڈ میدان میں نمازِ عید	۴۰۶
۲۲۷	عیدگاہ اور مساجد میں نمازِ عید	۴۰۷
۲۲۸	عیدگاہ شہر سے کتنی دور ہو؟	۴۰۹
۲۲۹	قبرستان میں نمازِ عید	۴۱۰
۲۳۰	ایضاً	۴۱۲
۲۳۱	بارش میں نمازِ عید کہاں پڑھیں؟	۴۱۳
۲۳۲	بلا عذر مسجد میں عید کی نماز	۴۱۳
۲۳۳	مسجد میں نمازِ عید پڑھنا خلافِ سنت ہے	۴۱۴
۲۳۴	مساجد میں نمازِ عید	۴۱۵
۲۳۵	معذورین کے لئے جامع مسجد میں نمازِ عید	۴۱۶
۲۳۶	دو بستیوں میں ایک عیدگاہ	۴۱۷
۲۳۷	قدیم عیدگاہ پر غیروں کے قبضہ ہو جانے کے اندیشہ سے نمازِ عید ادا کرنا	۴۱۹
۲۳۹	جدید وقدیم عیدگاہوں میں نمازِ عید	۴۲۱
۲۳۹	جدید عیدگاہ میں نماز پڑھی جائے یا قدیم میں؟	۴۲۳
۲۴۰	مجوسی کے وقف کردہ میدان میں نمازِ عید ادا کرنا	۴۲۵
۲۴۱	کیا عیدگاہ بحکمِ مسجد ہے؟	۴۲۶

Made searchable using ScribeTools.com

الفصل الرابع فی تعدد العید وتکرارہ

(نمازِ عید میں تعدد اور تکرار کا بیان)

۲۴۲	نمازِ عید دو جگہ	۴۲۸
۲۴۳	ایک سے زائد جگہ عید کی نماز	۴۲۹
۲۴۴	ہر محلّہ میں الگ الگ عید کی نماز	۴۳۰
۲۴۵	دو عیدگاہوں میں نمازِ عید ادا کرنا	۴۳۲
۲۴۶	ایک بستی میں متعدد عیدگاہیں	۴۳۳
۲۴۷	ایک ہی امام کا دو جگہ نماز عید پڑھانا	۴۳۴
۲۴۸	ایک امام گاؤں میں مردوں کو، پھر عورتوں کو نمازِ عید پڑھائے	۴۳۵
۲۴۹	امام صاحب کا نمازِ عید مکرر پڑھنا	۴۳۶

الفصل الخامس فی تکبیرات العیدین

(تکبیراتِ عید کا بیان)

۲۵۰	تکبیراتِ عیدین	۴۳۷
۲۵۱	ایضاً	۴۳۹
۲۵۲	نمازِ عید میں بارہ تکبیر کہنا	۴۴۲
۲۵۳	زائد تکبیرات میں ہاتھ چھوڑنا	۴۴۳
۲۵۴	عیدالفطر میں تین دفعہ تکبیر کہہ کر ہاتھ چھوڑنا	۴۴۳

الفصل السادس فی تکبیرات التشریق

(تکبیراتِ تشریق کا بیان)

۲۵۵	نمازِ عید کے بعد تکبیراتِ تشریق	۴۴۵
۲۵۶	ایضاً	۴۴۶

۲۵۷	نمازِ جمعہ کے بعد تکبیراتِ تشریق	۴۴۷
۲۵۸	نماز کے بعد تکبیرِ تشریق کہنا بھول گیا، بات چیت بھی کرلی	۴۴۸
۲۵۹	تکبیرِ تشریق عورت، دیہاتی اور منفرد پر	۴۴۹
۲۶۰	عیدگاہ سے لوٹتے وقت تکبیرِ تشریق	۴۵۰
۲۶۱	تکبیرِ تشریق پر فتویٰ	۴۵۰

الفصل السابع فی خطبة العید

(خطبۂ عید کا بیان)

۲۶۲	خطبۂ عید میں تکبیر پڑھنا	۴۵۱
۲۶۳	خطبۂ عید سے پہلے تکبیر	۴۵۱
۲۶۴	خطبۂ عید کی تکبیرات	۴۵۲
۲۶۵	بغیر تکبیر کے عیدالفطر کا خطبہ	۴۵۳
۲۶۶	خطبۂ عید میں عصا لینا	۴۵۳
۲۶۷	دورانِ خطبہ، خطیب کو روپیہ دینا	۴۵۴
۲۶۸	عیدالفطر کے بعد خطبہ کا ترجمہ	۴۵۵
۲۶۹	خطبۂ عید کا نہ سننا	۴۵۶
۲۷۰	مقتدیوں کے لئے خطبۂ عید کے دوران تکبیر پڑھنے کا حکم	۴۵۷
۲۷۱	خطبۂ عید میں نواب کا نام لینا	۴۵۷

الفصل الثامن فی الدعاء بعد العیدین

(نمازِ عید کے بعد کی دعاء کا بیان)

۲۷۲	عیدین کے بعد دعاء	۴۵۹
۲۷۳	نمازِ عید کے بعد دعاء	۴۶۰

Made searchable using ScribeTools.com

۲۷۴	ایضاً	۴۶۱
۲۷۵	ایضاً	۴۶۲
۲۷۶	دعاء ومصافحہ بعد نمازِ عید	۴۶۳
۲۷۷	دعاء بعد خطبۂ عیدین	۴۶۵

الفصل التاسع فی المتفرقات

۲۷۸	عیدین کے موقع پر مسجد میں چندہ کرنا	۴۶۶
۲۷۹	عیدین میں جھولی پھرانا اور اس رقم سے امام ومؤذن کی تنخواہ	۴۶۷
۲۸۰	عیدین کو امام کے لئے کمر پر رومال باندھنا	۴۶۸
۲۸۱	عیدین کو تجارت کا حکم	۴۶۹
۲۸۲	عید کے غسل کا وقت	۴۶۹
۲۸۳	غسلِ عید ایسی جگہ، جہاں عید کی نماز نہیں ہوتی	۴۷۱
۲۸۴	عید کے لئے اذان نہیں	۴۷۱
۲۸۵	نمازِ عید کے لئے "الصلوۃ" کہہ کر بلانا	۴۷۲
۲۸۶	"الصلوۃ" وغیرہ کے بغیر نمازِ عید	۴۷۲
۲۸۷	عیدین میں جلوس ودف	۴۷۳
۲۸۸	عید کے لئے قاضی کا جلوس	۴۷۴
۲۸۹	بطورِ احتجاج عید کے روز نئے کپڑے نہ پہننا	۴۷۴

باب صلوۃ الاستسقاء

(نمازِ استسقاء کا بیان)

۲۹۰	نمازِ استسقاء کی شرائط	۴۷۶
۲۹۱	ایضاً	۴۷۸

Made Searchable by ScribeTools.com

باب الجنائز

۲۹۲	کیا اچانک موت کا آنا بُری موت کی علامت ہے؟	۴۸۱
۲۹۳	روح نکلنے کے بعد میت کے پیر قبلہ کی طرف کرنا	۴۸۱
۲۹۴	موت کے وقت سر کدھر ہو اور پیر کدھر ہو؟	۴۸۲
۲۹۵	میت کے پاس تلاوت کا حکم	۴۸۳
۲۹۶	میت کے اردگرد میں قرآنِ کریم پڑھنا	۴۸۴
۲۹۷	میت کے قریب اگربتی سلگانا	۴۸۴
۲۹۸	مرنے کے بعد بیوی کا منہ دیکھنا	۴۸۵
۲۹۹	کافر کے مرنے کی خبر پر کیا پڑھے؟	۴۸۵
۳۰۰	غیر مسلم میت کی خبر سننے پر کیا پڑھے؟	۴۸۶
۳۰۱	میت کے قریب غیر مسلم عورتوں کا آکر بیٹھنا	۴۸۷

الفصل الأول فی غسلِ المیت

(میت کو غسل دینے کا بیان)

۳۰۲	میت کو غسل دیتے وقت پاؤں کس طرف ہوں؟	۴۸۸
۳۰۳	ایضاً	۴۸۹
۳۰۴	غسلِ میت کے وقت پیر کس طرف ہوں اور غیر مستنجی کے ذبیحہ کا کیا حکم ہے؟	۴۸۹
۳۰۵	میت کے غسل کے بعد پیر کدھر ہوں؟	۴۹۰
۳۰۶	غسلِ میت کے لئے نیت ضروری نہیں	۴۹۱
۳۰۷	میت کو پابندِ شرع غسل دے	۴۹۲
۳۰۸	کیا بیوی شوہر کو غسل دے سکتی ہے؟	۴۹۲
۳۰۹	کیا شوہر بیوی کو غسل دے سکتا ہے؟	۴۹۳

Made searchable using ScribeTools.com

۳۱۰	کیا حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو غسل حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دیا تھا؟	۴۹۴
۳۱۱	عورت کو غسل دینے کے لئے کوئی عورت نہ ہو تو تیمّم کرادیا جائے	۴۹۵
۳۱۲	دائی کا میت کو غسل دینا	۴۹۶
۳۱۳	میت کو فقیروں کے ذریعہ غسل دلانا	۴۹۶
۳۱۴	فقیر کی بیوی کو غسلِ میت پر مجبور کرنا	۴۹۷
۳۱۵	غسلِ میت کے بعد پائخانہ نکل آیا تو کیا حکم ہے؟	۴۹۸
۳۱۶	مردہ کے بدن سے ناپاکی نکلے تو کیا حکم ہے؟	۴۹۸
۳۱۷	غسلِ میت میں ڈھیلے سے استنجاء	۴۹۹
۳۱۸	میت کو لگایا ہوا پلاسٹر چھڑانا چاہیے یا نہیں؟	۵۰۰
۳۱۹	میت کو کورے گھڑے سے غسل دینا	۵۰۰
۳۲۰	مجذوم کو بلا غسل دفن کرنا	۵۰۱
۳۲۱	غاسلِ میت کو غلہ دینا	۵۰۳

الفصل الثانی فی تکفین المیت

(میت کے کفن کا بیان)

۳۲۲	کفن کے کپڑوں کی تعداد	۵۰۴
۳۲۳	کفن کے کپڑے اور طریقہ	۵۰۵
۳۲۴	کفن کے کپڑے	۵۰۵
۳۲۵	میت کے لئے کتنے کپڑے ہیں؟	۵۰۶
۳۲۶	میت مرد اور عورت کے کفن کا عدد	۵۰۸
۳۲۷	کفن کی مقدار	۵۰۹
۳۲۸	نابالغ کا کفن	۵۱۰
۳۲۹	مردہ بچہ کو بلا غسل وکفن ہنڈیا میں رکھ کر دفن کردینا	۵۱۱

۳۳۰	کفن وغیرہ کیا شوہر کے ذمہ ہے؟	۵۱۲
۳۳۱	عورت کا کفن کس کے ذمہ ہے؟	۵۱۳
۳۳۲	عورت کے لئے کفن میں پائجامہ	۵۱۴
۳۳۳	کفن کو مشین سے سینا اور تہہ کرنا	۵۱۴
۳۳۴	کفن میں متبرک کپڑا	۵۱۵
۳۳۵	پردۂ کعبہ کا ٹکڑا میت کی پیشانی پر رکھنا	۵۱۸
۳۳۶	غلافِ کعبہ کا ٹکڑا میت کے سینے پر رکھنا	۵۱۹
۳۳۷	کفن کو آبِ زم زم سے تر کرنا	۵۲۰
۳۳۸	میت پر آبِ زم زم چھڑکنا	۵۲۱
۳۳۹	بدیشی کپڑے کا کفن اور اس پر نمازِ جنازہ	۵۲۱
۳۴۰	کفن پر خوشبو لگانا	۵۲۴
۳۴۱	کفن کس رنگ کا ہو؟	۵۲۵
۳۴۲	عورت کے جنازہ پر سرخ چادر	۵۲۶
۳۴۳	کفن کے اوپر کی چادر	۵۲۷
۳۴۴	اپنے کفن کے لئے اپنی زندگی میں سامان خرید کر رکھنا	۵۲۸
۳۴۵	غیر مسلم کی رقم سے مسلم کی تجہیز و تکفین	۵۲۹
۳۴۶	ہندو، مسلم کے جنازے میں تمیز نہ ہو تو کفن، دفن کی کیا صورت ہوگی؟	۵۲۹
۳۴۷	جس میت کے متعلق مسلم اور غیر مسلم ہونے کا علم نہ ہو، اس کے ساتھ کیا کیا جائے؟	۵۳۰
۳۴۸	دریا سے بہہ کر آئی ہوئی عورت کی لاش کے متعلق اختلاف	۵۳۲
۳۴۹	کفن کے بند کا حکم	۵۳۲
۳۵۰	غسلِ میت کے بعد جو کپڑا سترِ عورت کے لئے ڈالا جائے، کیا وہ جزوِ کفن ہے؟	۵۳۴
۳۵۱	کفن کا مصلی مسجد میں دینا	۵۳۵
۳۵۲	کفن پر عہد نامہ لکھنا	۵۳۶

Made searchable using ScribeTools.com

۳۵۳	کفن پر عہد نامہ لکھنا اور تلقین بعد الدفن	۵۳۶
۳۵۴	کفن پر کلمہ لکھنا	۵۳۷
۳۵۵	ایضاً	۵۳۸
۳۵۶	کلمہ طیبہ وغیرہ لکھ کر میت کے گلے میں لٹکا دینا	۵۳۹
۳۵۷	کلمہ لکھی ہوئی چادر میت پر ڈالنا	۵۴۰
۳۵۸	پرچہ پر دعاء لکھ کر میت کے سینہ پر رکھنا	۵۴۱

الفصل الثالث فی الصلوۃ علی المیت

(جنازہ کی نماز کا بیان)

۳۵۹	صلوۃِ جنازہ کی مشروعیت کب سے ہے؟	۵۴۴
۳۶۰	نمازِ جنازہ حاضرین پر فرضِ کفایہ ہے یا فرضِ عین؟	۵۴۵
۳۶۱	نمازِ جنازہ کی نیت	۵۴۷
۳۶۲	ایضاً	۵۴۸
۳۶۳	کیا نمازِ جنازہ صرف تکبیرات سے ادا ہو جاتی ہے؟	۵۵۰
۳۶۴	نمازِ جنازہ میں صرف تین تکبیر کہنا	۵۵۱
۳۶۵	تکبیرات جنازہ میں کمی وزیادتی	۵۵۲
۳۶۶	تیسری تکبیر پر سلام پھیرنے کا حکم	۵۵۳
۳۶۷	چوتھی تکبیر کے بعد مقتدی نے سلام پھیر دیا	۵۵۳
۳۶۸	نمازِ جنازہ میں چوتھی تکبیر کے بعد کیا پڑھے؟	۵۵۴
۳۶۹	نمازِ جنازہ میں پانچویں تکبیر	۵۵۴
۳۷۰	نمازِ جنازہ میں چوتھی تکبیر کے بعد ہاتھ باندھے یا چھوڑ دے؟	۵۵۵
۳۷۱	نمازِ جنازہ میں تکبیرِ رابع، ہاتھ کب چھوڑے؟	۵۵۶

۳۷۲	نمازِ جنازہ میں ہاتھ کس وقت چھوڑے؟	۵۵۷
۳۷۳	نمازِ جنازہ میں ہاتھ کب چھوڑے؟	۵۵۸
۳۷۴	نمازِ جنازہ میں سورۂ فاتحہ	۵۵۹
۳۷۵	نمازِ جنازکا درود شریف	۵۶۲
۳۷۶	نمازِ جنازہ کی دعا مادری زبان میں	۵۶۲
۳۷۷	الترتیب بین المکتوبة والجنازة	۵۶۳
۳۷۸	نمازِ جنازہ سنتوں سے پہلے یا بعد میں؟	۵۶۴
۳۷۹	نمازِ جنازہ اور سنت ونوافل میں ترتیب	۵۶۴
۳۸۰	سنتِ مؤکدہ مقدم ہے یا نمازِ جنازہ؟	۵۶۵
۳۸۱	سنتِ وقت اور جنازہ میں ترتیب	۵۶۶
۳۸۲	نمازِ جنازہ سنتوں پر مقدم ہے یا نہیں؟	۵۶۷
۳۸۳	نمازِ عید اور جنازہ میں ترتیب	۵۶۸
۳۸۴	تعلیمِ قرآن کے وقت نمازِ جنازہ	۵۶۸
۳۸۵	اوقاتِ مکروہہ میں نمازِ جنازہ	۵۶۹
۳۸۶	نمازِ جنازہ بوقتِ استوائے شمس	۵۷۰
۳۸۷	نمازِ جنازہ اور سجدۂ تلاوت بوقتِ غروبِ آفتاب	۵۷۱
۳۸۸	نمازِ جنازہ کس وقت مکروہ ہے؟	۵۷۲
۳۸۹	عورت کی نمازِ جنازہ کا ولی شوہر ہے یا باپ؟	۵۷۴
۳۹۰	ولیٔ جنازہ باپ ہے یا شوہر؟	۵۷۵
۳۹۱	ولیٔ میت سے نمازِ جنازہ کی اجازت	۵۷۵
۳۹۲	امامِ محلّہ کی امامت ولی کے مقابلہ میں	۵۷۶

Made Searchable using ScribeTools.com

۳۹۳	کسی متعین شخص سے جنازہ پڑھوانے کی وصیت	۵۷۶
۳۹۴	نمازِ جنازہ بلاوضو	۵۷۷
۳۹۵	نمازِ جنازہ میں میت کی سمتِ قبلہ بدل گئی	۵۷۸
۳۹۶	نمازِ جنازہ میں امام کہاں کھڑا ہو؟	۵۷۹
۳۹۷	ناپاک زمین پر نمازِ جنازہ	۵۸۱
۳۹۸	جوتا پہن کر نمازِ جنازہ پڑھنا	۵۸۱
۳۹۹	ایضاً	۵۸۲
۴۰۰	جنازہ کو جمعہ تک مؤخر کرنا	۵۸۳
۴۰۱	نمازِ جنازہ میں دوسرے محلّہ والوں کا انتظار کرنا	۵۸۳
۴۰۲	نمازِ جنازہ قبر تیار ہونے سے پہلے پڑھنا	۵۸۵
۴۰۳	متعدد جنازوں کی نماز اکٹھی پڑھنا	۵۸۵
۴۰۴	صغیرہ اور کبیرہ کے جنازوں کی نماز یکدم پڑھنا	۵۸۶
۴۰۵	نمازِ جنازہ مکرر پڑھنا	۵۸۷
۴۰۶	ایضاً	۵۸۸
۴۰۷	نمازِ جنازہ متعدد دفعہ	۵۸۸
۴۰۸	جو شخص ساتھ نہ دے اس کے جنازہ میں عدمِ شرکت	۵۸۹
۴۰۹	چلتے ہوئے مسافر پر نمازِ جنازہ میں شریک ہونا لازم ہے یا نہیں؟	۵۹۱
۴۱۰	نمازِ جنازہ میں چند لوگوں کا محض تماشا بینوں کی طرح کھڑے رہنا	۵۹۲
۴۱۱	ضعیف امام کو جنازہ کے لئے سواری میں لے جانا	۵۹۳
۴۱۲	مسبوق نمازِ جنازہ کس طرح پڑھے؟	۵۹۴
۴۱۳	صفوفِ جنازہ میں کون سی صف افضل ہے؟	۵۹۴

۴۱۴	جنازہ میں آخری صف افضل ہونے کی وجہ.....	۵۹۵
۴۱۵	صفوفِ نمازِ جنازہ میں طاق عدد.....	۵۹۷
۴۱۶	نمازِ جنازہ کی صفوف میں فصل.....	۵۹۸
۴۱۷	نمازِ جنازہ کی صفوف میں کتنی جگہ رہے؟.....	۵۹۸
۴۱۸	صفوفِ جنازہ میں بچوں کی صف.....	۶۰۰
۴۱۹	حضورِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نمازِ جنازہ.....	۶۰۰
۴۲۰	جنازۂ نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر نماز کی کیفیت.....	۶۰۲
۴۲۱	جنازۂ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نماز.....	۶۰۴
۴۲۲	جنازۂ حضرت اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں کتنے آدمی تھے؟.....	۶۰۴
۴۲۳	جنازۂ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں تاخیر کی وجہ.....	۶۰۵
۴۲۴	حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چچاؤں پر نمازِ جنازہ.....	۶۰۷
۴۲۵	حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پر نمازِ جنازہ.....	۶۱۰
۴۲۶	مقروض کے جنازہ کی نماز.....	۶۱۱
۴۲۷	بے نمازی کے جنازہ کی نماز.....	۶۱۳
۴۲۸	ایضاً.....	۶۱۴
۴۲۹	تارکِ نماز کا جنازہ اور اس پر جرمانہ.....	۶۱۴
۴۳۰	بے نمازی کے جنازہ کو بطورِ سزا تین جھٹکے دینا.....	۶۱۶
۴۳۱	فاسق وفاجر کی نمازِ جنازہ اور مودودی صاحب کی رائے.....	۶۱۷
۴۳۲	عصبیت پر جو شخص مقتول ہو، اس کے جنازہ کی نماز.....	۶۲۲
۴۳۳	قاتل پر نمازِ جنازہ.....	۶۲۳
۴۳۴	والدین کے قاتل پر نمازِ جنازہ.....	۶۲۴

Made searchable using ScribeTools.com

۴۳۵	خودکشی کرنے والے پرنمازِ جنازہ	۶۲۵
۴۳۶	ایضاً	۶۲۶
۴۳۷	کنویں میں گرکرمرنے والے کی نمازِ جنازہ اور بخشش	۶۲۶
۴۳۸	پانی میں ڈوبنے کے کئی روز بعد متعفن لاش ملی، اس پرنمازِ جنازہ کا حکم	۶۲۷
۴۳۹	زانیہ اور ولدالزنا کی نمازِ جنازہ	۶۲۸
۴۴۰	ایضاً	۶۲۹
۴۴۱	کنواری کے بچہ پرنمازِ جنازہ	۶۳۳
۴۴۲	مسلم مرد اور کافرہ عورت سے پیدا شدہ بچہ کے جنازہ کا حکم	۶۳۴
۴۴۳	ہیجڑے کی نمازِ جنازہ	۶۴۲
۴۴۴	خنثیٰ بچہ کی نمازِ جنازہ	۶۴۳
۴۴۵	جو بچہ مرا ہوا پیدا ہو، اس پرنمازِ جنازہ	۶۴۳
۴۴۶	مردہ بچہ کی نمازِ جنازہ کا حکم ائمۂ اربعہ کے نزدیک	۶۴۵
۴۴۷	جڑواں دو بچوں کے جنازہ پرنماز ایک ہے یا دو؟	۶۴۶
۴۴۸	کافر نے اپنا چھوٹا بچہ مسلمان کو دے دیا، اس پرنمازِ جنازہ	۶۴۷
۴۴۹	غیر مسلم کے جنازہ میں شرکت	۶۵۰
۴۵۰	قادیانی کے جنارہ کی نماز	۶۵۱
۴۵۱	ایضاً	۶۵۳
۴۵۲	قادیانی کے ساتھ تعلقات اور اس پرنمازِ جنازہ	۶۵۵
۴۵۳	کمیونسٹ کے جنازہ کی نماز	۶۵۷
۴۵۴	میت مشتبہ ہو تو نمازِ جنازہ کون پڑھائے، سنی یا شیعہ؟	۶۵۸
۴۵۵	مسلمین اور غیر مسلمین کی لاشیں مخلوط ہوجائیں، ان کی نمازِ جنازہ کا کیا حکم ہے؟	۶۵۹

۴۵۶	مسلمان عورت جو ہندوؤں کے قبضہ میں ہو، اس کی نمازِ جنازہ.....	۶۶۰
۴۵۷	میت کے تین ٹکڑے ہونے پر اس کی نمازِ جنازہ اور اس کی تدفین.....	۶۶۲
۴۵۸	نصف جلی ہوئی لاش پر نمازِ جنازہ.....	۶۶۴
۴۵۹	بھیڑیا بچے کو اٹھالایا، اس پر نمازِ جنازہ پڑھنے کا حکم.....	۶۶۵
۴۶۰	غائبانہ نمازِ جنازہ.....	۶۶۶
۴۶۱	میتِ غائب کی نمازِ جنازہ.....	۶۶۷
۴۶۲	قبر پر صلوۃِ جنازہ.....	۶۷۱
۴۶۳	چارپائی پر میت کا جنازہ.....	۶۷۲
۴۶۴	عورت کے جنازہ پر امام کا رومال ڈالنا.....	۶۷۳
۴۶۵	نمازِ جنازہ سے متعلق چند مسائل.....	۶۷۳
۴۶۶	مسجد میں نمازِ جنازہ (مفصل).....	۶۷۵
۴۶۷	جامع مسجد میں نمازِ جنازہ.....	۶۹۰
۴۶۸	احاطۂ مسجد میں نمازِ جنازہ.....	۶۹۱
۴۶۹	مسجد میں اضافہ کرکے اس میں نمازِ جنازہ.....	۶۹۳
۴۷۰	جائے نماز بچھا کر اس پر نمازِ جنازہ پڑھنا.....	۶۹۵
۴۷۱	نمازِ جنازہ، فنائے مسجد اور قبرستان میں.....	۶۹۵
۴۷۲	مسجد میں نمازِ جنازہ میں عدمِ شرکت.....	۶۹۶
۴۷۳	چندہ نہ دینے کی وجہ سے مسجد میں جنازہ سے روک کر تالا لگانا.....	۶۹۸
۴۷۴	قبرستان میں نمازِ جنازہ.....	۷۰۰
۴۷۵	ایضاً.....	۷۰۲
۴۷۶	عیدگاہ میں نمازِ جنازہ.....	۷۰۳

Made searchable using ScribeTools.com

۴۷۷	ایضاً	۷۰۴
۴۷۸	ایضاً	۷۰۵
۴۷۹	تعزیہ گاہ میں نمازِ جنازہ	۷۰۵
۴۸۰	کشادہ جگہ میں نمازِ جنازہ	۷۰۶
۴۸۱	ارضِ مغصوبہ میں نمازِ جنازہ	۷۰۷
۴۸۲	نمازِ جنازہ کے بعد دعا	۷۰۸
۴۸۳	ایضاً	۷۰۸
۴۸۴	ایضاً	۷۰۹
۴۸۵	نمازِ جنازہ کے بعد اجتماعی دعا	۷۰۹
۴۸۶	نمازِ جنازہ کے بعد مستقلاً میت کے لئے دعاء کرنا	۷۱۰
۴۸۷	نمازِ جنازہ کے بعد دعاء اور قل ھو اللہ پڑھنا	۷۱۱

☆.....☆.....☆

Made Searchable by ScribeTools.com

باب صلوة الجمعة

الفصل الأول فی وجوب الجمعة

(وجوبِ جمعہ کا بیان)

نابینا پر جمعہ اور اس کی امامت

سوال[۳۶۶۷]: ۱.....کیا نابینا (اندھے) پر نماز جمعہ فرض ہے؟

۲.....کیا نابینا (اندھا) جمعہ کرا سکتا ہے؟

۳.....اگر اندھے پر جمعہ فرض نہیں تو دوسروں کا جمعہ کس طرح کرواسکتا ہے، جب کہ مقتدیوں میں علم والے اور حسینی اور سید ہونے کے باوجود پابندِ صوم وصلوۃ ہوں؟ ایسی صورت میں اگر نابینا سے ضداً نماز جمعہ پڑھوائے تو کیا نماز کے ثواب میں تو کمی نہ ہوگی؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک اندھے پر جمعہ فرض نہیں، صاحبین رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک فرض ہے، بشرطیکہ اس کو جامع مسجد تک لے جانے والے موجود ہوں: "سلامة العينين، فلا تجب على الأعمىٰ عند أبی حنيفة رحمه الله تعالىٰ، لا فرق بين أن يجد قائداً أولا، خلافاً لهما إذا وجد قائداً يوصله، اه". طحطاوی علی مراقی الفلاح، ص: ۲۹۳(۱)۔

۲،۳.....اندھا چونکہ اکثر طہارت کا اہتمام نہیں کرسکتا اور نجاست سے نہیں بچ سکتا، اس لئے اس کی

---

(۱) (حاشية طحطاوی على مراقی الفلاح، كتاب الصلوة، باب الجمعة، ص: ۵۰۵، قديمی)

(وكذا فی ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۱۵۴/۲، سعيد)

(وكذا فی الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلوة، الباب السادس فی صلاة الجمعة: ۱۴۴/۱، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

امامت ہر نماز میں مکروہ ہے، البتہ اگر وہ سب سے افضل ہے اور طہارت کا اہتمام کرتا ہے اور نجاست سے بچتا ہے تو اس کی امامت مکروہ نہیں اور جمعہ میں بھی اس کی امامت کا یہی حکم ہے:

"(وكره إمامة العبد) إن لم يكن عالماً تقياً (والأعمىٰ) لعدم اهتداء ه إلى القبلة وصون ثيابه عن الدنس. وإن لم يوجد أفضل منه، فلا كراهة، لا ستخلاف النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ابن ام مكتوم وعتبان ابن مالك على المدينة حين خرج إلى تبوك، وكانا أعميين، اه". بحر، ص: ۱۷۵ (۱)۔

اندھے میں امامت کی اہلیت موجود ہے (کراہت عارض کی وجہ سے) جمعہ کی فرضیت حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے نزدیک تخفیفاً ساقط ہے۔ پس بوقتِ ارتفاعِ عارض اس کی امامت بلا کراہت جائز ہے اور بوقتِ وجود عارض مکروہ ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۷/۳/ ۵۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم، ۲۷/ ربیع الاول/ ۵۷ھ۔

جو شخص لاؤڈ اسپیکر سے اذانِ جمعہ سنے تو کیا اس پر جمعہ فرض ہے؟

سوال[۳۶۶۸]: کیا ﴿إذا نودى للصلوة من يوم الجمعة، فاسعوا إلى ذكر الله﴾ (۲) آیت میں "ندا" سے اذانِ جمعہ مراد ہے؟ تو کیا لاؤڈ اسپیکر کے ذریعہ جہاں تک آواز جائے، اس جگہ کے لوگوں پر جمعہ فرض ہو جائے گا جب کہ آیت میں کوئی تخصیص نہیں ہے؟

الجواب حامداً ومصلياً:

ادائے جمعہ اور فرضیتِ جمعہ کے لئے فقہاء نے جو شرائط رکھی ہیں، ان کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا ہے، مثلاً کسی جہاز میں کوئی مسلمان ریڈیو پر اذان کی آواز سنے، یا ریل میں سنے، یا جنگل میں سنے، یا بیت الخلاء میں سنے،

---

(۱) (البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب الإمامة: ۱/ ۶۲۰، رشيديه)

(وكذا فى الدر المختار، كتاب الصلوة، باب الإمامة: ۱/ ۵۶۰، رشيديه)

(وكذا فى حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلوة، باب الإمامة، ص: ۳۰۲، قديمى)

(۲) (سورة الجمعة: ۹)

تو کیا ان سب مقامات پر محض اذان سننے سے جمعہ واجب ہوجائے گا، ہرگز نہیں (۱)، بلکہ مقصود یہ ہے کہ جس بستی میں شرائطِ جمعہ موجود ہوں (۲) وہ اذان سے پہلے پہلے ضروریات سے فارغ ہوجائے اور اذان سنتے ہی جمعہ کے لئے حاضر ہونے کی کوشش کرے، وھذا کلہ ظاھر (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/۵/۹۰ھ۔

جمعہ کے لئے گاؤں سے شہر میں آنا

سوال[۳۶۶۹]: ایک شخص کسی دیہات کی مسجد میں امام ہے اور اس کو نماز جمعہ کا شوق ہے، اگر وہ

---

(۱) "وفی الخانیة: المقیم فی موضع من أطراف المصر إن کان بینه وبین عمران المصر فرجةٌ من مزارع، لا جمعة علیه وإن بلغه النداء. وتقدیر البُعد بغلوة أو میل لیس بشئ..... ثم ظاهر روایة أصحابنا: لاتجب إلا علی من یسکن المصر أو ما یتصل به، فلا تجب علی أهل السواد ولو قریباً، وهذا أصح ماقیل فیه ..... اهـ. قال فی الإمداد: تنبیه: قد علمت بنص الحدیث والأثر والروایات عن أئمتنا الثلاثة واختیار المحققین من أهل الترجیح أنه لاعبرة ببلوغ النداء ولا بالغلوة والأمیال، فلا علیک من مخالفة غیره وإن صحح، اهـ". (ردالمحتار، کتاب الصلوة، باب الجمعة، مطلب فی شروط وجوب الجمعة: ۱۵۳/۲، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلوة، باب صلوة الجمعة: ۲۴۷/۲، رشیدیه)

(۲) "وأما الشرائط التی ترجع إلی غیر المصلی، فخمسة فی ظاهر الروایات: المصر الجامع، والسلطان، والخطبة، والجماعة، والوقت". (بدائع الصنائع، کتاب الصلوة، فصل فی بیان شرائط الجمعة: ۱۸۸/۲، دارالکتب العلمیة، بیروت)

(وکذا فی النتف فی الفتاویٰ، کتاب الصلوة، مطلب صلاة الجمعة، ص: ۶۱، سعید)

(وکذا فی الهدایة، کتاب الصلوة، باب صلوة الجمعة: ۱۶۸/۱، ۱۶۹، مکتبه شرکت علمیه)

(۳) "وإذا أذن المؤذن ..... حاصله، یجب المشی إلی الجمعة وترک البیع وغیره من اشتغال الدنیا المعوقة عن السعی من الأذان الأول للجمعة لنص قوله تعالیٰ: ﴿إذا نودی للصلوة من یوم الجمعة، فاسعوا إلی ذکر الله، وذروا البیع﴾". (المعتصر الضروری شرح مختصر القدوری، کتاب الصلوة، باب صلوة الجمعة، ص: ۱۶۲، إدارة القرآن والعلوم الإسلامیه)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلوة، باب صلوة الجمعة: ۲۷۳/۲، ۲۷۴، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

نماز جمعہ پڑھنے کے واسطے قصبہ یا شہر میں جو کوس دو کوس کے فاصلہ پر ہے آوے تو اس کی نماز صحیح ہوگی یا نہیں؟ اس کو نماز جمعہ کا ثواب ملے گا یا نہیں؟ اسی طرح اگر امام کے علاوہ کوئی اَور شخص دیہات سے شہر میں نماز جمعہ پڑھنے آوے، اس کا کیا حکم ہے؟ اگر اس کو ثواب ملتا ہو تو قرآن وحدیث کا حوالہ دے کر تحریر کریں۔ فقط۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جس شخص پر جمعہ فرض نہیں، خواہ گاؤں میں رہنے کی وجہ سے خواہ بیماری وغیرہ کی وجہ سے، وہ اگر ایسی جگہ جمعہ پڑھ لے کہ جہاں جمعہ صحیح ہوتا ہے تو اس کو جمعہ پڑھنے سے جمعہ کا ثوب ملے گا اور اس کے ذمہ سے فریضہ ادا ہو جائے گا، خواہ وہ امام ہو خواہ مقتدی۔ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ جمعہ پڑھنے کے لئے کئی کئی کوس گاؤں سے نمبروار بعض حضرات مدینہ شریف میں آیا کرتے تھے، أبوداؤد شریف: ۱/۱۶۴، ۱۵۱، مطبع نامی کانپور میں یہ حدیث مذکور ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

گاؤں کا آدمی جمعہ کے دن شہر میں جائے تو کیا نیت کرے؟

سوال[۳۶۷۰]: کوئی شخص گاؤں کا رہنے والا ہو اور وہ اپنے کام کے لئے شہر میں جاوے جمعہ کا دن ہو تو وہ اپنا کام کر کے جمعہ پڑھے، یا بعد جمعہ اپنا کام کرے، تو سُنا ہے کہ اس کو پورا ثواب نہیں لگتا۔ کیا یہ صحیح ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر ایسی جگہ کچھ کام ہے جہاں پر جمعہ ہوتا ہے اور وہ کام جمعہ کے بعد بھی ہوسکتا ہے اور ایسی جگہ سے جاتا

---

(۱) "عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها زوج النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم أنها قالت: کان الناس ینتابون الجمعة من منازلهم ومن العوالی". (سنن أبی داؤد، باب من تجب علیه الجمعة: ۱/۱۵۱، سعید)

(وصحیح البخاری: ۱/۱۲۳، بابٌ: من أین تؤتی الجمعة وعلی من تجب، کتاب الجمعة، قدیمی)

"القروی إذا دخل المصر یومها إن نوی المکث ثمة ذلک الیوم، لزمته الجمعة. وإن نوی الخروج من ذلک الیوم قبل وقتها أو بعده، لا تلزمه. لکن فی النهر: إن نوی الخروج بعده، لزمته، وإلا لا". (الدرالمختار: ۲/۱۶۲، باب الجمعة، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، باب صلوة الجمعة: ۲/۲۷۳، ۲۷۴، رشیدیه)

ہے جہاں جمعہ نہیں ہوتا تو اعلیٰ بات یہ ہے کہ جمعہ کی نیت کر کے جائے اور اپنا کام بھی کرتا رہے۔ اگر دونوں کی نیت کرلے جمعہ کی بھی اور کام کی بھی، تب بھی درست ہے(۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۹/۲/۳۰ھ۔

جمعہ کے وقت اسکول کی حاضری

سوال[۳۶۷۱]: میں اردو گورنمنٹ اسکول ریاست مہاراشٹر میں مدرس ہوں، جمعہ کا وقت ساڑھے دس بجے سے دو بجے تک کے درمیان یعنی اسکول کی مصروفیت میں آتا ہے۔ اب ہم لوگ اسکول بند کر کے ویسے ہی جمعہ پڑھا لیا کرتے تھے، اب اس کے لئے آفیسر تنگ کرتے ہیں۔ ایسی صورت میں کیا کیا جائے؟ شام کو مدرسہ ڈھائی بجے سے ساڑھے پانچ بجے تک ہے اور نوکری کے علاوہ کوئی ذریعہ معاش نہیں ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

کوشش کر کے کوئی ایسی جگہ تجویز کرلیں جہاں ڈھائی بجے جمعہ ہوجاتا ہو(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۴/۱/۴ھ۔

جن لوگوں کو جمعہ نہیں ملا، کیا وہ ظہر جماعت سے پڑھیں؟

سوال[۳۶۷۲]: جامع مسجد میں نمازِ جمعہ ادا کر چکے تو ظہر کی نماز اسی مصلی پر حنفی مذہب میں جن

---

(۱) "سمعت أبا هريرة رضی الله تعالیٰ عنه يقول: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: "صلوة الرجل فی الجماعة تضعف علی صلاته فی بيته وفی سوقه خمسةً وعشرين ضعفاً، وذلک أنه إذا توضّأ فأحسن الوضوء، ثم خرج إلی المسجد لا يُخرجه إلا الصلوة، لم يخط خطوةً، إلا رفعت له بها درجةٌ، وحُطّ عنه بها خطيئة، فإذا صلی، لم تزل الملائكة تصلی عليه مادام فی مصلاه: اللهم صل عليه، اللهم ارحمه، ولا يزال أحدكم فی صلاة ماانتظر الصلوة". (صحيح البخاری، كتاب الأذان، باب فضل صلوة الجماعة: ۱/۸۹، ۹۰، قديمی)

(والصحيح لمسلم: ۱/۲۳۲، باب فضل صلوة الجماعة، قديمی)

(۲) "ولو أمكنه الذهاب إلی إمام آخر، فعل؛ لأنها تؤدی بمصر واحد بمواضع كثيرة اتفاقاً".

(الدرالمختار: ۲/۱۷۶، باب العيدين، سعيد)

(وكذا فی البحر الرائق، باب العيدين: ۲/۲۸۳، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

لوگوں کا جمعہ رہ گیا ان لوگوں کی نماز ہوسکتی ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایسے لوگوں کو وہاں ظہر کی نماز جماعت سے پڑھنا منع ہے، جمعہ نہ ملنے کی وجہ سے الگ الگ ظہر پڑھیں، ایسا ہی فقہ کی کتابوں ردالمحتار وغیرہ میں لکھا ہے(۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۹/۲/۲۰ھ۔

جمعہ سے پہلے ظہر پڑھی

سوال[۳۶۷۳]: ایک شخص نے نمازِ جمعہ سے پہلے نمازِ ظہر پڑھ لی اور پھر نمازِ جمعہ ادا کرنے کے لئے آیا، اس کے لئے کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس کو جمعہ پڑھنا چاہیے اور ظہر کی نماز پڑھی ہوئی باطل ہوگئی، اگر امام کے ساتھ جمعہ نہیں پڑھے گا تو ظہر کا اعادہ لازم ہوگا(۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۵۶/۳/۱۱ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، ۱۳/ ربیع الأول/ ۵۶ھ۔

---

(۱) "وكره تحريماً لمعذور ..... أداء ظهر بجماعة في مصر قبل الجمعة وبعدها ..... وكذا أهل مصر فاتتهم الجمعة، فإنهم يصلون الظهر بغير أذان ولا إقامة ولاجماعة". (الدرالمختار: ۱۵۷/۲، كتاب الصلوة، باب الجمعة، سعيد)

"ويكره تحريماً صلاة الظهر بعد الجمعة بجماعة". (الفقه الإسلامي وأدلته: ۱۳۳۲/۲، كتاب الصلوة، صلوة الجمعة، رشيديه)

(۲) "وحرم لمن لاعذر له صلاةُ الظهر قبلها في يومها بمصر، فإن فعل ثم ندم وسعى إليها بأن انفصل عن باب داره والإمام فيها، بطل ظهره أدركها أولا". (الدرالمختار: ۱۵۵/۲، ۱۵۶، كتاب الصلوة، باب الجمعة، سعيد)

"فإن أدركها مع الإمام ينتقض ظهره عند علمائنا الثلاثة رحمهم الله ..... حتى لوبطلت الجمعة بوجهٍ مّا، كان عليه إعادة الظهر". (المحيط البرهاني: ۲۰۱/۲، كتاب الصلوة، الفصل الخامس والعشرون في صلاة الجمعة، غفاريه)

جوشخص کوئی نماز نہیں پڑھتا صرف جمعہ پڑھتا ہے اس کا حکم

سوال[۳۶۷۴]: ایک شخص ہفتہ بھر نماز نہیں پڑھتا ہے، صرف جمعہ کی نماز پڑھتا ہے تو کیا نماز جمعہ ادا ہو جائیگی؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

نماز جمعہ تو ادا ہو جائیگی (۱) لیکن ہفتہ بھر کے فرائض کو ترک کرنا کبیرہ گناہ اور سخت وبال کی چیز ہے (۲) اس کو چاہیے کہ ہر نماز پابندی سے پڑھا کرے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۹/۱۲/۹ھ۔

---

(۱) ہر نماز کا حکم مستقل ہے لہٰذا صرف نماز جمعہ پڑھنے سے بقیہ نمازیں ذمہ سے ساقط نہیں ہوں گی۔

"قال العلامة الكاساني: "أما الأول فالجمعة فرض لا يسع تركها، و يكفر جاحدها. والدليل على فرضية الجمعة ، الكتاب والسنة وإجماع الأمة، أما الكتاب : فقوله تعالىٰ :﴿ ياأيها الذين آمنوا إذا نودى للصلوة من يوم الجمعة فاسعوا إلى ذكر الله﴾ (الجمعة: ۹) "قيل: ﴿ذكر الله﴾ هو صلاة الجمعة، وقيل: هو الخطبة و كل ذلك حجة ..... وأما السنة : فالحديث المشهور: "عن جابر بن عبد الله رضى الله تعالىٰ عنهما قال: خطبنا رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقال: "يا أيها الناس! توبوا إلى الله قبل أن تموتوا، وبادروا بالأعمال الصالحة قبل أن تشتغلوا، وصلوا الذى بينكم و بين ربكم بكثرة ذكركم له وكثرة الصدقة فى السر والعلانية ترزقوا وتنصروا و تجبروا. واعلموا أن الله قد افترض عليكم الجمعة فى مقامى هذا، فى يومى هذا، فى شهرى هذا، من عامى هذا إلى يوم القيامة ،فمن تركها فى حياتى أو بعدى و له إمام عادل أو جائر استخفافاً بها أو جحوداً لها، فلا جمع الله له شمله و لا بارك له فى أمره، ألا! لا صلوة له و لا زكوة له". الحديث. (بدائع الصنائع، كتاب الصلوة ، فصل صلاة الجمعة : ۱/۵۷۷، ۵۷۸، رشيديه)

(والحديث رواه ابن ماجة ، كتاب الصلوة ، باب فرض الجمعة، ص: ۷۵، قديمى)

"وهى: أى الجمعة فريضة محكمة بالكتاب والسنة والإجماع، يكفر جاحدها". (البحر الرائق، كتاب الصلاة ، باب الجمعة : ۲/۲۴۵، رشيديه)

(وكذا فى الدرالمختار مع ردالمحتار ، كتاب الصلاة ، باب الجمعة : ۲/۱۳۶ ،سعيد)

(۲) "عن أبى سفيان قال: سمعت جابراً رضى الله تعالىٰ عنه يقول: سمعت النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول: "إن بين الرجل و بين الشرك والكفر ترك الصلوة". (الصحيح لمسلم ، كتاب الإيمان،=

Made searchable using ScribeTools.com

عورت کے جمعہ پڑھنے سے نماز ظہر ساقط ہوجائے گی یا نہیں؟

سوال[۳۶۷۵]: ہمارے علاقہ میں بہت سی عورتیں نماز ظہر کے بجائے جمعہ بھی ادا کرتی ہیں تو نماز جمعہ ظہر کا بدل ہوجائے گا یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

عورتوں کے ذمہ جمعہ نہیں بلکہ ظہر ہے، لیکن اگر امام کے پیچھے مردوں کے تابع ہوکر (پردہ کے ساتھ) جمعہ پڑھ لیا تو ظہر کا فریضہ ساقط ہوجائے گا:

"وشرط وجوبها الإقامة والذكورة، الخ". كنز ..... "ومَن لاجمعة عليه إن أدىٰ، جازعن فرض الوقت، الخ". كنز "من كان أهلاً للوجوب كالمريض والمسافر والمرأة، يجزئهم، ويسقط عنهم الظهر، الخ". بحر: ۲/۱۵۲ (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

جنگل میں بکریاں چرانے والے کے لئے نماز جمعہ کا حکم

سوال[۳۶۷۶]: ایک شخص لکھا پڑھا اور دیندار ہے اور اس کے پاس گھر کی بکریاں ہیں، جن کو وہ خود چراتا ہے، بکریاں چرانے کے لئے جنگل میں شہر سے ۴،۶/میل دور جانا پڑتا ہے، یہ شخص نماز کا پابند ہے، جمعہ کی

= باب بيان إطلاق اسم الكفر على من ترك الصلاة: ۱/۶۱، قديمی)

"عن عبد الله بن بريدة عن أبيه رضی الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "إن العهد الذی بيننا و بينهم الصلوة، فمن تركها فقد كفر". (سنن النسائی، كتاب الصلاة، باب الحكم فی تارک الصلوات: ۱/۸۱، قديمی)

(۱) (البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۲۶۴، ۲۶۶، رشيديه)

"(وشرط لافتراضها) ..... (وذكورة) محققة (وبلوغ وعقل) ..... (وفاقدها): أی هذه الشروط أو بعضها (إن) اختار العزيمة و(صلاها وهو مكلف) بالغ عاقل (وقعت فرضاً) عن الوقت". (الدر المختار، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۱۵۳-۱۵۵، سعيد)

(وكذا فی الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلوة، الباب السادس عشر فی الجمعة: ۱/۱۴۴، رشيديه)

نماز کے لئے بکریاں تنہا جنگل میں چھوڑ کر قصبہ میں نماز جمعہ ادا کرنے کو آنا مشکل ہے، چونکہ وہ شخص تنہا ہے۔ ایسی صورت میں نماز ادا کرنے کے لئے شریعت کا کیا حکم ہے؟ کیا وہ شخص نماز جمعہ نہ ادا کرتے ہوئے جنگل میں ظہر کی نماز ہمیشہ ادا کرسکتا ہے؟ اس شخص کی عمر ۴۵/ سال ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر بکریاں چرانے کی وجہ سے شہر سے ۴،۶/ میل فاصلہ پر ہے تو اس کے ذمہ جمعہ کے لئے آنا واجب نہیں، وہیں ظہر کی نماز ادا کرلیا کرے، کذا فی الفقه ،ص: ۵۱۳ (۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، ۲/۱/۸۹ھ۔

قیدیوں کے لئے جمعہ وعیدین واعتکاف کا حکم

سوال[۳۶۷۷]: ہم پاکستانی جنگی قیدی ہیں، ہم نماز باجماعت ادا کرتے ہیں، عیدین اور جمعہ اسیری کی وجہ سے معاف ہے، اگر رمضان تک رہنا ہو تو روزہ اور تراویح اور اعتکاف کی کیا پوزیشن ہے؟ نمازیں باجماعت مع اذان ایک کمرہ میں پڑھتے ہیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

آپ صاحبان کو جب وہاں اذان و جماعت کی سہولت ہے، کوئی رکاوٹ نہیں اور دوسرے کا وہاں

---

(۱) "عن حذيفة رضى الله عنه: " ليس على أهل القرىٰ جمعة، إنما الجمع على أهل الأمصار مثل المدائن".

(أوجز المسالک ، باب ماجاء فى الإمام ينزل بقرية يوم الجمعة فى السفر: ۲۴۶/۲، اداره اسلاميات)

"رابعها الإقامة فى المحل الذى تقام فيه الجمعة أو فى محل متصل به، فمن كان فى محل يبعد عن مكان الجمعة، فإنها لاتجب عليه. وقدّروا مسافة البُعد بفرسخ، وهو ثلاثة أميال، والميل ستة آلاف ذراع، وهى خمسة كيلو مترات، وهذا هو المختار للفتوى". (كتاب الفقه، كتاب الصلوة، مباحث الجمعة: ۳۶۰/۱، دارالفكر)

"وأما القرى فإن أراد الصلاة فيها، فغير صحيحة على المذهب، وإن أرادتكلفهم وذها بهم إلى المصر فممكن، لكنه بعيد". (البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب الجمعة ۲۴۸/۲، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

داخل ہونا نماز جمعہ سے منع کرنے کے لئے نہیں بلکہ قانونی تحفظ کے لئے منع ہے، ایسی حالت میں بعض کتب فقہ کی عبارات کے تحت وہاں جمعہ اور عیدین ادا کرنے کی گنجائش ہے(۱)۔ روزہ، تراویح میں کوئی پابندی نہیں، حکمِ شرعی کے مطابق روزہ رکھیں، تراویح پڑھیں۔ اگر مسجد مستقل نہ ہو تو جہاں جماعت کرتے ہیں وہاں اعتکاف کر سکتے ہیں(۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱) "(و) السابع (الإذن العام) ..... فلا يضر غلق باب القلعة لعدو أو لعادة قديمة؛ لأن الإذن العام مقرر لأهله، وغلقه لمنع العدو لاالمصلى". (الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب صلوة الجمعة: ۲/۱۵۱، ۱۵۲، سعيد)

(۲) صحتِ اعتکاف کے لئے مسجد شرط ہے، اعتکاف واجب ہو یا غیر واجب: قال العلامة الكاساني: "وأما الذى يرجع إلى المعتكف فيه، فالمسجد، وأنه يشترط فى نوعى الاعتكاف: الواجب والتطوع، لقوله تعالىٰ: ﴿ولا تباشروهن وأنتم عاكفون فى المساجد﴾ وَصَفَهم بكونهم عاكفين فى المساجد مع أنهم لم يباشروا الجماع فى المساجد لِيُنهوا عن الجماع فيها، فدلّ أن مكان الاعتكاف هو المسجد، يستوى فيه الاعتكاف الواجب والتطوع؛ لأن النص مطلق. ثم ذكر الكرخى أنه لايصح الاعتكاف إلا فى مساجد الجماعات ..... وقال الطحاوى: إنه يصح فى كل مسجد". (بدائع الصنائع، كتاب الاعتكاف وأما الذى يرجع إلى المعتكف فيه: ۲/۲۸۰، رشيديه)

"هو (أى الاعتكاف) لغةً: اللبث، وشرعاً: لبث ..... ذكرٍ ..... فى مسجد جماعةٍ، وهو ماله إمامٌ ومؤذنٌ، أدِّيت فيه الخمس أولا، وعن الإمام اشتراط أداء الخمس فيه، وصححه بعضهم، وقال: لايصح فى كل مسجد، وصححه السروجى ..... فاللبث: هو الركن، والكونُ فى المسجد والنية مِن مسلمٍ عاقلٍ طاهرٍ من جنابةٍ ..... شرطان". (الدرالمختار). وقال ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: "(قوله: هو لغةً: اللبث) ..... سمى بهذا النوع من العبادة؛ لأنه إقامة فى المسجد مع شرائط، مغرب اهـ..... (قوله: ذكر) ..... وقد يقال: قيد به نظراً إلى شرطية مسجد الجماعة، فإنه شرط لاعتكاف الرجل ..... (قوله: فاللبث هو الركن) ..... أما حقيقته الشرعية فهى اللبث المخصوص: أى فى المسجد، تأمل". (ردالمحتار، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۲/۴۴۰، ۴۴۱، سعيد)

لیکن شاید حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کے سامنے کوئی جزئیہ ہو، اسی کے لحاظ سے غیر مسجد (جیسے سوال میں مذکور کمرہ ہے) میں اجازت دی ہو۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

Made Searchable by ScribeTools.com

الفصل الثانی فی شرائط الجمعة

(صحتِ جمعہ کی شرائط کا بیان)

جمعہ کے شرائط مفصل

سوال[۳۶۷۸]: یوپی کے مشرقی اضلاع کے دیہاتوں میں زمانۂ قدیم سے بلاتمیز قریۂ صغیرہ وکبیرہ کے نماز جمعہ قائم ہوتی چلی آئی ہے، حالانکہ مسلمانوں کی آبادی بالعموم مذہبِ احناف کی ہے۔ کچھ عرصہ سے اہلِ علم طبقہ میں جب اس کا احساس ہوا کہ مذہب حنفیہ میں جمعہ کے لئے کچھ شرائط ہیں، جہاں وہ شرائط نہیں وہاں جمعہ جائز نہیں ہے، اس خیال سے اہلِ علم کا طبقہ اوران کے اتباع میں اور دیندار طبقہ دیہاتوں میں جمعہ ادا کرنے سے رک گئے ہیں اور ظہر کی نماز پڑھنے لگے ہیں۔ اس کی وجہ سے کہیں کہیں خلجان کی صورت پیش آ گئی اور ضرورت اس کی محسوس ہوئی کہ مذہبِ احناف میں دیہات میں جمعہ پڑھنے کے لئے کیا شرائط ہیں؟ اور کیا قولِ فیصل ہے جو معمول بہا عام طور سے بنایا جاسکتا ہے؟

اس تحت میں چند سوالات اس کے متعلق پیشِ خدمت ہیں امید ہے کہ ان پر غور فرما کر مذہبِ حنفیہ کے دائرے میں کوئی قولِ فیصل جو عام طور سے معمول بہا ہیں اس سے مطلع فرمایا جائے تا کہ باعثِ تسکین ہو:

۱..... مذہبِ حنفیہ میں دیہاتوں میں جمعہ صحیح ہونے کے لئے مصر یا قریۂ کبیرہ وصغیرہ میں مابہ الفرق کیا ہے؟ اور جمعہ پڑھنے کے لئے زمانۂ حاضرہ میں کیا شرائط ہیں؟

۲..... بعض اکابر علمائے احناف کی طرف رجوع کرنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ جس گاؤں میں کم از کم سو سال سے جمعہ قائم ہے وہاں جمعہ بند نہیں کرنا چاہئے، مگر یہ کوئی تفصیل معلوم نہ ہوسکی کہ یہ حکم کس اصل پر مبنی ہے؟ اور اس میں قریۂ کبیرہ وصغیرہ کی کوئی تفصیل ہے یا نہیں؟

۳..... اگر سوال نمبر:۲ کی کوئی اصل موجود ہے تو کیا جو حضرات شرائطِ جمعہ کے مفقود ہونے کی وجہ سے جمعہ نہیں پڑھتے ہیں تو ان کا یہ فعل شرعاً کیسا ہے؟ اور اگر آہستہ آہستہ لوگ جمعہ ترک کرنے لگیں تو نتیجۂ جمعہ کے

Made searchable using ScribeTools.com

بند ہوجانے کا خطرہ بھی ہوسکتا ہے، اگر چہ جمعہ نہ پڑھنے والوں کا یہ ارادہ ہرگز نہیں ہے کہ جمعہ بند کیا جائے، صرف وہ مذہبِ حنفیہ کی پابندی کے اعتبار سے ایسا کرتے ہیں۔ تو ایسے لوگوں کے لئے کیا حکم ہے، کیا وہ جمعہ کے بند ہوجانے کے خطرہ سے بچنے کے لئے متفقۂ نماز جمعہ کی اقتداء کر سکتے ہیں؟ نیز جو لوگ نماز جمعہ وظہر دونوں بہ نیتِ فرض ایسے مشکوک مقام پر ادا کرتے ہیں، ان کی ان دونوں کی شرعی تفصیل کیا ہے؟

۴.....موضع الف پور واَمین پور یہ دونوں موضع ایک دوسرے سے محلِ وقوع کے اعتبار سے مخلوط ہیں، دیکھنے میں ایک دوسرے سے جدا نہیں ہیں بلکہ دونوں موضع ایک نظر آتے ہیں، لیکن سرکاری کاغذات میں یہ دونوں موضع بندوبست، حد بندی اور سرحدوں کے اعتبار سے ایک دوسرے سے الگ ہیں۔ اصل مکان مورثِ اعلی کا الف پور میں تھا مگر اب اس کے خاندان دونوں میں ملحق موضعوں میں پھیل گئے۔

الف پور کی آبادی آج سے پانچ سال پہلے بالغ ونابالغ دونوں ملا کر ایک ہزار نو{۱۰۰۹} تھی، جس میں بالغ مرد وعورت پانچ سو ستاون{۵۵۷}، بقیہ نابالغ۔ اس پانچ سال میں تقریباً چار سو کا اضافہ ہوا ہے، اس میں چار مسجدیں ہیں اور ملحقہ موضع امین پور کی آبادی پانچ سال پہلے چھ سو ترپن{۶۵۳} تھی اور اس میں بھی چار مسجدیں ہیں۔ الف پور میں غلہ کی کوئی دوکان نہیں ہے مگر بوقتِ ضرورت گاؤں کے کاشتکاروں سے غلہ مل جاتا ہے، مرچ اور دیگر مسالہ جات کی چھوٹی چھوٹی دوکانیں اور کپڑے سلائی کی ہیں، مقامی طور سے دو مستقل ڈاکٹر ہیں، الف پور میں جامع مسجد کے متصل ایک مکتبِ اسلامیہ ہے جس میں پرائمری تعلیمات کے ساتھ بقدر ضرورت اردو میں دینیات کی تعلیم ہوتی ہے۔

۵.....موضع الف پور اور اَمین پور میں دونوں کا نقشہ منسلکۂ استفتاء ارسالِ خدمت ہے، ایسی صورت میں ان دونوں موضعوں پر جمعہ کا کیا حکم ہے اور جو ٹولے اور محلے گاؤں کے کچھ مزروعہ یا باغ کے فصل پر واقع ہیں، ان ٹولوں ومحلوں کا حکم گاؤں کا ہوگا یا اس سے الگ ہوگا؟

۶.....اسی طرح الف پور وامین پور سے ملحق اَور بعض مواضعات ہیں جو حد بندی اور سرکاری کاغذات کے اعتبار سے الگ ہیں تو ان ملحق مواضعات کا جمعہ کے بارے میں کیا حکم ہوگا؟

۷.....اگر ان دونوں موضعوں میں جمعہ کی نماز جائز نہیں ہے تو کیا تمام مواضعاتِ مذکورہ فی السوال مل کر عیدین کی نماز الف پور میں قائم کریں تو قائم کر سکتے ہیں یا نہیں، جب کہ عیدین کے ادا کرنے سے کسی فریضہ کے ترک کا سوال پیدا نہیں ہوتا؟

۸.....امین پور کے بعض ٹولوں کے درمیان مزروع یا باغ کا جو فصل ہے اس مقدار اور اس سے بھی کم بعض دوسرے مواضع کا فصل ہے لیکن آبادی یا تو سب ہندوؤں کی ہے یا ایک دو مسلمان بھی ہیں، اب ایسی صورت میں درمیان کے جو مسلمان ہیں وہیں ان پر جمعہ واجب ہے یا نہیں؟ درمیان کی آبادیاں جو ہندوؤں کی ہیں وہ ایک شہر کے متصل ہونے کے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....اتنی بات تو صاف اور مسلّم ہے کہ حنفیہ کے نزدیک قریۂ صغیرہ میں جمعہ درست نہیں بلکہ روزانہ کی طرح جمعہ کے روز بھی ظہر کی نماز فرض ہے(۱) اور ایسی جگہ جمعہ پڑھنے سے ظہر کا فریضہ ادا نہیں ہوگا اور جس نماز کو جمعہ سمجھ کر پڑھیں گے وہ نماز نفل ہوگی، نفل کو فرض اعتقاد کرنا اور نفل پڑھ کر یہ سمجھنا کہ فرض ادا ہوگیا، اور نفل کے لئے اذان کہنا، اقامت کہنا، جماعت سے علی سبیل التداعی پڑھنا، نفلِ نہاری میں قرأت بالجہر کرنا یہ سب محظوراتِ شرعیہ لازم آئیں گے(۲)۔

قریۂ صغیرہ وکبیرہ میں ما بہ الامتیاز کیا ہے؟ یہ موقوف ہے شہر کی تعریف پر، اور فقہاء چونکہ ماہیات سے بحث نہیں کرتے کہ تعریف بالکلیہ کریں جس سے ذاتیات معلوم ہوں، بلکہ احکام سے بحث کرتے ہیں، لہٰذا

---

(۱) "عن علی رضی الله تعالیٰ عنه أنه قال: لا جمعة و لا تشریق إلا فی مصر جامع". (إعلاء السنن، أبواب الجمعة، باب عدم جواز الجمعة فی القری: ۸/۱، إدارة القرآن کراچی)

" لا تجوز فی الصغیرة التی لیس فیهاقاض و منبر وخطیب، کما فی المضمرات. والظاهر أنه أرید به الکراهة لکراهة النفل بالجماعة، ألا تری أن فی الجواهر: لو صلوا فی القری، لزمهم أداء الظهر". (رد المحتار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱۳۸/۲، سعید)

(۲) "قال الطیبی: وفیه أن من أصر علی أمر مندوب، و جعله عزماً، و لم یعمل بالرخصة، فقد أصاب منه الشیطان من الإضلال، فکیف من أصر علی بدعة أو منکر". (مرقاة المفاتیح، کتاب الصلوة، باب الدعاء فی التشهد: ۳۱/۳، رشیدیه)

"و لا یصلی الوتر و لا التطوع بجماعة خارج رمضان: أی یکره ذلک علی التداعی". (الدرالمختار، باب الإمامة: ۵۵۲/۱، سعید)

" وأما نوافل النهار، فیخفی فیها حتماً". (الفتاوی العالمکیریة، کتاب الصلاة، الفصل الثانی فی الواجبات: ۷۲/۱، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

تعریف بالأ حکام والآ ثار کرتے ہیں اور یہ تعریف اکثر اوقات علامات کے ذریعہ سے ہوتی ہے، علامات متعدد بھی ہوسکتی ہیں اور متبدّل بھی ہوتی رہتی ہیں، اس لئے بعض حضرات نے مردم شماری کے اعتبار سے کی ہے، بعض نے وسعتِ مسجد کا لحاظ کیا ہے، بعض نے صنعت وحرفت کا خیال رکھا ہے، بعض نے تنفیذِ حدود وقصاص کو معیار ٹھہرایا، وغیرہ وغیرہ، جیسا کہ بدائع (۱) بحر (۲) کبیری (۳) زیلعی (۴) وغیرہ سے معلوم ہوتا ہے، بعض نے عرف پر

---

(۱) "أما المصر الجامع فقد اختلف الأقاويل فی تحديده: ذكر الكرخی أن المصر الجامع ماأقيمت فيه الحدود و نفذت فيه الأحكام. وعن أبی يوسف ذكر فی الإملاء: كل مصر فيه منبر و قاض، ينفذ الأحكام و يقيم الحدود، فهو مصر جامع تجب على أهله الجمعة. و فی رواية قال: إذا اجتمع فی قرية مَن لا يسعهم مسجد واحد، بَنیٰ لهم الإمام جامعاً ونصب لهم مَن يصلی بهم الجمعة. و فی رواية: لو كان فی القرية عشرة آلاف أو أكثر، أمرتهم بإقامةالجمعة فيها. وقال بعض أصحابنا: المصر الجامع ما يتعيش فيه كل محترف بحرفته من سَنة إلى سنة من غير أن يحتاج إلى الانتقال إلى حرفة أخرى ..... وروی عن أبی حنيفة أنه بلدة كبيرة، فيها سكك وأسواق، و لها رساتيق، وفيها والٍ يقدر على إنصاف المظلوم من الظالم بحكمه وعلمه أوعلم غيره، والناس يرجعون إليه فی الحوادث، وهوالأصح". (بدائع الصنائع، كتاب الصلوة، شرائط: ۱/۵۸۴، ۵۸۵، رشيديه)

(۲) "وفی حدّ المصر أقوال كثيرة، اختاروا منها قولين: أحدهما ما فی المختصر، ثانيهما ما عزوه لأبی حنيفة رحمه الله تعالیٰ أنه بلدة كبيرة ..... قال فی البدائع: وهو الأصح، و تبعه الشارح، و هو أخص ما فی المختصر. وفی المجتبی عن أبی يوسف: أنه ما إذا اجتمعوا فی أكبر مساجدهم للصلوات الخمس، لم يسعهم، وعليه فتوى أكثر فقهاء. وقال أبو شجاع: هذا أحسن ما قيل فيه. وفی الولوالجية: وهو الصحيح". (البحرالرائق، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۲۴۶، ۲۴۷، رشيديه)

(۳) "ثم اختلفوا فی تفسير المصر اختلافاً كثيراً، والفصل فی ذلک أن مكة والمدينة مِصرَان تقام بهماالجمع من زمنه عليه السلام إلى اليوم، فكل موضع كان مثل أحدهما فهو مصر، و كل تفسير لا يصدق على أحدهما فهو غير معتبر، حتى التعريف الذی اختاره جماعة من المتأخرين كصاحب المختار وغيرهما، و هو: ما لو اجتمع أهله فی أكبر مساجده لا يسعهم، فإنه منقوض بهما؛ إذ مسجد كل منهما يسع أهله وزيادةً، ولم يعلم أن مكة والمدينة كانت فی زمن النبی صلى الله تعالیٰ عليه وسلم أو الصحابة أكبر مما هی الآن، و لا أن مسجدهما كان أصغرمما هوالآن، فلا يعتبر هذا التعريف ..... فالحاصل أن أصح الحدود ما ذكره فی التحفة لصدقه على مكة والمدينة، وأنهما هما الأصل فی اعتبار المصرية". (الحلبی الكبير، كتاب الصلوة، فصل فی صلاة الجمعة، ص: ۵۵۰، ۵۵۱، سهيل اكيڈمی لاهور)

(۴) "قال رحمه الله تعالیٰ: (وهو): أی المصر (كل موضع له أمير و قاض ينفذ الأحكام ويقيم الحدود) .و هذا رواية عن أبی يوسف، و هو اختيار الكرخی. وعنه أنهم لو اجتمعوا فی أكبر مساجدهم، لا =

مدار رکھا کہ جس کو عرفاً قریۂ صغیرہ کہا جاتا ہے وہ صغیرہ ہے، جس کو قریۂ کبیرہ کہا جاتا ہے وہ کبیرہ ہے(۱)۔امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ سے جو تعریف منقول ہے جس کو اَصح قرار دیا گیا ہے، وہ یہ ہے:

"عن أبی حنیفة رحمه الله تعالیٰ أنه بلدة کبیرة، فیها سکك وأسواق، ولها رساتیق، وفیها والٍ یقدر علی إنصاف المظلوم من الظالم بحشمته وعلمه أو علم غیره، یرجع الناس إلیه فیمایقع من الحوادث، و هذا هو الأصح". شامی: ۱/۷٤۸(۲)۔

یہ تعریف اصالۃً مصر کی ہے، پھر قصبہ میں بھی عامۃً یہ جملہ اشیاء موجود ہوتی ہیں تو وہ بھی مصر کے حکم میں ہے اور قریۂ کبیرہ بھی بمنزلۂ قصبہ کے ہوجاتا ہے اس میں بھی ان امور کا خیال رکھا گیا ہے: "وتقع فرضاً فی القصبات والقری الکبیرة التی فیها أسواق". شامی:۷٤۸(۳)۔

جس قریہ میں یہ امور نہ ہوں وہ قریۂ صغیرہ ہے وہاں درست نہیں:"و فیما ذکرنا إشارة إلی أنه لا تجوز فی الصغیرة التی لیس فیها قاض و منبر و خطیب، کذا فی المضمرات، اهـ". شامی: ۱/۷٤۸(٤)۔

= یسعهم، وهو اختیار البلخی. وعنه: هو کل موضع یکون فیه کل محترف، و یوجد فیه جمیع ما یحتاج الناس إلیه فی معایشهم، وفیه فقیه مفت و قاض یقیم الحدود. وعنه: أنه یبلغ سکانه عشرة آلاف. وقیل: یوجد فیه عشرة آلاف مقاتل. وقیل: أن یکون أهله بحال لو قصدهم عدوّ، یمکنهم دفعه الخ".
(تبیین الحقائق، کتاب الصلوة، باب صلاة الجمعة: ۱/۵۲۳، دار الکتب العلمیة بیروت)

(۱) "واعلم أن القریة والمصر من الأشیاء العرفیة التی لا تکاد تنضبط بحال وإن نص، ولذا ترک الفقهاء تعریف المصر علی العرف". (فیض الباری علی صحیح البخاری، کتاب الجمعة، باب الجمعة فی القری: ۲/۳۲۹، خضر راه بک ڈپو دیوبند)

"وحاصله إدارة الأمر علی رأی أهل کل زمان فی عدهم المعمورة مصراً، فما هو مصر فی عرفهم جازت الجمعة فیه، و مالیس بمصر لم یجز فیه، إلا أن یکون فناء المصر". (الکوکب الدری، أبواب الجمعة، باب ما جاء فی ترک الجمعة من غیر عذر: ۱/۱۹۹، المکتبة الیحیویة سهارنپور)

(۲) (ردالمحتار، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۱۳۷، سعید)

(۳) (ردالمحتار، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۱۳۸، سعید)

(۴) (ردالمحتار، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۱۳۸، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۲۴۵، رشیدیه)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pools.com

اب عرف کے بدلنے سے علامات بھی بدل گئی ہیں۔ مولانا گنگوہی رحمہ اللہ تعالیٰ نے تین چار ہزار آبادی کے ساتھ بازار، گلی کوچوں، روزمرہ کی ضروریات کا وہاں ہمیشہ فراہم رہنا قریۂ کبیرہ کی علامات میں قرار دیا(۱)۔ بعض علماء نے اس سے کچھ کم آبادی پر اجازت دی ہے، نہ تنہا مردم شماری پر مدار ہے نہ صرف دوکانوں پر مدار ہے، بلکہ اس قریہ کی مجموعی حیثیت ایسی ہو کہ اس کو قریۂ کبیرہ قصبہ کی مانند کہا جاسکے۔

۲..... یہ تو بظاہر اس وجہ سے ہے کہ اتنی مدت کے قائم شدہ جمعہ کو ختم ہونے سے مسلمانوں میں خلفشار ہوگا، ورنہ اس کی اصل کتبِ فقہ میں کہیں نظر سے نہیں گزری (۲)۔

۳..... جس جگہ شرائط جمعہ نہیں اور لوگ کم علمی کی وجہ سے وہاں جمعہ پڑھتے ہوں تو وہاں جمعہ کا ترک اور بند کرنا کوئی عیب اور گناہ نہیں جس سے خوف کیا جائے، بلکہ یہ تو ان مفاسد کی وجہ سے جن کا تذکرہ جواب نمبر:۱ میں آیا ہے، مطلوبِ شرعی ہے۔ بہ نیتِ نفل جمعہ میں شرکت کرنے سے دوسرے لوگ تو یہی سمجھیں گے کہ یہ بھی جمعہ پڑھتے ہیں، ایسی جگہ جمعہ پڑھ کر ظہر کی نماز پڑھنا بھی قبیح ہے، ان دونوں کو جمع نہیں کرنا چاہئے، صاحبِ بحر نے اس پر تفصیلی کلام کیا ہے (۳)۔

---

(۱) (راجع الكوكب الدرّی، باب ماجاء فی ترک الجمعه بغير عذر: ۱/۱۹۹) (وأيضاً، ص: ۴۴، رقم: ۱)

(۲) جن بستیوں میں قدیم زمانہ سے جمعہ پڑھا جاتا ہے اور جمعہ چھوڑنے سے لوگ نماز پنجوقتہ بھی چھوڑ دیتے ہیں، ایسی بستیوں میں جمعہ پڑھنا چاہئے، تاکہ اسلام کی رونق اور شوکت قائم رہے اور جو لوگ کہ ایسے گاؤں میں جمعہ پڑھنے کو جائز نہیں سمجھتے وہ نہ پڑھیں، ان کو جھگڑا نہیں کرنا چاہئے"۔ (کفایت المفتی، کتاب الصلوۃ، باب صلوۃ الجمعۃ: ۳/۲۳۵، دارالاشاعت کراچی)

"بما فی التجنيس عن الحلوانی أن كسالی العوام) إذا صلوا الفجر عند طلوع الشمس، لا يمنعون؛ لأنهم إذا منعوا تركوها أصلاً، وأداؤها مع تجويز أهل الحديث لها أولى من تركها أصلاً".

(ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۱۷۱، سعيد)

(۳) "وأما القری فإن أداء الصلوة فيها، فغير صحيحة على المذهب، وإن أراد تكلفهم و ذهابهم إلى المصر، فممكن لكنه بعيد، وأغرب من هذا مافی القنية من أنه يلزم حضور الجمعة فی القری، ويعمل بقول علی رضی الله تعالیٰ عنه: إياک و مايسبق إلى القلوب إنكاره وإن كان عندک اعتذاره، فليس كل سامع نكراً تطيق أن تسمعه عذراً. فإن المذهب عدم صحتها فی القری فضلاً عن لزومها". (البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۲۴۸، رشيديه)

۴،۵،۶..... جو بستیاں اتنی متصل ہیں کہ دیکھنے میں وہ ایک ہی معلوم ہوتی ہیں اگرچہ سرکاری کاغذات میں ان کے نام جدا جدا ہوں، ان کو جوازِ جمعہ کے مسئلہ میں ایک ہی قرار دیا جائے گا۔ جب کسی بستی میں شرائط کے ماتحت جمعہ جائز ہو تو حسبِ حاجت وہاں متعدد جگہ جمعہ جائز ہے جیسے کہ ایک شہر کے متعدد محلوں میں ہوتا ہے(۱)۔ بہتر صورت یہ ہے کہ آپ اپنے..... کسی عالم فقیہ کو قریب سے بُلا کر مشاہدہ کرادیں، پھر جو کچھ وہ فیصلہ کریں اس پر عمل کریں، تحریری تفصیلی نقشہ کے باوجود مشاہدہ کا درجہ بڑھا ہوا ہے۔

۷.....جس جگہ نماز جمعہ جائز ہے وہاں نماز عید بھی درست ہے اور جہاں نمازِ جمعہ جائز نہیں وہاں نماز عید بھی درست نہیں بلکہ مکروہ تحریمی ہے:"صلوة العيد في الرساتيق تكره كراهة تحريم، اهـ". بحر: ۱۵۸/۲(۲)۔

۸.....جس بستی میں جمعہ کی شرائط موجود ہوں وہاں یہ ضروری نہیں کہ مسلمانوں کی اکثریت ہو یا مسلمان کثیر تعداد میں موجود ہوں، بلکہ اگر چار پانچ ہی مسلمان ہوں تو ان کو بھی جمعہ ادا کرنے کا حق حاصل ہے ان کو چاہئے کہ جمعہ ادا کریں(۳)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۵/۱۰/۹ھ۔

---

(۱) "أو كان أحدهما تبعاً للآخر بحيث تجب الجمعة على ساكنه للاتحاد حكماً". (الدر المختار).

"(قوله أو كان أحدهما تبعا للآخر) كالقرية التي قربت من المصر بحيث يسمع النداء على مايأتي في الجمعة، وفي البحر: لو كان موضعان من مصر واحد أو قرية واحدة، فإنها صحيحة؛ لأنهما متحدان حكماً، ألاترى أنه لو خرج إليه مسافراً، لم يقصر". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب صلوة المسافر: ۱۲۶/۲، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب المسافر: ۲۳۲/۲، رشيديه)

"قوله: (وتؤدى في مصر في مواضع) : أي يصح أداء الجمعة في مصر واحد بمواضع كثيرة وهو قول أبي حنيفة ومحمد، وهو الأصح؛ لأن في الاجتماع في موضع واحد في مدينة كبيرة حرجاً بيناً وهو مدفوع". (البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب صلوة الجمعة : ۲۵۰/۲، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلوة، الباب السادس عشر في صلوة الجمعة: ۱۴۵/۱، رشيديه)

(۲) (البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب صلاة العيدين: ۲۷۷/۲، رشيديه)

(وكذا في الدر المختار، كتاب الصلوة، باب صلاة العيدين: ۱۶۷/۲، سعيد)

(۳)"أن أم عبد الله الدوسية رضى الله تعالىٰ عنها، قالت: قال رسول الله: صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: =

Made searchable using ScribeTools.com

جمعہ کے شرائط دارالحرب اور غیر دارالحرب میں مساوی ہیں یا نہیں؟

سوال[۳۶۷۹]: جمعہ کے وجوب اور جواز کے مسائل دارالحرب اور دارالاسلام میں برابر ہیں یا نہیں؟ اگر نہیں تو اہلِ ہند کن مسائل کے مکلّف ہوں گے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

قریۂ صغیرہ وکبیرہ سے متعلق مسائل میں دونوں برابر ہیں، اسی کی آپ کی بستی میں ضرورت بھی ہے، جس چیز میں اختلاف ہے اس کی آپ کے یہاں ضرورت نہیں (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۲/ ۷/ ۱۴۰۶ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۲/ ۷/ ۱۴۰۶ھ۔

جہاں سلطان نہیں تو کیا وہاں جمعہ بھی نہیں؟

سوال[۳۶۸۰]: جمعہ کے شرائط میں سے سلطان ہے اور اس ملک میں سلطان مسلمان نہیں، پھر تو جمعہ کی نماز نہیں ہونی چاہئے، جواز کس طور پر ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

"فلو كان الولاة كفاراً، يجوز بتراضي المسلمين إقامة الجمعة، و يصير القاضي قاضياً

= "الجمعة واجبة على كل قرية وإن لم يكن فيها إلا أربعة". يعنى بالقرى المدائن".

قال الشيخ ظفر أحمد العثماني: "و دلالة الحديث على أن أقل الجماعة فى الجمعة أربعة رجال ظاهرةٌ؛ لأنه لوجاز فيها أقل من ذلك، لقال النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، وإن لم يكن فيها إلا ثلاثة أو اثنان، فثبت أن الجمعة لا تحمل أقل من أربعة مع الإمام أصلاً". (إعلاء السنن، أبواب الجمعة، بابٌ: لا جمعة إلا بجماعة وأقلها ثلاثة سوى الإمام: ۸/ ۴۱، إدارة القرآن، كراچى)

(۱) "عن على رضى الله تعالىٰ عنه أنه قال: لا جمعة و لا تشريق إلا فى مصر جامع". (إعلاء السنن، أبواب الجمعة، باب عدم جواز الجمعة فى القرى: ۸/ ۱، إدارة القرآن كراچى)

" وتقع فرضاً فى القصبات والقرى الكبيرة التى فيها أسواق". (رد المحتار، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/ ۱۳۸، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/ ۲۴۵، رشيديه)

بتراضی المسلمین، و یجب علیهم أن یلتمسوا والیاً مسلماً، اهـ" رد المحتار(۱)۔

جب کہ سلطان مسلم نہ ہوتو اس کا حل وبدل عبارت منقولہ میں موجود ہے۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۵/۶/۹۰ھ۔

جمعہ کے لئے سلطان اوراذنِ عام کی شرط

سوال[۳۶۸۱]: صحتِ نمازِ جمعہ کے لئے وجودِ سلطان اوراذان سلطان شرط ہے، یہ شرط فرض ہے یا واجب؟ برتقدیرِ فرض یا واجب بوقتِ فقدان ان شرطوں کے کن دلائلِ معتمد ومستند سے نماز جمعہ پڑھی جاتی ہے جیسا کہ ہندوستان میں یہ دونوں شرطیں مقصود ہیں کیونکہ:

۱....."إذا فات الشرط، فات المشروط، المراد بالشرط مالا یصح المأمور به قبل الوجود و یفوت بفوته". قمر الأقمار(۲)۔ "الشرط ما یتوقف علیه وجود الشیء ولم یکن داخلاً فیه، و یلزم من انتفائه انتفاء المشروط". عینی شرح هدایه: ۱/۵۶۱(۳)۔

۲.....یہ شرط ظاہرالروایت سے ثابت ہے اوردرمختار میں ہے کہ:" اعلم أن ما اتفق علیه أصحابنا فی الروایات الظاهرة، یفتی به قطعاً"(٤)۔

اورشامی میں ہے:" لا یفتیٰ ویعمل إلا بقول الإمام الأعظم، ولا یُعدل عنه إلی قولهما أو

---

(۱) (رد المحتار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۴۴، سعید)

"بلاد علیها وُلاة کفار، یجوز للمسلمین إقامة الجمعة، و یصیر القاضی قاضیاً بتراضی المسلمین، و یجب علیهم أن یلتمسوا والیاً مسلماً". (الفتاوی العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب السادس عشر فی صلاة الجمعة: ۱/۱۴۶، رشیدیه)

(۲) لم أجد فی قمر الأقمار، لکن فی رد المحتار: "(قوله: وأماالشرط) هوفی اللغة: العَلَامَة. وفی الاصطلاح: ما یلزم من عدمه العدم، و لا یلزم من وجوده وجود و لا عدم". (کتاب الطهارة،أرکان الوضوء أربعة: ۱/۹۴، سعید)

(۳) (البنایة فی شرح الهدایة للعلامة العینی رحمه الله تعالیٰ، کتاب الصلاة، باب شروط الصلاة: ۱/۵۶۱، ملک سنز کارخانه بازار فیصل آباد)

(۴)(الدر المختار، المقدمة: ۱/۶۹، سعید)

Made searchable using ScribeTools.com

غیرهما إلا لضرورة أتم" (۱) اوراس میں اختلاف ہے: "صرح فی قضاء البحر بأن ما خرج عن ظاهر الرواية، فهو مرجوع عنه، ليس قولاً له"(۲)۔ "وأن الحكم والفتيا بالقول المرجوع جهلٌ و خرقٌ للإجماع". درمختار، ص:۱۵(۳)۔

۳....."مذهب الحنفية المنع عن المرجوح حتى لنفسه لكون المرجوح صار منسوخاً". شامی:ص:۶۹(٤)۔ "والعمل بالمنسوخ حرام". الأشباه والنظائر (٥)۔ "وفيه عن التوشيح: أن ما رجع عنه المجتهد، لا يجوز الأخذ به". شامی:۱/۶۲(٦)۔

"إذا اختلف التصحيح، وجب الفحص عن ظاهر الرواية والرجوع إليها". شامی: ۱/۶۲(۷)۔ "الفتوى على قول الإمام الأعظم فی العبادات مطلقاً، اهـ". عمدة الرعاية، مقدمه هدايه(۸).

اور بہت سی روایتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ ظاہر الروایت کے خلاف عمل جائز نہیں، پھر کیا وجہ ہے کہ اس مسئلہ جمعہ میں اس کے خلاف بدونِ سلطان واذنِ سلطان جمعہ پڑھا جاتا ہے؟

۴.....زید کہتا ہے کہ کیسے امام صاحب کے قول کو چھوڑ کے عالمگیری اور شامی وغیرہا کے قول پر عمل

---

(۱) (الدر المختار، مقدمه، مطلب:إذا تعارض التصحيح: ۱/۷۲، سعيد)

(وكذا فی شرح عقود رسم المفتی، ص:۲۵،۲۶،۲۷، میر محمد كتب خانه كراچی)

(۲) (ردالمحتار، المقدمة: ۱/۶۷، سعيد)

(۳) (الدرالمختار، المقدمة: ۱/۷۴، سعيد)

(۴) (ردالمحتار، المقدمة، مطلب: لا يجوز العمل بالضعيف حتى لنفسه عندنا: ۱/۷۴،سعيد)

(۵) (شرح الأشباه والنظائر، الفن الثانی، الفوائد، كتاب القضاء والشهادات الخ ،(رقم القاعدة: ۱۴۲۵): ۲/۲۳۵، إدارة القرآن كراچی)

(۶) (ردالمحتار، مطلب فی مولد الأئمة الأربعة الخ: ۱/۶۷، سعيد)

(۷) (رد المحتار، المقدمة، مطلب: إذا تعارض التصحيح: ۱/۷۲، سعيد)

(وكذا فی مقدمة عمدةالرعاية، بحث فوائد متفرقة، ص:۱۳، سعيد)

(۸) (مقدمة عمدةالرعاية، بحث فوائد متفرقة، ص:۱۳، سعيد)

Made Searchable by ScribeTools.com

کروں کہ:" یجوز للمسلمین إقامة الجمعة، ویصیر القاضی قاضیاً بتراضی المسلمین"(۱)اور یہ بھی کہتا ہے کہ:" یصیر القاضی قاضیاً"میں قاضی سے قاضی مراد ہے یعنی پہلے ہی بادشاہ کی طرف سے قاضی القضاۃ تھے اب تراضی المسلمین سے جمعہ کے لئے وہ بادشاہ کے قائم مقام ہوگا اور اب جو خطیب کو قاضی بناتے ہیں وہ صحیح نہیں کیونکہ وہ بادشاہ کی طرف سے مقرر نہیں ہے، ورنہ یصیر القاضی قاضیاً کے کیا معنی ہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱،۲،۳.....اس شرط میں بعض احناف نے بھی کلام کیا ہے اس پر کوئی دلیل نہیں ملی، کما قال مولنا بحر العلوم فی رسائل الأرکان: "ولم أطلع علی دلیل یفید اشتراط أمر السلطان الخ"(۲)۔

پھر جن حضرات نے اس کو شرط قرار دیا ہے وہ بعض حدیث سے استدلال کرتے ہیں جیسے زیلعی:۱/۲۱۷(۳) فتح القدیر:۱/۴۱۲(۴) الغنیہ، ص:۵۱۳(۵) وغیرہم۔ بعض اس کو خوف فتنہ سے بھی معلل

---

(۱) (الفتاوی العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب السادس عشر فی صلاة الجمعة: ۱/۱۴۶، رشیدیه)

(وکذا فی حاشیة الطحطاوی علی المراقی، کتاب الصلاة، أحکام الجمعة، ص:۵۰۷، قدیمی)

(۲) (رسائل الأرکان لمولانا بحر العلوم، فصل فی الجمعة، بیان شروط أداء الجمعة، ص:۱۱۴، مکتبه یوسفی الکنوو)

(۳) "قال رحمه الله تعالیٰ: (والسلطان أو نائبه): أی شرط أدائها السلطان أو نائبه ..... و لنا قوله: "من ترکها استخفافاً بها و له إمام عادل أوجائر، فلا جمع الله شمله" الحدیث، وشرط فیه أن یکون له إمام، و قال الحسن البصری: أربع إلی السلطان، فذکر منها الجمعة، و مثله لا یعرف إلا سماعاً، فیحمل علیه، ولأنها تؤدی بجمع عظیم، فتقع المنازعة فی التقدیم والتقدم و فی أدائها أول الوقت أو آخره فیلیها السلطان قطعاً للمنازعة و تسکیناً للفتنة". (تبیین الحقائق، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱/۵۲۷، ۵۲۸، دار الکتب العلمیة، بیروت)

(۴) "(قوله: لأنها تقام بجمع عظیم الخ) حقیقة هذا الوجه أن اشتراط السلطان کی لا یؤدی إلی عدمها کما یفیده، فلا بد منه تتمیماً لأمره: أی لأمر هذا الفرض أو الجمع ..... فإن التقدم علی جمیع أهل المصر یعدّ شرفاً و رفعةً، فیتسارع إلیه کل من مالت همته إلی الریاسة فیقع التجاذب والتنازع، و ذلک یؤدی إلی التقاتل ..... قوله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "من ترکها و له إمام جائر أو عادل، فلا جمع الله شمله و لا بارک له فی أمره، ألا! و لا صلوة له". الحدیث. (فتح القدیر، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۵۵، ۵۶، مصطفی البابی الحلبی، مصر)

(۵) "الشرط الثانی: کون الإمام فیها السلطان أو من أذن له السلطان لقوله علیه السلام: "فمن ترکها و =

Made searchable using ScribeTools.com

کرتے ہیں جیسے ہدایہ وغیرہ (۱)، اس خوفِ فتنہ کی تعلیل پر صاحب جامع الآثار نے لکھا ہے: "لکنه معلل بخوف الفتنة، فحيث لا فتنة لا اشتراط" (۲) اسی بناء پر عالمگیری، شامی وغیرہ کی جزئیات: "يصير القاضي قاضياً بتراضي المسلمين" متفرع ہیں۔

ظاہر الروایت میں اگر کوئی شیٔ بدرجۂ مسئلہ یا بدرجۂ شرط مذکور ہو اور اس کی علت وہاں مذکور ہو جیسا کہ عامۃً ایسا ہی ہوتا ہے، اور متاخرین مجتہدین نے اس کی علت بیان کی ہو اور پھر مواقعِ انتفائے علت میں اس مسئلہ یا شرط کے انتفاء کا حکم کر دیا ہو تو یہ ظاہر الروایت کے خلاف نہیں (۳)، اس ضابطۂ کلیہ کے بعد جداگانہ ہر عبارتِ منقولہ فی السوال کے جواب کی ضرورت نہیں رہی، علاوہ ازیں علامہ شامی نے مبسوط سے نقل کیا ہے:

"فلو الوُلاةُ كفاراً، يجوز للمسلمين إقامة الجمعة، و يصير القاضي قاضياً بتراضي المسلمين، و يجب عليهم أن يلتمسوا والياً مسلماً، اهـ". رد المحتار: ٧٥٤(٤)۔

اور مبسوط کی شان یہ ہے:

= له إمام عادل أو جائر، فلا جمع الله شمله و لا بارک له فی أمره". الحديث، رواه ابن ماجة". (الحلبی الكبير، كتاب الصلاة، فصل فی صلاة الجمعة، ص: ۵۵۳، سهيل اكيڈمی لاهور)

(۱) "(لا يجوز إقامتها إلا للسلطان أو لمن أمره السلطان؛ لأنها تقام بجمع عظيم، وقد تقع المنازعة فی التقدم والتقديم، و قد تقع فی غيره، فلا بد منه تتميماً لأمره". (الهدايه، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱/۱۶۸، شركة علميه ملتان)

(۲) (جامع الآثار مع تعليقه تابع الأثار لمولانا أشرف علی التهانوی رحمه الله تعالیٰ، باب صلوة الجمعة، اشتراط الإمام للجمعة، ص: ۵۰، مطبع قاسمی ديوبند)

(۳) "والحاصل أن ما خالف فيها الأصحاب إمامهم الأعظم لا يخرج عن مذهبه إذا رجحه المشايخ المعتبرون، وكذا ما بناه المشايخ علی العرف الحادث لتغير الزمان أو للضرورة و نحو ذلک لا يخرج عن مذهبه أيضاً؛ لأن ما رجحوه لترجّح دليله عندهم ما ذون به من جهة الإمام ..... لأن ما قالوه إنما هو مبنی علی قواعده أيضاً، فهو مقتضی مذهبه". (شرح عقود رسم المفتی، حكم التخريجات وأقوال الأصحاب، ص: ۶۸، مير محمد كتب خانه كراچی)

(۴) (رد المحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۴۴، سعيد)

ویجمع الست کتاب الکافی للحاکم فهو الکافی
أقویٰ شروحه الذی کالشمس مبسوط شمس الأئمة السرخسی
معتمد النقول لیس یعمل بخلفه و لیس عنه یعدل

قال فی فتح القدیر وغیره: إن کتاب الکافی هو جمع کلام محمد فی کتبه الست التی هی کتب ظاهر الروایة. انتهیٰ۔

وفی شرح الأشباه للعلامة إبراهیم البیری: اعلم أن من کتب مسائل الأصول کتاب الکافی للحاکم الشهید، وهو کتاب معتمد فی نقل المذهب شرحه جماعة من المشایخ، منهم: شمس الأئمة السرخسی، وهو المشهور بمبسوط السرخسی، انتهی۔

قال الشیخ إسماعیل النابلسی: قال العلامة الطرطوسی: مبسوط السرخسی لا یُعمل بما یخالفه، و لا یرکن إلا إلیه، ولا یفتیٰ ولا یعول إلا علیه، انتهیٰ ..... و للحنفیة مبسوطات کثیرة ..... وحیث أطلق المبسوط، فالمراد به مبسوط السرخسی هذا، اهـ". رسم المفتی، ص: ۱۹، ۲۰ (۱)۔ لہٰذا ہندوستان میں اس شرط کا سقوط خود ظاہر الروایت سے ثابت ہے۔

۴.....زید کا قول اور تاویل غلط ہے اس لئے کہ خود مبسوط میں ایسی جگہ کا حکم بیان کیا ہے، جہاں والی کافر ہیں، مسلمان والی نہیں وہ جگہ کفار کے قبضہ میں ہے، پھر مسلمان بادشاہ کی طرف سے قاضی کیسے مراد ہوسکتا ہے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۳/ رمضان المبارک/ ۶۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۳/ رمضان المبارک/ ۶۶ھ۔

---

(۱) (شرح عقود رسم المفتی، بحث الکتب الظاهرة الروایة، ص: ۵۹، میر محمد کتب خانه کراچی)
(وکذا فی رد المحتار، المقدمة، مطلب: رسم المفتی: ۱/ ۶۹، ۷۰، سعید)

(۲) "فی معراج الدرایة عن المبسوط: البلاد التی فی أیدی الکفار بلاد الإسلام لا بلاد الحرب؛ لأنهم لم یظهروا فیها حکم الکفر بل القضاة والولاة مسلمون یطیعونهم عن ضرورة أو بدونها، وکل مصر فیه والٍ من جهتهم یجوز له إقامة الجمع والأعیاد والحدود وتقلید القضاة لاستیلاء المسلم، فلو الولاةُ=

Made searchable using ScribeTools.com

نمازِ جمعہ کے لئے مسجد شرط نہیں

سوال[۳۶۸۲]: پرانی جامع مسجد کو مدرسہ کے واسطے بالکل ڈھادیا اس میں وقتیہ اور جمعہ کی نماز ادا کرنا دشوار ہے، چند مہینے کے واسطے خارجِ مسجد میں دوسری جگہ نماز کے واسطے تیار کر کے وقتیہ نماز اور نماز جمعہ ادا کرنا درست ہے یا نہیں اور جمعہ کی نماز کے واسطے مسجد شرط ہے یا نہیں، یا خارجِ مسجد میں بھی بوقتِ ضرورت ہوسکتی ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

خارجِ مسجد بھی درست ہے خواہ میدان ہو خواہ مکان:

"السلطان إذا أراد أن يجمع بحشمه في داره، فإن فتح باب الدآر وأذن إذناً عاماً، جازت صلوته شهدها العامة أو لم يشهدوها، كذا في المحيط، اهـ" هنديه(۱)۔ "قوله: أو الصلوة: أي مصلى المصر؛ لأنه من توابعه، فكان في حكمه، والحكم غير مقصود على المصلى، بل يجوز في جميع أفنية المصر؛ لأنها بمنزلة المصر في حوائج أهله. والفناء في اللغة سعة أمام البيوت، وقيل: ما امتد من جوانبه، كذا في المغرب، اهـ". بحر(۲)۔

علامہ حلبی نے غنیہ شرح منیہ میں بھی اس کی تصریح کی ہے(۳) نیز دیگر کتبِ فقہ مراقی الفلاح (۴) شامی (۵) وغیرہ میں بھی موجود ہے، ادائے جمعہ کے لئے مسجد شرط نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، یوپی، ۹/ جمادی الأولی/ ۶۷ھ۔

= كفاراً، يجوز للمسلمين إقامة الجمعة، و يصير القاضي قاضياً بتراضي المسلمين، و يجب عليهم أن يلتمسوا والياً مسلماً". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۴۴، سعيد)

(۱) (الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلوة، الباب السادس عشر في صلاة الجمعة: ۱/۱۴۸، رشيديه)

(۲) (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب صلاة الجمعة: ۲/۲۴۷، رشيديه)

(۳) "لو صلى الجمعة في قرية بغير مسجد جامع، والقرية كبيرة لها قرى، و فيها والٍ و حاكم، جازت الجمعة بنوا المسجد أو لم يبنوا". (الحلبي الكبير، فصل: صلاة الجمعة، ص: ۵۵۱، سهيل اكيڈمي لاهور)

(۴) "الأول (المصر أو فناء ه) سواء مصلى العيد وغيره؛ لأنه بمنزلة المصر في حق حوائج أهله". (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح، كتاب الصلاة، باب الجمعة، ص: ۵۰۶، قديمي)

(۵) "وكذا السلطان إذا أراد أن يصلي بحشمه في داره، فإن فتح بابها وأذن للناس إذناً عاماً، جازت =

ایضاً

سوال[۳۶۸۳]: جس جگہ جمعہ فرض ہے ایسی جگہ میں جمعہ کے روز وعظ کی محفل کے واسطے جمعہ کے قریب دوڈھائی ہزار سامعین مجتمع ہوگئے، وہاں کی مسجد میں قریب پچاس آدمی کے جمعہ پڑھ لئے، باقی لوگ اس بستی کے متصل ایک کھیتی زمین میں جس میں فی الحال کوئی فصل نہیں ہے، اور اس کے اردگرد بستی کے مکانات موجود ہیں اس کے مالک کی اجازت سے نماز جمعہ پڑھ لئے۔ اب جواب طلب امر یہ ہے کہ وہاں لوگوں کی نماز جمعہ صحیح ہوئی یا نہیں؟ کبیری شرح منیۃ المصلی میں ہے: "والمسجد الجامع ليس بشرط لصحة الجمعة حتى أجمعوا على صحة الجمعة فى المصلى". أو كما قال(۱)۔ ازروئے مہربانی اس کا جواب تحریر فرما کر ممنون ومشکور فرماویں۔ زیادہ والسلام۔

الراقم: روح الامین عفی عنہ کلکتہ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جمعہ کے لئے شہر، قصبہ، بڑا گاؤں ہونا شرط ہے اور بڑا گاؤں وہ ہے جو اپنی آبادی اور ضروریات بازار وغیرہ کے لحاظ سے قصبہ کی مانند ہو اور اس کی مردم شماری کم از کم تین ہزار ہو اور چھوٹے گاؤں میں جمعہ جائز نہیں اور جس بستی میں جمعہ جائز ہے تو وہاں جواز کے لئے جامع مسجد ہونا شرط نہیں بلکہ عیدگاہ میں اور فنائے مصر میں سب جگہ جمعہ درست ہے، پس اگر مقامِ مذکورہ فی السوال شہر کے اندر داخل ہے یا فنائے مصر میں شمار کیا جاتا ہے (جیسا کہ سوال سے ظاہر ہے) تو وہاں جمعہ درست ہے ورنہ نہیں:

"ففى الفتاوى الغياثية: لو صلى الجمعة فى قرية بغير مسجد جامع والقرية كبيرة لها قرى، وفيها والٍ وحاكم، جازت الجمعة بنو المسجد أو لم يبنوا، و هو قول أبى قاسم الصفار، وهذا أقرب الأقاويل إلى الصواب، انتهىٰ، و هو ليس ببعيد مما قبله. والمسجد الجامع ليس

= صلاته شهدتها العامة أولا. وإن لم يفتح أبواب الدار وأغلق الأبواب، وأجلس البوابين ليمنعوا عن الدخول، لم تجز؛ لأن اشتراط السلطان للتحرز عن تفويتها على الناس، و ذا لا يحصل إلا بالإذن العام". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب صلاة الجمعة: ۱۵۲/۲، سعيد)

(۱) (الحلبى الكبير، فصل صلاة الجمعة، ص: ۵۵۱، سهيل اكيڈمى لاهور)

Made Searchable using ScribeTools.com

بشرط، و لهذا أجمعوا على جوازها بالمصلى فى فناء المصر، و هو ما اتصل بالمصر معداً لمصالحة من ركض الخيل و جمع العساكر والمناَضَلة و دفن الموتىٰ وصلوة الجنازة و نحو ذلك؛ لأن له حكم المصر باعتبار حاجة أهله إليه". كبيرى(۱)۔

"شرط أدائها المصر أو مصلاه، والحكم غير مقصور على المصلى، بل يجوز فى جميع أفنية المصر". زيلعى (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، ۲۷/ ذی الحجہ/۵۴ھ۔

نماز جمعہ کے لئے مسجد کا ہونا ضروری نہیں

سوال[۳۶۸۴]: یہاں چند آفسوں کے مسلم ملازمین اوقاتِ دفتر میں ایک درسگاہ کے ملحق میدان میں صرف ظہر وعصر کی نماز باجماعت ادا کرتے ہیں، باقی تین نمازوں کی نہ جماعت ہی ہوتی ہے اور نہ نماز ہی ہوتی ہے، ملازمین اپنی ملازمت کی مجبوری کے سبب اسی جگہ جمعہ کی نماز باجماعت ادا کرتے ہیں۔ ایسی صورت میں جہاں پانچوں نماز نہ ہوتی ہوں کیا جمعہ کی نماز ادا کی جاتی ہے ہوجاتی ہے یا نہیں؟ چونکہ دیگر مساجد دفاتر سے دور ہیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

نماز جمعہ کے لئے مسجد ہونا ضروری نہیں، بستی کے میدان میں بھی درست ہے:

"لوصلى الجمعة فى قرية بغير مسجد جامع، والقرية كبيرة لها قرىٰ، وفيها وال وحاكم، جازت الجمعة بنوا المسجد أولم يبنوا". كبيرى، ص: ۵۱۱(۳)۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

---

(۱) (الحلبى الكبير، فصل صلاة الجمعة، ص: ۵۵۱، سهيل اكيڈمى لاهور)

(۲) (تبيين الحقائق، كتاب الصلاة، باب صلاة الجمعة: ۱/۵۲۵، دارالكتب العلمية بيروت)

"والحكم غير مقصور على المصلى، بل يجوز فى جميع أفنية المصر". (الهداية، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱/۱۶۸، مكتبه شركة علميه ملتان)

(۳) (الحلبى الكبير، كتاب الصلوة، فصل فى صلوة الجمعة، ص: ۵۵۱، سهيل اكيڈمى، لاهور) =

جومسجد وقف نہ ہواس میں جمعہ کا حکم

سوال[۳۶۸۵]: یہاں کچھ مسجدیں ایسی ہیں جن کا کرایہ مسجد کمیٹی سے وصول کرتی ہے، ان کی زمین وقف نہیں ہے، ساتھ ہی ساتھ یہاں دو مسجدیں ایسی ہیں جو وقف ہیں اور شرعی مسجد کی حیثیت رکھتی ہیں۔ اب سوال یہ ہے کہ جو مسجدیں وقف نہیں ہیں ان میں جمعہ کی نماز ہوگی یا نہیں؟ اور مسجد کا ثواب ملے گا یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مسجدِ شرعی تو اسی وقت بنتی ہے جب کہ وہ وقف ہو بغیر وقف کے وہ شرعی مسجد نہیں اگر چہ نماز جمعہ اور پنجگانہ نماز پڑھنے سے وہاں بھی ادا ہو جاتی ہے(۱) مگر موقوفہ مسجد کو فضیلت حاصل ہے(۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۱/۱۰/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۳/۱۰/۹۰ھ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

= "والحكم غير مقصور على المصلى، بل يجوز فى جميع أفنية المصر؛ لأنها بمنزلته فى حوائج أهله". (الهداية، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۱/۱۶۸، شركة علميه، ملتان)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلوة، الباب السادس عشر فى صلوة الجمعة: ۱/۱۴۸، رشيديه)

(۱) "قال أخبرنا جابر بن عبد الله رضى الله تعالىٰ عنه أن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "أعطيت خمساً لم يعطهن أحدٌ: نصرت بالرعب مسيرة شهر، و جُعِلَت لى الأرض مسجداً و طهوراً". الحديث. (صحيح البخارى، كتاب التيمم، باب: ۱/۴۷، قديمى كتب خانه كراچى)

"قوله: "وجُعلَت لى الأرض مسجداً": أى موضع السجود لا يختص السجود منها بموضع دون غيره، و يمكن أن يكون مجازاً عن المكان المبنى للصلاة، و هو مجاز التشبيه؛ لأنه لما جازت الصلاة فى جميعها كانت كالمسجد فى ذلك". (فتح البارى، كتاب التيمم، باب: ۱/۵۷۶، قديمى)

(۲) "وعن أنس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "صلوة الرجل فى بيته بصلوة، و صلوته فى مسجد القبائل بخمس و عشرين صلاةً، وصلوته فى المسجد الذى يجمع فيه بخمس مائة صلوة، و صلوته فى المسجد الأقصى بخمسين ألف صلوة، وصلوته فى مسجدى بخمسين ألف صلوة، وصلوته فى المسجد الحرام بمائة ألف صلوة"..(مشكوة المصابيح، كتاب الصلاة، باب المساجد الخ: ۱/۷۲، قديمى)

Made searchable using ScribeTools.com

فصل فی اشتراط المصر للجمعة

(صحتِ جمعہ کے لئے شہر کے شرط ہونے کا بیان)

مصر کی تعریف

سوال[۳۶۸۲]: مصر کی تعریف کتبِ فقہ وفتاویٰ میں بظاہر جامع ومانع سی محسوس نہیں ہوتی ہے اور وہ بھی مختلف فیہ ہوتی ہے۔ براہ کرم مصر کی ایسی جامع مانع تعریف تحریر فرمائیں کہ اگر اس کا ایک جز بھی مفقود ہو تو جمعہ جائز نہ ہو اور ایک جز بھی بطورِ قید اتفاقی یا بطورِ علامت مذکور نہ ہو اور یہ مفتی بہ قول کے مطابق ہو۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

فقہ میں احکامِ مکلّف سے بحث کی جاتی ہے جیسا کہ اس کی تعریف حضرت امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ سے منقول ہے: "معرفة النفس مالها و ما عليها"(۱)۔ حقائق، ماہیتِ اشیاء، ذاتیات وعرضیات، جنس، فصل نوع سے بحث نہیں کی جاتی (۲)، اسی لئے جواز جمعہ کے لئے جو مصر کی شرط ہے اس کی تعریف علامات سے کرتے ہیں کنہ بیان نہیں کرتے، امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ سے اسی طرح منقول ہے:

"فی التحفة: عن أبی حنيفة رحمه الله تعالىٰ أنه بلدة كبيرة، فيها سكك وأسواق، ولها

---

(۱) (التوضيح والتلويح، ص:۲۸، مير محمد كتب خانه كراچی)

(۲)" وأما موضوعه ففعل المكلف ثبوتاً أو سلباً". (الدر المختار). "(و أما موضوعه [أی موضوع الفقه] ففعل المكلف) من حيث أنه مكلف؛ لأنه يُبحث فيه عما يعرض لفعله من حلٍّ و حرمة و وجوب و ندب الخ". (رد المحتار، المقدمة: ۱/۳۸، سعيد)

"واعلم أن القرية والمصر من الأشياء العرفية التی لاتكاد تنضبط بحال وإن نص، ولذا ترک الفقهاء المصر على العرف". (فيض البارى، كتاب الجمعة، باب الجمعة فی القریٰ: ۲/۳۲۹، خضر راه بكڈپو، ديوبند)

رساتیق، و فیهاوالٍ یقدر علی إنصاف المظلوم من الظالم بحشمته و علمه أو علم غیره، یرجع الناس إلیه فیما یقع من الحوادث و هذا هو الأصح"(۱)۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۸/۱۰/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۸/۱۰/۹۰ھ۔

مصر کی تعریف اور اقامتِ جمعہ کی شرائط

سوال[۳۶۸۷]: ۱.....مصر کے لفظی معنی کیا ہیں، اس مسئلے میں اس کے کیا معنی سمجھے جائیں؟

۲.....مصر کی تعریف میں بعض جگہ یہ ملتا ہے کہ وہ مقام جہاں حوائجِ ضروریہ پوری ہوجائیں تو اس کے متعلق کیا حکم ہے اور حوائجِ ضروریہ کیا کیا ہوں گے؟

۳..... یہ جو کہا گیا ہے کہ مصر وہ مقام ہے جہاں قاضی اور مفتی ہوں۔ اس زمانہ میں اس قول سے کیا مراد ہوسکتی ہے، جب کہ یہاں ہند میں ایسا رواج ہی نہیں ہے؟

۴.....جس مقام پر نمازِ جمعہ صحیح نہ ہو اور وہاں مدت سے نماز جمعہ پڑھی جارہی ہو، وہاں کے لئے کیا حکم ہے؟

۵.....اگر عوام باز نہ آئیں تو ذی علم حضرات ایسے مقام پر کیا کریں؟

۶.....منیٰ کی آبادی کا کیا مطلب سمجھا یا جائے۔

۷.....ایک مقام ہے جہاں کی مخلوط آبادی دو ہزار ہے اور صرف مسلم آبادی ایک ہزار ہے یا اس سے کچھ زائد، اور وہاں پر کرایہ کی دوکان بھی ہے جہاں زندگی کے روزمرہ کی ضروریات کی چیزیں اور غلہ بھی دستیاب ہے، گاؤں میں پنچایت راج کا پردھان بھی ہے(۲)۔ علاوہ ازیں گاؤں میں تین اسکول ہیں: پہلا مکتب اسلامیہ اسکول، دوسرا پرائمری اسکول جس میں درجہ پانچ تک لڑکوں کو صرف ہندی کی تعلیم دی جاتی ہے، تیسرا لڑکیوں کا پرائمری اسکول جس میں درجہ پانچ تک صرف لڑکیوں کو ہندی کی تعلیم دی جاتی ہے۔ ایسے مقام پر نمازِ جمعہ صحیح ہے

---

(۱) (رد المحتار، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۱۳۷، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۲۴۶، رشیدیه)

(۲)"پردھان: سپردگی، اطاعت"۔ (فیروز اللغات، ص: ۲۸۸، فیروز سنز، لاہور)

Made searchable using ScribeTools.com

یانہیں؟ اوراگر ہے تو مصر کی تعریف کس پر صادق آئی اوراگر نہیں صحیح ہے تو وجہ کیا ہے؟

۸.....کم ازکم کتنی آبادی پرنماز جمعہ درست ہے؟ وہ آبادی صرف مسلمانوں کی شمار ہوگی یادیگر اقوام کی بھی؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....لغت میں مصر کے معنی ہیں: ''بکری یااونٹنی کا دودھ تین انگلیوں سے دوہنا، دودھ خوب پوری طرح دوہنا، دو چیزوں کے درمیان حاجز، حدِ مشہور، شہر کا نام، نوح علیہ السلام کے بیٹے کا نام، شہر، مشہور دوشہر: کوفہ وبصرہ، طینِ احمر'' کذا فی لسان العرب: ۵/۱۷۵ (۱)۔ صلوۃ جمعہ کے متعلق اس کے معنی شہر کے ہیں۔

۲.....جن حوائج کے بغیر وہاں کے رہنے والوں کی معاشرت دشوار ہوجائے، غلہ، کپڑا، دوا، برتن وغیرہ کہ ان کی مستقل دوکانیں ہوں اور یہ چیزیں ہمیشہ ملتی ہوں، آس پاس کے دیہات کے لوگ بھی وہاں سے اپنی حوائج کا انتظام کرتے ہوں، حکیم یاڈاکٹر ہو، ڈاکخانہ ہو، مدرسہ، اسکول ہو، کچہری یا پنچائتی نظام نزاعات کا فیصلہ کرنے کے لئے ہو۔ یہ اَمارات وعلامات ہیں، حدِ حقیقی نہیں (۲)۔

۳.....قاضی کے قائم مقام پنچایت کا نظام ہے، جگہ جگہ شرعی کمیٹی بھی موجود ہے، مفتی کا انتظام ہر شہر میں نہیں، لیکن یہ ضرورت بھی بالواسطہ پوری ہوجاتی ہے (۳)۔

۴.....نرمی وشفقت سے مسئلہ سمجھا دیا جائے، جن کوفکرِ آخرت ہوگی وہ باز آجائیں گے، جھگڑا فساد

---

(۱) "مصر: مصر الشاة، والناقة بمصرها مصراً وتمصّرها: حلبها بأطراف الثلاث. وقيل: هوأن تأخذ الضرع بكفك وتصير إبهامك فوق أصابعك ..... والمصر: الحاجز، والحد بين الشيئين ..... وقد زعموا أن الذى بناها إنما هو المصر بن نوح عليه السلام ..... لما فتح هذان المصران، المصر: البلد ويريدبهما: الكوفة والبصرة، والمصر: الطين الأحمر". (لسان العرب، تحت لفظ "مصر": ۵/۱۷۵، ۱۷۶، دارصادر، بيروت)

(۲) "عن أبى حنيفة رحمة الله عليه أنه بلدة كبيرة، فيها سكك وأسواق، ولهارسا تيق، وفيها والٍ يقدر على إنصاف المظلوم من الظالم بحشمته وعلمه أو علم غيره، ويرجع إليه الناس فيما يقع من الحوادث، وهذا هوالأصح". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۳۷، سعيد)

(وكذا فى البحرالرائق، كتاب الصلوة، باب الجعمة: ۲/۲۴۶، رشيديه)

(۳) (راجع الحاشية المتقدمة آنفاً)

Made Searchable by ScribeTools.com

نہ کیا جائے (۱)۔

۵.....خود جمعہ نہ پڑھیں، پانچوں نمازیں تکبیرِ اولیٰ سے پڑھتے رہیں، مسئلہ بتاتے اور دلسوزی سے سمجھاتے رہیں (۲)۔

۶.....یہ تحدید نہیں، ایک تمثیل ہے، نمایاں فرق ہو چکا ہے، اب تمثیل بھی نہیں (۳)۔

۷.....کسی ایسے عالم کو بلا کر معائنہ کرادیں جس کو فقہ وفتاویٰ میں بصیرت وتجربہ ہو، سب حالات دیکھ کر وہ جو حکم شرعی بتائیں، اس پر عمل کریں (۴)۔

۸.....آبادی کے اعداد پر مدار نہیں، جہاں کہیں آبادی کو بتایا گیا ہے وہ تخمینی ہے، تعیین نہیں اور مجموعی آبادی مراد ہے نہ کہ صرف مسلم آبادی۔ فقط واللہ اعلم۔

محمود غفرلہ۔

---

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿وأطيعوا الله ورسوله، ولا تنازعوا فتفشلوا وتذهب ريحكم﴾ (سورة التوبة، پ: ۱۰، آية: ۴۰)

"عن تميم الدارى رضى الله تعالىٰ عنه أن النبى صلى الله عليه وسلم قال: "الدين النصيحة". قلنا: لمن؟ قال: "لله، ولرسوله، ولأئمة المسلمين وعامتهم".

"وأما نصيحة عامة المسلمين وهم مَن عَدا وُلاة الأمر، فإرشادهم لمصالحهم فى آخرتهم ودنياهم، وكف الأذى عنهم، فيعلّمهم مايجهلونه من دينهم ودنياهم ..... وأمرهم بالمعروف ونهيهم عن المنكر برفق وإخلاص، والشفقة عليهم، وتوقير كبيرهم، ورحمة صغيرهم". (الصحيح لمسلم مع شرحه للنواوى، كتاب الإيمان، باب الدين النصيحة: ۱/۵۴، قديمى)

(۲) (راجع الحاشية المتقدمة آنفاً)

(۳) ""واعلم أن القرية والمصر من الأشياء العرفية التى لاتكاد تنضبط بحال وإن نص، ولذا ترك الفقهاء المصر على العرف". (فيض البارى، كتاب الجمعة، باب الجمعة فى القرى: ۲/۳۲۹، خضر راه بک ڈپو، ديوبند)

(۴) "وحاصله: إدارة الأمر على رأى أهل كل زمان فى عدّهم المعمورة مصراً، فما هومصر فى عرفهم جازت الجمعة فيه، ومالیس بمصرلم يجزفيه، إلا أن يكون فناء المصر". (الكوكب الدرى، أبواب الجمعة، باب ماجاء فى ترک الجمعة من غير عذر: ۱/۱۹۹، سهارنپور)

Made searchable using ScribeTools.com

فنائے مصر کی تحدید

سوال[۳۶۸۸]: ۱.....ختمِ فنائے مصر کے بعد کیا کچھ فرسخ اور تحدید ہے کہ اس کے اندر جمعہ جائز ہے؟

ایضاً

سوال[۳۶۸۹]: ۲.....شہر کے باہر حدود میونسپلٹی کے آگے تین چار میل تک سڑک کے کنارے عموماً جو اینٹ کے بھٹے اور چونہ بھٹیاں ہوتی ہیں اس کو ضروریاتِ شہر میں داخل کر کے فنائے مصر کا اطلاق وہاں کیا جاسکتا ہے یا نہیں؟ اور وہاں تک یا اس کے محاذ میں جو مواضعات ہوں اور عرفاً وہ گاؤں سمجھے جاتے ہوں وہاں جمعہ جائز ہے یا نہیں؟

کیا مصر اور دیہات کا اطلاق عرب ممالک کی آبادی کے تناسب سے ہوگا؟

سوال[۳۶۹۰]: ۳.....اطلاقِ مصر یا اطلاقِ دیہات ہر ملک کی آبادی اور اس کی جغرافیائی حالت کے موافق ہوتا ہے مثلاً ہندوستان کے معمولی گاؤں عرب کی آبادی کے اعتبار سے قصبہ اور شہر کا اطلاق کیا جائے گا، یا عرب کی آبادی کے لحاظ سے مصر اور قریہ کا اعتبار کیا جائے گا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے فنائے مصر کے متعلق مسافت کی کوئی تحدید نہیں فرمائی اور محققین کی ایک جماعت نے اس کا اتباع کیا، امام ابو یوسف، امام محمد اور متاخرین سے دس گیارہ اقوال منقول ہیں، درمختار، ص: ۸۳۷، میں ایک فرسخ پر ولوالجیہ سے فتویٰ نقل کیا ہے(۱)۔

" قال الكمال: و فناء ه هو المكان المعدّ لمصلاح متصلاً به أو فصل بغلوة، كذا قدّره محمد فى النوادر، و هو المختار ..... فإن الإمام لم يُقدّر الفناء بمسافةٍ و كذا جمعٌ من المحققين، و هو الذى لا يُعدل عنه، فإن الفناء بحسب كبر المصر و صغره ..... وبعضهم قدّره بفرسخ و بفرسخين و بثلاثة فراسخ. ثم قال الكمال: وقيل: بميل، وقيل: بميلين، و قيل:

---

(۱) "والمختار للفتوى تقريره بفرسخ، ذكره الولوالجى". (الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۱۳۰/۲، سعيد)

بثلاثة أميال، وقيل: إنما تجوز فى الفناء إذا لم يكن بينه و بين المصر مزرعة، اهـ، شرنبلالية(۱)، وبعضهم قدره بستة أميال، اهـ. وعن أبى يوسف أن المعتبر فيه سماع النداء، اهـ. و عن الحسن البصرى رحمه الله تعالىٰ: إنما تجب فى أربع فراسخ، اهـ".(۲)۔ والبسط فى ردالمحتار:۸۳۷(۳)، والبدائع، ص: ۲٦۰ (٤).

۲.....جواب نمبر:۱ سے معلوم ہوا کہ امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک فناءِ مصر کی کوئی تحدید نہیں ہے،

---

(۱) لم أظفر على هذا الكتاب (الشرنبلالية) و لكن ذكرهذه العبارة ابن عابدين بتغيرٍ يسيرٍ فى : (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۱۳۹، سعيد)

(۲) (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، فصل فى صلاة الجمعة، وأما شرائط الجمعة: ۱/۵۸۵، رشيديه)

(۳) "(قوله: والمختار للفتوى الخ) اعلم أن بعض المحققين أهل الترجيح أطلق الفناء عن تقديره بمسافة، و كذا محرر المذهب الإمام محمد، و بعضهم قدره بها. وجملة أقوالهم فى تقديره ثمانية أقوال أو تسعة: غلوةٌ، ميل، ميلان، ثلاثة، فرسخ، فرسخان، ثلاثة، سماع الصوت، سماع الأذان، والتعريف أحسن من التحديد؛ لأنه لايوجد ذلك فى كل مصر، وإنما هو بحسب كبر المصر و صغره، بيانه: أن التقدير بغلوة أو ميل لا يصح فى مثل مصر؛ لأن القرافة والتراب التى تلى باب النصر يزيد كل منهما على فرسخ من كل جانب، نعم! هو ممكن لمثل بولاق، فالقول بالتجريد بمسافة يخالف التعريف المتفق على ما صدق عليه بأنه المعدّ لمصالح المصر، فقد نص الأئمة على أن الفناء ماأعِدّ لدفن الموتى و حوائج المصر الخ". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۱۳۹، سعيد)

(۴) "وأما تفسير توابع المصر، فقد اختلفوا فيها، روى عن أبى يوسف أن المعتبر فيه سماع النداء إن كان موضعاً يسمع فيه النداء من المصر فهو من توابع المصر، وإلا فلا. قال الشافعى:إن كان فى القرية أقل من أربعين، فعليهم دخول المصر إذا سمعوا النداء. و روى ابن سماعة عن أبى يوسف: كل قرية متصلة بربض المصر، فهى من توابعه، وإن لم تكن متصلةً بالربض فليست من توابع المصر. وقال بعضهم: ماكان خارجاً عن عمران المصر فليس عن توابعه. و قال بعضهم: المعتبر فيه قدرميل و هو ثلاث فرسخ. وقال بعضهم: إن كان قدر ميل أو ميلين فهو عن توابع المصر، وإلا فلا. و بعضهم قدّره بستة أميال، و مالك قدّره بثلاثة أميال، و عن أبى يوسف أنها تجب فى ثلاث فراسخ الخ". (بدائع الصنائع، كتاب الصلوة، شرائط الجمعة: ۱/۵۸۵، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

بلکہ مختلف ہوتی رہتی ہیں، پس اس قول پر اگر وہ جگہ عرفاً فناءِ مصر شمار کی جاتی ہے تب تو وہ ملحق بالمصر ہے اور وہاں جمعہ جائز ہے ورنہ نہیں:

"وأما تفسير توابع المصر فقد اختلفوا فيها ..... و قال بعضهم: إن أمكنه أن يحضر الجمعة و يبيت بأهله من غير تكلف، تجب عليه الجمعة، وإلا لا، و هذا أحسن". بدائع(۱)۔

۳..... ہر ملک میں اسی ملک کا عرف معتبر ہوگا ہر جگہ عرب کا عرف معتبر نہ ہوگا، جیسا کہ ہر زمانہ میں اسی زمانہ کا عرف معتبر ہوتا ہے بشرطیکہ خلاف منصوص نہ ہو، ایک زمانہ کا عرف ہر زمانہ میں معتبر نہیں ہوتا، والبسط فی البذل (۲) والأوجز (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۶/۵/۵۵ھ۔

الاجوبة صحيحة: سعید احمد غفرلہ۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۶/ جمادی الأولی/ ۵۵ھ۔

---

(۱) (بدائع الصنائع، كتاب الجمعة، شرائط الجمعة: ۱/۵۸۵، رشيديه)

(۲) "واختلف العلماء فی الموضع الذی تقام فيه الجمعة، فقال مالک: كل قرية فيهامسجد أو سوق، فالجمعة واجبة على أهلها، و لا يجب على أهل العمود وإن كثروا؛ لأنهم فی حكم المسافرين. وقال الشافعی وأحمد رحمهما الله تعالیٰ: كل قرية فيهاأربعون رجلاً أحراراً بالغين عقلاء مقيمين بها لا يظعنون عنها صيفاً ولا شتاءً إلا ظعن حاجة، فالجمعة واجبة عليهم سواء كان البناء من خشب أو حجر أو طعن أو نصب أو غيرها بشرط أن تكون الأبنية مجتمعةً، فإن كانت متفرقة لم تصح ..... و مذهب أبی حنيفة رضی الله تعالیٰ عنه: لا تصح الجمعة إلا فی مصر جامع أو مصلی المصر، و لا تجوز فی القری ..... اتفق علماء الأمصار على أن الجمعة مخصوصة لا يجوز فعلها فی غيرها؛ لأنهم مجتمعون على أنها لا تجوز فی البوادی". (بذل المجهود، كتاب الصلوة، باب الجمعة فی القری: ۲/۱۶۹، إمداديه ملتان)

(۳) "وفی المسویٰ: اتفقوا على أن لا جمعة فی العوالی، وأنه يشترط لها الجماعة ..... فقال أصحابنا: هی مخصوصة بالأمصار و لا تصح فی السواد، وهو قول الثوری و عبيد الله بن الحسن. وقال مالک: تصح فی كل قرية فيها بيوت متصلة و أسواق متصلة، يقدمون رجلاً يخطب ويصلی بهم الجمعة إن لم يكن لهم إمام. و قال الأوزاعی: لاجمعة إلا فی مسجد جماعة مع الإمام. وقال الشافعی: إذا كانت قريةً مجتمعة البناء والمنازل، وكان أهلها لا يظعنون عنها إلاظعن حاجة و هم أربعون رجلاً =

قریۂ کبیرہ کی تعریف

سوال[۳۶۹۱] : ۱ .....اگر کسی گاؤں میں تقریباً دو ہزار کی مردم شماری ہو اور تقریباً بیس دوکانیں ہوں تو کیا وہاں جمعہ جائز ہے؟

سوال[۳۶۹۲] : ۲ .....کیا جمعہ کے بارے میں گاؤں کی تقسیم اس طرح بھی ہے کہ ایسے گاؤں میں جمعہ جائز ہے اور ایسے میں واجب ہے؟

جس سے عقیدت ہو اس کے فتوی پر عمل کریں

سوال[۳۶۹۳] : ۳ .....کسی گاؤں میں کسی مستند مفتی صاحب کے فتوی کے بموجب جمعہ پڑھتے ہیں اور دوسرے مستند مفتی صاحب نے عدمِ جواز لکھدیا ہے، بنا بریں اختلاف بڑھ کر مدرسہ کا استحکام اور نظام متأثر ہونے لگا تو کیا گاؤں کے اتفاق اور مدرسہ کے استحکام کے پیشِ نظر فریقین کو پہلے مفتی کے بموجب جمعہ ادا کرنا درست ہوگا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....تحریر اکابر سے جو کچھ مستفاد ہے وہ یہ ہے کہ ایسی بستی ہونی چاہئے جو حوائجِ اصلیہ کے لئے جامع ہو، جس کو شہر یا قصبہ یا بڑا گاؤں کہا جائے، وہاں گلی کوچے ہوں، محلے ہوں، ضروریات ہمیشہ ملتی ہوں، حکیم یا ڈاکٹر ہو، ڈاکخانہ ہو، حاکم یا پنچایت کا انتظام ہو، ضروری پیشہ ور ہوں، آس پاس کے دیہات والے اپنی ضروریات وہاں سے پوری کرتے ہوں، محض مردم شماری پر موقوف نہیں۔ یہ جملہ امور پہلے تین چار ہزار کی آبادی میں موجود ہوتے تھے، اب تمدن تیزی سے بڑھ رہا ہے اس سے کم میں بھی یہ سب چیزیں موجود ہو جاتی ہیں۔ اگر وہاں یہ سب چیزیں موجود ہیں تو جمعہ صحیح ودرست ہے(۱)۔

۲.....یہ تقسیم صحیح نہیں بلکہ تقسیم اس طرح ہے کہ جس بستی میں شرائط موجود ہوں وہاں جمعہ فرض ہے،

= حراً بالغاً غیر مغلوب علی عقله، وجبت علیهم الجمعة الخ". (أوجز المسالک، باب ما جاء فی الإمام ینزل بقریة یوم الجمعة فی السفر: ۲/۲۴۴، ادارہ تالیفات اشرفیه، ملتان)

(۱) راجع للتفصیل: (امداد الأحکام، کتاب الصلوة، باب الجمعة والعیدین: ۱/۷۵۶، ۷۵۹، دار العلوم کراچی)

Made Searchable using ScribeTools.com

جہاں شرائط موجود نہ ہوں وہاں ناجائز ہے، بجائے جمعہ کے وہاں ظہر پڑھنا لازم ہے:

"و تقع فرضاً فی القصبات والقری الکبیرة التی فیهاأسواق، و فیما ذکرنا إشارةٌ إلی أنها لا تجوز فی الصغیرة، و لو صلوا فی القریٰ لزمهم أداء الظهر، اهـ". ردالمحتار: ۱/۵۳۷(۱)۔

۳.....اگران کے نزدیک پہلافتوی صحیح ہےاوراس سے عقیدت ہےتواس پرعمل کرنا چاہئے(۲)۔

جمعہ فی القری اورقریہ کی تعریف

سوال[۳۶۹۴]: ۱.....جمعہ فی القریٰ جائز ہے یانہیں؟ قریہ اورشہر کی تعریف مفصل تحریرفرمائیں۔

۲.....ایک قریہ جس کی آبادی تقریباً پندرہ سو ہے وہ قریہ ہے یا شہر؟ زیداورعمراس بارے میں مختلف ہیں، زید کا کہنا ہے ہم اس میں تقریباً سوسال سے جمعہ پڑھتے چلے آرہے ہیں، نیز استدلال میں حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کی جانب جواز کومنسوب کرتا ہے، عمر کا کہنا ہے کہ اس میں جمعہ جائزنہیں ہے۔کون حق پر ہے؟

۳.....اگر جمعہ کوروکا گیا تو سخت فتنہ کا اندیشہ ہے کہ لوگ نماز پنجگانہ ہی چھوڑ دیں گے اورارتداد اختیارکرلیں گے، ایسے حالات میں ایک محتاط آدمی کوکیا کرنا چاہئے؟ نیز قریہ والوں کواس فعل سے روکا جاسکتا ہے یانہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....قریہ صغیرہ میں جمعہ جائزنہیں، قریہ کبیرہ میں جائز ہے۔قریہ اورشہر کی تعریف میں عرف کے اعتبار سے تغیر ہوتا رہتا ہےاس لئے کہ ماہیت کی تعریف تومقصودنہیں ہے، آثاروعلامات کے اعتبار سے تعریف کی جاتی ہے جس سے دونوں میں فی الجملہ امتیاز قائم ہوجائے۔آثاروعلامات کا تغیر یہی ہے مثلاً جس جگہ جمعہ کی اجازت

---

(۱) (رد المحتار، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۱۳۸، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۲۴۸، رشیدیه)

(۲) "لأن العامی یجب علیه تقلید العالم إذا کان یعتمد علی فتواه الخ". (ردالمحتار، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم و ما لا یفسد: ۲/۴۱۱، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصوم، فصل فی العوارض: ۲/۵۱۲، رشیدیه)

ہواس کے متعلق اس طرح علامات بتائی جائیں کہ وہاں گلی کوچے ہوں، محلے ہوں، ضروری پیشہ ور رہتے ہوں، ڈاکخانہ ہو، شفاخانہ ہو یا حکیم یا ڈاکٹر ہو، نزاعات کا فیصلہ کرنے کے لئے سرکاری حاکم یا پنچایت ہو، بازار ہو، روزمرہ کی ضروریات ہمیشہ ملتی ہوں (۱)۔ ایسا نہ ہو کہ ہفتہ میں ایک دن بازار لگا، باہر سے دوکاندر سامان لائے، ان سے ضروریات خرید لی گئیں وہ چلے گئے، بازار ختم ہوگیا، پھر ضروریات خریدنے کے لئے دوسرے بازار کا انتظار کرنا پڑے، کم وبیش ڈھائی ہزار کی آبادی ہو۔ یہ تعریف حقیقی نہیں، جس سے ادراک بالکُنہ حاصل ہو۔

۲.....اس کا جواب نمبر:۱ سے مستنبط ہوسکتا ہے۔

۳..... جہاں جمعہ جائز نہیں، جمعہ پڑھنے سے فریضۂ ظہر ادا نہیں ہوگا، اور جمعہ کا پڑھنا مکروہ تحریمی ہوگا (۲)، باایں ہمہ اگر جمعہ سابق سے چلا آتا ہے اور اس کے روکنے سے فتنہ کا مظنہ ہے، لوگ غلبہ سے پنجگانہ نماز بھی چھوڑ دیں گے اور دین سے بیزار ہوجائیں گے، ارتداد پر آمادہ ہوجائیں گے، مسجد کو ویران کردیں گے -معاذ اللہ- تو ایسے فتنوں سے بچنا لازم ہے، نہایت تدبیر کے ساتھ کام کیا جائے، بعض جگہ ایسے واقعات پیش آچکے ہیں (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۳/۱/۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۳/۱/۸۸ھ۔

---

(۱) "عن علی رضی اللہ تعالیٰ عنه أنه قال: "لا جمعة و لا تشریق إلا فی مصر جامع". (إعلاء السنن، أبواب الجمعة، باب عدم جواز الجمعة فی القری: ۸/۱، إدارة القرآن کراچی)

"(ویشترط لصحتها) سبعة أشیاء: الأول (المصر ما لا یسع أکبر مساجده أهله المکلفین بها) وعلیه فتوی أکثر الفقهاء الخ". (الدرالمختار). "عن أبی حنیفة رحمه اللہ تعالیٰ أنه بلدة کبیرة فیها سکک وأسواق، ولها رساتیق، و فیها والٍ یقدر علی إنصاف المظلوم من الظالم بحشمته و علمه أو علم غیره، یرجع الناس إلیه فیما یقع من الحوادث، و هذا هو الأصح". (رد المحتار، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۱۳۷/۲، سعید)

(وکذا فی امداد الأحکام، کتاب الصلوة، باب الجمعة والعیدین: ۷۵۹/۱، مکتبه دار العلوم کراچی)

(۲) "لا تجوز فی الصغیرة التی لیس فیها قاض و منبر و خطیب، کمافی المضمرات. والظاهر أنه أرید به الکراهة لکراهة النفل بالجماعة، ألا تری أن فی الجوهرة: لو صلوا فی القری، لزمهم أداء الظهر". (ردالمحتار، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۱۳۸/۲، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲۴۸/۲، رشیدیه)

(۳) "جن بستیوں میں قدیم سے جمعہ پڑھا جاتا ہے اور جمعہ چھوڑوانے سے لوگ پنج وقتہ نماز بھی چھوڑ دیتے ہیں، ایسی بستیوں =

Made searchable using ScribeTools.com

قریۂ صغیرہ وکبیرہ

سوال[٣٦٩٥]: میں تین سال پہلے دارالعلوم ہی کا ایک طالب تھا، درسِ بخاری شریف کی خدمت کے سلسلے میں تین سال سے یہاں مقیم ہوں، یہاں کے مقامات میں سے جو باقاعدہ شہر یا قصبہ ہیں وہ تو الگ ہیں، باقی گاؤں ہیں ان گاؤں میں لوگوں نے (پنجگانہ کی حیثیت سے کہئے، یا جامع مسجد کی حیثیت سے) ایک دو مسجد بنا رکھی ہے، ان میں جمعہ کی نماز بھی پڑھی جاتی ہے۔ مسلمان آبادی میں عام طور پر حنفی مذہب کے ہیں۔ گاؤں بھی ایسا نہیں کہ ضروریات کے تمام سامان یہاں مل جائے، کیونکہ نسبتاً کچھ لوگ بڑے کاموں کے لئے ٹاؤن چلے جاتے ہیں اور روزمرہ کی ضروریات کے لئے یہ سسٹم ہے کہ دو چار چھ میل کی دوری..... پر بازار کا انتظام ہے، ہفتہ میں ایک مرتبہ یا دو مرتبہ میں بازار لگتے ہیں۔ بازار کے چھوٹے بڑے ہونے کے فرق سے ایک ایک بازار کا مربع علاقہ بیس، تیس، چالیس، پچاس گاؤں تک ہوتا ہے، ان گاؤں کے باشندوں کی زندگی ان بازاروں کی طرف سے اس درجہ محتاج ہے کہ اگر یہ بازاری سسٹم بند ہوجائے تو ان کی زندگی کے اکثر امور بند ہوجائیں۔ گاؤں کے اندر کہیں کہیں ایک دو، دوکانیں بنی ہوئی ہیں لیکن ان میں ملنے والے سامان اتنے محدود ہیں کہ زندگی کے نصف، ثلث ربع بلکہ عشر بھی پورا نہیں ہوسکتا۔

ان بازاروں میں اکثر بازار ایسے ہیں کہ صرف ہفتہ کے متعین دن کو لگتے ہیں، ان دنوں کے علاوہ باقی دنوں میں وہ بازار بھی ضروریاتِ زندگی کے لئے کافی نہیں، بازار کے پاس کے باشندوں میں جن کو ضرورت ہوتی ہے، ان کو کئی میل کی دوری پر اس دن کو لگنے والے کسی دوسرے بازار میں جانا پڑتا ہے، البتہ دو ایک بازار ایسے ہیں کہ ہفتہ کے متعین دن کے علاوہ بھی اس میں اکثر ضروریات ملتی ہیں۔

مخصوص مقام جو کہ ٹاؤن یا شہر ہیں اور روزانہ کے ضروری سامان ملنے والے جو بعض بازار ہیں، ان

= میں جمعہ پڑھنا چاہئے تاکہ اسلام کی رونق وشوکت قائم رہے الخ'' (كفايت المفتي، كتاب الصلاة، باب الجمعة والعيدين: ٣/٢٣٥، دار الإشاعت كراچی)

''واستشهد له بما في التجنيس عن الحلواني أن كُسالى العوام) إذا صلوا الفجر عند طلوع الشمس لا يمنعون؛ لأنهم إذا منعوا، تركوها أصلاً، و أداؤها مع تجويز أهل الحديث لها أولى من تركها أصلاً الخ''. (رد المحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ٢/١٧١، سعيد)

مواضع میں تو جمعہ کی نماز ادا ہونے کے بارے میں کوئی بات نہیں، ایسے مواضع میں تو جمعہ ہم بھی پڑھتے ہیں، لیکن ان کے علاوہ جو گاؤں ہیں ان میں جمعہ کی نماز حنفی مذہب والوں کے لئے کیسے درست ہوسکتی ہے؟ یہاں کے مقامی علماء اس مسئلہ میں کئی حصے میں بٹ گئے ہیں، اکثروں کی تعداد ایسی ہے کہ سماج اور عوامی دھارے میں بہہ گئے ہیں، جمعہ کے دن مسجد میں جاتے ہیں، جمعہ کی امامت کرتے ہیں یا مقتدی بن کر نماز پڑھ آتے ہیں، لیکن کبھی بھی تفکر وتدبر سے کام نہیں لیتے۔ اس بارے میں دریافت کرنے سے بھی وہ ادھر ادھر کی ہانکتے ہیں، عوام سے مرعوب ہوکر اس گاؤں میں جمعہ جائز ہونے کا وہم کر بیٹھے ہیں۔

دلیل کے میدان میں وہ کبھی جمعہ فی القری کے جواز پر اجماع ہونے کے دعویدار بنتے ہیں اور کبھی یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ جن گاؤں میں عدمِ جواز کا حکم ہے وہ عرب یا یوپی وغیرہ ملکوں کے دیہات ہیں، آسام، بنگلہ کے دیہات نہیں، یہاں بلاشبہ جمعہ جائز ہے، کبھی یہاں کے گاؤں کو مصر کہنے کی جرأت کرتے ہیں، وغیرہا۔

بعض علماء ایسے ہیں کہ خود تو عدمِ جواز کے قائل ہیں اور اپنے حلقۂ معتقدین میں اس کا کم وبیش چرچا بھی کرتے ہیں، لیکن بعض مصالح کی عذر سے وہ عام سطح پر اس کا اعلان کرکے عوام کی مخالفت مول لینا پسند نہیں کرتے، بہت کم تعداد میں علماء ایسے ہیں کہ ہمت کرکے بولتے ہیں اور عوام تک بات پہونچاتے ہیں۔ اسی بناء پر اب مجھ سے علماء کا فتویٰ طلب کیا جارہا ہے۔

یہاں کے علماء کے حالات سے مجھے جہاں تک خیال ہے کبھی بھی اس مسئلہ میں وہ متفق نہیں ہوسکتے، بلاسوچے سمجھے کچھ علماء حنفی کے لئے بھی چھوٹے گاؤں میں جائز بلکہ فرض کہتے رہیں گے، لہٰذا استفتاء دارالعلوم دیوبند روانہ کیا جارہا ہے تاکہ جواب سب کے نزدیک مسلّم رہے۔

سرکاری امور کی سہولت کے لئے سرکار سے ایک ایک گاؤں ایک ایک نام سے موسوم ہے، عام طور پر ایک گاؤں میں دو دو تین تین بستیاں ہیں، ایک بستی سے دوسری بستی قدرے انفصال کی وجہ سے الگ الگ شمار کی جاتی ہے، ایک ایک بستی میں چھوٹے بڑے مرد عورت ملا کر کل آدمی دو چار، پانچ، چھ سو ہوتی ہے، ذرا قدرے بڑے گاؤں میں سب بستیاں مل کر ایک ڈیڑھ ہزار تک ہوسکتی ہے لیکن سامانِ ضروریات کے لئے وہ سب کے سب بازار یا شہر کے محتاج ہیں، جو کسی اَور موضع میں ہے۔

اب یہاں آس پاس کے دو چار بستی کو موضعِ واحدہ شمار کرکے اس میں بڑا گاؤں ہونے کا اعتبار کرسکتے ہیں

Made searchable using ScribeTools.com

اور جمعہ درست ہوسکتا ہے یانہیں؟ سامانِ ضروریات ملنے نہ ملنے سے قطع نظر ایسے گاؤں پر شرحِ وقایہ کی تعریفِ مصر:"لایسع أکبر مساجده أهله" (۱) صادق آسکتی ہے۔ دراصل علمائے قائلینِ جواز اسی دلیل شرح وقایہ کا دامن پکڑے ہوئے ہیں۔ براہ کرم یہ جواب مرحمت ہوکر کہ کیا اسی بناء پر ان قریٰ صغار میں جمعہ جائز ہوگا؟

البتہ یہاں ایک شبہ ہے کہ کتابوں میں لکھتے ہیں کہ اگر کوئی قاضی شرعی کسی گاؤں میں اقامتِ جمعہ کی رائے دے دے تو باقاعدہ اس کے کہ مجتہد فیہ میں قاضی کی رائے ملنے سے وہ حکم مجتہد فیہ نافذ ہوجاتا ہے، لہٰذا وہاں جمعہ درست ہوگا اور یہ بھی بات مسلّم ہے کہ ہندوستان میں قاضیٔ شرعی نہ ہونے کی وجہ سے بہت سے مسائل میں جماعتِ مسلمین کا متفقہ فیصلہ قاضیٔ شرعی کے شرعی فیصلہ کے قائم مقام ہوجاتا ہے۔ یہ بھی بات ظاہر ہے کہ اس ملک میں عوام (بلفظ دیگر) جماعتِ مسلمین اتخاذِ جامع مسجد اور اقامت جمعہ کے بارے میں متفق نظر آرہے ہیں، بجز ان علماء کے جو جواز جمعہ کے منکر و مانع ہیں، تو کیا استثناء ایسے علماء کے دیگر لوگوں کے اتفاق کو اجماع پر جوازِ جمعہ فی القریٰ الصغیرۃ یا اتصال حکمِ قاضی بقول جواز جمعہ قرار دے کر جواز جمعہ کی رائے دی جاسکتی ہے؟

درمختار، شامی، شرح وقایہ ہدایہ، حضرت مولانا تھانوی کا امداد الفتاویٰ اور فتاویٰ دارالعلوم وغیرہا کتبِ فقہ کے مسائل جمعہ دیکھے گئے ہیں، ماشاء اللہ ہمیں کوئی شبہ نہیں لیکن کچھ لوگ ہیں کہ فتویٰ ہی کے خواہاں ہیں، لہٰذا براہ کرم افہام عوام کی سطح پر ذرا کھول کر قدرے تفصیل کے ساتھ مع حوالۂ کتب جواب مرحمت فرمائیں، شاید یہ جواب ان علماء کے سامنے پیش ہو جو جواز کے قائل ہیں اور عوام کی دلجوئی کے لئے بلاتحقیق دلائل دینے کی کوشش کرتے ہیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس بات پر تو سب کا اجماع ہے کہ جمعہ کا حال پنجگانہ نماز کی طرح نہیں کہ شہر ہو یا گاؤں، یا آبادی ہو یا جنگل، حضر ہو یا سفر، زمین ہو یا سمندر کی سطح، انفراد ہو یا جماعت، ادا ہو یا قضاء ہر طرح پڑھنے کی اجازت ہوجائے، کما صرح به الإمام أبوبكر الجصاص فی أحكام القرآن(۲)۔ لامحالہ جمعہ کے لئے کچھ شرائط

---

(۱) (شرح الوقاية، كتاب الصلاة، باب الجمعة : ۱/۱۹۹، سعيد)

(۲) "اتفق فقهاء الأمصار على أن الجمعة مخصوصة بموضع، لا يجوز فعلها فی غيره؛ لأنهم مُجمِعون على أن الجمعة لاتجوز فی البوادی ومناهل الأعراب". (أحكام القرآن للجصاص رحمه الله تعالىٰ، سورة الجمعة، پ:۲۸، فصل: ۳/۲۶۶، قديمی)

Made Searchable by ScribeTools.com

ہیں، ان شرائط میں سے ایک اہم شرط یہ بھی ہے کہ جمعہ چھوٹی بستی (قریہ صغیرہ) میں جائز نہیں، بڑی بستی (قریہ کبیرہ، قصبہ، مصر) میں پڑھنا چاہیے: "وتقع فرضاً فی القصبات والقری الکبیرہ التی فیها أسواق، وفیما ذکرنا إشارة إلی أنه لاتجوز فی الصغیرة، الخ". شامی، ص: ۵۳۷(۱)۔

قریہ صغیرہ وکبیرہ کی تعریف جو کچھ کی جاتی ہے وہ کُنہ وہوحقیقت بیان کرنے کے لئے نہیں بلکہ وہ علامات بتلانے کے لئے ہیں اور علامات کا حال یہ ہے کہ وہ عرف کے بدلنے سے بدلتی رہتی ہیں (۲)، اس لئے بہت سی علامات ایسی ہیں جو پہلے قابلِ رعایت نہیں تھیں، اب قابلِ رعایت ہیں۔

شرح وقایہ میں جو مصر کی تعریف کی گئی ہے اس کی تنقید بھی شامی میں مذکور ہے۔ جس تعریف کو امام اعظم ابوحنیفہ سے نقل کرکے "الأصح" قرار دیا ہے وہ یہ ہے:

"عن أبی حنیفة أنه بلدة کبیرة، فیها سکك وأسواق، ولهارسا تیق، وفیها والٍ یقدر علی إنصاف المظلوم من الظالم بحشمته وعلمه أو علم غیره، یرجع الناس إلیه فیما یقع من الحوادث، وهذا هوالأصح، الخ". شامی، ص: ۵۲۶(۳)۔

لہٰذا شرح وقایہ کی تعریف پر سہارا لینا خود مزیف ہے، اس لئے طحطاوی نے لکھا ہے کہ: "قوله: لایسع أکبر مساجده أهلَه، هذا یصدق علی کثیر من القری"(٤)۔

جمعہ کی شرائط میں سے موجود نہ ہونے پر بھی عوام کی رعایت سے جمعہ پڑھنا، یا اس کی اجازت دینا

---

(۱) (ردالمحتار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۳۸، سعید)

(۲) "واعلم أن القریة والمصر من الأشیاء العرفیة التی لاتکاد تنضبط بحال وإن نص، ولذا ترک الفقهاء المصر علی العرف". (فیض الباری، کتاب الجمعة، باب الجمعة فی القریٰ: ۲/۳۲۹، خضرراه بک ڈپو، دیوبند)

"وحاصله إدارة الأمر علی رأی أهل کل زمان فی عدّهم المعمورة مصراً، فماهو مصرفی عرفهم جازت الجمعة فیه، ومالیس بمصر لم یجز فیه. إلا أن یکون فناء المصر". (الکوکب الدری، أبواب الجمعة، باب ماجاء فی ترک الجمعة من غیر عذر: ۱/۱۹۹، سهارنپور)

(۳) (ردالمحتار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۳۷، سعید)

(۴) (حاشیة الطحطاوی علی الدر المختار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱/۳۳۸، دارالمعرفة، بیروت)

Made searchable using ScribeTools.com

منصبِ اہلِ علم کے خلاف ہے جو اعتقادی وعملی مفاسد پر مشتمل ہے، جن میں سے چند یہ ہیں: جمعہ فرض نہ ہونے پر اس کے فرض ہونے کا اعتقاد کرنا، ظہر فرض ہونے پر اس کے فرض نہ ہونے کا اعتقاد کرنا، جمعہ کے قصد سے نماز پڑھی جائے گی وہ نفل ہوگی، نفل کے لئے خطبہ، اذان، اقامت، جماعت ان کو نفل میں قراءۃ بالجہر، نفل پڑھ کر یہ اعتقاد کرنا کہ اس سے فرض ساقط ہوگیا، فرض ظہر کو مستقلاً ترک کرنا، اس کی قضاء بھی نہ پڑھنا مقامِ غور ہے کہ ان اعتقادی اور عملی غلطیوں میں خود مستقلاً مبتلا ہونا اور عوام کو مبتلا کرنا کیا دینی خدمت ہے، یا دین کے خلاف سمت پر چلنا ہے(۱)۔

جو بستی ایسی ہو کہ وہاں گلی کوچے ہوں، محلے ہوں، ڈاکخانہ ہو، حکیم ہو یا ڈاکٹر ہو، مقدمات ونزاعات کا فیصلہ کرنے کے لئے عدالت یا پنچایتی نظام ہو، بازار ہو، روزمرہ کی ضروریات ہمیشہ ملتی ہوں (یہ بات نہ ہو کہ ہفتہ میں ایک دن بازار لگا اور ضروریات خرید لیں، پھر ضرورت پیش آئی تو انتظار کرنا پڑا، یا دوسری بستی میں جانا پڑا)، ضروری پیشہ ور ہوں، ایسی بستی قریہ کبیرہ ہے۔ ہمارے اطراف میں دو ڈھائی ہزار کی آبادی میں آج کل عموماً یہ سب علامات جمع ہوجاتی ہیں، وہاں جمعہ پڑھا جائے جو بستی ایسی نہ ہو وہاں ظہر پڑھی جائے: "لو صلی فی القریٰ، لزمهم أداء الظهر، الخ". شامی، ص: ۵۳۷(۲)۔

جو متعدد بستیاں اپنے نام اور آبادی کے اعتبار سے الگ الگ ہیں اور دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک بستی کے محلے نہیں ہیں تو محض ادائے جمعہ کے لئے ان کو ایک شمار کرنا درست نہیں (۳)، خاص کر جب کہ اس

---

(۱) "عن تميم الدارى رضى الله عنه، أن النبى صلى الله عليه وسلم قال: "الدين النصيحة"، قلنا: لمن قال: "لله، ولكتابه، ولرسوله، ولأئمة المسلمين وعامتهم".

قال الإمام النووى رحمه الله تعالىٰ عليه: "وأما نصيحة عامة المسلمين وهم مَن عدا وُلاة الأمر، فإرشادهم لمصالحهم فى آخرتهم ودنيا هم، وكف الأذى عنهم، فيعلّمهم مايجهلونه من دينهم ودنياهم، ويعينهم عليه بالقول والفعل ..... وأمرهم المعروف ونهيهم عن المنكر برفق وإخلاص، والشفقة عليهم، وتوقير كبيرهم، ورحمة صغيرهم ..... والنصيحة لازمة على قدر الطاقة إذا علم الناصح أنه يقبل نصحه ويطاع أمره الخ". (الصحيح لمسلم مع شرحه للنووى، كتاب الإيمان، بابٌ: الدين النصيحة: ۵۴/۱، قديمى)

(۲) (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱۳۸/۲، سعيد)

(۳) "ومن كان مقيماً فى أطراف المصر ليس بينه وبين المصر فرجةٌ بل الأبنية متصلة إليه، فعليه =

مجموعہ میں بھی صرف مردم شماری کا اضافہ ہوجاتا ہے، لیکن دیگر شرائط بازار وغیرہ کا تحقق پھر بھی نہیں ہوتا۔

قاضیٔ شرعی کو امام المسلمین کی طرف سے قوتِ تنفیذ حاصل ہوتی ہے تو اس کا حکم گویا کہ امام المسلمین کا حکم ہوتا ہے اور امام المسلمین کو ولایتِ عامہ حاصل ہوتی ہے۔ بعض مسائل میں پنچایت کو قاضی کی طرح فیصلہ کرنے کا اختیار دیا گیا ہے، مگر یہ اختیار اس وقت ہے جب کہ فریقین متخاصمین اپنی طرف سے پنچایت میں مقدمہ پیش کریں اور اس کے فیصلہ پر رضامندی کا اظہار کریں، جیسے کہ حَکَم کا حال ہوتا ہے۔

قوتِ تنفیذ نہ ہونے کی وجہ سے ابتداءً کسی پر حکم کو نافذ کرنے کا حق نہیں بلکہ مرافع کے بعد فیصلہ صادر ہوجانے پر بھی کوئی نہ مانے تو عدولِ علمی کی سزا دینا قابو میں نہیں، پھر یہ پنچایتی معاملہ مجبوراً دوسرے مذہب سے لیا گیا ہے، وہ بھی ایسے مسائل میں جن میں مذہبِ حنفی پر عمل کرنا دشوار ہو، جیسے مسئلۂ مفقود میں کہ مدتِ مدید کا انتظار کرنے میں مفاسدِ شرعیہ وارتکابِ معاصی، عدمِ نفقہ وغیرہ ہیں اور جن مسائل میں یہ بات نہ ہو ان میں پنچائت کو قائم مقام کرنا بے محل ہے(۱)۔ وھھنا کذالك۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ۔

قصبہ کی تعریف کیا ہے؟

سوال[۳۶۹۶]: قصبہ کی تعریف کیا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

قصبہ شہر سے چھوٹا ہوتا ہے، بڑے گاؤں سے بڑا ہوتا ہے، اس کی تعریف علامات کے اعتبار سے کی

= الجمعة، وإن كان بينه وبين المصر فرجة من المزارع والمراعي، فلا جمعة عليه وإن كان يسمع النداء". (الحلبي الكبير، كتاب الصلاة، فصل في صلوٰة الجمعة، ص: ۵۵۲، سهيل اكيڈمی)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب السادس عشر في صلوة الجمعة: ۱۴۵/۱، رشيديه)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲۴۸/۲، رشيديه)

(۱) (راجع الحيلة الناجزة للتهانوی رحمه الله تعالىٰ، صورت قضاء قاضی در هندوستان، ص: ۱۴۸، دارالاشاعت)

Made searchable using ScribeTools.com

جاتی ہے کُنہ کے اعتبار سے نہیں (۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸/ ۱۱/ ۸۵ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۸/ ۱۱/ ۸۵ھ۔

مصر کی تعریف اور قریہ میں جمعہ کا حکم

سوال[۳۶۹۷]: ۱.....نماز جمعہ کے متعلق چند باتیں عرض کرنی ہیں، بلاشبہ علمائے کرام نے مضبوط دلائل ہی کی بنیاد پر جمعہ کی ادائیگی کی صحت کے لئے مصر، یا قریہ کبیرہ کی شرط لگائی ہے، لیکن مصر یا قریہ کبیرہ کی تعریف میں علمائے احناف اور حضرات اکابرین کے اقوال میں اتنے شدید اختلافات (۲) اور ادائے جمعہ کے

---

(۱) "عن أبی حنیفة رحمه الله تعالیٰ أنه بلدة کبیرة فیها سکک وأسواق، ولها رساتیق، و فیهاوالٍ یقدر علی إنصاف المظلوم من الظالم بحشمته و علمه أو علم غیره، یرجع الناس إلیه فیما یقع من الحوادث، وهذا هو الأصح". (ردالمحتار، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۱۳۷/۲، سعید)

(وکذا فی الحلبی الکبیر، کتاب الصلاة، فصل فی صلاة الجمعة، ص: ۵۵۰، سهیل اکیڈمی لاهور)

"ولیس هذا کله تحدیداً له بل إشارة إلی تعیینه و تقریب له إلی الأذهان، وحاصله إدارة الأمر علی رأی أهل کل زمان فی عدّهم المعمورة مصراً فما هو مصر فی عرفهم جازت الجمعة فیه، وما لیس بمصر لم یجز فیه، إلا أن یکون فناء المصر". (الکوکب الدری، أبواب الجمعة، باب ما جاء فی ترک الجمعة من غیر عذر: ۱۹۹/۱، مکتبه یحیویه سهارنپور)

راجع للتفصیل: (امداد الأحکام، کتاب الصلاة، باب العیدین: ۷۵۹/۱، مکتبه دارالعلوم کراچی)

(۲) "أما المصر الجامع: فقد اختلف الأقاویل فی تحدیده، ذکرالکرخی أن المصر الجامع ما أقیمت فیه الحدود و نفذت فیه الأحکام. وعن أبی یوسف روایات ذکر فی الإملاء: کل مصر فیه منبر و قاضی ینفذ الأحکام ویقیم الحدود، فهو مصرٌ جامع تجب علی أهله الجمعة ..... و روی عن أبی حنیفة رحمه الله تعالیٰ أنه بلدة کبیرة فیها سکک و أسواق، ولها رساتیق، و فیهاوالٍ یقدر علی إنصاف المظلوم من الظالم بحشمته و علمه أو علم غیره، یرجع الناس إلیه فیما یقع من الحوادث، وهو الأصح". (بدائع الصنائع، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۵۸۴/۱، ۴۸۵، رشیدیه)

(وکذا فی الحلبی الکبیر، کتاب الصلاة، فصل فی صلاة الجمعة، ص: ۵۵۰، سهیل اکیڈمی، لاهور)

سلسلہ میں ان حضرات کے اعمال میں بھی اس قدر اختلافات ہیں کہ کسی گاؤں کو مصر یا قریۂ کبیرہ کی تعریف سے خارج کرنا یا کسی شہر کو مصر میں داخل کرنا کافی مشکل معلوم ہوتا ہے۔

صاحب ''وقایہ'' مصر کی صرف ایک تعریف کرتے ہیں: "ما لا یسع أکبر مساجده لأهله مصر"(۱) اول متأخرین کی ایک جماعت نے جس میں صاحب مختار بھی ہیں اس تعریف کو اپنایا ہے(۲) صاحبِ ''شرح وقایہ'' نے بھی مصر کی ایک ہی تعریف نقل کی ہے: " عند البعض هو موضع إذا اجتمع أهله فی أکبر مساجده لم یسعهم "(۳)۔ "هو موضع" پر مولانا عبدالحیٔ صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ نے حاشیہ لکھا ہے: "هذا التفسیر منقول عن الثلجی، و علیه فتوی أکثر الفقهاء، کما فی المجتبیٰ. و فی الولوالجیة: هو الصحیح" (۴)، گویا مولانا نے اس تفسیر کی تصحیح بھی فرمائی ہے۔ مولانا عبدالشکور صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی مصر کی یہی تعریف کی ہے، اور خزانۃ المفتیین اور البحر الرائق وغیر کا حوالہ دیا ہے، ملاحظہ ہو علم الفقہ دوم، ص: ۱۴۵، ۱۴۶(۵)۔

مصر فقہاء کی اصطلاح میں اس مقام کو کہتے ہیں جہاں ایسے مسلمان جن پر نماز جمعہ واجب ہے اس قدر ہوں کہ اگر سب مل کر وہاں کے کسی بڑی مسجد میں جمع ہونا چاہیں تو اس مسجد میں ان سب کی گنجائش نہ ہو، اس مسجد سے جمعہ مسجد مراد نہیں ہے بلکہ پنجوقتہ نماز کی مسجد مراد ہے، جس مقام میں یہ تعریف صادق ہو وہ مصر ہے اور جہاں صادق نہ ہو وہ قریہ ہے۔

نیز مولانا عبدالحیٔ نے شرح وقایہ کی عبارت "إذا اجتمع" پر حاشیہ لکھا ہے: " وقیل: أکبر

---

(۱) (شرح الوقایة، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱/۱۹۸، ۱۹۹، سعید)

(۲) "والمصر: ما لو اجتمع أهله فی أکبر مساجده، لم ". (الاختیار لتعلیل المختار، کتاب الصلاة، باب صلاة الجمعة: ۱/۱۰۸، حقانیه پشاور)

(۳) (شرح الوقایة، باب الجمعة: ۱/۱۹۸، ۱۹۹، سعید)

(۴) (عمدة الرعایة فی حل شرح الوقایة، کتاب الصلاة، باب الجمعة (رقم الحاشیة: ۲۲): ۱/۱۹۸، سعید)

(و کذا فی الدر المختار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۳۷، سعید)

(۵) (علم الفقه، کتاب الصلاة، نماز جمعہ کے صحیح ہونے کی شرطیں، حصه دوم، ص: ۳۱۳، دار الاشاعت کراچی)

Made Searchable using ScribeTools.com

المساجد للصلوات الخمس كما فى فتاوى الزاهدى الخ(۱)۔ اورمولانا رحمہ اللہ تعالیٰ نے حاشیہ میں مصر کی ان مختلف تعریفات کوجنہیں ائمۂ احناف نے بیان کیا ہے نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں: ''مگر اکثر فقہاء کے نزدیک مختار اور متاخرین کا مفتیٰ بہ قول وہی ہے جو ہم نے لکھا ہے'' (البحر الرائق، خزانۃ المفتیین، فتاویٰ زاہدی)(۲)۔صاحب ہدایہ نے بھی مصر کی ایک ہی تعریف کی ہے،شرح عنایہ میں بھی یہی تعریف نقل کی گئی ہے،ملاحظہ ہوفتح القدیر جزءثانی،ص:۱۴(۳)۔

اسی لئے ہمارے یہاں جن بستیوں میں مصر کی یہ تعریف صادق آتی ہے اور وہاں جمعہ کی نماز بھی ہوتی ہے تو اگر وہاں کے لوگ اپنے اوپر جمعہ کی نماز فرض سمجھ کر ادا کریں تو کیا حرج ہے، جب کہ جمعہ سے روکنے میں اختلاف کا اندیشہ،علماء سے بدظنی اوران بستیوں میں نماز جمعہ پڑھنے والے اکابرین سے بدگمانی یقینی چیز ہے،

---

(۱) (عمدة الرعاية فى حل شرح الوقاية، كتاب الصلاة، باب الجمعة، رقم الحاشية: ۲۳، ۱۹۸/۱،سعيد)

(۲) (علم الفقه، كتاب الصلاة، نماز جمعہ کے صحیح ہونے کی شرطیں،حصه دوم، ص:۳۱۳، دار الاشاعت كراچى)

(۳)صاحب ہدایہ نے مصر کی دوتعریفیں ذکر کی ہے شرح عنایہ میں ان دوتعریفوں کے ساتھ امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ سے ایک تیسری تعریف بھی نقل کی گئی ہے،واللہ تعالیٰ اعلم۔

''وفى الهداية: والمصر الجامع: كل موضع له أمير و قاض ينفذ الأحكام، ويقيم الحدود، وهذا عند أبى يوسف رحمه الله تعالىٰ، وعنه: أنهم إذا اجتمعوا فى أكبر مساجدهم، لم يسعهم. والأول اختيار الكرخى وهو الظاهر، والثانى اختيار الثلجى.

وفى العناية: ''و عرف المصر الجامع بقوله: (كل موضع له أميرو قاض ينفذ الأحكام و يقيم الحدود) والمراد بالأمير والٍ يقدر على إنصاف المظلوم من الظالم ..... قال ابن شجاع رحمه الله تعالىٰ: أحسن ما قيل فيه: إذا كان أهلها بحيث لو اجتمعوا فى أكبر مساجدهم، لم يسعهم ذلك، حتى احتاجوا إلى بناء مسجد آخر للجمعة، و هذا الاحتياج غالب عند اجتماع من غلبة الجمعة. والأول اختيار الكرخى و هو ظاهر الرواية، وعليه أكثر الفقهاء، والثانى اختيار أبى عبد اللهالثلجى. وعن أبى يوسف رواية أخرى غيرهاتين الروايتين وهو: كل موضع يسكنه عشرة آلاف فكان عنه ثلاث روايات''.

(العناية شرح الهداية على هامش فتح القدير، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۵۲/۲، مصطفى البابى الحلبى، مصر)

جیسا کہ ایک بستی میں پہلے سے جمعہ کی نماز ہوتی آ رہی تھی اور اب بعض لوگ جمعہ کی نماز نہیں پڑھتے ہیں جن کو دیکھ کر بعض لوگ ظہر کی نماز پڑھتے ہیں اور کچھ لوگ حسبِ سابق جمعہ کی نماز پڑھتے ہیں اور کچھ لوگ جن کے دلوں میں جمعہ کی بڑی اہمیت تھی اور وہ صرف جمعہ ہی کی نماز پڑھتے تھے، ان کے دلوں سے جمعہ کی عظمت نکل گئی اور ہفتہ کی اس عید والی نماز سے بھی محروم ہو گئے اور عید و بقرہ عید کی نماز سے بھی ان کو چھٹکارا مل گیا، پھر یہ قریہ صغیرہ میں جمعہ پڑھنے کو بعض حضرات نے بدعت حسنہ کہا ہے، ملاحظہ ہو قدوری، مطبوعہ قیومی کانپور، ۱۳۷۰ھ، مطابق ۱۹۵۱ء، باب صلوة الجمعة:

"ولا تجوز فی القری" پر حاشیہ: "وقد كتب جدی بخطه على ظهر الهداية نقلاً عن يدالمصنف للكفاية: البلدة الكبيرة بمنزلة المصر، وأما الصغيرة فالجمعة فيها بدعة حسنة، لشيخ الإسلام المروى فی حاشية شرح الوقايه"(۱).

دوسری بات یہ ہے کہ میری بستی (جس میں مصر کی یہ تعریف صادق آتی ہے) سے قریب ہی ایک جگہ ..... ہے جہاں بازار ہے، دوکان ہیں، ہوٹل ہیں، ایک دینی ممتاز مدرسہ ہے جہاں ہمیشہ علماء رہتے ہیں، ریلوے اسٹیشن، بس اڈہ اور ایک سے ہائی کلاس تک اسکول بھی ہیں، مویشی اور غیر مویشی ڈاکٹر اور نرسیں بھی رہتی ہیں، عام ضروریات کی ساری چیزیں ملتی ہیں، اور بازار ہی سے بالکل متصل پچھّم (مغرب) کی طرف ایک بستی ہے اور دکھن (مشرق) کی طرف ایک سوا فرلانگ پر ایک دوسری بستی بھی ہے۔ نیز میری بستی سے چار میل کے فاصلہ پر ایک جگہ لوریا ہے جہاں تھانہ ہے، سرکاری بلاک ہے، چینی کی فیکٹری اور اچھی خاصی آبادی بھی ہے، وہاں بازار ہے، ضروریاتِ زندگی کی ہر سہولت حاصل ہے۔ چار ہی میل کے فاصلہ پر ایک دوسرا بازار چنپٹیا ہے، جہاں ضروریات زندگی کی ساری ہی چیزیں دستیاب ہوتی ہیں، ریلوے اسٹیشن، چینی فیکٹری، سرکاری بلاک، ہسپتال اور کافی آمدنی ہونے کے ساتھ شمالی بہار میں غلہ کا سب سے بڑا بازار بھی ہے، یہاں بھی مصر کی دوسری تعریفیں صادق آتی ہیں۔

امام ابن ہمام رحمہ اللہ تعالیٰ نے توابع مصر کی تعریف میں جو اقوال نقل کئے ہیں ان میں ایک امام

---

(۱) (المعتصر الضرورى، حاشية مختصر القدورى، كتاب الصلاة، باب الجمعة، (رقم الحاشية: ۸)، ص: ۵۶، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ سے ایک قول تین فرسخ کا ہے اور بعض دوسرے حضرات سے ایک میل اور بعض سے دو میل اور بعض سے چھ میل ہے اور آخر میں لکھتے ہیں: "وقیل: أن یحضر الجمعة و یبیت بأهله من غیر تکلف، تجب علیه الجمعة، وإلا فلا، وفی البدائع: و هذا أحسن"(۱)۔

مولانا ادریس صاحب کاندھلوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی التعلیق الصبیح میں امام ابن ہمام رحمہ اللہ تعالیٰ کے اس قول کو نقل کرتے ہوئے "کذا فی المرقاة" کہا ہے(۲)۔ اور مولانا رحمہ اللہ تعالیٰ نے "قوله: الجمعة علی من اٰواه اللیل إلی أهلٍ" کی پوری تشریح فرمائی ہے:

"قال المظهری: أی الجمعة واجبة علی من کان بین وطنه و بین الموضع الذی یصلی فیه الجمعة مسافة ممکنة الرجوع بعد أداء الجمعة إلی وطنه قبل اللیل، و بهذا قال الإمام أبوحنیفة رحمه اللّٰه تعالیٰ. وشرط عنده أن یکون خراج وطنه ینقل إلی دیوان المصر الذی یأتیه للجمعة، فإن کان لوطنه دیوانٌ غیر دیوان المصر، لم یجب علیه الإتیان، ذکره الطیبی".(۳)۔

اس تشریح کے اعتبار سے میری بستی میں جمعہ کی نماز واجب ہوگی، تو پھر اگر واجب سمجھ کر ادا کی جائے تو

---

(۱) "ومن کان من مکان من توابع المصر، فحکمه حکم أهل المصر فی وجوب الجمعة علیه بأن یأتی المصر فلیصلها فیه. واختلفوا فیه، فعن أبی یوسف: إن کان الموضع یسمع فیه النداء من المصر فهو من توابعه، وإلا فلا. وعنه: کل قریة متصلة بربض المصر و غیر المتصلة لا. وعنه: أنها تجب فی ثلاثة فراسخ. و قال بعضهم: قدر میل، وقیل: قدر میلین، وقیل: ستة أمیال، وعن مالک رحمه اللّٰه تعالیٰ ستة، وقیل: إن أمکنه أن یحضر الجمعة و یبیت بأهله من غیر تکلف، تجب علیه الجمعة، وإلافلا، قال فی البدائع: وهذا حسن". (فتح القدیر، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۵۴/۲، مصطفی البابی الحلبی، مصر) (وکذا فی البدائع، کتاب الصلاة، فصل: وأما بیان شرائط الجمعة: ۵۸۵/۱، رشیدیه)

(۲) "وقال ابن الهمام: و من کان من توابع المصر، فحکمه حکم أهل المصر فی وجوب الجمعة علیه ..... قال فی البدائع: و هذا حسن، کذا فی الطرقات". (التعلیق الصبیح شرح مشکوة المصابیح، کتاب الصلاة، باب وجوب الجمعة: ۱۳۷/۲، مجلس اشاعة العلوم حیدر آباد دکن)

(۳) (التعلیق الصبیح شرح مشکوة المصابیح، کتاب الصلاة، باب وجوب الجمعة: ۱۳۷/۲، مجلس اشاعة العلوم حیدر آباد دکن)

کیا حرج ہے؟ جب کہ آج کل خراج یعنی مالگذاری وغیرہ بلاک ہی اپنے ملازم سے وصول کراتا ہے اور ہمارا بلاک لوریا میں ہے، اور بعض قریب کی بستیوں کا بلاک چنپٹیا میں ہے۔ مولانا عبدالشکور رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی علم الفقہ دوم، ص: ۱۴۵ میں لکھا ہے(۱): ''ہاں اگر کوئی گاؤں شہر سے اس قدر قریب ہو کہ وہاں سے نماز جمعہ پڑھنے کے لئے اگر کوئی شخص آئے تو دن ہی دن میں اپنے گھر واپس جا سکے تو ایسا مقام بھی مصر کے حکم میں ہے اور وہاں کے لوگوں پر بھی نماز جمعہ فرض ہے'' (شرح سفر السعادۃ)۔

امام ابن ہمام رحمہ اللہ تعالیٰ نے امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ سے تین فرسخ کا قول تو نقل کیا ہے ہی (۲)، نیز قدوری مطبع قیومی کانپور ۱۳۷۰ھ، میں "باب الصلوۃ الجمعۃ" کے اندر "أو فی مصلی المصر" پر حاشیہ یہ تحریر ہے:

"وفی تقدیر الأفنیة أقوالٌ قدّرها بعضهم بمیلین، و بعضهم بفرسخین، و بعضهم بغیره وبعضهم بمنتهی حد الصوت إذا صاح أو أذّن المؤذن، والمختار للفتوىٰ قول محمد أنه یحد بفرسخ"(۳)۔

اور فرسخ کا ترجمہ تین میل ہاشمی، اور بقول بعض بارہ ہزار گز ہے جو تقریباً آٹھ کلومیٹر کے برابر ہوتا ہے، مصباح اللغات (۴) المنجد (۵)۔

ان تفصیلات کے بعد قدوری کے حاشیہ کے مطابق کہ قریہ صغیرہ میں جمعہ کی نماز بدعتِ حسنہ ہے، اگر علماء سے بدظنی اور اختلاف سے بچنے کے لئے اس قول پر فتوی دیا جائے تو کیا حرج ہے؟ اور اگر اس قول پر فتوی نہ دیا جائے تو بھی میری بستی جیسی اور دوسری بستیاں توابعِ مصر میں سے ہیں اور ان میں جمعہ واجب ہے، امام

---

(۱) (علم الفقه، کتاب الصلاة، نماز جمعہ کے صحیح ہونے کی شرطیں، حصه دوم، ص: ۳۱۲، دار الاشاعت کراچی)

(۲) "وعنه (أی أبی یوسف) أنها تجب فی ثلاثة فراسخ". ((فتح القدیر، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۵۴/۲، مصطفی البابی الحلبی، مصر)

(۳)(المعتصر الضروری، حاشیة مختصر القدوری، کتاب الصلاة، باب الجمعة، (رقم الحاشیة: ۸)، ص: ۵۶، سعید)

(۴) (مصباح اللغات عربی اردو، ذکره تحت لفظ "فرس"، ص: ۶۲۶، دار الاشاعت کراچی)

(۵)(المنجد عربی اردو، ذکره تحت لفظ "فرس"، ص: ۷۳۸، دار الاشاعت کراچی)

Made searchable using ScribeTools.com

ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ کے قول کے مطابق کہ توابع مصر تین فرسخ ہے، گویا نو میل ہاشمی، تک توابع مصر ہے، جب کہ چار چار انگریزی میل ہی پر لوریا اور چنپٹیا دونوں مصر ہیں، اور امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ کے قول کے مطابق جسے قدوری کے حاشیہ پر فتوی دینے کے لئے مختار کہا گیا ہے کہ توابع مصر ایک فرسخ تک ہے یعنی تین میل ہاشمی جب کہ ساٹھی جو مصر ہے میری بستی سے کل دو میل انگریزی پر ہے اور لوریا اور چنپٹیا بھی ہاشمی تین میل سے زیادہ نہیں ہوں گے۔

نیز حدیث ”الجمعة على من اٰواه الليل إلى أهله“ کی تشریح میں مولانا محمد ادریس صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ نے ”قال المظهری رحمه الله تعالیٰ الخ“ سے تشریح کرتے ہوئے جو ”بهذا قال الإمام أبو حنيفة الخ“ کہا ہے، امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے قول کے مطابق بھی میری بستی توابع مصر سے ہے، کیونکہ ایک آدمی چنپٹیا اور لوریا دونوں ہی مصر سے بآسانی جمعہ کی نماز پڑھ کر دن ہی دن میں لوٹ سکتا ہے اور میری بستی کا خراج بھی لوریا ہی میں جمع ہوتا ہے تو اس طرح میری بستی میں جمعہ کو واجب قرار دینا ہمارے تینوں ائمہ حضرات کے قول پر عمل کرنا ہے۔

اس کے باوجود اگر میری بستی میں جمعہ کے عدم وجوب یا جمعہ کے وجوب اور ادائیگی کی عدمِ صحت کا فتویٰ دیا جائے تو کچھ لوگ جمعہ کی نماز پڑھیں گے کیوں کہ اکابرین کا عمل اور ان سے عقیدت اس پر مجبور کرے گی اور کچھ لوگ ظہر کی نماز، اور دونوں جماعتیں تارکِ فرض قرار پائیں گی اور دونوں ہی جماعتیں ایک دوسرے کو تارکِ فرض اور فاسق تصور کریں گی۔

تو کیا اس عظیم فتنہ سے بچنے کے لئے اور حتی الامکان لوگوں کو معصیت سے بچانے کے لئے اور تینوں ائمۂ کرام کے قول پر عمل پیرا ہونے کے لئے میری بستی میں وجوبِ جمعہ اور صحت ادا کا فتوی نہیں دیا جا سکتا جب کہ تمام متاخرین کا مفتی بہ قول بھی یہی ہے؟ اور پھر یہ کہ ہمارے یہاں دو بستیوں کے درمیان عموماً ایک کلومیٹر سے کم ہی فاصلہ ہے اور تقریباً عام بستیوں میں عام ضروریاتِ زندگی کے سامان بھی فراہم ہوتے ہیں۔ دیوبند کے اطراف وجوانب کی بستیوں کی طرح یہاں بستیاں نہیں ہیں۔

۲.....ادائے جمعہ کی صحت کے لئے فقہاء نے جو شرائط لگائی ہیں وہ تمام شرائط ہندوستان کے کسی شہر میں نہیں پائی جاتی ہیں، حتی کہ وہ شرائط دیوبند میں بھی نہیں پائی جاتی ہیں، صاحبِ وقایہ نے ”السلطان أو نائبه“

Made Searchable by ScribeTools.com

کی شرط لگائی ہے(۱)،قدوری بھی رقم طراز ہیں:''و لا تجوز إقامتها إلا للسلطان أو لمن أمره السلطان"(۲)، صاحبِ شرح وقایہ بھی یوں تحریر فرماتے ہیں: "فعند البعض هو موضعٌ له أمير و قاض ينفذ الأحكام و يقيم الحدود" (۳)۔

اور ظاہر بات ہے کہ سلطان یا ایسا امیر اور قاضی جو احکامِ شرعیہ کو نافذ کرے اور حدود کو قائم کرے ہندوستان میں کہیں نہیں ہے، لہٰذا کسی شہر میں سلطان کا نائب بھی نہیں ہوگا تو پھر دیوبند یا ہندوستان کے کسی دوسرے شہر میں جمعہ کی نماز کیسے صحیح ہوگی؟ اور اگر سلطان یا نائب سلطان اور امیر و قاضی کی تاویل ایسے شخص سے کی جائے جس پر سب لوگ متفق ہوں جیسا کہ بعض علماء نے لکھا ہے، تو پھر مصر کی تعریف میں تاویل کر کے گاؤں اور بستیوں میں رہنے والوں کے شہروں سے تعلقات آمد و رفت کی کثرت کاروباری سلسلہ میں لین دین، رہن سہن، گفتگو، کھانا پینا، تعلیم و شناخت و کلچر میں یکسانیت کے سبب ان تمام بستیوں کو مصر میں شمار کر لینے میں کیا حرج ہے جہاں جمعہ کی نماز ہوتی چلی آ رہی ہے؟ جب کہ اس میں ایک مصلحت یعنی عظیم فتنہ سے بچاؤ بھی ہے جس کی طرف ماقبل میں اشارہ کیا گیا ہے۔

۳.....اکابرین حضرات کے فتاویٰ سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے ادائے جمعہ کی صحت کی بعض شرائط کو بالکل ہی نظر انداز کر دیا ہے، مثلاً صحتِ ادا کے لئے سلطان یا نائب سلطان یا احکام شرعیہ کو نافذ کرنے والے اور حدود قائم کرنے والے امیر یا قاضی کی شرط لگائی ہے مگر اکابرین کے فتاویٰ میں اس کا تذکرہ نہیں ہے، ملاحظہ ہو فتاوی دار العلوم سوال نمبر: ۲۳۴۲، الجواب: ''دیہات دو قسم کے ہیں: قریہ کبیرہ اور قریہ صغیرہ، قریہ کبیرہ بحکمِ قصبہ و شہر قرار دیکر فقہاء نے اس میں وجوب جمعہ کا فتوی دیا ہے، كما في الشامي الخ"(٤)۔

نیز ملاحظہ ہو فتاوی دار العلوم، سوال نمبر: ۲۳۵۷، الجواب: ''اگر وہ دونوں گاؤں عرف میں ایک ہیں اور

---

(۱) "وشرط لأدائها المصر ..... فعند البعض هو موضع له أمير و قاض ينفذ الأحكام و يقيم الحدود ..... والسلطان أو نائبه الخ". (شرح الوقاية، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱/۱۹۸، ۱۹۹، سعيد)

(۲) (مختصر القدوري مع اللباب، كتاب الصلاة، باب الجمعة، ص: ۱۱۳، قديمي)

(۳) (شرح الوقاية، المصدر السابق، الحاشية رقمها: ۱۹)

(۴) (فتاوى دار العلوم ديوبند، الباب الخامس عشر في صلاة الجمعة، (رقم السوال: ۲۳۴۲): ۴۸/۵، دار الاشاعت كراچي)

Made searchable using ScribeTools.com

ایک ہی سمجھے جاتے ہیں اورکل آبادی دونوں گاؤں کی دو ہزار آدمیوں کی ہے اور وہ بڑا قریہ سمجھا جاتا ہے تو جمعہ وہاں صحیح ہے،"کمافی الشامی الخ"(۱)۔

ان فتاوی میں سلطان، نائبِ سلطان، امیر قاضی کا کہیں بھی تذکرہ نہیں ہے، شرط صرف آبادی کی مقدار ہے تو اگر ماقبل میں اشارہ کردہ فتنۂ عظیم سے بچنے کے لئے مصر ہونے کی شرط بھی ہٹا کر بستیوں میں وجوبِ جمعہ اور صحتِ ادا کا فتوی دیا جائے تو کیا حرج ہے؟ جب کہ بہت سی بستیوں میں ابوالمحاسن حضرت مولانا محمد سجاد رحمہ اللہ تعالیٰ، مولانا ریاض احمد صاحب سابق شیخ التفسیر دارالعلوم دیوبند اور دوسرے اکابرین نے بھی جمعہ کی بھی نماز پڑھی ہے۔ جواز کا فتوی دینے سے ان حضرات سے بدظنی بھی نہیں ہوگی، علماء کا وقار اور شریعت کی اہمیت بھی مسلمانوں کے دلوں میں باقی رہ جائے گی۔

۴.....مسائل کے سلسلہ میں حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمہ اللہ تعالیٰ کا قول آپ کے یہاں معتبر ہے یا نہیں؟ اگر معتبر نہیں ہے تو مطلع فرمایا جائے اور اگر معتبر ہے تو فتنہ سے بچنے کے لئے عذر کی وجہ سے دیہات کی بستیوں میں وجوبِ جمعہ اور صحتِ ادا کے لئے امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کے مسلک پر فتوی دیا جائے تو کیا حرج ہے؟ ملاحظہ ہو فتاوی رشیدیہ، مطبوعہ: جید برقی پریس، بلیماران دہلی، ۱۳۴۸ھ:

مسئلہ: "مذاہب سب حق ہیں، مذہب شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ پر عندالضرورۃ عمل کرنا کچھ اندیشہ نہیں مگر نفسانیت اور لذت نفسانی سے نہ ہو، عذر یا حجتِ شرعیہ سے ہووے کچھ حرج نہیں، سب مذاہب کو حق جانے کسی پر طعن نہ کرے سب کو اپنا امام جانے"(۲)۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....اتنی بات تو متفقہ طور پر مسلّم ہے کہ جمعہ صلواتِ خمسہ کی طرح نہیں، کہ آبادی میں، جنگل میں، زمین میں، ریل میں، کشتی میں، تنہا، جماعت کے ساتھ ادا، قضاء ہر طرح درست ہو سکے بلکہ اس کے لئے کچھ

---

(۱) (فتاوی دار العلوم دیوبند، الباب الخامس عشر فی صلاۃ الجمعۃ، رقم السوال: ۲۳۵۷): ۵/۵۶، دارالاشاعت کراچی)

(۲) (تالیفات رشیدیہ مع فتاوی رشیدیہ، تقلید اور اجتہاد کے مسائل، ملفوظات، ملفوظ نمبر:۱، ص: ۲۰۹، ادارہ اسلامیات لاہور)

خصوصی شرائط ہیں، جگہ بھی اس کے لئے ایسی ہوگی جس میں کچھ خصوصیات ہوں گی:

"واتفق فقهاء الأمصار على أن الجمعة مخصوصة بموضعٍ لا يجوز فعلها فى غيره؛ لأنهم مجمعون على أن الجمعة لا تجوز فى البوادى و من أهل الأعراب، اهـ". أحكام القرآن: ٤٤٥/٣(١)۔

اس کے لئے تمدن کو سب ہی حضرات نے شرط قرار دیا ہے:

"وقد تلقت الأمة تلقياً معنوياً من غير تلقى لفظ أنه يشترط فى الجمعة الجماعة و نوع من التمدن، وكان النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و خلفاؤ ه رضىٰ الله تعالىٰ عنهم والأئمة المجتهدون رحمهم الله تعالىٰ يجمّعون فى البلدان و لا يؤاخذون أهل البدو و لا يقام فى عهدهم فى البدو وفهموا من ذلك قرناً بعد قرن وعصراً بعد عصر أنه يشترط لها الجماعة والتمدن، اهـ". حجة الله البالغة: ٢٨/٢(٢)۔

اس نوع من التمدن کی تعیین میں مختلف اقوال ہیں، مصر یا قریہ کبیرہ یا قصبہ کو فقہاء نے جواز جمعہ کے لئے شرط قرار دیا ہے، وہ درحقیقت اس نوع من التمدن کی تحقیق کے لئے ہے۔ مصر کی تعریفات بہت مختلف ملتی ہیں، وجہ اس کی یہ ہے کہ یہ تعریفات بالکنہ نہیں کہ ذاتیات وجنس وفصل کے ذریعہ ان کو حد تام قرار دیا جائے، بلکہ درحقیقت علامات کے ذریعہ تقریب الی الفہم مقصود ہے، عرف کے تغیر سے بھی علامات متغیر ہوتی رہتی ہیں اور جغرافیائی حیثیت سے بھی تغیر ہوتا ہے، پس زمان ومکان دونوں ہی مؤثر ہیں (۳)۔

---

(۱) (أحكام القرآن للجصاص، سورة الجمعة، پ: ۲۸، فصل: ۲۶۶/۳، قديمى كتب خانه كراچى)

(۲) (حجة الله البالغة، كتاب الصلاة، الجمعة، تجب الجمعة فى البلدان: ۷۶/۲، قديمى كتب خانه)

(۳) "و ليس هذا كله تحديداً له، بل إشارة إلى تعيينه و تقريب له إلى الأذهان، وحاصله إدارة الأمر على رأى أهل كلّ زمان فى عدّهم المعمورة مصراً، فما هو مصر فى عرفهم جازت الجمعة فيه، وما ليس بمصر لم يجز فيه، إلا أن يكون فناء المصر". (الكوكب الدرى، أبواب الجمعة، باب ما جاء فى ترك الجمعة من غير عذر: ۱۹۹/۱، مكتبه يحيويه سهارنپور)

"واعلم أن القرية والمصر من الأشياء العرفية التى لا تكاد تنضبط بحال وإن نص، ولذا ترك الفقهاء تعريف المصر على العرف". (فيض البارى، كتاب الجمعة، باب الجمعة فى القرى: ۳۲۹/۲، ديوبند)

Made searchable using ScribeTools.com

ایک علاقہ میں جوعلاماتِ مصر ہیں،ضروری نہیں کہ دوسرے علاقہ میں بھی وہی علامات ہوں،آج کل ہمارے اطراف میں عمومی علامات یہ ہیں: پختہ مکانات کافی تعداد میں ہوں، پختہ سڑکیں ہوں، محلے ہوں، ڈاکخانہ ہو،شفا خانہ یا حکیم ہو، مدرسہ یا اسکول ہو، مستقل دوکانیں ہوں، روزمرہ کی ضروریات ہمیشہ ملتی ہوں، ضروری پیشہ ور ہوں، کچہری یا نزاعات کا فیصلہ کرنے کے لئے پنچائتی نظام ہو، آس پاس کے دیہات اپنی ضروریات وہاں سے پوری کرتے ہوں اوراس مقام کوقصبہ یا بڑا گاؤں کہا جاتا ہو،مردم شماری کے لحاظ سے کوئی خاص عدد لازم نہیں۔ یہ علامات کچھ مدت پہلے تین چار ہزار کی آبادی میں ہوتی تھیں،اب تمدن تیزی سے ترقی کررہا ہے،اب اس سے کم آبادی میں بھی یہ علامات جمع ہوجاتی ہیں،بعض بستیوں کی آبادی دو ہزار ہے اس میں بھی یہ علامات موجود ہیں،بعض میں نہیں۔

آپ نے جوتعریف نقل کی ہے:"ما لا يسع أكبر مساجده أهله" اس پرطحطاوی سے علامہ شامی رحمہ اللہ تعالیٰ نے نقل کیا ہے: "هذا يصدق على كثيرٍ من القرى". ۱/۵۳۶(۱)، نیز ملاعلی قاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے لکھا ہے:" وفيه إشكالٌ حيث لم يصدق على المساجد الثلاثة، اهـ" شرح النقاية: ۱/۱۲۳(۲)۔

عزرالأ حکام اوردررالأ حکام میں ہے: " وهو ما لا يسع أكبر مساجده أهله يعنى من يجب عليه الجمعة لا مكانه مطلقاً أو ماله مفت، ذكره قاضى خان، وأمير وقاض ينفذ الأحكام و يقيم الحدود، وكلا المعنيين منقول عن أبى يوسف. والأول اختيار الكرخى رحمه الله تعالىٰ، والثانى اختار الثلجى، اهـ"(۳).

اس پرمحشی شرنبلالی نے غنیۃ ذوی الأ حکام میں لکھا ہے:

"أقول: وعنه رواية ثالثة: هو كل موضع يسكن فيه عشر الاف نفر كما فى العناية، وقيل: يوجد فيه عشرة الاف مقاتل، و فى المصر أقوال أخر، اهـ"(٤).

---

(۱) (رد المحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۳۷، سعيد)

(۲) (شرح النقاية للملا على القارى، كتاب الصلاة، باب صلوة الجمعة: ۱/۲۸۹، سعيد)

(۳) (لم أظفر على هذا الكتاب)

(۴) (لم أظفر على هذا الكتاب)

تبیین الحقائق شرح کنز الدقائق:۱/ ۲۱۷، میں ہے:

"و هو كل موضع له أمير و قاض ينفذ الأحكام و يقيم الحدود، وهذا رواية عن أبى يوسف، و هو اختيار الكرخى، وعنه: أنهم لو اجتمعوا فى أكبر مساجدهم لا يسعهم، و هو اختيار البلخى، وعنه: و هو كل موضع يكون فيه كل محترف، و يوجد فيه جميع ما يحتاج الناس إليه فى معايشهم، وفيه فقيهٌ مفتٍ وقاضٍ يقيم الحدود، وعنه: أنه يبلغ سكانه عشرة الاف مقاتل، وقيل: أن يكون أهله بحال لوقصدهم عدو يمكنهم دفعه، وقيل: أن يكون بحال يعيش فيه كل محترف بحرفته من سَنَة إلى سَنة من غير أن يشتغل بحرفة أخرىٰ اهـ. وعن محمد كل موضع مصّره الإمام، فهو مصرٌ، حتى لو بعث إلى قرية نائباً لإقامة الحدود والقصاص يصير المصر، فإذا عزله يلحق بالقرىٰ، اهـ"(۱)۔

اتنی مختلف تعریفات اس وجہ سے ہیں کہ یہ علامات وعوارض ذاتیات ہیں۔امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ سے جوتعریف منقول ہے وہ یہ ہے:

"عن أبى حنيفة رحمه الله تعالىٰ أنه بلدة كبيرة، فيها سكك وأسواق، ولها رساتيق، وفيها والٍ يقدر على إنصاف المظلوم من الظالم بحشمته و علمه أو علم غيره، والناس يرجعون إليه فيما يقع من الحوادث، و هذا هو الأصح". بدائع:۲/۶۶۲(۲)، زيلعى:۱/۲۱۷ (۳)، ردالمحتار:۱/۵۳۶(٤)، شرح نقايه:۱/۱۲۳ (٥)، غنية المستملى:۵۱۱ (٦)، غنية ذوى

---

(۱) (تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱/۵۲۳، ۵۲۴، دار الكتب العلمية بيروت)

(۲) (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، شرائط الجمعة: ۱/۵۸۵، رشيديه)

(۳)(تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱/۵۲۴، دار الكتب العلمية بيروت)

(۴) (رد المحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۳۷، سعيد)

(۵) (شرح النقاية للملا على القارى، كتاب الصلاة، باب صلوة الجمعة ۱/۲۸۹، سعيد)

(۶) (الحلبى الكبير، كتاب الصلاة، فصل فى صلاة الجمعة، ص: ۵۵۰، سهيل اكيڈمى لاهور)

Made Searchable using ScribeTools.com

الأحكام للشرنبلالی: ۱/۱۲۶ (۱)، فتح القدیر: ۱/۴۱۰ (۲)۔

علامہ حلبی نے مختلف تعریفات نقل کرکے بطورِ فیصلہ لکھا ہے: "فالحاصل أن أصح الحدود ما ذكره فی التحفة، اهـ". (۳)۔

یعنی بدائع کی نقل کردہ تعریف اصح ہے۔

توابعِ مصر کے متعلق امام ابن ہمام رحمہ اللہ تعالیٰ وغیرہ سے نقل کرکے آپ نے جو نتیجہ نکالا ہے کہ (آپ کی بستی میں جمعہ درست ہو) وہ خود ان کی تصریحات کے خلاف ہے، وہ تو یہ کہتے ہیں:

"إن أمكنه أن يحضر الجمعة و يبيت بأهله من غير تكلف، تجب عليه الجمعة، وإلا فلا، و هذا حسن، اهـ". بدائع: ۲/۶۶۳ (۴)۔

یعنی مصر کا رہنے والا اگر جمعہ کے لئے حاضر ہوکر جمعہ ادا کرکے بلا تکلف اپنے مکان واپس جاسکتا ہو تو مصر میں حاضر ہوکر اس پر جمعہ ادا کرنا واجب ہوگا ورنہ نہیں۔ اس میں یہ کہاں ہے کہ مصر سے ایک میل، دو میل، تین میل، چھ میل، تین فرسخ، پر رہتا ہو تو وہیں جمعہ ادا کرے، بلکہ ان سب اقوال میں سے کسی کے قول کی بناء پر اپنے ذمہ جمعہ کو واجب سمجھتا ہو تو وہ مصر میں جاکر جمعہ ادا کرلیا کرے۔

غنیۃ شرح منیہ، ص: ۵۱۳، میں ہے:

"و من كان مقيماً فی أطراف المصر ليس بينه و بين المصر فرجة من المزارع والمراعیٰ، فلا جمعة عليه وإن كان يسمع النداء. والغلوة الميل والأميال ليس بشیء، كذا روى الفقيه أبوجعفر عن أبی حنيفة وأبی يوسف، وهو اختيار شمس الأئمة الحلوانی، كذا فی فتاوى قاضی خان، اهـ"(۵)۔

---

(۱) (لم أظفر على هذا الكتاب)

(۲) (فتح القدير، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۵۲، مصطفى البابی الحلبی، مصر)

(۳) (الحلبی الكبير، كتاب الصلاة، فصل فی صلاة الجمعة، ص: ۵۵۱، سهيل اكيڈمی لاهور)

(۴) (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، شرائط الجمعة: ۱/۵۸۵، رشيديه)

(۵) اصل اس طرح ہے: "ليس بينه و بين المصر فرجة بل الأبنية متصلة إليه، فعليه الجمعة وإن كان بينه و بين المصر فرجة من المزارع ..... والغلوة والميل الخ". (الحلبی الكبير، كتاب الصلاة، فصل فی صلاة الجمعة، ص: ۵۵۲، سهيل اكيڈمی، لاهور)

جس جگہ شرائطِ جمعہ موجود نہ ہوں اور وہاں جمعہ ہو رہا ہو تو نہایت دلسوزی ہمدردی نرمی سے لوگوں کو مسئلہ بتایا جائے کہ آپ حکم خداوندی سمجھ کر خدائے پاک کو راضی کرنے کے لئے اور اپنی آخرت درست کرنے کے لئے جمعہ پڑھتے ہیں لہذا حکمِ شرعی کے تحت تحقیق کی ضرورت ہے، جیسے کہ جمعرات کو جمعہ نہیں پڑھا جاسکتا، ریل میں، جہاز میں نہیں پڑھا جاسکتا، بلا خطبہ و بلا جماعت نہیں پڑھا جاسکتا اسی طرح چھوٹے گاؤں میں بھی نہیں پڑھا جاسکتا(۱)، نہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پڑھا، نہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پڑھا، نہ امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ نے پڑھا(۲) وغیرہ وغیرہ۔ پھر جو لوگ نہ مانیں ضد کریں، ان کے درپے ہونے اور ان سے لڑنے کی ضرورت نہیں۔

۲.... فقہاء نے خود اس کے متعلق صراحت فرمادی ہے:" وفی مفتاح السعادة عن مجمع الفتاوی: غلب علی المسلمین وُلاة الکفار، یجوز للمسلمین إقامة الجمعة والأعیاد، ویصیر القاضی قاضیاً بتراضی المسلمین، و یجب علیهم أن یلتمسوا والیاً مسلماً". طحطاوی علی المراقی الفلاح، ص:۳۰۵(۳)۔

---

(۱)

و حرٌّ صحیحٌ بالبلوغ مذکرٌ مقیمٌ و ذو عقلٍ لشرط وجوبها

و مصر و سلطان ووقت و خطبة وإذنٌ کذا جمع لشرط آدائها

((ردالمحتار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱۳۷/۲، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲۴۵/۲، رشیدیه)

(۲) "و کان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و خلفاؤ ه رضی الله تعالیٰ عنهم والأئمة المجتهدون رحمهم الله تعالیٰ یجمّعون فی البلدان، ولا یؤاخذون أهل البدو، و لا یقام فی عهدهم فی البدو الخ". (حجة الله البالغة، کتاب الصلاة، الجمعة، تجب الجمعة فی البلدان: ۷۶/۲، قدیمی)

(وکذا فی بذل المجهود، کتاب الصلاة، باب الجمعة فی القری: ۱۷۰/۲، معهد الخلیل الإسلامی کراچی)

(۳) (حاشیة الطحطاوی، کتاب الصلاة، أحکام الجمعة، ص:۵۰۷، قدیمی)

(وکذا فی الفتاوی العالمکیریة، کتاب الصلا ة، الباب السادس عشر فی صلاة الجمعة: ۱۴۶/۱، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

اگر کہیں دارالاسلام میں بھی ایسی صورت پیش آجائے کہ استیذانِ سلطان نہ ہوسکے تو اس کے متعلق بھی جزئیہ موجود ہے:

" فأما إذا لم يكن إمامٌ بسبب الفتنة أو بسبب الموت و لم يحضر والٍ اخر بعدُ حتى حضرت الجمعة، ذكر الكرخي أنه لا بأس بأن يجمع الناس على رجل حتى يصل بهم الجمعة، وهكذا روى عن محمد، ذكره في العيون، لما روى عن عثمان رضي الله تعالىٰ عنه أنه لما حوصر، قدّم الناس علياً رضي الله تعالىٰ عنه، فصلى بهم الجمعة". كذا في بدائع الصنائع: ٢/٦٦٥(١)۔

لہٰذا سلطان یا نائبِ سلطان کے موجود نہ ہونے سے جمعہ میں شبہ نہ کریں۔

۳.....اس کا جواب نمبر:۲ سے واضح ہے، اگر فقہاء نے قریہ صغیرہ وکبیرہ میں ہر جگہ اجازت دی ہو تو کسی کو روکنے کا حق نہیں، قریہ کبیرہ کو تو بحکمِ شہر وقصبہ فقہاء نے قرار دیدیا ہے، کیا قریہ صغیرہ کو بھی بحکمِ شہر وقصبہ قرار دیدیا ہے؟ اگر اس کی کہیں صراحت ہو تو تحریر فرمائیں، اس سے بہت بڑا مسئلہ حل ہوجائے گا۔

یہ صحیح ہے کہ ابتداءً دو بستیاں جداگانہ ہوں پھر آبادی بڑھتے بڑھتے دونوں آپس میں اس طرح متصل ہوجائیں کہ ان میں فرق نہ رہے ایک ہی معلوم ہوں تو ان کو ایک کہنا درست ہوگا (۲)۔ اگر مصر اور حکمِ مصر کی شرط ہٹا کر ہر بستی میں جمعہ کے وجوب کا حکم لگایا جائے تو یہ مستقل شریعت ہوگی اور حکم لگانے والا شارع ہونے کا مدعی ہوگا اور یہ حکم ایسا ہوگا کہ تمام امت کے خلاف ہوگا، خود حدیث پاک کے بھی خلاف ہوگا جس کو وحی غیر متلو کی حیثیت حاصل ہے (۳)۔ کیا حضرت مولانا محمد سجاد صاحب اور حضرت مولانا ریاض احمد صاحب نے ہر چھوٹی بڑی

---

(۱) (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، شرائط الجمعة: ۱/۵۸۸، رشيديه)

(وكذا في عمدة القاري، كتاب الجمعة، باب الجمعة في القرى والمدن: ۶/۱۹۱، سهيل اكيڈمی لاهور)

(۲) " من كان مقيماً في أطراف المصر ليس بينه و بين المصر فرجة، بل الأبنية متصلة إليه، فعليه الجمعة". (الحلبي الكبير، كتاب الصلاة، فصل في صلاة الجمعة، ص: ۵۵۲، سهيل اكيڈمی، لاهور)

(وكذا في بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، شرائط الجمعة: ۱/۵۸۵، رشيديه)

(۳) "عن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها قالت: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ""من أحدث في أمرنا هذا ما ليس منه، فهو رد". (صحيح البخاري، كتاب الصلح، باب إذا اصطلحوا على صلح جور فهو مردود: ۱/۳۷۱، قديمی) ..... =

بستی میں جواز جمعہ کا فتوی دیا ہے؟ جس بستی میں انہوں نے جمعہ پڑھا ہے اس کا حال معلوم نہیں، لہٰذا میں اس کے متعلق کچھ نہیں کہہ سکتا۔

۴.....حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمہ اللہ تعالیٰ بہت بڑے محدث اور فقیہ تھے، ان کے فتاویٰ کی جو عبارت آپ نے نقل کی ہے وہ صحیح ومعتبر ہے، چنانچہ زوجۂ مفقود کے متعلق دوسرے امام کے مسلک پر فتویٰ دیا جاتا ہے، کیوں کہ وہاں ضرورت متحقق ہے، مسئلہ زیر بحث میں اول تو ضرورت کیا ہے کہ کسی دوسرے امام کے مسلک کو اختیار کیا جائے، دوسرے وہ کون سے امام ہیں جن کے نزدیک ہر چھوٹی بڑی بستی میں جمعہ کا وجوب ہے، جس غلط علم یا عمل میں لوگ مبتلا ہیں اس کی اصلاح کی جائے، یہ ہے اصلی علاج، نہ کہ ان کی خاطر غلط فتوی دے کر ان کی غلطی کو مستحکم کیا جائے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

احناف نے جمعہ کے لئے مصر کی شرط کیوں لگادی؟

سوال[۳۶۹۸]: ہفتہ میں سات دن ہوتے ہیں اور جمعہ سب کا سردار مانا جاتا ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جمعہ کے دن کی بہت فضیلتیں بتلائی ہیں اور فرمایا ہے کہ جمعہ کے دن مجھ پر درود شریف زیادہ پڑھا کرو کیونکہ اس دن درود پڑھنے کے زیادہ فضائل ہیں (۱) اور فرمایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص جمعہ اور

= "قال الملاعلی القاری تحت هذا الحديث: "بهذا" إشارة إلى أن أمر الإسلام كمل، وانتهى، وشاع، و ظهر ظهور المحسوس، بحيث لا يخفى على كل ذى بصر و بصيرة، فمن حاول الزيادة، فقد حاول أمراً غيرمرضى؛ لأنه من قصور فهمه رآه ناقصاً، فعلى هذا يناسب أن يقال: ..... فذالک الشخص ناقص مردود عن جنابنا مطرود عن بابنا". (مرقاة المفاتيح، كتاب الإيمان، باب الاعتصام بالكتاب والسنة.، الفصل الأول: ۱/۳۶۶، رقم الحديث: ۱۴۰، رشيديه)

(۱) "عن أوس بن أوس رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "إن من أفضل أيامكم يوم الجمعة، فيه خلق آدم، وفيه قبض، وفيه النفخة، وفيه الصعقة، فأكثِروا علىّ من الصلوة فيه، فإن صلوتكم معروضة علىّ". قال: قالوا: يارسول الله وكيف تُعرض صلوتنا عليک وقد أرمت؟ قال: يقولون بليت. قال: "إن الله عزوجل حرم على الأرض أجساد الأنبياء". (سنن أبى داؤد، كتاب الصلاة، باب تفريع أبواب الجمعة: ۱/۱۵۷، امداديه، ملتان)

Made searchable using ScribeTools.com

جماعت کی نماز نہ پڑھے تو وہ دوزخی ہے اور خود حق تعالیٰ شانہ نے بھی جمعہ کی تاکید کی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس دن سرمہ تیل خوشبو وغیرہ لگا کر مسجد میں آؤ اور مسجدوں میں خوشبو جلاؤ(۱) تو جب جمعہ کی اتنی فضیلتیں ہماری شریعت نے بتلائی ہیں تو ہمارے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے جمعہ کے پڑھنے میں مصر ہونے کی شرط کیوں لگادی؟ مقصد تنقید نہیں بلکہ سمجھنا ہے۔ سنا ہے کہ امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے کہ جہاں چالیس گھر ہوں وہیں جمعہ پڑھنا واجب ہے۔ کیا یہ صحیح ہے؟ جب ہمارے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ ہیں تو کیا ہم اَور

---

(۱) "قال الله تعالىٰ: ﴿يأيها الذين امنوا إذا نودى للصلوة من يوم الجمعة، فاسعوا إلى ذكر الله وذروا البيع، ذلكم خيرلكم إن كنتم تعلمون﴾ (سورة الجمعة: ۹)

"واختلف رجل إلى ابن عباس يسأله عن رجل مات لم يكن يشهد الجمعة والجماعة، فقال: "فى النار". فلم يذل يتردد إليه شهراً يسأله عن ذلك، وهو يقول: "فى النار". (إتحاف السادة المتقين بشرح إحياء علوم الدين، كتاب أسرار الصلوة ومهماتها، الباب الخامس: ۳/ ۳۴۹، دارالكتب العلمية، بيروت)

"عن سلمان الفارسى رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "لا يغتسل رجل يوم الجمعة ويتطهر ما استطاع من طهر ويدهن من دهنه أو يمسه من طيب بينه، ثم يخرج، فلا يفرق بين اثنين، ثم يصلى ماكتب له، ثم ينصت إذا تكلم الإمام، إلا غفرله مابينه ومابين الجمعة الأخرى". (الصحيح للبخارى، كتاب الجمعة، باب الدهن للجمعة: ۱/ ۱۲۱، قديمى)

(وكذا فى اتحاف السادة المتقين بشرح إحياء علوم الدين، كتاب أسرار الصلوة ومهماتها، الباب الخامس: ۳/ ۴۰۸)

(وكذا فى السنن الكبرىٰ، كتاب الجمعة، باب السنة فى التنظيف يوم الجمعة بغسل: ۳/ ۳۴۴، دارالكتب العلمية، بيروت)

"عن نافع عن ابن عمر رضى الله عنهما قال: كان إذا استجمر استجمر للجمعة بعود غير مطر وعلا عليه بالكافور، ويقول: هذا بخور رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم". (السنن الكبرى، كتاب الجمعة، باب كيف يستجمر للجمعة: ۳/ ۳۴۷، دارالكتب العلمية، بيروت)

"أن عمر بن الخطاب رضى الله تعالىٰ عنه أمر أن يجمر مسجد المدينة كل جمعة حين ينتصف النهار، قلت، ولذلك سمى نعيم المجمر". (زادالمعاد، فصل هديه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى تعظيم يوم الجمعة، الخامسة عشرة، ص: ۱۴۴، دارالفكر)

Made Searchable by ScribeTools.com

ائمہ کے مذہب پر چل سکتے ہیں، کیا سب ائمہ کا اتباع کر سکتے ہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جمعہ کی نماز بھی بڑی فضیلت والی نماز ہے، ہجرت سے قبل حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمانے پر مدینہ طیبہ میں جمعہ شروع ہو چکا تھا، مکہ مکرمہ میں جمعہ پڑھنے کا موقع نہیں ملا، جب ہجرت فرما کر تشریف لے جارہے تھے تو بنوعمرو کی بستی میں قیام فرمایا، جہاں جمعہ کا وقت بھی آیا اور کوئی رکاوٹ بھی نہیں تھی، پڑھنا چاہتے تو پڑھ سکتے تھے، مگر وہ چھوٹی بستی تھی اس لئے وہاں جمعہ نہیں ادا فرمایا(۱)۔عرفات میں بہت بڑا مجمع اہلِ اسلام کا موجود تھا وہاں جمعہ نہیں پڑھا(۲)۔ دو میل، تین میل، چار میل، پانچ میل، چھ میل تک سے لوگ باری باری جمعہ پڑھنے مدینہ میں آتے تھے، جو نہیں آئے ان سے مطالبہ نہیں کیا کہ تم کیوں جمعہ پڑھنے نہیں آئے، نہ یہ فرمایا کہ اپنے اپنے گاؤں میں جمعہ پڑھا کرو(۳)۔

---

(۱) "عن أوس بن أوس رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم: "إن من أفضل أیامکم یوم الجمعة، فیه خلق آدم، وفیه قبض، وفیه النفخة، وفیه الصعقة، فأکثِروا علیّ من الصلوة فیه، فإن صلوتکم معروضة علیَّ". قال: قالوا: یارسول اللہ وکیف تُعرض صلوتنا علیک وقد أرمت؟ قال: یقولون بلیت. قال: "إن اللہ عزوجل حرم علی الأرض أجساد الأنبیاء". (سنن أبی داؤد ، کتاب الصلاة، باب تفریع أبواب الجمعه: ۱/۱۵۷، امدادیه، ملتان)

(۲) "ان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم لماها جرإلی المدینة، أقام فی قباء –وهی قریة قرب المدینة الخ–، أربعة عشر یوماً أو أربعة وعشرین، –کما فی البخاری علی نسخها– ووقعت الجمعة فی أثنائها، ولم یثبت أن رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم صلی فیها الجمعة، ولم یأمرهم أن یجمّعوا فیها ..... فعلم بهذا أن القری لیست محل إقامة الجمعة". (بذل المجهود، کتاب الصلاة، باب الجمعة فی القری: ۲/۱۷۰، معهد الخلیل الإسلامی، کراچی)

(۳) "ان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم لما وقف بعرفات فی حجة الوداع یوم الجمعة، لم یصل الجمعة فیها، بل صلی فیها الظهر". (بذل المجهود، تفریع أبواب الجمعة، باب الجمعة فی القری: ۲/۱۷۰، امدادیه)

Made searchable using ScribeTools.com

حدیث پاک میں ارشاد ہے: ''جمعہ اور عید کی نماز شہر میں ہے گاؤں میں نہیں''(۱)۔ ان کے علاوہ دوسری بھی دلیلیں ہیں جن کی وجہ سے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ چھوٹے گاؤں میں جمعہ نہیں۔ حضرت امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک جمعہ کی جماعت کے متعلق سخت شرط ہے(۲)، وہ یہ کہ اگر چالیس آدمی جماعت میں ہوں تو جمعہ کی نماز درست ہو سکے گی، بشرطیکہ بستی بڑی ہو(۳)۔ حنفی کو اس مسئلہ میں دوسرے امام کے مذہب پر عمل کرنے کی اجازت نہیں(۴)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۶/۶/۶ھ۔

جمعہ فی القری

سوال[۳۶۹۹]: زید کہتا ہے کہ دیہات میں جمعہ جائز نہیں۔ اور خالد کہتا ہے کہ پڑھنا چاہئے کیونکہ کہ نہ پڑھنے سے اور تمام لوگ اور نماز سے بھی غفلت کرتے ہیں اور نماز چھوڑ دیتے ہیں جس کا واحد سبب ترکِ جمعہ ہے۔ تو یہ قولِ خالد دیہات میں جواز جمعہ کا باعث بن سکتا ہے یا نہیں؟ نیز شرائطِ جمعہ کیا ہیں؟ اور اگر جمعہ بند کرادیں، تو بند کرادینے کی وجہ سے لوگوں نے نماز ترک کردی تو بند کرانے والا گناہ گار ہوگا یا نہیں؟

اظہار الدین فیض آبادی، متعلم مدرسہ ہذا۔

---

(۱) ''عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها زوج النبی صلی الله علیه وسلم أنها قالت: کان الناس ینتابون الجمعة من منازلهم ومن العوالی''. (سنن أبی داؤد، باب من یجب علیه الجمعة: ۱/۱۸۵، مکتبه امدادیه)

(۲) ''عن علی رضی الله تعالیٰ عنه أنه قال: لاجمعة ولا تشریق إلافی مصر جامع''. (إعلاء السنن، أبواب الجمعة، باب عدم الجواز الجمعة فی القری: ۸/۱، إدارة القرآن، کراچی)

(۳) ''مسألة: اختلف علماء الإسلام فی العدد الذی تنعقد به الجمعة علی أربعة عشر قولاً..... العاشر: أربعون أحدُهم الإمام، وبه قال عبیدالله بن عبدالله بن عتبة، وعمر بن عبدالعزیز، والشافعی، وأحمد، وإسحق، حکاه عنهم فی شرح المذهب''. (الحاوی للفتاویٰ للسیوطی، کتاب الصلاة، ضوء الشمعة فی عدد الجمعة: ۱/۷۵، ۷۶، دارالفکر، بیروت)

(۴) ''لیس للعامی أن یتحول من مذهب إلی مذهب ویستوی فیه الحنفی والشافعی''. (ردالمحتار، کتاب الحدود، باب التعزیر: ۴/۸۰، سعید)

الجواب حامداً ومصلیاً:

زید کا قول عندالاحناف صحیح ودرست ہے، خالد کا قول صحیح نہیں۔ اگر دیہات میں لوگ نماز نہیں پڑھتے تو ان کو نمازی بنانے کے لئے دوسری تدابیر اختیار کی جائیں، مثلاً وعظ، تبلیغ سے اگر کام نہ چلے تو انجمنیں قائم کی جائیں، اوراس میں تارک صلوۃ کے لئے مختلف سزائیں مقرر کردی جائیں، مثلاً تارکِ صلوۃ کے یہاں کوئی شادی نہیں کرے گا، برادری کے کاموں میں شریک نہیں کیا جائے گا وغیرہ وغیرہ۔ یہ کیا ضروری ہے کہ ان کو نمازی بنانے کے لئے ایک ناجائز فعل کا ارتکاب کیا جائے؟ اگر اقامتِ جمعہ کی وجہ سے انہوں نے نماز پڑھ لی تو دیگر نمازوں کے لئے کیا کیا جائے گا، اس کا بھی خالد نے کوئی انتظام تجویز کیا؟

فی مراقی الفلاح: "ولقوله عليه السلام: "لا جمعة و لا تشريق و لا صلوة فطر و لا أضحى إلا فى مصر جامع أو مدينة عظيمة". و لهذا لم ينقل عن الصحابة رضى الله تعالىٰ عنهم أنهم حين فتحوا البلاد اشتغلوا بنصب المنابر والجُمُع إلا فى الأمصار دون القرى، و لو كان لنفل و لو آحاداً فلا بد من الإقامة بمصر"۔ قال الطحطاوى: "وكذا لم ينقل أنه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أمر بإقامة الجمعة فى قرى المدينة على كثرتها"(۱)۔ فى الهداية: ۱/۱٤۸: "لاتصح الجمعة إلا فى مصر جامع أو فى مصلى المصر، ولا تجوز فى القرى لقوله عليه السلام: "لاجمعة ولا تشريق و لا صلوة فطر و لا أضحى إلا فى مصر جامع"(۲)۔

"إذن، مصر، سلطان، وقت، خطبة، أذان، كذا جمع شرط أدائها، ردالمحتار: ۱/۸۳۵(۳)۔ ان شروط میں سے ایک بھی فوت ہوجائے گی تو جمعہ صحیح نہ ہوگا۔

---

(۱) (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلاة، باب الجمعة، ص: ۵۰۴، ۵۰۵، قديمى)

(۲) (الهداية، كتاب الصلوة، باب صلوة الجمعة: ۱/۱۶۸، مكتبه شركة علميه ملتان)

(۳) العبارة بتمامها

وحرٌّ صحيحٌ بالبلوغ مذكرٌ مقيمٌ و ذو عقل لشرط وجوبها

و مصرٌ و سلطان و وقت و خطبةٌ وإذنٌ كذا جمع لشرط أدائها

(ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۳۷، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

ناجائز فعل کے منع کرنے سے اگر کوئی شخص دوسرے ناجائز کام میں مبتلا ہوجائے تو منع کرنے والے کو کچھ گناہ نہ ہوگا، البتہ منع کرنے والے کو یہ ضروری ہے کہ اقامتِ جمعہ فی القری کو منہی عنہ بتلا کر دیگر صلوات کی سخت تاکید وترک پر وعید خوب ذہن نشین کرادیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفاء اللہ عنہ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، ناظم مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۶/ رجب/۵۲ھ۔

اعتراض بر جواب مذکورہ بالا

سوال[۳۷۰۰]: گزارش یہ ہے کہ فتوی مذکورہ سے معلوم ہوا کہ صحت جمعہ کے شرائط میں مصر وسلطان ہے، اس پر عام طور سے جہلاء کو بھی اعتراض ہے کہ اگر سلطان صحتِ جمعہ کے لئے شرط ہے تو پھر ہندوستان میں اوران مواقع میں جمعہ کیوں کر صحیح ہے جہاں سلطان نہیں ہے، حالانکہ تمام علمائے احناف کا عمل ہے کہ وہ بلادِ ہند میں بلاتکلف قیامِ جمعہ فرماتے ہیں، باوجودیکہ سلطان شرط ہے اور وہ مفقود ہے تو جمعہ کیوں کر صحیح ہے؟ نیز یہ کہ اثر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر عامی پڑھے لکھے کو یہ اشکال ہوتا ہے کہ اول تو یہ موقوف ہے، دوسرے یہ کہ اس میں مصر جامع مذکور ہے اور مصر کی تعریف میں فقہاء کا اختلاف اس قدر وسیع ہے کہ جس سے علمائے احناف بھی خلجان میں ہیں۔ نیز یہ کہ مصر کو اثر میں مقید کیا گیا ہے لفظ ''جامع'' کے ساتھ، اس سے کیا غرض ہے؟ امید کہ محقق مصر کی تعریف سے اور امور مذکورہ سے مفصل اور مدلل تسلی بخش جواب مرحمت فرمادیں۔ فقط۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

خلاصۂ سوال یہ چند امور ہیں:

اول: صحتِ جمعہ کے لئے سلطان شرط ہے وہ یہاں مفقود ہے، پھر جمعہ کیسے صحیح ہوتا ہے؟

دوم: عدمِ جوازِ جمعہ پر جو دلیل ہے وہ اثر ہے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا، حدیث مرفوع نہیں۔

سوم: مصر کی تعریف میں احناف کا اختلاف ہے، صحیح تعریف کیا ہے، مصر کے ساتھ ''جامع'' کی قید ہے اس سے کیا فائدہ؟

امر اول: کے متعلق عرض ہے کہ یہ شرط دارالاسلام کے ساتھ مخصوص ہے اور جس جگہ مسلمانوں پر کفار کا

غلبہ ہو وہاں پر اقامتِ صلوۃ جمعہ کے لئے سلطان کا ہونا شرط نہیں بلکہ مسلمان جس پر جمع ہو کر اپنا امام مقرر کرلیں گے تو اس کا جمعہ پڑھ دینا صحیح ہوگا۔

"وإذا لم يمكن استيذان السلطان لموته أو فتنة، واجتمع الناس على رجل، فصلى بهم للضرورة كما فعل على رضى الله تعالىٰ عنه فى محاصرة عثمان رضى الله تعالىٰ عنه. وإن فعلوا ذلك لغير ما ذُكر، لا يجوز لعدم الضرورة، و روى ذلك عن محمد فى العيون، وهو الصحيح. وفى مفتاح السعادة عن مجمع الفتاوىٰ: غلب على المسلمين وُلاة الكفار، يجوز للمسلمين إقامة الجُمُع والأعياد، و يصير القاضى قاضياً بتراضى المسلمين، و يجب عليهم أن يلتمسوا والياً مسلماً، اهـ". طحطاوى على مراقى الفلاح، ص: ٢٩٤(١)، هكذا فى الفتاوى العالمكيرية (٢) وغيرها من كتب الفقه۔

امر ثانی کے متعلق عرض ہے کہ امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ نے املاء میں اس کو مسند و مرفوع نقل کیا ہے، امام محمد بن الحسن رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی مرفوع نقل کیا ہے اور دوسرے بعض محدثین نے موقوف نقل کیا ہے، كذا فى الأوجز:

"و من المرجحات لقول الحنفية قوله عليه السلام: "لا جمعة و لا تشريق و لا صلوة فطر و لاأضحى إلا فى مصر جامع". للحديث المشهور ذكر ه أبو يوسف فى الإملاء مسنداً مرفوعاً و هو إمام فى الحديث والفقه، فلا يضره وقف من وقفه، سيما إذ هو من شيوخ مشايخ البخارى، وقال العينى: فى شرح البخارى إن أبا زيد زعم فى الأسرار أن محمد بن الحسن رحمه الله تعالىٰ قال: رواه مرفوعاً معاذ و سراقة ابن مالك رضى الله تعالىٰ عنهما"(٣)۔

---

(۱) (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلاة، باب الجمعة، ص: ۵۰۷، قديمى)

(۲) "بلاد عليها وُلاة كفار، يجوز للمسلمين إقامة الجمعة، و يصير القاضى قاضياً بتراضى المسلمين، ويجب عليهم أن يلتمسوا والياً مسلماً". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب السادس عشر فى صلاة الجمعة: ۱/۱۴۶، رشيديه)

(۳) (أوجز المسالك شرح مؤطا إمام مالك، كتاب الصلاة، باب ما جاء فى الإمام ينزل بقرية يوم الجمعة فى السفر: ۲/۲۴۵، تاليفات اشرفيه، ملتان)

Made Searchable using ScribeTools.com

نیز غیر مدرک بالقیاس میں قولِ صحابی حکم میں مرفوع حدیث کے ہے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وصحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے دیہات میں جمعہ پڑھنا کسی روایت سے ثابت نہیں من ادعی فعلیه البیان۔ روایات اور آثار کی تفصیل بذل (۱) واوجز (۲) واحسن القری (۳) وغیرہ میں ہے۔

---

(۱) "عن علی رضی الله تعالیٰ عنه أنه قال: لا جمعة و لا تشریق و لا صلوة فطر ولا أضحی إلا فی مصر جامع أو مدینة عظیمة".

"قلت: وأصرح من ذلک أن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لما هاجر إلی المدینة أقام فی قباء –وهی قریة قرب المدینة قال یعقوب بن عبد الله فی معجم البلدان: قبا: بالضم، وأصلهٗ اسم بیر هناک، عرفت القری بها، وهی مساکن بنی عمرو بن عوف، – أربعة عشر یوماً أو أربعةً و عشرین،– کما فی البخاری علی نسخها– و وقعت الجمعة فی أثنائها و لم یثبت أن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم صلی فیها الجمعة و لم یأمرهم أن یجمّعوا فیها، و سار یوم الجمعة یرید المدینة، فجمع فی مسجد بنی سالم بن عوف بن عمرو بن عوف بن الخزرج –وهی محلة من المدینة– فکانت أول جمعة جمّعت فی الإسلام. فثبت بهذا أن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لم یصل الجمعة فی القری، ولم یأمر بها فیها، فعلم بهذا أن القری لیست محل إقامة الجمعة کما أن البراری لیست محل إقامتها. وقد ثبت بروایة مسلم أن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لما وقف بعرفات فی حجة الوداع یوم الجمعة، لم یصل الجمعة فیها بل صلی فیها الظهر". (بذل المجهود فی حل أبی داؤد، کتاب الجمعة، باب الجمعة فی القری: ۲/۱۷۰، امدادیه ملتان)

[تنبیه]: ذکر الشیخ خلیل احمد السهارنفوری رحمه الله تعالیٰ هذا الحدیث فی البذل بطرق متعددة وبحث عنه فیه بحثاً طویلاً.

(۲) "عن حذیفة رضی الله تعالیٰ عنه قال: لیس علی أهل القریٰ جمعة، إنما الجمع علی أهل الأمصار مثل المدائن..... فهذه کلها بمنزلة النص علی عدم جواز الجمعة فی القریة؛ لأنها لوجازت فیها الجمعة، لما احتاجت هؤلاء إلی مجیٔ المدن والأمصار، وبعضها أصرح من بعض". (أوجز المسالک علی مؤطا إمام مالک، کتاب الصلوة، باب ماجاء فی الإمام ینزل بقریة یوم الجمعة فی السفر: ۲/۲۴۶، تالیفات اشرفیه، ملتان)

(۳) راجع للتفصیل: (أحسن القری فی توضیح أو ثق العری، تألیف شیخ الهند محمود حسن رحمه الله تعالیٰ)

مصر کی تعریف ظاہر الروایۃ میں یہ ہے:

"و ظاهر المذهب أنه كل موضع له أمير و قاض يقدر على إقامة الحدود".

درمختار: ۱/۷٤۸۔

قال الشامی تحته: "فی التحفة: عن أبي حنيفة رحمه الله تعالىٰ أنه بلدة كبيرة، فيها سكك وأسواق، ولها رساتيق، و فيها والٍ يقدر على إنصاف المظلوم من الظالم بحشمته و علمه أو علم غيره، يرجع الناس إليه فيما يقع من الحوادث، و هذا هو الأصح، إلا أن صاحب الهداية ترك ذكر السكك و الرساتيق؛ لأن الغالب أن الأمير والقاضی الذی شانه القدرة على تنفيذ الأحكام وإقامة الحدود لا يكون إلافی بلدٍ كذا، اهـ"(۱)۔

مصر کے ساتھ "جامع" کی قید صفتِ موضحہ ہے جیسا کہ مدینہ کے ساتھ "عظیمہ" کی قید وارد ہے، کسی دوسری شئ سے احتراز مقصود نہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود حسن گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱/۸/۵۲ھ۔

صحیح: عبد اللطیف، ناظم مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۴/شعبان/۵۲ھ۔

قریہ کبیرہ میں نمازِ جمعہ

سوال[۳۷۰۱]: ایک قریہ ہے جس کی آبادی ۳۵۰۰/ ہزار ہے اور بیس دوکانیں ہیں جن سے ضروریات کی اشیاء مہیا ہوتی ہیں، قریہ مذکورہ میں سترہ مساجد ہیں، لیکن یہ بھی اہلِ قریہ کے لئے ناکافی ہیں، یعنی اگر سب لوگ نماز پڑھیں تو ان مساجد میں نہیں سما سکتے۔ ایسے قریہ کے بارے میں مفتیانِ کرام کیا فرماتے ہیں، آیا جمعہ جائز ہے یا نہیں؟ اور اگر جائز ہے تو حدیث مندرجہ ذیل کا کیا مطلب ہے: "لا جمعة و لا تشريق ولا صلوة فطر و لا أضحى إلا فی مصر جامع أو مدينة عظيمة". اور مصر جامع کی کیا تعریف ہے؟

المستفتی: زاہد حسین کشمیری، ۲۱/شوال۔

---

(۱) (رد المحتار، باب الجمعة: ۲/۱۳۷، سعيد)

(وكذا فی البحر الرائق، باب الجمعة: ۲/۲۴۵، ۲۴۶، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

دوکانوں کی تعداد، مساجد کی کثرت، آبادی کے شمار کے لحاظ سے یہ بڑی بستی ہے، عامۂ ایسی بستی میں روزمرہ کی حوائج پوری ہوجاتی ہیں اور کسی دوسری جگہ جانے کی ضرورت پیش نہیں ہوتی، عرف میں اس کو قریۂ کبیرہ کہتے ہیں جو کہ قصبہ کے حکم میں ہے، وہاں جمعہ جائز ہے اور حدیث شریف میں جو ممانعت مذکور ہے اس سے قریہ صغیرہ مراد ہے:

"(و يشترط لصحتها الخ) عن أبي حنيفة رحمه الله تعالىٰ أنه بلدة كبيرة، فيها سكك وأسواق، ولها رساتيق، و فيها والٍ يقدر على إنصاف المظلوم من الظالم بحشمته و علمه أو علم غيره، يرجع الناس إليه فيما يقع من الحوادث، وهذا هو الأصح، اهـ". شامي، ص:٥٣٦(١)۔

یہ تو مصر کی علامات بتائی گئی ہیں قصبات اور قریٰ کبیرہ کو بھی صحتِ جمعہ کے لئے شہر کے تابع قرار دیا گیا:

"و تقع فرضاً فى القصبات والقرىٰ الكبيرة التى فيها أسواق، اهـ". شامى: ١/٥٣٧(٢)۔

البتہ چھوٹے گاؤں میں جمعہ صحیح نہیں وہاں جمعہ کے دن بھی ظہر لازم ہے:"وفيما ذكرنا إشارة إلى أنه لا تجوز فى الصغيرة التى ليس فيها قاض ..... والظاهر أنه أريد به الكراهة لكراهة النفل بالجماعة، ألا ترىٰ أن فى الجوهرة: لو صلوا فى القرىٰ، لزمهم أداء الظهر، اهـ". شامى: ١/٥٣٧(٣)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۹/۱۰/۲۹ھ۔

جمعہ فی القریٰ

سوال[۳۷۰۲]: ایک موضع جس کی کل آبادی تقریباً سوا دو ہزار ہے یا کچھ زائد، ایک چھوٹا بازار لگتا

---

(۱) (رد المحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ١٣٧/٢، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ٢٤٥/٢، ٢٤٦ رشيديه)

(كذا فى الحلبى الكبير، كتاب الصلاة، فصل فى صلاة الجمعة، ص: ٥٥٠، سهيل اكيڈمى لاهور)

(۲) (رد المحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ١٣٨/٢، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ٢٤٥/٢، رشيديه)

(۳) (ردالمحتار، المصدر السابق)

ہے، ڈاکخانہ بھی ہے، ضروریات کی چیزیں بھی اکثر مل جاتی ہیں، یہاں جمعہ پڑھنا درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جمعہ کے لئے حنفیہ کے نزدیک شہر یا بڑا قصبہ ہونا ضروری ہے، چھوٹے گاؤں میں جمعہ درست نہیں، بڑا گاؤں وہ ہے جس میں گلی کوچے ہوں اپنے پھیلاؤ اور ضروریات کے اعتبار سے قصبہ کے مثل ہو، تین چار ہزار کی آبادی ہو(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ۔

ایضاً

سوال[۳۷۰۳]: گاؤں یا قصبہ میں جمعہ جائز ہے یا نہیں؟ اگر جائز ہے تو کم از کم مسلمانوں کی آبادی کتنی ہونی ضروری ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

قصبہ اور بڑے گاؤں میں حنفیہ کے نزدیک جمعہ جائز ہے چھوٹے گاؤں میں جائز نہیں۔ بڑا گاؤں وہ ہے جس میں گلی کوچے ہوں بازار ہو، روزمرہ کی ضروریات ملتی ہوں، تین چار ہزار کی آبادی ہو، ان میں مسلمان خواہ اقلیت میں ہوں، یا برابر، یا زائد(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

---

(۱) "عن علی رضی اللہ تعالیٰ عنه أنه قال: لا جمعة و لا تشریق إلا فی مصر جامع". (إعلاء السنن، أبواب الجمعة، باب عدم جواز الجمعة فی القری: ۸/ ۱، إدارة القرآن کراچی)

"یشترط لصحتها سبعة أشیاء: الأول: المصر الخ". (الدر المختار). "عن أبی حنیفة رحمه اللہ تعالیٰ أنه بلدة کبیرة، فیها سکک وأسواق، ولها رساتیق، و فیها والٍ یقدر علی إنصاف المظلوم من الظالم بحشمته و علمه أو علم غیره، یرجع الناس إلیه فیما یقع من الحوادث و هذا هو الأصح". (ردالمحتار، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/ ۱۳۷، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/ ۲۴۶، رشیدیه)

مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: (أحسن القری فی توضیح أوثق العری، تألیف شیخ الهند حضرت مولانا محمود حسن رحمه اللہ تعالیٰ)

(۲) "عن حذیفة رضی اللہ تعالیٰ عنه: لیس علی أهل القری جمعة، إنما الجمعة علی أهل الأمصار مثل =

Made searchable using ScribeTools.com

ایضاً

سوال[۳۷۰۴]: ہندوستان کے قریب قریب تمام گاؤں میں اہتمام کے ساتھ نماز جمعہ رائج ہے، مگر فتاوی امدادیہ کی رو سے ممنوع و ناجائز ہے(۱)، پھر بھی علمائے کرام اس کو جائز کئے ہوئے ہیں اور خود پڑھاتے بھی ہیں، اگر مجھ جیسا انسان منع کرے یا جمعہ کی نماز وہاں ترک کرے تو سبھوں کی نظروں میں ذلیل اور برا سمجھا جائے ایسی حالت میں مجھے کیا کرنا چاہئے؟

(الف) اور وہ علماء یا عوام جمعہ کی نماز کو کس مسئلہ کے تحت جائز کئے ہوئے ہیں؟

(ب) اور یہاں کے جن لوگوں نے نماز جمعہ پڑھ لی کیا ان کے ذمہ سے نماز ظہر ساقط ہو جائے گی؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جس بستی میں جمعہ کے شرائط نہ ہوں وہاں جمعہ پڑھنا مسلک حنفیہ کے خلاف ہے، وہاں ظہر پڑھنا

= المدائن". (أوجز المسالک، باب ما جاء فی الإمام ینزل بقریة یوم الجمعة فی السفر: ۲/۲۴۶، إداره تالیف اشرفیه، ملتان)

"یشترط لصحتها سبعة أشیاء: الأول: المصر الخ". (الدرالمختار). "عن أبی حنیفة رحمه الله تعالیٰ أنه بلدة کبیرة، فیها سکک و أسواق، ولها رساتیق، و فیهاوالٍ یقدر علی إنصاف المظلوم من الظالم بحشمته و علمه أو علم غیره، یرجع الناس إلیه فیما یقع من الحوادث، و هذا هو الأصح". (ردالمحتار، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۱۳۷، سعید)

(وکذا فی البحرالرائق، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۲۴۶، رشیدیه)

مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: (القول البدیع فی اشتراط المصر للتجمیع، تالیف حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ)

(۱) (امداد الفتاوی، کتاب الصلاة، باب الجمعة والعیدین: ۱/۴۱۷، دار العلوم کراچی)

"أن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لما هاجر إلی المدینة، أقام فی قباء -وهی قریة قرب المدینة الخ-، أربعة عشر یوماً أو أربعةً وعشرین، -کما فی البخاری علی نسخها- ووقعت الجمعة فی أثنائها و لم یثبت أن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم صلی فیها الجمعة، و لم یأمرهم أن یجمعوا فیها ..... فعلم بهذا أن القری لیست محل إقامة الجمعة". (بذل المجهود، کتاب الصلاة، باب الجمعة فی القری: ۲/۱۷۰، معهد الخلیل الإسلامی)

Made Searchable by ScribeTools.com

ضروری ہے، اگرعلماء وہاں جمعہ پڑھتے پڑھاتے ہیں تو غلطی کرتے ہیں، ان کا اس میں اتباع نہیں کرنا چاہئے۔اگر وہاں جمعہ نہ پڑھنے والے کو ذلیل سمجھیں تو سمجھا کریں، کسی کے ذلیل سمجھنے سے کوئی ذلیل نہیں ہوتا، ذلیل وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے مردود ہو(۱)۔

(الف) یہ تو ان سے ہی پوچھنے کی بات ہے۔

(ب) بغیر شرائط کے جمعہ پڑھنے سے ظہر کی نماز ذمہ سے ساقط نہیں ہوگی (۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

ایضاً

سوال[۳۷۰۵] : استفتاء بخدمتِ اقدس والامرتبت جناب مفتی صاحب زید مجدہ!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امر باعثِ تصدیعہ اینکہ آج کل مختلف دیہات ومضافات میں جانے آنے سے معلوم ہوا کہ دارالعلوم دیوبند ومظاہر علوم سہارنپور سے قریٰ صغیرہ جن کی آبادی ۱۸۰۰/ یا دو ہزار ہو یا کچھ کم وبیش ہو اور نہ وہاں بازار ہوتا ہے نہ ہی روزمرہ کی دیگر ضروریات بسہولت بہم پہونچتی ہیں، لیکن جوازِ جمعہ کے فتاویٰ صادر ہورہے ہیں حالانکہ علامہ شامی کی تصریح: ”و تقع فرضاً فی القصبات والقریٰ الکبیرۃ التی فیھا أسواق“(۳) سے صراحۃً بازار کی قید مفہوم ہوتی ہے، ہاں! اگر سوق کے لغوی معنی ”جائے فروخت“ لیکر ”دوکان“ مراد ہو اور پھر چونکہ اَسواق جمع قلت ہے، اس لئے پانچ سات مختلف دوکانوں کے پائے جانے سے بھی اسواق کا صدق ہوتا ہو تو بھی فرمایئے، آخر جب سوق کے معنی لغوی ”بازار“ بھی ہیں اور متعارف اہل لسان بھی ہیں تو اس کو متروک کیوں قرار دیا؟ حالانکہ اکابر کا طریق بھی اس کے خلاف ہے جن میں سے حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی، حضرت مولانا اشرف علی صاحب قابل ذکر ہیں۔حضرت مذکورۃ الصدر کا اقدام ”انسداد جمعات فی القری التی

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ ﴿ وتعز من تشآء و تذل من تشآء، بیدک الخیر، إنک علی کل شیء قدیر﴾ (آل عمران: ۲۶)

(۲) ”ألا تری أن فی الجواھر: لو صلوا فی القری، لزمھم أداء الظھر “. (رد المحتار، باب العیدین: ۱۳۸/۲، سعید)

(۳) (رد المحتار، کتاب الصلاۃ، باب الجمعۃ: ۲۳۸/۲، سعید)

Made searchable using ScribeTools.com

أفتينا بجوازها في مثلها" معلوم ومشہود ہے۔

حضرت گنگوہی رحمہ اللہ تعالیٰ نے موضع اسلام نگر ضلع سہارنپور میں خود تشریف لیجا کر جمعہ بند کرایا حالانکہ وہاں کی آبادی تین ہزار ہے، پانچ مسجدیں ہیں، ہفتہ وار معمولی سی پینٹھ بھی لگتی ہے(۱)، لیکن بازار نہیں، یونہی چند مختلف دوکانیں ہیں اور عرف میں سب موضع اور گاؤں کہتے ہیں۔ اسی طرح حضرت حکیم الامت مجدد الملت مولانا تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے موضع بھیسانی اسلام پور جس کی آبادی ساڑھے تین ہزار ہے، پندرہ سولہ مختلف دوکانیں ہیں، سات مسجدیں ہیں اقامتِ جمعہ کی اجازت نہیں فرمائی، پھر یہ کہ حضرت! بھیسانی اسلام پور کی نوعیت آج کل جن دیہات میں فتوے جارہے ہیں ان سے بہت بلند ہے۔

نیز ﴿وذروا البيع﴾ (۲) بھی قابلِ غور ہے، چونکہ اول تو دیہات میں بیع وشراء نہیں اور اگر ہے تو کالعدم وہ مانع عن السعی نہیں، اس لئے یہ اس مقام کے لئے ہوسکتا ہے جس جگہ بازار ہوتا کہ چند دوکانیں بلکہ گاؤں کے لئے تو: "وذروا البيع والزراعة" مناسب تھا، اس سے معلوم ہوا کہ یہ حکم ﴿يا أيها الذين آمنوا﴾ الاية (۳) یہ عام مخصوص منہ البعض کے قبیل سے ہے۔ اور پھر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قباء میں جمعہ نہیں پڑھا (۴) حالانکہ چودہ یا چوبیس روز آپ کا قیام وہاں رہا۔ نیز ارشاد ہے: "لا جمعة و لا تشريق في القرى" (۵) تو یہ دونوں باتیں اس کے مخصوص منہ البعض ہونے کی مؤید ہیں۔ تو ایسی صورت

---

(۱) "پینٹھ: آٹھویں روز کا بازار (انوار اللغات تحت اللفظ پیندا: ۲/ ۹۲۰، سنگ میل پبلی کیشنز، لاهور)
(وكذا في فيروز اللغات، ص: ۳۳۳، فيروز سنز لميٹڈ، لاهور)

(۲) (سورة الجمعة: ۸)

(۳) (سورة الجمعة : ۹)

(۴) "أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لما هاجر إلى المدينة أقام في قباء –وهي قرية قرب المدينة الخ –، أربعة عشر يوماً أو أربعةً وعشرين، –كما في البخاري على نسخها– ووقعت الجمعة في أثنائها، و لم يثبت أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم صلى فيها الجمعة، ولم يأمرهم أن يجمعوا فيها الخ".
(بذل المجهود، كتاب الصلاة، باب الجمعة في القرى: ۲/ ۱۷۰، معهد الخليل الإسلامي، كراچی)

(۵) حدیث کی اصل عبارت اس طرح ہے: " لا جمعة و لا تشريق إلا في مصر جامع". (إعلاء السنن، أبواب الجمعة، باب عدم جواز الجمعة في القرى: ۸/ ۱، إدارة القرآن كراچی)

میں دوبارہ جواز جمعہ عالمانہ بحث سے مستفید فرمائیں اور قریٰ کبیرہ اور اسواق کی تحقیق کہ ان کا مصداق و مفہوم کیا ہے؟ تحریر فرمائیں۔

سلیم اللہ لوہاروی۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

حنفیہ کے نزدیک جمعہ کے لئے شہر یا قصبہ یا بڑا گاؤں ہونا ضروری ہے، بڑا گاؤں وہ ہے جو اپنی ضروریاتِ روزمرہ، ڈاکخانہ، شفاخانہ، مدرسہ، بازار وغیرہ کے لحاظ سے قصبہ کے مثل ہو اور تین چار ہزار کی آبادی ہو، جو گاؤں ایسا نہیں ہے وہاں جمعہ جائز نہیں، بلکہ روزانہ کی طرح جمعہ کے روز بھی ظہر کی نماز پڑھی جائے، اگر ایسی جگہ جمعہ پڑھیں گے تو وہ نماز نفل ہوگی، نفل کو فرض اعتقاد کرنا اور نفل پڑھ کر یہ عقیدہ رکھنا کہ فرض ادا ہوگیا (۱) نفل کے لئے اذان، اقامت، جماعت علی سبیل التداعی (۲)، نفل نماز میں قرأت بلا جہر (۳) نفل کے لئے خطبہ

---

(۱) " فكم من مباح يصير بالالتزام من غير لزوم والتخصيص من غير مخصص مكروهاً، كما صرح به الملا على القارى فى شرح مشكوة المصابيح والحصكفى فى الدر المختار و غيرهما". (مجموعة رسائل للشيخ عبد الحى اللكنوى رحمه الله تعالىٰ ، سباحة الفكر فى الجهر بالذكر، الباب الأول فى حكم الجهر بالذكر: ۳/۳۴، ادارۃالقرآن کراچی)

قال الطيبى: "و فيه أن من أصرّ على أمر مندوب و جعله عزماً، ولم يعمل بالرخصة، فقد أصاب منه الشيطان من الإضلال، فكيف من أصر على بدعة أو منكر". (المرقاة، باب الدعاء فى التشهد: ۳/۳۱، رشيديه)

(۲) "عن زيد بن ثابت رضى الله تعالىٰ عنه أن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ، قال: "صلوا أيهاالناس فى بيوتكم، فإن أفضل الصلاة صلاةُ المرء فى بيته إلا مكتوبة". قلت: و فيهما دلالة على كون الجماعة مختصةً بالفرض، وأما النوافل فالأصل فيها الإخفاء والانفراد، وإلا لم يكن فعلها فى البيت أفضل ..... فثبت أن الجماعة فى النوافل خلاف الأصل، والأداء على خلاف الأصل لا يخلوا عن الكراهة، والجماعة فى النوافل مكروهة". (إعلاء السنن، أبواب النوافل والسنن، باب كراهة الجماعة فى النوافل الخ: ۷/۷۷، إدارة القرآن)

"و لا يصلى الوتر و لاالتطوع بجماعة خارج رمضان: أى يكره على سبيل التداعى". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الإمامة: ۱/۵۵۲. سعيد)

"التطوع بالجماعة إذا كان على سبيل التداعى يكره". (الفتاوى العالمكيرية، باب الإمامة: ۱/۸۳، رشيديه)

(۳) "عن يحيى بن أبى كثير قال: قالوا: يا رسول الله! إن قوماً يجهرون بالقراءة بالنهار، فقال:" ارموهم بالبعر". =

Made searchable using ScribeTools.com

وغیرہ شرعی مفاسد ہیں، فرض کا ذمہ میں باقی رہ جانا مستقل مفسدۂ عظیمہ ہے:

"لا تصح الجمعة إلا فی مصر جامع أو فی مصلی المصر و لا تجوز فی القری، اهـ". هدایه(۱) "عن أبی حنیفة رحمه الله تعالیٰ أنه بلدة کبیرة، فیها سکك و أسواق، ولها رساتیق، وفیها والٍ یقدر علی إنصاف المظلوم من الظالم بحشمته و علمه أو علم غیره، یرجع الناس إلیه فیما یقع من الحوادث، و هذا هو الأصح". کبیری(۲)۔

"وکره تحریماً لمعذورٍ ومسجونٍ ومسافرٍ أداء ظهر بجماعة فی مصر"۔ "بخلاف القری؛ لأنه لا جمعة علیهم، فکان هذا الیوم فی حقهم کغیره من الأیام، شرح المنیة. وفی المعراج عن المجتبی: من لا یجب علیه الجمعة لبُعد الموضع، صلوا الظهر بجماعة". درمختار و شامی(۳)۔

"و تقع فرضاً فی القصبات والقری الکبیرة التی فیها أسواق. و فیما ذکرنا إشارة إلی أنه لا تجوز فی الصغیرة التی لیس فیها قاض ومنبر وخطیب کما فی المضمرات، والظاهر أنه أرید به الکراهة لکراهة النفل بالجَماعة، ألا تریٰ أن فی الجوهرة: لو صلوا فی القریٰ، لزمهم

= قال الشیخ ظفر أحمد العثمانی رحمه الله تعالیٰ: "قلت: دلالته علی وجوب إخفاء القراءة فی صلاة النهار ظاهرة". (إعلاء السنن، أبواب القراءة، باب وجوب الجهر بالجهریة والسر بالسریة: ۶/۴، ۹، إدارةالقرآن کراچی)

"وأما نوافل النهار، فیخفی فیها حتماً". (الفتاوی العالمکیریة، کتاب الصلاة، الفصل الثانی فی الواجبات الصلوة: ۱/۷۲، رشیدیه)

"(یُسرّ فی غیرها) ..... کمتنفل النهار) فإنه یُسرّ". (الدرالمختار، کتاب الصلاة، فصل فی القرآءة: ۱/۵۳۳، سعید)

(۱) (الهدایة، کتاب الصلاة، باب صلاة الجمعة: ۱/۱۶۸، مکتبه شرکة علمیه ملتان)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۲۴۵، ۲۴۸، رشیدیه)

(۲) (الحلبی الکبیر، کتاب الصلاة، فصل فی صلاة الجمعة، ص: ۵۵۰، سهیل اکیڈمی لاهور)

(۳) (ردالمحتار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۵۷، سعید)

(وکذا فی الفتاوی العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب السادس عشر فی الجمعة: ۱/۱۴۵، رشیدیه)

أداء الظهر، اهـ". شامی(۱)۔

دلائل وماخذ کی تفصیل مطلوب ہوتو أوثق القریٰ،(۲) القول البدیع (۳) اوربذل المجهود(٤)، أوجز المسالك (٥) إعلاء السنن (٦) وغیرہ ملاحظہ فرمائیے۔مظاہرعلوم کا کوئی فتویٰ جواز الجمعة فی القری الصغیرة کے متعلق دیکھا ہوتو ضرورارسال فرماویں، کیوں کہ ہمارے علم میں یہاں سے کوئی ایسا فتوی صادرنہیں ہوا۔

مصراورقصبہ کی تعریف عرفی چیز ہے جوعرف کے بدلنے سے بدلتی رہتی ہے، نیز اس قدرعام ہے کہ بغیرتعریف کئے بھی عوام اور بے علم آدمی بھی جانتے ہیں کہ فلاں بستی چھوٹا گاؤں ہے اورفلاں بستی قصبہ ہے اور جو تعریف اس جواب میں بڑے گاؤں کی ذکرکی ہے اس سے مقصود أقرب إلی الفهم کرنا ہے(۷) یہ حدتام نہیں۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبدمحمودگنگوہی عفا اللہ عنہ، مدرسہ مظاہرعلوم سہارنپور،۱۶/رجب/۶۹ھ۔

مظاہرعلوم سے جمعہ فی القریٰ کے متعلق فتاویٰ حضرت گنگوہی رحمہ اللہ تعالیٰ کے فتوی کے مطابق جاتے

---

(۱) (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱۳۸/۲، سعيد)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۲۴۸، رشيديه)

(۲) (لم أظفر على هذا الكتاب)

(۳) (القول البديع فی اشتراط المصر للتجميع تاليف: حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ)

(۴) (بذل المجهود فی حل أبی داؤد تاليف، حضرت مولانا خليل احمد سهارنفوری رحمه الله تعالیٰ كتاب الصلاة، باب الجمعة فی القری: ۱/۱۷۰، امداديه ملتان)

(۵) (أوجز المسلك شرح مؤطا إمام مالك، تاليف: شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا رحمہ اللہ تعالیٰ، افتتاح الصلاة، باب ما جاء فی الإمام ينزل بقرية فی السفر يوم الجمعة: ۲/۲۴۴، ۲۴۵، إداره تاليفات اشرفيه ملتان)

(٦) (إعلاء السنن، تاليف العلامة ظفر أحمد العثمانی رحمه الله تعالیٰ، أبواب الجمعة، باب عدم جواز الجمعة فی القری: ۸/۱، ۲، ۳، إدارة القرآن كراچی)

(۷) "و ليس هذا كله تحديداً له، بل إشارة إلى تعيينه و تقريب له إلى الأذهان، وحاصله إدارة الأمر على رأی أهل كل زمان فی عدّهم المعمورة مصراً، فما هو مصر فی عرفهم جازت الجمعة فيه، وما ليس بمصر لم يجز فيه، إلا أن يكون فناء المصر". (الكوكب الدری، باب ما جاء فی ترك الجمعة من =

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

ہیں، اگر کوئی فتویٰ آپ نے دیکھا ہے تو آپ دکھلایئے، قیاس سے ایسی بات نہ کہنی چاہئے۔

فقط: سعید احمد غفرلہ، ۱۸/ رجب/ ۶۹ھ۔

جمعہ فی القریٰ مفصل

سوال[۳۷۰۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے احناف اس مسئلہ میں کہ دیہات میں جمعہ جائز ہے یا نہیں؟ مع حوالہ کتب۔

المستفتیان: محمد شائق ومحمد فائق غفرلہما، ۱۱/ رمضان ۵۴ھ۔

الجواب:

جناب شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے مصفی شرح مؤطا میں لکھا ہے: ”پس نمازِ جمعه دو رکعت است در وقتِ ظهر با جماعت عظیمه از مسلمین در قریه یا در شهر“. نیز فرماتے ہیں: ”پس بر جمعیکه بر اجتماعِ ایشاں اسمِ قریه اطلاق بود جمعه واجب است“(۱).

اس پر ہم لوگوں کا عمل ہے، ہم لوگوں کے استاد مولانا محمد اسماعیل صاحب اپنے موضع ہی میں جو نہایت چھوٹا سا گاؤں ہے برابر جمعہ پڑھتے ہیں اور یہی مذہب ہے شوافع اور محدثین کا، جیسا کہ مولانا گنگوہی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فتاویٰ، ص: ۱۱۵ میں لکھا ہے(۲)۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿فاسعوا إلى ذكر الله﴾ (سورۂ جمعه) چونکہ کلمہ ﴿فاسعوا﴾ الفاظِ عموم سے ہے، ہر مکلّف کو عام حکم ہوتا ہے، ہر مکان، شہر، قصبہ، دیہات وغیرہ

= غیر عذر: ۱/ ۱۹۹، مکتبه یحیویه سهارنفور)

”واعلم أن القرية والمصر من الأشياء العرفية التى لا تكاد تنضبط بحال وإن نص، ولذا ترک الفقهاء تعريف المصر على العرف“. (فيض البارى، كتاب الجمعة، باب الجمعة فى القرى: ۲/ ۳۲۹، خضر راه بكڈپو ديوبند)

(۱) (مصفى شرح مؤطا، باب التشديد على من ترک الجمعة بغير عذر، ص: ۱۵۳، مكتبه رحيميه سنهرى مسجد دهلى)

(۲) (تاليفات رشيديه مع فتاوى رشيديه، كتاب الصلاة، باب الجمعة والعيدين، ص: ۳۴۵، اداره اسلاميات لاهور)

میں جہاں ہوں جمعہ پڑھیں، مرقاۃ (۱)۔ حدیث شریف میں ہے "الجمعة حق واجب على كل مسلم" غلام، عورت، لڑکے، بیمار کو اس حدیث میں مستثنیٰ فرمایا ہے، ابوداؤد شریف (۲)۔

ایک حدیث میں ہے "رواح الجمعة واجب على كل محتلم". نسائی (۳) ہر مسلمان مرد پر جمعہ واجب ہے۔ خود آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دیہات میں جمعہ پڑھا ہے قریۂ بنی سالم میں، بیہقی میں "وهى قرية بين القبا و المدينة" تصریح ہے (۴)۔ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے بھی دیہات میں نماز جمعہ پڑھی ہے جواثی میں، بخاری میں ہے "الجواثى من البحرين" (۵)۔ أبوداؤد میں تصریح ہے: "قرية من قرىٰ البحرين" (٦)۔

آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد بھی صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم دیہات میں نماز جمعہ برابر پڑھتے رہے ہیں اور اس کا حکم کرتے رہے، بخاری میں ہے (۷)۔ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ "زاویہ" میں

---

(۱) لم أجد فى المرقاة عبارةً على هذا المعنى". والله اعلم

(۲) "عن طارق بن شهاب عن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "الجمعة حقٌّ واجبٌ على كل مسلم فى جماعة إلا أربعة: عبد مملوك أو امرأة أو صبى أو مريض". (سنن أبى داؤد، كتاب الصلاة، باب الجمعة للمملوك والمرأة: ۱/۱۶۰، مكتبه امداديه ملتان)

(۳) (سنن النسائى، كتاب الجمعة، باب التشديد فى التخلف: ۱/۲۰۳، قديمى)

(۴) لم أظفر به..... وقد قال: "قلت: فى معجم البكرى: جواثىٰ مدينةٌ بالبحرين لعبد القيس الخ".

(السنن الكبرى مع الجوهر النقى، كتاب الجمعة، باب العدد الخ: ۳/۱۷۶، إدارة تاليفات اشرفيه)

(۵) الحديث بتمامه: "عن ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما، قال: إن أول جمعة جُمّعت بعد جمعة فى مسجد رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى مسجد عبد القيس بجواثىٰ من البحرين". (صحيح البخارى، كتاب الجمعة، باب الجمعة فى القرى والمدن: ۱/۱۲۲، قديمى)

(٦) الحديث بتمامه: "عن ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما، قال: إن أول جمعة جمّعت فى الإسلام بعد جمعة فى مسجد رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم..... اهـ". (سنن أبى داؤد، كتاب الصلاة، باب الجمعة فى القرى: ۱/۱۶۰، امداديه ملتان)

(۷) "قال يونس: كتب رزيق بن حكيم إلى ابن شهاب –وأنا معه يومئذٍ بوادى القرى–: هل ترى أن أجمّع؟ –و رزيق عامل على أرض يعملها و فيها جماعة من السودان وغيرهم و رزيق يومئذ على أيلة–،=

Made searchable using ScribeTools.com

نماز پڑھا کرتے تھے جمعہ کی، زاویہ شہر بصرہ سے چھ میل کے فاصلہ پر ایک چھوٹی بستی ہے، جمعہ وعید اسی میں پڑھا کرتے تھے(۱)۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اہلِ بحرین کو لکھا: "جمّعوا حیث ما کنتم". جہاں رہو جمعہ پڑھو دیہات، شہر دونوں کو شامل ہے، فتح الباری (۲)۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اہلِ میاہ کو اپنی اپنی بستیوں میں نماز پڑھتے ہوئے دیکھتے تھے اور ان پر کچھ انکار نہیں فرماتے تھے، تابعین اور اتباعِ تابعین وغیرہم بھی دیہات میں جمعہ پڑھتے تھے اور اس کا فتوی دیتے تھے، فتح الباری (۳)۔

"لا جمعة ولا تشریق إلا فی مصر جامع" قول ہے۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا"۔ فتاوی مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی (۴)۔

امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کا آبِ زر سے لکھنے کے قابل اصول ہے: "جو حدیثیں حد تواتر کو پہونچ گئیں ہیں ان سے نسخ قرآن جائز ہے، اسی طرح حدیثِ مشہور سے زیادۃ علی الکتاب درست ہے مگر آحاد کے قبیل سے جو حدیثیں ہیں ان سے نہ تو نسخِ قرآن مجید درست ہے اور نہ تخصیصِ عمومِ آیاتِ فرقان حمید جائز ہے، تخصیص بھی ایک قسم کا نسخ ہے"۔ حبل المتین شوق نیموی (۵)۔

= فكتب ابن شهاب، -وأنا أسمع يأمر ه-: أن يجمّع". (صحيح البخارى، كتاب الجمعة، باب الجمعة فى القرى: ۱/۱۲۲، قديمى)

(۱) "وكا ن أنس رضى الله تعالىٰ عنه فى قصره أحياناً يجمّع وأحياناً لا يجمّع، وهو بالزاوية على فرسخين". (صحيح البخارى، كتاب الجمعة، باب من أين تؤتى الجمعة: ۱/۱۲۳، قديمى)

(۲) "وعن عمر رضى الله تعالىٰ عنه أنه كتب إلى أهل البحرين: أن جمّعوا حيثما كنتم. وهذا يشمل المُدن والقرى". (فتح البارى، كتاب الجمعة، باب الجمعة فى القرى والمدن: ۲/۳۸۰، دار المعرفة بيروت)

(۳) "عن ابن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما: أنه كان يرى أهل المياه بين مكة والمدينة يجمّعون، فلا يعيب عليهم". (فتح البارى، كتاب الجمعة، باب الجمعة فى القرى والمدن: ۲/۳۸۰، دار المعرفة)

(۴) (تاليفات رشيديه مع فتاوى رشيديه، كتاب الصلاة، باب الجمعة والعيدين، ص: ۳۲۹، إداره اسلاميات لاهور)

(۵) لم أظفر على هذا الكتاب، وقد ذكر المسئلة الملاجيون بلفظ: "و نسخ وصفٌ فى الحكم بأن =

واضح رہے کہ ہم آیاتِ جمعہ سے عورت وغیرہ کا مخصوص ہونا عندالحنفیہ رحمہم اللہ تعالیٰ تسلیم نہیں کرتے، بنابراصولِ بالاتخصیص کے لئے بھی خبرمشہور کی ضرورت ہے۔آپ پہلے ان احادیث کوجن میں عورت وغیرہ کا استثناء آیا ہے مشہور ہونا ثابت کریں تب عورت وغیرہ کی تخصیص پر کلام کریں۔اور یہ بھی واضح رہے کہ عام مخصوص منہ البعض کی تخصیص عندالحنفیہ اخبارِآحاد سے جائز ہے نہ آثارِصحابہ سے،اور"لا جمعة ولا تشریق"(۱) قولِ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ظاہر ہے کہ شہر کے سوا کسی گاؤں میں جمعہ جائز نہیں ہے،شہر کے قریب ہوخواہ بعید، گاؤں بڑا ہو یا چھوٹا،عندالحنفیۃ رحمہ اللہ تعالیٰ منجملہ شرائط کے سلطان کا ہونا بھی ایک شرط ہے، ہدایہ(۲) مگر کسی وجہ سے سلطان کا حاضر ہونا متعذر ہو یا استیذان سے معذوری ہوتو یہ شرط بوجہٴ ضرورت ساقط ہوجاتی ہے عالمگیری(۳)۔

اسی طرح وہ اہل قریہ جو بوجہٴ بُعدِ مسافت شہر میں نماز جمعہ کے واسطے حاضر ہونے سے معذور ہیں،ان سے یہ شرط بوجہٴ معذوری ساقط ہے، ان لوگوں کو اپنے اپنے مقام میں نماز جمعہ ادا کرنا صحیح ہے(۴) اور اکثر

= ينسخ عمومه و إطلاقه،و يبقى أصله، و ذلك مثل الزيادة على النص، كزيادة مسح الخفين على غسل الرجلين الثابت بالكتاب، فإن الكتاب يقتضى أن يكون الغسل هو الوظيفة للرجلين، سواء كان متحققاً، أولا. و الحديث المشهور نسخ هذا الإطلاق ،و قال: إنما الغسل إذا لم يكن لابس الخفين، فالآن صار الغسل بعض الوظيفة، فإنها نسخ عندنا ..... فلا يجوز عندنا إلا بالخبر المتواتر والمشهور كسائر النسخ". (نور الأنوار، مبحث أقسام البيان، أقسام النسخ، ص: ۲۱۲، سعيد)

(۱) "عن على رضى الله تعالىٰ عنه أنه قال:" لا جمعة و لا تشريق إلا فى مصر جامع". (إعلاء السنن، أبواب الجمعة، باب عدم جواز الجمعة فى القرى: ۸/۱، إدارة القرآن كراچى)

(۲) "لا يجوز إقامتها إلا للسلطان أو لمن أمره السلطان الخ". (الهداية، كتاب الصلاة، باب صلوة الجمعة: ۱/۱۶۸، مكتبه شركة علميه ملتان)

(۳) "و لو تعذر الاستئذان من الإمام فاجتمع الناس على رجل يصلى بهم الجمعة، جاز". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب السادس عشر فى الجمعة: ۱/۱۴۶، رشيديه)

(۴) قریہ مذکورہ چار حال سے خالی نہیں،یا تو قریہ صغیرہ ہے یا قریہ کبیرہ یا مصر یا فنائے مصر ہے،پہلی صورت میں عندالاحناف نماز جمعہ ادا کرنا درست نہیں ہے،دوسری،تیسری اور چوتھی صورت میں مصر یا فنائے مصر کی شرط ساقط نہیں بلکہ یہ خود مصر ہے یا فنائے مصر ہے =

Made searchable using ScribeTools.com

فقہائے حنفیہ رحمہم اللہ تعالیٰ نے یہ فتوی دیا ہے کہ تمام ان دیہاتوں میں جمعہ فرض ہے جہاں مسلمان مکلّف اس قدر ہوں کہ وہاں کی بڑی مسجد میں گنجائش نہ ہو سکے (۱)۔اب کیا جواب ہے اثرِ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا جس میں چھوٹا بڑا ہونا گاؤں کا نہیں ہے، اگر بڑا گاؤں مصر ہے چھوٹا گاؤں بھی مصر ہے، حالانکہ قریہ قریہ ہے اور مصر مصر، کبھی مصر کی ایسی تعریف کرنا کہ بہت سے گاؤں بھی مصر ہو جائیں اور کبھی اتنا دائرہ تنگ کرنا کہ بہت سے شہروں کو بھی حدِ مصر سے خارج کر دینا کیا عقلمندی ہے؟ مکہ، مدینہ جہاں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عمر بھر نماز پڑھی عندالاحناف نماز جمعہ کے جائز ہونے میں شک اور تردد ہے، مرقاۃ میں ہے:

"واختلفوا فی حد المصر اختلافاً کثیراً، قلّ ما یتفق وقوعه فی بلادٍ، و لا تغترّ بقول من قال: إن کلا من الحرمین الشریفین مصر لصلوته علیه السلام فیهما؛ لأن الأوصاف تختلف باختلاف الأوقات، الخ" (۲)۔

=لہٰذا عندالاحناف بھی اس میں نماز جمعہ ادا کرنا درست ہے: "عن علی رضی الله تعالیٰ عنه أنه قال: لا جمعة و لا تشریق إلا فی مصر جامع". (إعلاء السنن، أبواب الجمعة، باب عدم جواز الجمعة فی القری: ۸/ ۱، ادارة القرآن کراچی)

"(ولأدائها شرائط فی غیر المصلی) ومنها: المصر، والمصر فی ظاهر الروایة الموضع الذی یکون فیه مفتٍ و قاضٍ یقیم الحدود و ینفذ الأحکام و بلغت أبنیته أبنیة مِنیٰ". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب السادس عشر فی صلاة الجمعة: ۱/ ۱۴۵، سعید)

"قال الکمال: وفناء ه (أی فناء المصر) هو المکان المعدّ لمصالح متصلاً به أو فصل بغلوة، کما قدّره محمد فی النوادر، وهو المختار..... فإن الإمام لم یقدّر الفناء بمسافةٍ، وکذا جمعٌ من المحققین، وهو الذی لایُعدل عنه، فإن الفناء بحسب کبر المصر وصغره ..... وبعضهم قدّره بفرسخ وفرسخین وثلاثة فراسخ. ثم قال الکمال: وقیل: بمیل، وقیل بمیلین وقیل: بثلاثة أمیال، وقیل: إنما تجوز فی الفناء إذا لم یکن بینه وبین المصر مزرعة". (ردالمحتار، باب الجمعة: ۲/ ۱۳۹، سعید)

(۱) "(و یشترط لصحتها) سبعة أشیاء: الأول المصر و هو ما لا یسع أکبر مساجده أهله المکلفین بها، وعلیه فتوی أکثر الفقهاء". (الدرالمختار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/ ۱۳۷، سعید)

(وکذا فی الهدایة، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱/ ۱۶۸، مکتبه شرکة علمیه)

(۲) (مرقاة المفاتیح، کتاب الصلاة، باب الخطبة والصلاة، (رقم الحدیث: ۱۴۱۹): ۳/ ۵۱۳، رشیدیه)

Made Searchable by ScribeTools.com

یا "لاجمعة" میں "لا" نفی کمال کی لے لیں، یا امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ کا مذہب لے لیں جیسا کہ قلتین کے بارے میں لیا ہے: " خبر القلتين صحيحٌ إسناده ثابت، و لكن تركناه؛ لأنا لا نعلم ما القلتان"(۱)۔

اسی طرح ہم کہتے ہیں: أثر على رضى الله تعالىٰ عنه صحيح وإسناده ثابت، لكن لا نعلم ما المصر الجامع؛ لأنه روى إلا فى مصر جامع أو مدينة عظيمة على الشك۔

اور جب اثرِ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ واثرِ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں تعارض ہوا تو ہم نے احادیثِ مرفوعہ کی طرف رجوع کیا تو معلوم ہوا کہ بجز مریض، مسافر، لڑکے، عورت، غلام ہر مسلمان پر جو بالغ عاقل ہو جمعہ فرض ہے شہر کا رہنے والا ہو یا دیہات کا (۲)۔

الجواب صحیح: واللہ تعالیٰ اعلم، فقیر محمد نور الحسن بقلم خود۔ ۱۳/ رمضان/ ۱۳۵۲ھ۔

الجواب هو الموفق للصواب

نحمد و نصلى على رسوله الكريم

جس طرح جمعہ کی فرضیت پر اتفاق ہے اسی طرح اس اصل پر بھی تمام امت کا اتفاق ہے کہ جمعہ مثلِ

---

(۱) "قال الحافظ أبو الفضل العراقى فى أماليه: قد صحح هذا الحديث الجم الغفير من الأئمة الحفاظ: الشافعى وأبو عبيد وأحمد وإسحاق ويحيى بن معين وابن خزيمة والطحاوى الخ.

وقال العلامة ظفر أحمد العثمانى نوّر الله مرقده قبل ذلك: "وقال الطحاوى: إنما لم نَقُل به؛ لأن مقدار القلتين لم يثبت". (إعلاء السنن، أحكام المياه: ۱/ ۱۷۳، إدارة القرآن والعلوم الإسلاميه)

امام طحاوی رحمہ اللہ کے قول: إنما لم نَقُل به؛ لأن مقدار القلتين لم يثيبت" کی طرح مجیب کا قول: "أثر علىّ رضى الله تعالىٰ عنه صحيحٌ، وإسناده ثابتٌ، لكن لا نعلم ما المصر الجامع ..... اهـ". صحیح نہیں، کیونکہ قلّتین کے بارے میں امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ کا کہنا ثبوتاً ہے کہ قلّتین کی مقدار میں اختلافِ کثیر ہے اور ہر قول ایک اصل اور حقیقت پر مبنی ہے اور ایک قول دوسرے قول سے احتراز اور اس کی نفی کے لئے ہے اور مصر کے ساتھ "جامع" کی قید اور مدینہ کے ساتھ "عظيمة" کی قید صفتِ مُوضحہ ہے، کسی دوسری چیز سے احتراز اور اس کی نفی کے لئے نہیں ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ (فضل مولیٰ)

(۲) "عن طارق بن شهاب عن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: " الجمعة حقٌّ واجبٌ على كل مسلم فى جماعة إلا أربعة: عبد مملوك أو امرأة أو صبى أو مريض". (سنن أبى داؤد، كتاب الصلاة، باب الجمعة للمملوك والمرأة: ۱/ ۱۶۰، مكتبه امداديه ملتان)

Made searchable using ScribeTools.com

اَور عام نمازوں کے نہیں کہ آبادی میں یا جنگل میں، جماعت سے یا تنہا ہر طرح پڑھنے سے ادا ہو جائے بلکہ جمعہ کے لئے جماعت بھی شرط ہے اور ایسا مقام بھی شرط ہے کہ جو دوسری عام نمازوں کے لئے شرط نہیں، ابن قیم حنبلی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

"الحادية والعشرون (من خصائص يوم الجمعة) أن فيه صلوة الجمعة التى خصّت من بين سائر الصلوات المفروضة بخصائصَ لا توجد فى غيرها من الاجتماع والعدد المخصوص واشتراط الإقامة والاستيطان، اهـ" (۱)۔

علامہ شوکانی رحمہ اللہ تعالیٰ محدث نے نیل الاوطار میں لکھا ہے: " والثانى (من شروط صحة الجمعة) أن تكون بقرية مبنية بما جرت به عادة أهلها و لا من قصب، يستوطنها أربعون رجلاً استيطان الإقامة، لا يظعنون عنها" (۲)۔

صاحبِ اقناع شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ نے تحریر کیا ہے: " الأول من شروط الجمعة البلد مصراً كانت أو قريةً"(۳)۔

---

(۱) (زاد المعاد لابن القيم، فصل فى هديه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى تعظيم يوم الجمعة: ۱۵۰، دارالفكر ، بيروت)

(وكذا أوجز المسالك شرح مؤطا إمام مالك، باب ما جاء فى الإمام ينزل بقرية يوم الجمعة فى السفر: ۲/۲۴۴، إداره تاليفات اشرفيه ملتان)

(۲) "لعل هذه العبارة ليست من نيل الأوطار للشوكانى؛ لأنى تتبعتها فى ماعندى من مظانّه و لم أجدها فيه، بل الغالب على الظن أن هذه العبارة منقولة من نيل المآرب كما صرح به شيخ الحديث محمد زكريا قدس سره فى أوجز المسالك: "ففى نيل المآرب لفقه الحنابلة: لصحة الجمعة أربعة شروط: أحدها الوقت، والثانى أن تكون بقرية مبنية بما جرت به الخ". (أوجز المسالك، باب ماجاء فى الإمام ينزل بقرية يوم الجمعة فى السفر: ۲/۲۴۴، إداره تاليفات اشرفيه ملتان)

والقرينة على أن العبارة المذكورة ليست من نيل الأوطار هى أن العبارات التى ذكرها المفتى محمود حسن الگنگوهى قدس سره سياقاً و سباقاً من أوجز المسالك، والعبارة المذكورة أيضاً مرقومة فى الأوجز كما ترىٰ.

(۳) (أوجز المسالك شرح مؤطا إمام مالك، باب ماجاء فى الإمام ينزل بقرية يوم الجمعة فى السفر: =

فقہ مالکیہ کی مختصر الخلیل میں ہے:" شرط الجمعة وقوع كلها بالخطبة وقت الظهر باستيطان بلد أو خصاص لاخيم و بجامع مبنى متحد، الخ"(۱)، یہ اہلِ حدیث اور ائمہ ثلاثہ کا مسلک ہے۔

حنفیہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا مسلک: "لا تصح الجمعة إلا فى مصر جامع أو مصلى المصر". ھدایہ(۲) وغیرہ کتب میں مشہور ومعروف ہے۔

شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ "حجة الله البالغة" میں ارشاد فرماتے ہیں:

"وقد تلقّت الأمة تلقياً معنوياً من غير تلقى لفظ أنه يشترط فى الجمعة الجماعة و نوع من التمدن، وكان النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و خلفاؤه وأصحابه رضى الله تعالىٰ عنهم والأئمة المجتهدون رحمهم الله تعالىٰ يجمّعون فى البلدان، و لا يؤاخذو ن أهل البدو، بل و لا يقام فى عهدهم فى البدو، ففهموا من ذلك قرناً بعد قرن عصراً بعد عصر أنه يشترط لها الجماعة والتمدن. أقول: و ذلك لأنه لما كان حقيقة الجمعة إشاعة الدين فى البلد، وجب أن ينظر إلى تمدن و جماعة"(۳)۔

یعنی جمعہ کے لئے ایک قسم کی شہریت اور جماعت بالاتفاق شرط ہے، حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور خلفاء اور مجتہدین نے بُلدان میں جمعہ قائم کیا ہے، بوادی میں قائم نہیں کیا، جس سے ہر زمانہ کے لوگوں نے سمجھا ہے کہ جمعہ کے لئے جماعت اور تمدن شرط ہے اور یہ اس لئے کہ جمعہ کی حقیقت وغایت اشاعۃ الدین فی البلدان ہے، لہٰذا جماعت اور تمدن کو مدنظر رکھنا ضروری ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ ائمۂ اربعہ اور محدثین میں سے کسی کے نزدیک بھی میدان اور جنگل میں آبادی سے دور جمعہ جائز نہیں ہے:"لا تقام الجمعة فى المفازة

= ۲۴۵/۲، إداره تاليفات اشرفيه ملتان)

(۱) (أوجز المسالک، باب ماجاء فى الإمام ينزل بقرية يوم الجمعة فى السفر: ۲۵۴/۲، اداره تاليفات، ملتان)

(۲) (الهداية، كتاب الصلوة، باب صلوة الجمعة: ۱۶۸/۱، مكتبه شركة علميه ملتان)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲۴۵/۲، ۲۴۶، ۲۴۸، رشيديه)

(۳) (حجة الله البالغة، كتاب الصلاة، الجمعة: تجب الجمعة فى البلدان: ۷۶/۲، قديمى)

(وكذا فى أوجز المسالک، باب ما جاء فى الإمام ينزل بقرية يوم الجمعة فى السفر: ۲۴۴/۲، إداره تاليفات اشرفيه ملتان)

Made searchable using ScribeTools.com

عند الأربعة" عینی(۱)۔

آیت ﴿فاسعوا إلی ذکر اللہ﴾ کی تخصیص یا تقیید حنفیہ خبر واحد سے نہیں کرتے، بلکہ اس کے عام مخصوص البعض ہونے پر اس کے خلاف اجماع سے استدلال کرتے ہیں، فلا اشکال:

"الإجماع یخصّص القرآن کتنصیف حدّ القذف علی العبد، فإن الکتابِ عامٌّ للأحرار والعبید، وکتخصیص الإجماع السکوتی علی نزح ماء الزمزم حین وقع الزنجی حدیث: "إن الماء طهورٌ لا ینجسه شیء" -رواه الترمذی (۲)- بالغدیر العظیم. و تفصیله فی فتح القدیر و شرح سفر السعادة۔

والتحقیق أن الإجماع لیس مخصصاً حقیقةً وأنه یتضمن وجود المخصّص ولو بالقیاس لعدم اعتباره من الوحی والتخصیص بعده کما لو علموا بخلاف النص الخاص، فإنه إجماعٌ رافعٌ لحکم النص لتضمنه ناسخاً؛ لأن الإجماع لا یکون علی الخطأ، فالفرق بین التخصیص والنسخ به بأن الأول جائزٌ دون الثانی، کما وقع عن أهل الأصول لایعود إلی أمر معنوی، فإن الإجماع نفسه لیس بمخصص ولا ناسخ حقیقةً و باعتبار التضمن مخصّصٌ وناسخٌ، فإطلاق التخصیص باعتبار التضمن، و فی النسخ اعتبروا الحقیقة کما فی شرح المختصر، الخ". فواتح الرحموت(۳)۔

---

(۱) (البنایة للعینی، کتاب الصلاة، باب الجمعة، تحت عبارة الهدایة: "و لا تجب الجمعة علی مسافر و لا امرأة و لا مریض الخ": ۱/۱۰۰۰، ملک سنز کارخانه بازار فیصل آباد)

(وکذا فی أوجز المسالک، باب ما جاء فی الإمام ینزل یوم الجمعة الخ: ۲/۲۴۴، إداره تالیفات اشرفیه، ملتان)

(۲) الحدیث بتمامه: "عن أبی سعید الخدری رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: قیل: یا رسول اللہ! أنتوضأ من بیر بضاعة و هی بئر یلقی فیها الحیض و لحوم الکلاب و النتن؟ فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "إن الماء طهور لا ینجسه شئی". (جامع الترمذی، أبواب الطهارة، باب ما جاء أن الماء طهور لا ینجسه شئ: ۱/۲۱، قدیمی)

(۳) (فواتح الرحموت لنعلامة عبد العلی الهندی، التخصیصات، الرابع: الصفة، مسألة: الإجماع =

اگر یہ آیت اپنے اطلاق وعموم پر ہوتو چاہئے کہ ہر جگہ کی فرضیت واقامت کا حکم کیا جاوے "و هو خلاف الإجماع كما مر آنفا، بلکہ جس طرح اس سے بعض نماز پڑھنے والوں عورت، مسافر، غلام وغیرہ کو مستثنیٰ کیا جاتا ہے اسی طرح نماز کی جگہ کو بھی مستثنیٰ کیا جاتا ہے:

"إن قوله تعالىٰ: ﴿فاسعوا إلى ذكر الله﴾ ليس على إطلاقه اتفاقاً بين الأئمة؛ إذ لا يجوز إقامتها فى البرارى إجماعاً اهـ، قاطع للشغب". فتح القدير (۱)۔

قال أبو بكر الرازى فى كتابه: "الأحكام": "اتفق فقهاء الأمصار على أن الجمعة مخصوصة بموضعٍ، لا يجوز فعلها فى غيره؛ لأنهم مُجمِعون على الجمعة لا يجوز فى البوادى ومناهل الأعراب، اهـ" (۲)۔

جب یہ آیت بالاتفاق اپنے اطلاق پر نہیں ہے تو روایات: "الجمعة حقٌ واجبٌ على كل مسلم فى جماعة" (۳) اور "رواح الجمعة واجب على كل محتلم" (۴) کیسے اپنے اطلاق پر باقی رہ سکتی ہے، عبد وغیرہ چار کو "ابو داؤد شریف" میں مستثنیٰ کیا ہے۔ اہلِ بادیہ کے استثناء کے متعلق حضرت شاہ ولی اللہ صاحب فرماتے ہیں: "روى من طُرقٍ شتى يقوى بعضها بعضاً: "خمسةٌ لا جمعة عليهم" وعد منهم أهل البادية" (۵)۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فرمان اہل بحرین کو: "جمّعوا حيثما كنتم" (۶) کسی طرح بلا تقیید قابلِ استدلال نہیں۔

= يخصص القرآن والسنة: ۱/۳۷۷، ۳۷۸، دار إحياء التراث العربى، بيروت)

(۱) (فتح القدير، كتاب الصلاة، باب صلاة الجمعة: ۲/۵۱، مصطفى البابى الحلبى بمصر)

(وكذا فى أوجز المسالك، باب ما جاء فى الإمام ينزل يوم الجمعة فى القرية فى السفر: ۲/۲۴۴، إداره تاليفات اشرفيه، ملتان)

(۲) (أحكام القرآن للجصاص، پ ۲۸، سورة الجمعة، فصل: ۳/۶۶۶، قديمى)

(۳) (سنن أبى داؤد، كتاب الصلوة، باب الجمعة للمملوك والمرأة: ۱/۱۶۰، إمداديه، ملتان)

(۴) (سنن النسائى، كتاب الجمعة، باب التشديد فى التخلف: ۱/۲۰۳، قديمى)

(۵) (حجة الله البالغة، كتاب الصلاة، الجمعة، تجب الجمعة فى البلدان: ۲/۷۶، قديمى)

(۶) (فتح البارى، كتاب الجمعة، باب الجمعة فى القرىٰ: ۲/۳۸۰، دار المعرفة، بيروت)

Made Searchable by ScribeTools.com
Made searchable using ScribeTools.com

جب یہ امر مسلّم ہوگیا کہ جمعہ کے لئے کچھ نہ کچھ تمدن سب کے نزدیک ضروری ہے تو اصل مسئلہ میں کسی کا اختلاف نہیں اور اختلاف ہے تو اس کی تحدید وتعریف میں ہے پس ہر مجتہد نے اپنے اپنے اجتہاد کے موافق اپنے زمانے کے عرف کا اعتبار کرتے ہوئے تمدن کی تحدید وتعریف کی اور چونکہ تعریف عرف کے اعتبار سے تھی اس لئے عرف کے بدلنے کی وجہ سے تعریف بھی بدلتی رہی، تاہم شاہ ولی اللہ صاحب کی بیان فرمودہ غایت جمعہ کے مطابق جس کو صاحبِ بدائع وغیرہ نے بھی بیان کیا ہے، حنفیہ رحمہ اللہ تعالیٰ کی تحدید وتعریفِ تمدن اَنسب واَلیق ہے۔ بدائع صنائع میں ہے:

"و لنا ما روى عن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أنه قال:" لا جمعة و لا تشريق إلا فى مصر جامع" وعن على رضى الله تعالىٰ عنه:" لا جمعة و لا تشريق و لا فطر و لا أضحىٰ إلا فى مصر جامع"۔

"وكذا النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان يقيم الجمعة بالمدينة و ما رُوى الإقامةُ حولها. و كذا الصحابة رضى الله تعالىٰ عنهم فتحوا البلاد، و ما نصبوالمنابر إلا فى الأمصار، فكان ذلك إجماعاً منهم على أن المصر شرطٌ، ولأن الظهر فريضة فلا يترك إلا بنصٍ قاطع، والنص ورد بتركها إلا الجمعة فى الأمصار، و لهذا لا تؤدى الجمعة فى البرارى، ولأن الجمعة من أعظم الشعائر فتختصّ بمكان إظهار الشعائر، وهو المصر، اهـ". (۱)۔

حنفیہ کی کتب میں مصر کی تعریف مختلف ملتی ہے، اس کا منشاء بھی یہی ہے جس سے اصل مسئلہ پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ مصر کی تعریف امام اعظم سے مروی ہے:

"عن أبى حنيفة رحمه الله تعالىٰ أنه بلدة كبيرة، فيها سكك وأسواق، ولها رساتيق، وفيهاوالٍ يقدر على إنصاف المظلوم من الظالم بحشمته و علمه أو علم غيره، يرجع الناس إليه

---

(۱) (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، فصل فى صلاة الجمعة، وأما شرائط الجمعة: ۱/۵۸۴، رشيديه)

(وكذا فى بذل المجهود، كتاب الصلاة، باب الجمعة فى القرى: ۲/۱۷۰، مكتبه امداديه ملتان)

(وكذا فى أوجز المسالك، كتاب الصلاة، باب ما جاء فى الإمام ينزل بقرية يوم الجمعة فى السفر: ۲/۲۴۵، ۲۴۶، إداره تاليفات اشرفيه ملتان)

فیما یقع من الحوادث، و هذا هو الأصح. انتهیٰ". کبیری(۱)۔

اگر گاؤں میں جس میں شہریت بالکل نہ ہو جمعہ جائز ہوتا تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے ضرور منقول ہوتا جیسا کہ شہر میں پڑھنا بتواتر منقول ہے۔ اگر گاؤں میں جمعہ پڑھنا جائز اور گاؤں والوں پر جمعہ پڑھنا فرض ہوتا تو اہلِ عوالی سات سات میل سے جمعہ پڑھنے کے لئے مدینہ طیبہ میں علی سبیل المناوبۃ کیوں جایا کرتے تھے، اپنے یہاں کیوں نہیں پڑھا کرتے تھے؟ اور جو نہیں جاتے تھے تو کیا ان پر فرض نہیں تھا(۲)۔

مولانا اسماعیل شہید رحمہ اللہ تعالیٰ کے جد امجد شاہ ولی اللہ صاحب نے مسوی شرح مؤطا میں تحریر فرمایا ہے: "اتفقوا علیٰ أن لا جمعة فی العوالی، اهـ" (۳)۔ اگر آیت اور روایت میں عموم ہے اور گاؤں میں جمعہ فرض ہے تو اس کے خلاف یہ اتفاق کیسا ہے؟ پھر مولانا اسماعیل صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کا چھوٹی بستی میں (اگر اس کا گاؤں ہونا مصرح اور متیقن ہو جائے) جمعہ پڑھنا کس طرح حجت ہو سکتا ہے؟

"روی عن النبی صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم أنه قال: لاجمعة و لا تشریق إلا فی مصر جامع" وروی عن علیٍّ مثله. و أیضاً لو کانت الجمعة جائزةً فی القریٰ لَوَرَد النقل به متواتراً کوروده فی فعلها فی الأمصار لعموم الحاجة إلیه، وأیضاً لمااتفقوا علی امتناع جوازها فی

---

(۱) (الحلبی الکبیر، کتاب الصلاة، فصل فی صلاة الجمعة، ص: ۵۵۰، سهیل اکیڈمی لاهور)

(وکذا فی رد المحتار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۳۷، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۲۴۶، رشیدیه)

(۲) "عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها زوج النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قالت: کان الناس ینتابون الجمعة من منازلهم والعوالی، فیأتون فی الغبار یصیبهم الغبار والعرق، فیخرج منهم العرق فاتی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم إنسانٌ منهم وهو عندی، فقال النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "لو أنکم تطهرتم لیومکم هذا". (الصحیح البخاری، کتاب الجمعة، باب من أین تؤتی الجمعة: ۱/۱۲۳، قدیمی)

(۳) (مسوّی شرح مؤطا، بابٌ: لا جمعة فی العوالی، ص: ۱۵۵، مکتبه رحیمیه سنهری مسجد دهلی)

(وکذا فی أوجز المسالک، باب ما جاء فی الإمام ینزل یوم الجمعة فی القریة فی السفر: ۲/۲۴۴، اداره تالیفات اشرفیه، ملتان)

Made searchable using ScribeTools.com

البوادی؛ لأنها ليست بمصر و جب مثله فی السواد. و روی أنه قيل للحسن: إن الحجاج أقام الجمعة بالأهواز فقال: لعن الله الحجاج يترك الجمعة فی الأمصار و يقيمها فی حلاقيم البلاد، اهـ". أحكام القرآن (۱)۔

"عن حذيفة رضی الله تعالیٰ عنه: ليس على أهل القریٰ جمعة، إنما الجمعة على أهل الأمصار مثل المدينة، اهـ". عينی (۲)۔

"لاجمعة و لا تشريق" **موقوفاً ومرفوعاً دونوں طرح مروی ہے اور جب کہ مرفوعاً ثابت ہے تو اس کا موقوف ہونا کچھ مضر نہیں، نیز** ما لا يدرك بالرأی عن الصحابی **باتفاقِ ائمہ مرفوع کے حکم میں ہے:**

"من المرجّحات لقول الحنفية قولُه عليه السلام:" لاجمعة و لا تشريق، الخ" الحديث المشهور ذكره أبو يوسف فی الأمالی مسنداً مرفوعاً، و هو إمامٌ فی الحديث والفقه، فلا يضره وقف مَن وقفه؛ إذ هو من شيوخ مشايخ البخاری۔ و قال العينی فی شرح البخاری: إن أبا زيد زعم فی الأسرار أن محمد بن الحسن رحمه الله تعالیٰ قال: رواه مرفوعاً معاذُ وسراقةُ ابن مالك رضی الله تعالیٰ عنهما، اهـ. قال العينی: والإثبات مقدم على النافی، و لو سُلّم فرضاً صحةُ وقفه و هو لا يُدرَك بالقياس، وأجمعت أئمة أصول الحديث أن ما لايُدرك بالرأی فی حكم المرفوع، ففی اثار السنن عن شرح ألفية العراقی: و ما جاء عن الصحابی موقوفاً عليه ومثله، لايقال من قبل الرأی: حكمه حكم المرفوع، كذاقال الرازی فی المحصول. وعن تدريب السيوطی: ومن المرفوع أيضاً ما جاء من الصحابی و مثله لايقال بالرأی: و لا مجال للاجتهاد فيه، فيحمل على السماع، جزم به الرازی وغير واحدٍ من أئمة الحديث انتهی". أوجز(۳)۔

---

(۱) (أحكام القرآن للجصاص، سورة الجمعة، پ: ۲۸، فصل: ۲۶۶/۳، قديمی)

(۲) (أخرجه العلامة العينی فی شرحه البناية على الهداية، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۹۸۲/۱، ملک سنز فيصل آباد)

(۳) (أوجز المسالک شرح مؤطا إمام مالک، باب ما جاء فی الإمام ينزل بقرية يوم الجمعة فی السفر: ۲۴۵/۲، إداره تاليفات اشرفيه ملتان)

عبارتِ بالا سے واضح ہوگیا کہ گاؤں میں جمعہ جائز نہیں، یہ امر سند صحیح کے ساتھ ثابت ہے۔ جمعہ قیامِ مکہ معظّمہ زادھا اللہ شرفاً میں فرض ہو چکا تھا جیسا کہ سیوطی نے ''اتقان'' اور ''ضوء الشمعہ'' میں، شیخ ابن حجر مکی نے ''شرح منہاج'' میں، شوکانی نے ''نیل الاوطار'' میں وثوق کے ساتھ تحریر کیا ہے، اس کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بنی عمرو بن عوف میں چودہ شب قیام فرمایا - کمافی روایۃ الشیخین - اور جمعہ نہیں پڑھا، لہٰذا گاؤں میں جمعہ جائز نہیں (۱)۔

حالانکہ ''منتهى الأرب'' میں ہے: ''جواثی، کجباریٰ شِهر خط یا قلعه است ببحرین'' (۲)۔ ''صرّاح'' میں ہے: ''جواثیٰ نام حصے بحرین'' قاموس میں ہے: ''مدينة الخط وحصنٌ بالبحرين''۔ مرقاۃ الصعود میں ہے: ''مدينةٌ بالبحرين لعبد القيس''. عمدۃ القاری میں ہے: ''حكى ابن أبى أنيس عن الشيخ أبى الحسن أنها مدينة''۔ صحاح اور بدائع میں ہے: ''حصنٌ بالبحرين، وقال أبو عبيدالبكرى: مدينة بالبحرين ''(۳)۔

---

(۱) ''منها أنه ثبت فى محله أنها فرضت بمكة، و هذا مما يبعد الإنكار عنه، به جزم الشيخ أبو حامد والسيوطى فى الإتقان و رسالته ضوء الشمعة، والشيخ ابن حجر المكى فى شرح المنهاج، والشوكانى فى النيل، و هو الأصح ..... ثم قدم رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم المدينة، فأقام بقباء فى بنى عمرو بن عوف، ثم خرج يوم الجمعة، فأدركته الجمعة فى بنى سالم ..... وقد أخرج الشيخان أنه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم نزل فى بنى عمرو بن عوف، فأقام فيهم أربع عشرة ليلةً. الحديث. و لم يصلّ عليه السلام فيها الجمعة''. (أوجز المسالک شرح مؤطا الإمام مالک، باب ما جاء فى الإمام ينزل بقرية يوم الجمعة فى السفر: ۲/۲۴۷، إداره تاليفات اشرفيه ملتان)

(وكذا فى بذل المجهود، كتاب الصلاة، باب الجمعة فى القرى: ۱/۱۷۰، معهد الخليل الإسلامى كراچى)

(وكذا فى نيل الأوطار للشوكانى، كتاب الجمعة، باب انعقاد الجمعة بأربعين وإقامتها فى القرى: ۳/۲۸۳، دار الباز، مكة المكرمة)

(۲) (منتهى الأرب لعبد الرحيم صفى پورى، الكتاب الخامس فى الجيم، باب الجيم، فصل الهمزة: ۱/۱۷۴، مطبع اسلاميه لاهور)

(۳) ''ففى الصراح نام حصن بہ بحرين۔ و فى القاموس: '' مدينة الخط أو حصنٌ بالبحرين. و فى مرقاة الصعود:=

Made searchable using ScribeTools.com

ان عبارات سے معلوم ہوا کہ جواثیٰ شہر ہے، گاؤں نہیں ہے، لفظ "قریہ" سے اشتباہ ہوتا ہے حالانکہ قریہ کا اطلاق شہر پر بھی ہوتا ہے، قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿لو لا نزّل هذا القرآن على رجل من القريتين عظيم﴾ الآية. قال القاضي البيضاوي في تفسيرها: "إحدى القريتين: مكة و طائف"(۱)۔ قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿واسئل القرية التي كنّا فيها﴾ الآية. قال القاضي: "يعنون مصر و قريةً بقربها"(۲)۔

وقال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿ واضرب لهم مثلاً أصحاب القرية﴾ الآية، قال الحلبي: "أي إنطاكيه"(۳)۔

اسی طرح: ﴿إن الملوك إذا دخلوا قريةً أفسدوها﴾ (٤) اور ﴿و كأيّ من قرية هي أشد قوةً من قريتك التي أخرجتك﴾۔ الآية (٥) وغیر ذلك۔

قاموس میں ہے: "القرية: المصر الجامع"(٦) اور قریہ کا اطلاق گاؤں پر بھی ہوتا ہے۔ پس جس روایت میں آتا ہے کہ "قریہ" میں جمعہ جائز نہیں وہاں قریہ سے مراد گاؤں ہے۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اثر عینی شرح بخاری سے اوپر نقل کیا گیا ہے کہ: "ليس على أهل القرى جمعة، إنما الجمعة على أهل

= مدينةٌ بالبحرين لعبد القيس. و في عمدة القاري: حكى ابن التين عن الشيخ أبي الحسن أنها مدينة. و في الصحاح للجوهري والبلدان لزمخشري: حصنٌ بالبحرين. و قال أبو عبيد البِكري: مدينة بالبحرين، انتهى". (أوجز المسالك شرح مؤطا الإمام مالك، باب ما جاء في الإمام ينزل بقرية يوم الجمعة في السفر: ۲/۲۴۸، إداره تاليفات اشرفيه ملتان)

(۱) (تفسير البيضاوي، (سورة الزخرف، پ: ۲۵، آية: ۳۱) : ۲/۲۸۰)

(۲) (تفسير البيضاوي، (سورة يوسف: پ: ۱۳، آية: ۸۲)، ۱/۴۰۴)

(۳) (الحلبي الكبير، كتاب الصلاة، فصل في صلاة الجمعة، ص: ۵۴۹، سهيل اكيڈمي لاهور)

(۴) (سورة النمل: پ: ۱۹ آيت: ۳۴)

(۵) (سورة محمد: پ۲۶، آيت: ۱۳)

(٦) "و به جزم أهل اللغة ففي القاموس: "القرية" المصر الجامع". (أوجز المسالك شرح مؤطا الإمام مالك، باب ما جاء في الإمام ينزل بقرية يوم الجمعة في السفر: ۲/۲۴۷، اداره تاليفات اشرفيه ملتان)

Made Searchable by ScribeTools.com

الأمصار مثل المدينة"(۱)۔

امصار کے مقابلہ میں "قریٰ" کا لفظ شاہدِ عدل ہے اس پر کہ قریہ سے مراد گاؤں ہے اور جس جگہ آتا ہے کہ قریہ میں جمعہ پڑھا گیا وہاں قریہ سے مراد شہر ہے جیسا کہ جواثیٰ کے متعلق مختلف عبارات سے واضح کر دیا گیا۔

"زاویہ" اور "سالم" کے متعلق کوئی نقل صحیح نہیں ہے کہ وہ گاؤں ہیں، پھر یہ کہ جمعہ فرض ہوئے مدت گزر گئی تھی اور اسلام کی بہت کچھ اشاعت ہو چکی تھی- كما لا يخفى على أهل العلم- تو مدینہ منورہ کے علاوہ سب سے پہلا جمعہ "جواثیٰ" میں کیوں ہوا، دوسرے دیہات میں کیوں نہیں پڑھا گیا (۲)۔

جو بڑا گاؤں ہے کہ اپنی آبادی اور ضروریات کے لحاظ سے شہر کے مثل ہے وہ شہر ہی کے حکم میں ہے اس کے مقابلے میں معمولی اور چھوٹے گاؤں کو جو آبادی اور ضروریات بازار وغیرہ کے لحاظ سے بالکل ادنیٰ درجہ کا ہو مصر کہنا قرینِ دانشمندی نہیں، فنائے مصر اور مصلیٰ مصر کسی طرح مصر سے علیحدہ نہیں، لہٰذا وہاں بھی جمعہ مثلِ شہر کے درست ہے، اگر سلطان یا نائبِ سلطان کا موجود ہونا فتنہ یا موتِ سلطان کی وجہ سے متعذر ہو تو اتفاق کر کے کسی صالح شخص کو امام بنالیا جائے اور وہ نماز پڑھائے نماز صحیح ہو جائے گی، اس لئے کہ اس کی اصل موجود ہے:

---

(۱) لم أجده بهذا اللفظ فى شرح البخارى للعينى، و لكن أخرجه فى شرح الهداية، كما صرح به شيخ الحديث رحمه الله تعالىٰ فى أوجز المسالک: "قال العينى فى شرح الهداية: و عن حذيفة رضى الله تعالىٰ عنه الخ". (باب ماجاء الإمام ينزل بقرية ..... اهـ: ۲/۲۴۶، إداره تاليفات اشرفيه ملتان)

(وأخرجه العلامة العينى فى البناية، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱/۹۸۲، ملک سنز فيصل آباد)

(ورواه ابن أبى شيبة فى مصنفه، كتاب الصلاة، من قال: لا جمعة و لا تشريق إلا فى مصر جامع، (رقم الحديث: ۵۰۶): ۱/۴۳۹، دار الكتب العلمية بيروت)

(۲) "وعلى قول الواقدى: إن قدومهم كان سنة ثمان قبل فتح مكة، وفى أثناء هذه المدة كان الإسلام قد انتشر فى أكثر القرىٰ، و كثيرٌ من أهلها لا يشهدون الجمعة بالمدينة، ولو كانت الجمعة جائزةً فى القرىٰ، لأقيمت فى قريتهم قبل جواثىٰ، انتهى". (بذل المجهود، كتاب الصلاة، باب الجمعة فى القرى: ۲/۱۷۰، معهد الخليل الاسلامى)

(وكذا فى أوجز المسالک شرح مؤطا الإمام مالک، باب ما جاء فى الإمام ينزل بقرية يوم الجمعة فى السفر: ۲/۲۴۷، إداره تاليفات اشرفيه ملتان)

Made searchable using ScribeTools.com

" وإذا لم يكن استيذان السلطان بموته أو فتنة، واجتمع الناس على رجل، فصلى بهم، جاز للضرورة، كمافعل عليّ رضى الله عنه فى محاصرة عثمان رضى الله تعالىٰ عنه".

طحطاوى على مراقى الفلاح(۱)۔

اور گاؤں کے لوگ اگر جمعہ پڑھنے کو شہر میں حاضر نہ ہوں تو ان کو ظہر کی نماز با جماعت پڑھنی چاہئے کیوں کہ ان پر جمعہ فرض نہیں (۲)، اگر شہر میں آجاتے تو جمعہ فرض ہوجاتا اور دیہات میں رہتے ہوئے ان پر جمعہ فرض نہیں، كما فى رد المحتار (۳) وغيره من كتب الفقه۔ اگر وہ گاؤں میں جمعہ پڑھیں گے تو اس میں چند قسم کی خرابی ہے: فریضۂ ظہر ذمہ سے ساقط نہ ہوگا (۴)، جس کو نمازِ جمعہ سمجھ کر پڑھیں گے وہ نفل ہوگی اور نفل کی جماعت علی سبیل التداعی منع ہے (۵) اور نفلِ نہاری میں قرأت بلا جہر بھی منع ہے (۶) اور گاؤں میں

---

(۱) (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلاة، باب أحكام الجمعة، ص: ۵۰۷، قديمى)
(وكذا فى عمدة القارى، كتاب الجمعة، باب الجمعة، فى القرى والمدن: ۱۹۱/۶، سهيل اكيڈمى لاهور)

(۲) "من لا تجب عليهم الجمعة لبُعد الموضع، صلّوا الظهر بجماعة". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱۵۷/۲، سعيد)
(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب السادس عشر فى صلاة الجمعة: ۱۴۵/۱، رشيديه)

(۳) "و إن دخل القَرَوِيُّ المصر يوم الجمعة، فإن نوى المكث إلى وقتها لزمته، و إن نوى الخروج قبل دخوله لا تلزمه، و إن نواه بعد دخول وقتها تلزمه". (رد المحتار، باب الجمعة: ۱۶۳/۲، سعيد)

(۴) "ألا ترى أن فى الجواهر: لو صلوا فى القرىٰ، لزمهم أداء الظهر". (رد المحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱۳۸/۲، سعيد)

(۵) "لا تجوز فى الصغيرة التى ليس فيها قاضٍ و منبرٌ و خطيب كما فى المضمرات، والظاهر أنه أريد به الكراهة لكراهة النفل بالجماعة". (رد المحتار، كتاب الصلاة باب الجمعة: ۱۳۸/۲، سعيد)

"التطوع بالجماعة إذاكان على سبيل التداعى يكره". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الخامس فى الإمامة: ۸۳/۱، رشيديه)

(۶) "عن يحى بن أبى كثير، قال: قالوا: يارسول الله! إن قوماً يجهرون بالقراءة بالنهار، فقال: "ارموهم بالبعر". قال الشيخ ظفر العثمانى رحمه الله تعالىٰ: "قلت: دلالته على وجوب إخفاء القراءة فى صلاة النهار ظاهرة". (إعلاء السنن، أبواب القرأة، باب وجوب الجهر فى الجهرية والسر فى السرية: ۶/۴، ۹، إدارة القرآن، كراچى) =

رہتے ہوئے ان پر جمعہ کوفرض کہنا اور پھر گاؤں میں جمعہ کا حکم کرنا بے اصل ہے، اس لئے درست نہیں (۱)۔

''لا جمعة'' میں ''لا'' نفیٔ کمال کا نہیں لے سکتے کیونکہ عباراتِ بالا سے صراحۃً معلوم ہوگیا کہ گاؤں میں جمعہ جائز ہی نہیں، اگر جمعہ خلافِ اَولی ہوتا تو یہ احتمال تھا، نیز قائل بالفصل کوئی نہیں جن کے نزدیک جائز ہے، شہر اور گاؤں دونوں میں کمال کے ساتھ ہے جو منع کرتے ہیں، گاؤں میں بالکل منع کرتے ہیں۔ مصر کی تعریف معلوم ہونے کے بعد امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ کے جواب پر قیاس کرتے ہوئے جواب دینا قیاس مع الفارق ہے، والبسط فی بذل المجهود فی حل أبی داؤد (۲) وأوجز المسالك

= ''وأما نوافل النهار، فيخفى فيها حتماً''. (الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الفصل الثانى فى واجبات الصلاة: ۱/۷۲، رشيديه)

(۱) ''فكم من مباح يصير بالالتزام من غيرلزومٍ والتخصيص من غير مخصصٍ مكروهاً كما صرح به ملا على القارى فى شرح مشكوة المصابيح والحصكفى فى الدر المختار و غيرها''. (مجموعة الرسائل للشيخ عبد الحئ اللكنوى رحمه الله تعالىٰ، سباحة الفكر فى الجهر بالذكر، الباب الأول فى حكم الجهر بالذكر: ۳/۳۴، إدارة القرآن كراچى)

''قال الطيبى: و فيه أن من أصر على أمر مندوب، وجعله عزماً، و لم يعمل بالرخصة، فقد أصاب منه الشيطان من الإضلال، فكيف من أصر على بدعة أو منكر''. (مرقاة المفاتيح، كتاب الصلاة، باب الدعاء فى التشهد: ۳/۳۱، رشيديه)

(۲) ''قلت: و أصرح من ذلك أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لما هاجر إلى المدينة أقام فى قبا ..... أربعة عشر يوماً أو أربعةً وعشرين –كما فى البخارى على نسخها– و وقعت الجمعة فى أثنائها، و لم يثبت أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم صلى فيها الجمعة، ولم يأمرهم أن يجمّعوا فيها. وسار يوم الجمعة يريد المدينة، فجمّع فى مسجد بنى سالم بن عوف بن عمرو بن عوف بن الخزرج –وهى محلة من المدينة– فكانت أول جمعة جمّعت فى الإسلام: فثبت بهذا أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لم يصل الجمعة فى القرى و لم يأمر بها فيها، فعلم بهذا أن القرىٰ ليست محل إقامة الجمعة الخ''. (بذل المجهود، كتاب الصلاة، باب الجمعة فى القرى: ۲/۱۷۰، معهد الخليل الإسلامى كراچى)

Made searchable using ScribeTools.com

إلى مؤطا إمام مالك (۱) وأحسن القرى وغيره (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم وعلمہ أتم واحکم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: عبداللطیف، ۳۰/ ربیع الثانی/ ۵۴ھ۔

الجواب صحيح: و هذا الكلام إذا كان السائل والمجيب غير مقلد للإمام الهمام، وأما إذا كان كلٌّ منهمامقلداً له، فلا يسوغ للمقلد الاجتهاد و ترك ظاهر الرواية، لاسيماً فى هذا الزمان. وأنا العبد الأفقر إلى الله الصمد: سعيد أحمد الأجراوى المبتلى بأمانة الإفتاء بمدرسه مظاهر علوم سهارنپور، ۳۰/ ربیع الثانی/ ۱۳۵۴ھ۔

گاؤں میں نمازِ جمعہ، فنائے شہر اور اس کی حد

سوال[۳۷۰۷]: ایک ایسی جگہ جہاں بازار ڈاک خانہ وآبادی تقریباً تین چار ہزار ہے، کیا اس کو شہر کہہ سکتے ہیں، نیز ایسی جگہ جمعہ قائم کرسکتے ہیں یا نہیں؟ اگر وہاں جمعہ قائم کرسکتے ہوں تو اس کے قرب وجوار کے لوگ وہاں جمعہ پڑھنے آویں ان پر جمعہ واجب ہے یا نہیں، یہ لوگ فنائے شہر میں داخل ہوں گے یا نہیں؟ فنائے شہر کس کو کہتے ہیں، اس کی حد شہر سے کہاں تک ہوتی ہے؟

اظہار الدین، فیض آبادی۔

---

(۱) "عن حذيفة رضى الله تعالىٰ عنه قال: ليس على أهل القرىٰ جمعة، إنما الجمع على أهل الأمصار مثل المدائن. أخرج بسنده عن هشام عن الحسن (البصرى) ر محمد (بن سيرين) أنهما قالا: الجمعة فى الأمصار. وأخرج عن الحسن أيضاً أنه سئل على أهل الأيلة جمعة؟ قال: لا. و أخرج عن أبى بكر بن محمد أنه أرسل إلى ذى الحليفة: لا تجمّعوا بها، وأن تدخلوا إلى المسجد مسجد الرسول صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ..... فهذه الآثار صريحة فيماقاله الحنفية، هذا، و قد ورد بطرق عديدة مرفوعة و موقوفة الخ". (أوجز المسالك، ما جاء فى الإمام ينزل بقرية يوم الجمعة فى السفر: ۲/ ۲۴۶، إداره تاليفات اشرفيه ملتان)

(۲) مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں (أحسن القرى فى توضيح أوثق العرى (اردو) تصنیف شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسن رحمہ اللہ تعالیٰ)

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایسی جگہ شہر کے حکم میں ہے لہذا جمعہ واجب ہوگا۔ فناءِ شہر کی تعریف یہ ہے: "فناء ہ ما حوله اتصل به أولا لأجل مصالح كدفن الموتىٰ وركض الخيل، والمختار للفتوىٰ تقديره بفرسخ". درمختار: ۱/۸۳۷(۱)۔ لہٰذا اس حد کے اندر رہنے والوں کو جمعہ کے لئے حاضر ہونا چاہئے اور فنائے شہر کی حد میں فقہاء کے آٹھ قول ہیں اور مفتی بہ قول علامہ حصکفی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ایک فرسخ (تین میل) نقل کیا ہے، والبسط فی ردالمحتار۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

محمود گنگوہی عفا اللہ ۲۵/۲/۵۳ھ۔

گاؤں میں نمازِ جمعہ

سوال[۳۷۰۸]: موضع شیخ پورہ جس کی مردم شماری ۱۰۴۰/ کی ہے، اس میں قصاب، عطار، لوہار، حلوائی، پنواڑی، پرچون، بزاز کی دوکانیں بھی ہیں، ایک حکیم بھی ہے، مسلمان زیادہ ہیں، سب قسم کی اقوام آباد ہیں۔ موضع موصوف میں جمعہ جائز ہے یا نہیں؟

عبداللہ خان نورباف۔

---

(۱) (الدرالمختار، باب الجمعة: ۲/۱۳۹، سعيد)

"(أو فناء ه) بكسر الفاء(و هو ما حوله) اتصل به أولا ..... (لأجل مصالح) كدفن الموتى و ركض الخيل، والمختار للفتوى تقديره بفرسخ ذكره الولوالجى". (الدرالمختار).

"(قوله: والمختار للفتوى الخ) اعلم أن المحققين أهل الترجيح أطلق الفناء عن تقديره بمسافة، و كذا محرر المذهب الإمام محمد، و بعضهم قدره بها. وجملة أقوالهم فى تقديره ثمانية أقوال أو تسعة: غلوة، ميل، ميلان، ثلاثة، فرسخ، فرسخان، ثلاثة، سماع الصوت، سماع الأذان. والتعريف أحسن من التحديد؛ لأنه لا يوجد ذلك فى كل مصر، وإنما هو بحسب كبر المصر و صغره ..... فالقول بالتحديد بمسافة يخالف التعريف المتفق على ما صدق عليه بأنه المعدّ لمصالح المصر، فقد نص الأئمة على أن الفناء ما أعِدّ لدفن الموتى و حوائج المصر الخ". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۳۹، سعيد)

(وكذا فى بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، شرائط الجمعة: ۱/۵۸۵، رشيديه)

Made Searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

جمعہ کے لئے شہر، قصبہ، بڑا گاؤں جو کہ اپنی آبادی و بازار وغیرہ ضروریات کے لحاظ سے قصبہ کے مثل ہو ہونا ضروری ہے، آبادی کم از کم تین چار ہزار ہونا چاہئے، لہٰذا موضع شیخ پورہ مذکورہ میں جس کی آبادی صرف ایک ہزار چالیس ہے جمعہ جائز نہیں، ظہر کی نماز باجماعت پڑھنی چاہئے:

"لا تصح الجمعة إلا فی مصر أو فی مصلی المصر، ولا تجوز فی القری". هدایه، ص:۱٤۸(۱) "ومن لا تجب علیه الجمعة من أهل القری والبوادی، لهم أن یصلوا الظهر بجماعة یوم الجمعة بأذان وإقامة". عالمگیری:۱/۱۲۳ (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۵/۶/۵۵ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم۔

ایضاً

سوال[۳۷۰۹]: زید کہتا ہے کہ قریہ میں نماز جمعہ جائز نہیں ہے اس لئے کہ امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف وحدیث شریف وآثار صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے ثابت کیا ہے اور اس پر علمائے دیوبند کا عمل ہے۔

بکر کہتا ہے کہ قریہ میں نماز جمعہ کو ناجائز کہنے والا اور کرنے والا راندہ جائے گا مثل فرعون وقارون کے، بلکہ وہ شخص ملعون ومردود ہے جیسے اُبی بن خلف رئیس المنافقین۔ یہ تمام الفاظ بکر نے بکے ہیں، لہٰذا زید کا کہنا

---

(۱) (الهدایة، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱/۱٦۸، مکتبه شرکة علمیه ملتان)

"عن علی رضی الله تعالیٰ عنه أنه قال:"لا جمعة و لا تشریق إلا فی مصر جامع". (إعلاء السنن، أبواب الجمعة، باب عدم جواز الجمعة فی القری: ۸/۱، إدارة القرآن کراچی)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱٤۵، ۱٤۸، مکتبه رشیدیه)

(۲) (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب السادس عشر فی صلاة الجمعة: ۱/۱٤۵، رشیدیه)

"من لا تجب علیهم الجمعة لبعد الموضع، صلوا الظهر بجماعة". (ردالمحتار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۵۷، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۲٦۹، رشیدیه)

قرآن شریف وحدیثِ نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے وآثار صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم وائمہ کے اقوال سے ثابت فرما کر بکر کی اس قسم کی بکواس کے مصداق کون ہوئے، اس کو شرعاً کیا کہا جائے گا؟

بکر کا کہنا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا عمل پیش کرو کہ آپ رقیہ میں گئے اور نماز جمعہ نہیں پڑھا۔ مدلل ومفصل بیان کر کے عنداللہ ماجور ہوں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو شخص گاؤں میں جمعہ کی فرضیت کا قائل ہے اس کے ذمہ دلیل ہے، منکر کے ذمہ دلیل نہیں، لأن البينة على المدعى(۱)، تاہم! زید کے قول کا منشاء امور ذیل ہیں:

۱-"عن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أنه قال: "لا جمعة و لا تشريق إلافى مصر جامع، اهـ". كتاب الآثار لأبى يوسف، ص: ٦٠ (٢)۔

یہ حدیث مرفوعاً وموقوفاً دونوں طرح مروی ہے، چنانچہ شیخ ابن ہمام نے فتح القدیر، ص:۴۰۹، میں ابن ابی شیبہ اور عبدالرزاق سے اس کی روایت اور ابن حزم سے اس کی تصحیح نقل کی ہے(۳)۔

حافظ عینی شرح بخاری میں فرماتے ہیں: "أن أبا زيد زعم فى الأسرار أن محمد بن الحسن قال: رواه مرفوعاً معاذ و سراقة بن مالك"(٤)۔

---

(۱) الحديث بتمامه:"عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده رضى الله تعالىٰ عنه أن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال فى خطبته: "البينة على المدعى واليمين على المدعى عليه". (جامع الترمذى، أبواب الأحكام، باب ما جاء أن البينة على المدعى الخ: ۱/۲۴۹، سعيد)

(۲) (أخرجه الإمام أبو يوسف فى كتاب الآثار، فى باب صلاة العيدين، رقم الحديث: ۲۹۷، ص: ٦٠، دار الكتب العلمية بيروت)

(۳) "وإنما رواه ابن أبى شيبة موقوفاً على علىّ رضى الله تعالىٰ عنه:"لاجمعة ولا تشريق ولا صلوة فطر ولا أضحى إلا فى مصر جامع أومدينة عظيمة". صححه ابن حزم، ورواه عبد الرزاق من حديث عبد الرحمن ..... و كفى بقول على رضى الله تعالىٰ عنه قدوةً". (فتح القدير، كتاب الصلاة، باب صلاة الجمعة: ۲/۵۱، مصطفى البابى الحلبى، مصر)

(۴) (عمدة القارى، كتاب الصلاة، باب الجمعة فى القرى والمدن: ۶/۱۸۸، سهيل اكيڈمى لاهور)

Made searchable using ScribeTools.com

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ تعالیٰ درایہ میں اس کے متعلق کہتے ہیں: "إسناده صحيح". جمعہ مکہ معظّمہ میں فرض ہو چکا تھا جیسا کہ سیوطی نے اتقان اور ضوء الشمعہ میں اور علامہ شوکانی نے نیل الأوطار میں اور ابن حجر مکی نے شرح منہاج میں تصریح کی ہے(۱)۔

۲- اور مکہ معظّمہ میں اس کے ادا کرنے کی نوبت نہیں آئی کیونکہ قدرت نہیں تھی پھر بوقت ہجرت چودہ روز یا چوبیس روز جیسا کہ صحیح بخاری میں ہے آپ نے بنی عمرو بن عوف میں قیام کیا اور وہاں جمعہ ادا نہیں کیا اور نہ دوسروں کو حکم فرمایا ادائے جمعہ کا۔

۳- حجۃ الوداع میں جمعہ کے روز عرفات میں قیام کیا اور وہاں جمعہ ادا نہیں کیا بلکہ ظہر کی نماز ادا فرمائی، صرح به مسلم(۲)۔

۴- حافظ ابوبکر جصاص احکام القرآن میں فرماتے ہیں: "واتفق فقهاء الأمصار على أن الجمعة

---

(۱) "قلت: قال الحافظ فى الدراية: روى عبد الرزاق عن على رضى الله تعالىٰ عنه: "لا جمعة و لا تشريق إلا فى مصر جامع". و إسناده صحيح ..... قلت: لأن الجمعة فرضت بمكة قبل نزول سورة الجمعة على ما قاله الشيخ أبو حامد، والعلامة السيوطى فى "الإتقان" و رسالته "ضوء الشمس" والشيخ ابن حجر المكى فى "شرح المنهاج" والشوكانى فى "النيل" وهو الأصح، خلافاً للحافظ ابن حجر. و لم يتمكن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم عن إقامتها هناك، فصلى أول جمعة بالمدينة". حين قدم ..... وأصرح من ذلك أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لماهاجر إلى المدينة أقام فى قبا -وهى قرية قرب المدينة، قال يعقوب بن عبد الله فى معجم البلدان: "قبا" و أصله اسم بيرٍ هناك، عرفت القرية بها، و هى مساكن بنى عمرو بن عوف-، أربعة عشر يوماً أوأربعةً وعشرين، -كما فى البخارى على اختلاف نسخها- و وقعت الجمعة فى أثنائها ولم يثبت أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم صلى فيها الجمعة، ولم يأمرهم أن يجمّعوا فيها، اهـ". (بذل المجهود، كتاب الصلاة، باب الجمعة فى القرى: ۲/۱۷۰، معهد الخليل الإسلامى كراچى)

(۲) "فسار رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ..... حتى أتى عرفة ..... ثم أذّن، ثم أقام، فصلى الظهر، ثم أقام فصلى العصر، الخ". (الصحيح لمسلم، كتاب الحج، باب حجة النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ۱/۳۹۶، ۳۹۷، قديمى)

مخصوصة بموضع، لايجوز فعلها فی غيره؛ لأنهم مُجمِعون على أن الجمعة لايجوز فی البوادی ومناهل الأعراب، اهـ".(۱)۔

۵.....شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی حجۃ اللہ البالغۃ میں لکھتے ہیں: "و قد تلقّت الأمة تلقياً معنوياً من غير تلقی لفظ أنه يشترط فی الجمعة الجماعة ونوعٌ من التمدّن، وكان النبی صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و خلفائه وأصحابه والأئمة المجتهدون يجمّعون فی البلدان، و لا يؤاخذون أهل البدو، بل لايقام فی عهدهم فی البدو، ففهموا من ذلك قرناً بعد قرن عصراً بعد عصر أنه يشترط لها الجماعة والتمدن. أقول: ذلك لأنه لما كان حقيقة الجمعة إشاعةَ الدين فی البلد، وجب أن ينظر إلى جماعة و تمدن، اهـ"(۲)۔

بکر کو چاہئے کہ اولاً اپنے دعویٰ پر دلائل پیش کرے پھر دلائلِ مذکورہ یعنی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قول وعمل صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عمل ائمۂ مجتہدین کے عمل اور اجماع کا جواب دے اور گالیاں دینے اور ملعون کہنے سے اجتناب کرے، کیونکہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

"عن عبد الله بن عمر رضی الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "أربع من كنّ فيه كان منافقاً خالصاً، ومن كانت فيه خصلةٌ منهن كانت فيه خصلةٌ من النفاق حتى يدعها: إذا أوتمن خان، و إذا حدث كذب، وإذا عاهد غدر، وإذا خاصم فجر". متفق عليه(۳)۔ "المسلم من سلم المسلمون من لسانه و يده"(٤)۔ "سباب المسلم

---

(۱) (أحكام القرآن للجصاص، فصل سورة الجمعة: ۲۶۶/۳، قديمی)

(۲)(حجة الله البالغة، كتاب الصلاة، باب الجمعة، تجب الجمعة فی البلدان: ۷۶/۲، قديمی)

(۳) (صحيح البخاری، كتاب الإيمان، باب علامة المنافق: ۱۰/۱، قديمی)

(والصحيح لمسلم، كتاب الإيمان، باب خصال المنافق: ۵۶/۱، قديمی)

(۴) (صحيح البخاری، كتاب الإيمان، باب المسلم من سلم المسلمون الخ: ۶/۱، قديمی)

وفی باب: أیّ الإسلام أفضل، والحديث بتمامه عن النبی صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "المسلم من سلم المسلمون من لسانه و يده" و لفظ آخر أن رجلاً سأل رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: أیّ الإسلام أفضل؟ قال: "من سلم المسلمون من لسانه و يده". (الصحيح لمسلم، باب بيان تفاضل الإسلام الخ: ۴۸/۱، قديمی)

Made searchable using ScribeTools.com

فسوق"(۱)۔ "إن اللّعّانين لايكونون شهداء و لا شفعاء يوم القيامة"(۲)۔ "ليس المؤمن بالطعّان و لابالّلعّان و لا الفاحش و لا البذئ"(۳)۔

"لأن العبد إذا لعن شيئاً، صعدت اللعنة إلى السماء، فتغلق أبواب السماء دونها، ثم تحبط إلى الأرض فتغلق أبوابها دونها، ثم تأخذ يميناً و شمالاً، فإذا لم تجد مساغاً، رجعت إلى الذى لعن، فإن كان لذلك أهلاً وإلا رجعت إلى قائلها، اهـ". مشكوة شريف(٤)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

ایضاً

سوال[۳۷۱۰]: ا.....ایک بستی کی آبادی تقریباً تین ہزار ہوگی، جس کی نوعیت ایسی ہے کہ اکثر مکانات اور گلی کوچے پختہ ہیں، دوکانیں پچیس سے بھی زائد ہیں اور ایک مرکزی دینی مدرسہ بھی ہے اور سات مساجد ہیں، ہندی اسکول بھی ہے، ضرورت کی تمام اشیاء روزمرہ کی ضرورت میں مل جاتی ہیں، گوشت کی بھی چار پانچ دوکانیں ہیں اور قربانی بھی یہاں ہوتی ہے اور بس کا بھی صحیح انتظام ہے کہ یہیں سے بیٹھ کر اہلِ میرٹھ، بڑوت

---

(۱) الحديث بتمامه: "أن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "سباب المسلم فسوق و قتاله كفر". (صحيح البخارى، كتاب الإيمان، باب خوف المؤمن أن يحبط عمله وهو لا يشعر: ۱/۱۲، قديمى)

(الصحيح لمسلم، كتاب الإيمان، باب بيان فى قول النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: سباب المسلم فسوق و قتاله كفر": ۱/۵۸، قديمى)

(۲) (الصحيح لمسلم، كتاب البر و الصلة، باب النهى عن لعن الدواب وغيرها: ۲/۳۲۳، قديمى)

(ومشكوة المصابيح، كتاب الأدب، باب حفظ اللسان اهـ: ۲/۴۱۱، قديمى)

(وجامع الترمذى، أبواب البر الصلة، باب ماجاء فى اللعنة: ۲/۱۸، سعيد)

(۳) (سنن أبى داؤد، كتاب الأدب، باب فى اللعن: ۲/۶۷۲، دار الحديث ملتان)

(۴) (مشكوة المصابيح، كتاب الأدب، باب حفظ اللسان: ۲/۴۱۳، قديمى)

Made Searchable by ScribeTools.com

اور دیگر اطراف کا سفر بسہولت ہوجاتا ہے، بس یہاں آ کر رات کو بھی رکتی ہیں ان کے کھانے اور قیام کا بھی انتظام ہے۔ غرض! اس طرح ہے کہ اگر یہ تمام دوکانیں یکجا طور پر ہوں تو بازار کی صورت ہوجائے، اب یہ دوکانیں سب منتشر اور جدا ہیں اس بستی میں جمعہ جائز ہے یا نہیں؟

۲.....بعض علماء جو کہ یہاں آتے بھی رہتے ہیں مگر وہ جمعہ نہیں پڑھتے عدم جواز کے قائل ہیں اور بعض علماء جمعہ پڑھتے ہیں جواز کے قائل ہیں اور یہاں کے تمام مدرسین بھی جو کہ علماء بھی ہیں جمعہ پڑھتے اور پڑھاتے ہیں۔

۳.....بعض علماء بعض جگہوں پر عدم جواز جمعہ کو سمجھتے ہوئے قائل ہیں مگر پھر بھی جمعہ پڑھتے ہیں اور پڑھاتے بھی ہیں جب ان سے سوال ہوتا ہے کہ آپ تو عدم جواز کے قائل ہیں، پھر کیوں پڑھتے ہیں؟ تو جواب دیتے ہیں کہ میں نہ تو مجتہد ہوں نہ مفتی، مجھے اپنے قول پر عمل کرنے کے بجائے مفتیان میں سے کسی کے قول پر بھی عمل کرنا درست ہے۔ تو کیا یہ درست ہے؟

نوٹ: جیسا کہ فی زماننا مسئلہ جمعہ فی القریٰ کے متعلق کافی خلفشار وانتشار ہورہا ہے اگر آپ جیسی شخصیت مظاہر علوم و دار العلوم کے مفتیانِ کرام واہلِ فتاوی نویسوں کے احجاج واتفاق سے اس مسئلہ کو شائع کردیں جس میں قریہ کبیرہ اور سوق کے مصداق جو مفہومِ صحیح کو واضح تر فرما کر تحریر فرمائیں تو یہ افراط وتفریط ختم ہوجائے جو کہ ہورہی ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....تحریر سوال سے تو ظاہر ہے کہ یہ مقام قریہ کبیرہ ہے یہاں جمعہ کی اجازت ہے(۱)، احتیاطاً کسی ایسے عالم کو بُلا کر معائنہ کرادیں جس کو فقہ اور فتاویٰ میں تجربہ اور بصیرت ہو پھر وہاں کے سب حالات دیکھ کر جو

---

(۱) "عن علی رضی الله تعالیٰ عنه أنه قال: "لا جمعة و لا تشریق إلا فی مصر جامع". (إعلاء السنن، أبواب الجمعة، باب عدم جواز الجمعة فی القری: ۸/ ۱، ادارة القرآن کراچی)

"عن أبی حنیفة رحمه الله تعالیٰ أنه بلدة کبیرة فیها سکک و أسواق ولها رساتیق و فیهاوال یقدر علی إنصاف المظلوم من الظالم بحشمته و علمه أو علم غیره یرجع الناس إلیه فیما یقع من الحوادث، وهذا هو الأصح". (رد المحتار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/ ۱۳۷، سعید)

Made searchable using ScribeTools.com

شرعی حکم بتائے اس پر عمل کیا جائے (۱)۔

۲.....جس عالم اور مفتی پر زیادہ اعتماد ہو اس کی بات پر عمل کیا جائے (۲)۔

۳.....جو شخص فقہ کی روشنی میں خود کوئی رائے قائم نہ کر سکے اس کے لئے راہ عمل یہی ہے کہ قابلِ اعتماد مفتی کے فتوی پر عمل کر لیا کرے، کیونکہ ہر عالم میں شرعی رائے قائم کرنے کی استعداد نہیں ہوتی۔

نوٹ: مسئلہ تو زمانۂ قدیم سے اختلافی چلا آ رہا ہے اس پر مستقل رسائل بھی لکھے گئے ہیں، قریب کے اکابر نے بھی کتابیں لکھی ہیں، اوثق الکبری (۳) احسن القریٰ (۴) وغیرہ میں دلائل حدیث وفقہ کی رو سے موجود ہیں، اس لئے سب کو ایک رائے پر اتفاق کرنا دشوار ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ (صدر مفتی) دارالعلوم دیوبند، ۲۵/۲/۱۴۰۶ھ۔

ایضاً

سوال[۳۷۱۱]: ایک چھوٹا گاؤں ہے جس کی آبادی دو یا ڈھائی ہزار کی ہوگی، ہفتہ میں دو روز بازار لگتا ہے، ضرورت کی ہر چیز بھی مل جاتی ہے، گاؤں میں تقریباً دس دکانیں پرچون کی ہیں، مگر سب منتشر ہیں ایک جگہ نہیں ہیں جن میں ہر وقت سامان مل جاتا ہے، تین حلوائیوں کی دوکانیں ہیں وہ بھی منتشر ہیں ایک جگہ نہیں ہیں، کپڑے کے بیچنے والے بہت ہیں، ڈاکخانہ بھی ہے اسپتال بھی ہے، پرائمری اسکول ہے و جونیئر ہائی اسکول بھی ہے، لڑکیوں والا الگ اسکول ہے، جانوروں کے لئے ڈاکٹر علیحدہ ہیں، مسجد بھی ہے، غلہ گودام بھی ہے، دو

---

(۱) "عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "لیس الخبر کالمعاینة". (مسند أحمد، رقم الحدیث: ۲۴۴۳، ۱/۴۴۷، داراحیاء التراث العربی)

(۲) "قال فی البحر: لأن العامی یجب علیه تقلید العالم إذا کان یعتمد علی فتواه ثم قال: و قد علم من هذا أن مذهب العامی فتوی مفتیه من تقیید بمذهب ولهذا قال فی الفتح: الحکم فی حق العامی فتوی مفتیه الخ". (رد المحتار، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم وما لا یفسده: ۲/۴۱۱، سعید)

(۳) غالباً یہ لفظ "أو ثق الکبریٰ" کی بجائے "أو ثق العریٰ" ہے جو کہ جمعہ فی القریٰ کے مسئلے پر حضرت گنگوہی رحمہ اللہ تعالیٰ کی تصنیف ہے، اور اسی کا تذکرہ حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ جگہ جگہ کرتے ہیں، سہو کاتب ہے کہ "العری" کی جگہ "الکبریٰ" لکھا گیا ہے۔

(۴) (أحسن القریٰ تالیف حضرت شیخ الهند مولانا محمد حسن رحمه الله تعالیٰ)

چکیاں آٹا پیسنے والی لگی ہیں۔ ایسے گاؤں میں نماز جمعہ پڑھنا درست ہے یا نہیں اور اگر نماز جمعہ پڑھ لے تو ظہر کا فرض اتر جائے گا یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

بہتر یہ ہے کہ کسی عالم فقیہ کو بُلا کر اس بستی کا معائنہ کرا دیا جائے وہاں کے حالات دیکھ کر جو کچھ وہ تجویز کریں اس پر عمل کیا جائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

چار ہزار روالی آبادی میں نمازِ جمعہ

سوال[۳۷۱۲]: موضع کبیرہ وہ جس کی مردم شماری چار ہزار ہے اور مختلف قسم کی تیرہ معمولی دکانیں: لوہار، بڑھئی، سنار، کمہار، عطار وغیرہ کی ہیں، ڈاکخانہ بھی ہے۔ یہاں تقریباً چالیس سال سے جمعہ پڑھا یا جارہا ہے، مگر پہلے سے اختلاف بھی چلا آرہا ہے۔ چار مسجدیں ہیں اور ایک عیدگاہ بھی ہے۔ یہ بستی نہ قصبہ ہے اور نہ مثلِ قصبہ ہے، مکانات کچے اور پکے مخلوط طریقہ پر ہیں، مگر کثرت کچے مکانوں کی ہے۔ مذکورہ حالات میں جب کہ حنفیہ کے نزدیک مصر اور شہریت جواز جمعہ کے لئے شروط اولیں ہے، آیا مذکورہ بستی اپنی نوعیت میں شہرتِ حکمیہ کی حاصل عندالشرع ہے یا نہیں؟

عام طور پر جمعہ کے بارے میں ایسی بستیوں کے متعلق شامی وغیرہ کی عبارت ذیل یا اس کے مثل تحریر کردی جاتی ہے: ''وتجوز فی القصبات والقریٰ الکبیرہ التی فیھا أسواق، الخ''(۱)۔ مگر اس عبارت ''والقری الکبیرۃ الخ''. کو حضرت تھانوی نوّر اللہ مرقدہٗ قصبات کا بیان قرار دیتے ہیں اور حضرت گنگوہی رحمہ اللہ تعالیٰ کا رجحان بھی اس طرف معلوم ہوتا ہے، اس بارے میں آپ کے نزدیک قولِ فیصل اور راجح واقویٰ کیا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اتنی بات تو متفق علیہ ہے کہ نماز جمعہ کا حال دیگر صلوۃ خمسہ کی طرح نہیں کہ جب بھی اور جہاں بھی (آبادی، صحرا، کشتی میں) اور جیسے بھی (تنہا یا جماعت سے) پڑھی جائے تو درست ہو کر فریضہ ذمہ سے ساقط

---

(۱) (ردالمحتار، کتاب الصلوۃ، باب الجمعۃ: ۱۳۸/۲، سعید)

Made searchable using ScribeTools.com

ہوجایا کرے، حافظ ابوبکر جصاص رحمہ اللہ تعالیٰ نے احکام القرآن میں اس کی تصریح فرمائی ہے(۱)۔

نماز جمعہ کے لئے کچھ خصوصیات وشرائط ہیں ان میں سے ایک شرط ''مصریت'' بھی ہے(۲)، مصریت کی تعریف جو کی جاتی ہے وہ حدِ حقیقی نہیں کہ (جنس وفصل سے مرکب ہوکر اجزائے حقیقیہ پر مشتمل ہو) جب کہ وہ تعریف محض علامت کے طور پر ہے اور علامات عرف کے بدلنے سے بکثرت بدلتی رہتی ہیں (۳)، قدرِ مشترک کے طور پر سب تعریفوں میں یہ رعایت کی گئی ہے کہ اس جگہ ''مدنیت'' ہو جیسا کہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے "حجة الله البالغه" میں بیان فرمایا ہے(۴)۔

مردم شماری کے متعلق فقہاء کے مختلف اقوال ہیں، حتی کہ زیلعی شرح کنز میں ایک قول یہ بھی ہے کہ دس ہزار مردم شماری ہو(۵)۔

---

(۱) "واتفق فقهاء الأمصار على أن الجمعة مخصوصة بموضع لايجوز فعلها فى غيره ؛ لأنهم مجمعون على أن الجمعة لاتجوز فى البوادى ومناهل الأعراب". (أحكام القرآن للجصاص: سورة الجمعة، فصل: ۲۶۶/۳، قديمى)

(۲) "واتفق فقهاء الأمصار على أن الجمعة مخصوصة بموضع لايجوز فعلها فى غيره؛ لأنهم مُجمِعون على أن الجمعة لاتجور فى البوادى ومناهل الأعراب". (أحكام القرآن للجصاص رحمه الله تعالىٰ، سورة الجمعة ، پ:۲۸ ،فصل : ۲۶۶/۳ ، قديمى)

(۳) "ان شرط المصر فمسلّم، لكنهم اختلفوا فى مايتحقق به المصرية، فقيل: مافيه أمير يقيم الحدود، وليس فيه تصريح بإقامة الحدود، بل المراد بذلك قدرة الأمير على ذلك، إذلولم يرد ذلك لما صحت الجمعة فى شئى من الأمصار فى وقتنا هذا، إذلا يجرى الحدود أحد. وقيل: مافيه أربعة آلاف رجال إلى غير ذلك، وليس هذا كله تحديداً له، بل إشارة إلى تعيينه وتقريب له إلى الأذهان، وحاصله إدارة الأمر على رأى أهل كل زمان فى عدّهم المعمورة مصراً، فماهو مصر فى عرفهم، جازت الجمعة فيه، ومالیس بمصرلم يجز فيه، إلا أن يكون فناء المصر". (الكوكب الدرى، أبواب الجمعة، باب ماجاء فى ترك الجمعة من غير عذر: ۴۱۳/۱، ۴۱۴، إدارة القرآن، كراچى)

(۴) "وقد تلقّت الأمة تلقياً معنوياً من غير تلقى لفظ أنه يشترط فى الجمعة الجماعة ونوع من التمدن". (حجة الله البالغة، كتاب الصلوة الجمعة ، خطبتا الجمعة : ۷۶/۲، قديمى)

(۵) "وهذا رواية عن أبى يوسف ..... وعنه أنه يبلغ سكانه عشرة آلاف،". (تبيين الحقائق، كتاب الصلاة، باب صلاة الجمعة: ۵۲۳/۱، سعيد)

مولانا گنگوہیؒ نے تین چار ہزار کا تخمینہ تحریر فرمایا ہے (۱)، بعض حضرات نے اس سے بھی کم پر اجازت دے دی ہے۔ ایسی صورت میں بہتر یہ ہے کہ کسی معتبر ماہرِ فقہ وفتویٰ عالم کو بُلا کر مشاہدہ کرا دیا جائے پھر جو کچھ وہ تجویز کریں اس پر عمل کیا جائے۔ حضرت گنگوہی کا ''اوثق العری''، حضرت شیخ الہند کا ''احسن القریٰ''، حضرت تھانوی کا ''القول البدیع'' اگر مطالعہ کرلیا جائے تب بھی رائے قائم کرنے کے لئے بہت بصیرت حاصل ہوگی۔

ائمۂ اربعہ میں اختلاف دراصل روایت کا نہیں درایت کا ہے، اس کا فیصلہ کرنا دشوار ہے، پھر حقیقت میں مصر کی تعریف میں جو اختلاف ہے اس کا مدار عرف پر ہے (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

مذکورہ بستی کی مردم شماری چار ہزار ہے اور مختلف قسم کے پیشہ ور لوگ اس میں رہتے ہیں کہ روزمرہ کی ضروریاتِ زندگی کی اشیاء میسر ہوتی ہیں تو قریہ کبیرہ مشابہ قصبہ ہے کہ ڈاکخانہ بھی ہے، قریہ کبیرہ کی مردم شماری علامہ عینی نے چار ہزار بیان فرمائی ہے، اس پر مدار رکھا گیا ہے۔ فقط۔

سید مہدی حسن عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) ''ان شرط المصر فمسلّم، لكنهم اختلفوا فی مايتحقق به المصرية، فقيل: مافيه أمير يقيم الحدود، وليس فيه تصريح بإقامة الحدود، بل المراد بذلک قدرة الأمير على ذلک، إذلولم يرد ذلک لما صحت الجمعة فی شئی من الأمصار فی وقتنا هذا، إذلا يجرى الحدود أحد. وقيل: مافيه أربعة آلاف رجال إلى غير ذلک، وليس هذا كله تحديداً له، بل إشارة إلى تعيينه وتقريب له إلى الأذهان، وحاصله إدارة الأمر على رأى أهل كل زمان فی عدّهم المعمورة مصراً، فماهو مصر فی عرفهم، جازت الجمعة فيه، ومالیس بمصرلم يجز فيه، إلا أن يكون فناء المصر''. (الكوكب الدرى، أبواب الجمعة، باب ماجاء فی ترک الجمعة من غير عذر: ۱/۴۱۳، ۴۱۴، إدارة القرآن، كراچی)

(۲) ''واعلم أن القرية والمصر من الأشياء العرفيةالتی لاتكاد تنضبط بحال وإن نص، ولذا ترک الفقهاء المصر على العرف''. (فيض البارى، كتاب الجمعة، باب الجمعة فی القریٰ: ۲/۳۲۹، خضر راہ بک ڈپو، دیوبند)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

جمعہ فی القریٰ

سوال[۳۷۱۳]: دریائے جہلم کے کنارے دہلی روڈ پر ایک قریہ ہے جہاں ایک جامع مسجد تیار ہوئی ہے، اس کے متصل بازار بھی ہے اور تقریباً بیس دکانیں ہیں اور کچھ کاریگر بھی ہیں اور نفری تقریباً تین چار ہزار جمع ہوسکتی ہے، روز جمعہ اگر لوگ جمع ہوں تو ان کو تبلیغ کی جاسکتی ہے۔ کیا یہاں جمعہ پڑھنا جائز ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر اس وقت وہاں آبادی ہے اور وہ آبادی قریہ کبیرہ کی حیثیت رکھتی ہے یعنی تین ہزار کے قریب مردم شماری ہے اور روزمرہ کی ضروریات وہاں ہمیشہ ملتی ہیں، بازار میں ڈاک خانہ وغیرہ بھی ہے تو وہاں جمعہ کی نماز درست ہے۔ اگر محض مسجد ہے اور زمانہ قدیم کی بنی ہوئی دکانیں ہیں مگر آبادی نہیں ہے بلکہ وہ جگہ ویران ہے جیسا کہ شاہی زمانہ کی اس قسم کی اور بعض عماراتِ قدیمہ ہیں مگر وہ ویران ہیں، یا وہاں آبادی تو ہے لیکن بہت معمولی ہے، قریہ کبیرہ نہیں تو وہاں جمعہ درست نہیں (۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

دوسو گھروں پر مشتمل آبادی میں نمازِ جمعہ

سوال[۳۷۱۴]: گاؤں کرن پور تقریباً دوسو گھروں پر مشتمل ہے، ۲۵، ۳۰/ گھروں کے سوا باقی تمام گھر غیر مسلم ہیں، گاؤں پختہ سڑک کے کنارے ہے، متصل ہی بس اسٹینڈ ہے، یہاں موٹر ٹیمپو رکشہ سواری ملتی

---

(۱) "عن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ أنہ قال: لاجمعۃ ولا تشریق إلا فی مصر جامع". (إعلاء السنن، أبواب الجمعۃ، باب عدم جواز الجمعۃ فی القری: ۸/ ۱، إدارۃ القرآن، کراچی)

"وأما شروط الأداء فستۃ أیضاً: الشرط الأول المصر أوفناء ہ، فلا تجوز فی القری .....

عن أبی حنیفۃ رحمہ اللہ تعالیٰ أنہ بلدۃ کبیرۃ، فیھا سکک وأسواق، ولھا رساتیق، وفیھا والٍ یقدر علی إنصاف المظلوم من الظالم بحشمتہ وعلمہ أو علم غیرہ، یرجع الناس إلیہ فیما یقع من الحوادث، وھذا ھو الأصح، انتھی". (الحلبی الکبیر، کتاب الصلوۃ، فصل فی صلاۃ الجمعۃ، ص: ۵۴۹، ۵۵۰، سھیل اکیڈمی، لاھور)

(وکذا فی ردالمحتار، کتاب الصلاۃ، باب الجمعۃ: ۲/ ۱۳۷، سعید)

ہے، اسٹینڈ پر چار دکانیں مٹھائی وغیرہ کی ہیں، گاؤں میں چند کھچڑی فروش دکانیں ہیں جن میں اشیائے خوردنی وانگریزی دوا بھی ملتی ہے، گاؤں میں ایک مسجد، مکتب ایک اسکول، ڈاکٹر سرکاری نرس، کمپاؤنڈر موجود ہے، آٹے اور چاول کا مِل ہے، گاؤں سے باہر ایک ہائی اسکول ہے جس میں ۵۰/ یا ۶۰/ مسلم بچے پڑھتے ہیں، جو اس گاؤں میں آکر جمعہ میں شریک ہوتے ہیں۔

گاؤں کے لوگ بہت دن سے بغیر جمعہ ادا کئے ہوئے عیدین کی نمازیں گاؤں میں پڑھتے ہیں اور اب کچھ دنوں سے جمعہ بھی قائم کرلیا ہے، لیکن کچھ لوگ مخالف ہیں ان کا کہنا ہے: "لا جمعة ولا تشريق ولا صلوة فطر ولا أضحى إلا فى مصر جامع أو مدينة عظيمة"(۱) اس تصریح کے تحت یہاں جمعہ غیر واجب الاداء اور ناجائز ہے اور جو لوگ جمعہ کے قائل ہیں ان کا کہنا ہے کہ ہمارا گاؤں قریہ کبیرہ میں داخل ہے اور حکم: "وقع فرضاً فى القصبات والقرىٰ الكبيره التى فيها أسواق"(۲) کا متحمل ہے، لہٰذا جمعہ واجب الاداء اور جائز ہے۔ براہِ کرم از روئے تحقیق مطلع فرمائیں کہ گاؤں مذکورہ بالا میں جمعہ واجب الاداء ہے یا نہیں؟ نیز ظہر ذمہ سے ساقط ہوئی یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

دونوں فریق کی دلیل صحیح ہے، نفسِ مسئلہ میں اختلاف نہیں ہے بلکہ انطباق میں اختلاف ہے کہ صورتِ مسئولہ میں کون سی دلیل منطبق ہوتی ہے۔ ایسی حالت میں قطعِ نزاع کی شکل یہ ہے کہ دونوں فریق کسی ایسے ایک یا دو تین اہلِ علم پر متفق ہوجائیں جن کو فقہ میں بصیرت ہو، وہ معائنہ ومشاہدہ کے بعد جو حکم دیں اس پر دونوں فریق عمل کریں، تحریر سے پوری کیفیت سامنے نہیں آتی۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

تین ہزار سے زائد آبادی میں جمعہ کی نماز کا حکم

سوال[۳۷۱۵]: ہماری بستی موضع جلال پور کی آبادی تین ہزار سے کچھ زائد ہے اور نوعیت بستی اس طرح پر ہے کہ اَسّی {۸۰} فیصد مکانات پختہ اور اکثر گلیاں نیم پختہ ہیں اور دو کانیں صرف کھدر کپڑے کی ہیں جن

---

(۱) (إعلاء السنن، ابواب الجمعة، باب عدم جواز الجمعة فى القرى: ۸/۱، ادارة القرآن)

(۲) (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱۳۸/۲، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

پر کافی کپڑا رہتا ہے اور چھوٹی چھوٹی پرچون کی فصلی دس گیارہ دوکانیں ہیں ان میں سے چار پانچ دوکانیں تو مستقل رہتی ہیں اور معمولی ضرورت پوری ہوجاتی ہے، باقی جو دوکانیں فصلی ہیں وہ صرف فصل کے موقع پر چلتی ہیں، ورنہ بند ہوجاتی ہیں۔ اس کے علاوہ تین کپڑا سلائی کی اور سائیکل مرمت کی دکان ہے، اور یہ سب دکانیں پورے گاؤں میں منتشر اور کافی فاصلہ پر ہیں، آمنے سامنے بھی نہیں کہ ایک گلی پر ایک دوکان اس طرف اور ایک دوسری طرف سوائے ایک دوجگہ کے سب بالکل جدا جدا ہیں۔

ڈاکخانہ بھی نہیں بلکہ جیسے عام طور سے ہر گاؤں اور بستی میں لیٹر بکس لگا دیا جاتا ہے ایسے ہی ڈاک روزانہ آتی ہے صرف اپنے ہی گاؤں میں مستقل ڈاکخانہ نہیں، ہندی اسکول بھی ہے اور لڑکیوں کی پاٹ شالا بھی ہے۔ نیز خاص ضرورت کے واسطے قصبہ چھپرہ والی ایک میل پر واقع ہے وہاں سے پوری کرلیتے ہیں، ایک مسجد ہے جس میں پنجگانہ نماز اذان باجماعتِ عام وعلی الاعلان ہوتی ہے۔ یہاں پر جمعہ کے متعلق الجھن ہے کہ مسئلہ جمعہ فی القری مسلکِ احناف صحیح قول کے مطابق بیان فرمائیں کہ یہاں جمعہ جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

کسی ایسے عالم کو بُلا کر بستی کا معاینہ کرادیں جس کو فقہ اور فتوی میں تجربہ اور بصیرت ہو پھر جو کچھ وہ شرعی حکم بتائے اس پر عمل کریں (۱)۔

اتنا تو بالاتفاق احناف کے نزدیک مسلّم ہے کہ قریۂ صغیرہ میں جمعہ درست نہیں، لیکن قریۂ صغیرہ (۲) اور

---

(۱) "و قد علم من هذا أن مذهب العامی فتوی مفتيه من تقييد بمذهب و لهذا قال فی الفتح: الحكم فی حق العامی فتوی مفتيه الخ". (ردالمحتار، كتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم و ما لايفسده: ۴۱۱/۲، سعيد)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب الصوم، فصل فی العوارض: ۵۱۳/۲، رشيديه)

(۲) "لا تجوز فی الصغيرة التی ليس فيها قاض و منبر و خطيب". (رد المحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱۳۸/۲، سعيد)

" وأما القری، فإن أراد الصلاة فيها، فغير صحيحة على المذهب". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲۴۸/۲، رشيديه)

(وكذا فی الهداية، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱۶۸/۱، مكتبه شركة علميه ملتان)

کبیرہ کی علامات اور تعین میں عرف کے بدلنے سے فرق پڑتا رہتا ہے، اس لئے اختلاف ہوکر الجھن پیدا ہوتی ہے اس کے دفع کرنے کی صورت تحریر کردی گئی (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

گاؤں میں نمازِ جمعہ

سوال[۳۷۱۶]: گاؤں میں جمعہ کی نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟ اگر جائز نہیں تو پھر اس زمانہ میں بہت سے گاؤں میں جمعہ پڑھ رہے ہیں ان گاؤں میں جمعہ ادا کرنا کیسا ہے؟ مع حوالہ کتب تحریر فرمادیں۔ بینوا و توجروا۔

محمد زین العابدین راجشاہی۔ یکم/صفر/۵۸ھ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جمعہ کے لئے حنفیہ کے نزدیک شہر یا قصبہ یا بڑا گاؤں جو اپنی آبادی، بازار و دیگر ضروریات کے اعتبار سے قصبہ کے مثل ہو شرط ہے، شرط مفقود ہونے کی صورت میں جمعہ ناجائز ہے، ظہر کی نماز فرض ہے، جمعہ پڑھنے سے ناجائز کا ارتکاب اور فرض کا ترک لازم آئے گا: "الشرط الأول المصر و فناء ہ، فلا تجوز فی القریٰ عندنا اھـ". کبیری(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۳/۲/۵۸ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، ۴/صفر/۵۸ھ۔

---

(۱) "و لیس ھذا کلہ تحدیداً له بل إشارة إلی تعینه وتقریب له إلی الأذھان، وحاصله إدارة الأمر علی رأی أھل کل زمان فی عدّھم المعمورة مصراً، فما ھو مصر فی عرفھم جازت الجمعة فیه، وما لیس بمصر لم یجز فیه، إلا أن یکون فناء المصر". (الکوکب الدری، أبواب الجمعة، باب ما جاء فی ترک الجمعة من غیر عذر: ۱/۱۹۹، مکتبه یحویه سھارنپور)

"واعلم أن القریة والمصر من الأشیاء العرفیة التی لا تکاد تنضبط بحال وإن نص، و لذا ترک الفقھاء تعریف المصر علی العرف". (فیض الباری، کتاب الجمعة، باب الجمعة فی القری: ۲/۳۲۹، خضر راہ بکڈپو دیوبند)

(۲) (الحلبی الکبیر، کتاب الصلاة، فصل فی صلاة الجمعة، ص: ۵۴۹، سھیل اکیڈمی، لاھور) =

Made searchable using ScribeTools.com

گاؤں میں جمعہ اور تعزیہ پر قیاس

سوال [۳۷۱۷]: دیہاتوں میں جمعہ ہوتا ہے منع کیا جائے کہ نہیں؟ اگر روکا جائے تو بعض لوگ جو جمعہ کے دن صرف جمعہ پڑھنے آتے ہیں وہ بالکل چھوڑ دیں گے، بعض لوگ اس کو اسلام کی نشانی قرار دیتے ہیں جیسا کہ تعزیہ کو نشانی خیال کرتے ہیں اس کے بارے میں تحریر فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جس دیہات میں جمعہ کی شرائط موجود نہ ہوں وہاں ظہر با جماعت پڑھنا فرض ہے، جمعہ پڑھنے سے فریضۂ ظہر ساقط نہیں ہوتا: "و لو صلوا فی القریٰ لزمهم أداء الظهر". شامی: ۵۳۷ (۱) البتہ اگر جمعہ کی مخالفت کرنے سے اختلاف ہو کہ مسجد ویران ہونے کا اندیشہ ہو تو مسئلہ بتا کر خاموشی اختیار کرلیں اور خود جمعہ میں شرکت نہ کریں۔ تعزیہ کو جائز قرار دیکر اس پر اسی مسئلہ کو قیاس کرنا صحیح نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

گاؤں میں جمعہ

سوال [۳۷۱۸]: ایک جگہ ایسی ہے کہ اس میں پانچ چھ مسجد پنجگانہ ہیں اور آبادی تقریباً دو ہزار ہے

= "عن علی رضی اللہ تعالیٰ عنه أنه قال: "لاجمعة و لا تشریق إلا فی مصر جامع". (إعلاء السنن، أبواب الجمعة، باب عدم جواز الجمعة فی القری: ۱/۸، إدارة القرآن کراچی)

"لا تجوز فی الصغیرة التی لیس فیها قاض و منبر و خطیب کما فی المضمرات ..... ألا تری أن فی الجواهر: لوصلوا فی القری، لزمهم أداء الظهر". (رد المحتار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱۳۸/۲، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲۴۵/۲، ۲۴۸، رشیدیه)

(۱) (رد المحتار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱۳۸/۲، سعید)

"عن حذیفة رضی اللہ تعالیٰ عنه: لیس علی أهل القری جمعة، إنما الجمعة علی أهل الأمصار مثل المدینة". (البنایة شرح الهدایة للعلامة العینی رحمه اللہ تعالیٰ، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۹۸۲/۱، ملک سنز، فیصل آباد)

"وأما القری، فإن أراد الصلاة فیها، فغیر صحیحة علی المذهب". (البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲۴۸/۲، رشیدیه) ..... =

Made Searchable by ScribeTools.com

اور علاوہ مسجد پنجگانہ کے ایک جامع مسجد ہے جس میں جمعہ اور عیدین کی نماز ہوتی ہے اور قریب جامع مسجد کے بازار ہے جو ہر جمعہ کے روز اور پیر کو بازار ہوتا ہے اور ان دو دن کے علاوہ اشیائے ضروریہ بلا تکلف ملتی ہیں، چونکہ دوکانیں ہیں اور بازار کے متصل سرکاری راستہ پڑا ہوا ہے، کوئی پون میل پر دوسرا بازار واقع ہے، اس میں باقاعدہ آفس بھی ہے مگر مکانات اینٹ کے نہیں بلکہ ٹین اور لکڑی کے ہیں، چونکہ بارش زیادہ ہوتی ہے لہٰذا پختہ اینٹ کے مکانات برقرار نہیں رہ سکتے اور وہاں کے علماء اس کو شہر یا قصبہ کہتے ہوئے جمعہ پڑھتے ہیں اور یوں فرماتے ہیں کہ علمائے ہندوستان سے اگر اس کے بابت فتویٰ طلب کیا جائے تو ہندوستان کے گاؤں پر قیاس کرتے ہوئے گاؤں ہی کا حکم لگائیں گے، حالاں کہ یہاں کے گاؤں اور ملکِ ہند کے گاؤں میں آسمان زمین کا فرق ہے، اگر علمائے ہند یہاں کے گاؤں کا مشاہدہ کریں تو ضرور جمعہ کے قائل ہوں گے۔ نیز وہ لوگ یہ بھی پیش کرتے ہیں کہ شرح وقایہ کے حاشیہ وغیرہ میں وارد ہے کہ امام صاحب کا ایک قول یہ بھی ہے کہ اس محلّہ میں جتنے آدمی ہیں خواہ جمعہ پڑھیں یا نہ، وہ سب اگر مسجد میں نہ سمائے جائیں تو اس جگہ بھی جمعہ جائز ہے(۱)۔

اب سوال یہ ہے کہ آیا اس تفصیلِ سابق سے جمعہ جائز ہے یا نہیں، ان علماء کی دلیل صحیح ہے یا نہیں؟ غرض تفصیلاً یہاں کے گاؤں پر قیاس کرتے ہوئے مدلل جواب مع حوالہ کتب عنایت فرماویں۔ نیز بصورتِ عدم جواز یہ بھی بتلاویں کہ اگر کوئی ہندوستان سے تعلیم حاصل کر کے جاوے تو اس کو مجبوراً جمعہ کا خطبہ پڑھواتے ہیں، آیا صرف خطبہ پڑھے، نماز نہ پڑھاوے جائز ہے یا نہیں؟ اور احتیاط الظہر کی صورت کیسی ہے از روئے مہربانی سے امور کا تفصیلاً جواب تحریر فرما کر شفا عطا فرماویں۔

المستفتی: بندہ عبدالرحمٰن غفرلہ، ارکانی برما، ۲۲/ ذی قعدہ/ ۵۵ھ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

حنفیہ کے نزدیک جمعہ کے لئے شہر، قصبہ، بڑا گاؤں جو کہ اپنی آبادی اور دیگر ضروریات بازار وغیرہ کے

= (وكذا في الهداية، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱/۱۶۸، مكتبه شركة علميه ملتان)

(۱) "إذا اجتمع أهله المراد بالأهل هم الذين تجب عليهم الجمعة، والمراد بأكبر المساجد قيل: إنه المسجد الجامع، وقيل: أكبر المساجد للصلوات الخمس، كما في فتاوىٰ الزاهدي". (عمدة الرعاية في حل شرح الوقاية، كتاب الصلاة، باب الجمعة، (رقم الحاشية: ۲۳): ۱/۱۹۸، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

لحاظ سے قصبہ کے مانند ہوشرط ہے(۱)، چھوٹے گاؤں میں جمعہ ادانہیں ہوتا، وہاں ظہر کی نماز فرض ہے(۲)، "ویشترط لصحتها المصر". تنویر(۳)، یہی حال نمازِ عید کا ہے(۴)۔

مصر کی تعریف میں بہت سے اقوال ہیں، اس کی وجہ یہ ہے کہ مصراور قریہ ہونا عرفی چیزیں ہیں، جس زمانہ میں جیسا عرف ہوا، ویسی ہی علامات متعین کر کے علماء نے تعریف کردی(۵)۔ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ

---

(۱) "ان رسول الله صلى الله عليه وسلم لم يصل الجمعة فى القرى، ولم يأمر فيها، فعلم بهذا أن القرى ليست محل إقامة الجمعة". (بذل المجهود، كتاب الصلاة، باب الجمعة فى القرى: ۲/۱۷۰، معهد الخليل الإسلامى، كراچى)

"(ويشترط لصحتها) سبعة أشياء: الأول المصر".(الدرالمختار). "عن أبى حنيفة أنه بلدة كبيرة، فيها سكك وأسواق ولها رسا تيق، وفيها والٍ يقدر على إنصاف المظلوم من الظالم بحشمته وعلمه أو علم غيره، يرجع الناس إليه فيما يقع من الحوادث". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۳۷، سعيد)

(۲) "لاتجوز فى الصغيرة التى ليس فيها قاض ومنبر وخطيب ..... ألاترى أن فى الجواهر: لو صلوا فى القرى، لزمهم أداء الظهر". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۳۸، سعيد)

(۳) (تنوير الأبصار مع الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۱۳۸، سعيد)

(وكذا فى تبين الحقائق، كتاب الصلوة، باب صلاة العيدين: ۱/۵۳۷، دارالكتب العلمية، بيروت)

(وكذا فى بدائع الصنائع، كتاب الصلوة، فصل: وأما صلاة العيدين، وأما شرائط وجوبها: ۱/۲۱۶، رشيديه)

(۴) "(تجب صلاتهما) فى الأصح (على من تجب عليه الجمعة بشرائطها) المتقدمة (سوى الخطبة) فإنها سنة بعدها، وفى القنية: صلاة العيد فى القرى تكره تحريماً أى؛لأنه اشتغال بمالا يصح؛ لأن المصر شرط الصحة". (الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب العيدين: ۲/۱۶۶، ۱۶۷، سعيد)

(۵) "وحاصله: إدارة الأمر على رأى أهل كل زمان فى عدّهم المعمورة مصراً فما هو مصر، فى عرفهم جازت الجمعة فيه، ومالیس بمصرلم يجزفيه، إلا أن يكون فناء المصر". (الكوكب الدرى، أبواب الجمعة، باب ماجاء فى ترك الجمعة من غير عذر: ۱/۱۹۹، المكتبة اليحيويه، سهارنپور)

"واعلم أن القرية والمصر من الأشياء العرفية التى لاتكاد تنضبط بحال وإن نص، ولذا ترك الفقهاء تعريف المصر على العرف". (فيض البارى، كتاب الجمعة، باب الجمعة فى القرى والمدن: ۲/۳۲۹، ديوبند)

سے یہ تعریف منقول ہے:

''عن أبی حنیفة رحمه الله تعالیٰ أنه بلدة کبیرة، فیها سکك وأسواق، ولهار ساتیق، وفیها والٍ یقدر علی إنصاف المظلوم من الظالم بحشمته وعلمه أو علم غیره، یرجع الناس إلیه فیما یقع من الحوادث، وهذا هو الأصح، اه''. ردالمحتار (۱)۔

اورآبادی مذکورہ فی السوال کا حکم فتویٰ ذیل سے معلوم ہوجائے گا:

مسئلہ: ''یہ موضع قصبہ سردھنہ کے قریب پانچ کوس کے واقع ہے اوراس سے زیادہ قریب کوئی شہر نہیں اور موضعِ مذکور میں قریب دو ہزار مردم شماری کے ہے جس میں زیادہ نصف سے مسلمان اور باقی ہندو ہیں۔ مسلمانوں کے دینی احکام سے کوئی مانع نہیں۔ ضروری احتیاج کے واسطے دوکانیں بیس بائیس موجود ہیں، روزمرہ تیس بتیس سے زیادہ نمازی پنجوقتہ میں جمع ہوتے ہیں، رمضان شریف میں ساٹھ ستر تک اور جمعہ رمضان میں دو سواور عیدین میں ایک ہزار سے زیادہ جمع ہوتے ہیں۔

موضعِ مذکورہ میں جمعہ کی نماز جائز ہے یانہیں؟ اوربعض عالم امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کے قول پرعمل کرتے ہیں اورگاؤں میں جمعہ جائز کہتے ہیں اوراحتیاط الظہر بھی ایسی حالت میں پڑھنی چاہیے یانہیں؟ فقط۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جس موضع میں دو ہزار آدمی ہندومسلمان ہیں اس جگہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک جمعہ ادانہیں ہوتا ہے، وہاں ظہر کی نماز جماعت سے پڑھنی چاہیے اور جمعہ نہ پڑھنا چاہیے، پس جب جمعہ نہیں ہوا، احتیاط الظہر کہاں (۲)، بلکہ ظہر کی نماز باجماعت مثل

---

(۱) (ردالمحتار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۳۷، سعید)

(وکذا فی الحلبی الکبیر، کتاب الصلاة، فصل فی صلاة الجمعة، ص: ۵۵۰، سهیل اکیڈمی، لاهور)

(۲) (راجع، ص: ۱۴۱، رقم الحاشیة: ۲)

Made searchable using ScribeTools.com

دیگر ایام کے پڑھنی چاہیے(۱) اور ہندوستان کے سب شہر اور قصبہ میں جمعہ ادا ہو جاتا ہے، احتیاط الظہر کی کچھ حاجت نہیں(۲)۔

اور امام شافعیؒ کے یہاں گاؤں میں جمعہ ادا ہو جاتا ہے ان کے نزدیک بھی کچھ تفصیل اصل احتیاط الظہر کی نہیں، پس جو صاحب اس مسئلہ پر شافعی بنیں ان پر حنفی کیا الزام دے سکتے ہیں، کیونکہ یہ بات اپنی اختیاری ہے جو مذہب چاہو اختیار کرو، غیر مقلد بھی یہی کرتے ہیں کہ جو بات کسی مذہب کی پسند آئی وہ اختیار کر لیتے ہیں(۳)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

بندہ رشید احمد گنگوہی عفی عنہ،۳/ ذی قعدہ/۱۳۱۲ھ۔

فتاویٰ رشیدیہ،حصہ دوم،ص:۱۳۴(۴)۔ مہر

---

(۱) "من لاتجب عليهم الجمعة لِبُعد الموضع، صلوا الظهر بجماعة". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱۵۷/۲، سعيد)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب السادس عشر فى صلاة الجمعة : ۱۴۵/۱، رشيديه)

(۲) "وتقع فرضاً فى القصبات والقرى الكبيرة التى فيها أسواق". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة : ۱۳۸/۲، سعيد)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب السادس عشر: ۱۴۵/۱، رشيديه)

(۳) حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کی عبارت کا منشا یہ ہے کہ اس طرح کرنا تلفیق بین المذاہب کی بناء پر ناجائز ہے، کیونکہ اس میں انسان کی گمراہی کا خطرہ ہے،وفى ردالمحتار: "حكى أن رجلاً من أصحاب أبى حنيفة خطب إلى رجلٍ من أصحاب الحديث ابنته فى عهد أبى بكر الجوزجانى، فأبى إلا أن يترك مذهبه، فيقرأ خلف الإمام، ويرفع يديه عند الانحطاط ونحوذلك، فأجابه فزوجه. فقال الشيخ بعد ماسئل عن هذه وأطرق رأسه: النكاح جائز ولكن أخاف عليه أن يذهب إيمانه وقت النزع؛ لأنه استخفّ بمذهبه الذى هو حقٌّ عنده، وتركه لأجل جيفة منتنة ..... ليس للعامى أن يتحول من مذهب إلى مذهب، ويستوى فيه الحنفى والشافعى". (ردالمحتار، كتاب الحدود، باب التعزير: ۸۰/۴، سعيد)

(۴) (فتاویٰ رشیدیہ، ص: ۳۴۸، ۳۴۹، ادارہ اسلامیات، لاہور)

آبادی مذکورہ فی السوال بھی تقریباً دو ہزار ہے اور فتویٰ بالا میں بھی دو ہزار کی تصریح ہے، لہٰذا اس فتویٰ کی رو سے وہاں جمعہ نہیں ہوتا، ظہر کی نماز فرض ہے، جب جمعہ ادا نہیں ہوتا تو فریضۂ ظہر بھی ذمہ سے ساقط نہیں ہوتی (۱)، حتی الوسع ایسی جگہ جمعہ پڑھنے سے روکنا چاہیے، اگر وہ لوگ باز نہ آئیں تو خود ظہر پڑھے۔ باقی جس جگہ جمعہ ادا ہو جاتا ہو وہاں امام اور خطیب کا اتحاد ضروری نہیں اگر چہ بہتر یہی ہے کہ امام اور خطیب ایک ہی ہو:

"لاینبغی أن یصلی غیر الخطیب؛ لأنهما شیء واحد، فإن فعل بأن خطب صبی بإذن السلطان وصلی بالغ، جاز، هو المختار، اه". درمختار، ص: ۸٦۱(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم، ۲٦/۱۱/۵۵ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، ۳/ ذی الحجہ/ ۵۵ھ۔

قریۂ صغیرہ میں جمعہ

سوال[۳۷۱۹]: اس بستی کی آبادی تخمیناً دو ہزار ہے جس میں پانچ سو مسلم آبادی ہے، دو مسجدیں ہیں، ایک پرائمری ہندی اسکول ہے، تین چار معمولی پرچون کی دوکانیں ہیں جن میں ضروریات کا سامان صرف نمک، مرچ، تیل مٹی وغیرہ ملتا ہے، ہفتہ میں ایک بار بازار بکریوں کا لگتا ہے جس میں کپڑا، سبزی وغیرہ ملتی ہے۔ ایسی صورت میں یہاں نماز جمعہ وعیدین جائز ہے یا نہیں؟ اگر پڑھ لے تو فرض ادا ہو جائے گا یا نہیں؟ نہ پڑھنے پر فساد کا بھی اندیشہ نہیں ہے۔

نیاز وارث، ڈاکخانہ صفدر گنج (بارہ بنکی)

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایسی چھوٹی بستی میں نماز جمعہ وعیدین درست نہیں، جمعہ پڑھنے سے فریضۂ وقت ادا نہ ہوگا (۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

---

(۱) (راجع، ص: ۱۴۱، رقم الحاشیة: ۲)

(۲) (الدر المختار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/ ۱٦۲، سعید)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب السادس عشر فی الجمعة: ۱/ ۱۴۷، رشیدیه)

(۳) "عن علی رضی الله تعالیٰ عنه أنه قال: لا جمعة و لا تشریق إلا فی مصر جامع". (إعلاء السنن، =

Made Se... pools.com Made searchable using ScribeTools.com

ایضاً

سوال [۳۷۲۰]: ایک چھوٹی سی بستی ہے جس میں مسلمانوں کی بہت قلیل آبادی ہے اور اس قلیل آبادی میں دو مسجدیں ہیں، جس جگہ مسلمانوں کی تعداد زیادہ ہے وہاں ایک مسجد ہے جس میں پاس پڑوس کے مسلمان بھی نماز جمعہ وعیدین ادا کرنے کے لئے آتے ہیں اس طرح ملا کر مع بچوں کے کل دو صفیں ہوجاتی ہیں، جہاں پر دوسری مسجد واقع ہے وہاں پر مسلمانوں کے دو چار گھر ہیں، لیکن ایک صاحب نے پہلا جمعہ اس دوسری مسجد میں بھی کرایا۔ اب اتنی قلیل آبادی کے باوجود اس مسجد میں نماز جمعہ ہوسکتی ہے یا نہیں جب کہ اس سے پہلے اس مسجد میں جمعہ کبھی نہیں ہوا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

حنفیہ کے نزدیک جمعہ کے لئے شہر یا قصبہ یا بڑا گاؤں ہونا شرط ہے، بڑا گاؤں وہ ہے جس میں گلی، کوچے ہوں، بازار ہو، روزمرہ کی ضروریات ملتی ہوں، تین چار ہزار کی آبادی ہو(۱)۔ پھر ایسی بستی میں بہتر یہ

= أبواب الجمعة، باب عدم جواز الجمعة فی القری: ۱/۸، إدارة القرآن کراچی)

"(ویشترط لصحتها) سبعة أشياء: الأول المصر". (الدرالمختار). "عن أبی حنيفة رحمه الله تعالیٰ أنه بلدة كبيرة، فيها سكك و أسواق، ولها رساتيق، و فيها والٍ يقدر على إنصاف المظلوم من الظالم بحشمته و علمه أو علم غيره، يرجع الناس إليه فيما يقع من الحوادث، وهذا هو الأصح". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۱۳۷، سعيد)

"لا تجوز فی الصغيرة التی ليس فيها قاض و منبر و خطيب، كما فی المضمرات ..... ألا ترى أن فی الجواهر: لو صلوا فی القری، لزمهم أداء الظهر". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۳۸، سعيد)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۲۴۵، ۲۴۶، ۲۴۸، رشيديه)

(۱) "ان رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم لم يصل الجمعة فی القریٰ ولم يأمر بها فيها، فعلم بهذا أن القری ليست محل إقامة الجمعة". (بذل المجهود، كتاب الصلوة، باب الجمعة فی القریٰ: ۲/۱۷۰، إمداديه، ملتان)

"ويشترط لصحتها سبعة أشياء الأول المصر". (الدرالمختار). "عن أبی حنيفة رحمه الله تعالیٰ =

ہے کہ جمعہ ایک ہی جگہ ہو، اگر ایک مسجد میں سب نمازی نہ آسکیں تو متعدد جگہ بھی درست ہے (۱)۔ اور جو بستی ایسی نہ ہو بلکہ چھوٹی ہو، وہ چھوٹا گاؤں ہے وہاں جمعہ درست نہیں (۲)۔ اب سوال میں مذکورہ دونوں بستیوں کو منطبق کر کے عمل کیا جائے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

ایضاً

سوال[۳۷۲۱]: ایک چھوٹے گاؤں کی مجموعی آبادی ۳۳۲ افراد پر مشتمل ہے، ایسے گاؤں میں مسلمانوں پر جمعہ فرض ہے یا نہیں؟

محمد التفات احمد عراقی، ہردوئی۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایسے چھوٹے گاؤں میں جمعہ فرض نہیں بلکہ ظہر فرض ہے اسلئے وہاں جمعہ نہ پڑھیں بلکہ ظہر

= عليه أنه بلدة كبيرة فيها سكك وأسواق، ولها رساتيق، وفيها والٍ يقدر على إنصاف المظلوم من الظالم بحشمته وعلمه أو علم غيره، ويرفع إليه الناس فيما يقع من الحوادث، وهذا هو الأصح". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۱۳۷/۲، سعيد)

وفيه أيضاً: "تجوز في الصغيرة التي ليس فيها قاض ومنبر وخطيب". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۱۳۸/۲، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲۴۵/۲-۲۴۸، رشيديه)

مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: (احسن القریٰ فی توضیح او ثق العری تالیف شیخ الهند حضرت مولانا محمود حسن رحمه الله تعالیٰ)

(۱) "(وتؤدى في مصر واحد في مواضع كثيرة) مطلقاً على المذهب". (الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۱۴۴/۲، سعيد)

"يصح أداء الجمعة في مصر واحد بمواضع كثيرة". (البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲۵۰/۲، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلوة، الباب السادس عشر في صلاة الجمعة: ۱۴۵/۱، رشيديه)

(۲) (راجع، ص: ۱۴۵، رقم الحاشية: ۱)

Made searchable using ScribeTools.com

پڑھا کریں (۱)۔ واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

جس بستی میں شرائط نہ ہوں اور پھر بھی جمعہ پڑھا جائے، اس کا حکم

سوال[۳۷۲۲]: ۱.....میں دارالعلوم کے فیضِ علم سے کچھ مستفید ہوا ہوں، ہمارے علاقے کے چھوٹے چھوٹے گاؤں میں عام طور پر جمعہ کی نماز ادا کی جاتی ہے۔ میرے گاؤں میں بھی روکنے سے لوگ رکتے نہیں، خود رکنے اور مسئلہ کو اٹھانے سے خطرہ یہ محسوس ہوتا ہے کہ لوگ مخالف ہو جائیں گے اور جو کچھ دین کی باتیں سن کر عمل کر لیتے ہیں اس بدظنی اور مخالفت کے بعد وہ بھی بند ہو جائے گا، حتی کہ باتیں سننے کو بھی تیار نہ ہوں گے۔ اسی مصلحت سے اب تک ہمارے علاقے کے علماء اس مسئلہ میں ساکت ہیں، اور خود بھی ان گاؤں میں جمعہ پڑھ لیتے ہیں۔ اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ اس مصلحت سے کیا ہم بھی ساکت رہیں اور جمعہ کی نماز وہاں پڑھا کریں، اگر ہم نے ایسا کیا تو کیا ہمیں گناہ بھی ہوگا؟

۲.....گاؤں میں جمعہ سے روکئے تو لوگ ہرگز تیار نہ ہوں گے، کیا انہیں یہ بتایا جائے کہ خیر جمعہ کے

---

(۱) "أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لم يصل الجمعة فى القرى، ولم يأمر بها فيها، فعلم بهذا أن القرى ليست محل إقامة الجمعة". (بذل المجهود، كتاب الصلاة، باب الجمعة فى القرى: ۱۷۰/۲، إمداديه ملتان)

"(ويشترط لصحتها) سبعة أشياء: الأول المصر". (الدرالمختار). "عن أبى حنيفة رحمه الله تعالىٰ أنه بلدة كبيرة، فيها سكك وأسواق، ولها رساتيق، و فيهاوالٍ يقدر على إنصاف المظلوم من الظالم بحشمته و علمه أو علم غيره، يرجع الناس إليه فيما يقع من الحوادث، و هذا هو الأصح". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۱۳۷/۲، سعيد)

"لا تجوز فى الصغيرة التى ليس فيها قاضٍ و منبر و خطيب كما فى المضمرات ..... ألا ترى أن فى الجواهر: لوصلوا فى القرى، لزمهم أداء الظهر". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱۳۸/۲، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲۴۵/۲، ۲۴۶، رشيديه)

مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: (أحسن القرى فى توضيح أوثق العرى، تالیف شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسن رحمہ اللہ تعالیٰ)

ساتھ ظہر کی نماز بھی پڑھ لیا کرو، تاکہ ظہر کی قضاء کے گناہ سے بچ جائیں؟ اور اگر لوگ اس پر راضی ہوں تو منفرداً ظہر ادا کی جائے یا جماعت کے ساتھ؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

حنفیہ کا مسلک اس مسئلہ میں بالکل صاف ہے اور اس پر مستقل رسائل مع الدلائل شائع شدہ ہیں: أوثق العری، أحسن القری، القول البدیع وغیرہ، حدیث وفقہ کے دلائل سے مزین ہیں۔ جس مقام پر جمعہ درست نہیں وہاں ظہر کی نماز باجماعت ادا کی جائے، جمعہ پڑھنے سے وہاں فریضۂ ظہر ذمہ سے ساقط نہیں ہوگا: "لو صلوا فی القریٰ، لزمهم أداء الظهر، اه". شامی: ۱/۷۴۸(۱)۔ جمعہ پڑھ کر احتیاط الظہر پڑھنا لوگوں کو شبہ میں ڈالنا ہے کہ ایک دن میں اور ایک وقت میں دو فرض ہیں: ایک جمعہ، دوسرا ظہر، اس لئے اس سے کلیۃً اجتناب کرنا چاہیے۔

جن مصالح کی بناء پر بعض حضرات نے احتیاط الظہر کی تجویز کی تھی، علامہ ابن نجیم رحمہ اللہ نے البحر الرائق میں ان کو مخدوش قرار دیا ہے، ملاحظہ ہو، بحر: ۲/۲۴۳(۲)، اور احتیاط الظہر میں اِخفاء کی تاکید ہے نہ کہ

---

(۱) (ردالمحتار، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۱۳۸، سعید)

(۲) علامہ ابن نجیم نے جو احتیاط الظہر والے قول پر رد کیا ہے، اس کا تعلق صورتِ مسئولہ کے ساتھ نہیں ہے، بلکہ اس کا تعلق اس مسئلہ سے ہے: ایک ہی شہر میں متعدد جگہ نماز جمعہ پڑھنے کے بارے میں بعض علماء کا قول ہے کہ متعدد جگہ نماز جمعہ نہیں ہوتی، لہٰذا جن لوگوں نے سب سے پہلے نماز جمعہ پڑھی ان لوگوں کی نماز صحیح اور بعد میں پڑھنے والوں کی باطل ہو جائے گی، بعض علماء کے نزدیک اگرچہ سب کی نماز صحیح ہو جائے گی، لیکن پھر بھی بعد میں پڑھنے والے لوگ احتیاط الظہر پڑھ لیا کریں۔ اس احتیاط الظہر کو علامہ ابن نجیم نے مخدوش قرار دیتے ہوئے فرمایا ہے کہ احتیاط الظہر والی بات ضعیف قول پر مبنی ہے:

"یصح أداء الجمعة فی مصر واحد بمواضع کثیرة، و هو قول أبی حنیفة ومحمد، وهو الأصح ..... وإذا علمت ذلک فما فی القنیة: ولما ابتلی أهل مرو بإقامة الجمعتین بها مع اختلاف العلماء فی جوازهما، ففی قول أبی یوسف والشافعی ومن تابعهما باطلتان إن وقعتامعاً، وإلا فجمعة المسبوقین باطلة، أمر أئمتهم بأداء الأربع بعد الجمعة حتماً احتیاطاً ..... مبنی کله علی القول الضعیف المخالف للمذهب ..... مع مالزم من فعلها فی زماننا من المفسدة العظیمة، وهو اعتقاد الجهلة أن الجمعة لیست بفرض لِمَا یشاهدون من صلاة الظهر، فیظنّون أنها الفرض وأن الجمعة لیست بفرض، فیتکاسلون عن أداء الجمعة، فکان الاحتیاط فی ترکها". (البحر الرائق، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۲۵۰-۲۵۲، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

جماعت کی۔ مسئلہ تو صاف بتادیا جائے، پھر اگر لوگ نہ مانیں تو فساد کرنے اور الجھنے کی ضرورت نہیں، جمعہ ایسی جگہ جہاں شرائط موجود نہ ہوں، نہ پڑھیں، اگر مجبور کیا جائے تو یہ کہو کہ: ''جمعہ درست نہیں، نفل کی نیت سے شرکت کرتا ہوں، شریک ہوجائیں، ایسی حالت میں جمعہ درست نہیں، مجھے مجبور کیا جارہا ہے، اس لئے پڑھ رہا ہوں، اس سے فریضہ ادا نہیں ہوگا، اس امید پر کہ لوگ بدظن نہ ہوں اور دین کی بات سن لیا کریں''۔ غلط طریقہ ہرگز اختیار نہ کیا جائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

شہر سے متصل گاؤں والوں پر جمعہ

سوال[۳۷۲۳]: ایک موضع میں تین مسجدیں ہیں جس میں سے ایک کو عوام نے جامع مسجد کے ساتھ ملقب کیا ہے، محض اس بناء پر کہ اس کی تعمیر کے وقت (تقریباً سو برس) سے اس میں جمعہ کی نماز ہوتی چلی آئی ہے۔ موضع ہٰذا کی موجودہ سے پیشتر کی یہ حالت تھی کہ کافی بڑا بازار لگتا تھا، لیکن عرصۂ دراز سے بازار شکست ہوگیا جس سے آبادی کم ہوکر قریب دو ہزار کے رہ گئی ہے اور مختلف پیشہ ور مثلاً نیاری، عطار، حکیم، بزاز، حجام، تنبولی، حلوائی وغیرہ اپنی دکانیں پیشہ کی چیزیں ہر وقت موجود رکھتے ہیں۔ گرد ونواح کی تعداد مع بچوں کے ایک سو کے قریب پہونچ جاتی ہے۔

بہشتی زیور (مصنفہ) حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ میں دیکھنے سے معلوم ہوا کہ ''ایسے مواضعات جن کی آبادی تین ہزار سے کم ہو جمعہ جائز نہیں، بلکہ گناہ ہے''۔ اس قسم کے دو چار مواضعات حضرت مولانا کا فتویٰ عدم جواز کے لئے آچکا ہے۔ ان سب صورتوں کو دیکھ کر عوام جمعہ صحیح نہ ہونے کے وجوہات سے باخبر کیا گیا، مگر اس قائل کو وہابی کا خطاب اور اکثر وبیشتر لوگ خلاف ہوگئے۔ علاوہ اس کے چند لوگ جو حق کے متلاشی تھے ان کو کتاب بہشتی زیور دکھلانے سے یقین ہوگیا کہ جمعہ یہاں درست نہیں ہوتا۔

موضع ہٰذا سے ڈیڑھ میل کے فاصلے پر ایک ایسا مقام جس کی آبادی تین ہزار سے زائد ہے، وہ ہفتہ میں دو مرتبہ بہت بڑا بازار بھی لگتا ہے اور اس بازار میں قرب وجوار کے لوگ یعنی (اطراف مواضعات) اکثر شریک ہوکر ضروری اشیاء خرید کرتے ہیں، بازار کے علاوہ اَور دنوں میں بھی ضرورت کی سب چیزیں مل جایا کرتی ہیں۔ علاوہ بریں مقامِ مذکور میں تھانہ، ڈاک خانہ، سرکاری ہسپتال ومڈل اسکول وغیرہ بھی موجود ہیں اور ہر چیز کی

Made Searchable by ScribeTools.com

دکانیں بھی بہت بڑی بڑی ہیں اور مسجدیں صرف دو ہیں۔ان سب باتوں کی وجہ سے اس کو لفظِ ''قصبہ'' کے ساتھ پکارا جاتا ہے۔اب اس صورت میں موضع ہذا میں ظہر کی نماز باجماعت ادا کرنی چاہیے، یا موضع میں جمعہ پڑھنا چاہیے اور کتنی مسافت طے کر کے جمعہ میں شریک ہونا چاہیے؟ بینوا توجروا۔

احقر: ضمیر الدین، احاطہ دار السلام، دار العلوم دیوبند۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس قصبہ میں جمعہ درست ہے اور موضع میں درست نہیں۔جس جگہ جمعہ درست نہیں ہوتا وہاں فریضۂ ظہر جماعت کے ساتھ ادا کرنا چاہیے، اگر اس قصبہ سے اس موضع میں اذان کی آواز آتی ہے تو امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک موضع والوں پر جمعہ واجب ہے، درمختار میں یہی قول مفتی بہ ہے۔اور بعض علماء نے اس کا انداز ایک فرسخ بیان کیا ہے۔صاحبِ بحر کے نزدیک راجح یہ ہے کہ اگر وہاں کے لوگ جمعہ پڑھ کر بلا کلفت اپنے مکان لوٹ کر آسکتے ہیں تو ان پر جمعہ واجب ہے ورنہ نہیں۔قاضی خاں کی رائے یہ ہے اگر شہر کے گردونواح میں رہنے والے چند کھیتوں کے فصل پر رہتے ہوں تو جمعہ کے لئے حاضر ہونا ان کے ذمہ واجب نہیں، اگر چہ اذان کی آواز سنتے ہوں، لیکن ظاہر روایت یہ ہے کہ شہر اور شہر کے متصل رہنے والوں پر جمعہ واجب ہے اور اہلِ سواد پر واجب نہیں، اسی کو اصح کہا ہے، پس اس موضع والوں پر جمعہ واجب نہ ہوگا۔اگر کوئی قصبہ میں جا کر ادا کرے تو اس کو اختیار ہے اور باقی کو چاہیے کہ جماعت سے ظہر پڑھیں، ردالمحتار: ۱/ ۸۳۵، میں اس کی تفصیل موجود ہے (۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۸/ ۱۱/ ۵۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم، سہارنپور، ۲۱/ ذیقعدہ/ ۵۷ھ۔

---

(۱) ''(وشرط لافتراضها) تسعة تختص بها (إقامة بمصر). وأما المنفصل عنه، فإن كان يسمع النداء، تجب عليه عند محمد، وبه يفتى، كذا فى الملتقى. وقد منا عن الولوالجية تقديره بفرسخ، ورجح فى البحر اعتبار عوده لبيته بلا كلفة اهـ''. (الدر المختار).

''وفى الخانية المقيم فى موضع من أطراف المصر إن كان بينه وبين عمران المصر فرجةٌ من مزارع، لا جمعة عليه وإن بلغه النداء، وتقدير البُعد بغلوة أو ميل ليس بشئ ..... وفى التاتارخانية: =

Made searchable using ScribeTools.com

قصبہ سے قریب گاؤں والوں پر جمعہ

سوال[۳۷۲۴]: زید جس گاؤں میں رہتا ہے اس کی آبادی ۵۰۰/ کی ہے، پھر قصبہ سے ڈیڑھ میل دور ہے، کبھی کبھی اذان قصبہ کی گاؤں میں بھی آجاتی ہے۔ زید کا کہنا ہے کہ میرے گاؤں میں قصبہ کی اذان کی آواز آجاتی ہے، اس لئے ہم پر جمعہ فرض ہے۔ دریافت طلب یہ ہے کہ زید کے ذمہ سے ظہر ساقط ہوجاتی ہے یا نہیں، جب کہ جمعہ کی اذان قصبہ میں جاکر پڑھتے تھے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

زید کے اس گاؤں میں رہتے ہوئے جمعہ لازم نہیں، اس کے ذمہ یہ لازم ہے کہ اس گاؤں میں پڑھے، اس لئے کہ یہ گاؤں قریۂ صغیرہ ہے۔ اس کے ذمہ یہ لازم ہے کہ ایک میل یا ڈیڑھ میل دور جاکر قصبہ میں پڑھے اگرچہ وہاں سے کبھی اذان کی آواز بھی سنائی دیتی ہو، یہی قول اصح ہے:

"والإقامة بمصر أوفيما هو داخل فی حد الإقامة بها: أی بالمصر وهو المكان الذی مَن فارقه بنيّة السفر، يصير مسافراً، ومن وصل إليها يصير مقيماً فی الأصح. ولا يجب علی من كان خارجه ولو سمع النداء من المصر سواء كان سواده قريباً من المصر أو بعيداً علی الأصح، فلا يعمل بما قيل بخلافه وإن صح، اهـ". مراقی الفلاح، ص: ٢٧٤، مصری، ص: ٤١٧(١)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۸/۱۱/۸۵ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۸/۱۱/۸۵ھ۔

= ثم ظاهر رواية أصحابنا لاتجب إلا علی من يسكن المصر أو يتصل به، فلا تجب علی أهل السّواد ولوقريباً، وهذا أصحّ ماقيل فيه ..... واختيار المحققين من أهل الترجيح أنه لاعبرة ببلوغ النداء ولا بالغلوة والأميال، اهـ". (ردالمحتار: ۲/۱۵۳، باب الجمعة، مطلب فی شروط وجوب الجمعة، سعيد) (وكذا فی فتاویٰ قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمكيرية: ۱/۱۷۴، باب صلوة الجمعة، رشيديه) (وكذا فی البحر الرائق: ۲/۲۴۷، باب صلوة الجمعة، رشيديه)

(۱) (حاشية الطحطاوی علی مراقی الفلاح، ص: ۵۰۴، ۵۰۵، كتاب الصلوة، باب الجمعة، قديمی)=

دیہات میں تعلیمِ مسائل کی خاطر جمعہ پڑھنا

سوال[۳۷۲۵]: دیہات میں اگر جمعہ اس لئے پڑھا جائے کہ مجمع ہوجائے گا اور کچھ مسائل وغیرہ ان کو معلوم ہوجائے تو جائز ہے یا نہیں؟ اگر نہ پڑھا جائے تو لوگ مسائل سے ناواقف رہ جائیں گے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

ناجائز ہے(۱)، مسائل سکھانے کے لئے دوسرے طُرق پنچایت وغیرہ کے ذریعہ سے مجمع کیا جائے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

قریۂ صغیرہ میں امام کے پیچھے نماز جمعہ میں اقتداء

سوال[۳۷۲۶]: ایک ایسا قریہ ہے جہاں صلوۃ جمعہ جائز نہیں ہے، ایسی صورت میں اگر کوئی شخص فتنہ سے بچنے کے لئے صلوۃ جمعہ میں امام کے پیچھے اقتداءِ نفل کرتا ہے، کیا اس شخص کے لئے اقتداءِ نفل کرنا جائز ہوگا یا نہیں؟

= "وصحح فی مواهب الرحمن قول أبی یوسف رحمه الله تعالیٰ بوجوبها علی من کان داخل حد الإقامة: أی الذی مَن فارقه یصیر مسافراً، وإذا وصل إلیه یصیر مقیماً. وعلله فی شرحه المسمَّی بالبرهان بأن وجوبها مختصٌّ بأهل المصر، والخارج عن هذا الحد لیس أهله. اهـ". (ردالمحتار: ۱۵۳/۲، کتاب الصلوة، باب الجمعة، سعید)

"قال العلامة الحلبی رحمه الله: "ومن کان مقیماً فی أطراف المصر لیس بینه وبین المصر فرجةٌ بل الأبنیة متصلةٌ إلیه، فعلیه الجمعة، وإن کان بینه وبین المصر فرجةٌ من المزارع والمراعی، فلا جمعة علیه وإن کان یسمع النداء. اهـ". (غنیة المستملی شرح المنیة (الحلبی الکبیر)، ص: ۵۵۲، فصل فی صلوة الجمعة، سهیل اکیڈمی، لاهور)

(۱) "لاتجوز فی الصغیرة التی لیس فیها قاضی ومنبرو خطیب". (ردالمحتار، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۱۳۸/۲، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲۴۵/۲، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

اس کے لئے اس کے علاوہ کوئی مفر نہیں، اس کی گنجائش ہے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

بنگال کے دیہات میں جمعہ

سوال[۳۷۲۷]: بعض قری بنگال بلکہ اکثر متصل ومسلسل پے درپے دور دراز مسافت غالباً تین چار روز کم وبیش چلے گئے ہیں، ایک دو کو ملا کے تین چار ہزار مردم شماری ہوگی اور مجموعہ اس آبادی وبستی میں لاکھوں بلکہ بے شمار مردم شماری ہے اور بعضے میں ڈاکخانہ اور بازار اور تھانہ، بورڈ محکمہ بھی ہیں، ایسی بستیاں قریۂ کبیرہ ہیں یا نہیں اور ان میں نماز جمعہ فرض ہے یا نہیں اور احتیاط الظہر پڑھنا چاہئے یا نہیں؟ بینوا بحوالہ الکتب والدلیل۔

الجواب حامداًومصلیاً:

قری بنگال کا حال بہت مشتبہ ہے اور وہاں کے عام سکان بلکہ عام اہلِ علم کا حال بھی بہت ہی تعجب خیز ہے وہ یہ کہ جب وہ حضرات سفر کا ارادہ کرتے ہیں تو اپنے تالاب کے دوسرے کنارہ پر پہونچ کر قصر شروع کردیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہماری بستی ختم ہوگئی اور جب جمعہ کا تذکرہ آتا ہے تو تمام دور دراز کی آبادی کو اپنی

---

(۱) "عن أبی ذر قال: قال لی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "یا أبا ذر! کیف أنت إذا کانت علیک أمراء یُمیتون الصلوة" أو قال: "یؤخرون الصلوة"؟ قلت: یارسول الله! فماتأمرنی؟ قال: "صل الصلوة لوقتها، فإن أدرکتها معهم، فصلّه فإنهالک نافلة".

"صل الصلوة لوقتها": أی إذا أخر الإمام الصلوة وأماتها "فصلّ الصلوة أنت لوقتها: أی منفرداً "فإن أدرکتها معهم". بأن حضرت الجماعة "فصلّه" بتذکیر الضمیر بتأویل الفرض ..... "فإنها": أی الصلوة التی صلیت مع الجماعة "لک نافلة": أی زائدة علی الفرض؛ لأن الفرض هو الذی صلّیته منفرداً، أو فإنها لک زیادة خیرٍ. قال الملا علی القاری رحمه الله تعالیٰ: وهو محمول علی اظهر والعشاء عندنا ..... وظاهر الحدیث الاطلاق فترفع الکراهة للضرورة إذا لضرورات تبیح المحظورات". (بذل المجهود فی حل أبی داؤد، کتاب الصلوة، بابٌ: إذا أخر الإمام الصلوة عن الوقت: ۱/۲۴۹، إمدادیه، ملتان)

بستی کی آبادی شمار کر کے کہتے ہیں کہ ہماری بستی یہاں تک ہے، اس لئے بہتر یہ ہے کہ خود وہاں کے اربابِ فتوی واہلِ دیانت سے اس مسئلہ کی تحقیق کی جاوے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۳/ رمضان المبارک/ ۶۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۳/ رمضان المبارک/ ۶۶ھ۔

مزرعہ قریبہ میں نماز جمعہ

سوال[۳۷۲۸]: جس قصبہ میں بلاشک وشبہ جمعہ جائز ہو، کیا اس قصبہ کے مزرعہ میں جب کہ اس مزرعہ میں صرف پندرہ گھر ہوں اور وہ مزرعہ باغ اور کھیتی کی وجہ سے اہلِ قصبہ کی آبادی سے الگ ہو اور خواہ وہ مزرعہ قصبہ سے کتنا ہی قریب کیوں نہ ہو، کیا مزرعہ میں جمعہ جائز نہ ہوگا؟ مثلاً مزرعہ پانچ فرلانگ تک کے فاصلہ پر ہو، جیسا کہ میرا مزرعہ پانچ فرلانگ کے فاصلہ پر ہے۔

(الف) اگر قصبہ کا کوئی محلّہ قصبہ کی اصل آبادی سے الگ ہو، درمیان میں بنجر زمین وکھیت باغات ہوں، فاصلہ قصبہ سے محلّہ مذکورہ تک خواہ ایک یا دو فرلانگ تک ہو، خواہ چار یا پانچ فرلانگ تک ہو، کیا اس محلّہ میں بھی نماز جمعہ جائز نہ ہوگی؟

(ب) جمعہ کے جواز کے لئے تمام شرائط کے ماسوا ایک شرط یہ بھی ہے کہ گاؤں کی آبادی معہ مزرعہ جات کے تین ہزار سے کم نہ ہو یعنی مزرعہ جات ڈیڑھ میل کے فاصلہ پر ہوتے ہیں۔ کتنے فرلانگ تک فاصلہ گاؤں سے مزرعہ کا ہو تو اس کی آبادی گاؤں کی آبادی میں تین ہزار کی تعداد دیکھنے کے لئے شامل ہوگی؟

(ج) فرض نماز جمعہ کے بعد دیر تک امام کا دعاء مانگنا غیر افضل تو نہیں، اس بناء پر کہ رسول کریم صلی اللہ

---

(۱) "عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: "لیس الخبر کالمعاینۃ". (مسند أحمد، رقم الحدیث: ۲۴۴۳، ۱/۴۴۷، دار إحیاء التراث العربی)

"و قد علم من ھذا أن مذھب العامی فتوی مفتیہ من تقیید بمذھب، ولھذا قال فی الفتح: الحکم فی حق العامی فتوی مفتیہ، الخ". (ردالمحتار، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم و مالایفسدہ: ۲/۴۱۱، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصوم، فصل فی العوارض: ۲/۵۱۳، رشیدیہ)

Made searchable using ScribeTools.com

تعالیٰ علیہ وسلم جن نمازوں کے بعد سنن وغیرہ ہوتے تھے، سلام پھیر کر فوراً مختصر دعاء: "اللھم أنت السلام و منك السلام الخ "(۱) مانگا کرتے تھے۔

الجواب حامداًومصلیاً:

(الف، ب) جو مزرعہ اتنے فاصلہ پر ہو کہ دیکھنے سے بالکل جداگانہ بستی معلوم ہو وہاں جمعہ درست نہیں اسی طرح محلّہ کا حال ہے، جو محلّہ یا مزرعہ دیکھنے سے اسی بستی کا جزء معلوم ہوتا ہو اگر چہ درمیان میں کوئی کھیت یا تالاب وغیرہ بھی آ گیا ہو وہاں جمعہ درست ہے اور اس کی آبادی کو بھی اصل بستی کی ہی آبادی تصور کیا جائے گا، ڈیڑھ میل کا فاصلہ تو بہت ہے، چار پانچ فرلانگ کا فاصلہ بھی کافی ہے، دیکھنے والے یہی سمجھیں گے کہ وہ لوگ آبادی سے باہر جنگل میں رہتے ہیں، یہ نہیں کہیں گے کہ بستی وہاں تک ہے (۲)۔

(ج) فرضِ جمعہ کے بعد بھی مختصر دعاء مناسب ہے، زیادہ طویل نہ ہو (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: العبد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) (جامع الترمذی، أبواب الصلوة، باب مایقول إذا سلم: ۱/۶۶، سعید)

(۲) "و من كان مقيماً فی أطراف المصر ليس بينه و بين المصر فرجة بل الأبنية متصلة إليه، فعليه الجمعة، وإن كان بينه و بين المصر فرجة من المزارع والمراعی، فلا جمعة عليه". (الحلبی الكبير، كتاب الصلاة، فصل فی صلاة الجمعة، ص: ۵۵۲، سهيل اكيڈمی لاهور)

"ومن كان مقيماً فی عمران المصر وأطرافه وليس بين ذلك الموضع و بين عمران المصر فرجة، فعليه الجمعة، ولو كان بين ذلك الموضع و بين عمران المصر فرجة من مزارع أو مراع كالقلع بخاری، لا جمعة علی أهل ذلك الموضع وإن سمعوا النداء". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۲۴۷، رشيديه)

(وكذا فی بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، شرائط الجمعة: ۱/۵۸۵، رشيديه)

(۳) "عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها، قالت: كان رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم إذا سلّم لا يقعد إلا مقدار ما يقول: "اللهم أنت السلام و منك السلام تباركت يا ذا الجلال والإكرام". (جامع الترمذی، أبواب الصلاة، باب مايقول إذا سلم: ۱/۶۶، سعيد) ..... =

ایک ہزار کی آبادی میں نماز جمعہ کا حکم

سوال[۳۷۲۹]: ایک موضع جس کی آبادی ایک ہزار افراد پر مشتمل ہے، یہاں پر تقریباً نصف صدی سے برابر پابندی کے ساتھ جمعہ کی نماز ہوتی چلی آرہی ہے۔ اس موضع کی آبادی بالکل قصبہ جیسی ہے، ہر قسم کی دوکانیں مثلاً جو چیزیں ضروریاتِ زندگی ہیں بآسانی دستیاب ہوجاتی ہیں، اکثر علماء آئے دن یہاں آتے ہیں نماز جمعہ بھی پڑھتے ہیں، بعض علماء انکار بھی کرتے ہیں۔

انکار کرنے والے علماء سے جب کہا جاتا ہے کہ آپ جمعہ بند کرانے کی ذمہ داری لیجئے بند کردیا جائے گا، یہ سن کر خاموش ہوجاتے ہیں پھر کہہ دیتے ہیں کہ پڑھتے جاؤ بندمت کرو۔ بہرحال اختلاف ابھی تک بدستور ہے، آپ صحیح فتوی دیں کہ اس موضع میں کیا واقعی جمعہ بند کردیا جائے؟ فقط۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایسے چھوٹے موضع میں حنفیہ کے نزدیک جمعہ درست نہیں، جمعہ کے لئے بلد یا قصبہ یا قریۂ کبیرہ ضروری ہے، یہ موضع قریۂ صغیرہ ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

= "و یکره تأخیر السنة إلا بقدر اللهم أنت السلام الخ". (الدرالمختار، کتاب الصلاة، باب صفة الصلاة: ۱/۵۳۰، سعید)

"(فإن کان بعدها): أی بعد المکتوبة (تطوع یقوم إلی التطوع) بلا فصل إلا مقدار ما یقول: "اللهم أنت السلام" ..... (ویکره تأخیر السنة عن حال أداء الفریضة بأکثر من نحو ذلک القدر". (الحلبی الکبیر، کتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ص: ۳۴۱، سهیل اکیڈمی لاهور)

(۱) "(ویشترط لصحتها) سبعة أشیاء: الأول المصر". (الدرالمختار). "عن أبی حنیفة رحمه الله تعالیٰ أنه بلدة کبیرة، فیها سکک و أسواق، ولها رساتیق، و فیهاوالٍ یقدر علی إنصاف المظلوم من الظالم بحشمته و علمه أو علم غیره، یرجع الناس إلیه فیما یقع من الحوادث و هذا هو الأصح" ..... لا تجوز فی الصغیرة التی لیس فیها قاض و منبر و خطیب، کما فی المضمرات ..... ألا تری أن فی الجواهر: لوصلوا فی القری، لزمهم أداء الظهر". (ردالمحتار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۳۷، ۱۳۸، سعید)

"وأما القری، فإن أراد الصلاة فیها، فغیر صحیحة علی المذهب". (البحرالرائق، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۲۴۸، رشیدیه)

(وکذا فی الهدایة، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱/۱۶۸، مکتبه شرکة علمیه ملتان)

Made searchable using ScribeTools.com

دو ہزار کی آبادی میں جمعہ وعیدین وقربانی

سوال[۳۷۳۰]: ۱.....زید کے گاؤں کی آبادی تقریباً دو ہزار ہے، زمانہ سے نمازِ عیدین اور جمعہ کی نماز یہاں پڑھی جاتی ہے۔ ضرورت کی چیزیں گاؤں میں دستیاب ہیں، اشیائے ضروریہ کی دوکانیں گاؤں میں ہیں۔ کیا ایسی آبادی میں احناف کے نزدیک جمعہ اور عیدین کی نماز پڑھنا جائز نہیں ہے؟ نیز کیا ایسی آبادی میں متعدد مساجد میں جمعہ کی نماز ادا کی جاسکتی ہے؟

۲.....جس آبادی کا اوپر ذکر ہوا ہے، کیا اس آبادی میں عیدالضحیٰ کی نماز سے پہلے قربانی کرنا درست ہے؟ اور اگر درست نہیں ہے اور کسی نے قربانی کردی ہے تو کیا اس شخص کو قربانی کے عوض صدقہ کرنا پڑے گا؟ مدلل تحریر فرمائیں، نوازش ہوگی۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

بہتر یہ ہے کہ کسی تجربہ کار عالم مفتی کو بلا کر معائنہ کرادیا جائے، وہ پورے طور پر دیکھ کر جو فتویٰ دے اس پر عمل کیا جائے، محض تحریر سے پوری کیفیت معلوم نہیں ہوتی۔ جس بستی میں شرائطِ جمعہ موجود ہوں وہاں جمعہ بھی ادا کی جائے اور عیدین کی نماز بھی پڑھی جائے، اور قبل از نماز عیدالاضحیٰ قربانی درست نہیں، اگر قربانی کردی ہے تو اس سے واجب ادا نہیں ہوا، قربانی کی قیمت صدقہ کی جائے۔ جس بستی میں شرائطِ جمعہ موجود نہ ہوں، وہاں جمعہ کی جگہ ظہر کی نماز پڑھی جائے۔ صلوۃ العیدین بھی وہاں پڑھنا مکروہ ہے، قربانی سویرے (صبح) ہی سے درست ہے۔ جمعہ کے شرائط یہ ہیں:

"وحرٌّ صحيحٌ بالبلوغ مذكرٌ مقيمٌ وذوعقلٍ لشرط وجوبها
ومصرٌ وسلطانٌ ووقتٌ وخطبةٌ وإذنٌ كذا جمعٌ لشرط أدائها

لاتجوز فی الصغيرة التی ليس فيها قاض ومنبر وخطيب. لوصلوا فی القریٰ، لزمهم أداء الظهر". شامی: ۱/۵۳۶، ۵۳۷(۱)۔ "تجب صلوٰتهما فی الأصح علی من تجب عليه الجمعة

---

(۱) (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۱۳۷، ۱۳۸، سعيد)

وقال العلامة ابن نجيم رحمه الله تعالیٰ: "قوله: شرط أدائها المصر: أی شرط صحتها أن تؤدّی فی مصر حتی لاتصحّ فی قرية ولا مفازة. اهـ". (البحر الرائق: ۲/۲۴۵، باب صلوة الجمعة، رشيديه) =

بشرائطها المتقدمة سوى الخطبة، فإنها سنة بعدها. وفى القنية: صلوة العيد فى القرىٰ تكره تحريماً". درمختار: ۱/۵۵۵(۱)۔ "أول وقتها (أى الأضحية) بعد الصلوة إن ذبح فى مصر: أى بعد أسبق صلوة عيد، وبعد طلوع فجر يوم النحر إن ذبح فى غيره، اه". درمختار۔ "فيه تسامح؛ إذ التضحية لاتختلف وقتها بالمصر وغيره، بل شرطها، فأول وقتها فى حق المصرىّ والقروىّ طلوع الفجر إلا أنه شرط للمصرىّ تقديم الصلوة عليها، اه". شامى: ۵/۲۰۲(۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۲/۲/۱۴۰۶ھ۔

جس بستی میں مسلمانوں کے تیس گھر ہوں، وہاں جمعہ کا حکم

سوال[۳۷۳۱]: ۱.....ایک موضع میں جس میں تیس گھر مسلمانوں کے ہیں وہاں ایک چھوٹی مسجد ہے اور موضع مذکور سے دو میل کی دوری پر قصبہ میں ایک بڑی مسجد ہے جس میں کافی مسلمان ہیں اور جمعہ ہوتا ہے۔ ایسی صورت میں موضع مذکورہ بالا جس میں صرف تیس گھر مسلمانوں کے ہیں اس میں جمعہ ہوسکتا ہے یا نہیں؟

۲.....کتنے مسلمانوں کے مکان موضع میں ہوں تو جمعہ کی نماز درست ہے؟

۳.....جمعہ کی نماز میں کم سے کم کتنے آدمی ہونا ضروری ہے جب نماز جمعہ درست ہوگی؟

۴.....کیا جس گاؤں میں مسجد نہ ہو اور مسلمانوں کے تیس بتیس مکانات ہوں کسی باغیچہ یا چبوترہ منتخب کر

= (وكذا فى البناية شرح الهداية: ۳/۲۸۶، باب الجمعة)

(۱) (الدرالمختار: ۲/۱۶۶، باب العيدين، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق: ۲/۲۷۵، باب صلاة العيدين، رشيديه)

(وكذا فى حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، ص: ۵۲۷، ۵۲۸، قديمى)

(۲) (ردالمحتار: ۶/۳۳۸، كتاب الأضحية، سعيد)

وقال العلامة ابن نجيم رحمه الله تعالىٰ: "(قوله: ولا يذبح مصرىّ قبل الصلاة، وذَبَحَ غيرُه) يعنى لايجوز لأهل المصر أن يذبحوا الأضحية قبل أن يصلوا صلاة العيد، ويجوز لأهل القرىٰ والبادية أن يذبحوا بعد صلاة الفجر قبل أن يصلى الإمام صلاة العيد. اهـ". (البحر الرائق: ۸/۱۲۲، كتاب الأضحية، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية: ۵/۲۹۵، كتاب الأضحية، الباب الثالث فى وقت الأضحية، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

کے نماز جمعہ ادا کر سکتے ہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

۱.....:اس تیس گھر والی بستی کی اَور کوئی حالت آپ نے تحریر نہیں کی، اگر یہ بستی ایسی ہے جس میں مثلاً تین چار ہزار کی مردم شماری ہے، اس میں بازار ہے، گلی کوچے ہیں، سب ضروریاتِ روزمرہ مل جاتی ہیں تب تو وہاں جمعہ درست ہے اگر چہ مسلمانوں کے صرف تیس گھر ہوں (۱)، اگر یہ بستی ایسی نہیں بلکہ چھوٹی ہے تو وہاں جمعہ جائز نہیں (۲)۔

---

(۱) "عن حذيفة رضى الله تعالىٰ عنه: "ليس على أهل القرى جمعة، إنما الجمعة على أهل الأمصار مثل المدائن". (مصنف ابن أبى شيبة ، من قال لا جمعة و لا تشريق الخ، (رقم الحديث: ۶۰۵۰): ۱/۴۳۹، دار الكتب العلمية ، بيروت)

"و يشترط لصحتها سبعة أشياء: الأول المصر". (الدرالمختار). "عن أبى حنيفة رحمه الله تعالىٰ أنه بلدة كبيرة، فيها سكك وأسواق، ولها رساتيق، و فيهاوالٍ يقدر على إنصاف المظلوم من الظالم بحشمته و علمه أو علم غيره، يرجع الناس إليه فيما يقع من الحوادث، وهذا هو الأصح". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۳۷، سعيد)

"أما المصر الجامع فقد اختلف الأقاويل فى تحديده، ذكرالكرخى، أن المصر الجامع ما أقيمت فيه الحدود و نفذت فيه الأحكام. وعن أبى يوسف روايات ذكر فى الإملاء: كل مصر فيه منبر و قاضى ينفذ الأحكام ويقيم الحدود، فهو مصر جامع تجب على أهله الجمعة ..... و روى عن أبى حنيفة رحمه الله تعالىٰ الخ". (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، بيان شرائط الجمعة: ۱/۵۸۴، ۴۸۵، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلاة ، باب الجمعة : ۲/۲۴۷، رشيديه)

(وكذا فى إمداد الأحكام ، كتاب الصلوة ، باب الجمعة والعيدين: ۱/۷۵۶، ۷۵۹، مكتبه دار العلوم كراچى)

(۲) "إن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لما هاجر إلى المدينة أقام فى قبا ..... أربعة عشر يوماً أو أربعة وعشرين –كما فى البخارى على نسخها– و وقعت الجمعة فى أثنائها، ولم يثبت أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم صلى فيها الجمعة ولم يأمرهم أن يجمّعوا ..... فثبت بهذا أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لم يصل الجمعة فى القرى و لم يأمر بها فيها، فعلم بهذا أن القرى ليست محل إقامة الجمعة الخ".

(بذل المجهود، كتاب الصلاة، باب الجمعة فى القرى: ۲/۱۷۰، معهد الخليل الإسلامى كراچى) ..... =

Made Searchable by ScribeTools.com

۲.....مسلمانوں کی تعداد کچھ نہیں، بستی ایسی ہونی چاہئے جس کا بیان نمبر:ا میں ہوا(۱)۔

۳.....بستی تو کم از کم نمبر:ا کے موافق ہو اور شریکِ جماعت اگر امام کے ساتھ کم از کم تین بالغ مرد ہوں تب بھی جمعہ ادا ہو جائے گا(۲)۔

۴.....اگر وہ نمبر:ا کے موافق ہو تو جائز ہے، مسجد ہونا شرط نہیں ورنہ جائز نہیں (۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۹/ رمضان المبارک/ ۶۷ھ۔

الجواب صحیح سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۰/ رمضان المبارک/ ۶۷ھ۔

= "لا تصح فی قریة و لا مفازة لقول علیّ رضی الله تعالیٰ عنه: لا جمعة و لا تشریق إلا فی مصر جامع الخ". (البحر الرائق، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۲۴۵، رشیدیه)

وکذا فی ردالمحتار، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۱۳۸، سعید)

(۱) (راجع، ص: ۱۵۹، رقم الحاشیة: ۱)

(۲) "(والجماعة وهم ثلاثة): أی شرط صحتها أن یصلی مع الإمام ثلاثة فأکثر لإجماع العلماء..... و لا یحصل هذا الشرط إلا إذا کان سوی الإمام ثلاثة الخ". (البحر الرائق، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۲۶۲، رشیدیه)

" (و) السادس(الجماعة) و أقلها ثلاثة رجال(ولو غیر الثلاثة الذین حضروا) الخطبة (سوی الإمام) الخ". (الدرالمختار، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۱۵۱، سعید)

(وکذا فی الفتاوی العالمکیریة، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۱/۱۴۸، رشیدیه)

(۳) "لو صلی الجمعة فی قریة بغیر مسجد جامع و القریة کبیرةٌ لها قری و فیها والٍ و حاکم، جازت الجمعة فیه بنوا المسجد أو لم یبنوا". (الحلبی الکبیر، کتاب الصلاة، فصل فی صلاة الجمعة، ص: ۵۵۱، سهیل اکیڈمی لاهور)

"والحکم غیر مقصور علی المصلی بل یجوز فی جمیع أفنیة المصر؛ لأنها بمنزلة المصر فی حوائج أهله، الخ". (البحر الرائق، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۲۴۷، رشیدیه)

(وکذا فی الهدایة، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱/۱۶۸، مکتبه شرکة علمیه ملتان)

Made searchable using ScribeTools.com

کیا تین گاؤں مل کر ایک جگہ جمعہ پڑھیں؟

سوال[۳۷۳۲]: موضع بمبی والا، ڈاکخانہ ملکوال، تحصیل بھلوان، ضلع سرگودھا پاکستان، اس گاؤں کی آبادی آٹھ سونوسو کے قریب ہے، نماز ظہر وعصر میں نمازی کاروبار کی وجہ سے ۲۵، ۳۰/ ہوجاتے ہیں، مغرب وعشاء وفجر کی نماز میں پچاس ساٹھ ہوجاتے ہیں۔ نمازیوں کا خیال ہے کہ اس گاؤں میں نمازِ جمعہ ادا کی جائے۔ یہاں سے شہر ملکوال اور میانوالی سات سات میل کے فاصلہ پر ہیں، وہاں دو مسجدوں میں نمازِ جمعہ ہوتی ہے، وہاں نمازیوں کا جانا مشکل ہے۔ ایک قصبہ جوٹ قریب ایک میل ہے وہاں بھی دو مسجدیں ہیں، نماز جمعہ ہوتی ہے مگر بد قسمتی سے سب بریلوی عقیدہ کے ہیں، وہ دیوبندی خیال کے لوگوں سے نفرت کرتے ہیں، طرح طرح کے اعتراض وطعن کرتے ہیں۔ ہمارے گاؤں کے بالکل پاس دو گاؤں اَور ہیں جہاں دیوبندی خیال کے حضرات ہیں، ہمارے یہاں سے اذان کی آواز خوب جاتی ہے۔ ایک میل کے قریب اس طرح مل کر تین گاؤں کے لوگ یہاں نماز جمعہ ادا کر سکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداومصلیا:

جب کہ وہ تینوں گاؤں اپنے نام اور آبادی کے اعتبار سے الگ الگ ہیں اور ایک ایک میل کا فاصلہ ہے اور جداگانہ کسی میں بھی شرائطِ جمعہ موجود نہیں تو پھر تینوں مل کر ایک گاؤں میں جمعہ پڑھنا بھی درست نہیں، سب کو ظہر کی نماز ادا کرنی چاہئے (۱)۔ اگر کوئی شخص کسی دوسری جگہ (جہاں شرائط جمعہ موجود ہوں) جا کر جمعہ پڑھے گا تو اس کے ذمہ سے بھی فریضۂ ظہر ساقط ہوجائے گا (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۷/۱۰/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۸/۱۰/۹۰ھ۔

---

(۱) "و من كان مقيماً في أطراف المصر ليس بينه و بين المصر فرجةٌ بل الأبنية متصلة إليه، فعليه الجمعة، وإن كان بينه و بين المصر فرجةٌ من المزارع والمراعي، فلا جمعة عليه وإن كان يسمع النداء". (الحلبي الكبير، كتاب الصلاة، فصل في صلاة الجمعة، ص: ۵۵۲، سهيل اكيڈمی لاهور)

(وكذا في الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب السادس عشر في صلاة الجمعة: ۱/۱۴۵، رشيديه)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۲۴۸، رشيديه)

(۲) "عن عائشة زوج النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أنها قالت: كان الناس ينتابون الجمعة من منازلهم =

پندرہ سو کی آبادی میں نمازِ جمعہ کا حکم

سوال[۳۷۳۳] : ایک بستی فاطمہ چک ہے جس کی ہندو مسلم آبادی تقریباً پندرہ سو ہے، ضرورت کی کوئی شئی فراہم نہیں ، البتہ اس کے متصل دو بستیاں اَور ہیں، تینوں مل کر ایک معلوم ہوتی ہیں ، حکومت کے کاغذات میں ان کا رقبہ بالکل الگ ہے، بازار تقریباً چار میل پر ہے، مسجد میں جمعہ کی نماز ادا کی جارہی ہے لیکن کچھ لوگ نہیں پڑھتے ۔شرعی حکم سے مطلع فرمائیں ۔مقامی علماء کا کہنا ہے کہ یہاں جمعہ فرض نہیں کچھ لوگوں کا کہنا ہے کہ ترکِ صلوۃِ جمعہ سے لوگوں کا مستقبل گمراہ ہوجائے گا، تو جب ترکِ نماز پنجگانہ سے گمراہ نہیں ہوتا تو نمازِ جمعہ کو ترک کرنے سے کیسے گمراہ ہوجائے گا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

آپ کی بستی فاطمہ چک تو ظاہر ہے کہ چھوٹی بستی ہے وہاں جمعہ جائز نہیں، کیونکہ اس کی آبادی ہندو و مسلم پندرہ سو ہے، ضرورت کی کوئی شئی وہاں فراہم نہیں، اب دوسری دو بستیاں اگر سرکاری کاغذات میں اس کے ساتھ مل کر ایک بستی شمار ہوتی ہیں مگر دیکھنے میں الگ الگ معلوم ہوتی ہیں جیسا کہ آپ کی تحریر سے معلوم ہوتا ہے کہ بازار چار میل کی دوری پر ہے تو بھی آپ کی بستی میں جمعہ جائز نہیں، ہاں! اگر دیکھنے میں تینوں بستیاں ایک ہی، آبادی کے تین حصے معلوم ہوں اور محلّہ میں بازار ہے، وہاں سب غیر مسلم ہیں تب بھی مجموعہ ایک بستی ہونے کی وجہ سے جمعہ درست ہوگا(۱)۔

= و من العوالی". (سنن أبی داؤد، کتاب الصلاۃ، باب من یجب علیه الجمعة : ۱/۱۵۸ ، امدادیه ملتان)

"ومن لاجمعة علیه إن أدّاها، جاز عن فرض الوقت". (الفتاوی العالمکیریة، کتاب الصلاۃ ، الباب السادس عشر فی صلاۃ الجمعة : ۱/۱۴۴ ، ۱۴۵ ، رشیدیه)

"(و فاقدها): أی هذه الشروط أو بعضها (إن) اختار العزیمة و (صلاها و هو مکلف) بالغ عاقل، (وقعت فرضاً) عن الوقت الخ". (الدرالمختار، کتاب الصلاۃ ، باب الجمعة : ۲/۱۵۵ ، سعید)

(وکذا فی البحرالرائق ، کتاب الصلاۃ ، باب الجمعة ، ۲/۲۶۶ ، رشیدیه)

(۱) "ومن کان مقیماً فی أطراف المصر لیس بینه وبین المصر فرجة بل الأبنیة متصلة إلیه، فعلیه الجمعة، وإن کان بینه وبین المصر فرجة من المزارع والمراعی، فلا جمعة علیه وإن کان یسمع النداء الخ". (الحلبی الکبیر، کتاب الصلاۃ، فصل فی صلاۃ الجمعة ، ص: ۵۵۲، سهیل اکیڈمی، لاهور) =

Made searchable using ScribeTools.com

بہتر یہ ہے کہ کسی ایسے عالم کو بلا کر معائنہ کرادیا جائے جس کو فقہ اور تقویٰ میں بصیرت ہو، پھر اس کے فتوے پر عمل کیا جائے (۱)۔ جب فریضہ خدائے پاک کی طرف سے عائد ہو تو اس کی طرف سے بے فکر ہو جانا تباہی و بربادی کا سبب ہے، اگر فریضہ عائد نہ ہو تو غیر فریضہ کو فرض قرار دینا شرعاً غلط اور مستقل جرم ہے، اس لئے حکمِ خداوندی کی تعمیل ہر حال میں لازم ہے (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

موضع دادری میں جمعہ

سوال [۳۷۳۴]: ہاپوڑ سے دو میل کے فاصلہ پر ''دادری'' ایک گاؤں ہے جس کی کل آبادی ڈھائی ہزار اور مسلم آبادی چار سو ہے، اس میں ایک مسجد بھی ہے جس میں برسوں سے جمعہ ہوتا رہا، اس سال ایک امام صاحب آئے انہوں نے مسئلہ پوچھ کر جمعہ بند کردیا، اس کے بعد ایک دوسرے امام صاحب آئے انہوں نے بھی

= (وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب السادس عشر في صلاة الجمعة: ۱/۱۴۵، رشيديه)
(وكذا في البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۲۴۷، رشيديه)

(۱) "عن ابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "ليس الخبر كالمعاينة، إن الله عزوجل أخبر موسى بما صنع قومه في العجل، فلم يلق الألواح، فلما عاين ما صنعوا، ألقى الألواح، فانكسرت". (مسند الإمام أحمد، (رقم الحديث: ۲۴۴۳): ۱/۴۴۷، دارإحياء التراث العربي، بيروت)

"وقد علم من هذا أن مذهب العامي فتوى مفتيه من تقييد بمذهب، ولهذا قال في الفتح: الحكم في حق العامي فتوى مفتيه". (ردالمحتار، كتاب الصوم، باب مايفسد الصوم: ۲/۴۱۱، سعيد)
(وكذا في البحر الرائق، كتاب الصوم، فصل في العوارض: ۲/۵۱۳، رشيديه)

(۲) "ثم إذا فهمنا التوسعة، فلا بد من اعتبار أمر آخر، وهو أن يكون العمل بحيث لايوهم التخصيص زماناً دون غيره، أو مكاناً دون غيره، أو كيفية دون غيرها، أو يوهم انتقال الحكم من الاستحباب -مثلاً- إلى السنة أو الفرض؛ لأنه قديكون الدوام عليه على كيفية ما، في مجامع الناس أو مساجد الجماعات أو نحو ذلك موهماً لكونه سنّة أو فرضاً..... بل هو كذلك. (الاعتصام، باب في مأخذ أهل البدع بالاستدلال، فصل: ومنها تحريف الأدلة عن مواضعها، ص: ۲۰۴، دارالمعرفة، بيروت)

جمعہ نہیں پڑھایا، جولوگ صرف جمعہ پڑھتے ہیں ان لوگوں کا بہت اصرار ہوا۔ بہرکیف ۱۹/محرم کو جو جمعہ گذرا، اس میں امام صاحب نے مجبوراً جمعہ پڑھایا۔ اس گاؤں میں دو تین بہت چھوٹی چھوٹی دکانیں ہیں جس میں پوری ضروریات نہیں ملتیں حتی کہ چینی بھی نہیں ملتی۔ ایسی صورت میں کیا جمعہ وہاں پڑھا جاسکتا ہے، جب کہ شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ پچاس نفر کے گاؤں میں بھی جمعہ جائز کہتے ہیں (۱) اور اس کے علاوہ اَور بھی اقوال ہیں؟ اختلاف سے حکم توسع ہوجاتا ہے، لہٰذا آپ اس بارے میں حکم شرعی سے مطلع فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر آپ کے گاؤں کی حالت مشتبہ ہے تو بہتر یہ ہے کہ کسی عالم کو جو تجربہ کار ہو اور فقہی مسائل میں مہارت رکھتا ہو بُلا کر معائنہ کرادیں، وہ سب حالات دیکھ کر جمعہ جائز بتلائے تو پڑھنا شروع کردیں منع کرے تو نہ پڑھیں۔

عوام کی دلیل کہ ''ہم باقی ہفتہ نماز پڑھتے، جمعہ کے روز ہاتھ منہ دھولیں، وضو کرلیں الخ''، شرعی دلیل نہیں، عامیانہ وجاہلانہ بات ہے۔ خدا ورسول کا حکم پنجگانہ نماز کا ہے جو کہ فرضِ عین ہے جس پر سب امت کا اجماع ہے (۲)، اس کو تو ترک کردیں اور جہاں اجازت نہ ہو وہاں پڑھنے پر اصرار کریں، کس قدر جہالت بلکہ احکامِ شرع کا مقابلہ ہے۔ اگر پچاس نفر کے گاؤں میں جمعہ کی اجازت دی جائے تو آپ کے ہی گاؤں کی کیا خصوصیت رہے گی، جس کی وجہ سے آپ نے دوڈھائی ہزار کی آبادی بتلائی ہے، بلکہ ہر گاؤں میں جمعہ کی اجازت دینی پڑے گی۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۷/۲/۹۴ھ۔

---

(۱) قال العلامة الشاه ولی الله رحمه الله: "والأصح عندی أنه یکفی أقل مایقال فیه قریة، لماروی من طُرقٍ شتّی یقوی بعضها بعضاً: "خمسة لاجمعة علیهم". وعدّمنهم أهل البادیة، قال صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "الجمعة علی الخمسین رجلاً". أقول: الخمسون بتقریبهم قریة، وقال صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "الجمعة واجبةٌ علی کل قریة". (حجة الله البالغة: ۴۷۸/۲، الجمعة، دارالکتب الحدیثیة، القاهرة)

(۲) "هی فرض عین علی کل مکلف بالإجماع". (الدرالمختار). "(قوله: هی): أی الصلوة الکاملة، وهی الخمس المکتوبة. (قوله: علی کل مکلف): أی بعینه. (قوله: بالإجماع): أی بالکتاب والسنة". (ردالمحتار: ۳۵۱/۱، ۳۵۲، کتاب الصلوة، سعید)

Made searchable using ScribeTools.com

آبادی سے چالیس میل دور کارخانہ میں نمازِ جمعہ

سوال[۳۷۳۵]: ۱.....چالیس میل دور میرا ایک کارخانہ ہے، دیگر کارخانے اور طویلے جانوروں کے موجود ہیں (۱)، ان میں مسلمان کام کرتے ہیں، وہ چھوٹی مسجد بنا کر نماز پڑھتے ہیں باجماعت، تو اس میں نماز جمعہ جائز ہے یا نہیں؟

۲.....جب کہ دس دس میل تک جمعہ نہیں ہوتا تو یہاں کے لوگوں کو کیا کرنا چاہیے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....اگر وہاں مستقل آبادی نہیں، صرف ایک کارخانہ اور جانوروں کا طویلہ ہے، وہاں کے لوگ محنت مزدوری کے لئے جاتے ہیں اور چائے بیڑی کی دکان بھی ہے جیسا کہ اکثر بس اڈوں پر ہوتی ہے تو شرعاً وہاں جمعہ درست نہیں، جمعہ کے دن بھی ظہر کی نماز باجماعت پڑھا کریں (۲)۔

۲.....ان لوگوں کے ذمہ جمعہ کے لئے دوسرے مقام پر بھی جانا ضروری نہیں ہے (۳)۔

جس بستی میں مسجد نہ ہو وہاں جمعہ وعید

سوال[۳۷۳۶]: موضع ناگل پٹی بھگوان پور کی آبادی پانچ ہزار کی ہے مگر مسجد نہیں، مگر پٹی بھگوان پور

---

(۱) ''طویلہ: اس مکان یا عمارت کو کہتے ہیں جس میں گھوڑے رکھے جاتے ہیں''۔ (نور اللغات، لفظ ''طویلی'': ۳/ ۵۲۷)
''گھوڑوں کا تھان، اصطبل''۔ (فیروز اللغات، ص: ۸۸۲، فیروز سنز، لاہور)

(۲) "عن حذيفة رضى الله عنه ليس على أهل القرىٰ جمعة، إنما الجمع على أهل الأمصار مثل المدائن". (أوجز المسالک، باب ماجاء فى الإمام ينزل بقرية يوم الجمعة فى السفر: ۲/ ۲۴۶، إداره اسلاميات)

"ويشترط لصحتها سبعة أشياء: الأول: المصر الخ". (الدرالمختار). "عن أبى حنيفة رحمة الله عليه أنه بلدة كبيرة، فيها سكک وأسواق، ولهار ساتيق، وفيها والٍ يقدرعلى إنصاف المظلوم من الظالم بحشمته وعلمه أو علم غيره، ويرجع إليه الناس فيما يقع من الحوادث، وهذا هو الأصح". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/ ۱۳۷، سعيد)

(وكذا فى البحرالرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/ ۲۴۶، رشيديه)

(۳) "وأما القرى، فإن أراد الصلاة فيها، فغير صحيحة على المذهب، وإن أراد تكلفهم وذهابهم إلى المصر فممكن لكنه بعيد". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/ ۲۴۸، رشيديه)

میں ایک مکتب دینی تعلیم کا قائم کیا ہے مگر مسجد بننے کی قوی امید ہے نمازی کافی ہیں تو اس میں نماز جمعہ وعیدین ہوسکتی ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر یہ ایک ہی بستی ہے تو شرعاً وہاں جمعہ وعیدین کی نماز درست ہے(۱)، مسلمانوں کو چاہئے کہ مسجد بنالیں اور جب تک مسجد نہ بنے، کسی اَور جگہ مثلاً مکتب میں اس طرح جمعہ پڑھیں کہ وہاں آنے کی کسی کو رکاوٹ نہ ہو بلکہ جس کا دل چاہے نماز کے لئے آجائے (۲)، وہیں پنجگانہ نماز اذان وجماعت کے ساتھ ادا کریں۔عیدین کے لئے عیدگاہ ہونا ضروری نہیں، جنگل، باغ اور میدان میں جہاں مناسب سمجھیں ادا کرلیا کریں۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۳۰/۱۰/۸۵ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۳۰/۱۰/۸۵ھ۔

---

(۱) "عن علی رضی اللہ تعالیٰ عنه أنه قال : لا جمعة و لا تشریق و لا صلوة فطر و لا أضحی إلا فی مصر جامع أو مدینة عظیمة". (إعلاء السنن ، أبواب الجمعة ، باب عدم جواز الجمعة فی القری: ۸/۱ ، إدارة القرآن، کراچی)

"(و یشترط لصحتها) سبعة أشیاء : الأول : المصر". (الدرالمختار). "عن أبی حنیفة رحمه اللہ تعالیٰ أنه بلدة کبیرة، فیها سکک و أسواق، و لها ساتیق، وفیها والٍ یقدر علی إنصاف المظلوم من الظالم بحشمته و علمه أو علم غیره، یرجع الناس إلیه فیما یقع من الحوادث، و هذا هو الأصح".

(ردالمحتار، کتاب الصلاة ، باب العیدین : ۱۳۷/۲ ،سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلاة باب الجمعة: ۲۴۵/۲، ۲۴۶، رشیدیه)

"(تجب صلاتهما) فی الأصح (علی من تجب علیه الجمعة بشرائطهما)المتقدمة(سوی الخطبة)". (الدرالمختار، کتاب الصلاة، باب العیدین : ۱۶۶/۲ ، سعید)

(وکذا فی الفتاوی العالمکیریة، کتاب الصلاة ، الباب السابع عشر فی العیدین: ۱۵۰/۲ ، رشیدیه)

(۲) "(و) السابع : (الإذن العام)". (الدرالمختار). "(قوله: الإذن العام): أی أن یأذن للناس إذناً عاماً بأن لا یمنع أحداً ممن تصح منه الجمعة عن دخول الموضع الذی تصلی فیه، و هذا مراد من فسر الإذن العام =

Made searchable using ScribeTools.com

جمعہ کی نماز کے لئے کسی بستی میں جانا

سوال[۳۷۳۷]: جب دیہات میں نماز جمعہ جائز نہیں ہے، وہاں کے لوگ قصبہ میں جو کہ گاؤں سے تین یا چار میل کے فاصلہ پر ہے اور وہاں جمعہ کی نماز بالکل جائز ہے اور سائیکل سے یا پیدل آسانی سے جاسکتے ہیں۔

۲.....مگر محض کسل کی بناء پر یا دنیا کمانے میں انہماک کی بناء پر نہ جائیں بلکہ اپنے گاؤں میں جمعہ کے بجائے ظہر کی نماز تنہا پڑھ لیں اور عیدین کی نماز قصبہ میں پڑھنے نہ جائیں تو گنہگار تو نہ ہوں گے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....نہایت ہمدردی اور دلسوزی سے مسئلہ بتا کر بند کرانے کی کوشش کی جائے، اگر فتنہ پیدا ہو مثلاً لوگ پنجگانہ نماز بھی چھوڑ دیں یا فساد کریں، سر پٹول اور مقدمہ بازی کی نوبت آئے تو مسئلہ بتا کر خاموشی اختیار کی جائے (۱)۔

= بالاشتهار". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۵۱، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۲۶۴، رشيديه)

"لو صلى الجمعة في قرية بغير مسجد جامع، والقرية كبيرة لها قرى و فيها وال و حاكم، جازت الجمعة بنوا المسجد أو لم يبنوا". (الحلبي الكبير، كتاب الصلاة، فصل في صلاة الجمعة، ص: ۵۵۱، سهيل اكيڈمی، لاهور)

(وكذا في الهداية، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱/۱۶۸، مكتبه شركة علميه ملتان)

(۱) "عن تميم الداري رضي الله تعالىٰ عنه أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: "الدين النصيحة" قلنا: لمن؟ قال: "لله، ولكتابه، ولرسوله ولأئمة المسلمين وعامتهم".

قال الإمام النووي رحمة الله تعالىٰ عليه: "وأما نصيحة عامة المسلمين وهم مَن عَدا وُلاة الأمر، فإرشادهم لمصالحهم في آخرتهم ودنياهم، وكف الأذى عنهم، فيعلّمهم مايجهلونه من دينهم ودنياهم ..... وأمرهم بالمعروف ونهيهم عن المنكر برفق وإخلاص، والشفقة عليهم، وتوقير كبيرهم، ورحمة صغيرهم". (الصحيح لمسلم مع شرح للنووي، كتاب الإيمان، بابٌ: الدين النصيحة: ۱/۵۴، قديمی)

۲.....بالکل گنہگار نہیں کیونکہ ان کے ذمہ وہاں جانا واجب نہیں، ان کی خوشی پر موقوف ہے(۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

لوگوں کے نماز ترک کرنے کے اندیشہ سے نمازِ جمعہ کا قیام

سوال[۳۷۳۸]: یہاں ایک آبادی ہے جو کہ صدہا سال سے آباد ہے، جس میں مسلمانوں کے قریب پچاس ساٹھ گھر آباد تھے اور اس آبادی میں ایک پختہ مسجد بھی ہے، جو زمانۂ قدیم سے موجود ہے۔اس وقت موجودہ آبادی مسلمانوں کی قریب دس بارہ گھر کے ہے اور اس مسجد میں قدیم زمانہ سے نماز جمعہ ہوتی ہے۔ اور یہیں ایک مقام ہے تین میل کے درمیان جہاں قبرستان اور مسجد وغیرہ موجود ہے اور عیدین کی نماز ہوتی ہے، اَور کہیں نہیں ہوتی۔اس وقت اس کی مردم شماری پانچ سو یا چار سو کی ہے اور یہیں پر ضروریات کی ساری چیزیں مل سکتی ہیں۔ یہاں پندرہ، سولہ دکانیں اور بازار بھی ہے اور ڈاکخانہ، تار گھر بھی ہے، میڈل اسکول اور پرائمری دونوں موجود ہیں اور موسمِ سرما میں چار ماہ کے لئے تحصیلدار اور ڈپٹی وغیرہ آجاتے ہیں اور دیوانی وفوج داری وغیرہ کے مقدمات ہوتے ہیں۔

اب کچھ عرصہ سے یہ اعتراض پیدا ہوا ہے کہ یہاں جمعہ جائز نہیں اور معترض خود نمازی ہے اور نماز جمعہ میں پچیس تیس نمازی جمع ہوجاتے ہیں اور کبھی زیادہ بھی ہوجاتے ہیں اور خاص کر موسمِ سرما میں چکروتے سے

---

(۱) "عن حذيفة رضى الله عنه: ليس على أهل القرىٰ جمعة، إنما الجمع على أهل الأمصار مثل المدائن". (أوجز المسالک، باب ماجاء فی الإمام ينزل بقرية يوم الجمعة فی السفر: ۲/۲۴۶، إداره تاليفات اشرفيه، ملتان)

"ويشترط لصحتها سبعة أشياء: الأول: المصر الخ". (الدرالمختار). "عن أبی حنيفة رحمة الله تعالىٰ عليه أنه بلدة كبيرة، فيها سكک وأسواق، ولهارساتيق، وفيها والٍ يقدر على إنصاف المظلوم من الظالم بحشمته وعلمه أو علم غيره، ويرجع إليه الناس فيما يقع من الحوادث، وهذا هو الأصح". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۳۷، رشيديه)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۲۴۶، رشيديه)

تفصیل کے لئے دیکھئے:(القول البديع فی اشتراط المصر للتجميع، تاليف حكيم الأمة تهانوی رحمه الله)

Made searchable using ScribeTools.com

تحصیل آنے کی وجہ سے نمازیوں کی زیادتی ہوتی ہے۔اب اعتراض کی وجہ سے نمازیوں کی کمی ہوگئی ہے اور اگر یہی رفتار رہی تو نمازی بہت ہی کم ہوجائیں گے۔نماز جمعہ ہی کی وجہ سے بہت سے نوجوان اور بوڑھے وضو تک نہیں جانتے تھے جن کو اسی کے طفیل میں وضو وغیرہ آ گیا،اب اعتراض کی وجہ سے ان کو بھی موقعہ ملا کہ ہم کو تو کوئی اب نماز کے لئے تو نہیں کہہ سکتا۔

اور اس قصبہ میں ایسے ایسے آدمی موجود ہیں جن کو اچھی طرح کلمۂ اول بھی نہیں آتا اور شعارِ اسلام سے تو کوسوں دور ہیں، باوجود اس کے ہم لوگ ان لوگوں کو نماز کی رات دن تاکید کرتے ہیں، پھر بھی نہیں مانتے، یعنی دیکھئے یہاں پر نماز جمعہ ہوتی ہے پھر بھی شریک نہیں ہوتے اور بالکل خلافِ شرع ہیں، باوجودیکہ ان کو نماز کے لئے بہت ترغیب دیتے ہیں پھر بھی نماز سے نفرت کرتے ہیں۔اب پھر دوبارہ نماز میں شریک کرنے کی کوشش کررہا ہوں اور دوسروں سے بھی کوشش کراتا ہوں۔جب کہ یہاں کے لوگوں کی یہ حالت ہو کہ نماز کے نزدیک تک نہ جاتے ہوں اور نماز سے گھبراتے ہوں تو۔حضرت! ہم لوگ لوگوں کو بڑی منت وخوشامد سے نمازِ جمعہ میں شریک کرتے ہیں کہ شاید یہ لوگ اس کی وجہ سے پانچ وقت کی نماز پڑھنے لگیں، ایسی حالت میں نمازِ جمعہ بند کردی گئی تو پھر خیر صلاح ہے۔ایسی صورت میں جب کہ لوگ نماز سے اور شعارِ اسلام سے متنفر ہوں، نماز جمعہ کے بارے میں کیا خیال ہے، آیا بدستور باقی رکھیں یا روک دیں؟

بشیر احمد انصاری گنگوہی، پیش امام مسجد کالسی، ضلع دہرہ دون، ۲۴/مئی/۳۱ء۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

بستی میں حنفیہ کے نزدیک جمعہ جائز نہیں (۱)، بلکہ ظہر کی نماز فرض ہے، اگر نماز جمعہ پڑھیں گے تو وہ نماز نفل ہوگی جو کہ جماعت سے پڑھنا اور دن میں جہر سے قرأت کرکے پڑھنا مکروہ تحریمی ہے (۲) اور اس سے

---

(۱) "لاتجوز فی الصغیرة التی لیس فیها قاض ومنبر وخطیب". (ردالمحتار، باب الجمعة: ۱۳۸/۲، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲۴۵/۲، رشیدیه)

(۲) "(ولا یصلی الوتر و) لا (التطوع بجماعة خارج رمضان): أی یکره ذلک علی سبیل التداعی بأن یقتدی أربعةٌ بواحد". (الدرالمختار، کتاب الصلوة، باب الوتر والنوافل: ۴۸/۲، ۴۹، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلوة، باب الوتر والنوافل: ۱۲۳/۲، رشیدیه) ..... =

Made Searchable by ScribeTools.com

ظہر کا فرض ذمہ سے ساقط نہ ہوگا وہ بدستور باقی رہے گا(۱)، لہٰذا جمعہ کو موقوف کر کے ظہر کو قائم کرنا ضروری ہے۔ رہی یہ بات کہ لوگ بالکل نماز چھوڑ دیں گے تو آپ نے خود لکھا ہے کہ ''اب باوجود جمعہ پڑھنے اور اتنی کوشش کرنے کے بھی رغبت نہیں کرتے، بلکہ متنفر ہیں''۔ اس لئے ایک ممنوع فعل کر کے لوگوں کو متوجہ کرنے کی ہرگز ضرورت نہیں، ویسے نماز کے لئے آپ اپنی کوشش کو جاری رکھیں۔ اللہ پاک امداد فرمائے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۳/۴/۵۸ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، ۳/۴/۵۸ھ۔

ایضاً

سوال[۳۷۳۹]: یہاں ایک آبادی ہے جو کہ صدہا سال سے آباد ہے، جس میں مسلمانوں کے قریب پچاس ساٹھ گھر آباد تھے اور اس آبادی میں ایک پختہ مسجد بھی ہے، جو زمانۂ قدیم سے موجود ہے، اس وقت موجودہ آبادی مسلمانوں کی قریب دس بارہ گھروں پر مشتمل ہے اور اس مسجد میں نماز جمعہ ہمیشہ سے ہو رہی ہے۔ آبادی کی مردم شماری میں یہ مقام کالسی تین میل کی وسعت کے لحاظ سے صرف خود ہی ایک ایسا مقام ہے کہ جہاں پر قبرستان ہے اور مسجد اسی میں ہے اور عیدین کی نماز بھی یہاں پر ہوتی ہے۔ اس مقام میں ہندو و مسلمان کی مشترکہ آبادی پانچ سو یا چار سو کے ہے اور یہاں پر معمولی بازار ہے اور تار گھر، ڈاکخانہ، مڈل اسکول سے پُرانہ قصبہ ہے اور موسمِ سرما میں تین ماہ کے لئے تحصیلدار اور ڈپٹی کلکٹر آجاتے ہیں اور دیوانی وفوج داری مقدمات ہوتے ہیں۔ اب کچھ عرصہ سے ایک شخص نے یہ اعتراض اٹھایا ہے کہ اس مقام پر نماز جمعہ پڑھنا مکروہ تحریمی ہے اور وہ شخص پکا نمازی بھی ہے، نماز جمعہ پڑھنے کے واسطے یہاں پر پختہ پچیس تیس نمازی جمع ہو جاتے ہیں اور ایامِ سرما میں نمازیوں کی مقدار میں بہت زیادہ اضافہ ہو جاتا ہے۔

اب اس شخص کے اعتراض پیدا کرنے سے نمازیوں کی مقدار میں دس پندرہ آدمیوں کی کمی ہوگئی ہے اور اگر یہ ہی رفتار رہی تو کچھ عرصہ بعد شاید یہ نمازی اَور بھی کم ہو جاویں گے، اس نماز جمعہ کے طفیل سے دور دور سے

= (وكذا في حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح شرح نور الإيضاح، كتاب الصلوة، باب الوتر وأحكامه، ص: ٣٨٦، قديمي)

(۱) "لو صلوا في القرىٰ، لزمهم أداء الظهر". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۱۳۸/۲، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

مسلمان جمع ہوتے ہیں، اب اس میں عام طور سے لوگوں کو نماز نہ پڑھنے کا بہانہ مل گیا، اس نماز جمعہ ہی کی برکت سے بہت سے نوجوان اور بوڑھوں کو وضو کرنے کی تمیز ہوگئی تھی اور یہاں اس صورت میں کہ نماز جمعہ ہوتی ہے تب بھی نماز سے متنفر ہیں اور اگر خدانخواستہ نمازِ جمعہ بند ہوگئی یہاں پر، تو یہ بالکل ہی نماز چھوڑ دیں گے۔ خیر باعثِ طلب یہ امر ہے کہ نماز جمعہ جائز ہے یہاں پر یا نہیں؟

الجواب از: دھـــــــــــــــــلی:

ان حالات میں نمازِ جمعہ جاری رکھی جائے، بند کرنا درست نہیں۔

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ دہلی۔

اس استفتاء کا جواب اس سے قبل مظاہر علوم سے جا چکا تھا، اس کے بعد یہ استفتاء مع جواب آیا، جس کا جواب مندرجہ ذیل ہے:

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہاں کا جواب تو اب بھی وہی ہے، جو پہلے تھا۔ جس شخص کو عمل کرنا ہوتا ہے وہ کسی ایسے شخص سے جس پر اعتماد ہو، ایک دفعہ دریافت کر کے عمل کر لیتا ہے، جس کو عمل نہ کرنا ہو وہ مختلف اشخاص سے دریافت کرتا ہے کہ دیکھیں فلاں جگہ سے کیا جواب ملتا ہے اور فلاں جگہ سے کیا، اگر کہیں دو جگہ سے مختلف جواب ملا تو اس کو شور مچانے اور گالیاں دینے کا ذریعہ بنا لیتا ہے، ایسے شخص کا مقصود درحقیقت عمل کرنے کے لئے دریافت کرنا نہیں ہوتا۔ اب آپ کے سامنے دونوں قسم کے جواب موجود ہیں۔ جاہل لوگ علماء کو گالیاں دیتے ہیں اور آپ مختلف مقامات سے مسئلہ دریافت کر کے اور مختلف جوابات حاصل کر کے ان جاہلوں کو سنا کر گالیاں دلواتے ہیں اور محظوظ ہوتے ہیں۔

اب دوبارہ یہاں پہونچنے سے بھی غالباً مقصود ہوگا کہ یہاں سے حضرت مفتی کفایت اللہ صاحب کے فتویٰ کی تردید کی جائے تاکہ آپ پھر جاہلوں کو سنا کر بتلائیں اور گالیاں دلوائیں کہ دیکھو مولوی آپس میں لڑتے ہیں اور آپس میں ایک دوسرے کی تردید کرتے ہیں، یا یہ مقصود ہوگا کہ یہاں سے پہلے فتویٰ کے خلاف جواب دیا جائے تاکہ عوام جاہلوں کو آپ سنائیں کہ دیکھو ایک فتویٰ دیا پھر دوبارہ اس کے خلاف فتویٰ دیدیا، ایک بات پر قرار نہیں اور پھر وہ عوام گالیاں دیں، جس سے آپ کو مزہ آئے اور آپ خیر خواہانہ طریقہ سے اظہار ہمدردی کریں کہ عوام جب گالیاں دیتے ہیں، ہمیں بہت افسوس ہوتا ہے۔

اگر آپ عالم ہیں تو کتبِ فقہ وحدیث میں دلائل موجود ہیں دیکھ کر اطمینان کر لیجئے، اگر آپ جاہل ہیں تو جس پر اعتماد ہو اس سے مسئلہ دریافت کر کے عمل کیجئے، مختلف مقامات پر سوال بھیجنے اور جواب منگانے کی ضرورت نہیں۔ رہا جاہلوں کے گالیاں دینے کا قصہ سو آپ نے خود ان کا مقولہ نقل کیا ہے کہ ''ہم ان مولویوں اور حدیثوں کو نہیں مانتے'' اس سے معلوم ہوا کہ ان کو نہ مولوی کی ضرورت ہے اور نہ حدیث کی، نہ وہ کسی سے مسئلہ پوچھیں اور نہ عمل کریں۔ پھر تو گالیاں دینے کے لئے اس کی بھی ضرورت نہیں کہ مسئلہ کا جواب مختلف ہے تب ہی گالیاں دیں، بلکہ وہ تو ہر طرح گالیاں دیں گے، اس کا علاج نہ میرے قبضہ میں ہے نہ آپ کے قبضہ میں۔

اگر آپ کو علمِ دین اور علماء سے ہمدردی ہے تو ایسی حرکات نہ کیجئے جس سے عوام مشتعل ہو کر گالیاں دیں، بلکہ نہایت نرمی اور حسنِ تدبیر سے ان کو سمجھایئے کہ مسائل میں اختلاف اب سے نہیں، بہت پہلے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے زمانہ سے چلا آتا ہے اور اس سے گھبرا کر حدیث کو اور علمِ دین کو چھوڑ کر بیٹھنا تو بہت بڑی جہالت ہے، بلکہ اس اختلاف میں تو ہر شخص کو ایک قسم کی گنجائش ہے کہ جس عالم کے قول پر عمل کریں گے، انشاء اللہ تعالیٰ ہمارے لئے دنیا و آخرت میں سہولت ہوگی، جواب دہی جو کچھ ہوگی وہ خود ان عالموں کے ذمہ رہے گی جن سے پوچھ کر ہم نے عمل کیا ہے، ہماری گرفت نہ ہوگی۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۹/ ۱۱/ ۵۸ھ۔

صحیح: عبد اللطیف، ۱۲/ ذی قعدہ/ ۵۸ھ۔

بستی میں نمازِ جمعہ بند کرنے سے لوگ فرض نماز، روزہ چھوڑ دیں تو کیا حکم ہے؟

سوال [۳۷۴۰]: ہمارے گاؤں کی آبادی اس وقت ۱۱۰۰/ سو ہے، پرچون کی دکانیں ہیں، تمام ضرورتیں ایک قصبہ دو میل پر ہیں، وہاں سے سب ضرورتیں پوری ہو جاتی ہیں، آپ کے پاس تین فتویٰ روانہ کئے تھے جمعہ کے بارے میں، آپ نے بند کرا دیا، یہ لوگ نہ رمضان کے روزے رکھیں گے، نہ تراویح پڑھیں گے اور نہ نماز پڑھیں گے اور نہ خیرات زکوٰۃ دیں گے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

"شرط أدائها المصر: أی شرط صحتها أن تؤدی فی مصر، حتی لاتصح فی قریة ولا مفازة لقول علی رضی اللّٰه تعالیٰ عنه: "لاجمعة ولاتشریق ولاصلوة فطرولا أضحی إلافی

Made searchable using ScribeTools.com

مصر جامع أو فی مدینة عظیمة". رواه ابن أبی شیبة، وصححه ابن حزم، وکفیٰ بقوله قدوةً وإماماً الخ". البحر الرائق، ص: ٤٠(١)۔

حافظ عینی نے شرح بخاری میں ابوزید کی "کتاب الأسرار" سے اس کو مرفوعاً بھی نقل کیا ہے(۲)۔

بذل المجہود(۳) اور اوجز المسالک(۴)، اعلاء السنن(۵)، آثار سنن(٦)، مرقاۃ(۷)، سب کتابوں میں یہ موجود ہے کہ مدینہ طیبہ کے آس پاس چھوٹے گاؤں تھے جن کو "عوالی" کہا جاتا ہے، وہاں جمعہ نہیں پڑھا جاتا تھا اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی وہاں جمعہ کے لئے نہیں فرمایا، وہاں کے لوگ باری باری جمعہ کے لئے مدینہ پاک میں حاضر ہوا کرتے تھے، یہ بخاری شریف میں موجود ہے(۸)۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

---

(۱) (البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب صلاة الجمعة : ۲/۲۴۵، رشیدیه)

(۲) "عن علی رضی الله تعالیٰ عنه قال: لا جمعة ولا تشریق إلا فی مصر جامع ..... أن أبا زید زعم فی الأسرار أن محمد بن الحسن قال: رواه مرفوعاً معاذ وسراقة بن مالک رضی الله تعالیٰ عنهما". (عمدة القاری، کتاب الجمعة، باب الجمعة فی القری والمدن، وذکر مایستفاد منه: ٦/۱۸۸، منیریه، بیروت)

(۳) (رواه الشیخ خلیل احمد سهارنفوری رحمه الله فی البذل، کتاب الجمعة، باب الجمعة فی القری: ۲/۱۷۰، امدادیه)

(۴) (رواه شیخ الحدیث مولنا زکریا رحمه الله فی أوجز المسالک، کتاب الصلاة، باب ماجاء فی الإمام ینزل فی قریة یوم الجمعة : ۲/۲۴۵، اداره تالیفات اشرفیه ملتان)

(۵) (رواه الشیخ ظفر أحمد العثمانی رحمه الله تعالیٰ فی إعلاء السنن فی کتاب الصلاة، باب عدم جواز الجمعة فی القری: ۸/۱، إدارة القرآن، کراچی)

(٦) (رواه الشیخ محمد بن علی رحمه الله تعالیٰ فی آثار السنن، فی کتاب الصلاة، بابٌ: لاجمعة إلا فی مصر جامع، ص: ۲۹۲، امدادیه ملتان)

(۷) (رواه الملا علی القاری رحمه الله تعالیٰ، فی مرقاة المفاتیح، فی کتاب الصلاة، باب: وجوب الجمعة : ۳/۴۷۰، رشیدیه)

(۸) "عن عائشة -رضی الله تعالیٰ عنها- زوج النبی صلی الله علیه وسلم قالت: کان الناس ینتابون الجمعة من منازلهم والعوالی، فیأتون فی الغبار یصیبهم الغبار". الحدیث. (صحیح البخاری، کتاب الجمعة، باب من أین الجمعة الخ: ۱/۱۲۳، قدیمی)

نے بنی عمرو بن عوف کی بستی میں قیام فرمایا اور وہاں جمعہ بھی آیا مگر جمعہ کی نماز نہیں پڑھی، بخاری شریف (۱) اور اس کی شرح فتح الباری میں یہ مذکور ہے (۲)۔

میں نے تو حدیث شریف کا حوالہ دے دیا لیکن آپ نے جو کلمات لکھے ہیں جن پر میں نے لکیر کھینچ دی، آپ ان کو لکھ کر کسی عالم سے جس پر آپ کا اعتماد ہو دریافت کرلیں کہ ایسا لکھنا شرعاً کیسا ہے، اس سے ایمان تو برباد نہیں ہوجاتا اور ایسا لکھنے پر جو اثر مرتب ہوتا ہے اس کی مکافات کس طرح کی جائے (۳)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

بستی میں نماز جمعہ سے منع کرنے کی صورت میں لوگوں کی ملامت کا خوف ہو تو کیا کیا جائے؟

سوال [۳۷۴۱]: ایک جگہ ایسی بستی ہے جہاں احناف کے مذہب کی بنیاد پر جمعہ نہیں ہوتا لیکن وہاں بہت دنوں سے صلوۃ جمعہ ہوتی چلی آرہی ہے تو اب صلوۃ جمعہ وہاں پڑھی جائے یا نہیں؟ جب کہ چھوڑ دینے سے لوگوں کی ملامت کا خوف ہو؟ ویسے تو لوگ یوں بھی کہا کرتے ہیں کہ ہم لوگ تو ایک پنجوقتی نماز نہیں ادا کرسکتے ہیں جس کی وجہ سے خدا کی یاد سے غافل رہے ہیں، اب اگر جمعہ کی نماز سے منع کردیا جائے تو غفلت میں اَور بھی زیادتی ہوجائے گی اور غفلت میں زیادتی شریعتِ مطہرہ میں کہاں جائز ہے؟

---

(۱) "أن عائشة رضی اللہ تعالیٰ عنها زوج النبی صلی اللہ علیه وسلم قالت: لم أعقل أبویّ قط إلا وهما بدینان الدین" .....وذکر الحدیث..... وفیه: "فلبث رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم فی بنی عمروبن عوف بضع عشرة لیلةً". الحدیث. (صحیح البخاری، کتاب مناقب الأنصار، باب هجرة النبی صلی اللہ علیه وسلم: ۱/۵۵۵، قدیمی)

(۲) (رواه ابن حجر العسقلانی رحمه اللہ تعالیٰ فی فتح الباری، کتاب مناقب الأنصار، باب هجرة النبی صلی اللہ علیه وسلم: ۷/۳۰۴، قدیمی)

(۳) بظاہر مستفتی کا انداز دھمکی آمیز ہے کہ اگر اس طرح جمعہ بند کرادیا گیا تو اس کے مقابلے میں سارے لوگ نماز، روزہ وغیرہ کا انکار کرکے ادائیگی چھوڑ دیں گے اور یہ الفاظ انتہائی سخت ہیں، لہٰذا ایسے شخص کو احتیاطاً تجدیدِ ایمان ونکاح ضروری ہے: "ما کان فی کونه کفراً اختلاف، فإن قائله یؤمر بالتوبة والرجوع عن ذلک، وتجدید النکاح بینه وبین امرأته احتیاطاً". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب السیر، قبیل الباب العاشر فی البغاة: ۲/۲۸۳، رشیدیه)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایک غلط کام اگر پہلے سے ہوتا چلا آرہا ہوتو اس کی اصلاح کی ضرورت ہے، نہایت شفقت، ہمدردی سے، حسن تدبیر سے اس کی اصلاح کی جائے، اس کی اجازت نہیں کہ غلط کام کی تائید کر کے اس کو اَور بھی پختہ کر دیا جائے، وہ پانچ وقت کا فرض ادا نہیں کرتے تو اس کا وبال وعذاب ذہن نشین کرایا جائے کہ یہ کس قدر خطرناک حالت ہے، احادیث میں اس پر کس قدر وعید ہے(۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

جوازِ جمعہ میں اختلاف ہوتو راہِ عمل کیا ہے؟

سوال[۳۷۴۲]: بعض جگہوں پر بعض علماء جمعہ پڑھتے ہیں اور بعض نہیں پڑھتے، اور بعض جگہوں پر بعض علماء جوازِ جمعہ کا فتویٰ دے دیتے ہیں اور بعض عدمِ جواز کا، مثلاً مذکورہ بستی ہی ہے یہاں بھی بعض علماء جو کہ یہاں آتے بھی رہتے ہیں مگر وہ جمعہ نہیں پڑھتے، عدمِ جواز کے قائل ہیں، اور بعض علماء جمعہ پڑھتے ہیں اور جواز کے قائل ہیں۔ اور یہاں کے تمام مدرسین جو کہ علماء بھی ہیں، جمعہ پڑھتے اور پڑھاتے ہیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جس عالم اور مفتی پر زیادہ اعتماد ہو اس کی بات پر عمل کیا جائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

احتیاط مذہبِ حنفی میں ہے کہ قریۂ صغیرہ میں جمعہ نہیں

سوال[۳۷۴۳]: حضرت مولانا تھانوی نے لکھا ہے کہ ''جمعہ کے معاملہ میں اگر امام شافعی رحمہ اللہ

---

(۱) ''جن بستیوں میں قدیم سے جمعہ پڑھا جاتا ہے اور جمعہ چھوڑنے سے لوگ نماز پنج وقتہ بھی چھوڑ دیتے ہیں، ایسی بستیوں میں جمعہ پڑھنا چاہیے تاکہ اسلام کی رونق اور شوکت قائم رہے اور جو لوگ کہ ایسے گاؤں میں جمعہ پڑھنے کو جائز نہیں سمجھتے وہ نہ پڑھیں، ان کو جھگڑا نہیں کرنا چاہیے''۔ (كفايت المفتي، كتاب الصلوة، باب صلوة الجمعة: ۳/۲۳۵، دار الإشاعت)

''لما في التجنيس عن الحلواني أن كسالى العوام إذا صلوا الفجر عند طلوع الشمس، لايمنعون؛ لأنهم إذا منعوا تركوها أصلاً وأداؤها مع تجويز أهل الحديث لها أولى أو من تركها أصلاً''.

(ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۷۱، سعيد)

تعالیٰ کے قول پر احتیاط ہوتی تو میں اس پر فتویٰ دے دیتا، مگر احتیاط حنفی مذہب میں ہے''۔ تو جس گاؤں میں اختلاف قریہ اور مصر ہونے میں ہو، اس میں کیا کیا جائے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

حضرت مولانا تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے صحیح فرمایا ہے، احتیاط حنفی مذہب پر عمل کرنے میں ہے، چھوٹے گاؤں میں جمعہ نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۰/ ۵/ ۹۵ھ۔

جمعہ کی نماز میں شوافع کے یہاں کتنے آدمی ضروری ہیں

سوال[۳۷۴۴]: ۱.....ایک قریہ میں شافعیوں کی دو مسجدیں ہیں: ایک مسجد میں جمعہ میں بیس آدمی، دوسری میں تیس آدمی جمع ہوتے ہیں۔ چونکہ شافعی مذہب میں جمعہ کے لئے یہ افراد شرط ہیں، باوجود ہونے کے یہ دونوں مسجد والے ایک جگہ جمع نہیں ہوتے، الگ الگ ہی نماز پڑھتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کے ایک قول میں نمازِ جمعہ کے لئے بارہ آدمی بھی کافی ہیں۔ کیا یہ قول صحیح ہے؟

ایضاً

سوال[۳۷۴۵]: ۲.....ایک قریہ میں پندرہ ہی گھر ہیں، ایک ہی مسجد ہے جمعہ میں محض تیرہ چودہ آدمی ہوتے ہیں، شوافع کے لئے نمازِ جمعہ کے واسطے مذکورہ قول کفایت کرتا ہے کیا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....الدراسات الفقہیہ: ۲/ ۱۱۵، میں متعدد اقوال بیان کئے ہیں، چالیس کے عدد کو معتمد لکھا ہے، بارہ کا عدد امام مالک کا مذہب بیان کیا ہے(۱)۔ سیوطیؒ نے الحاوی الفتاویٰ: ۱/ ۶۶ میں ارجح المذاہب اس چیز کو لکھا ہے کہ جمعہ کے لئے جماعت میں جمعِ کثیر ہونا چاہیے، کوئی عدد معین ضروری نہیں (۲)۔ چالیس کے عدد کو دلیل

---

(۱) (لم اظفر علیه)

(۲) "الرابع عشر: جمعٌ كثيرٌ بغير قيد، وهذا مذهب مالک ..... قال الحافظ ابن حجر في شرح البخاري: لعل هذا المذهب أرجح المذاهب من حيث الدليل، وأقول: هو كذلک؛ لأنه لم يثبت في شئ من الأحاديث تُعيين عدد مخصوص وأنا أبين ذلک". (الحاوي للفتاوىٰ: ۱/ ۷۶، باب صلوة الجمعة، ضوء الشمعة، دار الفكر، بيروت)

Made searchable using ScribeTools.com

کے اعتبار سے قوی قرار نہیں دیا، لہٰذا بیس یا تیس آدمی اگر جماعت میں ہوں تب بھی بظاہر گنجائش معلوم ہوتی ہے۔ مزید تحقیق اپنے مذہب کی شوافع بتا سکیں گے، حنفیہ کے نزدیک تو اس جماعت کے درست ہونے میں کوئی شبہ نہیں بشرطیکہ وہ قریۂ کبیرہ ہو۔

۲.....شوافع کے نزدیک صرف جماعت میں شریک ہونے والوں کا عدد مذکور کافی نہیں، بلکہ دیگر شروط بھی ہیں (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۸/۱۰/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۸/۱۰/۹۰ھ۔

بازار کی مسجد میں جمعہ قائم کرنا

سوال[۳۷۴۶]: مسجد درگاہ حضرت شاہ کلیم اللہ میں نماز پنجگانہ، نماز عیدین، تراویح رمضان باقاعدہ مسلسل ہوتی ہے، مسجد کشادہ اور مسجد سے متعلق کئی مارکیٹ، سبزی مارکیٹ، کوٹ پتلون مارکیٹ، کبوتر مارکیٹ وغیرہ واقع ہے، ہمہ وقت زائرین کی آمد ورفت رہتی ہے، مسجد سے ملحق مارکیٹ اور بازار وغیرہ کا طویل سلسلہ ہے، دوطرفہ مسجد سے متصل شاہراہ پر ہر دم مسلم مسافروں کی آمد ورفت بھی رہتی ہے۔ کیا مسجد مذکور میں جمعہ کی نماز قائم کرنا درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر یہ مسجد آبادی سے دور شہر سے خارج نہیں ہے جیسا کہ تحریر سوال سے ظاہر ہوتا ہے تو یہاں جمعہ قائم کرنا درست ہے (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۷/۶/۱۴۰۶ھ۔

---

(۱) "ولكن لا تنعقد الجمعة بالعدد المطلوب، وهو أربعون بالمسافر، بل لابدمن كون الأربعين متوطنين، فالاستيطان شرط الانعقاد لاشرط الوجوب للجمعة، كما أن شرط صحة الجمعة هو وقوعها فى بناء لاصحراء". (الفقه الإسلامى وأدلته: ۱۲۸۷/۲، كتاب الصلوة، المبحث الثانى: صلاة الجمعة، المطلب الثالث، رشيديه)

(وكذا فى المجموع شرح المهذب للنووى: ۴۲۴/۴، كتاب الصلوة، باب صلوة الجمعة، دارالفكر، بيروت)

(۲) "عن علىّ رضى الله تعالىٰ عنه أنه قال: لا جمعة و لا تشريق إلا فى مصر جامع". (إعلاء السنن، =

اگر بغیر جمعہ کے مسجد آباد نہ ہوتو کیا کرے؟

سوال[۳۷۴۷]: ہم لوگ جس جگہ رہتے ہیں اس سے دومیل کے فاصلہ پر ایک گاؤں ہے وہاں پر مسجد غیر آباد ہے، صرف جمعہ کی وجہ سے مسجد آباد ہوسکتی ہے تو اس جگہ جمعہ پڑھنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر وہ چھوٹا گاؤں ہے تو وہاں جمعہ جائز نہیں، مسجد آباد ہو یا ویران ہو، جمعہ نہ پڑھا جائے بلکہ پانچوں وقت اذان وجماعت کا انتظام واہتمام کیا جائے (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

جس مسجد میں پنجوقتہ نماز نہ ہوتی ہو اس میں جمعہ کا حکم

سوال[۳۷۴۸]: موضع دیوکلی میں جمعہ کے سب شرائط ہیں، آبادی تین ہزار سے زائد ہے،

= أبواب الجمعة، باب عدم جواز الجمعة فی القری: ۸/۱، إدارة القرآن کراچی)

"وأما شروط الأداء فستة أیضاً: الشرط الأول: المصر أو فناء ہ، فلاتجوز فی القری ..... عن أبی حنیفة رحمه الله تعالیٰ أنه بلدة کبیرة، فیها سکک وأسواق، و لهارساتیق، و فیها والٍ یقدر علی إنصاف المظلوم من الظالم بحشمته و علمه أو علم غیره، یرجع الناس إلیه فیمایقع من الحوادث، و هذا هو الأصح، انتهی". (الحلبی الکبیر، کتاب الصلاة، فصل فی صلاة الجمعة، ص: ۵۴۹، ۵۵۰، سهیل اکیڈمی لاهور)

(وکذا فی رد المحتار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱۳۷/۲، سعید)

(۱) "عن علی رضی الله تعالیٰ عنه أنه قال: لا جمعة و لا تشریق إلا فی مصر جامع". (إعلاء السنن، أبواب الجمعة، باب عدم جواز الجمعة فی القری: ۸/۱، إدارة القرآن کراچی)

"و أما شروط الأداء فستة أیضاً: الشرط الأول المصر أو فناء ہ، فلا تجوز فی القری". (الحلبی الکبیر، کتاب الصلاة، فصل فی صلاة الجمعة، ص: ۵۴۹، ۵۵۰، سهیل)

"لا تجوز فی الصغیرة التی لیس فیها قاض و منبر و خطیب". (رد المحتار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱۳۸/۲، سعید)

Made searchable using ScribeTools.com

مسلمانوں کے گھر پندرہ سو کے قریب ہیں، یہاں ایک مسجد ہے جمعہ ہوتا ہے مگر مسجد میں پانچ وقت نماز نہیں ہوتی نہ جماعت کے ساتھ نہ بلا جماعت، کوئی آدمی آ گیا تو پڑھ لیا، مقامی لوگ نماز نہیں پڑھتے صرف جمعہ، عید، بقر، عید ہوتی ہے، ان حالات میں جمعہ صحیح ہوگا؟ اور موضع پہاڑپور کی آبادی پندرہ سو کے قریب ہوگی، چالیس گھر مسلمانوں کے ہیں، یہاں دو مسجدیں ہیں، ۵، ۶/ دوکانات ہیں، مسجد میں جمعہ پہلے سے ہوتا آ رہا ہے، پنجوقتہ نماز بھی کبھی جماعت سے کبھی بلا جماعت، جمعہ میں تیس چالیس آدمی شریک ہو جاتے ہیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر دیوکلی میں جمعہ کے شرائط موجود ہیں یعنی گلی کوچہ محلے ہیں، ڈاک خانہ ہے، بازار ہے، ضرورت کی ہر شئ ہمیشہ مل جاتی ہے، تین ہزار کی مردم شماری ہے تو وہاں جمعہ بھی درست ہے اور عید بھی (۱) مگر وہاں کے لوگوں کو لازم ہے کہ پانچوں وقت کی نماز کا بھی اہتمام کریں، کسی کو اذان وامامت کے لئے مقرر کرلیں اور سب نماز پڑھا کریں ورنہ سخت وبال میں گرفتار ہوں گے اور سب پر نحوست طاری رہے گی (۲)۔

---

(۱) "عن حذیفة رضی الله تعالیٰ عنه "لیس علی أهل القری جمعة، إنما الجمع علی أهل الأمصار مثل المدائن". (أوجز المسالک، کتاب الصلاة، باب ما جاء فی الإمام ینزل بقریة یوم الجمعة فی السفر: ۲۴۶/۲، ادارۂ تالیفات اشرفیه، ملتان)

"و یشترط لصحتها سبعة أشیاء: الأول: المصر". (الدرالمختار). "عن أبی حنیفة رحمه الله تعالیٰ أنه بلدة کبیرة، فیها سکک وأسواق، ولها رساتیق، و فیهاوالٍ یقدر علی إنصاف المظلوم من الظالم بحشمته و علمه أو علم غیره، یرجع الناس إلیه فیما یقع من الحوادث، وهذا هو الأصح". (ردالمحتار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱۳۷/۲، سعید)

(وکذا فی الحلبی الکبیر، کتاب الصلاة، فصل فی صلاة الجمعة، ص: ۵۴۹، ۵۵۰، سهیل اکیڈمی، لاهور)

(۲) "عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "إن أثقل صلوة علی المنافقین صلوة العشاء و صلوة الفجر و لو یعلمون ما فیهما، لأتوهما ولو حبواً، ولقد هممت أن آمر رجلاً بالصلوة فتقام، ثم آمر رجلاً فیصلی بالناس، ثم أنطلق معی برجال معهم حزم من حطب إلی قوم لایشهدون الصلاة فأحرّق علیهم بیوتهم بالنار".

قال عبد الله رضی الله تعالیٰ عنه: لقد رأیتنا و مایتخلف عن الصلوة إلا منافق قد علم نفاقه، =

Made Searchable by ScribeTools.com

موضع پہاڑ پور آپ کی تحریر کے مطابق چھوٹا گاؤں ہے وہاں جمعہ درست نہیں، جمعہ کے روز بھی ظہر کی نماز ادا کی جائے (۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۱/ ۶/ ۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۱/ ۶/ ۸۷ھ۔

گھر یا حجرہ میں جماعت یا جمعہ

سوال[۳۷۴۹]: حجرہ یا گھر میں ۲۰،۲۰/ طالب علم وقتی نماز ادا کرتے ہیں، قریب آس پاس میں جامع مسجد بھی موجود ہے جہاں جمعہ کی نماز ہوتی ہے تو کیا گھر میں جمعہ کی نماز پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟ اگر جمعہ کی نماز ہوگی تو آس پاس کے محلّہ میں جہاں جمعہ ہوتا ہے وہاں پارٹی بازی یا جھگڑا ہوسکتا ہے۔کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ہر نماز کو مسجد میں ادا کیا جائے، مسجد کو چھوڑ کر بلا عذرِ شرعی گھر میں نماز کا اہتمام کرنا مسجد کے حق کو تلف کرنا ہے، خاص کر نماز جمعہ، اس کے لئے جامع مسجد کا اہتمام کیا جائے اپنے ذاتی گھر میں ہرگز جمعہ نہ پڑھا جائے (۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

= أومريض إن كان ليمشى بين رجلين حتى يأتى الصلاة. و قال: إن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم علّمنا سنن الهدى، وإن من سنن الهدى الصلاة فى المسجد الذى يؤذن فيه".

"عن عبد الله رضى الله تعالىٰ عنه قال: من سره أن يلقى الله تعالىٰ غداً مسلماً فليحافظ على هؤلاء الصلوات حيث ينادىٰ بهن، فإن الله تعالىٰ شرع لنبيكم سنن الهدى وأنهن من سنن الهدىٰ و لو أنكم صليتم فى بيوتكم كما يصلى هذا المتخلف فى بيته، لتركتم سنة نبيكم، ولو تركتم سنة نبيكم لضللتم". الحديث. (الصحيح لمسلم، كتاب الصلاة، باب فضل صلوة الجماعة، بيان التشديد فى التخلف عنها الخ: ۱/ ۲۳۲، قديمى)

(۱) (راجع، ص: ۱۸۰، رقم الحاشية: ۱)

(۲)"عن أنس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه أن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "لو أن رجلاً دعا الناس إلى عرق أو مرماتين، لأجابوه و هم يدعون إلى هذه الصلوة فى جماعة فلا يأتونها، لقد هممت =

Made searchable using ScribeTools.com

جیل یا گھر میں جمعہ

سوال[۳۷۵۰]: چند حضرات سیاسی جدوجہد کے سلسلہ میں نظر بند اور گرفتار ہیں، نماز جمعہ کے متعلق انہیں خیال رہتا ہے کہ بحالتِ اسیری ومجبوری ادا ہوتی ہے یا نہیں؟ کیا انہیں ظہر پڑھنی چاہئے یا جمعہ؟ براہِ کرم مختلف فقہی مذاہب کی جزئیات کا استیعاب فرماتے ہوئے حنفی مسلک کو دلائل وشواہد کے ساتھ واضح فرمایا جائے کہ یہ اہلِ علم حضرات اس سے روشنی پاسکیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

قال ابن نجیمؒ: "والإذن العام: أی شرط صحتها الأداء علی سبیل الاشتهار حتی لو أن أمیراً أغلق أبواب الحصن و صلی فیه بأهله و عسکره صلوة الجمعة، لا تجوز، کذا فی الخلاصة

= أن آمر رجلاً أن یصلی بالناس فی جماعة، ثم أنصرف إلی قوم سمعوا النداء فلم یجیبوا فأضرمها علیهم ناراً، إنه لا یتخلف عنها إلا منافق"

"قال الشیخ ظفر أحمد العثمانی نور الله مرقده: " قلت: دلالته علی الجزء الأول ظاهرة حیث بولغ فی تهدید من تخلف عنها و حکم علیها بالنفاق، ومثل هذا التحدید لا یکون إلا فی ترک الواجب، ولا یخفی أن وجوب الجماعة لو کان مجرداً عن حضور المسجد لَمَا همّ رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بإضرام البیوت علی المتخلفین لاحتمال أنهم صلوها بالجماعة فی بیوتهم، فثبت أن إتیان المسجد أیضاً واجب کوجوب الجماعة". (إعلاء السنن، أبواب الإمامة، باب وجوب إتیان الجماعة فی المسجد: ۱۶۴/۴، إدارة القرآن، کراچی)

"وقال ابن مسعود: إن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم علّمنا سنن الهدی، وإن من سنن الهدی الصلوة فی المسجد الذی یؤذن فیه". و فی روایة:قال: "من سره أن یلقی الله تعالیٰ غداً مسلماً، فلیحافظ علی هؤلاء الصلوات حیث ینادی بهن، فإن الله تعالیٰ شرع بینکم سنن الهدی، وأنهن من سنن الهدی و لوأنکم صلیتم فی بیوتکم کما یصلی هذا المتخلف فی بیته لترکتم سنة نبیکم، و لو ترکتم سنة نبیکم لضللتم". الحدیث. (الصحیح لمسلم، کتاب الصلاة، باب فضل صلوة الجماعة و بیان التشدید فی التخلف عنها الخ: ۲۳۲/۱، قدیمی)

اھـ". بحر:۲/۱۵۱(۱) کذا فی البدائع:۱/۲۲۹ (۲) و شرح المنیة الکبیر،ص:۵۱۸ (۳)۔

عبارتِ منقولہ سے معلوم ہوا کہ صحتِ جمعہ کے لئے اذنِ عام شرط ہے، اگر جیل کا دروازہ بند ہو کہ وہاں جانے کی عام اجازت نہ ہو تو وہاں جمعہ درست نہیں، ظہر ادا کی جائے (۴)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) (البحر الرائق، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۲۶۴، رشیدیه)

(۲) "و ذکر فی النوادر شرطاً آخر یذکر فی ظاهر الروایة و هو أداء الجمعة بطریق الاشتهار حتی أن أمیراً لو جمع جیشه فی الحصن وأغلق الأبواب و صلی بهم الجمعة، لا تجزئهم". (بدائع الصنائع، کتاب الصلوة، الجماعة من شروط الجمعة: ۱/۲۰۲، رشیدیه)

(۳) "الشرط السادس: الإذن العام، حتی لو أن السلطان أو الأمیر إذا أغلق باب قصره،و صلی فیه بحشمه، لا تجوز جمعته،و إن فتحه و أذن للناس بالدخول، جازت سواء دخلوا أولا، و ذلک لما مرّ غیر مرة أنها شرعت بخصوصیاتٍ لا تجوز بدونها، والإذنُ العام والأداء علی سبیل الشهرة من جملة تلک الخصوصیات، فلا تجوز بدونه". (الحلبی الکبیر، کتاب الصلوة، فصل فی صلوة الجمعة، ص: ۵۵۸، سهیل اکیڈمی لاهور)

"عن ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال: أذن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم الجمعة قبل أن یهاجر، و لم یستطع أن یجمّع بمکة، فکتب إلی مصعب بن عمیر رضی الله تعالیٰ عنه: "أما بعد! فانظر الیوم الذی تجهر فیه الیهود بالزبور، فأجمعوا نساء کم وأبناء کم، فإذا مال النهار عن شطره عند الزوال من یوم الجمعة، فتقربوا إلی الله برکعتین" قال: فهو أول من جمّع حتی قدم النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم المدینة فجمع عند الزوال من الظهر وأظهر ذلک".

قال الشیخ ظفر أحمد العثمانی: "قلت: و فیه دلالة علی الشرط الجمعة أن تؤدی علی سبیل الاشتهار لما فیه أن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم أذن الجمعة قبل أن یهاجر، و لم یستطع أن یجمع بمکة ..... ولا یخفی أن مکة موضع صالح للجمعة حتماً لکونها مصراً، ولم یکن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم عاجزاً عن الوقت و لا عن الخطبة والجماعة لأجل کونه مختفیاً فی بیت، فإنه کان یقیم سائر الصلوات بالجماعة کذلک، ولکنه لم یستطع أن یؤدی الجمعة علی سبیل الاشتهار والإذن العام لما فیه من مخافة أذی الکفار و هجوهم علی المسلمین، ففیه دلیل قول الحنفیة باشتراط الإذن العام للجمعة".

(إعلاء السنن، أبواب الجمعة، باب أن وقت الجمعة بعد الزوال: ۸/۴۵، ۴۶، إدارة القرآن، کراچی)

(۴) "اگر جیل میں حکومت کی طرف سے نماز پڑھنے کی اجازت ہو اور جیل کے دروازوں کو بند رکھنے کا مقصد نمازیوں کو روکنا نہ ہو بلکہ محض حفاظت ہو تو درجہ ذیل جزئیات سے جیل میں جمعہ کی نماز پڑھنے کی گنجائش معلوم ہوتی ہے"۔ (أحسن الفتاوی، =

Made searchable using ScribeTools.com

قیدخانہ میں جمعہ کی نماز

سوال[۳۷۵۱]: کیافرماتے ہیں علمائے دین حدیثین شریفین کی روشنی میں بابت جمعہ مبارکہ کی نماز کے متعلق، کیا قیدی جن کو ہر قسم کی مذہبی آزادی ہواور کھانے پینے کا انتظام بھی ان کا اپنے ہاتھ ہو، صرف حکومت کے قانون کے مطابق اندر سے باہر جاکر جمعہ کی نماز ادانہیں کرسکتے اور ایک جگہ ہزاروں ایسے آدمی موجود ہوں اور ایک جگہ پر نماز جمعہ پڑھ سکتے ہوں تو ان کے متعلق کیا حکم ہے؟ اس وقت ہم لوگ جمعہ کی نماز برابر پڑھتے رہتے ہیں اور بعض عالموں نے یہ رائے دیا کہ جمعہ کی نماز قیدیوں یا نذر حوالہ کئے ہوئے لوگوں کو پڑھنی جائز نہیں بلکہ قصر بھی منع ہے۔ اس لئے ہمیں خلاصہ حدیثوں کی روشنی میں آگاہ فرمائیں تاکہ تسلی ہو۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

تحریر کردہ حالات کے تحت وہاں جمعہ پڑھنے کی اجازت ہے، درمختاراور شامی میں یہ مسئلہ مذکور ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۱۰/۲۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۱۰/۲۸ھ۔

= كتاب الصلاة، باب الجمعة والعيدين: ۱۲۲/۴، سعيد)

"(و) السابع (الإذن العام) ..... فلا يضر غلق باب القلعة لعدو أو لعادة قديمة؛ لأن الإذن العام مقرر لأهله و غلقه لمنع العدو لا المصلى". (الدرلمختار).

"(قوله: وقصره) قلت: و ينبغي أن يكون محل النزاع ما إذا كانت لاتقام إلا في محل واحد، أما لوتعددت، فلا؛ لأنه لا يتحقق التفويت كما أفاده التعليل". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب صلاة الجمعة: ۱۵۲/۲، سعيد)

(۱) "اگر جیل میں حکومت کی طرف سے نماز پڑھنے کی اجازت ہواور جیل کے دروازوں کو بند رکھنے کا مقصد نمازیوں کو روکنا نہ ہو بلکہ محض حفاظت ہوتو درجہ ذیل جزئیات سے جیل میں جمعہ کی نماز پڑھنے کی گنجائش معلوم ہوتی ہے"۔ (احسن الفتاوی، كتاب الصلاة، باب الجمعة والعيدين: ۱۲۲/۴، سعيد)

"(و) السابع (الإذن العام) ..... فلا يضر غلق باب القلعة لعدو أو لعادة قديمة؛ لأن الإذن العام مقرر لأهله و غلقه لمنع العدو لا المصلى". (الدرالمختار). "(قوله: وقصره) قلت: و ينبغي أن =

فیکٹری میں جمعہ

سوال[۳۷۵۲]: ایک مدت سے یہاں ایک استفتاء رکھا ہے جس کا جواب پورے طور پر کچھ حل سمجھ میں نہ آنے کی بنا پر نہیں دیا جاسکا جس کی خاص وجہ امداد الفتاوی میں ذکر کردہ ایک فتوی ہے، پھر شامی وغیرہ کی عبارتوں کا محمل تجویز کرنے میں الجھن ہے۔ استفتاء درج ذیل ہے:

ایچ اے ایل فیکٹری (یعنی کانپور اسلحہ فیکٹری) میں نماز جمعہ گذشتہ چھ سات سال سے ہوتی چلی آرہی ہے اور مسجد فیکٹری سے میل سوا میل کے فاصلہ پر ہے اور وقتِ طعام صرف آدھ گھنٹہ (ایک بجے سے ڈیڑھ بجے تک) مقرر ہے ایسی صورت میں مسجد تک پہنچنا اور نماز ادا کرنا محال ہے اور عوام کی نماز میں شرکت ممنوع ہے کیوں کہ مسجد فیکٹری کی حد میں ہے۔ اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ جملہ ملازمینِ فیکٹری کی نماز جمعہ ادا ہوگی یا نہیں؟ اور اگر ادا نہیں ہوگی تو گذشتہ نمازوں کا اعادہ کس طرح کیا جائے؟ پھر اگر یہاں جمعہ نہ ہو تو کیا دوسری فیکٹری میں تبادلہ کرالیا جائے جہاں نماز کی سہولت ہو یا یہیں جمعہ اور احتیاط الظہر دونوں پڑھ لیں؟ امید ہے کہ بحوالہ جواب عنایت فرمائیں گے۔ امداد الفتاوی: ۱/۱۲، ۱۱، میں ایک قلعہ کے اندر رہنے والوں کی نماز سے متعلق تحریر ہے:

الجواب:

''اذنِ عام ہونا بھی منجملہ شرائط، شرائطِ صحتِ جمعہ ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ خود نماز پڑھنے والے کو روکنا وہاں مقصود نہ ہو، باقی روک ٹوک کسی اَور ضرورت سے ہو وہ اذنِ عام میں مخل نہیں:

فی الدر المختار: والإذن العام من الإمام، و هو يحصل بفتح أبواب الجامع للواردين، كافى، فلا يضر غلق باب القلعة لعدو أو لعادة قديمة؛ لأن الإذن العام مقرر لأهله و غلقه لمنع العدوّ لا للمصلى، نعم! لو لم يغلق لكان أحسن، اهـ"۔ فى رد المحتار: و ينبغى أن يكون محل النزاع ما إذا كانت لا تقام إلا فى محل واحد، أما لو تعددت فلا؛ لأنه لا يتحقق التفويت كما أفاده

= يكون محل النزاع ما إذا كانت لاتقام إلا فى محل واحد، أما لو تعددت فلا؛ لأنه لا يتحقق التفويت كما أفاده التعليل". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب صلاة الجمعة: ۲/۱۵۲، سعيد)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

التعلیل". انتهی(۱)۔ پس بنابر روایت مذکورہ اس قلعہ میں نماز جمعہ درست ہے"(۲)۔

احقر کے خیال میں ہے کہ استفتاء میں مذکورہ صورت امداد الفتاوی میں ذکر کردہ قلعہ والی صورت سے کچھ زیادہ مختلف نہیں ہے، اسلئے کہ حضرت کے فتویٰ اور پھر مذکورہ بالا عبارت کتاب سے جواز ہی سمجھ میں آتا ہے کیوں کہ فیکٹری میں عوام کے نہ آنے کی ممانعت مصلحۃً ہے، مقصود عوام کو نماز سے روکنا نہیں بلکہ فیکٹری کے حفاظتی انتظامات کے تحت ہے اور اس میں کام کرنے والوں میں سے کسی کو ممانعت نہیں ہے۔ مزید علامہ شامی کا قول اَور زیادہ جواب کا معین ہے۔ امداد الفتاوی میں ایک اسی قسم کے سوال کا جواب ان الفاظ میں بھی دیا گیا ہے کہ "جس جگہ پر عام ممانعت ہے وہاں سے باہر نکل کر کسی میدان میں جمعہ پڑھ لیں ۔اس فیکٹری میں بھی کام کرنے والوں کے لئے بھی ایک صورت یہ نکل سکتی ہے۔ اب حضرت والا کی خدمت میں یہ استفتاء بغرضِ دریافت ارسال ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس روایت کے مطابق مذکورہ فیکٹری میں بھی جمعہ کی اجازت ہے، اگر باہر نکل کر پڑھنے کا موقعہ ہو تو اس کی بھی اجازت ہے کیونکہ مسجد کا ہونا جواز کی شرط نہیں (۳)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۲/۹۴۲ھ۔

---

(۱) (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۵۲، سعيد)

(۲) (امداد الفتاوى، كتاب الصلوة، باب صلوة الجمعة والعيدين: ۱/۴۱۱، ۴۱۲، مكتبه دار العلوم كراچی)

(۳) "لو صلى الجمعة فى قرية بغير مسجد جامع والقرية كبيرة لها قرى و فيها والحاكم، جازت الجمعة بنوا المسجد أو لم يبنوا". (الحلبى الكبير، كتاب الصلوة، فصل فى صلاة الجمعة، ص: ۵۵۱، سهيل اكيڈمى لاهور)

"والحكم غير مقصور على المصلى، بل يجوز فى جميع أفنية المصر؛ لأنها بمنزلته فى حوائج أهله". (الهداية، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۱/۱۶۸، مكتبه شركة علميه ملتان)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب السادس عشر فى صلاةالجمعة: ۱/۱۴۸، رشيديه)

ہوسٹل میں جمعہ

سوال[۳۷۵۳]: ہماری آبادی سے قریب ایک فرلانگ کے فاصلے پر ایک ہوسٹل ہے اس کے قرب وجوار میں مکان بھی ہے، یہاں عبادت گاہ بنائی گئی جو صرف کمرہ نما ہے، وقت پر نماز گیارہ سال سے ہورہی ہے، لیکن اس سال کچھ حضرات کا اعتراض ہورہا ہے کہ نمازِ جمعہ وہاں ادا نہیں ہوگا، اس لئے کہ یہ آبادی میں نہیں ہے اور مسجد نہیں ہے، نوے طلباء مختلف علاقے کے اس ہوسٹل میں رہتے ہیں۔ اب آپ مطلع فرمادیں کہ نماز جمعہ وہاں پر درست ہے یا نہیں؟ اس مقام کی آبادی اٹھارہ ہزار ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

کالج اور ہوسٹل بھی شہر کی ضروریات میں داخل ہے اس لئے حکماً وہ مقام بھی شہر کی طرح ہے، اگر اس شہر میں شرائطِ جمعہ موجود ہیں تو وہاں بھی جمعہ درست ہے، جمعہ کے لئے باقاعدہ مسجد کا ہونا ضروری نہیں ہے، جو جگہ عبادت کے لئے بنا رکھی ہے وہاں جمعہ بھی ادا ہوجائے گا(۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۷/۹/۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۸/۹/۸۸ھ۔

کواڑ بند کر کے نمازِ جمعہ

سوال[۳۷۵۴]: نماز کے وقت مسجد کے کواڑ بند رکھنا کیسا ہے؟ اگر کواڑ بند کر کے نماز پڑھ لی جائے تو نماز میں کچھ فرق آیا یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جمعہ کی نماز کے لئے مسجد کے کواڑ بند نہ کئے جائیں، وہاں اذنِ عام ضروری ہے ورنہ نماز

---

(۱) "لو صلى الجمعة في قرية بغير مسجد جامع والقرية كبيرة لها قرى و فيها والحاكم، جازت الجمعة بنوا المسجد أو لم يبنوا". (الحلبي الكبير، كتاب الصلوة، فصل في صلاة الجمعة، ص: ۵۵۱، سهيل اكيڈمي لاهور)

"والحكم غير مقصور على المصلى، بل يجوز في جميع أفنية المصر؛ لأنها بمنزلته في حوائج أهله". (الهداية، كتاب الصلوة، باب صلوة الجمعة: ۱/۱۶۸، مكتبه شركة علميه ملتان)

Made searchable using ScribeTools.com

درست نہ ہوگی (۱)۔فقط واللہ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۴/ ۷/ ۱۴۰۶ھ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱) "(و) السابع (الإذن العام)". (الدر المختار) . "(قوله: الإذن العام): أی أن یأذن للناس إذناً عاماً بأن لا یمنع أحداً ممن تصح منه الجمعة عن دخول الموضع الذی تصلی فیه، وهذا مراد مَن فسّر الإذن العام بالاشتهار". (ردالمحتار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/ ۱۵۱، سعید)

"الشرط السادس: الإذن العام حتی لو أن السلطان أو الأمیر إذا أغلق باب قصره و صلی فیه بحشمه، لا تجوز جمعته، وإن فتحه وأذن للناس بالدخول، جازت سواء دخلوا أولا". (الحلبی الکبیر، کتاب الصلاة، فصل فی صلاةالجمعة، ص: ۵۵۸، سهیل اکیڈمی لاهور)

(وکذا فی بدائع الصنائع، کتاب الصلاة، فصل: الجماعة من شروط الجمعة: ۱/ ۲۰۲، رشیدیه)

الفصل الثالث فی تعدد الجمعة

(متعدد جگہ جمعہ پڑھنے کا بیان)

تعددِ جمعہ

سوال[۳۷۵۵]: اس بستی میں دو مسجدیں ہیں اور پہلے جمعہ جامع مسجد میں ہوتا تھا، لیکن ایک مولوی صاحب نے کسی وجہ سے دوسری مسجد میں جمعہ قائم کر دیا، اب ان کا انتقال ہوگیا ہے۔ اب جمعہ ایک مسجد میں ہونا چاہیے یا کہ دو مسجدوں میں ہونا چاہیے؟

محمد یاسین، موضع بہائی، تحصیل ڈسمو، رائے بریلی۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

بہتر یہ ہے کہ تمام مسلمان جمع ہوکر ایک ہی مسجد میں جمعہ ادا کریں، بلاضرورت دو جگہ جمعہ نہ کریں، ضرورت پیش آنے پر دوسری جگہ بھی مضائقہ نہیں (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

ایک بستی میں متعدد جگہ جمعہ

سوال[۳۷۵۶]: ۱..... ہمارے گاؤں کی تقریباً پانچ چھ ہزار مردم شماری ہے جس میں ۲/۳، مسلمان، ۱/۳، ہندو رہتے ہیں، اس میں ایک جامع مسجد ہے جس میں تمام مسلمان نماز جمعہ ادا کرنے جاتے ہیں، میرے محلّہ والوں کو جامع مسجد کے امام صاحب سے اَور کسی کی امام صاحب سے شکایت پیدا ہوگئی، انہوں نے جامع مسجد میں جمعہ پڑھنا چھوڑ دیا اور اپنے محلّہ کی مسجد میں ہی جمعہ قائم کرلیا، اس کے بعد تیسرے محلّہ والوں کو بھی کوئی

---

(۱) "(وتؤدی فی مصر واحدٍ بمواضع کثیرة) مطلقاً علی المذهب، وعلیه الفتویٰ". (الدرالمختار مع ردالمحتار، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۱۴۴/۲، ۱۴۵، سعید)

(وکذا فی فتح القدیر، کتاب الصلوة، باب صلاة الجمعة: ۵۳/۲، مصطفیٰ البابی الحلبی، مصر)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲۴۹/۲، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

شکایت پیدا ہوگئی تو انہوں نے بھی اپنے محلّہ کی مسجد میں جمعہ قائم کرلیا، اس صورت میں چار جگہ جمعہ ہونے لگا۔ اب نمازیوں کا ہی ..... یہ حال ہے کہ ۲۵، ۲۵/ یا ۳۰، ۳۰/ نمازی نماز جمعہ میں ہوتے ہیں، جامع مسجد میں اس سے کچھ زائد ہوجاتے ہوں گے۔ اب دریافت طلب بات یہ ہے کہ:

۲..... چار جگہ جمعہ ہونے کی صورت میں شریعتِ مطہرہ کے نزدیک جمعہ کی حیثیت اور جو مقصد ہے وہ باقی رہتا ہے یا فوت ہوجاتا ہے جب کہ نمازیوں کی بھی اتنی کم تعداد ہو؟

۳..... چاروں جگہ جمعہ قائم رہنے دینا چاہیے یا نہیں، یا سب جگہ بند کرکے صرف جامع مسجد ہی میں جمعہ ادا کیا جائے؟

۴..... میرے گاؤں میں جو علماء رہتے ہیں ان کو جامع مسجد کے علاوہ اَور مساجد میں جمعہ بند کرانے اور صرف جامع مسجد میں نماز جمعہ پڑھنے، پڑھوانے کی جدوجہد کرنی چاہیے یا نہیں؟ اگر علماء اس بات کی جدوجہد نہ کریں تو وہ شرعاً مجرم ہوں گے یا نہیں؟ جب کہ یہ بات یقینی ہے کہ اگر علماء کوشش کریں تو میرے گاؤں میں سب مساجد سے جمعہ بند ہوسکتا ہے اور صرف جامع مسجد ہی میں سب لوگ نماز جمعہ پڑھنے کے لئے تیار ہوسکتے ہیں؟

۵..... جمعہ بند کرانے کی کوشش کی گئی تو جن مساجد میں جمعہ ابھی فی الحال شروع ہوا ہے انہوں نے یہ بات کہی کہ محلّہ چودھریاں میں جمعہ بند کراؤ، وہ ہم سے پہلے پڑھتے ہیں اور اس محلّہ میں علماء بھی رہتے ہیں اور وہ علماء بھی اپنے محلّہ کی مسجد ہی میں جمعہ پڑھتے ہیں، اگر ان کے لئے جائز ہے تو ہمارے لئے بھی جائز ہے۔ اس محلّہ کی مسجد والوں سے کہا تو انہوں نے جواب دیا کہ ہمارے یہاں تو جمعہ چالیس سال سے ہوتا ہے، ہم کیسے بند کریں۔ تو کیا ان کا یہ عذر شرعاً درست ہے یا نہیں؟ اگر عذر شرعاً درست نہیں تو جمعہ بند کرنا ضروری ہے یا نہیں؟

۶..... اگر میرے گاؤں کے علماء جامع مسجد کے علاوہ اَور مسجدوں سے جمعہ کو بند کرانے کی جدوجہد کریں لیکن محلّہ والے جمعہ بند نہ کریں تو جس محلّہ میں جو عالم رہتے ہیں وہ اپنے محلّہ کی مسجد میں جمعہ ادا کریں یا نماز جمعہ کے لئے ان کا جامع مسجد میں آنا ضروری ہوگا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱..... جمعہ کا ایک اہم مقصد اظہارِ شوکت ہے جو بڑی جمعیت کے ساتھ ایک جگہ ادا کرنے سے زیادہ واضح طور پر حاصل ہوتا ہے، بلاضرورت جگہ جگہ جمعہ کرنے سے یہ مقصد زیادہ حاصل نہیں ہوتا، اس لئے یہ طریقہ

Made Searchable by ScribeTools.com

ناپسند ہے(۱)۔

۲.....بہتر یہ ہے کہ سب متفق ہوکر جمعہ ایک ہی (جامع) مسجد میں پڑھیں اور جھگڑا بند کردیں، لیکن اگر بند کرنے میں فتنہ وفساد ہوتو اس سے پرہیز کریں (۲)۔

۳.....اگر بغیر فتنہ کے بند کرسکتے ہیں تو بند کرکے جامع مسجد میں جایا کریں اس سے دوسروں کو بھی اجر ملنے کی توقع ہے(۳)۔

۴.....ترغیب وتذکیر کے طور پر سعی کرنا مناسب وافضل ہے، اگر سعی نہیں کریں گے تو افضل کے تارک ہوں گے(۴)۔

---

(۱) "الخاصة الثالثة: صلاة الجمعة التی هی من آکد فروض الإسلام، ومن أعظم مجامع المسلمین، وهی أعظم من کل مجمع یجتمعون فیه وأفرضه سوی مجمع عرفاة، ومن ترکها تهاوناً بها، طبع الله علی قلبه، وقرب أهل الجنة یوم القیامة، وسبقهم إلی الزیادة یوم المزید بحسب قربهم من الإمام یوم الجمعة وتبکیرهم". (زاد المعاد لابن قیم الجوزیة، فصل: هدیة النبی صلی الله علیه وسلم فی تعظیم یوم الجمعة، ص: ۱۴۱، دارالفکر، بیروت)

(۲) فتنہ وفساد کے وقت امر بالمعروف اور نہی عن المنکر سے منع کیا گیا ہے، قال الملا علی القاری: "وشرطهما: (أی الأمر بالمعروف والنهی عن المنکر) أن لایؤدی إلی الفتنة، کما علم من الحدیث، وأن یظن قبوله، فإن ظن أنه لایقبل فیستحسن إظهار الشعار الإسلام". (مرقاة المفاتیح، کتاب الآداب، باب الأمر بالمعروف، الفصل الأول: ۸/۸۲۲، رشیدیه)

(۳) "عن تمیم الداری رضی الله عنه أن النبی صلی الله علیه وسلم قال: "الدین النصیحة" قلنا: لمن؟ قال: "لله ولکتابه ولرسوله ولأئمة المسلمین وعامتهم".

قال الإمام النووی رحمه الله تعالیٰ: "وأما نصیحة عامتهم: وهم مَن عدا وُلاة الأمر، فإرشادهم لمصالحهم فی آخرتهم ودنیاهم وکف الأذی عنهم، فیعلمهم مایجهلونه من دینهم ودنیاهم ..... وأمرهم بالمعروف، ونهیهم عن المنکر برفق وإخلاص، والشفقة علیهم، وتوقیر کبیرهم ورحمة صغیرهم ..... والنصیحة لازمة علی قدر الطاقة إذا علم الناصح أنه یقبل نصحه ویطاع أمره الخ".

(الصحیح لمسلم مع شرح للنووی، کتاب الإیمان، بابٌ: ان الدین النصیحة: ۱/۵۴، قدیمی)

(۴) (راجع الحاشیة المتقدمة آنفاً)

Made searchable using ScribeTools.com

۵.....عوام تو علماء کے فعل سے استدلال کرتے ہیں لہٰذا ان کا جواب اسی پر مبنی ہے، علماء حدود کو خوب سمجھتے ہیں وہ اگر افضل کو اختیار کریں تو عوام کو انکار کی گنجائش نہیں ہوگی۔

یہ ہوسکتا ہے کہ ابتداءً اسی مسجد میں (جامع مسجد) کے علاوہ جمعہ شروع کیا گیا ہو پھر رفتہ رفتہ دوسری مساجد میں بھی ہونے لگا ہو، پس اگر یہ بند کرکے جامع مسجد میں آنے لگیں تو کیا بعید ہے کہ دوسری مساجد والے بھی ان کا اقتداء واتباع کرلیں اور جامع مسجد پُر ہوکر رونق وشوکتِ اسلام کا ذریعہ ہوجائے (۱)۔ مدت (چالیس سال) کا عذر کوئی قوی اور شرعی عذر نہیں کہ یہ حضرات اگر بند کردیں گے تو قیامت میں پکڑ کا اندیشہ ہوگا۔

۶..... جامع مسجد میں جاکر جمعہ ادا کرنے کا ثواب زیادہ ہے (۲)، جس کو زیادہ ثواب حاصل کرنا ہوگا وہ جائے گا، جو زیادہ ثواب حاصل کرنا نہ چاہے وہ محلّہ کی مسجد پر ہی کفایت کرے گا، لیکن اس کی وجہ سے اس کو مجرم اور گنہگار نہیں کہا جائے گا۔ فتویٰ اس پر ہے کہ جس بستی میں شرائطِ جمعہ موجود ہوں وہاں ایک سے زائد جگہ جمعہ درست ہے اور اس سے فریضہ ادا ہوجاتا ہے حتی کہ بلا حاجت کے بھی اگر متعدد جگہ پڑھا جائے تب بھی:

"وتؤدىٰ فى مصر واحد بمواضع كثيرة مطلقاً على المذهب، وعليه الفتوىٰ، شرح المجمع للعينى، وإمامة فتح القدير، دفعاً للحرج ..... اهـ". درمختار۔ "(قوله: مطلقاً): أى سواء كان المصر كبيراً أولا، الخ". (۳)۔ واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) (راجع ،ص: ۱۹۰، رقم الحاشية: ۱)

(۲) "وعن أنس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "صلوٰة الرجل فى بيته بصلوة، وصلوته فى مسجد القبائل بخمسٍ وعشرين صلوٰةً، وصلوته فى المسجد الذى يجمع فيه بخمسائة صلوة، وصلوته فى المسجد الأقصىٰ بخمسين ألف صلوة، وصلوته فى مسجدى بخمسين ألف صلوٰة، وصلوته فى المسجد الحرام بمائة ألف صلوة". (مشكوة المصابيح، باب المساجد ومواضع الصلوة، ص: ۷۲،قديمى)

(۳) (الدر المختار مع ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۱۴۴، سعيد)

"قوله: (وتؤدى فى مصر فى مواضع): أى يصح أداء الجمعة فى مصر واحد بمواضع كثيرة، وهو قول أبى حنيفة ومحمد، وهو الأصح؛ لأن فى الاجتماع فى موضع واحد فى مدينة كبيرة حرجاً بيّناً، وهو مدفوع". (البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب صلاة الجمعة: ۲/۲۵۰، رشيديه) ..... =

بڑی جامع مسجد ہوتے ہوئے دوسری جگہ جمعہ قائم کرنا

سوال[۳۷۵۷]: قصبہ نان پارہ کی آبادی تقریباً پچیس ہزار ہے، اس میں تقریباً ۱۵/ ہزار مسلمان ہیں، ان میں تقریباً ساڑھے سات ہزار مسلمان بریلوی مکتبۂ فکر کے اور ساڑھے سات دیوبندی مکتبۂ فکر کے ہیں، ظاہر ہے کہ اس تعداد میں عورتوں اور بچوں کی تعداد زائد ہوگی۔ اس طرح تقریباً ڈھائی تین ہزار ایسے مردوں کا اندازہ کیا جاسکتا ہے جن کی نماز جمعہ کے لئے ایک ایسی جامع مسجد کی ضرورت ہے کہ جہاں وہ سب نماز جمعہ ادا کرسکیں۔

تقریباً زائد یکصدی قصبہ میں جامع مسجد کے نام سے ایک کافی وسیع اور کشادہ مسجد موجود ہے اور اس میں ہمیشہ سے نماز ادا ہوتی ہے جس میں صرف دیوبندی مکتبۂ فکر کے لوگ نماز جمعہ پڑھنے آتے ہیں، مسجد اپنی وسعت کی وجہ اپنے دامن میں سب کو لے لیتی ہے، یہاں تک کہ نماز الوداع میں جب کہ دیہات سے لوگ آجاتے ہیں، تمام مسلمان بآسانی نماز ادا کرسکتے ہیں پھر بھی جگہ باقی رہ جاتی ہے۔ بہرحال مسجد بہت کشادہ ہے جس میں ابھی تک جگہ کی تنگی کا سوال نہیں پیدا ہوا ہے، ایسی جامع مسجد ہونے کے باوجود تقریباً دس سال سے اسی مسجد سے ایک دوفرلانگ کی دوری پر دیوبند مکتبۂ فکر ہی کے لوگوں نے ایک دوسرا جمعہ قائم کررکھا ہے حالانکہ اس کی ضرورت نہیں تھی۔

اول الذکر جامع مسجد سے اتنی ہی دوری پر بازار میں ایک مسجد واقع ہے جس کو از سرنو تعمیر کرکے وسیع کیا جاچکا ہے، اب ۲۲/ جون/ ۷۹ء سے اس مسجد میں بھی نماز جمعہ قائم کرنے کی تحریک ہورہی ہے، اس کے منتظمین بھی دیوبند مکتبۂ فکر کے ہیں قیامِ جمعہ سے ایک ہی مکتبہ فکر کے مسلمانوں میں انتشار ہونے کا شدید خدشہ ہے اور اس میں نماز جمعہ ہونے پر جامع مسجد کی اہمیت ختم ہوجائے گی، صرف قریب کے محلّہ کے چند مصلیان ہی اس میں نماز جمعہ پڑھنے والے رہ جائیں گے۔ بازار کی مسجد کا تعلق زیادہ تر سرمایہ دار اور دکاندار طبقہ سے ہے جو اپنی سہولت کے لئے جمعہ قائم کرنا چاہتے ہیں اور جامع مسجد قدیم کے متولی ایک ادارہ (انجمنِ اسلامیہ) تیسرا جمعہ قائم ہونے پر اس دینی ادارہ کو سخت مالی دقتوں کا سامنا کرنا پڑے گا اور ادارہ جو تبلیغی اور دینی تعلیم کی خدمات انجام

= (وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب السادس عشر في صلاة الجمعة: ۱۴۵/۱، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

دے رہا ہے، جدید جامع مسجد میں منتقل ہوجانے والے مسلمانوں کے عدم اشتراک کے سبب ٹھیک طور پر انجام نہ دے سکے گا۔

تیسرا جمعہ قائم کر کے آباد مسجد کو غیر آباد بنانا اور ایک دینی ادارہ کو نقصان پہونچانا کہاں تک مناسب ہے؟ اس چھوٹے سے قصبہ میں دو جامع مسجد کی موجودگی میں جو کافی وسیع اور کشادہ ہیں تیسرا جمعہ قائم کیا جانا مناسب ہے یا نہیں؟ جواب نفی میں ہونے کے باوجود اگر جمعہ قائم کیا جاوے تو اس میں نماز جمعہ ادا کرنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جمعہ کے لئے ایک بڑی مسجد کا ہونا اعلیٰ وانسب ہے تاکہ سب مسلمان متفق ہوکر اس فرض کو بطورِ شعار ادا کریں (۱)، تھوڑی سی سہولت کے لئے جگہ جگہ جمعہ قائم کرنے سے یہ مصلحت حاصل نہیں ہوتی، بڑی جامع مسجد کا غیر آباد ہوجانا اور دینی ادارہ کو نقصان پہونچانا مستقل خسارہ ہے۔ اس لئے بہتر یہی ہے کہ پرانی جامع مسجد میں سب مل کر جمعہ ادا کیا کریں اگرچہ دوسری مسجدوں میں جمعہ پڑھنے سے بھی فریضہ ادا ہوجائے گا اور یہ کہنے کا حق نہیں ہوگا کہ ان کی نماز نہیں ہوئی۔

فقہاء نے ایک شہر میں متعدد جگہ جمعہ کو بھی درست لکھا ہے جیسا کہ درمختار اور شامی میں ہے (۲)۔

فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۷/ ۷/ ۹۹ھ۔

---

(۱) "الخاصه الثالثة: صلاة الجمعة التي هي من آكد فروض الإسلام، ومن أعظم مجامع المسلمين، وهي أعظم من كل مجمع يجتمعون فيه وأفرضه سوى مجمع عرفة، ومن تركها تهاوناً بها، طبع الله على قلبه. وقُرب أهل الجنة يوم القيامة وسبقهم إلى الزيادة يوم المزيد بحسب قربهم من الإمام يوم الجمعة وتبكيرهم". (زاد المعاد لابن قيم الجوزية، فصل: هديه صلى الله عليه وسلم في تعظيم يوم الجمعة، ص: ۱۴۱، دارالفكر، بيروت)

(۲) "(وتؤدى في مصر واحد بمواضع كثيرة) مطلقاً على المذهب". (الدر المختار، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/ ۱۴۴، ۱۴۵، سعيد)

"قوله: (وتؤدى في مصر في مواضع): أي يصح أداء الجمعة في مصر واحد بمواضع كثيرة، وهو قول أبي حنيفة ومحمد، وهو الأصح؛ لأن في معنى الاجتماع في موضع واحد في مدينة كبيرة =

مزارعِ متعدّدہ میں تعددِ جمعہ

سوال[۳۷۵۸]: ایک موضع مارکھم آنٹ ضلع دہرہ دون میں ہے، جس کا نقشہ منسلکہ عریضۂ ہٰذا خدمت میں پیش ہے، موضعِ مذکور کی آبادی مردم شماری جملہ مذاہب کی تقریباً چار ہزار ہے، یہ آبادی چودہ مزرعہ جات جو موضعِ مذکور کے ہیں، مشتمل ہے۔ مزرعہ نمبر: ۵ بڑول والا میں مسجد ہے، مسلمانان کی بڑی آبادی ہے، مسجد مذکور میں پیشِ امام بدعتی خیال کا ہے اور اس درجہ خیال ناقص ہے کہ حقیقۃً اہلِ دیوبند کو کافر کہتا ہے، اپنے اہل گروہ سے کہلاتا ہے۔ اس کی نسبت فتاویٰ حاصل کئے جاچکے ہیں اور وہ نماز پڑھانے کے ناقابل ٹھہرادیا جاچکا ہے۔ چونکہ اس مزرعہ کے اکثر اشخاص جو اسی کے خیال کے ہیں، اس کی اعانت کرتے ہیں، بدین وجہ اسے علیحدہ نہیں ہونے دیتے۔ ایسی صورت ہونے سے دیگر مزرعہ جات کے مسلمان جو کافی تعداد میں ہیں، نمازِ جمعہ پڑھنے سے محروم ہیں۔ اب چونکہ مہینہ رمضان المبارک کا عنقریب ہے، مسلمانان کی پریشانی اَور بھی زیادہ بڑھ گئی ہے۔

واقعاتِ مذکورۃ الصدر کو سامنے رکھتے ہوئے ہم مسلمانان آپ کی خدمت میں عرض کرتے ہیں کہ اس موضع میں دو ایک ایسے مزرعہ جات ہیں، جن میں مساجد ہیں، چونکہ مزرعہ بڑول والا جس میں ہمیشہ سے جمع ہوتا چلا آتا ہے اس میں جملہ اشیاء حسبِ ضرورت دستیاب نہیں ہوسکتیں، جب تک دوسرے مزرعہ جات اس کے معاون نہ ہوں، ایسی ہی حالت اول و دوسرے مزرعہ جات کی ہے جن میں مساجد ہیں۔ اگر مزرعہ نمبر: ۵ بڑول والا میں جمعہ ہوسکتا ہے تو دوسرے مزرعہ جات نمبر: ۶، ۳، میں بھی نماز جمعہ ہوسکتی ہے یا نہیں؟ درمیان میں معمولی ندی ہے اس کی وجہ سے آمد و رفت بند نہیں ہوتی۔ ہم مسلمانانِ موضع مارکھم آنٹ التجا کرتے ہیں کہ اس کے جواب سے براہِ مہربانی بہت جلد مطلع فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر یہ موضع ایک ہی ہے اور مزرعہ جات میں زیادہ فصل نہیں، نہ وہ مستقل آبادی ہیں بلکہ مجموعہ مل کر ایک ہی آبادی اور بستی ہے تو اس میں بصورتِ موجودہ دوسری جگہ جمعہ پڑھنا شرعاً درست ہے، کیونکہ حنفیہ کے نزدیک جس بستی میں جمعہ درست نہیں ہوتا اس میں ایک جگہ بھی درست نہیں ہوتا:

= حرجاً بيّناً، وهو مدفوع". (البحر الرائق، كتاب الصلوٰة، باب صلاة الجمعة: ۲/ ۲۵۰، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلوة، الباب السادس في صلاة الجمعة: ۱/ ۱۴۵، رشيديه)

Made Se[illegible] Made searchable using ScribeTools.com [illegible]pols.com

"(وتؤدى فى مصر واحد بمواضع كثيرة) مطلقاً على المذهب، وعليه الفتوىٰ، شرح المجمع، إمامة فتح القدير، دفعاً للحرج، اه". درمختار: ۱/۸۴۳(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم، سہارنپور، ۲۴/۸/۶۱ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، صحیح: عبداللطیف غفرلہ، ۲۴/شعبان/۶۱ھ۔

مسجد کو چھوڑ کر عیدگاہ میں ضرورت کے وقت جمعہ ادا کرنا

سوال[۳۷۵۹]: ایک جنازہ کی نماز میں شرکت کے لئے زیادہ لوگ آگئے اور جمعہ کا دن ہونے کی وجہ سے مسجد کے اندر اتنی گنجائش نہ تھی کہ تمام لوگ نمازِ جمعہ مسجد میں ادا کرسکیں لہٰذا تمام لوگوں نے اس پر اتفاق کرلیا کہ چل کر عیدگاہ میں نماز جمعہ ادا کرلی جائے جب کہ مسجد میں اذان ہوچکی تھی اور اذان کی آواز عیدگاہ تک پہونچ جاتی ہے۔

۱.....ایسی صورت میں عیدگاہ میں دوبارہ اذان دی جائے گی یا نہیں جب کہ اذان ہونے کے بعد تمام لوگ مسجد سے عیدگاہ روانہ ہوئے تھے؟

۲.....ایسی صورت میں مسجد کو بالکل خالی چھوڑ کر سبھوں کا عیدگاہ میں نماز جمعہ ادا کرنا ازروئے شرع درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ طریقہ غلط اختیار کیا گیا ہے، مسجد میں حسبِ سابق جمعہ پڑھنا چاہیے تھا، جو لوگ زائد رہ جاتے، عیدگاہ میں جاکر.....اذان وخطبہ کے ساتھ جمعہ ادا کرلیتے، مسجد کو خالی چھوڑنا ٹھیک نہیں تھا، اس سے مسجد کا حق ادا نہیں ہوا، حق تلفی ہوئی، عیدگاہ یا جس جگہ بھی جمعہ ادا کیا جائے اذانِ اول واذان ثانی کے ساتھ ادا کیا جائے (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) (الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۱۴۴، ۱۴۵، سعيد)

(وكذا فى فتح القدير، كتاب الصلوة، باب صلاة الجمعة: ۲/۵۳، مصطفىٰ البابى الحلبى، مصر)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۲۴۹، رشيديه)

(۲) "عن الزهرى قال: سمعت السائب بن يزيد يقول: إن الأذان يوم الجمعة كان أوله حين يجلس =

بدعتی امام سے بچنے کے لئے مدرسہ میں قیامِ جمعہ

سوال[۳۷۶۰]: قصبہ بھیکن گاؤں میں ایک مسجد ہے جس کے تمام اراکین بدعتی ہیں اور زیادہ تر بدعتی لوگ دیوبندی عقیدہ والوں کو مسلمان نہیں سمجھتے ہیں اور ہم لوگ کسی قسم کی تبلیغ بھی نہیں کر سکتے کیونکہ وہ تو اپنے کو مسلمان ہی تصور نہیں کرتے، پھر اپنی بات کیونکر سنے یا مانے۔

اس قصبہ میں ایک مدرسہ ہے جس کو وہ لوگ دیوبندی مدرسہ کہتے ہیں اور حقیقت بھی مدرسہ کی یہی ہے، فی الوقت مدرسہ میں پانچوں وقت نماز باجماعت معلم، طلباء و دیگر اراکینِ مدرسہ ہی میں ادا کرتے ہیں اور جمعہ کے روز مسجد میں جا کر جمعہ کی نماز ادا کرتے ہیں، بدعتی امام کے پیچھے اور ابن ماجہ شریف کی ایک حدیث شریف میں ہے کہ: ''بدعتی کا روزہ، نماز، حج، زکوۃ، دیگر اس کے نیک افعال اللہ تعالیٰ قبول نہیں فرماتا اور اس کے نیک اعمال ایسے کر دیئے جاتے ہیں جیسے آٹے میں سے بال کو''(۱)۔.....ان تمام باتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے

= الإمام يوم الجمعة على المنبر فى عهد رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وأبى بكر وعمر رضى الله تعالىٰ عنهما ، فلما كان فى خلافة عثمان رضى الله تعالىٰ عنه، وكثروا، أمر عثمان يوم الجمعة بالأذان الثالث، فأذن به على الزوراء، فثبت الأمر على ذلك". (صحيح البخارى، كتاب الجمعة، باب التأذين عند الخطبة: ۱۲۵/۱، قديمى)

"وهو (أى الأذان) سنة للرجال فى مكان عال (مؤكدة) هى كالواجب فى لحوق الإثم (للفرائض) الخمس (فى وقتها) الخ". (الدر المختار). وفى رد المحتار: "(قوله: للفرائض الخمس الخ) دخلت الجمعة". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الأذان: ۳۸۴/۱، سعيد)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الثانى فى الأذان: ۵۳/۱، رشيديه)

"(ويؤذن) ثانياً (بين يديه): أى الخطيب ..... إذا جلس على المنبر". (الدر المختار، كتاب الصلاة، باب الجمعة : ۱۶۱/۲، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب صلاة الجمعة : ۲۷۴/۲، رشيديه)

(۱) "عن حذيفة رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "لا يقبل الله لصاحب بدعةصوماً، ولا صلوةً ولا صدقةً، ولا حجاً، ولا عمرةً، ولاجهاداً، ولا صرفاً، ولا عدلاً، يخرج عن الإسلام كماتخرج الشعرة من العجين". (سنن ابن ماجة، المقدمة، باب اجتناب البدع والجدل: ۶/۱، مير محمد كتب خانه)

Made searchable using ScribeTools.com

جواب عنایت فرمادیں کہ ہم لوگ مدرسہ میں جمعہ ادا کرنا چاہتے ہیں، جس کی اصل وجہ مسجد کے متعلقین اور امام کا بدعتی ہونا ہے، وہ امام دیوبندی مسلمانوں کو سلام کرنا بھی منع قرار دیتا ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر مدرسہ میں سب کو آنے کی اجازت ہو، دروازہ کھلا رہتا ہے تو وہاں بھی جمعہ پڑھ سکتے ہیں (۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱) "(ومنها (أی من شرائط الجمعة) الإذن العام، وهو أن تفتح أبواب الجامع، فيؤذن للناس كافةً".
(فتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلوة، الباب السادس عشر فی صلاة الجمعة: ۱/۱۴۴، رشيديه)

"قوله: (والإذن العام): أی شرط صحتها الأداء على سبيل الاشتهار". (البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب صلاة الجمعة: ۲/۲۶۳، ۲۶۴، رشيديه)

(وكذا فی الدر المختار مع ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۱۵۱، سعيد)

الفصل الرابع فی خطبة الجمعة

(جمعہ کے خطبہ کا بیان)

خطبہ دینے کا مسنون طریقہ

سوال[۳۷۶۱]: جمعہ کا خطبہ دینے کا مسنون طریقہ کیا ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کس طرح خطبہ دیتے تھے؟ قرآن کی تلاوت کی طرح یا بلند آواز تقریر جس طرح بعض لوگ خطبہ کو تقریر کی شکل میں پڑھتے ہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

بلند آواز سے وعظ وتذکیر کے طریقہ پر خطبہ دیتے تھے(۱)۔فقط۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

خطبۂ جمعہ ایک منبر پر بیٹھ کر، ایک کھڑے ہوکر دینا

سوال[۳۷۶۲]: جمعہ کا ایک خطبہ منبر پر بیٹھ کر اور ایک کھڑے ہوکر دینا کہاں تک درست ہے؟

---

(۱) "خطب صلى الله عليه وسلم على الأرض وعلى البعير وعلى الناقة، وكان إذا خطب احمرت عيناه، وعلا صوته، واشتد غضبه". (زاد المعاد لابن قيم الجوزية، فصل فى هديه صلى الله عليه وسلم فى خطبته ،ص: ۷۰، دارالفكر، بيروت)

"ومن المستحب أن يرفع الخطيب صوته". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲۵۹/۲، رشيديه)

"والظاهر أنه يشترط كونها جهراً بحيث يسمعها من كان عنده". (الحلبى الكبير، كتاب الصلوة، فصل فى صلاة الجمعة ، ص: ۵۵۵، سهيل اكيڈمى، لاهور)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلوة، الباب السادس عشر فى صلاة الجمعة : ۱۴۷/۱، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

بلاعذرایسا کرنا مکروہ ہے:"ثم قیامه بعد الأذان فی الخطبین، ولو قعد فیهما أوفی أحدهما، أجزأ، وکره من غیر عذر". مراقی الفلاح(۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

خطبۂ جمعہ منبر کے کس زینہ سے ہو؟

سوال[۳۷۶۳]: ۱..... خطبہ منبر کے تینوں زینوں میں سے کون سے زینے پر پڑھنا چاہیے، پہلے سے یا دوسرے سے یا تیسرے سے؟

۲.....اگر دوسرے یا تیسرے سے پڑھنا چاہیے تو کیوں، اگر نہیں تو کیوں؟

۳.....اگر کوئی پہلے سے پڑھتا ہے یا پڑھنے کو گناہ نہ سمجھے تو اس پر کیا جرم عائد ہوتا ہے؟ اور حضرت ابوبکر، عمر رضی اللہ عنہما نے مسجدِ نبوی کے منبر پر دوسرے یا تیسرے پر پڑھا تھا تو اس خاص منبر کے لئے تھا یا اَور کسی کے لئے بھی یہی حکم ہے؟ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر اعتراض، حضرات صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم وبلوائیوں کا تھا یا صرف بلوائیوں کا؟

۴.....علماء کا معمول کیا رہا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱-۴.....تیسرے زینے سے پڑھنا منقول ہے، پہلے اور دوسرے زینے سے پڑھنا بھی ممنوع نہیں،

---

(۱) (حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، کتاب الصلوة، أحکام الجمعة، ص: ۵۱۵، قدیمی)

"(ویسن خطبتان) ..... (بجلسة بینهم) ..... (وطهارة وستر) عورة (قائماً)". (الدر المختار، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۱۴۸/۲، ۱۵۰، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلوة، باب صلاة الجمعة: ۲۵۸/۲، رشیدیه)

"عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال: کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یخطب یوم الجمعة قائماً، ثم یجلس، ثم یقوم. قال: کما یفعلون الیوم". (الصحیح لمسلم، کتاب الجمعة، فصل: یخطب الخطبتین قائماً الخ: ۲۸۳/۱، قدیمی)

Made Searchable by ScribeTools.com

کذا فی فیض الباری(۱)۔ حضرت عثمان پر اعتراض عامۂ مخالفین کرتے تھے، جیسا کہ فتح الباری میں تفصیل مذکور ہے(۲)، ان کی ریشہ دوانیوں سے گاہ بہ گاہ مخلصین کو بھی شبہات پیدا ہوجاتے تھے مگر وہ دیرپا نہیں ہوتے تھے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۸/۱/۴ھ۔

ایضاً

سوال[۳۷۶۴]: جمعہ کے دن خطیب منبر کے کس درجہ میں کھڑا ہوکر خطبہ پڑھے یہ تو ظاہر ہے کہ منبر کے تین درجے اور سیڑھی ہوتی ہے لیکن (خطبۂ) اُولیٰ کس درجہ میں کھڑا ہوکر پڑھنا چاہیے، اگر کوئی پہلے درجہ میں کھڑا ہوکر خطبہ پڑھے تو کیا ہوگا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

خطبہ دوسرے درجہ پر بھی ادا ہوجائے گا، تیسرے درجہ پر کھڑا ہونا اعلیٰ بات ہے(۳)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۷/۲۵ھ۔

جمعہ کے دو خطبوں کے درمیان بیٹھنا

سوال[۳۷۶۵]: ہمارے امام صاحب درمیانِ خطبہ بیٹھتے نہیں بلکہ اس کی تفسیر یا ترجمہ بیان کرنے

---

(۱) لم أجده فی فیض الباری وقد ذکره البیهقی رحمه الله تعالیٰ فی دلائل النبوة: "عن أنس بن مالک رضی الله تعالیٰ عنه قال: کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یقوم مسنداً ظهره إلی جذع منصوب فی المسجد یوم الجمعة، فخطب، فجاء ه رومیٌّ، فقال: یارسول الله! ألا أضع لک شیئاً تقعد علیه کأنک قائم؟ فصنع له منبراً درجتین، ویقعد علی الثالثة". الحدیث. (باب ذکر المنبر الذی اتخذ لرسول الله صلی الله علیه وسلم وما ظهر عند وضعه وجلوس النبی صلی الله علیه وسلم من دلائل النبوة الخ: ۵۵۸/۲، دارالکتب العلمیة، بیروت)

(۲) لم أجده فی فتح الباری وانظر للتفصیل: (عادلانه دفاع، تالیف سید نور الحسن بخاری رحمه الله تعالیٰ، وإزالة الخفاء عن خلافة الخلفاء، ص: ۲۴۷، المقصد الثانی)

(۳) (راجع، رقم الحاشیة: ۱)

Made searchable using ScribeTools.com

لگ جاتے ہیں، پھر آخر میں وہ چند جملے پڑھ کر بیٹھ جاتے ہیں کیا یہ جائز ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مستقلاً خطبۂ جمعہ کا ترجمہ یا تفسیر حالتِ خطبہ میں بیان کرنا مکروہ ہے اور دو خطبوں کے درمیان نہ بیٹھنا خلافِ سنت ہے، کذا فی الشامی (۱) و آکام النفائس (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۴/ ۵/ ۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) "عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنهما أن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم کا ن یخطب یوم الجمعة، ثم یجلس، ثم یقوم فیخطب، قال: مثل ما یفعلون الیوم". (جامع الترمذی، أبواب الجمعة، باب ماجاء فی الجلوس بین الخطبتین: ۱/ ۱۱۳، سعید)

"(و یسن خطبتان) ..... و بجلسة بینهما". (الدرالمختار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/ ۱۴۸، سعید)

"وأما سننها فخمس عشر ..... و سابعها الجلوس بین الخطبتین". (البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/ ۲۵۹، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاوی العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب السادس عشر فی صلاة الجمعة: ۱/ ۱۴۷، رشیدیه)

(۲) "الخطبة بالفارسیة التی أحدثوها واعتقدوا حسنها، لیس الباعث إلیها إلا عدم فهم العجم اللغة العربیة، و هذا الباعث قد کان موجوداً فی عصر خیرالبریة، وإن کانت فی اشتباه فلا اشتباه فی عصر الصحابة والتابعین و من تبعهم من الأئمة المجتهدین، حیث فتحت الأمصار الشاسعة والدیار الواسعة وأسلم أکثر الحبش والروم والعجم وغیرهم من الأعاجم، و حضروا مجالس الجمع والأعیاد و غیرها من شعائر الإسلام، و قد کان أکثرهم لا یعرفون اللغة العربیة و مع ذلک لم یخطب أحدٌ منهم بغیر العربیة. ولما ثبت وجود الباعث فی تلک الأزمنة وفقدان المانع والتکاسل ونحوه معلوم بالقواعد المبرهنة، لم یبق إلا الکراهة التی هی أوفی درجات الضلالة". (مجموعة رسائل اللکنوی رحمه اللہ تعالیٰ، رسالة آکام النفائس: ۴/ ۴۷، إدارة القرآن، کراچی)

"لا شک فی أن الخطبة بغیر العربیة خلاف السنة المتوارثة من النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم و الصحابة رضی اللہ تعالیٰ عنهم، فیکون مکروهاً تحریماً". (عمدة الرعایة علی هامش شرح الوقایة، کتاب الصلاة، باب الجمعة، رقم الحاشیة: ۲، ۱/ ۲۰۰، سعید)

خطبہ اور نمازِ جمعہ میں فصل کی مقدار

سوال[۳۷۶۶]: ۱.....اختتامِ خطبۂ جمعہ اور افتتاحِ جماعت کے درمیان کسی مجبوری کے تحت یا بلا مجبوری پانچ دس منٹ ٹھہرنے کی اجازت ہے یا نہیں؟ نیز خطبۂ اولیٰ اور ثانیہ کے درمیان بزبانِ اردو اسی خطبہ کا ترجمہ یا اس سے متعلق کوئی تقریر وغیرہ کرنے کی اجازت ہے یا نہیں جب کہ مقتدی اس کو اچھا سمجھتے ہوں؟ نیز خطبۂ علمی وغیرہ ہر ماہ کا خطبہ الگ الگ بالترتیب لکھا ہے، کیا اس طرح ترتیب سے پڑھنا افضل و بہتر ہے، نیز الوداع کے جمعہ کو الوداع کے خطبہ کے علاوہ کوئی دوسرا خطبہ پڑھ لے تو کیا افضل کے خلاف ہوگا؟ اسی طرح رمضان میں رمضان کے خطبہ کے علاوہ دوسرا خطبہ پڑھنا۔

۲.....ایک ایسا گاؤں جس کی کل ہندو مسلم آبادی تقریباً ڈھائی سو ہے لیکن وہاں ضروریاتِ زندگی کے کل سامان مل جاتے ہیں تو کیا وہاں جمعہ جائز ہے یا نہیں؟ نیز ایک اَور گاؤں ہے جہاں کی کل ہندو مسلم آبادی تقریباً تین چار سو ہے اور ہفتہ میں دو دن بازار لگتا ہے جس میں تمام ضروری اشیاء مل جاتی ہیں، تو کیا وہاں جمعہ جائز ہے؟

۳.....دو ایسے گاؤں جن میں جمعہ شرعاً جائز ہے اگر دونوں گاؤں کی دوری تقریباً ایک میل ہے اور ان دونوں گاؤں کے بیچ میں ایک مدرسہ ہے جس میں صرف ایک سو طالب علم رہتے ہیں تو اس مدرسہ کا کیا حکم ہے؟ آیا وہاں جمعہ جائز ہے یا نہیں یا وہ مدرسہ بھی گاؤں ہی کا جز قرار دیا جائے گا؟

۴.....ایک ایسا گاؤں جہاں ضروری اشیاء ہر وقت مل جاتی ہیں اور آبادی بھی تقریباً ایک ہزار ہے لیکن مسلمانوں کی کل تعداد اس گاؤں میں صرف پچاس ساٹھ ہے، تو کیا وہاں جمعہ جائز ہے؟

۵.....ہمارے یہاں ایک عارضی طور پر میلہ لگتا ہے صرف سال بھر میں ایک ماہ کے لئے، تو کیا اس میلہ میں کچھ لوگ اکٹھے ہو کر جمعہ ادا کر سکتے ہیں یا نہیں؟ نیز جوازِ جمعہ کے لئے تقریباً کتنے آدمی ہونے چاہیں یعنی جماعت کے لئے؟ نیز دس آدمی سفر کرتے ایسے گاؤں میں پہونچے جہاں کے لوگوں پر جمعہ جائز نہیں ہے اور ان کو جائز ہے تو کیا یہ لوگ اس گاؤں میں جمعہ ادا کر سکتے ہیں یا نہیں؟ نیز بزبانِ اردو خطبہ کسی مجبوری کے تحت جائز ہے یا نہیں جب کہ وہاں عربی پڑھنے والا کوئی نہیں ہے، اور ان لوگوں پر جمعہ واجب ہے تو کیا کرنا چاہئے؟ نیز دس آدمی گاؤں سے ایک ڈیڑھ میل کے فاصلہ پر کام کر رہے ہیں تو کیا وہاں یہ لوگ جمعہ ادا کر سکتے ہیں یا نہیں؟ نیز

Made searchable using ScribeTools.com

خطبہ کی کم سے کم مقدار کیا ہے نزدیکِ حنفیہ وحنابلہ وشوافع ومالکیہ؟ فقط۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱ ..... "ویؤذن بین یدیه إذا جلس علی المنبر، فإذا أتم أقیمت، ویکره الفصل بأمر الدنیا، ذکره العینی، اهـ". در مختار(۱)۔ "(قوله: فإذا أتم) أی الإمام الخطبة (قوله: أقیمت) بحیث یتصل أول الإقامة بآخر الخطبة، وتنتهی الإقامة بقیام الخطیب مقام الصلوة، اهـ". شامی(۲)۔ "(قوله: بأمر الدنیا) أما بنهی عن منکر أو أمر بمعروف فلا، وکذا بوضوء أو غسل لو ظهر أنه محدث أو جنب کما مر بخلاف أکل و شرب حتی لوطال الفصل استأنف الخطبة کما مر فافهم، اهـ". شامی(۳)۔

"ولو فصل بأجنبی، فإن طال بأن رجع بیته فتغدی أو جامع واغتسل، استقبل، خلاصة: أی لزوماً لبطلان الخطبة". درمختار (٤)۔

---

(۱) (الدر المختار مع رد المحتار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱٦۱، سعید)

"(وإذا تمت (الخطبة (أقیمت): أی أوقعت الإقامة بحیث یتصل أول الإقامة بآخر الخطبة و ینتهی الإقامة بقیام الخطیب مقام الصلوة". (جامع الرموز للقهستانی، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۱/۲۷۵، مکتبه کریمیه)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۲۷۴، رشیدیه)

(۲) (ردالمحتار: ۲/۱٦۱)

(۳) (رد المحتار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱٦۲، سعید)

" فلو خطب قاعداً أو محدثاً أولم یفصل بینهما، جاز ویکره، و یستحب إعادتها إذا کان جنباً ..... وأقیم: أی وأتی بإقامة الجمعة (بعد تمام الخطبة)، والفصل بینهما بأمر الدنیامکروهٌ". (شرح العینی علی الکنز المسمی برمز الحقائق، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱/۵۸، ۵۹، إدارة القرآن کراچی)

(۴) (الدر المختار مع ردالمحتار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۵۱، سعید)

"ولو خطب ثم رجع إلی بیته فتغدی أو جامع فاغتسل ثم جاء، استقبل الخطبة". (خلاصة الفتاویٰ، کتاب الصلاة، الفصل الثالث والعشرون فی الجمعة: ۱/۲۰۵، رشیدیه)

"و لا يُعدّ الغسل فاصلاً؛ لأنه من أعمال الصلوة، ولكن الأولى إعادتها كما تطوع بعدها أو أفسد الجمعة أو فسدت يتذكر فائتة فيها، كما فى البحر. (قوله: فإن طال) الظاهر أنه يرجع فى الطول إلى نظر المبتلى، اهـ". شامى: ۱/۵۵۲(۱)۔

عبارتِ منقولہ سے معلوم ہوا کہ آخرِ خطبہ کے ساتھ ہی اقامت شروع کردی جائے اور امام منبر سے اتر کر جب مصلی پر پہونچے تو اقامت ختم ہوجائے، دنیاوی کام کی وجہ سے خطبہ اور اقامت میں فصل نہ ہو، نماز ہی سے متعلق کسی شی کا فصل ہوجائے تو مضائقہ نہیں، فصل طویل ہوجائے تو خطبہ کا اعادہ کیا جائے، مقدارِ طول رائے مبتلی بہ پر موقوف ہے جب کہ وہ صاحب الرائے ہو۔ خطبۂ جمعہ خالص عربی میں ہونا چاہئے، درمیان میں کوئی تقریر یا ترجمہ غیر عربی میں نہ کریں (۲)۔ خطبۂ علمی کی پابندی ضروری نہیں، کسی مہینہ اور کسی عشرہ کے لئے کوئی خطبہ متعین طور پر لازم نہیں کہ بغیر اس کے جمعہ کی شرط ہی ادا نہ ہونے کا حکم کردیا جائے (۳)۔

---

(۱) (ردالمحتار، باب الجمعة: ۲/۱۵۱)

(۲)" الكراهة إنما هى لمخالفة السنة؛ لأن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وأصحابه قدخطبوا دائماً بالعربية". (مجموعه رسائل اللكنوى، آكام النفائس : ۴/۴۴، إدارة القران كراچى)

"لا شك فى أن الخطبة بغير العربية خلاف السنة المتوارثة من النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و الصحابة رضى الله تعالىٰ عنه، فيكون مكروهاً تحريماً". (عمدة الرعاية على هامش شرح الوقاية، كتاب الصلاة، باب الجمعة ، (رقم الحاشية :۲): ۱/۲۰۰، سعيد)

(وكذا فى المصفىٰ شرح مؤطا ، باب التشديد على من ترك الجمعة من غيرعذر، ص: ۱۵۴، كتب خانه رحيميه سنهرى مسجد دهلى)

(۳) خطبہ کا حمد وثناء، قراۃ ودعاء وصلوۃ علی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور وعظ ونصیحت پر مشتمل ہونا مستحب ہے، کوئی متعین خطبہ ضروری نہیں۔

"روى عن أبى حنيفة رحمه الله تعالىٰ أنه قال: ينبغى أنه يخطب خطبةً خفيفةً: أن يفتتح بحمد الله تعالىٰ، و يثنى عليه، و يتشهد، و يصلى على النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، ويعظ، ويذكر، ويقرأ سورةً ..... و يدعو للمؤمنين والمؤمنات الخ. (البحر الرائق، كتاب الصلاة ،باب الجمعة : ۲/۲۸۵، رشيديه)

(وكذا فى بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، وأما سنن الخطبة : ۱/۵۹۱، رشيديه)

"چہ ں خطبِ آں حضرت صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و خلفاء و هلم جرًا ملاحظه =

Made Se[illegible]ools.com Made searchable using ScribeTools.com

۲.....آج کل عرفِ عام میں بڑی بستی - جہاں جمعہ جائز ہے- وہ ہے جس میں گلی کوچے ہوں، محلے ہوں، مستقل بازار ہو، ڈاکخانہ ہو، ضروری پیشہ ور رہتے ہوں، حکیم یا ڈاکٹر ہو، کچہری یا گرام سماج ہو، روزمرہ کی ضروریات ہمیشہ ملتی ہوں۔ دو ڈھائی سو[۲۵۰] کی آبادی میں یا تین چار سو کی آبادی میں عامۃً یہ سب مجموعی چیزیں نہیں ہوتیں بلکہ دو ڈھائی ہزار کی بستی میں بھی مشکل سے ہوتی ہیں (۱)۔

۳.....وہاں جمعہ جائز نہیں، وہ کسی گاؤں کا جز قرار نہیں دیا جائیگا (۲) لا إلی هؤلاء ، و لا إلی هؤلاء۔

۴..... مذکورہ بالا جوابات سے اس کا جواب ظاہر ہے۔

۵.....اگر وہ بڑی بستی نہیں (جس کی تشریح نمبر:۲ میں آچکی ہے) تو محض میلے کی وجہ سے وہاں جمعہ درست نہیں۔ امام کے علاوہ تین نمازی ہوں تب بھی شرط جماعت متحقق ہوجائے گی (۳)۔ وہ لوگ مسافر ہیں

= کردیم..... تنقیح آں وجود چندچیز است....."و عربی بودنِ خطبه ..... و عربی بودن نیز بجهتِ عملِ مستمرهٔ مسلمین در مشارق و مغارب باوجود آنکه در بسیارے از اقالیم مخاطبان عجمی بودند". (مصفی شرح مؤطا ، باب التشدید علی من ترک الجمعة بغیر عذر، ص:۱۵۴ ، کتب خانه رحیمیه سنهری مسجد دهلی)

(۱)" عن علی رضی الله تعالیٰ عنه قال: لا جمعة و لاتشریق إلا فی مصر جامع". (مصنف عبد الرزاق، کتاب الجمعة ، باب القری الصغار ، (رقم الحدیث: ۵۱۷۵): ۱۶۷/۳ ، مکتبه الاسلامی)

"و یشترط لصحتها سبعة أشیاء :الأول: المصر الخ". (الدرالمختار)."عن أبی حنیفة أنه بلدة کبیر ة، فیها سکک وأسواق، و لها رساتیق، و فیها والٍ یقدرعلی إنصاف المظلوم من الظالم بحشمته وعلمه أوعلم غیره، یرجع الناس إلیه فیمایقع من الحوادث ..... لا تجوز فی الصغیرة التی لیس فیها قاض و منبر و خطیب الخ". (ردالمحتار، کتاب الصلاة ، باب الجمعة : ۱۳۷/۲ ، ۱۳۸ ، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق ، کتاب الصلاة ، باب الجمعة : ۲۴۵/۲ ، رشیدیه)

(وکذا فی الخلاصة الفتاوی: کتاب الصلاة ، الفصل الثالث والعشرون فی الجمعة : ۲۰۷/۱ ، رشیدیه)

(۲) (راجع الحاشیة المتقدمة)

(۳) "عن طارق بن شهاب رضی الله تعالیٰ عنه عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "الجمعة حق واجب علی کل مسلم فی جماعة". الحدیث. (سنن أبی داؤد، کتاب الصلاة، باب الجمعة للمملوک والمرأة : ۱۵۳/۱ ، مکتبه دار الحدیث، ملتان) ..... =

ان پر جمعہ نہیں اور جس بستی میں پہونچے جہاں شرائط موجود نہیں، اس لئے ان کو وہاں جمعہ کی اجازت نہیں (۱)۔

اردو میں خطبہ جمعہ کی اجازت نہیں (۲)۔

خطبہ میں "سبحان اللّٰہ ، الحمد للّٰہ ، لا إله إلا اللّٰہ واللّٰہ أکبر" ، التحیات، درود شریف اور اس کے بعد کی دعاء اور ﴿قل هو اللّٰہ﴾ ہر مسلمان کو یاد ہوتی ہیں، ان کو پڑھنے سے بھی خطبہ ادا ہو جائے گا (۳)۔ جو لوگ

= "والسادس: (الجماعة) وأقلها ثلاثة رجال ..... (سوى الإمام)". (الدر المختار، كتاب الصلاة، باب الجمعة : ۲/ ۱۵۱ ، سعيد)

"والجماعة وهم ثلاثة سوى الإمام". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة : ۲/ ۲۶۱ ، رشيديه)

(وكذا في الهداية، كتاب الصلاة ، باب الجمعة : ۱/ ۱۶۹ ، مكتبه شركة علميه ملتان)

(۱) "عن علي رضي اللّٰہ تعالىٰ عنه قال : ليس على المسافر جمعة". (مصنف ابن أبي شيبة ، كتاب الصلاة، باب من قال: ليس على المسافر جمعة ، (رقم الحديث :۵۰۹۵): ۱/ ۴۴۲، دار الفكر، بيروت)

"قال محمد: أخبرنا أبو حنيفة قال: حدثنا غيلان وأيوب بن عائذ الطائي عن محمد بن كعب القرظي رضي اللّٰہ تعالىٰ عنه عن النبي صلى اللّٰہ تعالىٰ عليه وسلم قال: "أربعة لا جمعة عليهم المرأة والمملوك والمسافر والمريض". قال أبو حنيفة: فإن فعلوا أجزأهم، قال محمد: و به نأخذ". (كتاب الآثار ، كتاب الصلاة ، باب صلوة يوم الجمعة الخ : ۴۰، إدارة القرآن كراچی)

"(و شرط لافتراضها) ..... إقامة بمصر)". (الدر المختار). وفي رد المحتار: "(قوله : إقامة) خرج به المسافر". (كتاب الصلاة، باب الجمعة : ۲/ ۱۵۳ ، سعيد)

"و شرط وجوبها الإقامة ..... فلا تجب على المسافر". (البحر الرائق ،كتاب الصلاة ، باب الجمعة : ۲/ ۲۶۴ ،رشيديه)

(۲) (راجع ،ص: ۲۰۴ ، رقم الحاشية: ۲)

(۳) "ولو خطب بتسبيحة فقال: سبحان اللّٰہ، أو لا إله إلا اللّٰہ، أو الحمد للّٰہ، ولم يزد على هذا، جاز عند أبي حنيفة، و عندهما لا يجزيه حتى يكون كلاماً يسمى خطبةً". (خلاصة الفتاوىٰ، كتاب الصلاة، الفصل الثالث والعشرون في صلاة الجمعة : ۱/ ۲۰۵ ، رشيديه)

"والرابع: والخطبة فيه ..... (وكفت تحميدة أو تهليلة أو تسبيحة) للخطبة المفروضة مع الكراهة، و قالا: لا بد من ذكر طويل، وأقله قدر التشهد الواجب". (الدر المختار، كتاب الصلاة ، باب الجمعة : ۲/ ۱۴۸ ، سعيد) .....=

Made searchable using ScribeTools.com

آبادی سے باہر اور مقام پر ہوں کہ وہ فنائے مصر نہ ہو تو ان کو وہاں جمعہ پڑھنا درست نہیں (۱)۔ مقدار تشہد پڑھنے سے حنفیہ کے نزدیک خطبہ ادا ہو جائیگا، کذا فی ردالمحتار (۲)۔ دیگر ائمۂ کرام کے مذہب کی تحقیق خود ان کے متبعین سے کیجائے، جو قول ان کے نزدیک راجح ہو وہ متعین فرمادیں گے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۶/ ۷/ ۸۹ھ۔

خطبہ کے بعد مصلی پر بیٹھنا

سوال [۳۷۶۷]: امام کو خطبہ سے فارغ ہو کر جائے نماز پر قدر قلیل بیٹھ جاتا ہے واسطے انتظار قولِ مؤذن ''قد قامت الصلوۃ'' کے، شرعاً درست ہے یا نہیں یا بدعت ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

بدعت ہے، لأنه لم يثبت ممن يقتدى به (۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۹/ جمادی الأولی/ ۶۷ھ۔

= (وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/ ۲۶۱، رشيديه)

(۱) (راجع، ص: ۲۰۵، رقم الحاشية: ۱)

(۲) (راجع، ص: ۲۰۶، الحاشية: ۳)

(۳) "عن عائشة رضى الله تعالىٰ عنها قالت: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من أحدث فى أمرنا هذا ماليس منه، فهو ردٌّ". متفق عليه". (مشكوة المصابيح، كتاب الإيمان، باب الاعتصام بالكتاب والسنة، الفصل الأول، ص: ۲۷، قديمى)

قال الملا على القارى: "من أحدث": أى جدد وابتدع، وأظهر واخترع "فى أمرنا هذا": أى فى دين الإسلام ..... "فهو ردٌّ": أى مردودٌ عليه ..... قال القاضى: المضى: من أحدث فى الإسلام رأياً لم يكن له من الكتاب والسنة سندٌ ظاهر أو خفيٌّ، ملفوظٌ أو مستنبطٌ، فهو مردودٌ عليه، قيل: فى وصف الأمر "بهذا" إشارة أن أمر الإسلام كمل وانتهى، وشاع وظهر ظهور المحسوس بحيث لايخفى على كل ذى بصر وبصيرة، فمن حاول زيادة، فقد حاول أمراً غير مرضيٍّ؛ لأنه من قصور فهمه رآه ناقصاً..... فذلك الشخص ناقصٌ مردودٌ عن جنابنا، مطرودٌ عن بابنا، فإن الدين اتباع آثار =

خطبہ کے بعد امام کا منبر سے اتر کر مصلے پر بیٹھنا

سوال[۳۷۶۸]: جمعہ کے دن دونوں خطبوں کے بعد امام کا ممبر سے اتر کر مصلے پر قبلہ رو بیٹھنا پھر اقامت کے "حی علی الصلوۃ" پر امام اور مقتدیوں کا کھڑا ہونا سنت کے موافق ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ طریقہ سنت سے ثابت نہیں، بلکہ فقہاء نے لکھا ہے کہ جب خطبہ ختم ہو فوراً تکبیر شروع کر دی جائے یعنی خطبہ کے ختم کے ساتھ تکبیر کا شروع متصل ہو جائے اور جب امام منبر سے مصلے پر پہنچے تو تکبیر ختم ہو جائے:

"ویوذن ثانیاً بین یدیه، فإذا أتم أقیمت". درمختار۔ "(قوله: فإذاأتم): أی الإمام الخطبة (قوله:أقیمت) بحیث یتصل أول الإقامة بآخر الخطبة و تنتهی الإقامة بقیام الخطیب مقام الصلوة". ۱/۵۵۲(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

خطبۂ جمعہ کا حکم

سوال[۳۷۶۹]: جمعہ کے دونوں خطبے افضل ہیں یا واجب یا سنت اور ایک کو یاد سے یا دونوں کو یاد سے پڑھنا، یا دوسرے خطبہ کو کتاب دیکھ کر پڑھنا، یا دونوں کو کتاب دیکھ کر پڑھنا سنت ہے یا واجب ہے؟

= الآیات والأخبار واستنباط الأحکام منها". (مرقاة المفاتیح، باب الاعتصام بالکتاب والسنة، الفصل الأول: ۱/۳۶۵، ۳۶۶، (رقم الحدیث: ۱۴۰)، رشیدیه)

"(البدعة) ماأحدث علی خلاف الحق الملتقی عن رسول الله صلی الله علیه وسلم من قولٍ أو فعلٍ أو حال بنوع شبهة واستحسان، و جعل دیناً قویماً و صراطاً مستقیماً". (رد المحتار، باب الإمامة: ۱/۵۶۰، سعید)

(۱) (الدرالمختار مع ردالمحتار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۶۱، سعید)

"وإذا تمت الخطبة، أقیمت: أی أوقعت الإقامة بحیث یتصل أول الإقامة بآخر الخطبة وینتهی الإقامة بقیام الخطیب مقام الصلاة". (جامع الرموز، للقهستانی، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱/۲۷۵، مکتبه کریمیه)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۲۷۴، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

نفسِ خطبہ صحتِ جمعہ کے لئے شرط ہے اور دو خطبے سنت ہیں اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دونوں حفظ ہی ثابت ہیں اگر کسی کو حفظ نہ ہوں تو کتاب میں دیکھ کر پڑھے:

"والرابع: الخطبة، وكفت تحميده أو تهليله أو تسبيحة بنيتها، ويسن خطبتان بجلسة بينهما، اهـ". درمختار۔ "إلاأن المسنون هو تكرارها مرتين والشرط إحداهما". ردالمحتار: ۱/۸٤۷(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

خطبۂ جمعہ وعیدین کا حکم

سوال[۳۷۷۰]: عیدین اور جمعہ کا خطبہ فرض ہے یا واجب ہے یا سنت یا مستحب اور اس کا سننا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جمعہ کا خطبہ شرط (فرض) ہے اور عیدین کا سنت ہے، حاضرین کے لئے ہر دو کا سننا واجب ہے:

"وشرط صحتها (أى الجمعة) الخطبة". بحر: ۲/۱٤٦(۲)۔ "جميع شرائط الجمعة

---

(۱) (الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۴۸، سعيد)

"عن جابر بن سمرة رضى الله تعالىٰ عنه قال: كانت للنبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم خطبتان يجلس بينهما يقرأ و يذكر الناس". (الصحيح لمسلم، كتاب الجمعة، فصل يخطب الخطبتين الخ: ۱/۲۸۳، قديمى)

"وأما الخطبة فالكلام فى الخطبة فى مواضع: فى بيان كونها شرطاً لجواز الجمعة ..... أماالأول: فالدليل على كونها شرطاً قوله تعالىٰ: ﴿فاسعوا إلى ذكرالله﴾ ..... وأما سنن الخطبة فمنها: أن يخطب خطبتين الخ". (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، خطبة الجمعة: ۱/۵۸۹، ۵۹۱، رشيديه)

(وكذا فى البحرالرائق، كتاب الصلاة باب الجمعة: ۲/۲۵۸، رشيديه)

(۲) (البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۲۵۶، رشيديه)

"وشترط لصحتها(أى الجمعة) سبعة أشياء ..... (و) الرابع: (الخطبة فيه)". (كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۱۴۷، سعيد) ..... =

Made Searchable by ScribeTools.com

وجوباً وصحةً شرائط للعيد إلا الخطبة، فإنها ليست بشرط حتى لولم يخطب أصلاً صح".
بحر: ۱/۱۵۸(۱)۔ "الاستماع إلى سائر الخطبة واجب". بحر : ۲/۱۵۶(۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

خطبہ کا سننا جمعہ کے لئے شرط نہیں

سوال[۳۷۷۱] : اگر کوئی شخص جمعہ کے اندر خطبہ نہ سننے پائے اور جب جمعہ کی نماز کے لئے جماعت کھڑی ہوجائے تب آ کر شریک ہو تو کیا اس کی جمعہ کی نماز ادا ہوجائے گی یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلياً:

اس کی نماز جمعہ ادا ہوجائے گی، کیوں کہ خطبہ کا سننا ہر شخص کے لئے شرط نہیں: "الرابع : الخطبة، والخامس: كونها قبلها بحضرة جماعة تنعقد بهم و لو كانوا صمّاً أو نياماً، اهـ". درمختار(۳)۔
حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

= (وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب السادس عشر في صلاة الجمعة : ۱/۱۴۶، رشيديه)

(۱) (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۲/۲۷۷، رشيديه)

"قوله: فإنها سنة بعدها ..... حتى لولم يخطب أصلاً، صح، وأساء لترك السنة".
(ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۲/۱۶۶، سعيد)

(۲) "لم أجده في البحر وقد قال العلامة الحصكفي : "وكذا يجب الاستماع لسائر الخطب كخطبة نكاح وخطبة عيد وختم على المعتمد". (الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب الجمعة : ۲/۱۵۹، سعيد)

(۳) (الدر المختار، كتاب الصلاة ، باب الجمعة : ۲/۱۴۷، سعيد)

"أن المقتدى بالإمام تصح جمعته وإن لم يدرك الخطبة، الخ". (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، بيان محظورات الخطبة : ۱/۵۹۶، رشيديه)

"و لو خطب والقوم نيام أو صمّ، جازت". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة ، الباب السادس عشر في الجمعة : ۱/۱۴۶، رشيديه)

"ألا ترى إلى صحتها من المقتدين الذين لم يشهدوا الخطبة". (البحر الرائق، كتاب الصلاة ، باب الجمعة : ۲/۲۵۷، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

ایضاً

سوال[۳۷۷۲]: جمعہ اور عید کا خطبہ پڑھنے کے وقت اس کا سننا غیر ضروری سمجھ کر نہ سننا اور چلا جانا درست ہے یا نہیں؟ فقط۔

العبد: محمد عثمان چاٹگامی، مقیم حجرہ نمبر: ۱۳۷، ۲۵/ رجب/ ۵۶ھ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

سننا واجب ہے اور اس کو غیر واجب سمجھنا اور چلا جانا درست نہیں:

"و كل ما حرم فى الصلوة، حرم فيها: أى الخطبة، فيحرم أكل و شرب و كلام، بل يجب عليه أن يستمع و يسكت، و كذا يجب الاستماع لسائر الخطب كخطبة النكاح و خطبة عيد و ختم على المعتمد، اهـ". درمختار: ۱/ ۸۵۸(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۶/ ۷/ ۵۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۶/ رجب/ ۵۶ھ۔

خطبۂ اُولیٰ وثانیہ میں کس قدر طول ہو؟

سوال[۳۷۷۳]: ۱..... جمعہ کے دن خطبۂ اُولیٰ جمعہ کا پڑھا گیا، مگر ثانی خطبہ عیدین کا پڑھا، اس طرح خطبہ پڑھنے کے بعد نماز جمعہ ادا کی گئی تو کیا نماز جمعہ ادا ہوگئی یا نہیں؟

۲..... جمعہ کے خطبہ میں اُولیٰ بہت مختصر یعنی بقدرِ تین آیتوں کے اور خطبۂ ثانیہ بھی اسی مقدار کے

---

(۱) (الدر المختار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/ ۱۵۹، سعيد)

"إن أبا هريرة رضى الله تعالىٰ عنه أخبره أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "إذا قلت لصاحبك يوم الجمعة: أنصت والإمام يخطب، فقد لغوت". (صحيح البخارى، كتاب الجمعة، باب الإنصات يوم الجمعة والإمام يخطب: ۱/ ۱۲۷، قديمى)

"وأما المستمع، فيستقبل الإمام إذا بدأ بالخطبة، وينصت، ولا تكلم، و لا يرد السلام الخ".

(البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/ ۲۵۹، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب السادس عشر فى الجمعة: ۱/ ۱۴۷، رشيديه)

پڑھا گیا، مگر نمازِ جمعہ میں بہت بڑی بڑی سورتیں پڑھی گئیں، ایسی حالت میں نمازِ جمعہ میں کوئی خلل ہوگا یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱..... جمعہ سے پہلے دوسرا خطبہ عید کا خطبہ پڑھا گیا تو اس سے بھی جمعہ کی نماز درست ہوگئی، فکر مت کریں (۱)۔

۲..... جمعہ کا خطبۂ اُولیٰ تین آیات کے مقدار اور خطبۂ ثانیہ بھی اتنا ہی اور قرأت طوالِ مفصل کی ہو تو ایسی حالت میں خطبہ بھی درست ہے اور نماز جمعہ بھی درست ہے (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

خطبۂ جمعہ دیکھ کر پڑھنا

سوال[۳۷۷۴]: ما تقولون فی حق الإمام الذی یقرأ الخطبة المکتوبة بالنظر فی الکتاب کما راج فی ملك البنجال والهند، و لکنه لا یفهم معانیها و لا یقدر علی تصحیح الإعراب والألفاظ إن وقع الغلط فیها هل تجوز له قرأة الخطبة والإمامة للجمعة أم لا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

قرأة الخطبة بالنظر فی الکتاب جائزة لا قدح فیها، ولکن تصحیح الإعراب والاجتناب عن الغلط لازمٌ، مع هذا إن غلط فی بعض أعاریب الخطبة و أدی الصلوة بالشروط المعتبرة

---

(۱) "فمنها: أن یخطب خطبتین علی ماروی عن الحسن بن زیاد عن أبی حنیفة أنه قال: ینبغی أن یخطب خطبةً خفیفةً، یفتح فیها بحمد الله تعالیٰ، ویثنی علیه، ویتشهد، ویصلی علی النبی صلی الله علیه وسلم، ویعظ، ویذکر، ویقرأ سورةً، ثم یجلس جلسةً خفیفةً، ثم یقوم فیخطب خطبةً أخری یحمد الله تعالیٰ، ویثنی علیه، ویصلی علی النبی صلی الله علیه وسلم، ویدعو للمؤمنین والمؤمنات، ویکون قدر الخطبة قدر سورة من طوّال المفصل". (بدائع الصنائع، کتاب الصلاة، سنن الجمعة: ۱/۵۹۱، رشیدیه)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب صلاة الجمعة: ۲/۲۵۸، رشیدیه)

(وکذا فی الدر المختار، کتاب الصلاة، باب صلاة الجمعة: ۲/۱۴۸، سعید)

(۲) (راجع رقم الحاشیة المتقدمة آنفاً)

Made searchable using ScribeTools.com

والفرائض المقررة، صحت صلوته وإن كانت الخطبة مكروهةً(۱)، فمن كان قادراً على قرأة خطبة صحيحة وأداء صلوة كاملة، وكان تبعاًللسنة، فهو اللائق بالإمامة؛ لأنه ضامنٌ لصلوة المقتدين (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

خطبۂ جمعہ میں خلفائے راشدین کا تذکرہ

سوال[۳۷۷۵]: خلفائے راشدین کے ناموں کا تذکرہ کرنا جمعہ کے خطبہ میں کیسا ہے؟

---

(۱) "لما رأيت أكثر الخطباء يوم الجمعة و غيرها جاهلين غير قادرين على جمع كلمات عربية، و من ثم ترى بعضهم يخطبون باللسان الفارسية و الهندية، و بعضهم يخلطون اللسان العربية باللسان العجمية غافلين عن أنه خلاف السنة". (مجموعة رسائل اللكنوى ، مجموعة الخطب اللكنوية : ۳/۲، إدارة القرآن كراچی)

"و لما كانت أكثر شريعتنا بالعربية، يلزم على الناس أن يتعلموا اللسان العربى بقدر ما يرتفع به الحاجة، فإن ما لا يتم الواجب إلا به واجبٌ، و من هنا صرّحوا أن تعلم الصرف والنحو و غيرهما من مَبادى العلوم بقدر ما يحتاج إليه فى فهم الشريعة واجبٌ". (مجموعة رسائل اللكنوى رحمه الله تعالىٰ، رسالة آكام النفائس : ۴۷/۴، إدارة القرآن، كراچی)

(۲) "عن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه ، قال: رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : "الإمام ضامن، والمؤذن مؤتمن، أللهم! أرشِدِ الأئمةَ، واغفر للمؤذنين". (مسند أحمد، (رقم الحديث : ۷۱۲۹): ۴۶۲/۲، دارإحياء التراث العربى، بيروت)

"عن أوس بن ضمعج، قال: سمعت أبا مسعود الأنصارى رضى الله تعالىٰ عنه يقول: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "يؤم القوم أقرأهم لكتاب الله، فإن كانوا فى القراء ة سواء فأعلمهم بالسنة، فإن كانوا فى السنة سواء فأقدمهم هجرةً، فإن كانوا فى الهجرة سواء فأكثرهم سناً". الحديث. (جامع الترمذى ، أبواب الصلوة، باب ما جاء من أحق بالإمامة : ۵۵/۱، سعيد)

"(والأحق بالإمامة) ..... (الأعلم بأحكام الصلوٰة). فقط صحةً و فساداً بشرط اجتنابه للفواحش الظاهرة و حفظه قدر فرض ..... (ثم الأحسن تلاوةً) و تجويداً (للقراء ة)". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الإمامة: ۵۵۷/۱، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الإمامة : ۶۰۷/۱، رشيديه)

الجواب حامداً ومصلیاً:

خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے نام خطبۂ جمعہ میں لینا اوران کے مناقب وفضائل بیان کرنا شرعاً نہایت پسندیدہ ہے، شرح مؤطا امام مالک میں اس کی تاکید ہے، اس کو بند نہ کیا جائے (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۵/۱۱/۹۱ھ۔

الجواب صحیح: العبد محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۵/۱۱/۹۱ھ۔

خطبہ میں نواب کا نام لینا

سوال[۳۷۷۶]: ہمارے یہاں خطبہ میں ہمارے یہاں کے نواب کا نام لیا جاتا ہے، کیا عیدالفطر کے خطبہ میں نواب کا نام لیا جاسکتا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

خلیفۂ اعظم امیرالمومنین کا نام لیا جائے تو گنجائش ہے (۲)، کیا نواب صاحب کا حال بھی یہی ہے کہ وہ تمام مسلمانوں کے امیر اور حاکم ہیں۔ فقط۔

خطبۂ جمعہ کے ختم ہونے سے پہلے کھڑا ہونا

سوال[۳۷۷۷]: خطبۂ جمعہ جب خطبۂ ثانیہ کے آخری جملے پر پہونچتے ہیں تو سامعین کھڑے ہونے

---

(۱) لم أجده فی شرح مؤطا الإمام مالک ولکن فی الدر المختار، "ویندب ذکر الخلفاء الراشدین والعمَّین الخ". (کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الجنازۃ: ۲/۱۴۹، سعید)

"وذِکرُ الخلفاء الراشدین مستحسنٌ، بذلک جری التوارث، ویذکر العمَّین". (کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الجمعۃ: ۲/۲۵۹، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلاۃ، الباب السادس عشر فی صلاۃ الجمعۃ: ۱/۱۴۷، رشیدیه)

(۲) "ثم یدعوا لسلطان الزمان بالعدل والإحسان مجتنباً فی مدحه". (جامع الرموز، کتاب الصلوۃ، فصل فی صلوۃ الجعۃ، ص: ۲۷۵، سعید)

(وکذا فی الدرالمختار، کتاب الصلوۃ، باب الجمعۃ: ۲/۱۴۹، سعید)

Made Se[illegible]ools.com
Made searchable using ScribeTools.com

لگتے ہیں، ایک مولوی صاحب نے کہا کہ اس طرح لوگوں کا کھڑا ہونا مکروہ تحریمی ہے، خطیب کے منبر سے اتر جانے کے بعد لوگوں کو کھڑا ہونا چاہیے۔ شرعی فیصلہ مع حوالہ مطلع فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

"وكل ما حرم في الصلوة، حرم فيها: أي في الخطبة، خلاصة وغيرها. فيحرم أكل وشرب وكلام ولو تسبيحاً أوردسلام أو أمر بمعروف، الخ". درمختار: ۱/۵۵۱(۱) اس سے معلوم ہوا کہ خطبہ کے ختم ہونے سے پہلے کھڑا نہیں ہونا چاہیے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

ایک شخص نمازِ جمعہ پڑھائے، دوسرا خطبہ پڑھے

سوال[۳۷۷۸]: جمعہ کا خطبہ کسی دوسرے شخص نے پڑھا، امام آخری خطبہ میں پہونچا اور امام نے ہی نماز پڑھائی تو نماز ہوئی یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

نماز ہوجائے گی، اعلیٰ بات یہ ہے کہ جو شخص خطبہ پڑھے، وہی نماز پڑھائے (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) (الدر المختار، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۱۵۹، سعيد)

"ويحرم في الخطبة مايحرم في الصلاة، حتى لا ينبغي أن يأكل أو يشرب والإمام في الخطبة، هكذا في الخلاصة". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلوة، الباب السادس عشر في صلاة الجمعة: ۱/۱۴۸، رشيديه)

(وكذا في حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح، كتاب الصلوة، أحكام الجمعة، ص: ۵۲۰، قديمي)

(۲) "وقد صرح في الخلاف بأنه لوخطب صبيٌّ بإذن السلطان، وصلى الجمعة رجلٌ بالغٌ، يجوز". (البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۲۵۸، رشيديه)

"صبي خطب بإذن السلطان، وصلى الجمعة رجلٌ بالغٌ، يجوز". (خلاصة الفتاوىٰ، كتاب =

مراہق خطبہ پڑھے اور بالغ جمعہ پڑھائے

سوال[۳۷۷۹]: ایک لڑکا بالغ یا مراہق جمعہ کا خطبہ پڑھے اور بڑی عمر کا آدمی جو اس وقت پہلے بھی موجود ہو نماز پڑھادے جائز ہے یا نہیں؟ بحوالۂ کتب جواب تحریر فرماویں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

افضل اور اَشہر یہ ہے کہ امام اور خطیب ایک ہی ہونا چاہئے، تاہم اگر مراہق ذی شعور خطبہ پڑھے اور بالغ آدمی نماز پڑھائے تب بھی درست ہے: "لا ینبغی أن یصلی غیر الخطیب، فإن فعل بأن خطب صبیٌّ بإذن السلطان وصلی بالغ، جاز، هو المختار". رد المحتار (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

خطبۂ جمعہ بزبانِ عربی (مفصل)

سوال[۳۷۸۰]: محترم مولانا صاحب مدظلہ العالی! سلام مسنون

مسلمانوں کی جہالت اور ان کی دین سے غفلت امر مسلّمہ ہے، اس پر مزید طرہ یہ ہوا ہے کہ جو ذرائع اسلام نے تعلیم وتذکیر کے مقرر کئے ہیں ان کو مادری زبان سے بعید تر کر کے غیر معلوم زبان کے ذریعے ادلہ بنادیا گیا ہے، آپ حضرات جتنا بھی انکار فرماویں مگر میں یہ ضرور عرض کروں گا کہ علماء نے اجتماعی طور پر اسلام اور تعلیماتِ اسلام کو مخفی رکھنے کی کامیاب سعی فرمائی ہے۔

قرآن کریم کی تلاوت بے حد ضروری ہے مگر فہم اور بلا فہم میں کوئی فرق نہیں کیا گیا ہے، ثواب دونوں کو یکساں ملے گا، اسی طرح نماز کو لیجئے وہاں بھی فہم اور عقل کی کوئی شرط ملحوظ نہیں ہے، نماز ہر طرح صحیح ہوتی ہے، نہیں

= الصلاة، الفصل الثالث والعشرون فی صلوة الجمعة: ۱/۲۰۵، رشیدیه)

(وكذا فی ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۱۴۱، سعید)

(۱) (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۴۱، سعید)

"و قد صرح فی الخلاف بأنه لو خطب صبیٌّ بإذن السلطان و صلی الجمعة رجلٌ بالغٌ، یجوز". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۲۵۸، رشیدیه)

"صبیٌّ خطب بإذن السلطان و صلی الجمعة رجلٌ بالغٌ، یجوز". (خلاصة الفتاویٰ، كتاب الصلاة، الفصل الثالث والعشرون فی صلوة الجمعة: ۱/۲۰۵، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

معلوم صلوۃ اصلاح کے لئے کیونکر مفید ہوجائے گی جب کہ فہم واعتبار کی کوئی بات ہی نہیں ہے حالانکہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ﴿إن الصلوة تنهىٰ عن الفحشاء والمنكر﴾ (۱) اوردوسری جگہ ارشاد باری ہے: ﴿لا تقربوا الصلوة (إلى) حتى تعلموا ما تقولون﴾ (۲) تیسری جگہ علم وعدم علم میں نمایاں فرق بتلایا گیا ہے: ﴿هل يستوى الذين يعلمون والذين لا يعلمون﴾ (۳)۔

اسی طرح خطبۂ جمعہ کی افادیت کوختم کردیا گیا ہے، اس پر عربی کا ملمع چڑھا کر، مولانا! میری اس صاف گوئی کو معاف فرمایئے گا۔ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ خطبۂ جمعہ میں عربی کو ضرور نہیں سمجھتے، عوام اور مخاطبین کو ہر کسی زبان میں سمجھایا جاسکتا ہے، صاحبین قدرت علی العربیہ کے فقدان کی وجہ سے عربی میں خطبہ ضروری نہیں کہتے، مگر ان اسلاف کے اقوالِ حکیمانہ کو ہمارے ہندی علماء نے شاید ناپسند فرمایا ہے اور وجوب عربیت پر مُصر ہیں اور اسی کو ضروری کہتے ہیں۔

ص:۵۹۶، ۵۹۷، شامی مصری باب الجمعہ کو ملاحظہ فرمالیجئے:

"لم يقيد الخطبة بكونها بالعربية اكتفاءً بما قدمه فى باب صفة الصلوة من أنها غير شرط ولو مع القدرة على العربية عنده، خلافاً لهما حيث شرطاها إلا عند العجز كالخلاف فى الشروع فى الصلوة" (۴)۔ یہ عبارت ہندوستان کے لئے عربی کو لازم نہیں قرار دیتی عند الشیخین الا ماشاء اللہ۔

الہامی کتب منزل من اللہ ورسل اللہ کے لئے تو اللہ تعالیٰ عربیت کو ضروری نہیں فرماتا، ملاحظہ ہو آیت کریمہ: ﴿وما أرسلنا من رسول إلا بلسان قومه﴾ (۵) ایک دوسری آیت بھی ملاحظہ فرمالیجئے: ﴿حمٓ تنزيلٌ من الرحمن الرحيم، كتبٌ فصلت آياته قرانًا عربياً لقوم يعلمون.....﴾ (٦): أى لقوم

---

(۱) (سورة العنكبوت : ۴۵/۲۱)

(۲) (سورة النساء :۴۳/۵)

(۳) (سورة الزمر :۹/۲۳)

(۴) (رد المحتار ، كتاب الصلوة ، باب الجمعة : ۱۴۷/۲ ، سعيد)

(۵) (سورة إبراهيم : ۴/۱۳)

(٦) (سورة حم السجدة : ۳/۲۴)

العرب۔ تیسری آیت شریفہ:﴿و لو جعلناه قرانا أعجمياً لقالوا لو لا فصلت﴾(۱)۔ کس قدر واضح اور صاف طور پر اس حقیقت کو عریاں کرتی ہے کہ تفصیل، تبیین کسی قوم پر اس وقت تک کارگر نہیں بن سکتی جب تک مفہومہ زبان میں نہ ہو، اَور دیگر آیاتِ کریمہ ہیں جو اس مقصد کو اَور واضح فرماتی ہیں۔

جب منزل من اللہ کے لئے عربیت عند اللہ ضروری نہیں ہے تو پھر خطیب کا خطبہ کیوں عربی میں لازم قرار دیا جارہا ہے، منزل من اللہ باعتبارِ قوم دیگر اَلسنہ میں آسکتے ہے تو پھر ہندوستان میں قوم کی زبان کی رعایت کیوں غیر ضروری سمجھ گئی؟ اور ہندی اردو جاننے والوں کے سامنے عربی کہنا کیوں فرض وواجب کا درجہ پا گئی، یہ وجوب بلا دلیل ہے:﴿هاتوا برهانكم إن كنتم صادقين﴾ (۲) اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ عامۂ مسلمین جاہل واپس ہوتے ہیں حالانکہ افادہ استفادہ کے لئے اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں پر سعی واجب فرمادی ہے مگر عربی کا لیکچر سن کر واپس آنے والے کورے لوٹ آتے ہیں، میں تو یہاں تک کہتا ہوں کہ خود خطیب بھی کورا ہی رہتا ہے: ﴿فاعتبروا ياأولى الأبصار﴾ (۳)۔

رہ گیا یہ قصہ کہ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے عجم میں حاکمانہ حالت میں آکر بھی عربی میں خطبہ دیا، عین صواب تھا، عربی کو فتح حاصل ہونا ضروری تھا، چنانچہ اس حکیمانہ سیاست کا یہ اثر تھا کہ تمام ممالکِ مفتوحہ عربی ملک بن گئے، شام عراق، مصر سب اسی طرح عربیت کا لباس پہن کر توسیعِ ملکِ عرب کا باعث بنے ہیں۔ حاکم اور محکوم میں فرق ہوتا ہے آپ بھی ہندوستان میں حکمران ہو کر یہی کریں، مگر محکوم ذلیل ہو کر زیب نہیں دیتا۔

مولانا عبدالحئ فرنگی محلی نے اس عربیت کی تخم ریزی فرمائی جس کی قدر فرمائی گئی اور اب عام طور سے اس کو مان لیا گیا ہے مگر غلط ہے، قرآن کریم کے اصولِ بیّنہ کے خلاف ہے، احادیث کی روشنی میں بھی غلط ہے: "كلموا الناس على قدر عقولهم" (۴)۔ فقہائے کرام کی تصریحات کے بھی خلاف ہے، جیسا کہ میں اوپر واضح کر چکا ہوں۔ میں نے سنا ہے کہ آپ ہوشمند اور ذکی عالم ہیں اسی لئے آپ کی خدمت میں اس عرض کو اس

---

(۱) (سورة حم السجدة : ۴۴/۲۴)

(۲)(سورة البقرة : ۱۱۱/۱)

(۳)(سورة الحشر :۲/۲۸)

(۴) (لم اجده)

Made searchable using ScribeTools.com

لئے ترسیل کر رہا ہوں کہ آپ احقر الزمن کے معروضات کو پڑھیں گے اور حلِ مشکلات کے لئے میری مدد فرمائیں گے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

محترمی زِیدَ احترامہ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اس اعتراض کی بنیاد دو نظریوں پر ہے، ایک کا تعلق عمومی طور پر جمیع علماء سے ہے، دوسرے کا خصوصی طور پر مولانا عبدالحی سے ہے اور دونوں نظریے غلط ہیں جن کی اصلاح کی ضرورت ہے:

پہلا نظریہ: ''علماء نے اجتماعی طور پر اسلام اور تعلیماتِ اسلام کو مخفی رکھنے کی کامیاب سعی فرمائی ہے'' اس کی اصلاح کی صورت یہ ہے کہ فتح المنان، موضح القرآن، فتح العزیز، ترجمان القرآن، تفسیر حسینی، خلاصۃ التفاسیر، بیان القرآن، تفسیر حقانی، ترجمہ شیخ الہند، ترجمۂ مولانا عاشق الٰہی وغیرہ کا مطالعہ کیا جائے کہ علماء نے کس طرح قرآن پاک کو حل اور سہل کر دیا ہے۔

نیز تفسیر ابن کثیر، تفسیر مظہری، تفسیر روح المعانی کے تراجم ملاحظہ کیے جائیں کہ عربی تفاسیر کو علماء نے کس طرح اردو میں منتقل کیا ہے۔

نیز صحاحِ ستہ: بخاری شریف، مسلم شریف، ترمذی شریف، ابوداؤد شریف، نسائی شریف، ابن ماجہ شریف اور دیگر بے شمار کتبِ حدیث کی شروح وتراجم اردو میں کر کے حدیث پاک کو کس قدر سہل کر دیا ہے۔

نیز نور الایضاح، قدوری، منیہ، کنز، شرح وقایہ، ہدایہ، درمختار، فتاوی عالمگیری، وغیرہ کتبِ فقہ کو جن میں تمام زندگی کا دستور العمل کتاب وسنت سے ماخوذ موجود ہے، کس طرح اردو میں منتقل کیا ہے۔

نیز علم الفقہ، بہشتی زیور، تعلیم الاسلام، حیاۃ المسلمین، تعلیم الدین، فتاوی عثمانیہ، فتاوی اشرفیہ، فتاوی دار العلوم، نماز کی کتاب وغیرہ بے شمار کتب براہ راست اردو میں بڑوں اور بچوں کے لئے کس طرح تصنیف کی گئی ہیں۔

اگر کسی شخص میں اتنی قابلیت نہ ہو کہ وہ خود ان کتابوں سے استفادہ کر کے اپنے سوئے ظن کی اصلاح کر سکے تو وہ ہمارے مدارس، مدارس عربیہ، ہمارا تعلیمی نظام، دینی مدرسے وغیرہ کا مطالعہ کرے تو معلوم ہوگا کہ علمائے کرام نے کس قدر جدوجہد سے دین کی اشاعت کی اور تعلیمات کا سلسلہ قائم کیا؟ اگر کوئی شخص ان سب کو بھی یہ کہہ کر اڑا دے کہ یہ سب افسانے ہیں تو پھر اس کو سفر کرنا چاہئے، دیوبند، سہارنپور، دہلی، جلال آباد، مراد

Made Searchable by ScribeTools.com

آباد، لکھنؤ، کانپور ہردوئی، اعظم گڑھ وغیرہ جاکر اپنی آنکھ سے دیکھے کہ اب بھی کتنے مدارس تدریس، تذکیر، تصنیف، تبلیغ کے ذریعے سے دینی خدمت کررہے ہیں، یہ سب دیکھ کر شاید توفیق مساعدت کرے اور پہلا نظریہ اصلاح پذیر ہوجائے، اگر یہ خدمات سامنے ہونے کے باوجود یہ ہی نظریہ ہے جیسا کہ سائل کی عبارتِ ذیل سے معلوم ہوتا ہے:

''آپ حضرات جتنا بھی انکار فرمائیں مگر میں یہ ضرور عرض کروں گا کہ علماء نے اجتماعی طور پر اسلام اور تعلیماتِ اسلام کو مخفی رکھنے کی کامیاب سعی فرمائی ہے''۔

کہ سائل نہ دل سے سمجھ کر، نہ کان سے سن کر، نہ آنکھ سے دیکھ کر کسی طرح بھی اپنا نظریہ بدلنے کو تیار نہیں، خواہ کتنے ہی دلائل اس کے سامنے پیش کئے جائیں مگر وہ اپنی ضد پر قائم ہے، تو پھر کون اس کی زبان پکڑ سکتا ہے، آفتاب سے زیادہ روشن حقائق کو دیکھ کر بھی اگر کوئی اللہ کا بندہ تسلیم نہ کرے اور اپنی ضد پر قائم رہے تو اس کے لئے بجز دعائے خیر کے اَور کوئی راستہ نہیں، ایسی ضد کا انجام اگر اس کو اس زندگی میں نظر نہ آئے، تو ایک دوسری زندگی بھی آرہی ہے اس میں بالکل صاف نظر آجائے گا۔

کچھ ایسے نفوس بھی اس دنیا میں آباد ہیں جو خدا کی دی ہوئی نعمتوں، دل، آنکھ، کان سے کوئی صحیح کام نہیں لیتے: ﴿لهم قلوب لا يفقهون بها، ولهم أعين لا يبصرون بها، ولهم آذان لا يسمعون بها﴾(۱)۔

دوسرا نظریہ: ''مولانا عبدالحئ فرنگی محلی نے اس عربیت کی تخم ریزی فرمائی''۔ اس کی اصلاح کے لئے حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ کی مصفّٰی شرح مؤطا امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کی "کتاب الجمعة" ملاحظہ فرمائیں، وہ لکھتے ہیں:

"چوں خطبِ آن حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و خلفاء و ہلم جرا ملاحظہ کردیم، تنقیحِ آں وجودِ چند چیز است". اور پھر چند چیزوں کی تشریح کرتے ہوئے نمبر: ۷ پر بیان کیا ہے: **"و عربی بودنِ خطبہ".** پھر آگے تفصیل میں لکھا ہے: **"وعربی بودن نیز بجہتِ عملِ مستمرۂ مسلمین در مشارق و مغارب باوجود آنکہ در بسیارے از اقالیم مخاطبان عجمی**

---

(۱) (سورة الأعراف: ۱۷۹)

Made searchable using ScribeTools.com

بودندالخ"(۱).

جب کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کے خلفاء رضی اللہ عنہم اور تمام روئے زمین کے مسلمانوں کا عمل شرقاً وغرباً یہی ہے(۲) کہ خطبہ عربی میں ہوتو اس کو مولانا عبدالحیٔ کی تخم ریزی کہنا سراسر غلط اور بے بنیاد ہے۔

الفاظِ قرآنیہ کی تلاوت پرفہم اور بلافہم ثواب کا برابر ہونا، یہ کس کی تخم ریزی ہے، اس پر بھی روشنی ڈالدیتے تو بہتر ہوتا۔کیا نماز کے متعلق بھی رائے عالی یہی ہے کہ مادری زبان میں پڑھی جائے(۳)؟

---

(۱) (مصفی شرح مؤطا ، کتاب الصلوة، باب التشديد على من ترک الجمعة من غير عذر، ص: ۱۵۴، مكتبه رحيميه سنهرى مسجد دهلى)

"الخطبة بالفارسية التى أحدثوها واعتقدوا حسنها ليس الباعث إليها إلا عدم فهم العجم اللغةَ العربيةَ، و هذا الباعث قد كان موجوداً فى عصر خيرالبرية ..... و مع ذلک لم يخطب أحدٌ منهم بغير العربية، و لما ثبت وجود الباعث فى تلک الأزمنة و فقدان المانع والتكاسل و نحوه معلوم بالقواعد المبرهنة، لم يبق إلا الكراهة التى هى أدنى درجات الصلاة". (مجموعة رسائل اللكنوى رحمه الله تعالىٰ، رسالة آكام النفائس : ۴/۴۷، إدارة القرآن، كراچى)

(۲) "لأإن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وأصحابه قد خطبوا دائماً بالعربية ولم ينقل عن أحد منهم أنهم خطبوا خطبةً و لو خطبة غيرالجمعة بغير العربية". (مجموعة رسائل اللكنوى رحمه الله تعالىٰ، رسالة آكام النفائس فى أداء الأذكار بلسان الفارس : ۴/۴۴، إدارة القرآن، كراچى)

"لا شک فى أن الخطبة بغير العربية خلاف السنة المتوارثة من النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من الصحابة رضى الله تعالىٰ عنهم، فيكون مكروهاً تحريماً". (عمدة الرعاية على هامش شرح الوقاية ، كتاب للصلوة ، باب الجمعة ، (رقم الحاشية: ۲): ۱/۲۰۰، سعيد)

(۳) "وليت شعرى! ماذا يقول القائل فى القرآن الذى هو عربى، فإنه لا شبهة فى أن نزوله للتدبر والتذكر وفهم معناه للعمل بمراده، وهذا للعجم مشكل أىّ إشكال، فيجوز أن يقرأ عليهم القرآن بالفارسية أو يكتب لهم بالفارسية ليزول عنهم الإشكال، كلا والله! بل هم مكلفون بتحصيل ما به يتيسر لهم فهمه و يحصل لهم علمه، و قس عليه الكلام فى الأخبار النبوية و سائر أمور الشريعة الواردة بالعربية". (مجموعة رسائل اللكنوى رحمه الله تعالىٰ، رسالة آكام النفائس فى أداء الأذكار بلسان =

علم اور عدمِ علم میں نمایاں فرق بتلایا گیا ہے، بالکل صحیح ہے اسی لئے مدارس قائم کئے گئے، کتابیں تصنیف کی گئیں اور جن کو طلب وتوفیق ہوتی ہے وہ حاصل بھی کرتے ہیں اور جن کو علم سے عناد ہے یا جہلِ مرکب میں گرفتار ہیں وہ محروم رہتے ہیں جن کے نمونوں کا بکثرت مشاہدہ ہوتا رہتا ہے۔

خطبۂ جمعہ پر عربی کا ملمع کس نے چڑھادیا، کیا اصل خطبہ اردو زبان میں تھا جس پر ہندی علماء نے عربی کا ملمع چڑھادیا، یا اگر مصفی ہی دیکھ لیں تو بات واضح ہوجائے۔

صاف گوئی کی معافی چاہنے کے متعلق عرض ہے کہ اگر یہ حق ہے تو کیا حق گوئی سے معافی طلب کرتے ہیں؟ اگر یہ باطل ہے تو اس سے توبہ اور پختہ عہد کرلیجئے کہ آئندہ ایسا نہ کروں گا، بالکل معاف ہے۔ جو شخص عربی پر قادر نہ ہو اس کو عربی پر کسی نے مجبور نہیں کیا، امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے جس قول کی آڑ لے کر آپ زور وشور سے استدلال کررہے ہیں کاش اس کی حیثیت کو بھی ملاحظہ فرمالیتے، شامی: ۱/ ۱۱۱ (۱) عنایہ: ۱/ ۲۰۱ (۲) طحطاوی، ص: ۲۱۷ (۳) میں اس سے رجوع نقل کیا ہے، آپ خود ہی انصاف کریں کہ جس قول کو امامِ اعظم خود ہی ناپسند فرمائیں بلکہ اس سے رجوع کرلیں تو اس کے متعلق یہ اعتراض کہ ''ہمارے ہندی علماء نے شاید ناپسند فرمایا ہے''۔ کہاں تک برمحل ہے، اگر کسی کو رکوع سے انکار ہو اور اسی قول پر استدلال پر اصرار ہو تو پھر امام اعظم رحمہ اللہ

= الفارس : ۴/ ۴۷، إدارة القرآن، کراچی)

(۱) ''قید القراءة بالعجز؛ لأن الأصح رجوعه إلى قولهما، وعليه الفتوى، قلت : و جعل العينى الشروع كالقراءة الخ''. (الدرالمختار) . ''(قوله : كالقراءة): أى فى اشتراط العجز فيه أيضاً، وفى أن الإمام رجع بذلك إلى قولهما؛ لأن العجز عندهما شرط فى جميع أذكار الصلاة''. (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة : ۱/ ۴۸۴، سعيد)

(۲) ''(ويروى رجوعه) روى أبوبكر الرازى أن أبا حنيفة رجع إلى قولهما (وعليه الاعتماد) لتنزله منزلة الإجماع''. (العناية شرح الهداية على هامش فتح القدير، كتاب الصلاة، باب الجمعة : ۱/ ۲۸۶، مصطفى البابى الحلبى، مصر)

(۳) ''(و) يصح الشروع أيضاً (بالفارسية) وغيرها من الألسنة إن عجز عن العربية، وإن قدر لايصح شروعه بالفارسية ونحوها (ولا قراءة بها فى الأصح) فى قول الإمام الأعظم موافقةً لهما''. (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلاة، فصل فى كيفية ترتيب أفعال الصلاة، ص: ۲۸۰، قديمى)

Made searchable using ScribeTools.com

تعالیٰ کے اس قول کی تشریح بھی دیکھ لی جائے، وہ فرماتے ہیں کہ: ''نفسِ خطبہ ایک مرتبہ لفظ "سبحان اللّٰہ" یا لفظ "الحمد للّٰہ" یا لفظ "لا إله إلا اللّٰه" کہنے سے بھی ادا ہو جاتا ہے اور اور اس پر اکتفاء کرنے میں جو کراہت ہے وہ تنزیہی ہے:

"وكفت تحميدة، أو تهليلة، أو تسبيحة للخطبة المفروضة مع الكراهة اهـ".

درمختار۔ قال الشامي: "ظاهر القهستاني أنها تنزيهية، اهـ". ص: ٥٤٣(١)۔

آپ بتایئے کہ جو شخص ساری جہالت دور کرنے کا ذریعہ صرف خطبۂ جمعہ کو قرار دے اور کہے کہ نہ کسی مدرسہ میں جاؤں گا، نہ کوئی کتاب پڑھوں گا، نہ تبلیغی جماعت کے ساتھ شرکت کروں گا، نہ وعظ سنوں گا بلکہ امام اعظم کے حکیمانہ قول پر عمل کرتے ہوئے خطبہ میں سارا دین سیکھوں گا، تو کس قدر جہالت میں گرفتار ہے (۲)، ہفتہ بھر میں ایک مرتبہ لفظ "سبحان اللّٰہ" عربی نہ سہی، اس کا ترجمہ اردو میں سن کر وہ کتنا دین حاصل کر لے گا۔ صاحبین رحمہما اللہ تعالیٰ کے نزدیک خطبہ کی مقدار اس سے کچھ زیادہ ہے یعنی تشہد کے برابر "و قالا: لا بد من

---

(۱) (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱۴۸/۲، سعيد)

"(وكفت تحميده أو تهليله أو تسبيحه): أي و كفى في الخطبة المفروضة مطلق ذكر الله تعالىٰ على وجه القصد عند أبي حنيفة رحمه الله تعالىٰ لإطلاقه في الآية الشريفة، وقالا: الشرط أن يأتي بكلام يسمى خطبةً في العرف، و أقله قدر التشهد إلى عبده ورسوله الخ". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲۶۱/۲، رشيديه)

(وكذا في بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، بيان خطبة الجمعة: ۵۹۰/۱، رشيديه)

(۲) "والحل في هذا المقام و به يتم الإلزام أنه كما وضعت الخطبة للتعليم وأمر الخطباء والعلماء بالتفهيم كذلك أمر الجاهلون بطلب العلم حيث قال النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "طلب العلم فريضة على كل مسلم" ..... ولما كانت أكثر شريعتنا بالعربية، يلزم على الناس أن يتعلموا اللسان العربي بقدر الحاجة ماترفع به الحاجة، فإن ما لا يتم الواجب إلا به واجبٌ. ..... فإذا لم يفهم الحاضرون الخطبة العربية، فإلزام عدم الفهم عائد إليهم لا إلى الخطباء ولا يلزم للخطباء أن يغيروا اللسان العربي و يخطبوا بلسان يفهمه الجهلاء". (مجموعة رسائل اللكنوي رحمه الله تعالىٰ، رسالة آكام النفائس في أداء الأذكار بلسان الفارس: ۴۷/۴، إدارة القرآن، كراچی)

ذكر طويل، وأقله قدر التشهد الواجب، اهـ". درمختار: ۱/۵٤۳(۱) اس سے وہ آٹھویں روز کتنا دین سیکھ سکتا ہے؟

رسل اور کتبِ سماویہ کیلئے عربیت لازم نہیں یہ صحیح ہے، لیکن آپ کو جس رسول اور کتاب کا پابند بنایا، نجات کو اس میں منحصر کردیا گیا ہے وہ تو رسول بھی عربی ہے اور کتاب بھی عربی ہے: ﴿إنا أنزلناه قرآناً عربياً﴾(۲) ﴿قل يا أيها الناس إني رسول الله إليكم جميعاً﴾ (۳)۔ تبیین کے لئے تراجم وتفاسیر بے شمار ہیں، اس سے کسی کو انکار نہیں، لیکن قرآنِ پاک کی عربیت کو ختم کرکے صرف دوسری زبان میں خواہ وہ اردوئے مبین ہی کیوں نہ ہو کلیۃً لکھنا اور پڑھنا ہرگز جائز نہیں نہ نماز میں نہ بغیر نماز کے، فتح القدیر: ۱/۲۰۱، میں ہے: "إن المعتاد القراءة بالفارسية، أو أراد أن يكتب مصحفاً بها يمنع" (٤)، وكذافي الشامي: ۱/۳۲۷(٥)۔ اتقان میں لکھا ہے کہ یہ اجماعی مسئلہ ہے اس پر ائمۂ اربعہ: ابوحنیفہ، امام مالک، شافعی، احمد رحمہم اللہ تعالیٰ کا اتفاق ہے(٦)۔

اب بتایا جائے کہ وہ کونسی برہان ہے جس کی بناء پر حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور ائمۂ مجتہدین رحمہم اللہ تعالیٰ اور تمام امتِ مسلمہ کے پونے چودہ سو سال کے عملِ متوارث ومتواتر کو ترک کرکے خطبہ جمعہ سے عربیت کو ختم کردیا جائے (۷) اور خطیب صاحب منبر پر چڑھ کر اردو

---

(۱) (الدر المختار، باب الجمعة: ۱/۱۴۸، سعيد)

(۲) (سورة يوسف: ۱۲/۲)

(۳) (سورة الأعراف: ۹/۱۵۸)

(۴) (فتح القدير، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة: ۱/۲۸٦، مصطفى البابي الحلبي، مصر)

(۵) (رد المحتار نقله عن الفتح، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، فصل: ۱/۴۸٦، سعيد)

(٦) "وقال أشهب: سئل مالك: هل يكتب المصحف على ماأحدثه الناس عن الهجاء؟ فقال: لا، إلا على الكتبة الأولى. رواه الداني في المقنع. ثم قال: ولا مخالف له من علماء الأمة". (الإتقان في علوم القرآن للإمام جلال الدين السيوطي رحمه الله تعالىٰ، النوع السادس والسبعون في مرسوم الخط وآداب كتابته، فصل: ۱/۳۲۸، ۳۲۹، ذوي القربى)

مزید تفصیل کے لئے دیکھئے (جواهر الفقه، تالیف حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ، رسالہ: کیا قرآن مجید کا صرف ترجمہ شائع کیا جاسکتا ہے: ۱/۹۵، مکتبہ دارالعلوم کراچی)

(۷) (راجع، ص: ۲۲۱، رقم الحاشية: ۲)

Made Searchable by ScribeTools.com
Made searchable using ScribeTools.com

میں فرمایا کریں کہ ''خدا پاک ہے'' یا ہندی میں کہہ دیا کریں ''پرمیشور نردھار ہے''(۱) اس سے کونسی جہالت ختم ہوجائے گی اور سامعین کس قدر دین سیکھ لیں گے، سامعین کا عربی خطبہ کے مطالب سے محروم رہنا یا خود خطیب صاحب کا کورا رہنا یہ خود ان کی کوتاہی کا نتیجہ ہے، اسلام پر اس کی کوئی ذمہ داری نہیں (۲)۔ یہ بھی ممکن ہے کہ خطبہ سے پہلے یا جمعہ کے بعد وعظ کہہ دیا جایا کرے۔ جس میں دین کے ضروری عقائد واحکام بیان کردیا جایا کریں اور خطبہ میں جو کچھ پڑھا اور سنایا جاتا ہے اس کا مطلب بھی بتادیا جایا کرے اس کی کہیں ممانعت نہیں (خطبوں کا ترجمہ بھی اردو میں کردیا گیا ہے)(۳)۔

---

(۱) ''پرمیشور: خدائے تعالیٰ''۔(فیروز اللغات، ص:۲۹۱، نور اللغات:۲/۸۲۹)

''نرد: ''ایک بازی جسے تختۂ نرد بھی کہتے ہیں۔ ۲-چوسر کی گوٹ۔۳-شطرنج کا مہرہ''۔(فیروز اللغات، ص: ۱۳۵۶)(ونور اللغات:۴/۱۵۰۰)

''ہار: مرکبات میں بطور لاحقہ مستعمل ہے بمعنی: والا، صاحب، مالک سونے والا''۔(فیروز اللغات، ص:۱۴۲۸)

(۲) "فإذا لم يفهم الحاضرون الخطبة، العربية فإلزام عدم الفهم عائد إليهم لاإلى الخطباء، ولا يلزم للخطباء أن يغيروا اللسان العربى و يخطبوا بلسانٍ يفهمه الجهلاء". (مجموعة رسائل اللكنوى رحمه الله تعالىٰ، رسالة آكام النفائس فى أداء الأذكار بلسان الفارس : ۴/۴۷، إدارة القرآن، كراچى)

(۳) "وأخرج ابن عساكر عن حميد بن عبد الرحمن أن تميماً الدارى رضى الله تعالىٰ عنه استأذن عمر رضى الله تعالىٰ عنه فى القصص سنين، فأبى أن يأذن له، فاستأذن فى يوم واحد، فلما أكثرعليه، قال له: ما تقول؟ قال: أقرأ عليهم القرآن، وآمرهم بالخير، وأنهاهم عن الشر. قال عمر رضى الله تعالىٰ عنه: ذلك الذبح، ثم قال: عِظْ قبل أن أخرج فى الجمعة، فكان يفعل ذلك يوماً واحداً فى الجمعة". (الموضوعات الكبرى، مقدمة، فصل: و لما كان أكثر القصاص والوعاظ، ص: ۲۰، نور محمد اصح المطابع)

تنبيه : ذكر الملاعلى القاري رحمه الله تعالىٰ هذا الحديث فى مقدمة الموضوعات الكبرى، لكنه ليس بموضوع بل هو من مستدلاته على عدم جواز بيان القصص الطويلة التى لا ضرورة إلى بيانها، بل الأحسن أن يكون الوعظ مختصراً جامعاً خالياً عن الحشو والزوائدعلى طريق الإيجاز. انظر (الموضوعات الكبرى، مقدمة، فصل و لما كان أكثر القصاص والوعاظ، ص: ۲۰، نور محمد أصح المطابع).(شاهوانى)

(وكذا فى الصحيح لمسلم، كتاب الإيمان ، باب، إن الدين النصيحة ۱/۵۴، قديمى)

زبان عربی کو ہر زبان پر فوقیت وشرف حاصل ہے، اس کا مدار حکومت پر نہیں بلکہ جس کو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس سے محبت ہوگی اس کو اس زبان سے بھی محبت ہوگی، فقیہ ابو اللیث سمرقندی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس سے متعلق روایات جمع کی ہیں (۱)۔ جن لوگوں کو ذات اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے قوی تعلق ہے اور اتباعِ سنت کو اپنے لئے سرمایۂ سعادت تصور کرتے ہیں وہ بغیر حکومت کے بھی اس زبان کو ترجیح دیتے ہیں، اگر حکومت حاصل نہ ہو تو کیا ذاتِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبت اور آپ کی اتباع اور آپ کی زبان مبارک کی تعلیم وتعلم کو بھی ختم کر دیا جائے، البتہ جن کے نزدیک حکومت کی حیثیت یہ ہو کہ حکومت کے بغیر کسی نظریہ وضابطہ کو پیش کرنا یا اس کا معتقد ہونا محض بے معنی ہے تو وہ اپنے معتقدات وضوابط کو بغیر حکومت کے بے معنی سمجھتے رہیں اور جب تک محکومیت کی ذلت کو ختم نہ کر دیں، نہ کوئی ضابطہ پیش کریں نہ کوئی عقیدہ دل میں جمائیں۔

قرآن پاک کی کوئی آیت آپ نے ایسی پیش نہیں کی جس سے خطبہ کا اردو میں ہونا ثابت ہو، نہ ایسی حدیث پیش کی، نہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور ائمۂ مجتہدین رحمہم اللہ تعالیٰ کا عمل پیش کیا، فقہائے کرام کی جو تصریحات پیش کی ہیں ان کا حال میں تفصیل سے عرض کر چکا، ان سے آپ کا مقصد ہرگز ہرگز پورا نہیں ہوتا۔ "کلموا الناس علی قدر عقولهم" (۲) یہ کیا چیز ہے، یہ قرآن پاک کی آیت تو یقیناً نہیں، اس کو حدیث کہیں گے یا فقہاء کا کلام، جب آپ اس کی تشخیص فرمائیں گے تو اس کے متعلق بھی عرض کر دیا جائے گا۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ کانپور۔

---

(۱) قال الفقیه السمرقندی رحمه الله تعالیٰ: "إن لسان العربية لها فضلٌ على سائر الألسنة، فمن تعلمها أوعلم غيره فهو مأجور؛ لأن الله تعالیٰ أنزل القرآن بلغة العرب فمن تعلمها، فإنه يفهم بهاظاهر القرآن و معانی الأخبار، و قد روی ابن أبی بردة عن أبی بريدة عن عمر رضی الله تعالیٰ عنه أنه قال: كلام أهل الجنة بالعربية و روی عن عمر رضی الله تعالیٰ عنه قال: من تعلم الفارسية فقد خب، ومن خب فقد ذهب مروته. يعنی لو اقتصر على لسان الفارسية و لم يتعلم العربية، فإنه عجمی. وقال الزهری: كلام أهل الجنة العربية، و روی عن عمر رضی الله تعالیٰ عنه أنه قال: عليكم بالتفهم بالعربية الخ". (بستان العارفين للفقيه أبی الليث السمرقندی، باب تفضيل لسان العربية على غيرها، ص: ٦٨، مطبع فاروقی دهلی)

(۲) (لم أجده)

Made searchable using ScribeTools.com

جواب پر چند اعتراضات

حضرت اقدس مفتی صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کے مذکورہ بالا جواب کے بعد سائل کا مندرجہ ذیل چند اعتراضات پر مشتمل خط آیا، سوال مع جواب ملاحظہ فرمائیں۔

نحمد الله و نستعين بالله

محترم مولانا مدظلہ! سلام مسنون

سوال[۳۷۸۱]: ۱.....اتفاقی نظر رسالہ ''نظام'' پر آپ کے اس مضمون پر احقر العباد کی پڑ گئی جس کو جناب والا نے بجوابِ خط تحریر فرمایا تھا، میں نے پڑھا، معلوم ہوا کہ رجوع کے مسئلہ میں جو مفصل بحث شامی در مختار کے اندر کی گئی ہے اس پر آپ کی نگاہ نہیں پڑی، ورنہ آپ یہ نہ تحریر فرماتے کہ مسئلہ ہذا میں امام صاحب نے رجوع فرمالیا ہے، درمختار میں یہ عبارت ملاحظہ فرمالیجئے:

"اعلم أيها الواقف على هذا الكلام أن رجوع الإمام إنما ثبت فى القرأة بالفارسية فقط، ولم يثبت رجوعه فى تكبيرة الافتتاح، بل هى كغيرها من أذكار الصلاة على الخلاف، كما حرر ه شارح المجمع، وكتب الأصول وعامة الكتب المعتبرة، الخ"(۱)۔

اس سے پہلے درمختار کی یہ عبارت بھی دیکھ لیجئے:

"و شرطا عجزه، وعلى هذا الخلاف الخطبة و جميع أذكار الصلوة وأما ذكره، فقوله: (أو أمّن أولبىّ أو سلم أو سمى عند ذبح) و شهد عندحا كم أورد سلاماً، ولم أر لو شمّت عاطساً (أو قرأبها عاجزاً) فجائز إجماعاً، قيد القراء ة بالعجز؛ لأن الأصح رجوعه إلى قولهما، وعليه الفتوى، وجعل يعنى الشروع كالقراء ة لاسلف له فيه ولا سند له يقويه" (۲).

---

(۱) قد تتبعتُ خمس نسَخٍ: إحداها نسخة قديمة مطبوعة لدار إحياء التراث العربى، والثانية: أيضاً لدار الإحياء، والثالثة لدار المعرفة ، والرابعة لدار النفائس بالرياض، والخامسة لمحمد سعيد بباكستان التى هى بين أيدينا، فلم أجد هذه العبارة فى الدر و لا فى الرد فى أحد من النسخ المذكورة ، بل العبارة المرقومة هى مأخوذة من تعليقات علاؤ الدين التى هى بحواشى تلك النسخ كلها تحت قول ردالمحتار: "(وفى أن الإمام)". (التعليق على الدرالمختار مع رد المحتار، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة : ۱/۴۸۴، سعيد)

(۲) (الدرالمختار ، كتاب الصلوة، باب صفة الصلاة : ۱/۴۸۴، سعيد)

اس عبارت کو بغور آخر تک ملاحظہ فرما کر رائے عالی قائم فرمایئے، میرا مشورہ یہ ہے کہ اس بحث، کوشامی میں ضرور ملاحظہ فرمایئے۔ اسکے بعد آیاتِ قرآنیہ کے متعلق بھی کچھ عرض کررہا ہوں، اس کو نظر غائر سے ملاحظہ فرمایئے۔

۲.....ایک جگہ قاعدہ کلیہ کے طور پر فرمایا گیا ہے: ﴿و ما أرسلنا من رسول إلا بلسان قومه﴾(۱) قوم کی زبان ہی معیار ہے ارسالِ رسل کے لئے، مطلب یہ ہوا کہ رسول اور امت دونوں کو ہم زبان ہونا لازم ہے: ﴿و لو جعلنا ه قرانا أعجمياً﴾ (۲) اس میں بھی اسی کو ملحوظ فرمایا گیا ہے، پھر کیوں خطبہ کو اصولِ بالا کے ماتحت قوم اور مخاطبین کی زبان کے موافق ہونا ضروری نہیں ہے؟ قرآن مجید عربی زبان میں کیوں نازل فرمایا گیا ہے، اسکی توجیہ: ﴿لقوم يعلمون﴾ (۳) "أى الأمة العربية" سے فرمائی گئی ہے، ان ہی اشاروں کا نتیجہ تھا کہ امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ نے عربیت کو کسی جگہ بھی ضروری نہیں فرمایا ہے مگر قرأۃ فی الصلوۃ میں۔ یہ بات کہ امام صاحب نے رجوع فرمالیا تھا اس کو میں نے مفصل طور پر اوپر لکھ دیا ہے۔

۳.....یہ دلیل کوئی وزن نہیں رکھتی کہ صحابۂ کرام نے بلادِ عجم میں عربی میں خطبہ دیا، آج ہندی پرست اپنی اکثریت کے گھمنڈ میں کس طرح دیگر اقوام وملل پر ہندی کو لازم کررہے ہیں، پھر اگر صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے عربی کو عجم میں اپنایا کیے تو کیا بُرا ہوا؟ اچھا ہی ہوا، اس کا نتیجہ آپ کے سامنے ہے: مصر عربی ملک بن گیا، عراق بھی، ایران میں بھی عربی کا رواج ہوگیا تھا۔

۴.....مگر آج ایمان باللہ سے اعراض کرتے ہوئے ہم محض خطبہ کی زبان سے عربی کی ترویج کا خواب کیوں دیکھ رہے ہیں۔ مولانا! اَقل مقدار خطبہ کی التحیات ہے ورنہ: "لا بد من ذكر طويل" اصل ہے، خطبہ کے لئے یہ ذکرِ طویل نصیحت کے لئے شی وافر ہے، پھر ایک کلمۂ حق بھی خلوصِ نیت کی شرط سے تریاق کا کام انجام دے سکتا ہے بقدر التحیات تو بہت زیادہ ہے ﴿فاعتبروا ياأولى الأبصار﴾(٤)۔

---

(۱) (سورة إبراهيم : ۱۳/۴)

(۲) (سورة حٰم السجدة : ۲۴/۴۴)

(۳) (سورة حم السجدة : ۲۴/۳)

(۴) (سورة الحشر : ۲۸/۲)

Made searchable using ScribeTools.com

اب ایک بات پر آپ اعتراض فرمارہے ہیں کہ میں نے آپ سے معافی کیوں طلب کی؟ سچ کہہ کر میں نے معافی نہیں طلب کی تھی بلکہ نزاکتِ طبع پر اگر کوئی بات گراں گزری ہو (کیونکہ پڑی ہوئی عادتِ مستمرہ کے خلاف بات پیش کررہا ہوں) اس لئے گرانی اگر کچھ ہَویدا ہوئی ہو، تو اس سے میں نے عفو کی مانگ مانگی تھی نہ کہ حق کی بات کہنے سے۔

۵.....خطبہ سننے والوں کی اکثریت جاہل محض ہوتی ہے ان کو بھی تو آپ آٹھویں دن کچھ موقعہ نصیحت گری کا دیں گے۔

۶.....اس شعارِ اسلامی کو خدارا نہ اٹھایئے: "أیّ لسان کان یحصل منه ذکر اللّٰه أو یحصل". پھر آپ ذکر اللہ کے لئے کسی زبان کو کیوں مخصوص کررہے ہیں؟ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم بموقع فتوحات کسی دوسری زبان کے استعمال سے مجبور بھی تھے، اور سیاست کا تقاضا بھی یہی تھا کہ عربی کو ترجیح دی جاتی، ورنہ عام حالات میں سامعین کی زبان کا ہمیشہ خیال رکھا گیا ہے، خطبہ ہمہ گیر نصیحت کا حامل رہا ہے اور سو فیصد عرب کے سامنے عربی ہی میں خطبہ دیا جاتا تھا، تاریخ کے اوراق اس کے شاہد ہیں، پھر ہند نے کیا قصور کیا ہے کہ وہاں غیر مفہوم زبان استعمال ہو۔

"کلموا الناس علی قدر عقولهم" (۱) میری زبان پر جاری ہے، کہیں اس کو میں نے پڑھا ہے، مگر کہاں، حوالہ صحیح نہیں پیش کرسکتا، غالباً یہ امام غزالی کی کتاب احیاء العلوم میں ہوا چھا، اس سے استشہاد فی الحال ملتوی رکھتا ہوں۔

۷..... **نوٹ**: کیا "نظام" کے صفحات میں ان معروضات کو جگہ ملے گی؟ آپ کے شافی جواب کی توقع رکھوں گا، اگر فی الحال نظام میں نہ طبع ہو تو پھر بذریعۂ ڈاک جواب مرحمت فرمایئے بے رنگ بھیج دیجئے انشاء اللہ میں وصول کرلونگا۔ آپ کا ادنی خادم: محمد سلیم از بنکی ضلع بارہ بنکی۔

الجواب:

مکرم محترم زیدت مکارمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

گرامی نامہ صادر ہوا، میں سفر میں تھا، واپسی پر ملا، جواباً گزارش ہے کہ:

---

(۱) (لم أجده)

Made Searchable by ScribeTools.com

۱.....شامی کی یہ بحث اس سے پیشتر بھی متعدد مرتبہ دیکھ چکا تھا اور دیکھنے کی نوبت آتی رہتی ہے، اب آپ کی دعوت پر پھر دیکھی جو کچھ احقر نے تحریر کیا خود شامی کو بھی فی الجملہ اس کا اعتراف ہے، حافظ بدر شارح بخاری شریف شارحِ ہدایہ وشارحِ کنز نے اس کو بسط سے لکھا ہے(۱)۔ ابوالاخلاص حسن شرنبلالی بھی حافظ بدر رحمہ اللہ تعالیٰ کے دوش بدوش ہیں(۲)۔ خود صاحبِ درمختار علامہ حصکفی رحمہ اللہ تعالیٰ نے شرح منتقی اور خزائن الاسرار شرح تنویر میں وہی لکھا ہے جو کہ حافظ بدر رحمہ اللہ تعالیٰ کا قول ہے(۳)، لیکن ان کو یہاں حافظ عینی کے ساتھ اتفاق نہیں، چنانچہ لکھتے ہیں:

"وجعل العينى الشروع كالقراءة، لاسلف له فيه، و لا سند له يقويه، بل جعله فى التاترخانية كالتلبية يجوز اتفاقاً، فظاهره كالمتن رجوعهما إليه لا هو إليهما، فاحفظ، فقد اشتبه على كثيرٍ من القاصرين حتى الشرنبلالية فى كل كتبه، فتنبه".

اس پر شامی لکھتے ہیں: "(قوله: رجوعهما إليه الخ): أى أنهما رجعا إلى قوله بصحة

---

(۱) "وأما الشروع بالفارسية أو القراءة بها فهو جائز عند أبى حنيفة رحمه الله تعالىٰ مطلقاً، وقالا: لا يجوز إلا عند العجز، وبه قالت الثلاثة، وعليه الفتوى. وصح رجوع أبى حنيفة رحمه الله تعالىٰ إلى قولهما". (رمز الحقائق شرح العينى على الكنز، كتاب الصلاة، فصل فى صفة الصلاة: ۱/۳۲، إدارة القرآن كراچى)

مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: (البناية فى شرح الهداية للعينى، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة: ۲/۲۰۱، ۲۰۶، رشيديه)

(۲) "ويصح الشروع أيضاً (بالفارسية) وغيرها من الألسنة إن عجز عن العربية، وإن قدر لا يصح شروعه بالفارسية ونحوها (ولا قراءته بها فى الأصح) فى قول الإمام الأعظم موافقةً لهما؛ لأن القرآن اسمٌ للنظم والمعنى جميعاً الخ". (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلاة، فصل فى كيفية ترتيب أفعال الصلاة، ص: ۲۸۰، قديمى)

(۳) "أو كبّر بالفارسية صح) فى الكل ..... (وكذا لو قرأ بها)، و هذا إذا كبر و قرأ بالفارسية (عاجزاً عن العربية) بأن كان لا يحسن العربية بشرط أن لا يخل بالمعنى، وهذا قولهما، وبه قالت الثلاثة، وإليه صح رجوع الإمام، وعليه الفتوى، قاله العينى وغيره". (الدر المنتقى فى شرح الملتقى للحصكفى، كتاب الصلاة، فصل فى صفة الشروع: ۱/۱۴۰، غفاريه كوئٹه)

Made searchable using ScribeTools.com

الشروع بالفارسية بلا عجز كما رجع هو إلى قولهما بعدم الصحة فى القراء ة فقط لا فى الشروع أيضاً كما توهم العينى اهـ "۔

یہاں تک تو شارح کے مطلب کی توضیح تھی، مگر شامی رحمہ اللہ تعالیٰ کو خود شارح سے اتفاق نہیں اس لئے لکھتے ہیں: "لكن قولهما: رجعا إلى قوله فى الشروع، لم ينقله أحدٌ، وإنماالمنقول حكايته الخلاف، وأما عبارة المتن فهى مبنية على قول الإمام، فالحاصل أن ما أورده على ا لعينى فى دعوى رجوعه إلى قولهما يرد عليه فى دعواه رجوعهما إلى قوله".

پھر آگے چل کر "(قوله حتى الشرنبلالية)" کے تحت لکھا ہے: "اعلم أن الشارح نفسه خفى عليه ذلك، فتبع العينى فى شرحه على الملتقى و فى الخزائن، بل خفى أيضاًعلى البرهان الطرابلسى فى متنه مواهب الرحمن حيث قال: والأصح رجوعه إليهما فى عدم جواز الشروع والقراء ة بالفارسية لغير العاجز عن العربية"(۱).

اب غور کیجئے کہ امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کا مسلک کیا ہے؟ جن کتب کا احقر نے حوالہ دیا، غالبًا وہ بھی جناب نے ملاحظہ نہیں کیں ورنہ شاید عدمِ رجوعِ امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ پر اتنا اصرار نہ ہوتا۔ احقر چونکہ یہ بحث باب الأذان ، تأليف الصلوة ، جمعہ وغیرہ میں مفصل دیکھ چکا تھا اور اس کے سب گوشے سامنے تھے اور جانتا تھا کہ بعض اذہان اس رجوع کو تسلیم نہیں کریں گے، اس لئے اصل سوال کے جواب کو رجوع کی جہت پر منحصر نہیں کیا بلکہ آگے دیا تھا کہ اگر کسی کو رجوع سے انکار ہو اور اسی قول سے استدلال پر اصرار ہو تو پھر امام اعظم کے اس قول کی تشریح بھی دیکھ لیجائے۔ لہٰذا اس کے بعد عدمِ رجوع کے مسئلہ پر بحث کرنا بھی چنداں سودمند نہیں۔

۲.....آیت: ﴿وما أرسلنا من رسول إلا بلسان قومه﴾(۲) آپ نے قوم کی تفسیر ''امت'' سے کر کے رسول اور امت کے ہم زبان ہونے کا قاعدہ کلیہ استنباط فرمایا ہے، یہی قاعدہ کلیہ عیسائیوں اور یہودیوں نے سمجھ کر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رسالت کو اہلِ عرب کے ساتھ مخصوص کر دیا کہ جس کی زبان عربی نہیں حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رسالت پر ایمان لانا اس کے ذمہ ضروری نہیں، علمائے اسلام نے اس

---

(۱) (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الصلوة ، باب صفة الصلاة : ۱/۴۸۴، ۴۸۵، سعيد)

(۲) (سورة إبراهيم : ۴)

قاعدہ کلیہ کی تردید کی ہے اور بتایا ہے کہ ''امت'' اَور چیز ہے اور ''قوم'' اَور چیز ہے (۱)، پہلے پیغمبر اپنی قوم کی طرف مبعوث ہوتے تھے، جیسا کہا: ﴿إنا أرسلنا نوحاً إلى قومه﴾ الایۃ (۲) وغیرہ میں مذکور ہے اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بعثت عام ہے، آپ کی امت انسان بھی ہیں جنات بھی ہیں اور یہ بالکل ظاہر ہے کہ جنات آپ کی قوم نہیں۔ آپ کی بعثت اسود واحمر سب کی طرف ہے (۳) امریکہ، لندن، جرمن، ہند، چین،

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿قل یاأیها الناس إنی رسول الله إلیکم جمیعاً﴾ الایة. (سورة الأعراف: ۱۵۸/۹)

قال العلامة الآلوسی رحمه الله تعالیٰ تحت هذه الآیة: "لما حکی ما فی الکتابین من نعوته صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و شرف من یتبعه علی ما عرفت، أمر علیه السلام بأن یصدع بمافیه تبکیتٌ للیهود الذین حرموا اتباعه، وتنبیهٌ لسائر الناس علی افتراء من زعم منهم أنه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم مرسل إلی العرب خاصةً. و قیل: إنه أمرٌ له صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ببیان أن سعادة الدارین المشار إلیهما فیما تقدم غیر مختصة بمن اتبعه من أهل الکتابین بل شاملة لکل من یتبعه کائناً من کان، و ذلک ببیان عموم رسالته صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و هی عامةٌ للثقلین کما نطقت به النصوص حتی صرحوا بکفر منکر، وما هنا لا یأبی ذلک، والمفهوم فیه غیر معتبر عند القائل به لفقد شرطه و هو ظاهر".

(روح المعانی: ۸۲/۹، دار إحیاء التراث العربی، بیروت)

(۲) (سورة نوح: ۱/۲۹)

"قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "أعطیت خمساً لم یعطهنّ أحدٌ من الأنبیاء قبلی ..... و کان النبی یبعث إلی قومه خاصةً وبُعثتُ إلی الناس کافةً، وأعطیت الشفاعة". (صحیح البخاری، کتاب الصلاة، باب قول النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "جعلت لی الأرض مسجداً و طهوراً": ۶۲/۱، قدیمی کراچی)

(۳) قال الله تعالیٰ: ﴿وما أرسلناک إلا کافةً للناس بشیراً و نذیراً، ولکن أکثر الناس لا یعلمون﴾ (سورة السبا: ۲۸/۲۲)

قال ابن کثیر تحت هذه الآیة: "یعنی إلی الناس عامةً، وقال قتادة رحمه الله تعالیٰ: فی هذه الآیة أرسل الله تعالیٰ محمداً صلی الله تعالیٰ علیه وسلم إلی العرب والعجم ..... أن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "بعثت إلی الأسود والأحمر". قال مجاهد رحمه الله تعالیٰ: یعنی الجن والإنس. وقال غیره: یعنی العرب والعجم، والکل صحیح". (تفسیر ابن کثیر: ۵۳۸/۳، ۵۳۹، سهیل اکیڈمی لاهور) =

Made searchable using ScribeTools.com

ترک سب آپ کی امت ہیں، مگر آپ کی قوم نہیں۔ اگر رسول اور امت کا ہم زبان ہونا ضروری ہوتا تو وحی بھی ہر زبان میں آتی، پھر کسی ترجمان کی ضرورت نہیں تھی، جن بادشاہوں کے نام تبلیغی خطوط بھیجے ہیں وہ صرف عربی زبان میں نہ بھیجتے بلکہ خود ان کی زبان میں بھیجتے۔

یہودیوں اور عیسائیوں کو اسی قاعدہ کلیہ کی آڑ لے کر بہت کچھ فتنہ پردازی کا موقعہ ملا اور بے شمار لوگوں کو یہی کہہ کر اسلام سے روکا کہ اگر تم حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی امت ہوتے اور وہ تمہارے رسول ہوتے اور تمہارے ذمہ ان کی اطاعت لازم ہوتی تو وہ تمہارے ہم زبان ہوتے اور تمہاری زبان میں ان پر وحی آتی، مگر جب کہ ایسا نہیں تو وہ تمہارے رسول نہیں بلکہ ان کی رسالت صرف عرب کے لئے ہے۔ آپ اپنے قاعدہ کلیہ کو نظر غائر سے دیکھیں کہ اس کی زد کہاں پڑتی ہے اور یہ کس قدر فتنے اپنے اندر لئے ہوئے ہے، پھر اس پر مسئلۂ خطبہ کا متفرع کرنا بالکل بدیہی البطلان ہے۔

۳..... صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے بلادِ عجم میں بھی عربی میں خطبہ دیا ہے اس کو محدّث ہند شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے دلیل میں پیش کیا ہے اور نہ صرف صحابۂ کرام بلکہ اپنے زمانہ تک ایک ہزار سال سے زیادہ مدت تک کا عملِ متوارث قرار دیا ہے(۱)۔ آپ کو حق ہے کہ اپنے علم وفہم کی روشنی میں خلفائے راشدین، اکابر

= "عن أبی ذر رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "أعطیت خمساً لم یعطهن أحدٌ قبلی: بعثت إلی الأحمر والأسود". الحدیث. (مسند أحمد ، (رقم الحدیث : ۲۰۸۰۷): ۱۸۲/۶ ، دار إحیاء التراث العربی، بیروت)

(۱) "چوں خطبِ آن حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و خلفاء و ہلم جرا ملاحظہ کردیم تنقیح آں وجود چندچیز است" و عربی بودن خطبہ ..... وعربی بودن نیز بجہتِ عملِ مستمرۂ مسلمین درمشارق و مغارب باوجود آنکہ در بسیارے از اقالیم مخاطبان عجمی بودندالخ". (مصفی شرح مؤطا، باب التشدید علی من ترک الجمعة بغیر عذر، ص: ۱۵۴ ، رحیمیه سنهری مسجد دهلی)

"الخطبة بالفارسیة التی أحدثوها واعتقدوا حسنها، لیس الباعث إلیها إلا عدم فهم العجم اللغة العربیة، و هذا الباعث قد کان موجوداً فی عصر خیر البریة، وإن کانت فی اشتباه، فلا اشتباه فی عصر الصحابة والتابعین و من تبعهم من الأئمة المجتهدین، حیث فتحت الأمصار الشاسعة والدیار الواسعة وأسلم أکثر الحبش والروم والعجم وغیرهم من الأعجام، وحضروا مجالس الجُمُع والأعیاد و غیرها =

صحابہ، تابعین، محدثین فقہائے مجتہدین، اولیاء اللہ، صالحین کے تعامل، توارث، وتواتر کو یہ کہہ کر اڑادیں کہ یہ دلیل کوئی وزن نہیں رکھتی اور مزید برآں یہ کہ اس سنت متوارثہ کو آپ تشبیہ دے رہے ہیں آج کے حالات کے ساتھ کہ:

''آج ہند پرست اپنی اکثریت کے گھمنڈ میں کس طرح دیگر اقوام وملل پر ہندی کو لازم کررہے ہیں اسی طرح صحابہ کرام نے بھی کیا''۔

تو گویا آج ہندی پرست طبقہ کو آپ عربیت ختم کرنے اور ہندی لازم کرنے کا زبردست ہتھیار صحابۂ کرام کی سنتِ متوارثہ سے استنباط کر کے عنایت فرمارہے ہیں، حالانکہ صحابہ کرام کے نفوسِ مقدسہ اس گھمنڈ سے بالاتر تھے، ان کے پیش نظر ہرگز ہرگز وہ عصبیت نہیں تھی جن کا آج دنیا میں پرچار ہے، انہوں نے اقوامِ مفتوحہ کی جس قدر حفاظت فرمائی، ان کو پروان چڑھایا، ان کو ذہنی، علمی، اخلاقی، معاشی، صنعتی، بین الاقوامی، ہر نوع کی ترقی دی، ان کے کمالات کی تکمیل کی، ان کو انسانیت کے بلند مقام پر پہنچایا، آج دنیا میں کوئی قوم اس کا خواب بھی نہیں دیکھ رہی ہے، آپ کی اس تشبیہ سے ان پاکیزہ نفوس کی پوزیشن کس قدر مجروح ہوجاتی ہے؟

۴.....ایمان باللہ سے اعراض کرنے کو کس نے کہا اور محض خطبہ کی زبان پر عربی کی ترویج کو کس نے منحصر کیا ہے؟ ایمان باللہ کی تکمیل کیلئے تدریس، تذکیر، تلقین، تبلیغ کی صورتیں اختیار کی جاچکی ہیں، آج بھی دنیا میں رائج ہے اور بے شمار مخلوقِ خدا فیضیاب بھی ہورہی ہے، البتہ جن کو علم سے عناد ہے یا جہلِ مرکب میں گرفتار ہیں وہ پہلے بھی محروم رہے اور اب بھی محروم ہیں۔

۵.....میں پہلے عرض کرچکا ہوں، آپ بتایئے کہ جو ساری جہالت دور کرنے کا ذریعہ صرف خطبۂ جمعہ کو قرار دے اور کہے کہ نہ کسی مدرسے میں جاؤں گا، نہ کوئی کتاب پڑھوں گا، نہ تبلیغی جماعت کے ساتھ شرکت کروں گا، نہ وعظ سنوں گا بلکہ خطبہ میں سارا دین سیکھوں گا تو وہ کس قدر جہالت میں گرفتار ہے، ہفتہ بھر میں ایک مرتبہ لفظ ''سبحان اللّٰہ'' عربی میں نہ سہی اس کا ترجمہ اردو میں سن کر وہ کتنا دین حاصل کرے گا، آپ نے وہیں پہنچ کر منزل کردی کہ ''پھر ایک کلمہ سن کر خلوصِ نیت کی شرط کے ساتھ تریاق کا کام انجام دے سکتا ہے''،

= من شعائر الإسلام، و قد كان أكثرهم لا يعرفون اللغة العربية، ومع ذلك لم يخطب لهم أحدٌ منهم بغير العربية''. (مجموعة رسائل اللكنوى رحمه الله تعالىٰ، رسالة آكام النفائس : ۴/۴۷، إدارة القرآن، كراچى)

Made Searchable using ScribeTools.com

سو کچھ مضائقہ نہیں، اس نظریہ کی رعایت بھی اصل جواب میں کر لی گئی تھی، شاید آپ نے طائرانہ نظر سے اس کو پڑھا تھا، نظر غائر نہیں ڈالی، اس میں یہ عبارت بھی درج ہے: ''یہ بھی ممکن ہے کہ خطبہ سے پہلے یا جمعہ کے بعد وعظ کہد یا جایا کرے جس میں دین کے ضروری عقائد واحکام بیان کر دیئے جایا کریں اور خطبہ میں جو کچھ پڑھا اور سنایا جاتا ہے اس کا مطلب بھی بتا دیا جایا کرے اس کی کہیں ممانعت نہیں (خطبوں کا ترجمہ بھی اردو میں کر دیا گیا ہے)(۱)۔

۶.....آپ فرماتے ہیں: ''اس شعار اسلامی کو خدارا نہ مٹایئے''۔ شعار اسلامی وہ ہے کہ جس کو حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اختیار فرمایا اور آپ کے خلفائے راشدین اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور تابعین، ائمۂ مجتہدین، فقہائے محدثین اولیاء اللہ، صالحین رحمہم اللہ تعالیٰ نے اختیار فرمایا اور تقریباً پونے چودہ سو سال سے شرقاً وغرباً شمالاً وجنوباً تمام امت نے اختیار کیا یعنی عربی خطبہ پڑھنا (۲) جس کو آپ مٹا رہے ہیں، لہٰذا اس شعارِ اسلامی کو خدارا نہ مٹایئے، وہ ہرگز ہرگز شعار اسلامی نہیں جس کو آپ تجویز کر رہے ہیں یعنی اردو میں خطبہ پڑھنا۔

۷.....آپ کے خط کا جواب دفتر ''نظام'' میں بھیجتا ہوں اس کی اشاعت اربابِ نظام کی صوابدید پر ہے۔ والسلام۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، مدرسہ جامع العلوم کانپور۔

الخطبة بغير العربية

سوال[۳۷۸۲]: ما قولكم دام فضلكم فى خطبة العربية المترجمة فى لسان العجم هل تجوز عند الأحناف بغير كراهة أم لا؟ فإن جازت فهل جوازها بالكراهة التحريمية أو التنزيهة أو بدونها؟ بينوا طريق الحق ياأهل الحق۔

الجواب حامداً ومصلياً:

السنة المتوارثة فى خطبة الجمعة هى أن تكون بالعربية والخطبة بغير العربية سواء كانت مترجمة بالهندية أو بالفارسية أو بغيرهما لكونهما خلاف السنة بدعة مكروهة، قال

---

(۱) (راجع، ص: ۲۲۵، رقم الحاشية: ۳)

(۲) (راجع، ص: ۲۳۳، رقم الحاشية: ۱)

مولانا ولی اللّٰہ المحدث الدهلوی فی المصفی شرح المؤطا:

"لـمّـا لاحـظنا خُطب النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم وخلفاء ه رضی اللّٰہ تعالیٰ عنهم وهـلـم جـراً، فـنجد فیها وجود أشیاء: منه الحمد والشهادتین والصلوة علی النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ عـلیـه وسـلـم والأمـر بـالتقوی و تلاوة آیة والدعاء للمسلمین و للمسلمات وکون الخطبة عربیةً ..... وأمـا کـونهـا عـربیةً فـلاستـمـرار عـمـل الـمسـلـمیـن فی المشارق والمغارب أن فی .....کثیر من الأقالیم کان المخاطبون أعجمین، اهـ"(۱)۔

قال فی آکام النفائس :"الخطبة بالفارسیة التی أحدثوها واعتقدوا حسنها، لیس الباعث إلیهـا إلا عـدم فهـم العجم اللغة العربیة، و هذا الباعث قد کان موجوداً فی عصر خیرالبریة، وإن کـانـت فـی اشتبـاه فـلاً اشتبـاه فی عصر الصحابة والتابعین و من تبعهم من الأئمة المجتهدین، حیـث فُتحت الأمصار الشاسعة والدیار الواسعة وأسلم أکثر الحبش والروم والعجم وغیرهـم من الأعـجـام، و حـضروا مجالس الجُمُع والأعیاد و غیرها من شعائر الإسلام، وقد کان أکثرهم لا یـعـرفـون الـلغة العربیة و مع ذلك لم یخطب أحد منهم بغیر العربیة. ولما ثبت وجود الباعث فی تـلك الأزمنة و فقد ان المانع والتکاسل ونحوه معلوم بالقواعد المبرهنة، لم یبق إلا الکراهة التی هی أوفی درجات الضلالة"(۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۶/۵/۵۹ھ۔

ایضاً

سـوال[۳۷۸۳] : ۱.....خطبہ جمعہ کا محض عربی زبان میں ہو یا اس کے ساتھ ترجمہ اور وعظ بھی ہو، اگر وعظ ہو تو کیسا ہے؟

---

(۱) "چـون خـطـبِ آن حـضـرت صـلـی اللہ تعالیٰ علیه وسلم و خلفاء و هلم جرا ملاحظه کردیم، تنقیحِ آں وجـود چـندچیز است ..... و عربی بودنِ خطبه ..... و عربی بودن نیز بجهتِ عملِ مستمرۂ مسلمین در مشـارق و مـغارب باوجود آنکه در بسیارے از اقالیم مخاطبان عجمی بودند". (مصفی شرح مؤطا ، باب التشدید علی من ترک الجمعة بغیر عذر، ص:۱۵۴ ، کتب خانه رحیمیه سنهری مسجد دهلی)

(۲) (مجموعة رسائل اللکنوی رحمه اللہ تعالیٰ، رسالة آکام النفائس : ۴۷/۴، إدارة القرآن، کراچی)

Made searchable using ScribeTools.com

۲.....خطبہ کس قدر طویل ہو؟

۳.....عام مقتدی اگر وعظ یا ترجمہ کی طوالت سے گھبرا جائیں تو خطیب کو کیا کرنا چاہئے؟

۴.....کیا خطیب کا پابند ہونا کہ ترجمہ یا وعظ ضرور کروں گا جائز ہے جب کہ مقتدی روک نہیں رہے ہوں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....خطبہ محض عربی زبان میں ہونا لازم ہے اس کا ترجمہ کرنا یا اس کے ساتھ اَور کسی زبان میں مستقل وعظ کہنا جائز نہیں، اگر اتفاقیہ طور پر کوئی وقتی مسئلہ اثنائے خطبہ میں حاضرین کو سمجھا دیا جائے تو درست ہے(۱)۔ مولانا عبدالحیٔ لکھنوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے مستقل رسالہ اس مضمون پر تحریر فرمایا ہے(۲)۔ مصفی شرحِ مؤطا امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ میں حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ نے لکھا ہے:

"چوں خطبِ آن حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و خلفاء و ہلم جرا ملاحظہ کردیم، تنقیحِ آں وجود چندچیز است: حمد و شہادتین، و صلوۃ بر آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، وامر بتقوی، و تلاوتِ قرآن پاک، ودعائے مسلمین و مسلمات، و عربی بودن خطبہ، وعربی بودن نیز بجہتِ عملِ مستمرۂ مسلمین در مشارق و مغارب

---

(۱)"عن جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: لما استوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یوم الجمعۃ قال: "اجلسوا" فسمع ذلک ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ، فجلس علی باب المسجد، فرآہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال: "تعال یا عبد اللہ بن مسعود!". (سنن أبی داؤد، کتاب الصلاۃ، باب الإمام یکلم الرجل فی خطبتہ: ۱/۱۵۶، دار الحدیث ملتان)

"قال الطیبی رحمہ اللہ تعالیٰ: فیہ دلیل علی جواز التکلم علی المنبر، وعندنا کلام الخطیب فی أثناء الخطبۃ مکروہ إذا لم یکن أمراً بالمعروف". (بذل المجہود، کتاب الصلاۃ، باب الإمام یکلم الرجل الخ: ۲/۱۸۱، امدادیہ ملتان)

"و یکرہ تکلمہ فیہا إلا لأمر بمعروف؛ لأنہ منہا". (الدرالمختار، کتاب الصلاۃ، باب الجمعۃ: ۲/۱۴۹، سعید)

"و یکرہ للخطیب أن یتکلم فی حالۃ الخطبۃ ..... إلا إذا کان الکلام أمراً بالمعروف فلایکرہ". (بدائع الصنائع، کتاب الصلاۃ، محظورات الخطبۃ: ۱/۵۹۷، رشیدیہ)

(۲)(آکام النفائس فی أداء الأذکار بلسان الفارس، مجموعۃ رسائل اللکنوی: ۴/۴۷، إدارۃ القرآن کراچی)

باوجود آنکه در بسیارے از أقالیم مخاطبان عجمی بودند"(۱).

۲.....طوالِ مفصل کی ایک سورت کے برابر یا اس سے کم، اس سے زیادہ طویل کرنا مکروہ ہے: "وتكره زيادتهما على قدر سورة من طوال المفصل، اهـ". درمختار: ۱/۵٦۷ (۲)۔ سورۂ حجرات سے سورۂ بروج تک کی سورتیں طوالِ مفصل ہیں۔

۳.....خطیب کی یہ ضد، سنتِ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وعملِ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم وطریقِ سلف و تصریحاتِ فقہاء کے خلاف ہے، خطیب کو اس ضد کا ترک کرنا لازم ہے، اگر وعظ کہنا ہے تو خطبہ سے پہلے وعظ کہہ دیا جائے (۳) اور خطبہ کے بعد دس منٹ سنتوں کے لئے وقفہ دے کر پھر خطبہ خاص عربی میں سنت کے موافق پڑھا جاوے، تاکہ خطیب کا مقصد بھی پورا ہو جائے اور خلافِ سنت کا اشکال بھی باقی نہ رہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) (مصفى شرح مؤطا، باب التشديد على من ترك الجمعة من غير عذر، ص: ۱۵۴، كتب خانه رحيميه سنهرى مسجد دهلى)

(۲) (الدر المختار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۴۸، سعيد)

"عن عمار بن ياسر رضى الله تعالىٰ عنه، قال: أمَرَنا رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بإقصار الخطب". (سنن أبى داؤد، كتاب الصلاة، باب إقصار الخطب: ۱/۱۵۷، ۱۵۸، دار الحديث ملتان)

"وأما سنن الخطبة ..... و منها: أن لا يطول الخطبة؛ لأن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أمر بتقصير الخطب". (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، وأما سنن الخطبة: ۱/۵۹۲، رشيديه)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۲۵۹، رشيديه)

(۳) "و أخرج ابن عساكر رحمه الله تعالىٰ عن حميد بن عبد الرحمن أن تميمًا الدارى رضى الله تعالىٰ عنه استأذن عمر رضى الله تعالىٰ عنه فى القصص سنين، فأبى أن ياذن له فاستأذن فى يوم واحد، فلما أكثر عليه، قال له: ما تقول؟ قال: أقرأ عليهم القرآن، وآمرهم بالخير، وأنهاهم عن الشر. قال عمر رضى الله تعالىٰ عنه: ذلك الذبح، ثم قال: عِظْ قبل أن أخرج فى الجمعة. فكان يفعل ذلك يوماً واحداً فى الجمعة". (الموضوعات الكبرى، مقدمة، فصل: ولما كان أكثر القصاص والوعاظ، ص: ۲۰، نور محمد اصح المطابع، كراچى)

تنبيه: ذكر الملاعلى القاري رحمه الله تعالىٰ هذا الحديث فى مقدمة الموضوعات الكبرى، لكنه ليس بموضوع بل هو من مستدلاته على عدم جواز بيان القصص الطويلة التى لا ضرورة إلى بيانها، بل الأحسن أن يكون الوعظ مختصراً جامعاً خالياً عن الحشو والزوائد على طريق الإيجاز. انظر (الموضوعات الكبرى، المقدمة، فصل: و لما كان أكثر القصاص والوعاظ، ص: ۲۰، نور محمد اصح المطابع) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

ایضاً

سوال[۳۷۸۴]: ہمارے شہر میں ایک رسم معتقد علیہ یہ پڑی ہوئی ہے کہ جمعہ کا خطبہ اردو میں بھی ہو، ورنہ فساد کا حق الیقین ہے، ایسی حالت میں زید جو کہ مسائل سے واقف ہے اردو میں بھی خطبہ ادا کرسکتا ہے، اگر نہیں کرتا تو عموم بلوی کا اندیشہ ہے، اب سوال یہ ہے کہ زید کو کونسا راستہ اختیار کرنا چاہئے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اردو میں خطبہ مکروہ تحریمی ہے(۱)"من ابتلی ببلیتین فلیختر أهونهما" (۲)۔ واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

= (وكذا في الصحيح لمسلم، كتاب الإيمان ، باب، إن الدين النصيحة ۱/۵۴، قديمي)

"قال الإمام النووي رحمه الله تعالىٰ : "وأما نصيحة عامتهم و هم مَن عَدا وُلاة الأمر ، فإرشاد هم لمصالحهم في آخر تهم و دنياهم، و كف الأذى عنهم، فيعلّمهم ما يجهلونه من دينهم و دنياهم ..... والنصيحة لازمة على قدر الطاقة إذا علم الناصح أنه تقبل نصحه و يطاع أمره الخ". (الصحيح لمسلم مع شرحه الكامل للنووي، كتاب الايمان ، بابّ: إن الدين النصيحة: ۱/۵۴، قديمي)

(۱) "الخطبة الفارسية التي أحدثوها واعتقدوا حسنها، ليس الباعث إليها إلا عدم فهم العجم اللغة العربية، و هذا الباعث قد كان موجوداً في عصر خيرالبرية، وإن كانت في اشتباه فلا اشتباه في عصر الصحابة والتابعين و من تبعهم من الأئمة المجتهدين، حيث فُتحت الأمصار الشاسعة والديار الواسعة، وأسلم أكثر الحبش والروم والعجم وغيرهم من الأعجام، وحضروا مجالس الجمع والأعياد و غيرها من شعائر الإسلام، و قد كان أكثرهم لا يعرفون اللغة العربية، ومع ذلك لم يخطب أحدٌ منهم بغير العربية ولما ثبت وجود الباعث في تلك الأزمنة و فقد ان المانع والتكاسل ونحوه معلوم بالقواعد المبرهنة، لم يبق إلا الكراهة التي هي أدنى درجات الضلالة". (مجموعة رسائل اللكنوي رحمه الله تعالىٰ، رسالة آكام النفائس : ۴/۴۷، إدارة القرآن، كراچي)

"لا شك في أن الخطبة بغير العربية خلاف السنة المتوارثة من النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و الصحابة رضي الله تعالىٰ عنه، فيكون مكروهاً تحريماً". (عمدة الرعاية على هامش شرح الوقاية، كتاب الصلاة، باب الجمعة ، (رقم الحاشية:۲) : ۱/۲۰۰، سعيد)

(۲) (الأشباه والنظائر ، (رقم القاعدة : ۳۵) : ۱/۲۸۶، إدارة القرآن كراچي)

"عن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها قالت:ما خُيّر رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بين =

Made Searchable by ScribeTools.com

8

اردو میں خطبہ

سوال[۳۷۸۵]: کیا اردو میں خطبہ دینا جائز ہے، بعض حضرات کہتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مخاطب عربی دان تھے اور ہمارے مخاطب عربی دان نہیں اس لئے خطبہ اردو میں دے رہے ہیں۔ کیا یہ صحیح ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

خطبۂ جمعہ عربی ہی میں ہونا متوارث ومتواتر رہا ہے، صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے بلادِ عجم کو فتح کیا وہاں بھی خطبہ عربی ہی میں دیا ہے، تمام دنیا میں یہی طریقہ چلا آیا ہے، حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے مؤطا امام مالک کی شرح میں ایسا ہی لکھا ہے (۱)۔ زیادہ تفصیل ''آکام النفائس'' میں ہے (۲)۔ ہندوستانی علماء کے متعدد رسائل تحقیق الخطبہ والجمعۃ وغیرہ اس مسئلہ پر شائع ہو چکے ہیں، ماہنامہ ''نظام'' میں بھی اس پر دو مرتبہ مفصل بحث آچکی ہے، سائل نے اردو میں خطبہ دینے کے مصالح وضروریات پر بہت زور دیا تھا اور اس کے لئے عقلی ونقلی دلائل کی بھی تفتیش کی تھی اور عربی میں خطبہ دینے کو بیکار، غلط اور مضر بتایا تھا ان سب کا جواب رسالہ نظام میں شائع کیا جا چکا ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

مذہبِ شافعی میں خطبۂ جمعہ کا ترجمہ

سوال[۳۷۸۶]: مذهب الشافعي رحمه الله تعالىٰ نرجو منكم جواباً في كتب الفقه من

= الأمرين إلا اختار أيسرهما مالم يكن فيه مأثم". (مسند أحمد (رقم الحديث : ۲۵۲۲۸) :۷/۲۹۹، دارإحياء التراث)

(۱) "چوں خطبِ آن حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و خلفاء و ہلم جرا ملاحظہ کردیم، تنقیحِ آں وجودِ چندچیز است: حمد و شہادتین و صلوۃ..... وعربی بودنِ خطبہ ..... و عربی بودن نیز بجہتِ عملِ مستمرۂ مسلمین در مشارق و مغارب باوجود آنکہ در بسیارے از اقالیم مخاطبان عجمی بودند". (مصفی شرح مؤطا، باب التشدید علی من ترک الجمعة بغیر عذر، ص: ۱۵۴، کتب خانه رحیمیه سنهری مسجد دهلی)

(۲) (آکام النفائس من مجموعة رسائل اللکنوی رحمه الله تعالیٰ: ۴/۴۷، إدارة القرآن، کراچی)

Made searchable using ScribeTools.com

مذهب الشافعی رحمه اللّٰه تعالیٰ عن ترجمة توابع خطبة الجمعة الأولیٰ بلا تطویل، وهل یستوی ترجمة توابع الخطبة علی المنبر؟ و ما ذا حکم ترجمة الأرکان فی مذهب الشافعی رحمه اللّٰه تعالیٰ وأقوال أصحابه؟ نرجو منکم جواباً من کتب الفقه من مذهب الشافعی رحمه اللّٰه تعالیٰ۔

الجواب باسمه تبارك و تعالیٰ حامداً و مصلیاً:

قال الإمام النووی رحمه اللّٰه تعالیٰ فی المنهاج و شارحُه ابن حجر المکی فی تحفة المحتاج: "و یشترط کونها: أی الأرکان دون ما عداها عربیة الاتباع نعم إن لم یکن یفهم من یحسنها و لم یکن تعلمها قبل ضیق الوقت خطب منهم واحد بلسانهم، وإن أمکن تعلمها و جب علی کل منهم، فإن مضت مدة إمکان تعلم واحد منهم و لم یتعلم عضوا کلهم و لا جمعة لهم بل یصلون الظهر اهـ". و قال محشیه: "(قوله: دون ما عدا ها) یفید أن کون ما عدا الأرکان من توابعها بغیر العربیة لا یکون مانعاً من الموالات کالسکوت بین الأرکان إذا طال (قوله: بلسانهم): أی ماعدا الآیة، فیأتی ما تقدم و لا یترجم عنها": ۲/ ۵٤۰(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دار العلوم دیوبند، ۳/۱/۹۵ھ۔

ترجمۂ خطبۂ عربیہ

سوال[۳۷۸۷]: أردنا أن نفهم مسئلة ترجمة الخطبة العربیة یوم الجمعة والعیدین بغیر العربیة، فهل یجوز أن یکون الأرکان بغیرالعربیة أم لا؟ و هل یجوز غیرالأرکان من التوابع بغیر العربیة أم لا؟ وإن قلتم بالجواز، هل یکون ذلك خلاف الأولیٰ أو مع الکراهة أو بلا کراهة أم لا؟ أفتونا علیٰ مذهب الإمام الأعظم أبی حنیفة النعمان رحمة اللّٰه علیه، و علیٰ مذهب الإمام الشافعی رحمة اللّٰه علیه تفصیلاً مع بیان المآخذ من کتب الحنفیة والشافعیة للمتقدمین والمتأخرین؟

---

(۱) (منهاج الطالبین و عمدة المفتیین للإمام النووی رحمه الله تعالیٰ، کتاب الصلاة، الجماعة، باب صلاة الجمعة، ص: ۱۹، مصطفی البابی الحلبی مصر)

الجواب حامداًو مصلیاً:

خطبة الجمعة لا بد أن تكون من أولها إلى آخرها باللغة العربية، وتكره تحريماً بغير العربية مكروهة تحريماً هذا عند الأحناف، كذا فی عمدة الرعاية(۱) وآكام النفائس(۲)، وأما الشافعية فهم يقولون باشتراط العربية للأركان دون التوابع، كذا فی إعانة الطالبين و تحفة المحتاج"(۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۹/۴/۹۵ھ۔

---

(۱)"لا شک فی أن الخطبة بغير العربية خلاف السنة المتوراثة من النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم والصحابة رضی اللہ تعالیٰ عنه، فيكون مكروها تحريماً". (عمدة الرعاية على هامش شرح الوقاية، كتاب الصلاة، باب الجمعة، (رقم الحاشية، ۲): ۱/ ۲۰۰، سعيد)

(۲) "الخطبة بالفارسية التی أحدثوها واعتقدوا حسنها، ليس الباعث إليها إلا عدم فهم العجم اللغة العربية، و هذا الباعث قد كان موجوداً فی عصر خيرالبرية، وإن كانت فی اشتباه فلا اشتباه فی عصر الصحابة والتابعين و من تبعهم من الأئمة المجتهدين، حيث فُتحت الأمصار الشاسعة والديار الواسعة وأسلم أكثر الحبش والروم والعجم وغيرهم من الأعجام، وحضروا مجالس الجُمُع والأعياد و غيرها من شعائر الإسلام، و قد كان أكثرهم لا يعرفون اللغة العربية و مع ذلک لم يخطب أحدٌ منهم بغير العربية. و لما ثبت وجود الباعث فی تلک الأزمنة و فقدان المانع والتكاسل ونحوه معلوم بالقواعد المبرهنة، لم يبق إلا الكراهة التی هی أوفی درجات الضلالة". (مجموعة رسائل اللكنوی رحمه اللہ تعالیٰ، رسالة آكام النفائس: ۴/۱۴۷، إدارة القرآن، كراچی)

(۳) "(و) شرط فيهما (عربية) لاتباع السلف والخلف وفائدتها بالعربية مع معرفتهم لهاالعلم بالوعظ فی الجملة الخ".

"(قوله: وشرط فيهما): أی فی الخطبتين؛ والمراد أركانهما كمافی التحفة، وعبارتهما مع الأصل: و يشترط كونها: أی الأركان دون ما عداها عربية. (قوله: لاتباع السلف والخلف) تعليل لاشتراط كونهما بالعربية: أی شرط ذلک لاتباع السلف و الخلف لوجوب اتباعهم ..... و مرّ أن السلف هم الصحابة و عم الخلف من عداهم". (إعانة الطالبين للعلامة السيد البكری، فصل فی صلاة الجمعة مطلب: شروط الخطبتين: ۲/ ۶۹، دار إحياء التراث العربی بيروت)

Made searchable using ScribeTools.com

خطبۂ جمعہ حاضرین کی زبان میں

سوال[۳۷۸۸]: جمعہ کا اجتماع اور حکم خطبہ مسلمانوں کے فلاحِ دارین کا وسیلۂ عظمیٰ تھا، اس سے مقصود یہ تھا کہ ہفتے میں ایک بار لوگوں کو ان کی حالت اور ضرورت کے مطابق اسلام وارشاد کی دعوت دی جائے اور امر بالمعروف ونہی عن المنکر کا ایک دائمی ذریعہ، خطبہ دراصل ایک وعظ تھا جیسا کہ وعظ ہوتا ہے، آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد خلفائے راشدین اور صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا بھی یہی عمل رہا اور تمام عربی حکومتیں جو اس کے بعد قائم ہوئیں ان میں بھی خلفاء اور سلاطین کو مساجد کے منبروں پر وعظ کرتے ہوئے تاریخ میں دیکھا جاسکتا ہے۔

اب خطبے کے معنی یہ رہ گئے ہیں کہ عربی زبان میں ایک چھپی ہوئی کتاب جو بازار سے خرید لی جائے اور الف لیلہ کی طرح اس میں غلط سلط پڑھ کر سنادیا جائے، آواز بشدت کریہہ ہو اور لب ولہجہ میں عربیت پیدا کرنے کے لئے ہر جگہ تفخیم وثقالت سے کام لیا جائے، بعض لوگ قرآن شریف کی حاصل کردہ قرأت کو اس میں بھی صَرف کرتے ہیں اور پھر جو شخص ہر لفظ کے آخر حروف کو پوری سانس میں کھینچ کر پڑھ دے وہ سب سے بڑا قاری ہے، بسا اوقات غریب پڑھنے والا بھی نہیں جانتا کہ میں کیا پڑھ رہا ہوں۔ الف لیلہ کی رات کا ایک لفافہ، قلیوبی کی کوئی حکایت ہے یا ارشاد وہدایتِ امت کا وہ عظیم وجلیل عملِ اقدس جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے منبر پر کھڑے ہوکر مجھ کو انجام دینا پڑتا ہے، پھر سننے والوں کی مصیبت کا کیا پوچھنا، کوئی اونگھتا ہے، کوئی اپنے ساتھیوں سے صبح کے بازار کا بھاؤ پوچھتا ہے۔

یہ تمسخر انگیز تذلیل وتحقیر ہے، اس مذہبِ عظیم کے اعمالِ دینیہ کی جس کے داعیٔ اول نے اپنے خطبات ومواعظ سے ایک بادیہ نشین قوم کو روم وایران کے تمدن کا مالک بنادیا تھا، ﴿فما كان الله ليظلمهم ولكن كانوا أنفسهم يظلمون﴾(۱)۔ جو خطباتِ عربیہ آج کل رائج ہیں تقریباً میں نے ان سب کو پڑھا ہے وہ اس وقت کے لئے بھی موزوں نہ تھے جس وقت کے لئے لکھے گئے تھے پھر آج کل کی حالت کا کیا۔ دوم خطبہ کا یہ مطلب کس نے بتلادیا ہے کہ صرف جمعہ وعیدین کے چند مسائل بیان کردیئے جائیں اور کہہ دیا جائے کہ ایک دن

---

(۱) (سورۃ العنکبوت: ۲۰/۴۰)

مرنا ہے، پس ڈرو اور موت کو یاد کرو، بیشک موت کو یاد کرنے سے بڑھ کر انسان کے لئے کوئی نصیحت نہیں ہوسکتی، "كفاك بالموت"، لیکن صرف یہ کہہ دینا لوگوں کے لئے کافی نہیں ہے، موت کی یاد کے ساتھ ان کو اس زندگی کا طریقہ بھی بتلانا چاہیئے کہ تذکرۂ آخرت کے ساتھ مل کر ان کو دونوں جہانوں میں نجات مل سکتی ہے۔

بڑا مسئلہ زبانِ کا ہے اور ضروری ہے کہ ایک مختصر سے خطبۂ ماثورہ کے بعد وعظ اس زبان میں ہو جو سامعین کی زبان ہے، چنانچہ قرآن کریم کی یہ آیت مؤید ہے: ﴿وما أرسلنا من رسول إلا بلسان قومه﴾ (۱) قوم کی زبان ہی معیار ہے ارسال رُسل کے لئے۔ مطلب یہ ہوا کہ رسول اور امت دونوں کو ہمزبان ہونا لازم ہے: ﴿ولو جعلناه قرآناً أعجمياً﴾ الخ (۲) آیت میں بھی اس کو ملحوظ فرمایا گیا ہے، پھر کیوں خطبہ کو اصول بالا کے ماتحت اور مخاطبین کی زبان کے موافق ہونا ضروری نہیں ہے؟ ان ہی ارشادوں کا نتیجہ تھا کہ امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ نے عربیت کو کسی جگہ بھی ضروری نہیں فرمایا ہے، مگر صرف قرأت فی الصلوۃ میں شریعت نے کیسی عمدہ مصلحت اس میں رکھی کہ جمعہ کے خطبہ کو نمازِ فرض کا قائم مقام قرار دیا اور اس کی سماعت کو فرض بتلایا۔

امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک دونوں خطبوں کا سماع واجب ہے اور امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک صرف پہلے کا، اس وقت نماز پڑھنا بھی جائز نہیں اس سے مقصود وہی تھا کہ لوگ عمل وعبادت کی طرح نصائح وہدایت کو بھی سنیں، پھر ان نصائح کو ایسا اہم ہونا چاہئے کہ مصروفیتِ نماز سے بھی اقدم وانفع ہوں۔ کیا یہ خطبات جو آج کل دیئے جاتے ہی نہیں بلکہ اٹک اٹک کر پڑھے جاتے ہیں اور لوگ بیٹھے ہوئے اونگھتے ہیں، یہی وہ مواعظ ہیں جن کی سماعت فرض اور ان کی موجودگی میں نماز تک ممنوع ہے؟

الجواب حامداً ومصلياً:

بہتر ہے کہ اس سوال کی تفصیل اور اس کا جواب ماہنامہ "نظام" جولائی ۶۰ء، اکتوبر ۶۰ء میں ملاحظہ فرمالیں، اور پھر اس کا جواب بھی ہے۔

---

(۱) (سورة إبراهيم : ۱۳/۴)

(۲) (سورة حمٓ السجدة: ۴۱/۴۴)

Made Searchable using ScribeTools.com

تاہم جواباً عرض ہے کہ قرآن کریم میں خطبہ کوذکراللہ سے تعبیر کیا گیا ہے، ارشاد ہے: ﴿فاسعوا إلى ذكر الله﴾ (۱)، ذکراللہ میں اصل الفاظ وہ ہیں جومہبطِ وحی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے صادر ہوئے اور عربی زبان میں ہیں، اس لئے یہ خطبہ عربی ہی میں دیا جاتا ہے، خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے بھی اس کی پابندی کی، بلادِ عجم میں بھی اس کورواج دیا (۲)۔ تو یوں سمجھیے کہ یہ سرکاری زبان ہے مخاطبین کی خاطر اس کوتبدیل نہیں کیا جائے گا بلکہ مخاطبین سے کہا جائے گا کہ وہ عربی زبان سیکھیں (۳)، اتنی رعایت بھی کی جائے کہ خطبہ سے قبل یا بعد نماز ان کی زبان میں خطبہ کے مضامین کو سمجھا دیا جائے اور دیگر ضروری اعتقادی، اخلاقی، عملی، معاشرتی امور کو بطورِ وعظ بیان کردیا جائے (۴)، اگر خطبہ سے پہلے یہ سلسلہ ہو تو اذانِ خطبہ سے دس منٹ

---

(۱) (سورة الجمعة: ۹/۲۸)

(۲) "چوں خطب آن حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم و خلفاء و هلم جرا ملاحظه کردیم، تنقیح آں وجود چندچیز است..... وعربی بودن خطبه" .....و عربی بودن نیز بجهتِ عملِ مستمرهٔ مسلمین در مشارق و مغارب باوجود آنکه در بسیارے از اقالیم مخاطبان عجمی بودند". (مصفی شرح مؤطا، باب التشدید علی من ترک الجمعة بغیر عذر، ص: ۱۵۴، کتب خانه رحیمیه سنهری مسجد دهلی)

(وکذا فی مجموعة رسائل اللکنوی رحمه اللہ تعالیٰ، رسالة آکام النفائس : ۴۷/۴، إدارة القرآن، کراچی)

(۳) "والحل هذا المقام و به یتم الإلزام أنه کما وضعت الخطبة للتعلیم وأمر الخطباء و العلماء بالتفهیم، کذلک أمر الجاهلون بطلب العلم حیث قال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "طلب العلم فریضة علی کل مسلم" ..... و لما کانت أکثر شریعتنا بالعربیة یلزم علی الناس أن یتعلموا اللسان العربی بقدر الحاجة، ما یرتفع به الحاجة فإن ما لا یتم الواجب إلا به واجبٌ ..... فإذا لم یفهم الحاضرون الخطبة العربیة فإلزام عدم الفهم عائد إلیهم لا إلی الخطباء، و لا یلزم للخطباء أن یغیروا اللسان العربی ویخطبوا بلسانٍ یفهمه الجهلاء". (مجموعة رسائل اللکنوی رحمه اللہ تعالیٰ، رسالة آکام النفائس : ۴۷/۴، إدارة القرآن، کراچی)

(۴) "وأخرج ابن عساکر رحمه اللہ تعالیٰ عن حمید بن عبد الرحمن أن تمیماً الداری استأذن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنهما فی القصص سنین، فأبی أن یأذن له، فاستأذن فی یوم واحد، فلما أکثرعلیه، قال له: ما تقول ؟ قال: أقرأ علیهم القرآن وآمرهم بالخیر وأنهاهم عن الشر، قال عمر رضی اللہ تعالیٰ عنه: ذلک الذبح، ثم قال: عِظ قبل أن أخرج فی الجمعة، فکان یفعل ذلک یوماً واحداً فی الجمعة". =

قبل وعظ ختم کر کے سنتوں کا موقع دیا جائے، عربی میں خطبہ کا ہونا شعار کی حیثیت اختیار کر چکا ہے اس کو ختم نہ کیا جائے، نیز غیر شعار کو بھی اس کے ساتھ مخلوط نہ کیا جائے۔

قرآن کریم میں حکم ہے: ﴿أقیموا الصلوۃ﴾ (۱) یہ بنیادی چیز ہے، دوسری آیت میں ہے: ﴿إن الصلوۃ تنھی عن الفحشاء والمنکر﴾ (۲)۔ جو لوگ عربی نہیں جانتے، کیا ان کے لئے آپ کہہ دیں گے کہ اپنی مادری زبان میں نماز پڑھا کریں، غیر مفہومہ زبان کو ذریعۂ ادا نہ بنا دیا جائے۔

خطبات میں جہاں تک میں نے دیکھا حمد، صلوۃ، خطاب، تلاوت، دعاء یہی چیزیں ہوتی ہیں اور حدیث شریف کے بھی مضامین ہوتے ہیں، جملے کے جملے حدیث شریف کے ہوتے ہیں، قرآن پاک کی آیات ہوتی ہیں (۳)۔ آپ نے ان سب کو الف لیلہ کے ساتھ تشبیہ دیدی، غور کیجئے اس تشبیہ کی زد کہاں پڑتی ہے۔

اگر رسول وامت کا ہم زبان ہونا ضروری ہے اور آپ کا یہی عقیدہ ہے تو پھر آپ کے نزدیک رسول

= وروی الطبرانی بسند جید عن عمرو بن دینار: "أن تمیماً الداری استأذن عمر فی القصص، فأبی أن یأذن له ثم استأذنه". الحدیث. (الموضوعات الکبری، مقدمة، فصل: ولما کان أکثر القصاص والوعاظ، ص: ۲۰، نور محمد اصح المطابع)

(وبمعناه فی الصحیح لمسلم، کتاب الایمان، باب، إن الدین النصیحة: ۱/۵۴، قدیمی)

تنبیه: ذکر الملاعلی القاري رحمه الله تعالیٰ: هذا الحدیث فی مقدمة الموضوعات الکبری ولکنه لیس بموضوع بل هو من مستدلاته علی عدم جواز القصص الطویلة التی لا ضرورة إلی بیانها.

(۱) (سورة البقرة: ۱/۴۳)

(۲) (سورةالعنکبوت: ۲۱/۴۵)

(۳) "ینبغیٰ أن یخطب خطبةً خفیفةً یفتتح بحمد الله تعالیٰ و یثنی علیه و یتشهد و یصلی علی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و یعظ و یذکر و یقرأ سورةً، ثم یجلس جلسةً خفیفةً، ثم یقوم فیخطب خطبةً أخری یحمد الله تعالیٰ و یثنی علیه و یتشهد و یصلی علی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و یدعو للمؤمنین والمؤمنات". (البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۲۵۸، رشیدیه)

(وکذا فی رد المحتار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۴۹، سعید)

(وکذا فی مصفیٰ شرح مؤطا، کتاب الصلوة، باب التشدید علی من ترک الجمعة بغیر عذر، ص: ۵۴، کتب خانه رحیمیه، دهلی)

Made searchable using ScribeTools.com

اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رسالت عرب ہی کے لئے مخصوص ومنحصر ہوگی، جیسا کہ یہود ونصاریٰ کا بھی یہی عقیدہ ہے اوراسی بناپرسیدھے لوگوں کوقبولِ اسلام سے انہوں نے روکا کہ اگر وہ تمہارے رسول ہوتے تو تمہاری زبان بولتے (۱)، حالانکہ آپ کی رسالت عرب، عجم، اسود، احمر، جن وانس سب کی طرف ہے (۲)، کسی ہندی، سندھی، چینی، جاپانی کو یہ کہنے کا حق نہیں کہ ہمارے ہم زبان نہیں تھے، اس لئے ہمارے رسول نہیں تھے، ہم ان پر کیوں ایمان لائیں۔

حقیقت یہ ہے کہ قوم وامت دونوں ایک چیز نہیں، ان کو ایک سمجھنا ہی غلط ہے، پہلے رُسل مخصوص طور پر اپنی قوم کے لئے مبعوث ہوتے تھے: ﴿وإلى عاد أخاهم هوداً، قال ياقوم اعبدوا الله﴾(۳) ﴿إنا أرسلنا نوحاً إلى قومه﴾(٤)۔ اورہمارے پیغمبر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم محض اپنی قوم کی طرف مبعوث نہیں ہوئے بلکہ سب کی طرف مبعوث ہوئے: ﴿قل ياأيها الناس إنى رسول الله إليكم جميعاً﴾(٥)، ﴿و ما

---

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿قل ياأيها الناس إنى رسول الله إليكم جميعاً﴾ (الأعراف: ۱۵۸)

قال العلامة الآلوسى رحمه الله تعالىٰ: "لما حكى ما فى الكتابين من نعوته صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و شرف مَن يتبعه على ما عرفت، أمر عليه السلام بأن يصدع بما فيه تبكيتٌ لليهود الذين حرموا اتباعه، و تنبيهٌ لسائرالناس على افتراء من زعم منهم أنه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم مرسل إلى العرب خاصةً". (روح المعانى: ۸۲/۹، داراحياء التراث العربى بيروت)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿وما أرسلناك إلا كآفة للناس﴾ الاية (سورة سبا: ۲۸)

قال ابن كثير: تحت هذه الآية يعنى إلى الناس عامةً، و قال: قتادة رحمه الله تعالىٰ فى هذه الآية: أرسل الله محمداً صلى الله تعالىٰ عليه وسلم إلى العرب والعجم". (تفسير ابن كثير: ۵۳۸/۳، سهيل اكيڈمى لاهور)

"عن أبى ذر رضى الله تعالىٰ عنه، قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: أعطيت خمساً لم يعطهن أحد قبلى بعثت إلى الأحمر والأسود". الحديث. (مسند أحمد، (رقم الحديث ۲۰۸۰۷): ۱۸۲/۶، دار إحياء التراث العربى، بيروت)

(۳) (سورة هود: ۵۰/۱۲)

(۴) (سورة نوح: ۱)

(۵) (الأعراف: ۱۵۸) (وأيضاً راجع رقم الحاشية رقمها: ۱)

أرسلناك إلا كافةً للناس﴾(۱)۔ "بُعثتُ إلى الأسود والأحمر" (۲) وغير ذلك من الآيات والأحاديث۔

اس وجہ سے کوئی شخص بھی کسی خطہ کا بسنے والا ہو، کوئی زبان رکھتا ہو ہر شخص آپ کی امت میں ہے، عربی جانتا ہو یا نہ جانتا ہو۔

حاضرین کا خطبہ میں اونگھنا غیر اختیاری ہے، حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وقت میں بھی یہ چیز موجود تھی (۳) حالانکہ وہاں مفہومہ زبان میں خطبہ تھا لہذا اس کی کوئی ضمانت نہیں کہ مفہومہ زبان میں خطبہ ہونے سے اونگھ نہیں آئے گی، آج کل مقررین، لیڈروں اور خوش بیان واعظوں کی تقریروں میں بھی اونگھنے والے اونگھتے رہتے ہیں۔ خطبہ کو نمازِ فرض کے قائم مقام بنادینا خلافِ اصح ہے، كذا في البحر: ۱۴۷/۲ (۴)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۰/۲/۲۳ھ۔

---

(۱) (سورة سبا: ۲۸)، وأيضا (راجع، ص: ۲۴۷، رقم الحاشية: ۱۱)

(۲) (أخرجه الحافظ ابن كثير في تفسيره ٥: ۵۳۹/۳، سهيل اكيڈمی، لاهور)

(۳) "عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما، قال: سمعت رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم يقول: "إذا نعس أحدكم و هو في المسجد، فليتحول من مجلسه ذلك إلى غيره". (سنن أبي داؤد، كتاب الصلاة، باب الرجل ينعس والإمام يخطب: ۱۵۹/۱، دار الحديث ملتان)

"عن معمر عمن سمع الحسن، يقول: إذا نعس الرجل في يوم الجمعة و الإمام يخطب، فإنه يؤمر أن يقوم فيجلس في غير مجلسه". (مصنف عبد الرزاق، كتاب الجمعة، باب النعاس يوم الجمعة، (رقم الحديث: ۵۵۴۸): ۲۵۳/۳، المكتب الاسلامي)

(۴) "و هل تقوم الخطبة مقام الركعتين؟ اختلف المشايخ منهم من قال: تقوم، ولهذا لا تجوز إلا بعد دخول الوقت، و منهم من قال: لا تقوم، وهو الأصح؛ لأنه لا يشترط لها سائر شروط الصلاة من استقبال القبلة والطهارة و غير ذلك، انتهى". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲۵۷/۲، رشيديه)

"و هل (أي الخطبة) قائمة مقام ركعتين؟ الأصح: لا". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱۵۰/۲، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

خطیب کا وقتی مسئلہ اردو میں بتانا

سوال[۳۷۸۹]: کیا خطیب خطبہ پڑھتے وقت درمیان میں کسی کو اردو میں نصیحت کرسکتا ہے؟ مثلاً کوئی مقتدی سو گیا اس سے کہا سومت، یا وضو ٹوٹ گیا اور وہ بیٹھا رہا اس کو وضو کرنے کیلئے کہا وغیرہ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

وقتی مختصر سا مسئلہ اردو میں بھی خطیب بتا سکتا ہے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

جمعہ کی دو اذانوں کے درمیان وعظ

سوال[۳۷۹۰]: کسی قصبہ میں ایک عظیم مشہورِ زمانہ کی دینی درسگاہ ہے جس کے اندر ایک جامع مسجد بھی ہے، جامع مسجد میں نماز جمعہ کا وقت مقرر ہے، مقررہ وقت پر نمازِ جمعہ ادا کرنے کے لئے قصبہ سے ہر طبقے کے لوگ کافی تعداد میں جمع ہوتے ہیں، آواز ہر شخص تک پہونچانے کے لئے لاؤڈ اسپیکر کا استعمال ہوتا ہے۔ایک ہی مولوی ''ص'' صاحب ہیں جو دین کی تبلیغ کے لئے بے حد خواہش مند ہیں، چنانچہ دینی درسگاہ کی جامع مسجد میں

---

(۱) ''عن جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال لما استوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یوم الجمعۃ قال: ''اجلسوا'' فسمع ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ، فجلس علی باب المسجد، فرآہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال: ''تعال یا عبد اللہ بن مسعود''. (سنن أبی داؤد ، کتاب الصلاۃ، باب الإمام یکلم الرجل فی خطبتہ : ۱/۱۶۳ ،امدادیہ ملتان)

''قال الطیبی: فیہ دلیل علی جواز التکلم علی المنبر، وعندنا کلام الخطیب فی أثناء الخطبۃ مکروہٌ إذا لم یکن أمراً بالمعروف''.(بذل المجہود ، کتاب الصلاۃ ، باب الإمام یکلم الرجل فی خطبتہ: ۲/۱۸۱ ، مکتبہ امدادیہ ملتان)

''ویکرہ تکلمہ فیہا لامر بمعروف؛ لأنہ منہا''. (ردالمحتار، باب الجمعۃ : ۲/۱۴۹ ، سعید)

''و یکرہ للخطیب أن یتکلم فی حالۃ الخطبۃ ..... إلا إذا کان الکلام أمر بالمعروف فلا یکرہ''. (بدائع الصنائع کتاب الصلاۃ ، و أما محظورا ت الخطبۃ : ۱/۵۹۵، رشیدیہ)

(وکذا فی البحرالرائق ، کتاب الصلاۃ ، باب الجمعۃ : ۲/۲۷۱، مکتبہ رشیدیہ)

Made Searchable by ScribeTools.com

(جہاں روز ہی دین کی تبلیغ درس کی شکل میں ہوتی ہے) جمعہ کی دونوں اذانوں کے درمیان سنت پڑھنے والے وقت میں انہوں نے دین کی تبلیغ کا وقت منتخب کیا ہے اور ہر جمعہ کو دونوں اذانوں کے درمیان اللہ ورسول کی باتیں سنانے کھڑے ہوجاتے ہیں، بلکہ اس کا ایک سلسلہ قائم کررکھا ہے جس سے سنت پڑھنے میں بے حد خلل پڑتا ہے۔

بسا اوقات لوگ بغیر کوئی آیت پڑھے محض اٹھ بیٹھ کر سنت کی تعداد پوری کرنے پر مجبور ہوجاتے ہیں، کیونکہ لاؤڈ اسپیکر پر تقریر کی تیز آواز میں کوئی آیت پڑھی نہیں جاتی۔ علاوہ ازیں اگر مولوی صاحب موصوف تقریر کو طویل کردیتے ہیں تو فرض نماز جمعہ میں تاخیر ہوجاتی ہے جس سے کسی کی ٹرین چھوٹ جاتی ہے تو کسی کی بس، یا کوئی اپنے عزیز کی نماز جنازہ میں شرکت سے محروم ہوجاتا ہے جو کسی دوسری جامع مسجد میں پڑھنی ہوتی ہے اور ملازم پیشہ اشخاص الگ ڈیوٹی پر تاخیر سے پہونچ پاتے ہیں۔ اللہ اور رسول کی باتیں سننا کسی مسلمان کو بار نہیں، لیکن سوال یہ ہے کہ جمعہ کی دونوں اذانوں کے درمیان کا وقت اس کے لئے منتخب کرنا کہاں تک صحیح ہے؟ جو لوگوں کی بے چینی کا باعث ہے۔

فرض کی ادائیگی سے پہلے گویا لوگوں کو زبردستی تقریر سننے پر مجبور کیا جاتا ہے، لہٰذا قرآن وحدیث کی روشنی میں بتایا جائے کہ کیا جمعہ کی دونوں اذانوں کے درمیان سنت پڑھنے والے وقت میں مذکورہ بالا حالات میں وعظ فرمانا اور اس کا سلسلہ قائم کرنا شرعاً جائز ہے؟ اگر ہاں، تو بتایا جائے کہ آغازِ اسلام سے اب تک کسی دور میں ایسا سلسلہ رہا اور یہ کہ اس سے سنت کی نماز ناقص رہ جاتی ہے تو اس کا عذاب کس کے سر ہوگا، نمازی کے یا مخل ہونے والے عالم دین مولوی ''ص'' صاحب کے، درسگاہ کے اربابِ حل وعقد کو جو مولوی ''ص'' صاحب کو پیہم دخل اندازی کی اجازت دیتے ہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

بہتر صورت یہ ہے کہ باہمی مشورہ سے اس طرح طے کرلیں کہ اذانِ اول ہوتے ہی دین کے ضروری مسائل واحکام کو بیان کرنا شروع کردیا جائے اور سامعین آآکر بیٹھتے اور سنتے رہیں، اذان سے آٹھ دس منٹ پہلے بیان ختم کردیا جائے اس وقت سب لوگ سنتیں اطمینان سے ادا کرلیا کریں، انشاء اللہ تعالیٰ دین کی تبلیغ بھی ہوجایا کرے گی اور سنتوں میں بھی خلل نہیں ہوگا، ممکن ہے کہ کچھ اہلِ علم حضرات ایسے ہوں جن کو دینی احکام

Made searchable using ScribeTools.com

ومسائل سننے کی ضرورت نہ ہو بلکہ ان کو پہلے سے معلوم ومحفوظ ہوں اور ان کو تقریر ووعظ سے گرانی ہوتی ہو، لیکن مسلمانوں کی اکثریت ایسی نہیں بلکہ وہ محتاج ہیں کہ ان کو احکام ومسائل بتائے جائیں ان کو اس سے نفع بھی ہوتا ہے، عموماً اپنے دنیاوی مشاغل میں مسلمان اس قدر پھنسے ہوئے ہیں کہ ان کو دینی علم حاصل کرنے کا موقع نہیں ملتا، جمعہ میں ان کو موقع مل جائے تو ان کو غنیمت سمجھنا چاہیے، اس میں کھنڈت (۱) نہ ڈالیں۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اجازت ومشورہ سے حضرت تمیم داری رضی اللہ تعالیٰ عنہ اذانِ خطبہ سے قبل ہر جمعہ کو وعظ بیان فرمایا کرتے تھے، ملا علی قاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کو نقل کیا ہے (۲)، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ منبر پر ہاتھ رکھ کر بیان فرمایا کرتے تھے (۳)، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ

---

(۱) ''کھنڈت: خلل''۔ (نور اللغات: ۴/۹۰۰)

(وفیروز اللغات، ص: ۱۰۶۲، فیروز سنز، لاہور)

(۲) "وأخرج ابن عساكر عن بن حميد بن عبدالرحمٰن : "أن تميماً الدارى رضى الله عنه استاذن عمر رضى الله عنه فى القصص سنين، فأبى أن يأذن له، فأستاذنه فى يوم واحد، فلما أكثر عليه، قال له: "ماتقول"؟ قال: أقرأ عليهم القرآن، وآمرهم بالخير، وأنهاهم عن الشر، قال عمر رضى الله عنه: "ذلك الذبح". ثم قال: "عِظْ قبل أن أخرج فى الجمعة". فكان يفعل ذلك يوماً واحداً فى الجمعة". (الموضوعات الكبرى، مقدمة، فصل: ولمّا كان أكثر القصاص والوعاظ ،ص: ۲۰، نور محمد كتب خانه كراچى)

تنبيه: ذكر الملا على القارى رحمه الله هذا الحديث فى مقدمة الموضوعات الكبرى، لكنه ليس موضوع، بل هومن مستدلاته على عدم جواز بيان القصص الطويلة التى لاضرورة إلى بيانها، بل الأحسن أن يكون الوعظ مختصراً جامعاً خالياً عن الحشو والزوائد على طريق الإيجاز. (عبيد الله شاهوانى)

(۳) "وروى عن عطاء عن أبى هريرة رضى الله عنه أنه قال: من كتم علماً يعلمه، يلجم بلجام من النار يوم القيمة". إلى قوله: "وعن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه أنه قال: لولا آية كتاب الله، ماجلست للناس، وهو قوله تعالىٰ: ﴿إن الذين يكتمون ماأنزلنا من البينات والهدى﴾. وروى عن عمر رضى الله عنه عن النبى صلى الله عليه وسلم أنه قال: "بلغوا عنى ولو آيةً، وحد ثواعن بنى إسرائيل ولا حرج، ومن كذب علىّ متعمداً، فليتبوأ مقعده من النار". وقال الحسن : لولا العلماء، لصار الناس مثل البهائم". (بستان فقيه أبى الليث، باب إباحة المجلس للعظة، ص: ۲۲، ۲۴، فاروقى دهلى)

عنہ ہفتہ میں ایک روز بیان فرمایا کرتے تھے (۱)۔آپ حضرات بھی اپنی بستی میں اس کا انتظام کرلیں تو کیا اچھا ہو۔فقط واللہ تعالیٰ سبحانہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

اذانِ خطبہ سے پہلے وعظ

سوال[۳۷۹۱]: ہم نے ایک مسئلہ کے متعلق چند سوال ارسال کئے تھے جس کا جواب ملا، مسئلہ خطبۂ جمعہ کے متعلق تھا اور یہ سوال تھا کہ ''جمعہ کی دوسری اذان سے پہلے اردو میں وعظ کرنا جائز ہے یا نہیں''؟ تو جناب نے یہ جواب ارسال فرمایا کہ ''جماعت کے مشورہ سے پہلے اذان کے ساتھ ہی وعظ شروع کردینا اور خطبۂ اُولیٰ اذان سے دس بارہ منٹ پہلے قطعاً بند کردینا تاکہ سنت پڑھنے والوں کو سنت ادا کرنے کا پورا وقت مل جائے''۔

اس کے ساتھ میں نے یہ سوال بھی کیا تھا کہ ''پہلی اذان کے بعد وعظ کرنا امام یا مقتدی میں سے کسے جائز ہے''؟ ایک روایت سے پتہ چلتا ہے کہ ایسے وعظ (صرف حدیثیں) بیان کرنے کے لئے حضرت تمیم داری رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اجازت طلب کی تھی، مگر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پہلے تو اجازت نہیں دی مگر کچھ عرصہ کے بعد اجازت دیتے ہوئے یہ کہا تھا کہ: ''میرے آنے سے پہلے وعظ قطعاً بند ہوجانا چاہیے (۲)، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اذان کے بعد جو وعظ کی جاتی

---

(۱) "عن أبی وائل قال: کان عبداللہ رضی اللہ عنہ یذکّر الناس فی کل خمیس، فقال له رجل: یاأبا عبدالرحمٰن! لوددت أنک ذکّرتنا کل یوم، قال: أما أنه یمنعنی من ذلک إنی أکره أن أملکم، وأنی أتخولکم بالموعظة کما کان النبی صلی اللہ علیه وسلم یتخوّلنا بها مخافة السامّة علینا". (صحیح البخاری، کتاب العلم، باب من جعل لأهل العلم أیاماً معلومةً: ۱/۱۶، قدیمی)

(۲) "عن أبی وائل قال: کان عبداللہ رضی اللہ عنه یذکر الناس فی کل خمیس، فقال له رجل: یاأبا عبدالرحمٰن! لوددت أنک ذکّر تناکل یوم، قال: أما أنه یمنعنی من ذلک إنی أکره أن أملّکم، وأنی أتخولکم بالموعظة کما کان النبی صلی اللہ علیه وسلم یتخولنا بها مخافة السامّة علینا". (صحیح البخاری، کتاب العلم، باب من جعل لأهل العلم أیاماً معلومةً: ۱/۱۶، قدیمی)

"وأخرج ابن عساکر عن حمید بن عبدالرحمٰن أن تمیماً الداری رضی اللہ تعالیٰ عنه استأذن=

Made searchable using ScribeTools.com

تھی، وہ مقتدی کیا کرتے تھے نہ کہ امام''۔

اب آپ سے استدعا یہ ہے کہ پہلی اذان کے بعد کتاب دو ہاتھ میں لے کر وعظ کرنا، امام ومقتدی دونوں میں سے کسی کو کرنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جمعہ کی اذان کے بعد جب مقتدی کو وعظ کہنا، حدیثیں سنانا شرعاً درست اور دورِ صحابہ سے ثابت ہے تو امام کے لئے ممانعت کی کوئی وجہ نہیں، اصل تو یہ ہے کہ امام ہی وعظ کہے لیکن اگر امام دیگر دینی امور میں زیادہ مشغول اور عدیم الفرصت ہو تو مقتدی یہ کام انجام دے دے، وعظ خواہ دینی معتبر کتاب دیکھ کر ہو خواہ بلا کتاب لئے ہو سب طرح درست ہے، مگر بات جو کہی جائے وہ صحیح ہونی چاہیے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

خطبۂ جمعہ سے پہلے وعظ

سوال[۳۷۹۲]: کیا فرماتے ہیں علماء دین باب مسئلہ ذیل:

زید کا یہ عمل ہے کہ وہ بروز جمعہ خطبہ سے قبل- جب کہ لوگ جن کا سلسلۂ آمد آغازِ خطبہ تک رہتا ہے، سنت مؤکدہ ادا کرتے ہوتے ہیں- وعظ بیان کیا کرتے ہیں، اکثر وبیشتر لوگوں کو زید کے اس موقعہ پر وعظ بیان

= عمر رضی اللہ تعالیٰ عنه فی القصص سنین، فأبیٰ أن یأذن له، فأستأذنه فی یوم واحد، فلما أکثر علیه، قال له: "ماتقول"؟ قال: أقرأ علیهم القرآن، وآمرهم بالخیر، وأنهاهم عن الشر، قال عمر رضی اللہ عنه: "ذلک الذبح". ثم قال: "عِظْ قبل أن أخرج فی الجمعة". فکان یفعل ذلک یوماً واحداً فی الجمعةً".

(الموضوعات الکبری، مقدمة، فصل ولما کان أکثر القصاص والوعاظ ،ص: ۲۰، نور محمد کراچی)

تنبیه: ذکر الملا علی القاری رحمه اللہ هذا الحدیث فی مقدمة الموضوعات الکبیر، لکنه لیس بموضوع بل هو من مستدلاّته علی عدم جواز بیان القصص الطویلة التی لاضرورة إلی بیانها. بل الأحسن أن یکون الوعظ مختصراً جامعاً خالیاً عن الحشو والزوائد علی طریق الایجاز.

(وبمعناه فی الصحیح لمسلم، کتاب الإیمان، بابٌ: ان الدین النصیحة : ۱/۴۵، قدیمی)

(۱) (راجع، ص: ۲۵۲، رقم الحاشیة : ۲)

کرنے کے متعلق اس وجہ سے اعتراض ہے کہ جولوگ نماز میں مصروف ہوتے ہیں ان کی نمازوں میں خلل پیدا ہوتا ہے اور بھول چوک ہوجاتی ہے، لیکن زید کے نزدیک اس اعتراض کی کوئی اہمیت نہیں جس کی وجہ سے اکثر لوگوں میں زید کے خلاف جذبات پیدا ہوگئے اور چندمرتبہ جھگڑا بھی ہوا۔

ان حالات کی بناپر بعض صاحبان نے آئندہ کے جھگڑوں فساد کو روکنے کے لئے - اس مسئلہ کے پیش نظر کہ جب کہ لوگ نماز پڑھتے ہوں تو اس وقت زور زور سے بات چیت کرنا حتی کہ تلاوتِ کلام پاک بھی بالجہر منع ہے- یہ طے کیا کہ زید کو ایسے موقع پر وعظ نہ کہنا چاہئے اور جس کسی کو وعظ کہنا ہو وہ بعد نماز جمعہ بیان کیا کریں، لیکن زید کو یہ فیصلہ تسلیم نہیں، ان کا کہنا ہے کہ اگر ایسا امتناع نصِ قرآنی یا حدیث کی رو سے ہو تو وہ بتلایا جائے، کہا جاتا ہے کہ زید فقہ، اجماعِ امت اور قیاسِ مجتہدین کا قائل نہیں۔

پس اگر بصورتِ متذکرۂ صدر کسی قسم کا بھی بآواز بلند وعظ کہنا جس سے نماز میں خلل پیدا ہو درست وجائز نہیں تو اس کی تصدیق فرمائی جائے اور ساتھ ہی نصِ قرآنی وحدیث سے ایسے امتناع کے متعلق حوالہ دیا جائے تاکہ اس نزاع کا خاتمہ ہوسکے۔

احقر عبدالحیٔ عفی عنہ، سروج مالوہ، دفتر جمعیۃ العلماء، ۲۳/ دسمبر ۵۰ء۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

"وأخرج ابن عساكر رحمه الله تعالىٰ عن حميد بن عبد الرحمن أن تميماً الدارى رضى الله تعالىٰ عنه استأذن عمر رضى الله تعالىٰ عنه فى القصص سنين، فأبى أن يأذن له، فاستأذن فى يوم واحد، فلما أكثر عليه، قال: له ما تقول؟ قال: أقرأ عليهم القرآن، وآمرهم بالخير، وأنهاهم عن الشر. قال عمر رضى الله تعالىٰ عنه: ذلك الذبح ثم قال: عِظْ قبل أن أخرج فى الجمعة. فكان يفعل ذلك يوماً واحداً فى الجمعة"(۱)۔

---

(۱) (الموضوعات الكبرى، المقدمة، فصل: و لما كان أكثر القصاص والوعاظ، ص: ۲۰، نور محمد كتب خانه، كراچى)

"عن تميم الدارى رضى الله تعالىٰ عنه أن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "الدين النصيحة"، قلنا: لمن ؟ قال: "لله و لكتابه و لرسوله و لأئمة المسلمين و عامتهم". ..... =

Made Searchable using ScribeTools.com

اس روایت سے معلوم ہوا کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت تمیم داری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بار بار درخواست کرنے پر جمعہ کی نماز سے پہلے وعظ کی اجازت دیدی تھی اور وہ وعظ فرمایا کرتے تھے اور خروجِ خطیب پر وعظ ختم کردیا کرتے تھے۔ اگر بعد نماز جمعہ مجمع ٹھہر جایا کرے تو اس وقت وعظ کہہ دیا جائے ورنہ جمعہ سے قبل وعظ کہہ دیا جائے اور سامعین آکر شریکِ وعظ ہوتے رہیں اور خطبہ سے دس منٹ قبل وعظ ختم کردیا جائے اور سب سنتیں پڑھ لیا کریں، اس صورت میں سنتوں میں بھی خلل نہیں آئے گا اور وعظ بھی ہوجایا کرے گا، یا سنتیں مکان پر پڑھ کر آئیں تو زیادہ بہتر ہے(۱)، تاہم جب مفاہمت کی صورت ہوسکتی ہے تو نزاع کیوں پیدا کیا جائے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۰/ ربیع الاول/ ۷۰ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مظاہر علوم سہارنپور، ۲۲/ ربیع الاول/ ۷۰ھ۔

= قال الإمام النووی رحمه الله تعالیٰ :"وأما نصيحة عامتهم و هم من عداوُلاة الأمر ، فإرشاد هم لمصالحهم فی آخر تهم و دنياهم، و كف الأذی عنهم فيعلّمهم ما يجهلونه من دينهم و دنياهم ..... والنصيحة لازمة على قدر الطاقة إذا علم الناصح أنه تقبل نصحه و يطاع أمره الخ". (الصحيح لمسلم مع شرح النووی، كتاب الإيمان ، بابٌ: إن الدين النصيحة: ۱/۵۴، قديمی)

(۱) "عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم:" اجعلوا فی بيوتكم من صلاتكم و لا تتخذوها قبوراً". (صحيح البخاری، كتاب التهجد ، باب التطوع فی البيت : ۱/۱۵۸، فديمی،

"عن زيد بن ثابت رضی الله تعالیٰ عنه ، أنه قال: احتجر رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم فی المسجد حجرةً ..... "فعليكم بالصلوة فی بيوتكم، فإن خير صلوة المرء فی بيته إلا الصلوة المكتوبة". (سنن أبی داود ، كتاب الصلوة، باب فضل التطوع فی البيت : ۱/۲۰۴، دار الحديث ملتان)

"والأفضل فی النفل غير التراويح المنزل إلا بخوف شغل عنها". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الجمعة : ۲/۲۲، سعيد)

"الأفضل فی السنن والنوافل المنزل الخ". (الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة ، الباب التاسع فی النوافل : ۱/۱۱۳، رشيديه)

جمعہ سے پہلے وعظ

سوال[۳۷۹۳]: ہمارے یہاں جامع مسجد میں امام صاحب اذان کے بعد فوراً سنتوں سے پہلے وعظ و تعلیمی تقریر شروع کر دیتے ہیں جس میں ضروری مسائل کی تعلیم ہوتی ہے، یہ جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

امام صاحب جب تعلیمی تقریر و دینی مسائل سمجھاتے ہیں تو اس وقت سب کو خاموش رہ کر سننا چاہئے، یہ طریقہ حدیث شریف سے ثابت ہے، حضرت تمیم داری رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بھی یہی معمول تھا، ملا علی القاری نے اس کو نقل کیا ہے (۱)، اذانِ خطبہ سے دس منٹ پہلے تقریر ختم کر دی جائے تاکہ سب لوگ سنت سہولت سے ادا کر لیا کریں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دار العلوم دیوبند، ۱۵/ ۷/ ۷۹ھ۔

خطبہ سے پہلے اردو میں وعظ

سوال[۳۷۹۴]: ۱.....موجودہ زمانہ میں جمعہ کا عربی خطبہ غیر مفید اور اردو میں مفید ہونے کی وجہ سے عربی میں حمد و ثناء و شہادتین کے بعد اردو نظم و نثر میں خطبہ جائز ہے یا نہیں؟ بصورتِ جواز مکروہ تحریمی ہے یا

---

(۱) "وأخرج ابن عساكر رحمه الله تعالىٰ عن حميد بن عبد الرحمن أن تميماً الدارى رضى الله تعالىٰ عنه استأذن عمر رضى الله تعالىٰ عنه فى القصص سنين، فأبى أن يأذن له، فاستأذن فى يوم واحد، فلما أكثر عليه، قال له: ما تقول؟ قال: أقرأ عليهم القرآن، وآمرهم بالخير، وأنهاهم عن الشر. قال عمر رضى الله تعالىٰ عنه: ذلك الذبح، ثم قال: عِظْ قبل أن أخرج فى الجمعة. فكان يفعل ذلك يوماً واحداً فى الجمعة". (الموضوعات الكبرى، مقدمة، فصل: ولما كان أكثر القصاص والوعاظ، ص: ۲۰، نور محمد كتب خانه كراچى)

تنبيه: ذكر الملا على القاري رحمه الله تعالىٰ هذا الحديث فى مقدمة الموضوعات الكبرى ولكنه ليس بموضوع بل هو من مستدلاته على عدم جواز القصص الطويلة التى لا ضرورة إلى بيانها، بل الأحسن أن يكون الوعظ مختصراً جامعاً خالياً عن الحشو والزوائد على طريق الإيجاز.

(وبمعناه فى الصحيح لمسلم، كتاب الإيمان، بابٌ: إن الدين النصيحة: ۱/ ۵۴، قديمى)

Made searchable using ScribeTools.com

تنزیہی اور اردو خطبہ بدعتِ سیئہ میں داخل ہے یا حسنہ میں؟ مطابقِ مذہبِ احناف مسلکِ مفتی بہ سے جواب تحریر فرمادیں۔

۲.....ہدایہ میں ہے کہ "وعلی هذا الخلاف الخطبة والتشهد" (۱) سے جو جواز نکلتا ہے، یہ مع الکراہۃ ہے یا بلا کراہت اور کراہت بھی کونسی؟

۳.....عربی خطبہ سنت مؤکدہ ہے یا سنن ہُدیٰ میں داخل ہے یا سنن زوائد ومستحبات ہیں؟

۴.....ایک شہر میں آج کل وقت زوال ۱۲:۳۶ کو ہوتا ہے اور وہاں کی جامع مسجد میں ہمیشہ جماعت جمعہ ایک بجے قائم کی جاتی ہے، عموماً لوگ ۱۲:۱۵ پر آنا شروع کردیتے ہیں۔ وہاں کا خطیب خالص عربی خطبہ کو سنت اور اختلاطِ اردو کو مکروہ کہتا ہے مگر قوم خطبہ میں اردو کے وعظ پر مصر ہے، اس لئے اس نے عربی خطبہ سے سنت کی ادائیگی اور اس کے اِحیاء کے لئے قوم کی اصلاح وضرورت وتفہیم کا لحاظ کرتے ہوئے یہ طریقہ اختیار کیا ہے کہ بارہ بجکر بیس منٹ پر اردو وعظ شروع کردیتا ہے، وعظ ۱۲:۳۶ کو اذانِ اول ہوتی ہے تو وہ خاموش ہوجاتا ہے، پھر بعد اذان ۱۰/ منٹ بیان کرکے ختم کرکے چار رکعت سنت ادا کرتا ہے، قوم بھی آآ کر بیٹھی رہتی ہے اور وعظ سنتی رہتی ہے، بعد وعظ کے سنت ادا کرتی ہے پھر مؤذن اذانِ ثانی کہتا ہے اور خطیب خالص عربی خطبہ بطریقِ مسنون پڑھ کر ایک بجے پر ختم کرکے نمازِ جمعہ پڑھادیتا ہے۔ آیا یہ طریقہ مصالحِ قوم ورعایتِ سنت کے لحاظ سے بہتر ہے یا قبیح؟ اگر قبیح ہے تو اس سے بہتر طریقہ ارشاد فرمادیں جس میں امورِ ذیل کا لحاظ ہو:

۱- خطبہ مطابقِ سنت بلا کراہتِ تحریمی وتنزیہی ادا ہو۔

۲- اردو میں نصیحت بھی کی جاسکے۔

۳- قوم اطمینان سے سن سکے، واضح رہے کہ بعد نماز جمعہ کسی طرح بھی لوگ نہیں ٹھہر سکتے کیونکہ تاجر پیشہ ہیں اور بعد نماز کھانا کھانے کے عادی ہیں۔

۵.....بعض لوگ خطبہ سے قبل جیسا کہ سوال نمبر ۴ میں مذکور ہوا، یا بعد نماز وعظ کو بدعت کہتے ہیں اور مخلوط خطبہ کو بہتر اس دلیل سے کہ خطبہ کے اول وعظ سلف سے منقول نہیں خود خطبہ ہی سلف کا وعظ تھا اور اس لئے کہ بعد نماز انتشار فی الأرض کا ﴿فانتشروا فی الأرض﴾ (۲) میں حکم ہے، لہٰذا بعد نمازِ جمعہ اجتماع خلافِ حکمِ

---

(۱) (الهداية، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة: ۱/۱۰۲، مكتبه شركة علميه ملتان)

(۲) (سورة الجمعة: ۲۸/۱۰)

خدا ہے۔ اور خطیب کہتا ہے کہ اس میں ''امرو'' جوب کے لئے نہیں اور قبل خطبہ وعظ علاوہ مباح ہونے کے زمانہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ثابت بھی ہے جیسا کہ مقدمۂ موضوعاتِ ملاعلی، ص:۱۴، مجتبائی میں ہے:

" و أخرج ابن عساكر رحمه الله تعالىٰ عن حميد بن عبد الرحمن أن تميماً الدارى رضى الله تعالىٰ عنه استأذن عمر رضى الله تعالىٰ عنه فى القصص سنين، فأبى أن يأذن له، فاستأذن فى يوم واحد، فلما أكثر عليه، قال له: ما تقول؟ قال: أقرأ عليهم القرآن، وآمرهم بالخير وأنهاهم، عن الشر. قال عمر رضى الله تعالىٰ عنه: ذلك الذبح، ثم قال: عِظْ قبل أن أخرج فى الجمعة فكان يفعل ذلك يوماً واحداً فى الجمعة"(۱)۔

۶.....جس جامع مسجد میں سوال نمبر:۴ کے طریقہ پر عمل ہو رہا ہے اس میں ایک قباحت بتائی جاتی ہے کہ قوم کو عموماً یا اپنی غفلت از دین اور انہماکِ دنیا کی وجہ سے دیگر ایام میں تلاوت قرآن وغیرہ کا موقع نہیں ملتا، ایک جمعہ کے روز سوا بارہ بجے سے آ کر تلاوتِ قرآن ونوافل وغیرہ پڑھنے کا موقع خطبہ تک پالیتے تھے، لیکن جب سے خطیب نے ۱۲:۲۰ سے وعظ کہنا شروع کر دیا ہے تب سے سوائے چار رکعت سنت کے مزید نوافل وغیرہ کا موقع نہیں ملتا اور وہ اس خیر کثیر سے محروم رہتے ہیں۔ مگر حالت یہ ہے کہ اس قوم کی اکثریت میں رسومِ جاہلیت کی پابندی، فسق و فجور، فرائض سے غفلت، حلال حرام سے بے پرواہی اس قدر رائج ہوگئی ہے کہ جس کا دور کرنا سخت دشوار ہے، مگر رحمتِ خداوندی سے امید ہے کہ مواعظ کے ذریعہ خالصاً للہ اصلاح کی کوشش کی جارہی ہے اور بہت دھیمی رفتار سے اصلاح بھی ہو رہی ہے جس کا ثبوت گاہے گاہے ملتا رہتا ہے۔

پس ایسی حالت میں یہاں آنے والی قوم کو بے سمجھے تلاوت قرآن کہ ایک حرف پر دس نیکیاں ملتی ہوں ونوافل زیادہ بہتر ہیں جس کی وجہ سے خطیب کا وعظ بند کرادیا جائے، یا مخلوط خطبہ پر مجبور کیا جاوے اور یا اس قوم کو تلاوتِ قرآن بند کر کے وعظ سنتے رہنا زیادہ مفید ہوگا جس سے ان کی اصلاح ہو کر ان کے معاصیٔ مذکورہ میں کمی

---

(۱) (أخرجه الملا على القارى فى الموضوعات الكبرى، مقدمة، فصل: ولما كان أكثر القصاص والوعاظ، ص: ۲۰، نور محمد اصح المطابع)

تنبيه : ذكر الملاعلى القاري رحمه الله تعالىٰ هذا الحديث فى مقدمة الموضوعات الكبرى ولكنه ليس بموضوع بل هو من مستدلاته على عدم جواز القصص الطويلة التى لا ضرورة إلى بيانها.

Made searchable using ScribeTools.com

آجائے، عقائد، اعمال درست ہوجاویں جیسا کہ امید ہے، ان دونوں امر میں کونسا شرعاً بہتر ہے؟ چونکہ اردو عربی مخلوط خطبہ کا مسئلہ مختلف فیہ ہے اور دونوں فریق اپنے دلائل پیش کررہے ہیں لہذا مشتبہ ہوگیا ہے، آپ ان دونوں کی تفصیل مدلل ومکمل تحریر کیجئے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....تمام خطبہ خالص عربی میں ہونا چاہئے، اردو میں پڑھنا یا اردو عربی میں پڑھنا بدعتِ سیئہ اور مکروہ تحریمی ہے، یہی مفتی بہ ہے اور قابلِ عمل ہے، اس کے خلاف کرنا مکروہ تحریمی ہے جو گناہ سے خالی نہیں (۱)، البتہ اگر وقتی ضرورت کی رعایت سے کوئی خاص مسئلہ اثنائے خطبہ میں اردو میں بیان کردیا جائے تو کوئی مضائقہ نہیں (۲) جو وجہ خطبۂ عربیہ کے غیر مفید ہونے کی آج بتائی جاتی ہے زمانۂ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم میں یہی

---

(۱) "لا شک فی أن الخطبة بغير العربية خلاف السنة المتوارثة من النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و الصحابة رضی الله تعالیٰ عنه، فيكون مكروهاً تحريماً". (عمدة الرعاية على هامش شرح الوقاية، كتاب الصلاة، باب الجمعة، (رقم الحاشية: ۲) : ۱/۲۰۰، سعيد)

"الخطبة الفارسية التی أحدثوها واعتقدوا حسنها ليس الباعث إليها إلا عدم فهم العجم اللغة العربية، و هذا الباعث قد كان موجوداً فی عصر خير البرية ..... مع ذلک لم يخطب أحدٌ منهم بغير العربية. ولما ثبت وجود الباعث فی تلک الأزمنة و فقدان المانع والتكاسل ونحوه معلوم بالقواعد المبرهنة، لم يبق إلا الكراهة التی هی أدنی درجات الضلالة". (مجموعة رسائل اللكنوی رحمه الله تعالیٰ، رسالة آكام النفائس : ۴/۴۷، إدارة القرآن، كراچی)

(۲) "عن جابر رضی الله تعالیٰ عنه قال :لمااستوی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم يوم الجمعة قال:"اجلسوا" فسمع ذلک ابن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه، فجلس علی باب المسجد، فرآه رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال: "تعال يا عبد الله بن مسعود!". (سنن أبی داؤد، كتاب الصلاة ، باب الإمام يكلم الرجل فی خطبته : ۱/۱۵۶ ، دار الحديث ملتان)

"قال الطيبی رحمه الله تعالیٰ : فيه دليل علی جواز التكلم علی المنبر، وعندنا كلام الخطيب فی أثناء الخطبة مكروهٌ إذا لم يكن أمراً بالمعروف".(بذل المجهود ، كتاب الصلاة، باب الإمام يكلم الرجلَ فی خطبته : ۲/۱۸۱ ، امداديه ملتان)

"ويكره تكلمه فيها (أی فی الخطبة) إلا لأمر بمعروف؛ لأنه منها". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الجمعة : ۲/۹۲ ، سعيد) ..... =

Made Searchable by ScribeTools.com

یہ وجہ موجود تھی اور اس کا تدارک بھی وہ حضرات حاضرین کی زبان میں خطبہ پڑھ کر کر سکتے تھے مگر کسی روایت سے ثابت نہیں کہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے بلادِ عجم میں کبھی کوئی خطبہ غیر عربی میں پڑھا یا اس کا ترجمہ کیا ہو:

"إن ذلك الخطبة يوم الجمعة و فى العيدين بغير اللسان العربى أو ترجمتها بالعجمى أحدثوا ذلك بعد قرون الخير بلا إثارة من علم، واعتذروا فى ذلك الأحداث بحدوث المقتضى و ضرورة الحاجة إليه، وهو عدم معرفة المخاطبين لسان العربى، وكثرة الأعاجم القاصرين عن إدراك العربى، و ما هذا لوعلموا إلا لتقصيرنا فى تعلّم لسان أنزل به الكتاب من ربنا، و بعث به رسول الله صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم، فتفريطنا هذا أوردنا مهلك الابتداع.

والصحابة رضى الله تعالىٰ عنه مع توفير داعيهم على تعليم الخلق والنصيحة لهم وتذكيرهم وإهدائهم، وكان فيهم العجمى ممن لايعرف العربى و كثرة الأعاجام حين فتحوا بلادهم الفارس والروم، لم يعهد منهم الخطبة بغير اللسان العربى و لم يؤثر منهم ترجمتها لإفهام المخاطبين، ولا أمروا بذلك أحداً، فإذا كان لايخطب أحدٌ منهم بالعجمى و لا بترجمتها و لا يأمر بذلك، كان بترك هذه المصلحة.

والفضل الموهوم ملتزماً لعدم الرسول صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وخير القرون بطريقة إبلاغ دين الله أو لكتمانهم عن بعض عباد الله و تقصيرهم فى الإبلاغ والتذكير المقصود الأصلى فى الخطبة، وكل واحد من اللازمين منتف بالشرع والعادة، فمع وجود المقتضى وهو تعميم الإبلاغ وتعليم جميع المخاطبين من عجمى وعربى وعدم المانع من ذلك إلا الكراهة أن يتعود الرجل بغير العربية هى شعار الإسلام و لغة القرآن ..... فكان هذا لاجرم من سنة الخطيب و من شرائطها فى السنة والأدب و ترجمتها بغير العربية من شر الأمور محدثاتها، لا يرضى به الله و لا رسوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، ولأجل ذلك جعل أهل العلم كون الخطبة بالعربية شرطاً لصحة الخطبة و أداء السنة. قال الإمام النووى فى الأذكار فى كتاب حمد الله

= "**ويكره للخطيب أن يتكلم فى حالة الخطبة ..... إلا إذا كان الكلام أمراً بالمعروف، فلا يكره**". (**بدائع الصنائع، كتاب الصلاة ، محظورات الخطبة : ۱/۵۹۷، رشيديه**)

Made searchable using ScribeTools.com

تعالیٰ: و یشترط کونها یعنی خطبة الجمعة و غیرها بالعربیة، اهـ". مجموعة فتاوی: ۲/۲۵۷(۱).

"الخطبة بالفارسیة التی أحدثوها واعتقدوا حسنها لیس الباعث إلیها إلا عدم فهم العجم اللغة العربیة، وهذا الباعث قد کان موجوداً فی عصر خیرالبریة، وإن کانت فی اشتباه، فلا اشتباه فی عصر الصحابة والتابعین و من تبعهم من الأئمة المجتهدین، حیث فتحت الأمصار الشاسعة والدیار الواسعة، وأسلم أکثر الحبش والروم والعجم وغیرهم من الأعجام، وحضروا مجالس الجُمع والأعیاد و غیرها من شعائر الإسلام، وقد کان أکثرهم لا یعرفون اللغة العربیة، ومع ذلك لم یخطب أحدٌ منهم بغیر العربیة. ولما ثبت وجود الباعث فی تلك الأزمنة و فقد، ان المانع والتکاسل ونحوه معلوم بالقواعد المبرهنة لم یبق إلاالکراهة التی هی أوفی درجات الضلالة". مجموعة فتاوی: ۲/۲۷۳(۲).

"ولا یتوهم أنه لم یکن النبی صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم یعلم اللغة العجمیة وغیرها من اللغات الغیر العربیة، ولو کان علمها لخطب بها؛ لأنا نقول بعد تسلیم ذلك: إن بعض الصحابة کزید بن ثابت قد کان یعلم اللسان العجمی والرومی والحبشی وغیرها من الألسنة کماصرح به فی الأعلام بسیرة النبی علیه السلام وغیره من نسب الأعلام، فلم یأمره النبی صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم بأن یخطبهم ویعظمهم بألسنتهم. وبالجملة فالاحتیاج إلی الخطبة بغیر العربیة لتفهیم أصحاب العجمیة کان موجوداً فی القرون الثلاثة، ومع ذلك فلم یرو ذلك من أحد فی تلك الأزمنة، و هذا أدل دلیل علی الکراهة، اهـ". مجموعه فتاوی: ۲/۲۷٤(۳).

---

(۱) "العبارة بعینها لیست من مجموعة الفتاویٰ للکنویؒ بل هناك عبارة بمعنا هذه العبارة". (کتاب الصلوة: ۱/۲۸٦ – ۲۸۸، سعید)

(وکذا فی آکام النفائس للکنویؒ، فصل فی الخطبة: ۴/۴۳–۴۹، إدارة القرآن، کراچی)

(۲) (مجموعة رسائل اللکنوی رحمه اللّٰه تعالیٰ، رسالة آکام النفائس: ۴/۴۷، إدارة القرآن، کراچی)

(۳) (مجموعة رسائل اللکنوی رحمه اللّٰه تعالیٰ، رسالة آکام النفائس: ۴/۴۷، إدارة القرآن، کراچی)

چوں خطبِ آن حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و خلفاء و ہلم جرّا ملاحظہ کردیم، تنقیحِ آں وجودِ چندچیز است: حمد و شہادتین، و صلوۃ بر آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، وامر بتقوی، و تلاوتِ قرآن پاک، ودعائے مسلمین و مسلّمات ..... وعربی بودن خطبہ ..... و عربی بودن نیز بجہتِ عملِ مستمرۂ مسلمین در مشارق و مغارب باوجود آنکہ در بسیارے از اقالیم مخاطبان عجمی بودند اھـ". مصفی شرح مؤطا: ۱/۱۵۳ (۱).

۲.....مع الکراہۃ ہے، بغیر کراہت نہیں کما مر، اور خاص کر جب کہ امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ سے اس مسئلہ میں رجوع بھی ثابت ہے: "قال: الأصح رجوعه إلى قولهما، وعليه الفتوى، اهـ". درمختار: ۱/۵۰۵(۲)۔

"ورُوی أنه رجع إلى قولهما، وهو الصحيح، وعليه الاعتماد". مجمع الأنهر: ۱/۹۳(۳) ۔

"كبّر بالفارسية صح فى الكل مع كراهة التحريم على الراجح، كما حرر فى البحر. وكذا لوقرأ بها عاجزاً عن العربية بشرط لا يخل بالمعنى، و هذا قولهما، و به قالت الثلاثة، وإليه صح رجوع الإمام، وعليه الفتوى، قاله العينى وغيره، اهـ". در منتقى: ۱/۹۳(٤)۔ "روى أبو بكر الرازى أن أبا حنيفة رحمه الله تعالىٰ رجع إلى قولهما، وعليه الاعتماد، ومنزله منزلة الإجماع". عناية: ۱/۲۰۱(۵)۔

۳.....عربی خطبہ سننِ مؤکدہ میں داخل ہے، لمامضی(٦)۔

---

(۱) (مصفی شرح مؤطا، باب التشديد على من ترک الجمعة بغيرعذر، ص: ۱۵۴، كتب خانه رحيميه سنهرى مسجد دهلى)

(۲) (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب صفةالصلاة: ۱/۴۸۴، سعيد)

(۳) (مجمع الأنهر، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، فصل: ۱/۱۴۰، غفاريه كوئٹه)

(۴) (الدر المنتقى فى شرح الملتقى (المعروف بسكب الأنهر) على هامش مجمع الأنهر، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، فصل: ۱/۱۴۰، غفاريه كوئٹه)

(۵) (العناية شرح الهداية على هامش فتح القدير، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة: ۱/۲۸۶، مصطفى البابى الحلبى، مصر)

(٦) "الكراهة إنما هى لمخالفة السنة؛ لأن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وأصحابه قد خطبوا دائماً =

Made searchable using ScribeTools.com

۴.....طریقۂ مذکورہ میں خلافِ شرع کوئی چیز نہیں، دوسری صورت یہ ہے کہ ایک انجمنِ تبلیغ قائم کی جائے اور اس میں ہر شخص حسبِ حیثیت اپنا کچھ وقت دے اور یہ جماعت محلّہ در محلّہ گشت کرے اور ہر مسجد میں اہلِ محلّہ کو جمع کر کے احکامِ شرع کی تلقین کرے سب کی نمازیں سنے اور قرآن شریف کی تصحیح کرائے (۱)۔

۵.....مخلوط خطبہ پڑھنا ہرگز بہتر نہیں بلکہ مکروہ ہے (۲)، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی قرآن کریم میں بہت سے مقامات پر تاکید موجود ہے، اسی طرح احادیث میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کا بہت ہی شدید حکم فرمایا ہے اور اس کے ترک پر عذابِ عامہ کی وعید ہے، امام غزالی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اِحیاء العلوم

= بالعربية". (مجموعة رسائل للكنوى رحمه الله تعالىٰ، رسالة آكام النفائس : ۴/۴۴، إدارة القرآن، كراچى)

"لا شك فى أن الخطبة بغير العربية خلاف السنة المتوارثة من النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و الصحابة رضى الله تعالىٰ عنهم فيكون مكروهاً تحريماً". (عمدة الرعاية على هامش شرح الوقاية، كتاب الصلاة، باب الجمعة، (رقم الحاشية : ۲): ۱/۲۰۰، سعيد)

(۱) "عن تميم الدارى رضى الله تعالىٰ عنه : أن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال : "الدين النصيحة"، قلنا لمن ؟ قال: "لله و لكتابه و لرسوله و لأئمة المسلمين وعامتهم".

قال الإمام النووى رحمه الله تعالىٰ : "وأما نصيحة عامتهم و هم مَن عَدا وُلاة الأمر، فإرشاد هم لمصالحهم فى آخر تهم و دنياهم، و كف الأذى عنهم فيعلّمهم مايجهلونه من دينهم و دنياهم ..... والنصيحة لازمة على قدر الطاقة إذا علم الناصح أنه يقبل نصحه و يطاع أمره، الخ". (الصحيح لمسلم مع شرحه الكامل للنووى، كتاب الإيمان ، بابٌ: إن الدين النصيحة: ۱/۵۴، قديمى)

"عن أبى وائل، قال: كان عبد الله رضى الله تعالىٰ عنه يذكّر الناس فى كل خميس، فقال له رجل: ياأبا عبد الرحمن! لوددتّ أنك ذكّرتنا كل يوم؟ قال: أما أنه يمنعنى من ذلك إنى أكره أن أملكم وإنى أتخولكم بالموعظة كما كان النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يتخولنا بها مخافة السامّة علينا". (صحيح البخارى ، كتاب العلم ، باب من جعل لأهل العلم أياماً معلومةً: ۱/۱۶، قديمى)

(۲) (راجع ، ص: ۲۶۲، رقم الحاشية : ۶)

جلد دوم پانچ صفحات میں وہ آیات (۱) واحادیث (۲) جمع فرمائی ہیں، پھر باقاعدہ احتساب کے درجات وطرق

---

(۱) "و یدل علی ذلک بعد إجماع الأمة علیه وإشارات العقول السلیمة إلیه الآیاتُ والأخبارُ والآثارُ، أما الآیات فقوله تعالیٰ :﴿ و لتکن أمة یدعون إلی الخیر و یأمرون بالمعروف و ینهون عن المنکر، وأولئک هم المفلحون﴾. [سورةآل عمران ۱۰۴/۴]

"ففی الآیة بیان الإیجاب، فإن قوله تعالیٰ: ﴿ولتکن﴾ أمرٌ، و ظاهر الأمر الإیجاب .....

﴿لیسوا سواء من أهل الکتاب أمة قائمة یتلون آیات الله آناء اللیل و هم یسجدون، یؤمنون بالله والیوم الآخر، ویأمرون بالمعروف و ینهون عن المنکر﴾ الآیة". [سورة آل عمران : ۱۱۳/۴، ۱۱۴]

"فلم یشهد لهم بالصلاح بمجرد الإیمان بالله والیوم الآخر حتی أضاف إلیه الأمر بالمعروف والنهی عن المنکر ..... ﴿لُعن الذین کفروا من بنی إسرائیل علی لسان داؤد وعیسی بن مریم، ذلک بما عصوا و کانوا یعتدون، کانوا لا یتناهون عن منکرٍ فعلوه، لبئس ماکانوا یفعلون﴾. [سورة المائدة : ۷۸، ۷۹]

و هذا غایة التشدید إذ علل استحقاقهم للعنة بترکهم النهیَ عن المنکر، و قال عزوجل: ﴿کنتم خیر أمة أخرجت للناس، تأمرون بالمعروف و تنهون عن المنکر﴾. الایة". [سورةآل عمران آیت: ۱۱۰]

و هذا یدل علی فضیلة الأمر بالمعروف والنهی عن المنکر؛ إذ بیّن أنهم کانوا به خیر أمة أخرجت للناس".

(إحیاء علوم الدین للإمام الغزالی رحمه الله تعالیٰ، کتاب الأمر بالمعروف والنهی عن المنکر ، الباب الأول فی وجوب الأمر بالمعروف والنهی عن المنکر: ۳۶۸/۲، دار إحیاء التراث العربی)

(۲) "وأما الأخبار : فمنها ما روی عن أبی بکر الصدیق رضی الله تعالیٰ عنه أنه قال فی خطبةٍ خطبها: أیها الناس! إنکم تقرأ ون هذه الآیة و تؤوّلونها علی خلاف تأویلها: ﴿یاأیهاالذین آمنوا علیکم أنفسکم لا یضرکم من ضل إذااهتدیتم﴾ [سورة المائدة : ۱۰۵/۷] وإنی سمعت رسولَ الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یقول : "ما من قومٍ عملوا بالمعاصی و فیهم من یقدر أن ینکر علیهم فلم یفعل، إلا یوشک أن یعمّهم الله بعذاب من عنده". وقال الترمذی: هذا حدیث حسن صحیح. [جامع الترمذی ، أبواب التفسیر ، سورةالمائدة: ۱۳۶/۲ ، سعید]

"عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها قالت: سمعت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یقول: "مُروا بالمعروف وانهوا عن المنکر ..... و قبل أن تدعوا فلایستجاب لکم". [ابن ماجة، کتاب الفتن، باب الأمر بالمعروف، ص: ۲۷۹، قدیمی]

وقال صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : "إن الله لا یعذب العامة بعمل الخاصة، حتی یری المنکر بین =

Made Searchable by ScribeTools.com
Made searchable using ScribeTools.com

وآداب کونہایت تفصیل سے ذکر کیا ہے۔فقیہ ابواللیث سمرقندی رحمہ اللہ تعالیٰ نے بستان میں مستقل ایک باب وعظ وتذکیر کے احکام میں لکھا ہے(۱)۔تعجب ہے کہ جس شئ کا امر خداوند تعالیٰ کی جانب سے صراحۃً متعدد مقامات پر موجود ہواوراس کے ترک پر وعید بیان کی گئی ہواس کو کیسے بدعت کہا جاسکتا ہے۔

رہا خصوصیت کے ساتھ نمازِ جمعہ اور خطبہ سے قبل یا بعد نمازِ جمعہ،سو اس کے متعلق انکار کسی جگہ وارد نہیں بلکہ اصل یہ ہے کہ جس وقت سہولت سے آدمی جمع ہوجائیں یا جس وقت ضرورت پیش آئے اسی وقت اس فریضۂ تبلیغ کو ادا کرنا چاہئے، جمعہ کا دن اجتماعِ مسلمین کا دن ہوتا ہے اس لئے اس دن کو اختیار کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں، بلکہ علامہ ابن قیم رحمہ اللہ تعالیٰ نے زادالمعاد:۱/ ۱۱۸، میں تحریر کیا ہے کہ یوم جمعہ تذکیر اور وعظ کا دن ہے(۲)۔اگر جمعہ کے روز مخصوص طور پر قبل خطبہ یا بعد نماز بلا دلیل شرعی وعظ کو واجب نہیں کہا جاتا تو بدعت کہنے

= أظهرهم و هم قادرون على أن ينكرون فلاينكره". [مسند أحمد ، (رقم الحديث : ۱۷۲۶۷): ۲۱۳/۵ ، دارإحياء التراث العربى] (إحياء علوم الدين للإمام الغزالى رحمه الله تعالىٰ، كتاب الأمر بالمعروف والنهى عن المنكر ، الباب الأول فى وجوب الأمر بالمعروف والنهى عن المنكر : ۳۰۷/۲، ۳۰۸، دار إحياء التراث العربى، بيروت)

(۱) قال الفقيه أبوالليث السمرقندى رحمه الله تعالىٰ: "كره بعض الناس الجلوس للعظة، وقال بعضهم: لا بأس به إذا أراد به وجه الله تبارک و تعالىٰ ..... و ماحجة من قال: إنه لا بأس فقول الله تعالىٰ ﴿و ذكر فإن الذكرى تنفع المؤمنين﴾ وقال الله تعالىٰ فى آية أخرى: ﴿و لينذروا قومهم إذا رجعوا إليهم، لعلهم يحذرون﴾ ..... وروى عن عبد الله بن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه أنه كان يذكّر الناس كل عشية الخميس وهو قائم على رجليه يدعو بدعوات. و روى عن عطاء عن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه أنه قال: من كتم علماً يعلمه، يلجم بلجام من النار يوم القيامة ..... وعن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه أنه قال: لو لا آيةٌ من كتاب الله، ماجلست للناس، وهو قوله تعالىٰ: ﴿إن الذين يكتمون ماأنزلنا من البينات والهدى﴾. و روى عن عمر رضى الله تعالىٰ عنه عن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أنه قال: "بلّغوا عنى و لو آيةً، و حدثوا عن بنى إسرائيل و لاحرج، ومن كذب على متعمداً فليتبوأ مقعده من النار". و قال الحسن: لولا العلماء، لصار الناس مثل البهائم".(بستان فقيه أبى الليث ، باب إباحة المجلس للعظة، ص: ۲۲، ۲۴، مطبع فاروقى دهلى)

(۲) "قال ابن القيم رحمه الله تعالىٰ فى خصائص الجمعة :"الثالثة والثلاثون: أنه يوم اجتماع الناس =

کی بھی گنجائش نہیں معلوم ہوتی ہے کہ وہ لوگ بدعت کے معنی سے ہی واقف نہیں۔

۶.....فسق وفجور کو چھوڑنا اور فرائضِ مذہبی سے واقفیت حاصل کرنا فرض ہے(۱) اور نوافل پڑھنا مستحب ہے(۲) پھر یہ کہ تلاوت اور نوافل کا تنہائی میں موقع مل سکتا ہے اور ہر روز ممکن ہے مگر اجتماع ہر روز دشوار ہوتا ہے۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۴/۲/۶۱ھ۔

جوابات درست ہیں: جواب نمبر:۴ میں اتنی بات اَور قابلِ اضافہ ہے کہ وعظ ایسے طریق سے کہا جائے کہ سنت پڑھنے والوں کو تشویش نہ ہو۔فقط۔

سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۳۰/صفر/۶۱ھ۔

صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲/ ربیع الاول/۶۱ھ۔

= وتذكيرهم بالمبدأ والمعاد، وقد شرع الله سبحانه تعالىٰ لكل أمة فى الأسبوع يوماً يتفرغون فيه للعباد، ويجتمعون فيه لتذكر المبدأ والمعاد والثواب والعقاب، و يتذكرون به اجتماعهم يوم الجمع الأكبر قياماً بين يدى رب العالمين، وكان أحق الأيام بهذا الغرض المطلوب اليوم الذى يجمع الله فيه الخلائق وذلك يوم الجمعة". (زاد المعاد لابن القيم رحمه الله تعالىٰ، فصل: هديه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى تعظيم يوم الجمعة، ص: ۱۶۲، دارالفكر، بيروت)

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿ياأيها الذين آمنوا توبوا إلى الله توبةً نصوحاً﴾. (سورةالتحريم: ۸/۲۸)

"قال العلامة الآلوسى فى تفسير الآية: "ولم يختلف أهل السنة وغيرهم فى وجوب التوبة على أرباب الكبائر. ..... و عبارة المارزى: اتفقوا على أن التوبة من جميع المعاصى واجبةٌ، وأنها واجبة على الفور، ولا يجوز تأخيرها، سواء كانت المعصية صغيرةً أو كبيرةً". (روح المعانى: ۱۵۹/۲۸، دارإحياء التراث العربى بيروت)

(وكذا فى شرح النووى على صحيح المسلم، كتاب التوبة: ۳۵۴/۲، قديمى)

"عن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "لله أشد فرحاً بتوبة أحدكم مِن أحدكم بضالته إذا وجدها". (الصحيح لمسلم: ۳۵۴/۲، كتاب التوبة، قديمى)

(۲) "والنفل فى اللغة: الزيادة، وفى الشريعة: زيادة عبادة شُرعت لنا لا علينا". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الوتر والنوافل: ۳/۲، سعيد) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

جمعہ کی نماز پڑھنے کے بعد کسی دوسری مسجد میں خطبہ پڑھنا

سوال[۳۷۹۵]: ایک شخص جمعہ کی نماز ایک مسجد میں پڑھ لیتا ہے اور اتفاقاً دوسری ایک مسجد میں کوئی خطیب موجود نہیں ہے تو وہ شخص جو کہ پہلی مسجد میں نماز جمعہ ادا کر چکا ہے اگر دوسری مسجد میں خطبہ پڑھ دے تو دوسرا شخص نماز پڑھا دے، یا کسی مسجد میں جمعہ کی نماز میں ایک آدمی خطبہ اور دوسرا آدمی نماز پڑھا دے تو یہ صورتیں مذموم ہیں یا نہیں؟

المستفتی: ولی اللہ ارکانی، متعلم مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

فقہاء کی ایک بڑی جماعت اس کی قائل ہے کہ خطیب میں امامت کی اہلیت ہونا ضروری ہے، لہٰذا جو شخص پہلے کسی مسجد میں جمعہ کی نماز پڑھ چکا ہو اس کو دوسری مسجد میں خطبہ پڑھنا اس جماعت کے نزدیک درست نہ ہوگا اور ایسے ہی امام کا غیر خطیب ہونا غیر مناسب ہے:

"لا ينبغي أن يصلي غير الخطيب؛ لأنهما كشيء واحد، فإن فعل بأن خطب صبي بإذن السلطان وصلى، فإنه جائز، هو المختار، اهـ". در مختار۔ "(قوله: هوالمختار) وفي الحجة: أنه لا يجوز. وفي فتاوى العصر: فإن الخطيب يشترط فيه أن يصلح للإمامة. و في الظهيرية: لو خطب صبي اختلف المشايخ فيه، و الخلاف في صبي يعقل اهـ، والأكثر على الجواز". شامی: ۱/۸۶۱ (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۷/۸/۶۰ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۰/۸/۶۰ھ۔

= "والنفل لغةً: الزيادة، وفي الشرع: فعل ما ليس بفرض ولا واجب ولامسنون من العبادة".
(حاشية الطحطاوي، كتاب الصلاة، باب النوافل، ص: ۳۸۷، قديمي)
(وكذا في البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب الوتر والنوافل: ۲/۶۶، رشيديه)

(۱) (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۶۲، سعيد)
"ولاينبغي أن يصلي غير الخطيب، كذا في الكافي". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب =

جمعہ پڑھ کر دوسری مسجد میں خطبہ پڑھنا

سوال[۳۷۹۶]: محمود نے نمازِ جمعہ وخطبہ ادا کیا، بعدہ دوسری مسجد میں امام نہ رہنے کی وجہ سے صرف خطبہ پڑھا نماز نہیں پڑھائی، تو خطبہ جمعہ نماز جمعہ کے لئے درست ہوا یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

صراحۃً یہ جزئیہ کہیں نہیں دیکھا، اتنا ضرور لکھتے ہیں کہ خطیب وامام کا ایک ہی شخص ہونا ضروری نہیں، البتہ اَولیٰ یہ ہے کہ جو شخص خطبہ پڑھے وہی جمعہ پڑھائے، ساتھ میں یہ بھی ہے کہ اگر نابالغ لڑکے نے خطبہ پڑھا اور بالغ نے جمعہ پڑھایا تب بھی جمعہ ادا ہوجائے گا اور یہ بھی ہے کہ نابالغ جو جمعہ پڑھے گا وہ نماز نفل ہوگی، اس مجموعہ سے سمجھ میں آتا ہے کہ صورتِ مسئولہ میں بھی جمعہ ادا ہوجائے گا:

"اتحاد الخطيب والإمام ليس بشرط على المختار، لو خطب صبى عاقل و صلى بالغ، جاز، لكن الأولى الاتحاد". طحطاوى مصرى، ص:٤١٥ (١)۔ "فى البدائع فيمن لاجمعة عليه: فقال:إن كان صبياً وصلاها فهى تطوع له". البحر:١٥٢/٢ (٢)۔

کیونکہ جو شخص جمعہ ادا کر چکا ہے اب اس کے ذمہ جمعہ نہیں رہا، وہ اگر کسی دوسری مسجد میں جمعہ میں شریک ہوجائے گا تو اس کے حق میں یہ نماز نفل ہوگی جیسے کہ نابالغ کے حق میں اور نابالغ کا خطبہ پڑھنا بھی جوازِ جمعہ کے لئے کافی ہے تو اس طرح سے بظاہر اس کا جمعہ پڑھنا بھی کافی ہوجائے گا۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۴/۱۱/۸۸ھ۔

= السادس عشر فى صلاة الجمعة : ۱۴۷/۱، رشيديه)

"صبى خطب بإذن السلطان وصلى الجمعة رجلٌ بالغٌ، جاز". (خلاصة الفتاوىٰ، كتاب الصلاة، الفصل الثالث والعشرون فى صلاة الجمعة : ۲۰۵/۱، رشيديه)

"لا ينبغى أن يصلى غير الخطيب؛ لأنهما كشىء واحد، فإن فعل بأن خطب صبى بإذن السلطان بالغٌ وصلى جاز". (مجمع الأنهر فى شرح ملتقى الأبحر ، كتاب الصلاة ، باب الجمعة : ۲۵۴/۱، غفاريه كوئٹه)

(۱) (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح ، كتاب الصلاة ، باب الجمعة، ص:۵۰۸، قديمى)

(۲) (البحر الرائق ، كتاب الصلاة، باب الجمعة :۲۶۶/۲، رشيديه) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

ایک شخص کا دوجگہ خطبہ پڑھنا

سوال[۳۷۹۷]: جس امام نے خطبہ اور جمعہ کی نماز پڑھادی ہو وہ کچھ تاخیر سے کسی دوسری مسجد میں خطبہ دے سکتا ہے یا نہیں؟ نماز کوئی اَور پڑھادے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

وہ خطبہ نہ دے،(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۳۰/ ۸/ ۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

خطبۂ جمعہ کے وقت عصا ہاتھ میں لینا

سوال[۳۷۹۸]: ۱.....زید کہتا ہے کہ جمعہ کے دن عصا ہاتھ میں لے کر خطبہ دینا بدعتِ سیئہ ہے تو یہ بدعتِ سیئہ ہے یا نہیں؟

۲.....بہت سی مساجد میں عصا ہاتھ میں لینے کا معمول ہے تو یہ درست ہے یا نہیں؟

۳.....اگر بدعت نہیں ہے بلکہ مستحب وسنت ہے تو اس کو بدعت قرار دینے والوں کے لئے شرعاً کیا حکم ہے؟

= "(لا ينبغي أن يصلي غير الخطيب)؛ لأنهما كشيء واحد (فإن فعل بأن خطب صبي بإذن السلطان و صلى بالغ، جاز) هو المختار". (الدر المختار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/ ۱۶۲، سعيد)

(وكذا في مجمع الأنهر شرح ملتقى الأبحر، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱/ ۲۵۴، غفاريه كوئٹه)

(۱) "ولاينبغي أن يصلي غير الخطيب". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب السادس عشر في صلاة الجمعة: ۱/ ۱۴۷، رشيديه)

"(لا ينبغي أن يصلي غير الخطيب)؛ لأنهما كشيء واحد، (فإن فعل بأن خطب صبي بإذن السلطان و صلى بالغ، جاز)، هو المختار". (الدر المختار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/ ۱۶۲، سعيد)

(وكذا في مجمع الأنهر في شرح ملتقى الأبحر، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱/ ۲۵۴، غفاريه كوئٹه)

یعنی خطبہ نہ دینا ہی اولیٰ ہے، بالفرض اگر خطبہ دے بھی دے تو نمازِ جمعہ اپنی جگہ درست ہے جیسا کہ عنوان: "جمعہ پڑھ کر دوسری مسجد میں خطبہ پڑھنا" کے تحت تفصیل کے ساتھ مدلل مسئلہ گذر گیا۔

Made Searchable by ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....خطبۂ جمعہ کے وقت عصا کا ہاتھ میں لینا بدعتِ سیئہ نہیں بلکہ مستحب ہے، حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ثابت ہے، جیسا کہ طحطاوی مصری باب الجمعہ، ص:۴۲۱، میں ہے(۱)۔

۲.....وہاں کا یہ معمول درست ہے، بدعت نہیں۔

۳.....ایسا کہنا ناواقفیت کی وجہ سے ہے، ان کو کسی عالم کے ذریعہ سے تفہیم کرادیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۴/۱۲/۸۹ھ۔

خطبہ کے وقت لاٹھی ہاتھ میں لینا

سوال[۳۷۹۹]: جمعہ کا خطبہ پڑھنے کے وقت لاٹھی لینا سنت ہے یا واجب ہے؟

العبد محمد عثمان چاٹگامی، مقیم حجرہ نمبر:۱۳۷، ۵/ رجب/ ۵۶ھ۔

---

(۱) "(و) إذا قام يكون (السيف بيساره) متكئاً عليه فى كل بلدة فتحت عنوةً الخ". (مراقى الفلاح).

وقال الطحطاوى: "الحكمة فيه الإشارة إلى أن هذا الدين قد قام بالسيف، وفيه إشارة إلى إنه يكره الاتكاء على غيره كعصا وقوس، خلاصة؛ لأنه خلاف السنة، محيط. و ناقش فيه ابن أمير حاج بأنه ثبت أنه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قام خطيباً بالمدينة متكئاً على عصا أو قوس، كمافى أبى داؤد، وكذا رواه البراء بن عازب عنه -صلى الله تعالىٰ عليه وسلم- و صححه ابن السكن". (حاشية الطحطاوى، كتاب الصلاة، باب الجمعة، ص:۵۱۵، قديمى)

"حدثنا شعيب بن زريق الطائفى قال: جلست إلى رجل له صحبة من رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقال له: الحكم بن حزن الكلفى، فأنشأ ..... ماقمنا بهاأياماً شهدنا فيهاالجمعة مع رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فقام متوكئا على عصا أوقوس، فحمد الله وأثنى عليه كلماتٍ خفيفاتٍ طيباتٍ مباركاتٍ". الحديث. (سنن أبى داؤد، كتاب الصلاة، باب الرجل يخطب على قوس: ۱/۱۵۶، مكتبه دار الحديث ملتان)

"و فى الخلاصة: و يكره أن يتكىء على قوس أوعصاً". (الدرالمختار). "(قوله: وفى الخلاصة) ..... ونقل القهستانى عن عبد المحيط: أن أخذ العصا سنة كالقيام". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۶۳، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

واجب نہیں سنت (غیر موکدہ) ہے: "و یکرہ أن یتکأ علی قوس أوعصا، اھـ". درمختار۔ قال الشامی: "متوکئاً علی عصا أو قوس اھـ، ونقل القهستانی عن عبد المحیط: أن أخذ العصاسنة، اھـ". رد المحتار (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۶/ رجب/ ۵۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۶/ رجب/ ۵۶ھ۔

تلوار یا کمان لے کر خطبۂ جمعہ پڑھنا

سوال[۳۸۰۰]: فتاویٰ عالمگیری جلداول، ص:۷۶، باب جمعہ شرائط خطبہ میں یہ عبارت ہے:

"ویکرہ أن یخطب متکئاً علی قوسٍ أو عصا، کذا فی الخلاصة، وهکذا فی المحیط"(۲)۔ اس کا کیا مطلب ہے؟ تحریر فرمائیں اور ساتھ ہی اس کا حکم بھی۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

فتاویٰ عالمگیری میں باب الجمعہ میں شرائطِ خطبہ کا کوئی عنوان نہیں، ہاں شرائطِ جمعہ کے ذیل میں خطبہ کو بھی ذکر کیا ہے، پھر خطبہ کی سنتیں شمار کی ہیں، اسی ذیل میں خطبہ کے بعض مستحبات، مباحات، مکروہات کو بھی لکھا ہے، اسی میں عبارتِ منقولہ فی السوال بھی ہے "و یکرہ" پر ایک چھوٹا سا نون بھی بنا ہوا ہے جو نسخہ کی علامت ہے طحطاوی علی مراقی الفلاح میں اس عبارت کو نقل کر کے لکھا ہے:

---

(۱) (الدر المختار مع رد المحتار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/ ۱۶۳، سعید)

"حدثنا شعیب بن زریق الطائفی قال: جلست إلی رجل له صحبة من رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یقال له: الحکم بن حزن الکلفی، فأنشأ ..... ماقمنا بهاأیاماً شهدنا فیهاالجمعة مع رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقام متوکئاً علی عصاً أوقوس، فحمد الله وأثنی علیه کلمات خفیفات طیبات مبارکات". الحدیث. (سنن أبی داؤد، کتاب الصلاة، باب الرجل یخطب علی قوس: ۱/ ۱۵۶، مکتبه دار الحدیث ملتان)

(وکذا فی حاشیة الطحطاوی، کتاب الصلاة، أحکام الجمعة، ص: ۵۱۵، قدیمی)

(۲) (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب السادس عشر فی صلاة الجمعة: ۱/ ۱۴۸، رشیدیه)

"وناقش فيه ابن أمير الحاج بأنه ثبت أنه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قام خطيباً بالمدينة متكئاً على عصا أو قوس كمافى أبى داود، وكذا رواه البراء بن عازب عنه –صلى الله تعالىٰ عليه وسلم– وصححه ابن السكن، اهـ" (۱)۔

بذل المجہود شرح ابی داؤد:۲/۱۸۲ میں یہ حدیث مذکور ہے(۲)۔ جو چیز حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ثابت ہو اور خصوصیت کی کوئی دلیل نہ ہو اور اس کے نسخ پر بھی دلیل نہ ہو، اس کو مکروہ نہیں کہا جاسکتا، یہ مسئلہ فتاویٰ دار العلوم دیوبند:/۸۶ (۳) اور فتاوی دار العلوم شائع کردہ حضرت مفتی محمد شفیع صاحب مدظلہ:۲/۳۰۹ (۴) اور امداد الفتاوی:۱/۳۴۱ (۵) میں بھی مذکور ہے، شامی میں بھی ہے:۱/۵۵۳ (۶)۔ شرح

---

(۱) (حاشية الطحطاوى، كتاب الصلاة ، أحكام الجمعة، ص:۵۱۵،قديمى)

"حدثنا شعيب بن زريق الطائفى قال:جلست إلى رجل له صحبة من رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقال له: الحكم بن حزن الكلفى، فأنشأ ..... ماقمنا بهاأياماً شهدنا فيهاالجمعة معَ رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فقام متوكئاً على عصاً أوقوس، فحمد الله وأثنى عليه كلمات خفيفات طيبات مباركات". الحديث. (سنن أبى داؤد، كتاب الصلاة، باب الرجل يخطب على قوس : ۱/۱۵۶ ، مكتبه دار الحديث ملتان)

"عن يزيد بن البراء عن أبيه أن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم خطبهم يوم عيد و فى يده قوس أوعصاً". (مصنف ابن أبى شيبة ، كتاب الصلاة ،العصا يتوكأ عليها إذا خطب ، (رقم الحديث: ۵۶۱۲): ۱/۴۸۲، دار الكتب العلمية)

(۲)(بذل المجهود ، كتاب الصلاة ، باب الرجل يخطب على قوس : ۲/۱۸۲ ، امداديه ملتان)

(۳) (فتاوى دار العلوم ديوبند ، الباب الخامس عشر فى صلاةالجمعة : ۵/۶۲، ۷۶، دارالاشاعت، كراچى)

(۴) حضرت مفتی شفیع صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس مسئلہ پر تفصیل سے بحث کی ہے، ملاحظہ فرمائیں: (فتاوى دار العلوم ديوبند يعنى امداد المفتيين ،كتاب الصلاة، فصل فى الجمعة : ۲/۳۲۴، دار الاشاعت كراچى)

(۵) (امداد الفتاوى ، كتاب الصلاة ، باب الجمعة والعيدين : ۱/۴۴۰، ۴۴۱، دارالعلوم كراچى)

(۶) "و فى الخلاصة: و يكره أن يتكىء على قوس أو عصاً". (الدرالمختار). وفى رد المحتار : "(قوله: وفى الخلاصة) ..... ونقل القهستانى عن عيد المحيط: أن أخذ العصا سنة كالقيام". (كتاب الصلاة، باب الجمعة : ۲/۱۶۳ ، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

سفر السعادۃ، ص:۲۰۹، میں ہے کہ ''منبر بننے سے پہلے عصا یا قوس لیکر خطبہ پڑھا کرتے تھے، منبر بننے کے بعد بلا عصا وقوس کے خطبہ پڑھا کرتے تھے''(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۷/۱/۹۴ھ۔

خطبہ کے وقت خطیب کی طرف رخ ہو یا قبلہ کی طرف؟

سوال[۳۸۰۱]: (الف) خطبۂ جمعہ سننے کی غرض سے سامعین اگر خطیب کی طرف منہ نہ کر کے قبلہ رُو متوجہ ہوکر خطبہ سنا کریں تو کیا حرج ہے، کیا ایسا فعل زیادتی ثواب سے محرومی کا باعث ہوگا؟

(ب) کوئی شخص کہتا ہے کہ خطبۂ جمعہ رو بقبلہ ہوکر سننا ہی احسن ہے جیسا کہ فتاوی برہنہ دفتر اول میں رقمطراز ہے عبارتِ برہنہ یہ ہے:

''و بقول إمام السرخسی رحمه الله تعالیٰ: مسقبل بقبله باشند، وامر کرده نشود بترکِ آن، وهو الأحسن، ینشستند بهر کیف که خواهند و بشنوند وجواب نکنند''(۲).

ایسا ہی محیط حاشیہ شرح وقایہ(۳) اور بہشتی زیور حصہ یازدہم(۴) میں عیاں ہے، مگر اس ملک کے ایک تو مفتی فرماتے ہیں کہ خطبہ کے وقت قبلہ سے منہ گھما کر امام کی طرف رخ کر کے خطبہ سننا ہی مستحب ہے، چاہے تساوئ صفوف میں دقت ہو یا نہ ہو۔ عالمگیری، ص:۱۵۴(۵) اشعۃ اللمعات:۱/۶۵۳(۶) اور

---

(۱) (لم أظفر علیه)

(۲) (فتاویٰ برهنه للشیخ نصیر الدین منهائی، باب سوم درنماز، فصل بست وچهارم درمیان نماز جمعه، ص: ۳۴۴، مطبع منشی نول کشوری)

(۳) ''هو السنة أن المستقبل السامعون الخطیب بوجوههم سواء کانوا أمامه أو یمینه أو یساره الخ''. (عمدة الرعایة علی هامش شرح الوقایة، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۱/۲۰۲، سعید)

(۴) (بهشتی زیور، حصه یاز دهم، اصلی بہشتی گوہر، جمعہ کے خطبے کے مسائل، ص: ۷۹۶، دارالإشاعت)

(۵) ''ویستحب للرجل أن یستقبل الخطیب بوجهه، هذا إذا کان أمام الإمام الخ''. (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلوة، الباب السادس عشر فی صلاة الجمعة: ۱/۱۴۷، رشیدیه)

(۶) ''آنحضرت صلی الله علیه وسلم که چون می نشست برمنبر پیش می آمدیم ما اورابرو هائے خود، پس سنت آنست که مردم متوجه بجانبِ امام بنشینند، وخطبه رااستماع نمایند''. (اشعة اللعمات، =

مظاہر حق (۱) مذکورہ بالا اختلافات میں سے کس کا قول صحیح اور مفتی بہ ہے؟ ازراہ مہربانی ارقام فرماویں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

(الف) کچھ حرج نہیں، بلکہ یہ فعل احسن ہے:

"قال شمس الأئمة: من كان أمام الإمام، استقبل بوجهه، و من كان عن يمين الإمام أو يساره، انحرف إلى الإمام. وقال السرخسي: الرسم في زماننا استقبال القبلة و ترك استقبالهم الخطيب لما يلحقهم من الحرج بتسوية الصفوف بعد فراغ الخطيب من خطبته لكثرة الزحام، قال: و هذا أحسن، اهـ". طحطاوی، ص:۲۸(۲)۔

(ب) احسن قول وہ ہے جو طحطاوی سے منقول ہوا، عالمگیری وغیرہ میں جو مذکور ہے اس کے ساتھ تقویت کا کوئی لفظ مذکور نہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۴/ ذی الحجہ/ ۶۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۹/ ذی الحجہ/ ۶۷ھ۔

= كتاب الصلوة، باب الخطبة، الفصل الثاني: ۱/ ۵۹۰، نوريه رضويه سكهر)

(۱)(مظاهر حق، كتاب الصلوة، باب الخطبة، الفصل الثاني، : ۱/ ۸۸۹، دارالاشاعت ، كراچی)

(۲) (حاشية الطحطاوی على مراقی الفلاح، كتاب الصلاة ، باب الجمعة، ص: ۵۱۵، قديمی)

"عن عبد الله بن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه، قال: كان رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم إذا استوى على المنبر استقبلناه بوجوهنا". (جامع ترمذی، أبواب الجمعة، باب في استقبال الإمام إذاخطب: ۱/ ۱۱۴، سعيد)

قال الشيخ أنور شاه كشميری رحمه الله تعالیٰ: "السنة في الخطبة التحديق وأن يستقبلوا الإمام بوجوههم، ولكن الزمان زمان الفساد، و لو حدقوا لا يمكن استقامة الصفوف عند الجماعة، فالأولى ترك التحديق". (العرف الشذی على هامش جامع الترمذی ، أبواب الجمعة ، باب في استقبال الإمام إذا خطب: ۱/ ۱۱۵، سعيد)

"أن السنة في المستمع استقبال الإمام مخالف لماعليه عمل الناس من استقبال المستمع للقبلة، ولهذا قال في التجنيس: والرسم في زماننا أن القوم يستقبلون القبلة، قال: لأنهم لواستقبلوا الإمام، لخرجوا من تسوية الصفوف بعد فراغه لكثرة الزحام". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة : ۲/ ۲۵۹، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

دورانِ خطبہ اِدھر اُدھر دیکھنا

سوال[۳۸۰۲]: جمعہ میں دورانِ خطبہ بعض لوگ اِدہر اُدہر تاک جھانک رکھتے ہیں، چلتے پھرتے ہیں اوراس قسم کی حرکات کرتے ہیں، اگر یہ خطبہ نماز کے حکم میں ہے تو شرعاً ایسے اعمال جومنافی نماز ہیں ان کا کرنا صحیح نہ ہوگا۔ خطبہ عربی کے بجائے بعد حمد وثناء اردو میں خطبہ اگر دیا جائے تو اس کا احترام اسی طریقہ پر لازم ہے یا کچھ فرق ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

"یکره الکلام حال الخطبة، وکذا کل عمل یشتغله عن سماعها من قرأة قرآن أوصلوة أو تسبیح أوکتابة ونحوها، بل یجب علیه أن یستمع ویسکت. وفی شرح الزاهدی: یکره لمستمع الخطبة ما یکره فی الصلوة من أکل و شرب و عبث والتفات ونحوذلك. وفی الخلاصة: کل ماحرم فی الصلوة حرم حال الخطبة و لو أمراً بمعروف، اهـ". طحطاوی، ص:۲۸۲(۱)۔

اس سے معلوم ہوا کہ جو چیز نماز میں منع ہے خطبہ میں بھی منع ہے۔ خطبۂ جمعہ تمام عربی میں ہونا لازم ہے، اس میں اردو مخلوط کرنا مکروہ تحریمی ہے(۲) اس لئے ایسے خطبہ کی بھی اجازت نہیں ہوگی۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۲/۶/۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۲/۶/۸۷ھ۔

---

(۱) (حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، کتاب الصلاة، باب الجمعة، ص: ۵۱۸، ۵۱۹، قدیمی)

"أن أبا هریرة رضی الله تعالیٰ عنه أخبره أن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "إذا قلت لصاحبک یوم الجمعة: أنصت والإمام یخطب، فقد لغوت". (صحیح البخاری، کتاب الجمعة، باب الإنصات یوم الجمعة و الإمام یخطب: ۱/۱۲۷، قدیمی)

"(و کل ما حرم فی الصلاة، حرم فیها): أی فی الخطبة، خلاصة وغیرها، فیحرم أکل وشرب و کلام و لو تسبیحاً، و رد سلام أو أمر بالمعروف، بل یجب علیه أن یستمع و یسکت". (الدرالمختار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۵۹، سعید)

(وکذا فی بدائع الصنائع، کتاب الصلاة، وأما محظورات الخطبة: ۱/۵۹۲، ۵۹۳، رشیدیه)

(۲) "الخطبة بالفارسیة التی أحدثوها واعتقدوا حسنها، لیس الباعث إلیها إلا عدم فهم العجم اللغة=

حالتِ خطبہ میں پنکھے سے ہوا کرنا

سوال[۳۸۰۳]: خطبہ کی حالت میں پنکھے سے خود ہوا لینا مکروہ تحریمی ہے یا تنزیہی؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو چیز نماز کی حالت میں حرام ہے وہ خطبہ کی حالت میں بھی حرام ہے، جیسا کہ مراقی الفلاح میں ہے اس لئے ایسے وقت میں بھی پنکھے سے ہوا کرنا مکروہ تحریمی ہے(۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

دورانِ سنت جمعہ کا خطبہ شروع ہوجائے تو کیا کیا جائے؟

سوال[۳۸۰۴]: خطبہ جمعہ کے شروع ہونے سے پہلے کسی نے سنت شروع کردی تو اب وہ کیا

= العربية و هذا الباعث قد كان موجوداً فى عصر خيرالبرية، وإن كانت فى اشتباه فلا اشتباه فى عصر الصحابة والتابعين و من تبعهم من الأئمة المجتهدين حيث فتحت الأمصار الشاسعة والديار الواسعة وأسلم أكثر الحبش والروم والعجم وغيرهم من الأعجام و حضروا مجالس الجُمع والأعياد و غيرها من شعائر الإسلام، وقد كان أكثرهم لا يعرفون اللغة العربية، و مع ذلك لم يخطب أحدٌ منهم بغير العربية. و لما ثبت وجود الباعث فى تلك الأزمنة و فقدان المانع والتكاسل ونحوه معلوم بالقواعد المبرهنة، لم يبق إلا الكراهة التى هى أوفى درجات الضلالة". (مجموعة رسائل اللكنوى رحمه الله تعالىٰ، رسالة آكام النفائس : ۴/۴۷، إدارة القرآن، كراچى)

"لا شك فى أن الخطبة بغير العربية خلاف السنة المتوارثة من النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و الصحابة رضى الله تعالىٰ عنه، فيكون مكروهاً تحريماً". (عمدة الرعاية على هامش شرح الوقاية، كتاب الصلاة، باب الجمعة ، (رقم الحاشية : ۲) : ۱/۲۰۰، سعيد)

(۱) "(و) كره (العبث والالتفات)، فيجتنب مايجتنبه فى الصلوة". (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلوة، باب أحكام الجمعة ، ص: ۵۲۰، قديمى)

"(وكل ماحرم فى الصلاة، حرم فيها): أى فى الخطبة". (الدر المختار، كتاب الصلوة، باب فى الجمعة: ۲/۱۵۹، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلوٰة ، باب الجمعة : ۲/۲۵۹، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

کرے جبکہ خطبہ شروع ہوگیا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

سنت شروع کرنے کے بعد اگر خطبہ شروع ہوجائے تو اس کو چاہیے کہ ہلکی ہلکی رکعتیں پوری کرکے سلام پھیر دے، ایسے ہی نماز نہ توڑے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۱/۸۸ھ۔

خطبہ کے وقت نمازِ نفل پڑھنا

سوال[۳۸۰۵]: زید کہتا ہے کہ جب جمعہ کا خطبہ ہورہا ہو، اس وقت دو رکعت تحیۃ الجمعہ پڑھنا چاہئے کہ جس طرح تحیۃ الوضو اور تحیۃ المسجد پڑھتے ہیں۔ کیا شرع شریف میں اس کی کوئی اصل ہے اور یا احادیث سے ثابت ہے یا زید کا کہنا محض لغو ہے، جواب مرحمت فرمایا جائے۔ والسلام۔

احقر الناس محمد احسن۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

"إذا خرج الإمام فلا صلوة ولا كلام اهـ". شرح ملتقی(۲)۔ اس سے معلوم ہوا کہ خطبہ کے

---

(۱) "ولو خرج وهو فى السنة أو بعد قيامه لثالثة النفل، يتم فى الأصح، و يخفف القراءة". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۵۸، سعيد)

"إذا شرع فى الأربع قبل الجمعة ثم افتتح الخطبة، أو الأربع قبل الظهر، ثم أقيمت، هل يقطع على رأس الركعتين؟ تكلّموا، والصحيح أنه يتمّ و لا يقطع؛ لأنها بمنزلة صلاة واحدة واجبة". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۲۷۱، رشيديه)

(وكذا فى حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلاة، باب الجمعة، ص: ۵۱۸، قديمى)

(۲) والعبارة بتمامها: "(وإذا خرج الإمام) ..... (فلاصلوة) أصلاً خلا فائتة لم يسقط الترتيب بينها و بين الوقتية لضرورة صحةالجمعة ..... و لا كلام حتى يفرغ الإمام(من خطبته) الخ". (الدر المنتقى فى شرح الملتقى بذيل مجمع الأنهر، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱/۲۵۳، غفاريه كوئٹه)

"عن ابن عباس وابن عمر رضى الله تعالىٰ عنهم كانا يكرهان الصلاة والكلام بعد خروج الإمام". (مصنف ابن أبى شيبة، كتاب الصلاة، من كان يقول: إذا خطب الإمام فلاتصل، (رقم الحديث: ۵۱۷۵): =

وقت کوئی نماز جائز نہیں ہے، البتہ صاحبِ ترتیب کے لئے فائتہ نماز اس سے مستثنیٰ ہے، لہٰذا تحیۃ الوضو اور تحیۃ المسجد وغیرہ بھی اس وقت پڑھنا منع ہے(۱)۔ اور تحیۃ الجمعہ کا ذکر کسی روایت میں نظر سے نہیں گزرا، زید سے ہی دریافت کیا جائے کہ تحیۃ الجمعہ کی اصل کیا ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۶/ جمادی الثانیہ/ ۵۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۸/ جمادیٰ الثانیہ/ ۵۶ھ۔

خطیب کا عینِ خطبہ کے وقت مصلے پر آنا

سوال[۳۸۰۶]: یہاں کے خطیب صاحب وقتِ مقررہ پر ہی خطبہ دینے کیلئے مسجد میں آتے ہیں، اپنے کمرے میں سنتوں سے فارغ ہوکر مسجد میں صفوں کے درمیان سے ہوکر منبر تک پہنچ جاتے ہیں کیونکہ منبر تک پہنچنے کیلئے کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے، خطیب صاحب کا یہ عمل تیرہ سال سے ہے، تیرہ سال کے بعد صرف دو چار اشخاص نے اعتراض کرنا شروع کردیا۔ پہلے زمانے میں فقہاء اور امام کا عمل اس کے بارے میں کیا تھا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

خطیب صاحب کا یہ طریقہ خلاف شرع نہیں، اس پر اعتراض غلط ہے جب وہ آئیں ان کو راستہ دیدیا جائے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ۔

= ۴۴۸/۱، دار الكتب العلمية بيروت)

"(إذا خرج الإمام) ..... (فلا صلاة و لا كلام الى تمامها) ..... (خلا قضاء فائتة لم يسقط الترتيب بينها وبين الوقتية) ". (الدرالمختار). "(قوله : فلا صلوة) شمل السنة و تحية المسجد)". (ردالمحتار، كتاب الصلاة ، باب الجمعة: ۱۵۸/۲ ، سعيد)

(۱) (راجع ،ص: ۲۷۷، رقم الحاشية : ۲)

(۲) "عن الزهرى قال: أخبرنى ثعلبة بن أبى ملك القرظى قال: قد كان عمر يجيء، فيجلس على المنبر والمؤذن يؤذن و نحن نتحدث ، فإذا قضى المؤذن أذانه، انقطع حديثنا". (مصنف عبد الرزاق ، كتاب الجمعة ، باب جلوس الناس حين يخرج الإمام : ۳۰۸/۳، المكتب الإسلامى) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

خطبۂ جمعہ سے پہلے نعت ونظم

سوال[۳۸۰۷]: جمعہ کے خطبہ سے پہلے نعت شریف یا کوئی نظم پڑھنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ثابت نہیں (۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

خطبۂ جمعہ میں اشعار

سوال[۳۸۰۸]: جمعہ کے خطبہ کے درمیان اردو، فارسی کے اشعار پڑھنا ازروئے شرع کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مکروہ تحریمی ہے (۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۴/۱/۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۴/۱/۸۸ھ۔

= "(إذا خرج الإمام) من الحجرة ..... فلا صلوة و لا كلام الخ". (ردالمحتار، باب الجمعة : ۱۵۸/۲، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلاة ، باب الجمعة : ۲/ ۲۷۰، ۲۷۱، رشيديه)

(۱) جو کام اصولِ شرعیہ قرآن وحدیث اجماع وآثارِ صحابہ سے ثابت نہ ہو اس کو ثواب سمجھ کر علی سبیل الدوام کرنا ناجائز اور بدعت ہے: "عن عائشة رضى الله تعالىٰ عنها قالت : قال النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من أحدث فى أمرنا هذا ما ليس منه، فهو ردٌ". (صحيح البخارى، كتاب الصلح، بابٌ: إذا اصطلحوا على صلح جور فهو مردود : ۱/ ۳۷۱، قديمى)

وفى رد المحتار: "بأنها (أى البدعة) ما أحدِث على خلاف الحق المتلقى عن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من علم أوعمل أو حال بنوع شبهة واستحسان، وجعل ديناً قويماً و صراطاً مستقيماً". (كتاب الصلاة ، باب الإمامة، مطلبٌ: البدعة خمسة أقسام: ۱/ ۵۶۰، سعيد)

(۲) "ومن الأمور المحدثة ما شاع فى أكثر بلاد الهند والدكن وغيرها من قراءة الخطباء فى خطبة آخر جمعات رمضان أشعاراً فارسيةً و هنديةً مشتملةً ..... و هذا أمر يجب على العلماء الزجر عنه، فإن =

Made Searchable by ScribeTools.com

خطبہ کے وقت سامعین کا ہاتھ باندھنا کھولنا

سوال[۳۸۰۹]: جمعہ کے دن مقتدیوں کا خطبہ کے وقت بیٹھے ہوئے تشہد کی ہیئت بنانا اور ہاتھ باندھے رہنا، دوسرے خطبہ کیوقت ہاتھوں کوکھولکر گھٹنوں پر رکھنا، ایسا کرنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ طریقہ ثابت نہیں ہے(۱)۔فقط واللہ اعلم۔

املاہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۲/۴/۱۴۰۶ھ۔

اذان اور خطبہ کے درمیان "إن الله و ملائكته الخ" پڑھنا

سوال[۳۸۱۰]: قدیم زمانہ کے رواج کے مطابق جمعہ کے روز خطبے سے پہلے "إن الله وملائكته

= خلط الخطبة بغير العربية وكذا قراءة كلها بغير العربية خلاف السنة المتوارثة من عصر حضرة الرسالة والصحابة ومن بعدهم من أرباب الجلالة". (مجموعة رسائل اللكنوى ، رسالة ردع الإخوان عن محدثات آخر جمعة رمضان : ۲/۲۴، إدارة القرآن كراچى)

"إن قراءة الأشعار فيها إن كان بالغناء الممنوع عنه فى الشريعة، فلا ريب فى كراهتها ..... وإن لم يكن بالغناء فالكراهة لكونه مخالفاً للسنة داخلاً فى أصناف البدعة، وكذا قراءة بعض الخطبة بالعربية وبعضها بالفارسية لا تخلوا عن الكراهة". (مجموعة رسائل للكنوى رحمه الله تعالىٰ، رسالة آكام النفائس : ۴/۴۸، إدارة القرآن، كراچى)

"لا شك فى أن الخطبة بغير العربية خلاف السنة المتوارثة من النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و الصحابة رضى الله تعالىٰ عنه، فيكون مكروهاً تحريماً، وكذا قرأة الأشعار بالفارسية والهندية فيها". (عمدة الرعاية على هامش شرح الوقاية ، كتاب الصلاة، باب الجمعة ، (رقم الحاشية : ۲): ۱/۲۰۰، سعيد)

(۱)"إذا شهد الرجل عندالخطبة إن شاء جلس محتبياً أو متربعاً أو كما تيسر؛ لأنه ليس بصلاة عملاً و حقيقةً، كما فى المضمرات. و يستحب أن يقعد فيها كما يقعد فى الصلاة". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة ، الباب السادس عشر فى صلاة الجمعة : ۱/۱۴۸، رشيديه)

(وكذا فى أحسن الفتاوى، كتاب الصلاة ، باب الجمعة والعيدين : ۴/۱۳۳، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

الـــخ" پڑھا جاتا ہے جس کو آج کل کے علمائے دین اس طرح خطبے سے پہلے پڑھنے کو بدعت کہتے ہیں، اس لئے حدیث کی روشنی میں فتویٰ دیجئے کہ خطبے سے پہلے "إن اللّٰه و مـلائكته الخ" پڑھنا امامِ شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک درست ہے یا نہیں؟ تاکہ اس بدعت سے بچ سکیں اور صحیح دین کے راستہ پر چل سکیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اذانِ ثانی کے بعد "إن اللّٰه و مـلائكته" الخ پڑھنے کا ذکر نہ قرآن میں ہے نہ حدیث شریف میں ہے نہ صحابہ کرام سے ثابت ہے، اس لئے یہ نئی چیز ہے(۱)۔ دین میں پسندیدہ طریقہ وہ ہے جو حضرت نبی اکرم

---

(۱) "عـن عـائشة رضی اللّٰه تعالیٰ عنها قالت: قال النبی صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم: "من أحدث فی أمرنا هـذا مـا لیـس مـنـه، فهـو رد". (صـحیـح البـخـاری، كتـاب الصلح ، باب إذا اصطلحوا علی صلح جور فهومردود: ۱/۳۷۱،قدیمی)

قـال الـمـلا عـلـی الـقـاری: "مـن أحـدث": أی جدد وابتدع أو أظهر واخترع "فی أمرنا هذا": أ فی دین الإسـلام ..... "فهـو": أی الـذی أحـدثـه "رد" : أی مـردودٌ عـلیـه ..... قال القاضی: المعنی: من أحدث فی الإسلام رأیاً لم یکن له من الکتاب والسنة سندٌ ظاهرٌ أو خفیٌّ، ملفوظٌ أو مستنبطٌ، فهو مردودٌ علیه". (مرقاة المفاتیح، کتاب الإیمان، باب الاعتصام بالکتاب والسنة، الفصل الأول: ۱/۳۶۵، ۳۶۶، رقم الحدیث: ۱۴۰، رشیدیه)

"فالترقیة المتعارفة فی زماننا تکره عنده لاعندهما". (الدرالمختار).

"وفـی ردالـمـحـتـار: (قـولـه فـالـتـرقیة الـمـتـعارفة الخ) ای من قراء ة آیة – إن اللّٰه وملائکتـه. والحدیث المتفق علیه إذا قلت لصاحبک یوم الجمعة أنصت والإمام فقد لغوت".

أقـول: وذکـر العلامة إبن حجر فی التحفة أن ذلک بدعة لأنه حدث بعد صدر الأول ..... أقـول کون ذلک متعارفاً لا یقتضی جوازه عند الإمام القائل بحرمة الکلام ولو أمراً بمعروف أو ردسلام استـدلالاً بمامر ولاعبرة بالعرف الحادث إذا خالف النص؛ لأن التعارف إنما یصلح دلیلاً علی الحل إذا کـان عـامـاً مـن عهد الصحابة والمجتهدین کما صرحوا به". (ردالمحتار، کتاب الصلوة، باب الجمعة مطلب فی حکم المرقی بین یدی الخطیب : ۲/۱۶۰، سعید)

"بـأنهـا (البدعة) ما أحدث علی خلاف الحق المتلقی عن رسول اللّٰه صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم مـن عـلـم أو عـمـل أو حال بنوع شبهة و استحسان، وجعل دیناًقویماً و صراطاً مستقیماً". (ردالمحتار، کتاب الصلاة ، باب الإمامة ، مطلب: البدعة خمسة أقسام: ۱/۵۶۰، سعید)

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین اور دیگر صحابۂ متبوعین سے منقول و ماخوذ ہے، جو چیز ایسی نہ ہو وہ اگر چہ دیکھنے میں کتنی ہی اچھی معلوم ہوتی ہو مگر شرعاً پسندیدہ اور قابلِ اتباع نہیں بلکہ قابلِ ترک ہے۔ حافظ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے فتح الباری شرح بخاری شریف میں امام زہری کی روایت نقل کی ہے کہ ''جب امام خطبہ کے لئے نکلے تو صلوۃ وکلام سب موقوف کردیں''(۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ۔

سامعین کا حالتِ خطبہ میں درود شریف پڑھنا

سوال[۳۸۱۱]: جمعہ کے خطبہ میں اگر رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام مبارک سنا جاوے تو درود شریف پڑھنا واجب ہے یا نہیں؟ بعض علماء فرماتے ہیں کہ دل دل میں پڑھ لے جیسے آیت ﴿إن اللّٰه و ملائكته يصلون على النبى﴾ الخ پڑھی جائے۔ بحوالۂ کتب جواب عنایت فرمادیں کہ درود شریف پڑھنا اچھا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایسی حالت میں درود شریف دل میں پڑھ لے:

"والصواب أن يصلى على النبى صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم عند سماع اسمه فى نفسه (قوله: فى نفسه) بأن يُسمع نفسه أو يصحح الحروف، فإنهم فسروه به وعن أبى يوسف رحمه اللّٰه تعالىٰ: قلباً ايتماراً لأمرى الإنصات والصلوة عليه صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم، كمافى الكرمانى، اهـ". شامى(۲)۔ فقط۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

---

(۱) "عن ابن عمر رضى اللّٰه تعالىٰ عنهما: إذا خرج الإمام فلاصلاة و لا كلام". (فتح البارى، كتاب الجمعة، باب إذا رأى الإمام رجلاً جاء و هو يخطب، أمره أن يصلى ركعتين: ۲/۵۲۰، قديمى)

"عن ابن عباس و ابن عمر رضى اللّٰه تعالىٰ عنهم كانا يكرهان الصلاة و الكلام بعد خروج الإمام". (مصنف ابن أبى شيبة، كتاب الصلاة، من كان يقول: إذا خطب الإمام، فلا تصل، (رقم الحديث: ۵۱۷۵): ۱/۴۴۸، دار الكتب العلمية)

(۲) (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۵۹، سعيد) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

خطبۂ اُولیٰ کے اخیر کی دعاء

سوال[۳۸۱۲]: ایک صاحب خطبۂ اُولیٰ کے اخیر میں دعائیہ الفاظ یوں ادا کرتے ہیں: "أستغفر اللّٰہ لی و لکم و لسائر المؤمنین الخ" زید کہتا ہے کہ یہاں "لسائر المؤمنین" کی جگہ "لسائر المسلمین" بہتر ہوگا، لفظِ "مسلم" عام ہے اور "مومن" خاص ہے، مسنون دعاؤں میں عمومی الفاظ کا بکثرت استعمال اس بات کا شاہدِ عدل ہے۔ صحیح کیا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

امام صاحب اگر زید کی بات مان کر خطبہ میں: "أستغفر اللّٰہ لی و لکم و لسائر المسلمین ، و لسائر المؤمنین" کی جگہ پڑھ دیا کریں تو زید کا دل بھی خوش ہوجائے گا اور دعاء میں عموم بھی ہوجائے گا(۱)۔

فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دار العلوم دیوبند۔

= "وكذا اختلفوا فی الصلوة علی النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم عند سماع اسمه، والصواب أنه يصلی فی نفسه". (البحر الرائق، كتاب الصلاة ، باب الجمعة : ۲/۲۷۲، رشيديه)

وكذا فی بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، وأما محظورات الخطبة : ۱/۵۹۴،رشيديه)

(۱) حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ نے جو یہ فرمایا ہے کہ "لسائر المومنین" کے بجائے "لسائر المسلمین" یہ محض زید کی خوشنودی کے لئے فرمایا ہے ورنہ قرآن پاک میں انبیاء علیہم السلام کی دعاؤں میں "مومنین" اور "مومنات" کے الفاظ ہیں، لیکن جائز بہرحال ہے: قال اللّٰہ تعالیٰ : ﴿ربنا اغفرلی ولو الدی وللمؤمنين يوم يقوم الحساب﴾. (سورة إبراهيم: ۱۳/۴۱) وقال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿واستغفر لذنبک وللمؤمنين والمؤمنات﴾. (محمد: ۲۶/۱۹)

وقال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿رب اغفر لی و لوالدیّ و لمن دخل بيتی مؤمناً وللمؤمنين والمؤمنات﴾. (سورة نوح: ۲۹/۲۸)

"إن الإمام المستغفریّ روی فی دعواته عن أبی هريرة رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه مرفوعاً: "ما من دعاء أحب إلی اللّٰہ من قوله العبد: اللهم اغفر لأمة محمد رحمةً عامةً". (الفتاوی الحديثية، مطلب : هل يجوز الدعاء للمؤمنين والمؤمنات بمغفرة جميع الذنوب، ص:۶۷ ، قديمی)

"(ودَعا) بالعربية –وحرم بغيرها– لنفسه وأبويه وأستاذه المؤمنين". (الدر المختار). "(قوله: =

درمیانِ خطبہ میں سامعین کا زور سے درود شریف پڑھنا

سوال[۳۸۱۳]: قبل اذان ثانیہ جمعہ پر تعوذ پڑھ کر﴿لقد جاء کم﴾ الخ" (۱) اور جس وقت امام خطبہ دیتا ہے اور جس وقت ﴿إن اللّٰہ وملائکتہ﴾ الخ" (۲) پڑھتا ہے تو مقتدی بڑے زور زور سے درود شریف پڑھتے ہیں، بظاہر:"وإذا خرج الإمام، فلا صلاۃ ولا کلام"(۳) کے خلاف معلوم ہوتا ہے۔اس کی وضاحت فرمائیں، نیز جو اذان میں درود شریف بآواز بلند پڑھتے ہیں، پیش کرتا ہے کہ درمختار یا ردمحتار میں استحباب کا قول نقل کیا ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جمعہ کی اذان ثانی سے قبل تعوذ اور آیت:﴿لقد جاء کم﴾ الخ پڑھنا حدیث وفقہ سے ثابت نہیں۔ خطبہ میں خطیب کے:﴿إن اللّٰہ وملائکتہ یصلون علی النبی﴾ الخ(٤) پڑھنے پر حاضرین کا بلند آواز سے درود شریف پڑھنا مکروہ ہے، بلکہ ایسے وقت دل میں درود شریف پڑھنا چاہیے جیسا کہ درمختار، ردالمحتار میں

= لنفسه وأبويه وأساتذه المؤمنين) احترز به عما إذا كانوا كفاراً، فإنه لا يجوز الدعاء لهم بالمغفرة ..... وكان ينبغي أن يزيد: ولجميع المؤمنين والمؤمنات كما فعل في المنية؛ لأن السنة التعميم الخ". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة : ۱/۵۲۱، سعيد)

"وقال الحافظ ابن رجب: إذا أفرد كل من الإيمان والإسلام بالذكر، فلا فرق بينهما حينئذ، وإن قرن بين الاسمين كان بينهما فرق ..... فالإيمان والإسلام كاسم الفقير والمسكين إذا اجتمعا افترقا، وإذا افترقا اجتمعا، فإذا أفرد أحدهما، دخل فيه الآخر الخ". (فتح الملهم، كتاب الإيمان، البحث الثاني عن إطلاق الشرع : ۱/۴۲۸، ۴۲۹، مكتبه الحجاز حيدري كراچی)

مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: (كشف الباري لشيخنا سليم الله خان دامت فيوضهم، كتاب الإيمان : ۱/۶۰۶، ۶۰۷، مكتبه فاروقيه كراچی)

(۱) (سورة التوبة، پ: ۱۱، آية: ۱۲۸)

(۲) (سورة الأحزاب، پ: ۲۲، آية: ۵۶)

(۳) (الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۱۵۸، سعيد)

(۴) (سورة الأحزاب: ۵۶)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

مذکور ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

خطبہ سے قبل "السلام علیکم" کہنا

سوال[۳۸۱۴]: خطباتِ ماثورہ میں لکھا ہے کہ منبر پر چڑھ کر لوگوں کی طرف متوجہ ہوتے اور پھر سلام کرتے اور بیٹھ جاتے، مگر اب تو اس کا رواج نہیں ہے، کیوں نہیں ہے؟ اس کو اب معمول بنایا جائے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

میں نے مجموعہ خطبہ نہیں دیکھا، کتبِ فقہ میں تو یہ ہے کہ منبر پر آ کر سلام نہ کرے، شوافع کے نزدیک آ کر سلام کرنا ہے(۲)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

دعاء بین الخطبتین

سوال[۳۸۱۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں: مفتاح الصلوۃ میں بروز جمعہ بوقت

---

(۱) "والصواب أنه يصلى على النبى صلى الله عليه وسلم عند سماع اسمه فى نفسه". (الدرالمختار).

"(قوله: فى نفسه): أى بأن يُسمع نفسه أو يصحح الحروف، فإنهم فسروه به". (ردالمحتار، كتاب الصلوٰة، باب الجمعة: ۱۵۹/۲، قديمى)

"وكان الطحاوى يقول: على القوم أن يستمعوا إلى أن يبلغ الخطيب إلى قوله تعالىٰ: ﴿يأيها الذين امنوا صلوا عليه وسلموا تسليماً﴾ فحينئذٍ يجب عليهم أن يصلوا على النبى عليه السلام ويسلموا. وفى الجامع الحسامى: ويصلى السامع فى نفسه ويخفى". (التاتار خانية، كتاب الصلوة، شرائط الجمعة: ۶۷/۲، إدارة القرآن، كراچى)

(وكذا فى بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، فصل فى صلوة الجمعة، محظورات الخطبة: ۵۹۴/۱، رشيديه)

(۲) "وترك السلام من خروجه إلى دخوله فى الصلاة، وترك الكلام. وقال الشافعى رحمه الله تعالىٰ: "إذا استوى على المنبر، سلّم على القوم". (البحرالرائق، كتاب الصلوة، باب صلاة الجمعة، : ۲۵۹/۲، رشيديه)

(وكذا فى الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱۵۰/۲، سعيد)

جلسہ بین الخطبتین دعاء مانگنے کو جائز لکھا ہے۔ کیا بروئے اقوالِ معتبرہ احناف واحادیث خطبتین کے درمیان دعاء مانگنا ہاتھ اٹھا کر یا بلا ہاتھ اٹھائے جائز ہے یا مکروہ ہے اور بغیر زبان ہلائے دل میں دعاء مانگ سکتا ہے یا نہیں؟ بینوا بالدلائل الواضحه وتوجروا بيوم القيامة۔

المستفتی: انیس احمد۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس وقت دل سے دعاء مانگے زبان سے نہ مانگے، ہاتھ بھی نہ اٹھائے: "وسئل عليه السلام عن ساعة الإجابة فقال: "مابين جلوس الإمام إلى أن يتمّ الصلوة". وهو الصحيح". الدرالمختار: ۱/۵۵٤(۱)۔

قال ابن عابدينؒ: "قال فى المعراج: فيسن الدعاء بقلبه لا بلسانه؛ لأنه مأمور

---

(۱) (الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱٦٤، سعيد)

"عن أبى بردة بن أبى موسى الأشعرى رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال لى عبد الله بن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما: أسمعت أباك يحدث عن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى شأن الجمعة يعنى الساعة قال: قلت: نعم، سمعته يقول: سمعت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول: "هى ما بين أن يجلس الإمام إلى أن تُقضىٰ الصلاة". قال أبو داؤد: يعنى على المنبر". (سنن أبى داؤد، كتاب الصلاة، باب الإجابة أيّة ساعةٍ هى فى يوم الجمعة: ۱/۱۵۷، امداديه ملتان)

"عن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ذكر يوم الجمعة فقال: "فيه ساعة لا يوافقها عبد مسلم وهو قائم يصلى يسأل الله شيئاً، إلا أعطاه إياه". و أشار بيده يقللها". (صحيح البخارى، كتاب الجمعة، باب الساعة التى فى يوم الجمعة: ۱/۱۲۸، قديمى)

"وقد اختلف أهل العلم من الصحابة والتابعين ومن بعدهم فى هذه الساعة ..... الثلاثون: عند الجلوس بين الخطبتين، حكاه الطيبى عن بعض شراح المصابيح"..(فتح البارى، كتاب الجمعة باب الساعة التى فى يوم الجمعة: ۲/۵۲۸، ۵۳۲، قديمى)

(وكذا فى بذل المجهود، كتاب الصلاة، باب الإجابة أية ساعة هى فى يوم الجمعة: ۲/۱٦۱، إمداديه ملتان)

Made searchable using ScribeTools.com

بالسکوت". رد المحتار: ۱/۵۵٤، نعمانیه(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۵/ ۸/ ۵۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، ۱۸/ شعبان/ ۵۷ھ۔

خطبہ کے درمیان چندہ

سوال[۳۸۱٦]: عید کے روز خطبہ کے درمیان امام کے واسطے یا دیگر اَور کسی کام کے لئے جب کہ خطبہ ہو رہا ہو چندہ وصول کرنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ممنوع ہے(۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دار العلوم دیوبند، ۴/ ۱/ ۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دار العلوم دیوبند۔

---

(۱) (رد المحتار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/ ۱٦۴، سعید)

"عن ابن عباس و ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهم: کانا یکرهان الصلاة والکلام بعد خروج الإمام". (مصنف ابن أبی شیبة، کتاب الصلاة، باب من کان یقول: إذا خطب الإمام فلا تصل، (رقم الحدیث: ۵۱۷۵): ۱/ ۴۴۸، دار الکتب العلمیة بیروت)

"وإذا خرج الإمام ..... فلا صلوة .....ولا کلام". (مجمع الأنهر، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱/ ۲۵۳، غفاریه کوئٹه)

(۲) "إن أبا هریرة رضی الله تعالیٰ عنه أخبره أن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "إذا قلت لصاحبک یوم الجمعة: أنصت والإمام یخطب، فقد لغوت". (صحیح البخاری، کتاب الجمعة، باب الإنصات یوم الجمعة والإمام یخطب: ۱/ ۱۲۷، قدیمی)

"(و کل ما حرم فی الصلاة حرم فیها): أی فی الخطبة، خلاصة وغیرها. فیحرم أکل و شرب وکلام و لو تسبیحات أو رد سلام أو أمر بمعروف، بل یجب علیه أن یستمع و یسکت". (الدرالمختار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/ ۱۵۹، سعید)

"وإذا خرج الإمام، فلا صلوة و لا کلام. وقالا: لابأس إذا خرج الإمام قبل أن یخطب الخ". (الفتاوی العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب السادس عشر فی الجمعة: ۱/ ۱۴۷، رشیدیه)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/ ۲۵۹، رشیدیه)

ایضاً

سوال[۳۸۱۷]: ہماری مسجد یوسفیہ بازار میں جمعہ کے دن ''خطباتِ موعظہ'' مصنفہ مولانا ذاکر حسین پھلتی صاحب کے پڑھے جاتے ہیں، اس میں عربی کے ساتھ ترجمہ تفصیل سے بطورِ وعظ لکھا گیا ہے اور خود مصنف نے اپنے دیباچہ میں لکھا ہے کہ اردو ترجمہ عربی سے پہلے منبر کے پاس ٹھہر کر سنانا بہتر ہے، چنانچہ امام صاحب ترجمہ پڑھتے ہیں، پھر سنت ادا کی جاتی ہے، پھر عربی خطبہ پڑھ کر فرض پڑھتے ہیں۔ اردو ترجمہ کے درمیان مصلیوں کے درمیان ایک ڈبہ گشت کرایا جاتا ہے جس میں لوگ پیسہ ڈالتے ہیں، اس ڈبہ پر ''چندہ برائے طعام مسافرین وحاجتمندانِ مسجد یوسفیہ'' لکھا ہے، اس ڈبہ کو گشت کرانے سے اور کھٹ کھٹ کی آواز سے توجہ بٹتی ہے۔

میں نے اعتراض کیا کہ اردو جو بھی پڑھا جاتا ہے وہ اس دن کے خطبہ کا ترجمہ ہوتا ہے لہذا احترام سے سننا چاہئے، اور ڈبہ اس وقت نہ پھرانا چاہئے، جس پر امام نے جواب دیا کہ مساجد میں مسلمان مسافروں یا مصیبت زدہ مسلمانوں کے لئے چندہ کرنا جائز ہے بشرطیکہ نمازیوں کو تکلیف نہ ہو اور چندہ کرنے والے دوسروں کی گردنیں پھلانگ کر ادھر ادھر نہ جائیں: "و یکره إعطاء سائل المسجد إلا إذا لم تخط رقاب الناس". شامی (۱) تو کیا مسجد میں اس عنوان سے مانگنا جائز ہے؟ اور کیا اردو ترجمہ خطبہ کے ادب واحترام سے مستثنیٰ ہو جاتا ہے؟ اوپر جو درمختار کا حوالہ دیا گیا ہے وہ صحیح ہے یا نہیں؟ اور عربی خطبہ کے قبل اردو ترجمہ کرنا یا وعظ سنانا بدعت تو نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

خطبۂ جمعہ تو فرض اور جمعہ کے لئے شرط ہے (۲) اس کو سننا ضروری ہے، کوئی ایسا کام کرنا منع ہے جو

---

(۱) (رد المحتار، کتاب الصلاة، باب ما یفسد الصلوة و ما یکره فیها: ۱/ ۶۵۹، سعید)

(۲) "أما الأول فالدلیل علی کونها شرطاً قوله تعالیٰ: ﴿فاسعوا إلی ذکر الله﴾ ..... أو المراد من الذکر الخطبة وقد أمر بالسعی إلی الخطبة، فدل علی وجوبها و کونها شرطاً لانعقاد الجمعة الخ". (بدائع الصنائع، کتاب الصلاة، خطبة الجمعة: ۱/ ۵۸۹، رشیدیه)

"و یشترط لصحتها سبعة أشیاء ..... والرابع: الخطبة فیه". (الدرالمختار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/ ۱۳۷، ۱۴۷، سعید) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

سننے میں مخل ہو(۱)، اذانِ خطبہ سے پہلے جو کچھ بھی بیان کیا جائے خواہ ترجمۂ خطبہ ہو یا کوئی اَور وعظ ونصیحت ہو اس کا حکم خطبۂ جمعہ کی طرح نہیں تاہم اس کو بھی اہتمام سے سنا جائے (۲) اس وقت بھی چندہ وغیرہ جمع نہ کیا جائے، بلکہ اس کے لئے دوسرا وقت تجویز کرلیا جائے، مثلاً ترجمہ ختم ہونے کے بعد سنتوں سے پہلے یا جو وقت مشورہ سے مناسب طے ہوجائے، مسجد میں چندہ کے لئے جو کچھ امام صاحب نے بتایا ہے وہ صحیح ہے، خطبۂ جمعہ سے پہلے بعض حضرات صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کا وعظ فرمانا ملا علی قاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے نقل فرمایا ہے (۳) اور یہ مفید بھی ہے بدعت نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۶/۱/۹۴ھ۔

= (وكذا في الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب السادس عشر في صلاة الجمعة : ۱۴۶/۲، رشيديه)

(۱) "إن أبا هريرة رضي الله تعالىٰ عنه أخبره أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "إذا قلت لصاحبك يوم الجمعة: أنصت والإمام يخطب، فقد لغوت". (صحيح البخاري، كتاب الجمعة، باب الإنصات يوم الجمعة والإمام يخطب : ۱۲۷/۱، قديمي)

"(وكل ماحرم في الصلاة، حرم فيها): أي في الخطبة، خلاصة وغيرها. فيحرم أكل و شرب ..... بل يجب عليه أن يستمع و يسكت". (الدرالمختار، باب الجمعة : ۱۵۹/۲، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة : ۲۵۹/۲، رشيديه)

(وكذا في الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب السادس عشر في صلاة الجمعة : ۱۴۷/۱، رشيديه)

(۲) "عن أبي سعيد الخدري رضي الله تعالىٰ عنه أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قام على المنبر فقال: "إنما أخشى عليكم من بعدي ما يفتح عليكم من بركات الأرض" ثم ذكر زهرة الدنيا، فبدأ بأحدهما و ثنّى بالأخرى، فقام رجل فقال: يا رسول الله! أَوَ يأتي الخير بالشر؟ فسكت عنه النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قلنا: يوحى إليه وسكت الناس كأنّ على رؤوسهم الطير". الحديث. (صحيح البخاري، كتاب الجهاد، باب فضل النفقة في سبيل الله : ۳۹۸/۱، قديمي)

"قال الطيبي: كنايةٌ عن إطراقهم رؤوسهم و سكوتهم و عدم التفاتهم يميناً و شمالاً. قال ميرك: والطير بالنصب على أنه اسمُ كان: أي رأس كل واحد الطير يريد صيده فلا يتحرك. وهذه كانت صفة مجلس رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم إذا تكلم، أطرق جلساءه كأنما على رؤوسهم الطير يريد أنهم يسكتون فلا يتكلمون، والطير لا يسقط إلا على ساكت". (مرقاة المفاتيح، كتاب الجنائز، باب ما يقال عند من حضره الموت، الفصل الثالث، تحت حديث البراء بن عازب رضي الله تعالىٰ عنه، (رقم الحديث : ۱۶۳۰) : ۱۰۲/۴، رشيديه)

(۳) "وأخرج ابن عساكر عن حميد بن عبد الرحمن أن تميماً الداري رضي الله تعالىٰ عنه استأذن عمر=

Made Searchable by ScribeTools.com

خطبہ کے وقت نمازیوں سے چندہ وصول کرنا

سوال[۳۸۱۸]: ہماری مسجد میں جس قدر نمازی آتے ہیں جمعہ میں، تقریباً وہ سب فیکٹریوں کے ملازم ہوتے ہیں، ان کے پاس وقت کم ہوتا ہے اور ہر ایک کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ وہ نماز جمعہ سے جلد از جلد فارغ ہوکر اپنی ڈیوٹی پر پہونچ جائیں تاکہ غیر حاضری نہ ہو، گھنٹہ دو گھنٹہ کی تاخیر سے سروس اور تنخواہ میں نقصان پیدا نہ ہو۔ اس لئے یہاں زوال کے بعد فوراً ہی پہلی اذان کہی جاتی ہے اور اذان وخطبہ کے درمیان دس پندرہ

= رضی الله تعالیٰ عنه فی القصص سنین، فأبی أن یأذن له، فاستأذنه فی یوم واحد، فلما أکثر علیه، قال له: ما تقول؟ قال: أقرأ علیهم القرآن، وآمرهم بالخیر، وأنهاهم عن الشر. قال عمر رضی الله تعالیٰ عنه: ذلک الذبح، ثم قال: عِظْ قبل أن أخرج فی الجمعة. فکان یفعل ذلک یوماً واحداً فی الجمعة".

وروی الطبرانی: بسند جید عن عمرو بن دینار أن تمیماً الداری رضی الله تعالیٰ عنه استأذن عمر رضی الله تعالیٰ عنه فی القصص، فأبی أن یأذن له ثم استأذنه، الحدیث". (الموضوعات الکبری للملاعلی القاری، مقدمة، فصل: و لما کان أکثر القصاص والوعاظ الخ ص: ۲۰، نور محمد کراچی)

تنبیه: ذکر الملا علی القاری (رحمه الله تعالیٰ) هذه الأحادیث فی مقدمة موضوعاته، ولکنها لیست بموضوعة، بل هی من مستدلاته علی عدم جواز بیان القصص الطویلة التی لا ضرورة إلی بیانها، بل الأحسن أن یکون الوعظ مختصراً جامعاً خالیاً عن الحشو و الزوائد علی طریق الإیجاز. (شاهوانی)

"عن تمیم الداری رضی الله تعالیٰ عنه أن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "الدین النصیحة" قلنا: لمن: قال: "لله و لکتابه و لرسوله ولأئمة المسلمین و عامتهم".

قال الإمام النووی رحمه الله تعالیٰ: "وأما نصیحة عامتهم و هم مَن عَدا وُلاة الأمر فإرشادهم لمصالحهم فی آخرتهم و دنیاهم و کف الأذیٰ عنهم، فیعلّمهم مایجهلونه من دینهم و دنیاهم، و یعینهم علیه بالقول والفعل و ستر عوراتهم و سد خلالاتهم و دفع المضار عنهم و جلب المنافع لهم، وأمرهم بالمعروف و نهیهم عن المنکر برفق وإخلاص والشفقة علیهم، و توقیر کبیرهم ورحمة صغیرهم ..... والنصیحة لازمة علی قدر الطاقة إذا علم الناصح أنه یقبل نصحه و یطاع أمره وأمن علی نفسه المکروه، فإن خشی أذی، فهو فی سعة، والله تعالی أعلم". (الصحیح لمسلم مع شرحه الکامل للنوی، کتاب الإیمان، باب إن الدین النصیحة: ۱/۵۴، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

منٹ سے زائد کا وقفہ نہیں ہوتا، اگر چہ مسجد میں نماز کی غرض سے عموماً نمازیوں کی آمد نماز کی اذان سے تقریباً آدھ پون گھنٹہ پہلے شروع ہوجاتی ہے۔

اس تمہید کے بعد عرض ہے کہ مسجد کے اخراجات خطبہ کے دوران چندہ لینے اور دینے والے اور درمیان میں گشت کرنے والے مشغول ہوجاتے ہیں، جب کہ آداب وشرائطِ جمعہ میں یہاں تک تاکید ہے کہ خطبہ واجب ہے، اس کا سننا واجب ہے، جب خطبہ کی اذان شروع ہوجاتی ہے تو نماز کے سلام تک کسی دوسری طرف مشغول نہ ہونا چاہیئے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

چندہ وصول کرنے کے لئے یہ وقت متعین کرنا صحیح نہیں، غلط طریقہ ہے، یا تو اس سے پہلے وصول کیا جائے یا نماز سے فراغت پر وصول کیا جائے۔ مراقی الفلاح میں لکھا ہے کہ: ''جو چیز عینِ نماز کی حالت میں منع ہے وہ چیز خطبہ کی حالت میں بھی منع ہے(۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

خطبۂ جمعہ کے وقت چندہ کرنا

سوال[۳۸۱۹]: ۱.....خطبۂ جمعہ وعیدین کے مسنون ومشروع ہونے کی غرض کیا ہے؟

الف- اگر اس کا مقصد اس مجمع کو مسائلِ جزئیہ شرعیہ اس دن یا اس نماز کے متعلق مقام خطبہ پر کھڑے ہوکر یا بیٹھ کر سکھلانا یا تعلیم دینا ہے تو اس کا جو وقت منجانبِ شرع متعین ہوچکا ہے اس میں تغیر وتبدل یا تقدیم وتاخیر یا طریقۂ بیان میں جدت پیدا کرنا بدعت ہے یا نہیں؟

---

(۱) ''(و) کره (العبث والالتفات)، فیجتنب ما یجتنبه فی الصلوة''. (حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، کتاب الصلوة، باب أحکام الجمعة، ص: ۵۲۰، قدیمی)

''ویحرم فی الخطبة مایحرم فی الصلاة، حتی لاینبغی أن یأکل أو یشرب والإمام فی الخطبة، هکذا فی الخلاصة''. (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلوة، الباب السادس عشرفی صلوة الجمعة: ۱۴۸/۱، رشیدیه)

(وکذا فی الدر المختار، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۱۵۹/۲، سعید)

ب-اگر بدعت ہے تو اس کا جواز کسی مصلحت پر مبنی پیدا کرنے کا حق کسی مولوی یا مولوی نما عالی کو ہے یا نہیں؟

ج-''کل بدعة ضلالة و کل ضلالة فی النار''(۱) ارشاد نبوی کلیہ ہے یا نہیں؟

د-بدعت کی تعریف جو متقدمین علماء وفقہاء نے بیان فرمائی ہے بیان کیجئے؟

ہ-اس ارشاد نبوی کو کلیہ نہ ماننا اور اس کی تاویلات کرنا تعریفِ بدعت میں ہے یا نہیں؟

و-اگر نہیں تو ایسا شخص مُحدِث مصطلح ہے یا نہیں؟

۲.....جمعہ یا عیدین یا سب میں گداگری کی شکل اختیار کر کے لوگوں کی صفوں میں پھر کر چندہ کرنا جائز ہے یا نہیں؟

الف-اگر جائز نہیں تو ایسی حالت کا ارتکاب عملاً اصلاً، دواماً کرنے والا صحیح العمل شریعت کا کام کرنے والا عندالشرع ہے یا نہیں؟

ب-اگر جائز ہے تو اس کی کوئی سند کتبِ فقہ مستند مویدہ آیتِ قرآنی یا حدیث ہے یا نہیں؟ اگر ہے تو اس کو مع نقل عبارت وحوالۂ کتب وصفحہ بیان فرمائیں۔

۳.....جمعہ کی نماز میں خطبہ ہے جب کہ بعض نمازی مشغول بالسنّت ہوں ایسے سائل کا صفوف کے درمیان گشت کرنا شرعی ادلہ میں کس دلیل سے ثابت ہے؟

ع-مذکورہ بالا صورتوں میں کسی کو بدعت جاننے والا یا مکروہ سمجھنے والا اگر باوجودِ قدرتِ بیان وتردید اس پر سکوت اختیار کرے تو وہ آیا مجرم شرعی ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

۱.....ہماری غرض تو تکمیل ارشاد ہے، شارع کی غرض کیا ہے؟ وہ علمِ شارع میں ہے۔

الف-کوئی تغیر نہ کیا جائے۔

ب-طریقۂ مشروعہ کے خلاف کرنے کی اجازت نہیں۔

ج-کلیہ ہے(۲)۔

---

(۱)(سنن النسائی، کتاب العیدین، باب کیف الخطبة: ۱/۲۳۴، قدیمی)

(۲)بدعتِ شرعیہ (جو کہ بدعت سیئہ ہے) کے اعتبار سے یہ حدیث قاعدہ کلیہ ہے، کیونکہ لغوی اعتبار سے فقہائے کرام رحمہم اللہ تعالیٰ نے بدعت کی تقسیم کی ہے، اس اعتبار سے حدیثِ مذکور عام مخصوص منہ البعض کے قبیل سے ہے، جیسے ملا علی قاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس پر تصریح کی ہے: ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

د-غیر دین کو دین سمجھنا بدعت ہے(۱)۔

ھ-کلیہ کو کلیہ نہ ماننا بدعت کو غیر بدعت کہنا بدعتِ ضلالہ ہے(۲)۔

و-اوپر بیان کردیا۔

۲.....تخطیٔ رقاب ممنوع ہے(۳)،نمازیوں کے سامنے سے مرور بھی ممنوع ہے(۴)۔

= قال: "قال فی الأزهار: أی کل بدعةٍ سیئة ضلالةٌ، لقوله علیه السلام: " من سنّ فی الإسلام سنةً حسنةً فله أجرها و أجر من عمل بها". و جمع أبو بکر و عمر القرآن..... وقوله: " کل بدعة ضلالة " عامٌّ مخصوص. قال الشیخ عز الدین بن عبد السلام فی آخر کتاب القواعد: البدعة إما واجبةٌ کتعلیم النحو لفهم کلام الله و رسوله اهـ ..... و إما مکروهة: کزخرفة المساجد الخ ". (مرقاة المفاتیح، کتاب الإیمان، باب الاعتصام بالکتاب والسنة، الفصل الأول: ۱/۳۶۸، رقم الحدیث: ۱۴۱، رشیدیه)

(۱) (البدعة) "ماأحدث علی خلاف الحق الملتقی عن رسول الله صلی الله علیه وسلم من علم أو عمل أو حال بنوع شبهة واستحسان، و جعل دیناً قویماً و صراطاً مستقیماً". (رد المحتار، باب الإمامة، مطلب: البدعة خمسة أقسام: ۱/۵۶۰، سعید)

(۲) قال الإمام النووی رحمه الله تعالیٰ تحت حدیث: "من أحدث فی أمرنا هذا ..... اهـ". وهذا الحدیث قاعدة عظیمة من قواعد الإسلام و هو من جوامع کلمه صلی الله علیه وسلم فی رد کل البدع والمخترعات، وفی الروایة الثانیة (أی بعد الحدیث المذکور) زیادة، وهی أنه قد یعاند بعض الفاعلین فی بدعة سبق إلیها، فإذا احتج علیه بالروایة الأولی، یقول: أنا ما أحدثت شیئاً، فیحتج علیه بالثانیة التی فیها التصریح برد کل المحدثات سواء أحدثها الفاعل أو سبق بإحداثها ". (شرح النووی علی مسلم، کتاب الأقضیة، باب نقض الأحکام الباطلة و رد محدثات الأمور: ۲/۷۷، قدیمی)

(۳) "عن سهل بن معاذ بن أنس الجهنی عن أبیه رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: " من تخطی رقاب الناس یوم الجمعة، اتخذ جسراً إلی جهنم". (جامع الترمذی، کتاب الجمعة، باب فی کراهیة التخطی یوم الجمعة: ۱/۱۱۴، سعید)

(و مرقاة المفاتیح، باب التنظیف والتبکیر، قبیل الفصل الثالث: ۳/۴۸۶، رقم الحدیث: ۱۳۹۲، رشیدیه)

(ورد المحتار، کتاب الصلوة، قبیل باب العیدین، مطلب فی الصدقة علی سؤال المسجد: ۲/۱۶۴، سعید)

(۴) "قال أبو جهیم رضی الله تعالیٰ عنه: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: "لو یعلم المارّ بین یدی المصلی ما ذا علیه، لکان أن یقف أربعین خیراً له من أن یمرّ بین یدیه ". قال أبو النضر: لا أدری قال =

الف-صحیح العمل نہیں۔

ب-منع کی تصریح ہے فقہ میں بھی حدیث میں بھی (۱)۔

۳.....اس کا جواب اوپر آ گیا۔

ج-اصلاحِ منکر حسبِ حیثیت لازم ہے، ترک پر وعید ہے (۲)۔فقط واللہ اعلم۔

خطبۂ جمعہ میں ''الوداع''

سوال[۳۸۲۰]: رمضان المبارک کا آخری جمعہ جس کو الوداع کہتے ہیں اس میں جدائی، حسرت و افسوس کے مضامین پڑھے جاتے ہیں۔ردع الاخوان میں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مضامین ثابت نہیں، اس لئے بدعت ہے، حالانکہ ہندوستان میں خصوصاً دہلی میں ہزاروں آدمی الوداع پڑھنے جاتے ہیں۔ شرعاً الوداع پڑھنا بدعت ہے یا کیا حکم ہے؟ اور ایسے مضامین پڑھنے والوں کو منع کرنا چاہئے یا نہیں؟ اور ایسے خطبوں میں شریک ہونا چاہئے یا نہیں؟ فقط۔

= أربعين يوماً، أو شهراً أو سنةً". (صحيح البخاری، كتاب الصلوة، باب إثم المار بين يدى المصلى: ۱/۷۳، قديمى)

(والتفصيل فى مرقاة المفاتيح، كتاب الصلوة، باب السترة، الفصل الأول: ۲/۴۸۴، رقم الحديث: ۷۷۶، رشيديه)

وكذا فى الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلوة و ما يكره فيها، بعد مطلب: قرأ: تعالى جدك - بغير الف- لا تفسد: ۱/۶۳۴، سعيد)

(۱) (راجع ،ص: ۲۹۳، رقم الحاشية :۳)

(۲) قال القارى رحمه الله تعالىٰ تحت حديث: "من رأى منكم منكراً الخ": و لفظ "من" لعمومه شمل كل أحد رجلاً أو امرأةً، عبداً أوفاسقاً أو صبياً مميزاً. ..... قال النووى رحمه الله تعالىٰ فى شرح مسلم: قوله: "فليغيره بيده" هو أمر إيجاب، وقد تطابع على وجوبه الكتاب والسنة وإجماع الأمة،..... وهو فرض كفاية، فمن تمكن منه و تركه بلا عذر، أثم. و قد يتعين، كما إذا كان فى موضع لا يعلم به إلا هو، أو لا يتمكن من إزالته إلاهو". (مرقاة المفاتيح، كتاب الآداب، باب الأمر بالمعروف، الفصل الأول: ۸/۸۶۲، رقم الحديث: ۵۱۳۷، رشيديه)

Made Searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً و مصلیاً:

ردع الاخوان میں جولکھا ہے وہ صحیح ہے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۴/۶/۶۱ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہٗ، صحیح: عبداللطیف، ۲۵/ جمادی الثانیہ/ ۶۱ھ۔

خطبۃ الوداع

سوال[۳۸۲۱]: رمضان المبارک کے آخری جمعہ میں عام طور سے الوداع خطبہ پڑھتے ہیں، مجموعۂ خطب مولانا اسماعیل صاحب شہید رحمہ اللہ تعالیٰ کے خطبہ وغیرہ میں اس کا کچھ ذکر نہیں، میری نظر میں صرف خطبۂ علمی میں ہے جو محمد حسن علی بریلوی کا نوشتہ الوداع خطبہ ہے اور اکثر مسجدوں میں وہی خطبہ ہے۔ کیا الوداع خطبہ بدعت ہے؟ اگر بالفرض بدعت لکھیں تو کس قسم کی بدعت ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

یہ خطبہ الوداع پڑھنا قرونِ مشہود لہا بالخیر سے ثابت نہیں، فقہاء نے اس کے پڑھنے کا ذکر نہیں کیا، مولانا عبدالحئ صاحب لکھنوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کے بدعت ممنوع ہونے کو تفصیل سے مدلل بیان فرمایا ہے(۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند ۲۴/۱۰/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند ۲۵/۱۰/۹۰ھ۔

---

(۱) (مجموعة رسائل اللكنوی رحمه الله تعالیٰ رساله ردع الإخوان عن محدثات آخر جمعة رمضان: ۲/۲۴، إدارة القرآن، كراچی)

''یہ خطبہ بدعت ہے کہ مرثیہ اور اشعار قرونِ مشہود لہا بالخیر میں خطبہ میں منقول نہیں، بالخصوص جب اس فعل کو ضروری جانا جاوے کہ مؤکدہ جاننا کسی امر مستحب کا بھی داخلِ تعدیٔ حدود اللہ اور بدعتِ ضلالہ ہے، چہ جائے کہ امر محدث الخ''۔

(تالیفات رشیدیہ مع فتاوی رشیدیہ، باب البدعات، ص:۱۳۹، ادارہ اسلامیات لاہور)

(۲) "الوداع یا الفراق در خطبهٔ جمعه آخر رمضان خواندن، و کلماتِ حسرت و رخصت ادا کردن فی نفسه امرِ مباح است، بلکه این کلمات باعثِ ندامت و توبهٔ سامعان شود، امیدِ ثواب است، مگر=

ایضاً

سوال[۳۸۲۲]: جمعۃ الوداع میں جوخطبہ متعارفہ "الوداع الوداع یا شهر رمضان الخ" پڑھا جاتا ہے، حضرت تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کو منع کیا ہے اگر چہ وہ کتاب ذہن میں نہیں رہی، اس کے بارے میں تحریر فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ خطبۃ الوداع مکروہ ہے، بدعت ہے، مولانا عبدالحیٔ لکھنوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے مستقل رسالہ تحریر فرمایا ہے جس میں جمعۃ الوداع میں جو بدعات ورسوم جاری ہیں ان کی تردیدی کی ہے، اس میں یہ خطبہ بھی ہے(۱) اس طرح اردو فتاویٰ دیوبند تھانہ بھون میں بھی اس کو بدعت لکھا ہے(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/۹/۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/۹/۸۷ھ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

= ثبوتِ این طریق در قرونِ ثلاثہ نیست ..... و شاید کسے کہ ایجاد ایں طریق کردہ، خطبۂ آخرِ رمضان را بر خطبۂ استقبال قیاس کردہ، لیکن اہتمامِ خطبہ وداع کردن چنانچہ درین زمانہ مروج است، و آن را تا بحدِ التزام رسانیدن خالی از ابتداع نیست، علمائے معتمدین را لازم است کہ التزامِ این طریق را ترک کنند، تا عوام از اعتقاد و استحباب و سنیت بلکہ از ضروری بودنِ این طریق خاص نجات یابند". (مجموعة الفتاوی علی هامش خلاصة الفتاوی، کتاب الکراهیة: ۳۲۹/۴، امجد اکیڈمی لاهور)

(وکذا فی مجموعة رسائل اللکنوی رسالة ردع الإخوان عن محدثات آخر جمعة رمضان: ۲۴/۲، إدارة القرآن، کراچی)

(۱) "و من الأمور المحدثة ما ذاع فی أکثر بلاد الهند والدکن وغیرهما من تسمیة خطبة الجمعة الأخیرة بخطبة الوداع، و تضمینها جملاً دالةً علی التحسر بذهاب ذلک الشهر، فیدرجون فیها جملاً دالةً علی فضائل ذلک الشهر، ویقولون بعد جملة أو جملتین: الوداع، والوداع أو الفراق والفراق لشهر رمضان، أو الوداع والوداع یا شهر رمضان، ونحو ذلک من الألفاظ الدالة علی ذلک" (مجموعة رسائل اللکنوی، ردع الإخوان عن محدثات آخر جمعة رمضان: ۲۴/۲، إدارة القرآن کراچی)

(۲) (فتاوی دارالعلوم دیوبند یعنی عزیز الفتاوی، باب الجمعة: ۳۰۶/۱، ۳۰۷، دارالاشاعت کراچی)

Made searchable using ScribeTools.com

الفصل الخامس فی أذان الجمعة

(جمعہ کی اذان کا بیان)

جمعہ کی دواذانوں کا ثبوت

سوال[۳۸۲۳]: جمعہ کے دن پہلی اذان، دوسری خطبہ کی اذان، یہ دواذانیں جو ہیں ان کا بھی ثبوت دینا کہ دواذان ہونی چاہئے یا ایک؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

پہلے تو ایک ہی اذان جمعہ کے لئے ہوتی تھی، جب مجمع زیادہ ہونے لگا تو بعض خلفائے راشدین ہی کے حکم سے دواذانیں ہونے لگیں، کذا فی شرح البخاری:

"عن السائب بن یزید قال: کان النداء یوم الجمعة أوله إذا جلس الإمام علی المنبر علی عهد النبی صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم وأبی بکر و عمر رضی اللّٰه تعالیٰ عنهما، فلما کان عثمان رضی اللّٰه تعالیٰ عنه و تکثر الناس، زاد النداء الثالث علی الزوراء، الخ". فتح الباری: ۳۲۶/۲، ۳۲۷ (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

جمعہ کی اذانِ ثانی

سوال[۳۸۲۴]: نماز جمعہ میں دواذان ہوتی ہیں، ان کی کیا اصلیت ہے؟

---

(۱) (فتح الباری، کتاب الجمعة، باب الأذان یوم الجمعة: ۴۹۹/۲، قدیمی)

"(قوله: ویؤذن) ثانیاً (بین یدیه): أی الخطیب". (الدرالمختار). "(قوله: و یؤذن ثانیاً بین یدیه): أی علی سبیل السنیة". (ردالمحتار، کتاب الجمعة، باب الأذان یوم الجمعة: ۱۶۱/۲، سعید)

(فإذا جلس علی المنبر، أذن بین یدیه ثانیاً) وبذلک جری التوارث". (مجمع الأنهر، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲۵۴/۱، غفاریه کوئٹه)

(وکذا فی البحرالرائق، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲۷۴/۲، رشیدیه)

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ قرونِ مشہود لہا بالخیر سے ثابت اور متوارث ہے اور حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ میں صحابہ کا اجماع ہو چکا تھا (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۱/۳/۵۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، ۱۳/ ربیع الاول/ ۵۶ھ۔

جمعہ کے لئے اذان اول سنت ہے یا ثانی؟

سوال[۳۸۲۵]: جمعہ میں اذانِ اولیٰ سنت ہے یا اذانِ ثانی سنت ہے؟ بعد الاذان الثانی مناجات جائز ہے یا نہیں، مناجات چھوڑنے سے گناہ گار ہوگا یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

دونوں اذانیں سنت ہیں (۲)، دوسری اذان کے بعد دعاء دل میں پڑھی جائے زبان سے نہ پڑھی جائے (۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۶/۱۱/۶۰ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۶/۱۱/۶۰ھ۔

---

(۱) "عن السائب بن یزید قال: کان النداء یوم الجمعة أوّله إذا جلس الإمام علی المنبر علی عهد النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم وأبی بکر و عمر رضی الله تعالیٰ عنهما، فلما کان عثمان رضی الله تعالیٰ عنه و تکثر الناس، زاد النداء الثالث علی الزوراء". قال أبو عبد الله: الزوراء موضع بالسوق بالمدینة". (صحیح البخاری، کتاب الجمعة، باب الأذان یوم الجمعة: ۱/۱۲۴، قدیمی)

(۲) (راجع، ص: ۲۹۷، رقم الحاشیة: ۱)

(۳) "عن ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما وابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما کانا یکرهان الصلاة والکلام بعد خروج الإمام". (مصنف بن أبی شیبة، کتاب الصلاة، من کان یقول إذا خطب الإمام فلا تصل، (رقم الحدیث: ۵۱۷۵): ۱/۴۴۸، دار الکتب العلمیة، بیروت)

"قال فی المعراج: فیسن الدعاء بقلبه لا بلسانه؛ لأنه مأمور بالسکوت". (ردالمحتار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۶۴، سعید) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

جمعہ کے دن اذان کہاں دی جائے؟

سوال[۳۸۲۶]: عہدِ نبوی میں جمعہ کی اذانیں کتنی تھیں اور کہاں دی جاتی تھیں، مسجد کی چھت کے نیچے یا چھت سے باہر؟ مقام کی تعیین کرتے ہوئے لکھیں کہ آج کی مروجہ اذان ایک چھت کے نیچے اور دوسرے چھت سے باہر کیسی ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

عہدِ نبوی -صلی اللہ علیہ وسلم- میں اذان جمعہ ایک ہی تھی جو کہ بابِ مسجد پر ہوتی تھی، جب کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر تشریف لے آتے تھے اور اس اذان کے بعد خطبہ ہوتا تھا، لوگ عامۃً سنتیں اپنے مکان سے پڑھ کر آتے تھے، اس اذان کی آواز مسجد کے باہر والوں کو بھی پہونچتی تھی اور اندر والوں کو بھی پہونچتی تھی، اذانِ خطبہ سے قبل اذان نہیں ہوتی تھی، یہی کیفیت شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے دور میں رہیں، پھر خلیفۂ ثالث حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دور میں مجمع بہت زیادہ ہونے لگا تو ایک اذان بازار میں ''زوراء'' مقام پر متعین کی گئی تاکہ بیرونِ مسجد دور تک آواز پہونچ جائے اور لوگ نماز کے لئے آجائیں۔ اس کے بعد ایک اَور اذان امام کے سامنے اندرونِ مسجد کے لئے رہی تاکہ حاضرینِ مسجد اس کو سن کر نوافل، تلاوت، تسبیح سے فارغ ہوجائیں اور خطبہ سننے کے لئے بیٹھ جائیں۔

اس اذان کا حال اقامت کی طرح ہے کہ وہ بھی حاضرینِ مسجد کے لئے ہے، اس میں آواز زیادہ بلند نہیں کی جاتی اور کسی بلند جگہ پر بھی اس کا ہونا مستحب نہیں (۱)۔ اس مسئلہ پر مستقل ایک رسالہ ہے، جس کا نام ''تنشیط الاذان'' ہے (۲)، اس میں پوری تفصیل اور دلائل مذکور ہیں:

= (وكذا في البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۲۷۰، رشيديه)

(۱) "(لغزٌ): أيّ الأذان لايستحب رفع الصوت فيه؟ قل: هو الأذان الثاني يوم الجمعة الذي يكون بين يدي الخطيب؛ لأنه كالإقامة لإعلام الحاضرين، صرح به جماعة من الفقهاء". (السعاية على شرح الوقاية، كتاب الصلاة، باب الأذان، المقام الثاني في ذكر أحوال المؤذن: ۲/۳۸، سهيل اكيڈمی، لاهور)

(۲) (تنشيط الأذان في تحقيق محل الأذان، تاليف حضرت مولٰنا خليل احمد سهارنپوری)

Made Searchable by ScribeTools.com

"حدثنا محمد بن مسلمة المرادیّ حدثنا ابن وهب عن یونس عن ابن شهاب، أخبرنی السائب بن یزید أن الأذان کان أوّله حین یجلس الإمام علی المنبر یوم الجمعة فی عهد النبی -علیه السلام- وأبی بکر وعمر -رضی اللّٰه تعالیٰ عنهما-، فلما کان خلافة عثمان رضی اللّٰه تعالیٰ عنه وکثر الناس، أمر عثمان یوم الجمعة بالأذان الثالث، فأذن به علی الزوراء، فثبت الأمر علی ذلك". (أبوداؤد)(۱)۔

"لم یکن فی زمان رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم وأبی بکر وعمر -رضی اللّٰه تعالیٰ عنه- قبل أذان الخطبة أذان. ..... قال الحافظ فی الفتح فی روایة وکیع عن ابن أبی ذئب: فأمر عثمان بالأذان الأول، ونحوهٗ للشافعی من هذا الوجه، ولا منافاة بینهما؛ لأنه باعتبار کونه مزیداً یسمّیٰ ثالثاً، وباعتبار کونه جعل مقدماً علی الأذان والإقامة سمی أولاً. ولفظ روایة عقیل: إن التأذین بالثانی أمربه عثمان، وتسمیته ثانیاً أیضاً متوجه بالنظر إلی الأذان الحقیقی، لا الإقامة. قال أبو عبداللّٰه البخاری فی صحیحه: الزوراء موضع بالسوق بالمدینةِ الخ". بذل المجهود(۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

جمعہ کی اذان ثانی کس جگہ ہو؟

سوال[۳۸۲۷]: جمعہ میں اذانِ ثانی مسجد کے اندر ہونی چاہیے یا بیرونِ مسجد؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس اذان کا حال اقامت کی طرح ہے یعنی یہ حاضرینِ مسجد کی اطلاع کے لئے ہے کہ اب خطبہ کے لئے تیار ہوجاؤ، نفل، تسبیح، تلاوت ختم کردو، کذا فی السعایة شرح شرح وقایة(۳)۔ پس یہ اذان خطیب

---

(۱) (سنن أبی داؤد، کتاب الصلوة، باب النداء یوم الجمعة: ۱/۱۶۲، مکتبه امدادیه، ملتان)

(۲) (بذل المجهود، تفریع أبواب الجمعة، باب النداء یوم الجمعة: ۲/۱۸۰، امدادیه)

(۳) (لغزٌ) أیُّ الأذان لا یستحبّ رفع الصوت فیه؟ قیل: هو الأذان الثانی یوم الجمعة الذی یکون بین یدی الخطیب؛ لأنه کالإقامة لإعلام الحاضرین، صرح به جماعة من الفقهاء". (السعایةللعلامة اللکنویؒ، کتاب الصلاة،باب الأذان، المقام الثانی فی ذکر أحوال المؤذن: ۲/۳۸، سهیل اکیڈمی، لاهور) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

کے مقابل پہلی صف میں یا نمازیوں کی قلت وکثرت کے اعتبار سے جس میں مناسب ہو کہ سب تک آواز پہونچ جائے، مسجد ہی میں دی جائے، یہ ہی متوارث ہے(۱)۔اس پر مستقل ایک رسالہ ہے "تنشیط الآذان فی تحقیق محل الأذان" (۲) اس میں دلائل مذکور ہیں۔فقط۔واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم۔

جمعہ کی اذانِ ثانی کا محل

سوال[۳۸۲۸]: جمعہ کی اذانِ ثانیہ کے متعلق اگر کوئی شخص یہ قید لگائے کہ منبر کے سامنے ہونا چاہیے اور اس پر اصرار اور تشدد کرتا ہو تو شرعاً کیا حکم ہے؟

سائل: محمد حسین۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

دوسری اذان کا منبر کے سامنے ہونا سنت ہے اس پر ہمیشگی باعثِ ثواب ہے اسکے خلاف کرنا خلافِ سنت ہے:

= "إن بلالاً كان يؤذن على باب المسجد، فالظاهر أنه كان لمطلق الإعلام لا لخصوص الإنصات، نعم! لما زِيدَ الأذان الأول، كان للإعلام، وكان الذى بين الخطيب للإنصات". (نيل الأوطار للشوكانى، كتاب الجمعة، باب تسليم الإمام إذا رقى المنبر، والتأذين إذا جلس عليه واستقبال المأمومين: ۳/۳۲۲، دار الباز، مكة المكرمة)

(وكذا فى فتح البارى، كتاب الجمعة، باب الأذان يوم الجمعة: ۲/۵۰۰، قديمى)

(۱) "وإذا صعد الإمام المنبر جلس، وأذن المؤذنون بين يدى المنبر، بذلك جرى التوارث". (الهداية، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱/۱۷۱، مكتبه شركة علميه، ملتان)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۲۷۴، رشيديه)

(وكذا فى الحلبى الكبير، كتاب الصلاة، فصل فى صلاة الجمعة، ص: ۵۶۱، سهيل اكيڈمى، لاهور)

(۲) دیکھئے: (تنشيط الأذان فى تحقيق محل الأذان، تاليف حضرت مولٰنا خليل أحمد سهارنپورى رحمه الله تعالىٰ)

"ويؤذن ثانياً بين يدى الخطيب على سبيل السنة، اهـ". ردالمحتار، ص: ۸٦۰(۱)۔"وفى البحر: فإذا جلس على المنبر أذن بين يديه، بذلك جرى التوارث. والضمير فى قوله: "بين يديه" عائد إلى الخطيب الجالس، وفى القدورى: بين يدى المنبر، وهو مجاز إطلاقاً لاسم المحل على الحال، اهـ". ۲/ ۱۵۷(۲)۔

اس مسئلہ کی تفصیل تنشیط الأذان میں ہے(۳)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۹/ ۷/ ۵٦ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۹/ رجب/ ۵٦ھ۔

اذانِ خطبہ کا محل

سوال[۳۸۲۹]: خطبۂ جمعہ کی اذان کے متعلق سائب بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث میں دو روایت ہیں، اس میں "على باب المسجد" کا لفظ نہیں اور فقہائے کرام نے اس کو نقل بھی فرمایا ہے اور سنن ابی داود کے ص: ۱۵٦(۴)، میں جو حدیث محمد ابن اسحاق سے مروی ہے اس میں "على باب المسجد" کا لفظ ہے، مگر فقہائے کرام اس کو نقل نہیں فرماتے تو محمد بن اسحٰق راوی میں کونسا عیب ہے جس کی وجہ سے فقہائے کرام نے اپنی کتابوں میں "دروازے پر" کا لفظ نہیں لکھا اور "بین یدی" کا لفظ منبر پر سے کتنی دور تک اطلاق کرسکتا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت جس کو محمد بن اسحاق رحمہ اللہ تعالیٰ بواسطۂ زہری نقل کرتے ہیں اس کے الفاظ یہ ہیں: "حدثنا النفيلى نا محمد بن سلمة عن محمد بن إسحاق عن الزهرى عن السائب بن يزيد، قال: كان يؤذن بين يدى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم

---

(۱) (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/ ۱٦۱، سعيد)

(۲) (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/ ۲۷۴، رشيديه)

(وكذا فى الحلبى الكبير، كتاب الصلاة، فصل فى صلاة الجمعة: ۵٦۱، سهيل اكيڈمى، لاهور)

(۳) دیکھئے: (تنشيط الآذان فى تحقيق محل الأذان، تالیف: حضرت مولانا خلیل احمد سہارنپوری)

(۴) (سنن أبى داؤد، كتاب الصلاة، باب النداء يوم الجمعة: ۱/ ۱۵۵، مكتبه دار الحديث، ملتان)

Made searchable using ScribeTools.com

علی باب المسجد وأبی بکر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه و عمر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه اهـ" (۱)۔

اس روایت میں دونوں لفظ موجود ہیں:"بین یدی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم" اور "علی باب المسجد"

احناف نے اس روایت کو ترک نہیں کیا بلکہ دونوں لفظوں کے درمیان جمع کیا ہے:

ولا منافاة بین قوله:"بین یدی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم" و بین "علی باب المسجد" فإن باب المسجد هذا کان فی جهة الشمال، فإذا جلس رسول اللّٰہصلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم علی المنبر للخطبة یکون هذا الباب قُدامه، فکونه بین یدیه عام شامل لما کان فی محاذاته أوشیئاً منحرفاً إلی الیمین أوالشمال أو یکون علی الأرض أوالجدار، اهـ". بذل المجهود: ۲/۱۸۰(۲)۔

"وأمالفظ: "علی الباب" "فعلی" ههنا بمعنی "فی" وحروف الجر یقوم بعضها موضع بعض کما فی قوله تعالیٰ:﴿ علی جذوع النخل﴾ عند بعضهم، فیکون معنیٰ قوله: "علی الباب ای فی الباب فی داخل المسجد، وهذا الباب کان قریباً من المنبر، فلامنافاة بین قوله: "بین یدی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم" و بین قوله:"علی الباب" کما هو ظاهرٌ۔ و لا یخفیٰ أن باب المسجد هناك لم یکن خارجه کما فی زماننا، فإن العمارة لم تکن من الخارج محیطةً بالمسجد هناك، کما یفهم من ظاهر ما رواه أبوداؤد: "عن ابن عمر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنهما کنت أبیت فی المسجد فی عهد رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم، وکنت فتیً شاباً عزباً، و کانت الکلاب تبول و تقبل و تدبر فی المسجد، فلم یکونوا یرشّون شیئًا من ذلك"۔ و قد تقدم فی باب طهارة الأرض بالجفاف: "وکانت له ثلاثة أبواب". کما فی عمدة القاری:۱/۳۵۸(۳)۔

---

(۱) (سنن أبی داؤد، کتاب الصلاة، باب النداء یوم الجمعة : ۱/۱۵۵، مکتبه دار الحدیث، ملتان)

(۲) (بذل المجهود، کتاب الصلاة، باب النداء یوم الجمعة : ۲/۱۸۰، مکتبه امدادیه ملتان)

(۳) (عمدة القاری، کتاب الجمعة، باب الأذان یوم الجمعة: ۶/۳۰۴، دارالکتب العلمیة، بیروت)

(رکذا فی إعلاء السنن، کتاب الجمعة، باب التأذین عند الخطبة: ۸/۶۸، إدارة القرآن، کراچی)

"و كان أحد الأبواب محاذياً للمنبر كما فى البخارى "عن أبى نمير أنه سمع أنس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه يذكرأن رجلاً دخل يوم الجمعة من بابٍ كان وجاهَ المبنر ورسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قائم يخطب، فاستقبل رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، الخ". ۱/۱۳۷(۱)۔

"فحاصل هذا الكلام أن الأذان كان بين يدى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى باب المسجد داخله، و هو بين يدى المنبر محاذياً له، فلم يلزم كون الأذان خارج المسجد، اهـ". إعلاء السنن:۸/٤۷ (۲)۔

"قال المهلب: الحِكمة فى جعل الأذان فى هذا المحل ليعرف الناس جلوس الإمام على المنبر، فينصتون له إذا خطب. قال الحافظ: فى الفتح:۲/۳۲۷(۳): و فيه نظرٌ لما عند الطبر انى وغيره فى هذا الحديث "أن بلالاً كان يؤذن على باب المسجد" فالظاهر أنه كان لمطلق الإعلام لا لخصوص الإنصات، نعم! لمّا زِيدَ الأذان الأول، كان للإعلام، وكان الذى بين الخطيب للإنصات، اهـ". نيل الأوطار:۳/۱٤۰(٤)۔

اس لئے راوی پر کلام کرنے کی ضرورت نہیں، محمد بن اسحاق کا ترجمہ تہذیب التہذیب جلد:۲ میں چار ورق پر لکھا ہے، اصحابِ جرح وتعدیل کے دونوں قسم کے اقوال ان کے متعلق نقل کئے گئے ہیں (۵)۔

---

(۱) (صحيح البخارى ، أبواب الاستسقاء ، باب الاستسقاء فى المسجد الجامع : ۱/۱۳۷، قديمى)

(۲) (إعلاء السنن، أبواب الجمعة ، باب التأذين عند الخطبة : ۸/٦۹، إدارة القرآن كراچى)

(۳) (فتح البارى ، كتاب الجمعة، باب الأذان يوم الجمعة : ۲/۵۰۰، قديمى)

(۴) (نيل الأوطار للشوكانى ، كتاب الجمعة ، باب تسليم الإمام إذا رقى المنبر والتأذين إذا جلس عليه واستقبال المأمو،ين له : ۳/۳۲۲، دارالباز للنشر والتوزيع ، مكة المكرمة)

(۵) "و قال ابن المدينى: سمعت سفيان قال: قال ابن شهاب، وسُئل عن مغازيه فقال: هذا أعلم الناس بها، وقال الأثرم عن أحمد: هو حَسَن الحديث. وقال مالك: دجّال من الدجاجلة، و قال البخارى: رأيت علىّ بن عبد الله يحتج بحديث ابن إسحاق، قال يعقوب: و سألت ابن المدينى: كيف حديث ابن إسحاق عندك؟ فقال: صحيح، قلت له: فكلام مالك فيه؟ قال: مالك يجالسه و لم يعرفه. وقال =

Made searchable using ScribeTools.com

پھر ہدایہ(۱) اور شرح ہدایہ میں اس اذان کا محل "بین یدی الخطیب" لکھا ہے اور اس کی دلیل میں توارث کو پیش کیا(۲) اور صحابہ کرام سے جو امر متوارث ہو وہ بحکمِ تواتر ہے، اس لئے انکار کی گنجائش نہیں۔ خود اس مسئلہ پر فریقین کے متعدد رسائل بھی شائع ہو چکے ہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۳/شوال/ ۶۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، ۱۴/شوال/ ۶۶ھ۔

صحیح: عبد اللطیف۔

اذانِ خطبہ کا محل

سوال[۳۸۳۰]: ۱.....قبل جمعہ اذانِ ثانی از روئے شرع کس جگہ سے دینی چاہیے؟

۲..... اذانِ ثانی روبروئے خطیب داخلِ مسجد منبر کے قریب ہونا کیسا ہے؟ اور روبروئے خطیب خارجِ مسجد سنت ہے یا نہیں؟

= ابن عيينة: سمعت شعبة يقول: محمد بن إسحاق أمير المؤمنين فى الحديث، روى له مسلم فى المتابعات، وعلّق له البخارى. وقال أبو يعلى الخليلى: محمد بن إسحاق عالمٌ كبيرٌ، و إنما لم يخرجه البخارى من أجل روايته المطولات وقد أستشهد به، وأكثر عنه يحكى فى أيام النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وفى أحواله وفى التواريخ، و هو عالمٌ واسع الرواية و العلم ثقةٌ. وقال ابن البرق: لم أرأهل الحديث يختلفون فى ثقته و حسن حديثه و روايته". (تهذيب التهذيب، لابن حجر العسقلانى تحت لفظ: "ميم محمد، الف"، (رقم الترجمة: ۵۱): ۳۸/۹، ۴۶، دار صادر بيروت)

(۱) "وإذا صعد الإمام المنبر جلس وأذن المؤذنون بين يدى المنبر، بذلك جرى التوارث". (الهدايه، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱/۱۷۱، مكتبه شركة علميه ملتان)

(۲) "وأذن المؤذنون بين يدى المنبر) هذا هو الأذان الأصلى الذى كان فى زمان النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وأبى بكر و عمر رضى الله تعالىٰ عنهما من بعده، ثم حدث الأذان الآخر، و هو الأذان الأول فى عهد عثمان -رضى الله تعالىٰ عنه- كما ذكرنا (بذلك): أى بالأذان بين يديه المنبر بعد الأذان الأول على المنارة (حدث التوارث) من زمن عثمان بن عفان إلى يومنا هذا". (البناية للعينى، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۳/۱۰۱، ۱۰۲، رشيديه)

۳.....اذانِ مذکور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں داخلِ مسجد ہوا کرتی تھی یا خارج مسجد؟

۴.....اذانِ ثانی مذکور سطح پر ہونا کیسا ہے؟

۵.....جس حدیث سے اذانِ مذکور خارجِ مسجد ہونا ثابت ہے وہ حدیث منسوخ ہے کہ نہیں؟

۶.....اگر خارجِ مسجد اذان ہونے والی حدیث منسوخ ہے تو ناسخ کون سی حدیث ہے؟

۷.....حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت منسوخ نہ ہو، اس کو رائج کرنا کیسا ہے؟

۸.....قوم کے عمل سے جو سنت اٹھ چکی ہے اس کو رائج کرنے والے کی فضیلت بیان فرماویں۔ فقط۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱-۸.....مسائلِ فقہیہ کے ثبوت کے لئے چار اصول ہیں: کتاب، سنت، اجماع، قیاس۔ بعض مسائل صاف صاف قرآن پاک میں ہیں، بعض حدیث شریف میں ہیں، بعض اجماع سے ثابت ہیں، بعض قیاس سے(۱)۔ ماخذ کو کسی ایک دلیل میں منحصر کر کے سوال کرنا منصبِ سائل کے خلاف ہے، اس کا حاصل تو یہ ہوگا (کہ) سائل فقط ایک دلیل کو تسلیم کرتا ہے، بقیہ تین دلیلیں اس کے لئے بے کار ہیں، ان کو تسلیم نہیں کرتا، ان سے مسائل ثابت نہیں مانتا۔ اگر سائل مقلد ہے تو اس کا یہ سوال اپنے حوصلہ سے بڑھ کر ہے، اگر سوال علمی تشنگی کی سیرابی کے لئے ہو تو اس میں مضائقہ نہیں، اس کے لئے اردو میں ایک رسالہ ہے ''تنشیط الاذان'' (۲) اس میں اس مسئلہ کو تفصیل سے لکھا ہے، ادلۂ اربعہ سے ثابت کیا ہے۔

جس حدیث میں اس اذان کا تذکرہ ہے وہ ابوداؤد شریف میں مذکور ہے (۳)، بذل المجہود شرح سنن

---

(۱) ''اعلم أن أصول الشرع ثلٰثة ..... الكتاب والسنة وإجماع الأمة ..... والأصل الرابع: القياس''. (نور الأنوار، تفهيم أصول الشرع، ص: ۵، سعيد)

(۲) (تنشيط الأذان فى تحقيق محل الأذان، تاليف حضرت مولانا خليل أحمد سهارنپورى رحمة الله تعالىٰ عليه)

(۳) ''عن ابن شهاب، أخبرنى السائب بن يزيد أن الأذان كان أوله حين يجلس الإمام على المنبر يوم الجمعة فى عهد النبى صلى الله عليه وسلم وأبى بكر وعمر رضى الله تعالىٰ عنهما، فلما كان خلافة عثمان رضى الله تعالىٰ عنه وكثر الناس، أمر عثمان يوم الجمعة بالأذان الثانى، فأذن به على الزوراء، فثبت الأمر =

Made searchable using ScribeTools.com

اَبی داوٗدشریف(۱) میں پوری اس کی تفصیل مذکور ہے، رُواۃ پر بھی کلام مذکور ہے، کانپور کرنیل گنج سے ایک ماہنامہ ''نظام'' نکلتا ہے، اس میں اس حدیث پر پوری بحث (دیر ہوئی) شائع ہوچکی ہے۔

مختصراً اتنا عرض ہے کہ حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک میں مدینہ پاک کی آبادی کے لحاظ سے صرف ایک اذان بابِ مسجد پر منبر کے سامنے ہوتی تھی، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور میں ایک اذان کا اضافہ ہوا، وہ بلند جگہ پر بازار میں بیرونِ مسجد ہوتی تھی اور دوسری اذان اندرونِ مسجد ہونے لگی، پہلی اذان اعلامِ غائبین کے لئے اور دوسری اعلامِ حاضرین کے لئے مثلِ اقامت، اس وجہ سے پہلی اذان میں آواز زیادہ بلند کی جاتی ہے، دوسری میں معمولی آواز پر کفایت کی جاتی ہے تاکہ حاضرینِ مسجد خطبہ کے لئے تیار ہوجائیں، نوافل وغیرہ سے فارغ ہوجائیں (۲)۔

پھر حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور میں اس کا اہتمام ہوا، خلفائے راشدین کی سنت پر عمل کرنے کی حدیث پاک میں تاکید ہے، پس ان کی سنت پر عمل کرنا بھی حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد ہی سے ہے، جو کہ خلافِ حدیث نہیں بلکہ عین موافقِ حدیث ہے۔ وہ حضرات منشائے حدیث کو سمجھنے والے اور اس

= على ذلک". (سنن أبی داؤد، کتاب الصلوة، باب النداء یوم الجمعة : ۱/۱۶۲، مکتبه امدادیه)

(۱) "قال الحافظ فی الفتح فی روایة وکیع عن ابن أبی ذئب: فأمر عثمان رضی الله تعالیٰ عنه بالأذان الأول، ونحوه للشافعی من هذا الوجه، ولا منا فاة بینهما؛ لأنه باعتبار کونه مزیداً یسمی ثالثاً، وباعتبار کونه جعل مقدماً علی الأذان والإقامة سمی أولاً، ولفظ روایة عقیل: إن التأذین بالثانی أمربه عثمان رضی الله تعالیٰ عنه وتسمیته ثانیاً أیضاً متوجه بالنظر إلی الأذان الحقیقی ..... قال الحافظ: والذی یظهر أن الناس أخذوا بفعل عثمان فی جمیع البلاد؛ إذ ذاک لکونه خلیفةً مطاعَ الأمر. وروی ابن أبی شیبة من طریق ابن عمر". (بذل المجهود فی حل أبی داؤد، کتاب الصلوة، باب النداء یوم الجمعة : ۲/۱۸۰، مکتبه امدادیه، ملتان)

(۲) "(لغزٌ) أیُّ الأذان لایستحب رفع الصوت فیه؟ قل: هو الأذان الثانی یوم الجمعة الذی یکون بین یدی الخطیب؛ لأنه کالإقامة لإعلام الحاضرین، صرّح به جماعة من الفقهاء". (السعایة، کتاب الصلوة، باب الأذان، المقام الثانی فی ذکر أحوال المؤذن: ۲/۳۸، سهیل اکیڈمی)

پرعمل کرنے والے اوراس کوشائع کرنے والے ہیں۔ایسے مواقع میں ناسخ ومنسوخ کی بحث ہی بے محل ہے(۱)۔
عینی شرح بخاری وفتح الباری وفیض الباری کا مطالعہ بھی اس مقصد کے لئے مفید ہوگا۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۴/۱/۸۸ھ۔

جمعہ کی اذانِ ثانی کا مقام اور محمد بن اسحاق کا حال

سوال[۳۸۳۱]: ۱.....سنن ابوداؤد شریف کی وہ حدیث کہ جس میں "أذان علی باب المسجد" کا ذکر ہے، اس کی سند میں جو محمد بن اسحاق ہے وہ کذاب اور دجال ہے یا نہیں؟ اور حدیثِ مذکور قابلِ عمل ہے یا متروک العمل؟

۲.....اگر کوئی مولوی راویٔ مذکور یعنی محمد بن اسحاق کو کذاب و دجال کہے اور پھر اس پر اصرار کرے تو شریعتِ مطہرہ کی طرف سے اس قسم کے مولوی پر کیا حکم عائد ہوگا؟

۳.....اگر کسی حنفی مذہب والے کا "علی الباب المسجد" حدیث پر عمل ہو اور کوئی شخص اس کو غیر مقلد اور لا مذہبی بتائے اور اس میں شمار کرے اور امام کے سامنے مسجد کے کنارے پر جمعہ کی اذانِ ثانی دینے کو بدعتِ سیئہ بتائے تو ایسے شخص کے پیچھے نماز پڑھنا درست ہوگا یا نہیں؟

۴.....اگر حنفی مذہب ماننے والے جمعہ کی اذانِ ثانی امام کے سامنے مسجد کے کنارے پر دلوائے اور اس پر کوئی مصلی بار بار انکار کرتے ہوئے کچھ لوگوں کو لے کر مسجد سے باہر ہو جائے اور لعن وطعن کہتے ہوئے کسی میدان میں جا کر نماز پڑھے تو ان لوگوں کی نماز ہوگی یا نہیں؟ اور اس قسم کے مولوی پر شریعتِ مقدسہ کی طرف سے کیا حکم عائد ہوگا؟

---

(۱) "قال سمعت العرباض بن سارية رضی الله تعالیٰ عنه يقول: قام فينا رسول الله صلى الله عليه وسلم ذات يوم، فوعظنا موعظةً بليغةً، وَجِلت منها القلوب، وذرفت منها العيون، فقيل: يارسول الله! وعظت موعظة مودّع، فاعهد إلينا بعهد، فقال: "عليكم بتقوى الله والسمع والطاعة وإن عبداً حبشياً، وسترون من بعدى اختلافاً شديداً، فعليكم بسنتى وسنة الخلفاء الراشدين المهديّين، عضوا عليها بالنوا جذ، وإياكم والأمور المحدثات، فإن كل بدعة ضلالة". (سنن ابن ماجة، المقدمة، باب اتباع سنة الخلفاء الراشدين: ۱/۵، قديمی)

Made searchable using ScribeTools.com

۵.....موذن مسجد کے دروازے کے کنارے پر اذانِ ثانی دے کر اقامت کیلئے صفِ اول میں جاسکتے ہیں یانہیں؟ اور اگر کسی عذر سے بالکل پچھلی صف میں اقامت کہے تو درست ہوگا یانہیں؟ مسجد کے کنارے سے دروازہ مراد ہے یا کوئی دوسری جگہ مراد ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

محمد بن اسحاق کے متعلق اصحابِ جرح وتعدیل میں اختلاف ہے، بعض حضرات نے اس کو کذاب بھی کہا تھا اور دوسرے حضرات نے امام المغازی بھی لکھا ہے، راجح قول یہ ہے کہ مغازی وسیر میں ان کی روایت مطلقاً معتبر ہے، چنانچہ مسلم وترمذی، ابوداود، نسائی نے ان کی حدیث لی ہے، امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے تعلیق میں روایت لی ہے امام احمد اور منذری رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کو "حَسَن الحديث" فرمایا ہے، علی بن المدینی نے فرمایا ہے: "يحتج به" یعنی ان کی بیان کردہ روایت کو بطور حجت پیش کرنا درست ہے(۱)، شیخ ابن الھمام رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "أمير المؤمنين فى الحديث، ثقةٌ ثقةٌ ثقةٌ"(۲)۔ اور جب اصحابِ صحاح ان پر

---

(۱) "و قال ابن المدينى: سمعت سفيان قال: قال ابن شهاب، و سئل عن مغازيه، فقال: هذا أعلم الناس بها،..... وقال الأثرم عن أحمد ..... هو حَسَن الحديث. و قال مالک: دجالٌ من الدجاجلة. و قال البخارى: رأيت على بن عبد الله يحتج بحديث ابن إسحاق. .....قال يعقوب: و سألت ابن المدينى كيف حديث ابن إسحاق عندک؟ فقال: صحيحٌ، قلت له: فكلام مالک فيه؟ قال: مالک يجالسه و لم يعرفه..... وقال ابن عيينة: سمعت شعبة يقول: محمد بن إسحاق أمير المؤمنين فى الحديث،..... روى له مسلم فى المتابعات، وعلّق له البخارى ..... وقال أبو يعلى الخليلى: محمد بن إسحاق عالمٌ كبيرٌ، و إنما لم يخرّجه البخارى من أجل روايته المطولات، و قد أستشهد به، وأكثر عنه فيما يحكى فى أيام النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وفى أحواله وفى التواريخ، وهو عالمٌ واسع الرواية و العلم ثقةٌ. وقال ابن البرقى: لم أر أهل الحديث يختلفون فى ثقته وحسن حديثه و روايته". (تهذيب التهذيب لابن حجر العسقلانى تحت لفظ "ميم محمد، الف"،(رقم الترجمة : ۵۱، ۳۸/۹، ۴۶، دار صادر بيروت)

(۲) "كذا ذكره ابن حبان فى الثقات". (لسان الميزان لابن الحجر، مَن اسمه محمد ، ۷۰۶۳، ۷۵/۵، دار الكتب العلمية)

"وقال الحاكم: وذكر عن البوشيخى أنه قال: هو (محمد بن إسحاق) عندنا ثقة ثقة". (تهذيب =

Made Searchable by ScribeTools.com

اعتماد کرتے ہیں اور ان کی روایت کو اپنی کتابوں میں نقل کرتے ہیں اور بطورِ حجت پیش کرتے ہیں تو اب ان پر اس قسم کی نکتہ چینی کرنا جس سے عوام میں فتنہ پیدا ہو، ہرگز نہیں چاہیے۔

حضرت رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حیاتِ طیبہ میں جمعہ کے لئے ایک ہی اذان ہوتی تھی اور وہ مسجد سے باہر بلند جگہ پر ہوتی تھی، پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور میں بھی یہ طریقہ رہا، پھر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اخیر دور میں دو اذانیں شروع ہوئیں اور پھر حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور خلافت میں اس کا شیوع ہوا کہ ایک اذان بلند جگہ پر ہو جس سے مسجد سے باہر تک آواز جائے اور غائبین نماز کیلئے آنے لگیں اور دوسری اذان منبر کے سامنے متعین کی گئی جس کا مقصد یہ ہے کہ جو لوگ مسجد میں حاضر ہیں وہ خطبہ سننے کے لئے آمادہ ہو جائیں، سنن، نوافل، تلاوت وغیرہ سے فارغ ہو جائیں، اس اذان میں زیادہ بلند آواز نہیں کی جاتی، کیونکہ یہ اقامت کی طرح اعلامِ حاضرین کے لئے ہے۔ پھر یہی طریقہ بطور توارث منقول چلا آرہا ہے اور اسی پر شرقاً غرباً اہل اسلام کا عمل ہے۔

مسئلہ کا حاصل یہ ہے کہ جمعہ کی اذانِ ثانی مسجد میں منبر کے سامنے ہونی چاہیے خواہ پہلی صف میں ہو خواہ کسی اَور صف میں، مثلاً مسجد بہت بڑی ہے اور نمازی زیادہ ہیں تو تیسری، چوتھی صف میں جیسا مناسب ہو تجویز کر دی جائے، اس پر اختلاف اور نزاع نہیں کرنا چاہئے، نہ یہ اصرار ہو کہ باب مسجد پر ہی ہوگی، نہ یہ اصرار ہو کہ پہلی ہی صف میں ہوگی (۱)، پھر اس کی وجہ سے مسجد چھوڑ کر باہر میدان میں جا کر جماعت کرنا تو بہت غلط کام ہے

= التهذيب: ۹/ ۴۶، دار صادر)

"وقال العجلي: مدنيٌّ ثقةٌ". (تهذيب الكمال في أسماء الرجال: ۲۴/ ۴۲۴، مؤسسة الرسالة)

(۱) "عن ابن الشهاب، أخبرني السائب بن يزيد رضي الله تعالىٰ عنه أن الأذان كان أوله حين يجلس الإمام على المنبر يوم الجمعة في عهد النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وأبي بكر و عمر –رضي الله تعالىٰ عنه– فلما كان خلافة عثمان رضي الله تعالىٰ عنه و كثر الناس أمر عثمان يوم الجمعة بالأذان الثالث، فأذن به على الزوراء، فثبت الأمر على ذلك". (سنن أبي داؤد، كتاب الصلاة، باب النداء يوم الجمعة: ۱/ ۱۵۵، مكتبه دار الحديث، ملتان)

"(لغزٌ) أيّ أذان لا يستحب رفع الصوت فيه؟ قل: هو الأذان الثاني يوم الجمعة الذي يكون بين يدي الخطيب؛ لأنه كالإقامة لإعلام الحاضرين، صرّح جماعة من الفقهاء". (السعاية، كتاب الصلاة، =

Made searchable using ScribeTools.com

اگرچہ نمازان کی بھی ہوجائے گی۔اس مسئلہ کی وجہ سے فرقہ بندی نہ کی جائے (۱) اور ایک دوسرے پر لعن طعن نہ کریں کہ یہ سخت مذموم ہے اور عندالشرع ممنوع ہے (۲)۔

باب مسجد پر اذانِ ثانی کہہ کر صفوف کو پھلاند کر پہلی صف پر جانا شرعاً ناپسند ہے۔اس مسئلہ پر مستقل رسالے بھی لکھے گئے ہیں اور شروحِ حدیث میں اس کی تفصیل مذکور ہے جس کا خلاصہ اوپر نقل کر دیا گیا۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۷/ ۷/ ۸۹ھ۔

جمعہ کے روز اذانِ خطبہ کا مقام

سوال[۳۸۳۲] : ۱.....جمعہ کی اذانِ ثانی جو منبر کے سامنے ہوتی ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں مسجد کے اندر ہوتی تھی یا باہر؟

= باب الأذان، المقام الثانی فی ذکر أحوال المؤذن : ۳۸/۲، سهيل اكيڈمی)

"(فإذا جلس على المنبر، أذن بين يديه، وأقيم بعد تمام الخطبة) بذلک جرى التوارث. والضمير فى قوله: "بين يديه" عائد إلى الخطيب الجالس". (البحر الرائق، كتاب الصلاة ، باب الجمعة: ۲۷۴/۲، رشيديه)

"وإذا جلس الإمام على المنبر ..... أذن أذاناً ثانياً..... بين يديه: أى بين الجهتين المسامتين ليمين المنبر أوالإمام أو يساره قريباً منه وسطهما، فيشمل ما إذا أذن فى زاوية قائمة أوحادّة أو منفرجة".(جامع الرموز للقهستانی ، كتاب الصلاة ، باب الجمعة : ۲۶۸/۱، مكتبه كريميه)

(۱) "عن رجل رضى الله تعالىٰ عنه قال:"انتهيت إلى النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وهو يقول : "أيها الناس! عليكم بالجماعة و إياكم والفرقة، أيها الناس! عليكم بالجماعة إياكم والفرقة". ثلاث مرار". (مسند أحمد ، أحاديث رجال من أصحاب النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ، (رقم الحديث : ۲۲۶۲۵): ۵۱۱/۶، دار إحياء التراث بيروت)

(۲) "عن عبد الله رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "ليس المؤمن بالطعان و لا باللعان و لاالفاحش والبذئ". هذا حديث حسن غريب".(جامع الترمذى ، أبواب البر والصلة ، باب ما جاء فى اللعنة : ۱۸/۲، سعيد)

۲.....خلفائے راشدین رضوان اللہ علیہم اجمعین کے زمانے میں کہاں ہوتی تھی؟

۳.....فقہائے حنفیہ کی معتمد کتابوں میں مسجد کے اندر اذان دینے کو منع فرمایا ہے اور مکروہ لکھا ہے یا نہیں؟

۴.....اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کے زمانے میں اذان مسجد کے باہر ہوتی تھی اور ہمارے اماموں نے مسجد کے اندر اذان کو مکروہ فرمایا ہے تو ہمیں (عمل) اس پر لازم ہے یا رسم ورواج پر؟ اور جو رسم ورواج حدیث شریف میں واحکامِ فقہ سب کے خلاف پڑ جائے تو وہاں مسلمانوں کو پیروی حدیث وفقہ کا حکم ہے یا رسم ورواج پر اڑ جانا؟

۵.....نئی بات وہ ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وخلفائے راشدین رضوان اللہ علیہم اجمعین واحکامِ ائمہ کے مطابق ہو یا وہ بات نئی ہے جو ان سب کے خلاف لوگوں میں رائج ہوگئی ہو؟

۶.....مکہ معظّمہ ومدینہ منورہ میں یہ اذان مطابقِ حدیث وفقہ ہوتی ہے یا اس کے خلاف؟ اگر خلاف ہوتی ہے تو وہاں کے علمائے کرام کے ارشادات دربارۂ عقائد حجت ہیں، یا وہاں کے تنخواہ دار مؤذنوں کے فعل، اگرچہ خلافِ شریعت وحدیث وفقہ ہوں؟

۷.....سنت کے زندہ کرنے کا حدیثوں میں حکم ہے اور اس پر سو شہیدوں کے ثواب کا وعدہ ہے یا نہیں؟ اگر ہے تو سنت زندہ کی جائے گی یا مردہ؟ سنت اس وقت مردہ کہلائے گی جب اس کے خلاف لوگوں میں رواج پڑ جائے، یا جو سنت خود رائج ہو وہ مردہ قرار پائے گی؟

۸.....علماء پر لازم ہے یا نہیں کہ سنتِ مُردہ کو زندہ کریں؟ اگر ہے تو کیا اس وقت ان پر یہ اعتراض ہو سکے گا کہ کیا تم سے پہلے عالم نہیں تھے؟ اگر یہ اعتراض ہو سکے گا تو سنت زندہ کرنے کی کیا صورت ہوگی؟

۹.....جن مسجدوں کے بیچ میں حوض ہے اس کی فصیل پر کھڑے ہو کر منبر کے سامنے اذان ہو تو بیرونِ مسجد کا حکم ادا ہو جائے گا یا نہیں؟

۱۰.....جن مسجدوں میں ایسے منبر بنے ہیں کہ ان کے سامنے دیوار ہے، اگر مؤذن باہر اذان دے تو خطیب کا سامنا نہ رہے گا، وہاں کیا کرنا چاہیے؟

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانۂ مبارک میں یہی ایک اذان جمعہ کے لئے بابِ مسجد پر ہوتی تھی:"كان يؤذن بين يدى رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا جلس على المنبر يوم الجمعة على باب المسجد وأبى بكر –رضى الله تعالىٰ عنهما – وعمر–رضى الله تعالىٰ عنهما – الخ". أبوداؤد شريف: ۱/۱۶۲(۱)۔

۲.....خلیفۂ اول وثانی کے دور میں بھی یہی صورت رہی، خلیفۂ ثالث حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور میں اس اذان سے پہلے ایک اذان کا اضافہ ہوا، جو بیرونِ مسجد مقامِ "زوراء" پر ہوتی تھی اور اذانِ سابق بدستور اپنی جگہ رہی: "فلما كان خلافة عثمان وكثُر الناس، أمر عثمان –رضى الله تعالىٰ عنه– يوم الجمعة بالأذان الثالث، فأذن به على الزوراء، فثبت الأمر على ذلك، اه". أبوداؤد شريف: ۱/۱۶۲ (۲)۔

۳.....جس اذان کا مقصود اعلامِ غائبین ہے، اس کے متعلق فقہاء نے لکھا ہے کہ بلند مقام پر بلند آواز سے ہونی چاہیے تاکہ دور تک آواز پہنچے اور لوگ نماز کے لئے چل دیں، اگر مسجد کے اندر اذان ہو تو اس سے یہ مقصد پورے طور پر حاصل نہیں ہوتا، اس لئے فقہاء نے لکھا ہے:

قال ابن عابدينؒ: "وينبغى للمؤذن أن يؤذن فى موضعٍ عالٍ يكون أسمعَ للجيران،

---

(۱) (سنن أبى داؤد، كتاب الصلاة، باب النداء يوم القيامة: ۱/۱۵۵، دار الحديث، ملتان)

"عن السائب بن يزيد رضى الله تعالىٰ عنه قال: "كان النداء يوم الجمعة أوله إذا جلس الإمام على المنبر على عهد النبى صلى الله عليه وسلم وأبى بكر وعمر رضى الله تعالىٰ عنهما، فلما كان عثمان وكثر الناس، زاد النداء الثالث على الزوراء. قال أبوعبدالله: الزوراء موضع بالسوق بالمدينة".

(صحيح البخارى، كتاب الجمعة، باب الأذان يوم الجمعة: ۱/۱۲۴، قديمى)

(وجامع الترمذى أبواب الجمعة، باب ماجاء فى أذان الجمعة: ۱/۱۱۵، سعيد)

(۲) (سنن أبى داؤد، كتاب الصلاة، باب النداء يوم القيامة: ۱/۱۵۵، دار الحديث، ملتان)

ویرفع صوته". كذا فی ردالمحتار(۱)۔ "وینبغی أن یؤذن علی المِئذنة أو خارج المسجد، ولا یؤذن فی المسجد، كذا فی فتاوی قاضی خان".(۲) هكذا فی الفتاوی الهندیه(۳)۔

جواذان منبر کے سامنے خطبہ کے لئے ہوتی ہے اس کا مقصود غائبین کو خبر دینا نہیں، بلکہ جو لوگ مسجد میں حاضر ہیں اور نوافل، تلاوت، تسبیح، درود شریف میں مشغول ہیں، ان کو آگاہ کرنا ہے کہ اب ان سب سے فارغ ہوکر خطبہ سننے میں مشغول ہوجائیں، اس لئے اس اذان کا نہ بلند جگہ پر ہونا مستحب ہے، نہ خارجِ مسجد، نہ اس میں آواز زیادہ بلند کرنا مستحب ہے، بلکہ یہ تو اقامت (تکبیر) کی طرح ہے کہ وہ مسجد ہی میں معمولی آواز سے ہوتی ہے، اس کو دوسری اذانوں پر قیاس نہ کیا جائے۔ چنانچہ شرح وقایہ کی شرح میں ہے:

"(لغزٌ): أیُّ الأذان لایستحب رفع الصوت فیه؟ قل: هو الأذان الثانی یوم الجمعة الذی یكون بین یدی الخطیب؛ لأنه كالإ قامة لإعلام الحاضرین، صرّح به جماعة من الفقهاء، اه". سعایه(٤)۔

اس اذان کا یہی طریقہ متوارث چلا آرہا ہے، اس کو متغیر کرنا اور خارجِ مسجد تجویز کرنا اس توارث کے خلاف ہے(۵)۔

---

(۱) (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الأذان : ۱/۳۸۴، سعید)

(۲) (فتاویٰ قاضی خان، كتاب الصلاة، مسائل الأذان: ۱/۳۷، المطبع العالی الواقع فی اللكنو)

(۳) (الفتاویٰ العالمكیریة، كتاب الصلاة، الفصل الثانی فی كلمات الأذان والاقامة : ۱/۵۵، رشیدیه)

(۴) (السعایة، كتاب الصلا ة، باب الأذان، المقام الثانی فی ذكر أحوال المؤذن: ۲/۳۸، سهیل اكیڈمی، لاهور)

(۵) "فإذا جلس علی المنبر، أذن بین یدیه، وأقیم بعد تمام الخطبة، بذلك جری التوارث". (البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۲۷۴، رشیدیه)

"(ویؤذن) ثانیاً (بین یدیه): أی الخطیب ..... (إذا جلس علی المنبر)". (الدرالمختار)

"(قوله: ویؤذن ثانیاً بین یدیه): أی علی سبیل السنیة، كما یظهر من كلامهم، رملی". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة : ۲/۱۶۱، سعید)

(وكذا فی الفتاویٰ العالمكیریة، الباب السادس عشر فی صلاة الجمعة: ۱/۱۴۹، رشیدیه)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

۴.....حدیث وفقہ پر عمل کیا جائے نہ کہ رسم ورواج پر، اس اذان کا مسجد میں ہونا رسم ورواج کی وجہ سے نہیں، بلکہ اس کا یہ طریقہ ثابت ہے جیسا کہ اوپر گزرا(۱)۔

۵.....حدیث وفقہ کے خلاف جو بات ہو وہ نئی اور مُحدَث اور بدعت ہوگی، مگر اس اذان کا مسجد میں ہونا نئی بات محدث اور بدعت نہیں (۲)۔

۶.....وہاں مسجد کے اندر ہوتی ہے اور یہ تنخواہ دار مؤذنوں کا اپنا ذاتی فعل نہیں کہ اس پر نکیر نہ کرنے کی وجہ سے علماء کو مطعون کیا جائے، بلکہ حدیث وفقہ کے موافق ہے اور صحیح ہے، جس پر نکیر کرنا غلط ہوگا اور نکیر نہ کرنے کی وجہ سے علماء کو مطعون کرنا غلط اور ناواقفیت پر مبنی ہوگا (۳)۔

۷.....اس اذان کا مسجد میں ہونا کوئی مُردہ سنت نہیں کہ اس کو مٹا کر سو شہیدوں کا ثواب حاصل کیا جائے، بلکہ یہ زندہ سنت ہے، اس کو باقی رکھنا چاہیے، اس کو مٹانا نہیں چاہیے۔ "إذا صعد الإمام المنبر، جلس وأذن المؤذن بين يدى المنبر، بذلك جرى التوارث، اه". هدايه(٤)۔

بلکہ کلامِ فقہاء سے تو اذانِ اول کے متعلق بھی تشدد معلوم نہیں ہوتا ہے کہ وہ خارجِ مسجد ہی ہو، کیوں کہ خود اذان کوئی ایسا کام نہیں جو شانِ مسجد کے خلاف ہو، صرف دور تک آواز پہونچانے کے لئے خارجِ مسجد اور بلند جگہ پر ہونا مستحب ہے:"وإذا أذن الأول: أى أول أذان بعد الزوال سواء كان على المنارة أو

---

(۱) (راجع ،ص: ۳۱۳، رقم الحاشية: ۱)

(۲) "عن عائشة رضى الله تعالىٰ عنها: قالت: قال النبى صلى الله عليه وسلم: "من أحدث فى أمرنا هذا ما ليس منه، فهورد". (صحيح البخارى، كتاب الصلح، باب إذا صطلحوا على صلح جور، فهورد : ۱/۳۷۱، قديمى)

"وعرفها (أى البدعة) الشمنىّ بأنها ماأحدث على خلاف الحق المتلقى عن رسول الله صلى الله عليه وسلم من علم أوعمل أوحال بنوع شبهة واستحسان، وجُعل ديناً قويماً وصراطاً مستقيماً". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب الإمامة، مطلب : البدعة خمسة أقسام: ۱/۵۶۰، سعيد)

(۳) (راجع ،ص: ۳۱۴، رقم الحاشية :۵)

(۴) (الهداية ، كتاب الصلاة، باب الجمعة : ۱/۱۷۱ ، مكتبه شركة علميه، ملتان)

عندالخطبة، اھ". جامع الرموز(۱)۔

۸..... جوکام واقعتاً حدیث وفقہ کے خلاف پھیل رہا ہواس کی اصلاح علماء کے ذمہ حسبِ حیثیت لازم ہے(۲) اور یہ عذر کہ پہلے علماء نے اس کی اصلاح نہیں کی، کیا وہ علماء نہیں تھے قابلِ التفات نہیں، لیکن اس اذان کا مسجد میں ہونا حدیث وفقہ کے خلاف نہیں بلکہ موافق ہے:"وكان الحسن بن زياد يقول: المعتبر هو الأذان على المنارة؛ لأنه لو انتظر الأذان عند المنبر، تفوته أداء السنة وسماع الخطبة. وكان الطحاوى يقول: المعتبر هو الأذان عندالمنبر بعد خروج الإمام، اھ". عنايه (۳) ۔

---

(۱) (جامع الرموز للقهستانى، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱/۲۶۶، كريميه)

"(ووجب سعيٌ إليها، وترك البيع) ..... (بالأذان الأول) فى الأصح الخ".

(الدرالمختار). "(قوله: فى الأصح) ..... والأصح أنه الأول باعتبار الوقت، وهو الذى يكون على المنارة بعد الزوال". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۶۱، سعيد)

(وكذا فى الحلبى الكبير، كتاب الصلاة، فصل فى صلاة الجمعة، ص: ۵۶۰، سهيل اكيڈمى، لاهور)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿ولتكن منكم أمة يدعون إلى الخير، ويأمرون بالمعروف، وينهون عن المنكر، وأولئك هم المفلحون﴾. (سورة آل عمران،پ:۴، آية: ۱۰۴)

"ففى الآية بيان الإيجاب، فإن قوله تعالىٰ ﴿ولتكن﴾ أمرٌ، وظاهره الإيجاب". (إحياء علوم الدين للإمام الغزالى، كتاب الأمربالمعروف والنهى عن المنكر، الباب الأول فى وجوبها: ۲/۳۰۶، دارإحياء التراث)

"وقال صلى الله عليه وسلم: "إن الله لايعذب العامة بعمل الخاصة، حتى يرى المنكر بين أظهرهم وهم قادرون على أن ينكروه، فلا ينكره". (مسند للإمام أحمد، رقم الحديث: ۱۷۶۶۷): ۵/۲۱۳، دارإحياء التراث العربى، بيروت)

"النصيحة لازمة على قدر الطاقة إذا علم الناصح أنه يقبل نصحه ويطاع أمره". (شرح النووى على مسلم، كتاب الإيمان، باب: ان الدين النصيحة: ۱/۵۴، قديمى)

(۳) (العناية شرح الهداية على هامش فتح القدير، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۶۹، مصطفىٰ البابى، الحلبى، مصر) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

۹..... جب کہ اس اذان کا مسجد میں ہونا حدیث وفقہ کے خلاف نہیں، خارج مسجد ہونا مستحب بھی نہیں، پھر اس تکلیف کی کیا ضرورت ہے (کہ) اس اذان کا عندالمنبر خطیب کے قریب ہونا مستحب ہے: "وإذا جلس الإمام على المنبر ..... أذن أذاناً ثانياً .....بين يديه: أى بين الجهتين المسامتين ليمين المنبر أوالإمام ويساره قريباً منه ووسطها – بالسكون– فيشمل ماإذا أذن فى زاوية قائمة أوحادّة أو منفرجة، اه". جامع الرموز(۱)۔

۱۰..... مسجد کے اندر منبر کے قریب خطیب کے سامنے اذان دی جائے، حسبِ مصلحت پہلی صف کے علاوہ کسی اَور صف میں بھی منع نہیں جیسا کہ جواب نمبر:۹ سے مستفاد ہے:"فإذا جلس على المنبر، أذن بين يديه وقام بعد تمام الخطبة، بذلك جرى التوارث، والضمير فى قوله: "بين يديه" عائد إلى الخطيب الجالس، اه". البحر الرائق(۲) ۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۹/ ۵/ ۹۳ھ۔

مسجد میں جمعہ کی اذانِ ثانی

سوال[۳۸۳۳]: جمعہ کے دن اذانِ ثانی جو خطیب کے سامنے ہوتی ہے اندرونِ مسجد، یہ اذان دینا کیا مکروہ تحریمی ہے؟ ہمارے شہر لکھیم پور میں کچھ بدعتی حضرات نے یہی استفتاء علماء رضا خانیوں سے کتب احادیث تصنیف کردہ مولانا احمد رضا خان کے حوالہ جات سے جواب کافی وشافی طلب کر کے شہر میں مشتہری کرائی جس کی وجہ سے ایک انتشار ہوگیا، ضرورتِ شدیدہ اس بات کی ہوئی کہ ایک استفتاء علمائے دیوبند سے

= "واختلفوا فى المراد بالأذان الأول، فقيل: الأول باعتبار المشروعية ..... والأصح أنه الأول باعتبار الوقت، وهو الذى يكون على المنارة بعد الزوال". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/ ۱۶۱، سعيد)

(وكذا فى الحلبى الكبير، كتاب الصلاة، فصل فى صلاة الجمعة، ص: ۵۶۰، سهيل اكيڈمى، لاهور)

(۱) (جامع الرموز للإمام شمس الدين محمد الخراسانى المعروف بالقهستانى، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱/ ۲۶۸، مكتبه كريميه)

(۲) (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/ ۲۷۴، رشيديه)

طلب کروں، رضا خانی علماء نے جوابِ استفتاء میں اذان ثانی کو جو جمعہ کے روز خطیب کے روبرو ہوتی ہے اس کو اندرون مسجد مکروہ تحریمی قرار دیا ہے، نیز یہ کہ جمعہ کے خطبہ والی اذان خارجِ مسجد دروازہ پر ہونا سنتِ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وسنت خلفائے راشدین کہا ہے۔ ابوداود شریف :۱/۱۶۲، کا حوالہ دیتے ہوئے حدیث شریف یہ ہے:

"عن السائب بن یزید رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه قال: کان یؤذن بین یدی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم إذا جلس علی المنبر یوم الجمعة علی باب المسجد وأبی بکرو عمر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنهما"(۱)۔

آگے تحریر کرتے ہیں کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بازارِ مدینہ میں مقامِ زوارء پر ایک اذان کا اعلاناً واطلاعاً اضافہ فرمایا دیا اور کبھی منقول نہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے مسجد کے اندر اذان دلوائی ہو، اگر اس کی اجازت ہوتی تو بیان جواز کے لئے کبھی ایسا ضرور فرماتے، اس حدیث سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور خلفاء راشدین کی سنت یہی ہے، خطبہ والی اذان مسجد کے باہر یا دروازہ پر ہی ہو۔ نیز یہ کہ انہوں نے ایک اَور حدیث جس کے راوی احمد اور ابوداود اور ترمذی وغیرہ ہیں کا حوالہ دیتے ہوئے جس کی عبارت یوں ہے:

"من یعیش منکم بعدی فیریٰ اختلافاً کثیر اً، فعلیکم بسنتی و سنة الخلفاء الراشدین المهدیین، فتمسکوابها، و عضوا علیها با لنواجذ، وإیاکم و محدثات الأمور، فإن کل محدثةٍ بدعة و کل بدعة ضلالة"(۲)۔

اور مکروہ تحریمی ہونے کا ثبوت طحطاوی کی عبارت:"یکره أن یؤذن فی المسجد، کما فی القهستانی عن النظم".طحطاوی مصری علی مراقی الفلاح: ۱/۱۲۸(۳)۔

---

(۱) (سنن أبی داؤد، کتاب الصلاة، باب النداء یوم الجمعة : ۱/۱۵۵، مکتبه دار الحدیث)

(۲) (مسند الإمام احمد بن حنبل، حدیث العرباض بن ساریة عن النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم: رقم الحدیث: ۱۶۹۵ : ۵/۱۰۹، ۱۱۰، دارإحیاء التراث العربی، بیروت)

(۳) (حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح ، کتاب الصلاة، باب الأذان ،ص:۱۹۷، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

اورفتح القدیر،ص:۲۵۱ خاص باب الجمعہ میں ہے:

"هو ذكر الله فى المسجد: أى فى حدوده بكراهة الأذان فى داخله" (۱)۔

اس کا مطلب بتاتے ہوئے لکھا ہے کہ جمعہ کا خطبہ مثلِ اذان ذکر الٰہی ہے۔ براہ کرم جواب تفصیل روانہ فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

پنجگانہ اذان کا مقصدِ عظیم اعلانِ غائبین ہے، اس لئے اس میں مستحب یہ ہے کہ بلند جگہ پر بلند آواز سے اذان دی جائے تاکہ دور تک پہنچے اور کثیر تعداد میں لوگ اذان سن کر نماز کے لئے آسکیں، اندرونِ مسجد کہنے میں یہ مقصد حاصل نہیں ہوتا ہے (۲) اس لئے فقہاء نے مسجد میں اذان کو ممنوع فرمایا ہے (۳)۔

شرحبیل بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ مینارہ پر اذان دیا کرتے تھے، حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حکم سے ابن سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مینارہ اذان کے لئے بنایا، حضرت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دور میں مینارہ نہیں تھا (۴)، مسجد نبوی کے قریب سب سے اونچا مکان حضرت ام زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا تھا، حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس پر اذان دیا کرتے تھے، جب مسجد نبوی کی چھت بن گئی تو چھت پر اذان

---

(۱) (فتح القدير، كتاب الصلاة، باب الجمعة : ۲/۵۸، مصطفى البابى)

(۲) "و ينبغى للمؤذن أن يؤذن فى موضعٍ عالٍ يكون أسمع للجيران، و يرفع صوته". (رد المحتار، كتاب الصلاة، باب الأذان : ۱/۳۸۴، سعيد)

"و ينبغى أن يؤذن على المِأذنة أو خارج المسجد، و لا يؤذن فى المسجد، والسنة أن يؤذن فى موضع عال يكون أسمع جيرانه، ويرفع صوته، ولا يجهد نفسه". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الفصل الثانى فى كلمات الأذان والإقامة : ۱/۵۵، رشيديه)

(وكذا فى البدائع، كتاب الصلوة، فصلٌ و أما سنن الأذان : ۱/۳۶۹، رشيديه)

(۳) (راجع، ص: ۳۱۸، : رقم الحاشية :۳ ورقم الحاشية : ۱، من هذه الصفحة)

(۴) "إن أول من رقى منارة مصر للأذان شرحبيل بن عامر المرادى، و بنىٰ سَلَمةُ المنابر للأذان بأمر معاوية رضى الله تعالىٰ عنه، ولم تكن قبل ذلك". (رد المحتار، كتاب الصلاة، باب الأذان، مطلب فى أول من بنى المنابر للأذان : ۱/۳۸۷، سعيد)

Made Searchable by ScribeTools.com

دینے لگے تھے حالانکہ مسجد کی چھت مسجد ہی کے حکم میں ہے:

"قال ابن سعد بالسند إلى أم زيد بن ثابت: كان بيتي أطول بيتٍ حول المسجد، فكان بلال يؤذن فوقه من أول ما أذن إلى أن بنى رسولُ الله صلى الله عليه وسلم مسجده، فكان يؤذن بعدُ على ظهر المسجد، وقد رفع له شئى فوق ظهره، اهـ". شامي: ۱/۲۵۹(۱)۔

کلماتِ اذان میں کوئی ایسی چیز نہیں جو احترامِ مسجد کے خلاف ہو ورنہ مسجد کی چھت پر نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذان کی اجازت نہ مرحمت فرماتے بلکہ منع فرمادیتے، نیز کلماتِ اذان تمام اقامت میں بھی موجود ہیں اور اقامت ہمیشہ سے مسجد کے اندر ہی ہوتی چلی آئی ہے۔ جمعہ کے لئے شروع میں ایک ہی اذان تھی، دوسری کا اضافہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور میں ہوا(۲) جو کہ خلیفہ راشد تھے ان کی سنت پر عمل کرنا لازم ہے(۳) اس وقت سے بطور توارث وتواتر یہ اذان منقول ہے اور مسجد میں ہوئی ہے(۴)۔

تقریباً پچھتر ۷۵/ سال پہلے تک یہ مسئلہ اجماعی تھا، بریلی سے یہ مسئلہ جب شائع ہوا تقریباً پچھتر ۷۵/ سال قبل، تب خلفشار وانتشار پیدا ہوا، صحابہ کرام، تابعین عظام، آئمہ مجتہدین، محدثین رحمہم اللہ تعالیٰ سب ہی اس پر عمل کرتے تھے، اگر اس کا مسجد میں ہونا منع ہوتا تو یہ حضرات ہرگز سکوت نہ فرماتے بلکہ تردید کردیتے، جامع الرموز میں تصریح ہے کہ اذانِ خطبہ منبر کے قریب کچھ داہنے یا بائیں یا سیدھ میں دی جائے(۵)۔ مولانا عبدالحئ

---

(۱) (رد المحتار، كتاب الصلاة، باب الأذان، مطلب فى أول من بنى المنابر للأذان: ۱/۳۸۷، سعيد)

(۲) "عن السائب بن يزيد رضى الله تعالىٰ عنه "قال: كان النداء يوم الجمعة أوله إذا جلس الإمام على المنبر على عهد النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و أبى بكر و عمر، فلما كان عثمان و كثر الناس، زاد النداء الثالث على الزوراء". قال أبو عبد الله: الزوراء موضع بالسوق بالمدينة". (صحيح البخارى، كتاب الجمعة، باب الأذان يوم الجمعة: ۱/۱۲۴، قديمى)

(۳) (راجع، ص: ۳۱۸، رقم الحاشية: ۱)

(۴) "إذا جلس على المنبر، أذن بين يديه، وأقيم بعد تمام الخطبة)، بذلك جرى التوارث". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۲۷۴، رشيديه)

(كذا فى مجمع الأنهر، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱/۲۵۴، مكتبه غفاريه كوئٹه)

(وكذا فى الهداية، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱/۱۷۱، مكتبه شركة علميه)

(۵) "وإذا جلس الإمام على المنبر، أذن أذاناً ثانياً بين يديه: أى بين الجهتين المسامتين ليمين المنبر =

Made searchable using ScribeTools.com

رحمہ اللہ تعالیٰ کی عبارت جو نقل کی گئی ہے ایک لفظ اس سے پہلے بھی ہے جس کو بے ضرورت یا مضر سمجھ کر فاضل مجیب نے نقل نہیں کیا، وہ یہ ہے: "قوله: بين يديه: أى مستقبل الإمام، فى المسجد كان أوخارجه"(۱)۔

اگر سعایہ شرح شرح وقایہ کا مطالعہ کرلیں تو بات بالکل واضح ہو جائے، اس میں مولانا عبدالحیٔ ایک سوال لکھتے ہیں کہ ''وہ کونسی اذان ہے جس میں رفعِ صوت مستحب نہیں''؟ پھر خود ہی جوابات تحریر فرماتے ہیں کہ ''وہ جمعہ کی اذانِ ثانی ہے جو کہ خطیب کے سامنے منبر کے قریب دی جاتی ہے کہ وہ اعلامِ حاضرین کے لئے مثلِ اقامت کے ہے یعنی جس طرح اقامت اعلام حاضرین کے لئے مسجد کے اندر ہوتی ہے اسی طرح جمعہ کی اذان ثانی اعلام حاضرین کے لئے مسجد کے اندر ہوتی ہے''(۲)۔

عنایہ شرح ہدایہ برحاشیہ فتح القدیر:۲/ ۶۹، مصری میں ہے:"كان الحسن بن زياد يقول: المعتبر هوالأذان على المنارة؛ لأنه لو انتظر الأذان عند المنبر تفوته أداء السنة: أى سماع الخطبة، وربما تفوته الجمعة إذاكان بيته بعيداً من الجامع، اهـ"(۳)۔

یہاں بھی شاید "عند المنبر" کے معنی "على باب المسجد" کے ہوں گے، جس وقت یہ فتویٰ بریلی سے شائع ہوا تھا اس وقت ایک مستقل رسالہ حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سہارن پوری رحمہ اللہ تعالیٰ نے

= أو الإمام أو يساره قريباً منه ووسطهما -بالسكون- فيشمل ما إذا أذن فى زاوية قائمة أو حادة أو منفرجة". (جامع الرموز للقهستانى ، كتاب الصلاة ، باب الجمعة : ۱/ ۲۶۸، مكتبه كريميه)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة : ۲/ ۲۷۴، رشيديه)

(۱) (عمدة الرعاية فى حل شرح الوقاية، كتاب الصلاة، باب الجمعة ، (رقم الحاشية: ۱) : ۱/ ۲۰۲،سعيد)

(۲) "(لغز): أىّ أذان لا يستحب رفع الصوت فيه؟ قل: هو الأذان الثانى يوم الجمعة الذى يكون بين يدى الخطيب؛ لأنه كالإقامة لإعلام الحاضرين، صرّح به جماعة من الفقهاء". (السعاية ، كتاب الصلاة ، باب الأذان، المقام الثانى فى ذكر أحوال المؤذن : ۲/ ۳۸، سهيل اكيڈمى)

(۳) (العناية شرح الهداية مع فتح القدير، كتاب الصلاة ، باب الجمعة : ۲/ ۶۹ ، مصطفى البابى الحلبى،مصر)

تصنیف فرمایا تھا، اس کا نام ہے "تنشیط الأذان فی تحقیق محل الأذان" وہ رسالہ کتب خانہ تحیو یہ سہارنپور سے منگا کر مطالعہ کریں، اس میں تفصیل دلائل مذکور ہیں جبکہ یہ اذان بطریق توارث ہمیشہ مسجد ہی میں ہوتی ہے تو اس کو مکروہ نہیں کہا جاسکتا۔

"لأن التوارث لا یکون مکروهاً، وکذلك نقول فی الأذان بین یدی الخطیب، اهـ".

ردالمحتار مصری: ۱/۵۵۲(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

مسجد میں اذانِ خطبہ

سوال[۳۸۳۴]: مولانا احمد رضا خان بریلوی نے جمعہ کی اذانِ ثانی کا مسئلہ اٹھایا تھا کہ یہ اذان مسجد سے باہر دینی چاہیے، حضرت مفتی مہدی حسن صاحب شاہجہانپوری رحمہ اللہ تعالیٰ اور مولانا معین الدین صاحب اجمیری رحمہ اللہ تعالیٰ نے ان کی تردید میں رسالے لکھے جو نایاب ہیں، اگر یہ سارے دستیاب ہوجائیں تو قیمتہً بذریعہ وی پی ارسال کرادیئے جائیں۔

ہدایہ اول، باب الجمعہ اھ، میں خطبۂ جمعہ کے سلسلہ میں لکھا ہے کہ خطبہ کھڑے ہوکر طہارت کے ساتھ دینا چاہیے، اس پر ابن ہمام نے فتح القدیر میں لکھا ہے کہ:"لکراهة الأذان فی حدوده"(۲)، مولانا احمد رضا خان صاحب کا سب سے بڑا مستدل فتح القدیر کی یہی عبارت ہے۔ براہ کرم اس عبارت کی توضیح فرماتے ہوئے لکھا جائے کہ حضراتِ علمائے دیوبند نے ابن ہمام کی اس عبارت کو کیوں نظر انداز کردیا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اذان کے لئے اعلیٰ بات یہ ہے کہ بلند جگہ پر بلند آواز سے کہی جائے کیونکہ وہ اعلامِ غائبین کے لئے

---

(۱) (رد المحتار، کتاب الصلاة، باب الأذان، مطلب فی أذان الجوق: ۱/۳۹۰، سعید)

(۲) "(ویخطب قائماً علی الطهارة)؛ لأن القیام فیهما متوارث، ثم هی شرط الصلاة الخ".

(الهدایة.)"(قوله: ثم هی شرط الصلاة الخ) ..... أی فی حدوده، لکراهة الأذان فی داخله". (فتح القدیر مع الهدایة، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۵۸، مصطفیٰ البابی، الحلبی، مصر)

Made searchable using ScribeTools.com

ہے، جتنی دور تک آواز جائے گی وہاں کے حَجر ومَدر گواہی دیں گے اور شیطان بھی دور تک بھاگتا جائے گا(۱)۔ مسجد میں اذان دینے سے زیادہ دور تک آواز نہیں جائے گی، وہیں گھٹ کر رہ جائے گی، مقصدِ اذان پورے طور پر حاصل نہیں ہوگا، اس لئے مسجد میں اذان کو بعض حضرات نے مکروہ لکھا ہے(۲)، یہ بات نہیں ہے کہ اذان کوئی ایسا فعل ہے جو احترامِ مسجد کے خلاف ہو۔

جمعہ کی اذانِ ثانی اعلامِ غائبین کے لئے نہیں ہے بلکہ اعلامِ حاضرین کے لئے ہے کہ جو لوگ مسجد میں آچکے ہیں اور انتظارِ صلوٰۃ میں بیٹھے ہوئے تلاوت وتسبیح میں مشغول ہیں وہ سب فارغ ہوکر خطبہ سننے کے لئے آمادہ ہوجائیں، اذان اقامت کے مثل ہے کہ وہ بھی اعلامِ حاضرین کے لئے ہوتی ہے، اسی وجہ سے اذان میں رفعِ صوت زیادہ مستحب نہیں ہے، جیسا کہ سعایہ شرح شرح وقایہ میں مذکور ہے(۳)۔

حضرت مولانا خلیل احمد سہارنپوری رحمہ اللہ تعالیٰ کا ایک رسالہ "تنشیط الآذان فی تحقیق محل الأذان" ہے، اس میں فقہی عبارات استدلال کے لئے کافی نقل کی گئی ہیں، بلکہ آیاتِ قرآنیہ سے بھی استدلال کیا ہے اور احادیث بھی پیش کی ہیں، ممکن ہے کتب خانہ سہارنپور میں مل جائے۔ فقط واللہ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲/۱۱/۱۴۰۶ھ۔

---

(۱) "ان أباسعيد الخدرى رضى الله تعالىٰ عنه قال: " إنى أراك تحب الغنم والبادية، فإذا كنتَ فى غنمك أو باديتك ،فأذنت للصلوة، فارفع صوتك بالنداء، فإنه لايسمع مدى صوت المؤذن جنّ ولا إنس ولا شئى، إلا شهدله يوم القيٰمة". (صحيح البخارى، كتاب الأذان، باب رفع الصوت بالنداء: ۱/۸۵، ۸۶، قديمى)

"يجب يعنى يلزم الجهر بالأذان لإعلام الناس". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الاذان: ۱/۳۹۰، سعيد)

(۲) (راجع الحاشية المتقدمة، رقمها: ۱)

(۳) "(لغزٌ) :أىّ الأذان لا يستحب رفع الصوت فيه؟ قل: هو الأذان الثانى يوم الجمعة الذى يكون بين يدى الخطيب؛ لأنه كالإقامة لإعلام الحاضرين، صرّح به جماعة من الفقهاء". (السعاية، كتاب الصلوة، باب الأذان، المقام الثانى فى ذكر أحوال المؤذن: ۲/۳۸، سهيل اكيڈمى، لاهور)

جمعہ کی اذان ثانی کہاں دی جائے؟

سوال[۳۸۳۵]: أیّ مقام ثبت للأذان الثانی بالسنة المتوارثة: أعند المنبر فی الصف الأول، أم علی الباب، أوخارج المسجد؟ و أیضاً بینواعمل الحرمین والهندفیه الیوم بالتحقیق والد لائل الواضحة؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

قال فی جامع الرموز: "وإذا جلس الإمام علی المنبر أذن ..... أذاناً ثانیاً بین یدیه: أی بین الجهتین المسامتین لیمین المنبر أو الإمام أویساره قریباً منه ووسطهما -بالسکون- فیشمل ما إذاأذن فی زاویة قائمة أوحادّة أومنفر جة، اهـ"(۱)۔

وقال فی الهدایة: "وإذا صعد الإمام المنبر، جلس، و أذن المؤذن بین یدی المنبر، بذلك جری التوارث"(۲)۔ وقال العینی: (بذلك): أی الأذان بین یدی المنبر بعد الأذان الأول علی المنارة (جری التوارث): أی من زمن عثمان رضی اللّٰه تعالیٰ عنه إلی یومنا هذا"(۳)۔

قلت: وهو المتوارث فی دیارنا إلی یومنا هذا ولا اعتبار لمن خالف هذاالتوارث۔

اذانِ خطبہ کا جواب اوراس کے دلائل

سوال[۳۸۳۶]: ۱.....میں ایک مسلمان حنفی المذہب ہوں اورشہر کی جامع مسجد کا سیکرٹری ومنتظم ہوں، جمعہ کی اذان کے متعلق معلوم کرنا ہے کہ اسے دہرادیں یانہیں؟ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک جب امام خطبہ کے لئے نکلے اس وقت سے کلام کرنا اورنماز پڑھنا ممنوع ہے، لیکن صاحبین کے نزدیک یہ ہے کہ جب

---

(۱) (جامع الرموز للقهستانی، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱/۲۶۸، مکتبه کریمیه)

(۲) (الهدایة، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱/۱۷۱، مکتبه شرکة علمیه ملتان)

(۳) (البنایة شرح الهدایة للعینی، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۳/۱۰۶، رشیدیه)

"(فإذا جلس علی المنبر، أذن بین یدیه، وأقیم بعد تمام الخطبة)، بذلک جری التوارث. والضمیر فی قوله: "بین یدیه" عائد إلی الخطیب الجالس". (البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۲۷۴، رشیدیه)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

امام خطبہ شروع کرے تب کلام کرنا ممنوع ہے، جس پر متعدد حدیثیں ہیں۔

۲.....نمازِ ظہر کے اختتام کا وقت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے مقابلہ میں ان کے شاگردوں وصاحبین کی رائے کو ترجیح دی جاتی ہے۔

۳.....کلام کے معنی ہیں ہر ایک دوسرے سے بات کرنا، اذان کا دہرانا کسی سے کلام کرنا نہیں ہوا، ونیز یہ کہ کوئی حدیث بھی ایسی نہیں ہے کہ جس میں اس بابرکت اذانِ جمعہ کو دہرانے کی مخالفت آئی ہو۔

۴.....میرے منسلکہ حوالہ جات کے جواب میں حافظ مولوی ابوبکر صاحب نے ایک تحریر بھیجی ہے، جس کو میں بغرضِ ملاحظہ منسلک کرتا ہوں اور استدعیٰ ہے کہ آپ اس مسئلہ کا شرعی حکم بتلائیں۔

(حوالہ جات: منجانب محی الدین صدیقی)

''جواب دینا مؤذن کا واجب ہے''۔ باب الأذان، مظاہر حق ترجمہ مشکوٰۃ شریف: ۱/۲۳۳(۱)

''جواب دینا مؤذن کا مستحب ہے'' رواہ مسلم، ص: ۲۳۵(۲) اور اگر سننے والا پائخانہ میں ہو یا جماع کرتا ہو یا نماز میں ہو تو جب فارغ ہو جائے تو کلمات جوابِ اذان کے کہہ لے''(۳)۔

''جواب دینے والا بعد اذان کے دعا پڑھے تو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت اس کے لئے واجب ہے'' رواہ البخاری، ص: ۲۳۰(٤)۔

---

(۱) (مظاہر حق، کتاب الصلاۃ، باب فضل الأذان وإجابة المؤذن: ۱/۴۶۱، دار الاشاعت، کراچی)

(۲) "عن عبدالله بن عمرو بن العاص رضی الله تعالیٰ عنه أنه سمع النبی صلی الله علیه وسلم یقول: "إذا سمعتم المؤذن، فقولوا مثل مایقول، ثم صلوا علیّ، فإنه من صلی علیّ صلوةً، صلی الله علیه بها عشراً، ثم سلوا الله لِی الوسیلة، فإنها بمنزلة فی الجنة، لا تنبغی إلا لعبد من عباد الله، وأرجو أن أکون أنا هو، فمن سأل الوسیلة حلت علیه الشفاعة". (الصحیح لمسلم، کتاب الصلوة، باب استحباب القول مثل قول المؤذن لمن سمعه، ثم یصلی علی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، ثم یسأل له الوسیلة: ۱/۱۶۶، قدیمی)

(۳) (مظاهر حق، کتاب الصلوة، باب فضل الأذان وإجابة المؤذن، الفصل الأول: ۱/۴۶۳، دار الاشاعت، کراچی)

(۴) "عن جابر بن عبدالله رضی الله تعالیٰ عنهما أن رسول الله صلی الله علیه وسلم قال: "من قال حین یسمع النداء: أللهم ربّ هذه الدعوة التامة ..... وابعثه مقاماً محموداً الذی وعدته، حلت له شفاعتی یوم القیٰمة". (صحیح البخاری، کتاب الأذان، باب الدعاء عند النداء: ۱/۸۶، قدیمی)

اذان کا جواب دینے والے کو مؤذن کے برابر ثواب ملے گا، رواہ سنن أبی داؤد "۔ص: ۲۳۹(۱)۔

''حضرت معاویہؓ نے اذان سن کر اذان کو دہرایا''۔رواہ النسائی ،ص: ۲۰٤(۲)۔

''حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے اذان سن کر اذان کو دہرایا''۔رواہ ابـــــــو داود'' ص: ۲٤۰(۳)۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو حضرات أذان بین یدی الخطیب کے جواب کو جائز یا لازم کہتے ہیں وہ حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث سے استدلال کرتے ہیں کہ انہوں نے منبر پر اذان کو سن کر جواب دیا اور فرمایا کہ حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی جواب دیا تھا، یہ حدیث شریف بخاری شریف میں بھی مذکور ہے(۴)۔

---

(۱) "عن عبداللہ بن عمرو أن رجلاً قال: یارسول اللہ! إن المؤذنین یفضلوننا، فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم : "قل کما یقولون، فإذا انتهیت، فسل، تعطه". (سنن أبی داؤد، کتاب الصلوة، باب مایقول إذا سمع المؤذن: ۱/۸۵، امدادیه)

(۲) "عن علقمة بن وقاص قال: إنی عند معاویة إذا أذّن مؤذنه، فقال معاویة کما قال المؤذن، حتی إذا قال: حی علی للصلوة، قال: لاحول ولاقوة إلا باللہ، فلما قال: حی علی الفلاح، قال: لاحول ولا قوة إلا باللہ، وقال بعد ذلک ماقال المؤذن، ثم قال: سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم یقول مثل ذلک". (سنن النسائی، کتاب الأذان، القول الذی یقال إذا قال المؤذن: حی الصلوة، حی علی الفلاح: ۱/۱۰۹، قدیمی)

(۳) "عن عائشة رضی اللہ تعالیٰ عنها: أن رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم کان إذا سمع المؤذن یتشهد، قال: "وأنا وأنا". (سنن أبی داؤد، کتاب الصلوة، باب مایقول إذا سمع المؤذن: ۱/۸۵، امدادیه)

(۴) "عن أبی أمامة بن سهل بن حنیف قال: سمعت معاویة بن أبی سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنهما وهو جالس علی المنبر، أذن الموذن، فقال: اللہ أکبر، اللہ أکبر، فقال معاویة رضی اللہ تعالیٰ عنه: اللہ أکبر اللہ أکبر، فقال: أشهد أن لاإله إلا اللہ، فقال معاویة: وأنا، قال أشهد أن محمد رسول اللہ، قال معاویة: وأنا، فلما أن قضی التأذین، قال: یاأیها الناس! إنی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم علی هذا المجلس حین أذن المؤذن یقول ماسمعتم منی مقالتی". (صحیح البخاری، کتاب الجمعة، باب یجیب الإمام علی المنبر إذا سمع النداء: ۱/۱۲۴، ۱۲۵، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

مولانا عبدالحیٔ صاحبؒ نے بھی اس سے استدلال کیا ہے(۱) مگر احقر کے خیالِ ناقص میں اس کا محمل امام ہے، بقیہ حاضرین نہیں، امام کو خطاب وکلام، امر بالمعروف ونہی عن المنکر کا بھی حق ہے(۲)، مگر دوسروں کے لئے تو یہ ہے کہ: "إذا قلت لصاحبك: أنصت والإمام يخطب، فقد لغوت"(۳)۔ اس لئے وہ:"إذا خرج الإمام، فلا صلوة ولا كلام" کے پابند ہیں۔

بدائع الصنائع میں ہے کہ: ''نفسِ خروجِ امام بمنزلۂ شروع فی الخطبہ'' کے ہے(۴)، یہی اقرب معلوم ہوتا ہے، اس مسئلہ پر مستقل رسالہ بھی ہے جس کا نام ہے: "العطر العنبری فی جواب الأذان المنبری"۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

جمعہ کی اذان ثانی کا جواب

سوال[۳۸۳۷]: فقہ کا جزئیہ ہے کہ جب امام خطبہ دینے کیلئے بیٹھے اور اذان دلائے تو اس کا جواب نہ دیا جائے، مگر العرف الشذی، ص:۴۴ پر ہے:"ولعل المختار قول العناية كمافى البخارى: إن أمير المومنين معاوية رضى الله تعالىٰ عنه جلس على المنبر وأجاب الأذان، وقال: إنى رأيت رسول

---

(۱) "وقد كنت مضطرباً فى هذه المسألة من سابق الزمان متيقناً عدم كراهة الإجابة لذلك الأذان مذعناً ببناء هذه التصريحات على القول المرجوع للإمام النعمان إلى أن اطلعت على الحديث الذى رواه البخارى كما ذكرته، فإنه صريح فى أن معاوية قد أجاب المؤذن على المنبر قبل شروعه فى الخطبة، الخ". (السعاية، كتاب الصلاة، باب الأذان: ۲/۵۳، سهيل اكيڈمى، لاهور)

(۲) "إذا خرج للخطبة كان مستعداً لها، والمستعد للشئى كالشارع فيه، ولهذا ألحق الاستعداد بالشروع فى كراهة الصلاة، فكذا فى كراهة الكلام ..... ويكره للخطيب أن يتكلم فى حالة الخطبة ..... إلا إذا كان الكلام أمراً بالمعروف، فلا يكره". (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، محظورات الخطبة: ۱/۵۹۵، رشيديه)

(۳) (أخرجه البخارى فى صحيحه فى كتاب الجمعة، باب الإنصات يوم الجمعة والإمام يخطب الخ: ۱/۱۲۷، قديمى)

(۴) (راجع رقم الحاشية: ۲)

صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم یفعل ھکذا فی ھذا الموضع". شاہ صاحب (کشمیری) رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:"والتاویل فیه بعیدٌ" (۱)۔

دریافت طلب امر یہ ہے کہ عمل کس پر کیا جائے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

امام کے منبر پر آنے کے بعد خطبہ شروع ہونے سے پہلے صلوۃ، کلام، سلام کے جواز اور عدم جواز میں امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ اور صاحبین میں اختلاف ہے، امام صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ ناجائز فرماتے ہیں اور صاحبین جائز:

"إذا خرج الإمام یوم الجمعة ترك الناس الصلوة والكلام حتیٰ یفرغ من خطبته، قال رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه: وهذا عند أبی حنیفه رحمه اللّٰہ تعالیٰ، وقالا: لا بأس بالكلام إذا خرج الإمام قبل أن یخطب، وإذانزل قبل أن یكبر". هدایه: ۱/۱۵۱ (۲)۔

پھر مشائخِ حنفیہ کا امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کے کلام کی شرح میں اختلاف ہے، بعض حضرات فرماتے ہیں کہ وہ کلام جو خروجِ امام سے ممنوع ہوجاتا ہے اس سے مراد مطلق کلام نہیں بلکہ صرف کلام الناس یعنی دنیاوی کلام مراد ہے اور اس میں اختلاف ہے، امام صاحب ناجائز فرماتے ہیں اور صاحبین جائز اور دینی کلام جیسے تسبیح، تہلیل یا اجابتِ اذان وغیرہ بالاتفاق جائز ہے، اس میں اختلاف نہیں، جیسا کہ طحطاوی میں ہے:

"وفی البحر عن العنایةوالنهایة: اختلف المشایخ علی قول الإمام فی الكلام قبل الخطبة، فقیل: إنما یكره ماكان عن جنس كلام الناس، أماالتسبیح ونحو ه فلا، وقیل: ذلك مكروه، والأول أصح. ومن ثَمّ قال فی البرهان: و خروجه قاطع للكلام: أی كلام الناس عند الإمام، فعلم بهذا أنه

---

(۱) (العرف الشذی حاشیة جامع الترمذی، أبواب الجمعة، باب ما جاء فی كراهیة الكلام والإمام یخطب: ۱/۱۱۶، سعید)

(۲) (الهدایة، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱/۱۷۱، مكتبه شركة علمیه ملتان)

"وإذا خرج الإمام فلا صلوة و لا كلام، و قالا: لا بأس إذا خرج الإمام قبل أن یخطب، وإذا فرغ قبل أن یشتغل بالصلاة، كذا فی الكافی". (الفتاویٰ العالمكیریة، كتاب الصلاة، الباب السادس عشر فی الجمعة: ۱/۱۴۷، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

لاخلاف بينهم فی جواز غير الدنيوی علی الأصح، ويحمل الكلام الوارد فی الأثر علی الدنيوی، و يشهد له ماأخرجه البخاری أن معاويه أجاب المؤذن بين يديه فلما انقضی التأذين، قال: يا أيها الناس! إنی سمعت رسول اللّٰهصلی اللّٰه تعالیٰ عليه وسلم علی هذا المجلس أذن المؤذن يقول ماسمعتم من مقالتی، الخ". طحطاوی علی المراقی، ص:٤٢٤(١)۔

اور دوسرے مشائخ نے اس کے برعکس کلام کو ظاہر کے موافق مطلق رکھا ہے اور حاصلِ اختلاف یہ قرار دیا ہے کہ دنیاوی کلام بالاتفاق ناجائز ہے، اختلاف صرف دینی کلام یعنی تسبیح وتہلیل وغیرہ میں ہے، اس کو امام صاحب ناجائز فرماتے ہیں اور صاحبین جائز، جیسا کہ درمختار میں مصرح ہے:"وقالا: لابأس بالكلام قبل الخطبة و بعدهاوإذا جلس عند الثانی، و الخلاف فی كلام يتعلق بالآخرة، أماغيره فيكره إجماعاً، الخ". درمختار علی هامش الشامی، ص:٥٨٦(٢)۔

خلاصہ یہ ہے کہ امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کے مذہب :"إذا خرج الإمام فلا صلوة و لا كلام" کی شرح میں مشائخِ حنفیہ مختلف ہیں ، بعض حضرات اس کو کلامِ دنیاوی کے ساتھ مخصوص ومقید فرماتے ہیں کماعند الطحطاوی(۳)،والنہایہ(۴)،والعنایہ(۵)اور بعض حضرات ظاہر کے موافق اس کو مطلق کہتے ہیں کما عند الدرمختار۔

---

(۱) (حاشية الطحطاوی علی مراقی الفلاح ، كتاب الصلاة، باب الجمعة :۵۱۸، قديمی)

(وكذا فی البحر الرائق ، كتاب الصلاة، باب الجمعة : ۲/۲۷۲، رشيديه)

(وكذا فی مجموعة رسائل اللكنوی ، نفع المفتی والسائل : ۴/۱۳۵، إدارة القرآن كراچی)

(۲) (الدر المختار ، كتاب الصلاة ، باب الجمعة : ۲/۱۵۹، ۱۶۰، سعيد)

(۳) (راجع رقم الحاشية : ۱)

(۴) "ثم عند أبی حنيفة رحمه الله تعالیٰ يكره الكلام حين يخرج الإمام للخطبة. وفی الينابيع يريد به أنه إذا صعد علی المنبر، ..... إلی أن يفرغ من الصلاة، وكذلک الصلاة، وقال أبو يوسف ومحمد : لابأس بأن يتكلم قبل الخطبة وبعدها مالم يدخل الإمام فی الصلاة ..... ثم اختلف المشايخ علی قول أبی حنيفة رحمة الله عليه، قال بعضهم : إنما يكره الكلام الذی هومن كلام الناس، أما التسبيح وأشباهه فلا، وقال بعضهم : كل ذلک، والأول أصح". (التاتار خانية، كتاب الصلاة، الفصل الخامس والعشرون فی صلاة الجمعة : ۲/۵۵، قديمی)

(۵) "ترک الناس الصلاة والكلام حتی يفرغ من خطبته، يُريد ماسوی التسبيح و نحوه علی الأصح" (العناية شرح الهداية علی هامش فتح القدير، كتاب الصلاة، باب الجمعة : ۲/۶۷، مصطفی البابی، مصر)

Made Searchable by ScribeTools.com

اس اختلاف پر یہ اختلاف مبنی ہے کہ جمعہ کی اذانِ ثانی کا جواب دینا جائز ہے کہ نہیں، جو حضرات ممانعت کو صرف کلام دنیاوی کیساتھ مقید کرتے ہیں وہ اجازت دیتے ہیں کما عند الطحطاوی:۱/۸۸۸(۱)، اور جو ظاہر کلام کے موافق رکھتے ہیں وہ منع کرتے ہیں کما فی الدر مختار: "وینبغی أن لا یجیب بلسانه اتفاقاً فی الأذان بین یدی الخطیب". در مختار علی هامش الشامی: ۱/۲۶۸(۲)۔

وکما فی حاشیة البحر للشامی: "قال فی النهر: أقول: ینبغی أن لاتجب باللسان اتفاقاً علی قول الإمام فی الأذان بین یدی الخطیب". منحة الخالق حاشیة البحر: ۱/۲۵۹(۳)۔

ان میں تطبیق کی صورت یہ ہے کہ "إذا خرج الإمام فلاصلوة ولا کلام" کا حکم سامعین پر منحصر رکھا جائے، امام کو اجابتِ اذانِ ثانی کی اجازت دی جائے جیسا حدیثِ معاویہ(۴) سے معلوم ہوتا ہے اور باقی قوم کو اس سے منع کیا جائے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۲/۶/۸۸ھ۔

اذانِ خطبہ کا جواب

سوال[۳۸۳۸]: جمعہ کی دوسری اذان کے وقت جب امام خطبہ کے لئے کھڑا ہو جائے جوابِ اذان

---

(۱) "(فلا صلاة ولا کلام إلی تمامها)". "(قوله: ولا کلام): أی من جنس کلام الناس، أما التسبیح ونحوه، فلایکره، وهو الأصح، کما فی النهایة والعنایة، ومحل الخلاف قبل الشروع". (حاشیة الطحطاوی علی الدرالمختار، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۱/۲۴۷، دارالمعرفة، بیروت)

(۲) (الدر المختار، کتاب الصلاة، باب الأذان: ۱/۳۹۹، سعید)

(۳) (منحة الخالق، بذیل البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الأذان: ۱/۴۵۰، رشیدیه)

(۴) "عن أبی أمامة بن سهل بن حُنیف، قال: سمعت معاویة بن سفیان رضی الله تعالیٰ عنه وهو جالس علی المنبر أذن المؤذن فقال: الله أکبر، الله أکبر فقال معاویة: الله أکبر، الله أکبر فقال: أشهد أن لا إله إلا الله، فقال معاویة: وأنا، قال: أشهد أن محمداً رسول الله، قال معاویة: وأنا، فلما أن قضی التأذین، قال: یا أیها الناس! إنی سمعت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم علی هذا المجلس حین أذن المؤذن یقول ماسمعتم منی مقالتی". (صحیح البخاری، کتاب الجمعة، باب: یجیب الإمام علی المنبر إذا سمع النداء: ۱/۱۲۴، ۱۲۵، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

اورایجابِ دعاء جائز ہے یانہیں؟ بعض علماء منع فرماتے ہیں اور بعض جائز فرماتے ہیں، ہدایہ شریف میں حاشیہ پر عبدالحیٔ رحمہ اللہ تعالیٰ درمختار کا قول رد کرتے ہیں (۱)۔ آپ بحوالۂ کتب فتویٰ عنایت فرمائیں کہ کونسا قول صحیح ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

"وفی المجتبیٰ: فی ثمانیة مواضع إذا سمع الأذان لا یجیب: فی الصلوة و استماع خطبة الجمعة، الخ". البحر الرائق(۲)۔ "قال: و ینبغی أن لا یجیب بلسانه اتفاقاً فی الأذان بین یدی الخطیب، الخ". درمختار(۳)۔

ان عبارات سے معلوم ہوا کہ اذانِ خطبہ کا زبان سے جواب نہ دیا جائے۔

مولانا عبدالحیٔ صاحب نے نفع المفتی والسائل میں ان عبارات سے اس مسئلہ کو اولاً لکھا ہے، اس کے بعد اس پر نظر قائم کی ہے اور فرماتے ہیں: "قلت: فیه نظرٌ، فإن المکروه عند ذلك عند أبی حنیفه رحمه الله تعالیٰ هو الکلام الدنیوی، والإجابة کلامٌ دینویٌ، الخ"(٤)۔

---

(۱) "فعلیٰ هذا لایکره إجابة الأذان الثانی ودعاء الوسیلة بعده مالم یشرع الإمام فی الخطبة کیف وقد ثبت ذلك من فعل معاویة رضی الله تعالیٰ عنه فی صحیح البخاری فما فی الدرالمختار فی باب الأذان وینبغی أن لایجیب بلسانه اتفاقاً فی الأذان بین یدی الخطیب خطأ فاحش". (حاشیة الهدایة للکنوی، کتاب الصلوة، باب صلوة الجمعة، (رقم الحاشیة :۸): ۱/۱۷۱، مکتبه شرکت علمیة، ملتان)

(۲) (البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الأذان : ۱/۴۵۲، رشیدیه)

"و لا یجیب فی الصلاة و لو جنازةً، و خطبة، و سماعها، و تعلم العلم، و تعلیمه الخ". (حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح ، کتاب الصلاة، باب الأذان، ص: ۲۰۲، قدیمی)

(۳) (الدرالمختار، کتاب الصلاة، باب الأذان : ۱/۳۹۹، سعید)

"و ینبغی أن یقال: لا تجب یعنی بالقول بالإجماع للأذان بین یدی الخطیب".(حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح ، کتاب الصلاة، باب الأذان، ص: ۲۰۲، قدیمی)

(۴) (مجموعة رسائل اللکنوی ، نفع المفتی والسائل، ما یتعلق بالأذان والإقامة والإجابة: ۴/۷۴، إدارة القرآن کراچی)

مزید تفصیل کے لئے دیکھئے:(السعایة، کتاب الصلاة ، باب الأذان ، الوجه الرابع فی إجابة الإقامة : ۲/۵۳، سهیل اکیڈمی لاهور)

یعنی اس سے کلام دنیوی کی ممانعت ہے اور جوابِ اذان کلام دنیوی نہیں بلکہ کلامِ دینی ہے، لہٰذا جواب مکروہ نہیں ہونا چاہیے، مگر یہ ان کی ذاتی رائے ہے، عام طور پر فقہاء نے جو مذہب حنفیہ کا نقل کیا ہے وہ وہی ہے جو اوپر بحر، طحطاوی، درمختار سے نقل کیا گیا ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۸/ ۸/ ۵۵ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، ۹/ شعبان۔

اذانِ خطبہ کا جواب اور اس کے بعد دعاء

سوال[۳۸۳۹]: جمعہ میں جو خطبہ کی اذان ہوتی ہے اس کا جواب دینا کیسا ہے؟ اور اذان خطبہ کے بعد دعاء پڑھنا کیسا ہے؟

فقط محمد جمال احمد گودھنا۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

دل میں جواب دے اور دل ہی میں دعاء پڑھ لے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

ایضاً

سوال[۳۸۴۰]: جمعہ کی اذانِ ثانی کا جواب دینا اور اذان کے بعد دعا پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

زبان سے نہ جواب دے نہ دعاء پڑھے، بلکہ دل سے جواب دے اور دل ہی سے دعاء پڑھے:

"وقال: وينبغي أن لا يجيب بلسانه اتفاقاً في الأذان بين يدي الخطيب، الخ". درمختار، ص: ٤١٥ (٢)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

---

(۱) "وينبغي أن لا يجيب بلسانه اتفاقاً في الأذان بين يدي الخطيب". (الدر المختار، كتاب الصلاة، باب الأذان: ۱/ ۳۹۹، سعيد)

"و ينبغي أن يقال: لا تجب يعني بالقول بالإجماع للأذان بين يدي الخطيب". (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح، كتاب الصلاة، باب الأذان، ص: ۲۰۲، قديمي)

(۲) (الدر المختار، كتاب الصلاة، باب الأذان: ۱/ ۳۹۹، سعيد) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

• اذانِ خطبہ کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعاء کرنا

سوال[۳۸۴۱]: اذان کے بعد ہاتھ اٹھا کر مناجات کرنا جائز ہے یا نہیں، خاص کر جمعہ کے روز خطبہ سے پہلے خطیب کے سامنے جو اذان دی جاتی ہے، اس اذان کے بعد ہاتھ اٹھا کر مناجات کرنا جائز ہے یا نہیں؟ دلیل کے ساتھ جواب دیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

ہاتھ اٹھانا اس موقع پر ثابت نہیں، جمعہ کی اذانِ ثانی کے بعد بغیر ہاتھ اٹھائے دل سے دعاء کرنے، کذا فی الشامی (۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

جمعہ کی اذانِ ثانیہ کے بعد دعاء

سوال[۳۸۴۲]: جمعہ کی اذانِ ثانیہ کے بعد دعا مانگنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

علماء کی ایک بڑی جماعت اجابتِ اذان باللسان کو واجب کہتی ہے: "ویجیب وجوباً، وقال الحلوانی: ندباً، والواجب الإجابة بالقدم مَن سمع الأذان بأن یقول بلسانه کمقالته". درمختار: ۱/۴۱۹ (۲)۔

= "فی ثمانیة مواضع إذا سمع الأذان لا یجیب: فی الصلاة، واستماع خطبة الجمعة". (البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الأذان: ۱/۴۵۲، رشیدیه)

(۱) "قال فی المعراج: فیسنّ الدعاء بقلبه لابلسانه؛ لأنه مأمورٌ بالسکوت". (ردالمحتار، کتاب الصلوة، باب الجمعة، مطلب فی ساعة الإجابة یوم الجمعة: ۲/۱۶۴، سعید)

(۲) (الدر المختار، کتاب الصلاة، باب الأذان: ۱/۳۹۶، ۳۹۷، سعید)

"یجب علی السامع للأذان الإجابة ..... و قال الحلوانی: الإجابة بالقدم لا باللسان، حتی لو أجاب باللسان و لم یمش إلی المسجد لا یکون مجیباً". (البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الأذان: ۱/۴۵۰، ۴۵۱، رشیدیه) ..... =

لیکن جمعہ کی اذانِ ثانی کے جواب کو درمختار میں منع کیا ہے اور یہ ممانعت صاحبِ درمختار کے نزدیک بھی متفقہ ہے:"قال: و ینبغی أن لا یجیب بلسانه اتفاقاً فی الأذان بین یدی الخطیب". درمختار: ۱/۴۱۵(۱)۔

اس طرح حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اسم مبارک سن کر درود شریف پڑھنا واجب ہے:"وهی فرض مرةً واحدةً فی العمر، واختلف فی وجوبها علی السامع و الذاکر کلّما ذُکر –صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم– والمختار عند الطحاوی تکراره: أی الوجوب کلّما ذُکرَ ولو اتحد المجلس فی الأصح". درمختار: ۱/۵۳۷(۲)۔

= "عن أبی سعید الخدری رضی الله تعالیٰ عنه أن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "إذا سمعتم النداء، فقولوا مثل ما یقول المؤذن". (صحیح البخاری، کتاب الأذان، باب ما یقول إذاسمع المنادی: ۱/۸۶، قدیمی)

(۱) (الدر المختار، کتاب الصلاة، باب الأذان: ۱/۳۹۹، سعید)

"فی ثمانیة مواضع إذا سمع الأذان لا یجیب: فی الصلاة، واستماع خطبة الجمعة.....".

(البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الأذان: ۱/۴۵۲، رشیدیه)

"و ینبغی أن یقال: لا تجب یعنی بالقول بالإجماع للأذان بین یدی الخطیب". (حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، کتاب الصلاة، باب الأذان، ص: ۲۰۲، قدیمی)

(۲) (الدر المختار، کتاب الصلوة، باب صفة الصلوة، فصل: إذا أراد الشروع الخ: ۱/۵۱۴، ۵۱۵، سعید)

قال الله تعالیٰ: ﴿إن الله و ملائکته یصلون علی النبی، یاأیها الذین اٰمنوا صلوا علیه وسلموا تسلیماً﴾. (سورة الأحزاب: ۲۱)

قال العلامة الآلوسی رحمه الله تعالیٰ: "واجبة مرةً فی العمر کلمة التوحید ..... وعلیه جمهور الأمة منهم: أبوحنیفة رحمه الله تعالیٰ ..... تجب فی کل مجلس مرةً وإن تکرر ذکره صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ..... و قیل: تجب کلّما ذُکر –علیه السلام– و به قال جمعٌ من الحنفیة، منهم الطحاوی". (روح المعانی: ۲۲/۸۱، دار إحیاء التراث العربی، بیروت)

"وإن مُوجَب الأمر فی الآیة إنما هو الافتراض فی العمر مرةً؛ لأنه لا یتقضی التکرار، وهذا بلا خلاف، وإنما وقع الخلاف بین الطحاوی والکرخی فی وجوبها کلما سمع ذکره من غیره أو من نفسه=

Made Searchable by ScribeTools.com
Made searchable using ScribeTools.com

لیکن حالتِ خطبہ میں اسم مبارک، بلکہ صیغۂ امر سن کر بھی یہ حکم نہیں ہے: "وكذلك إذا ذُكر النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لا يجوز أن يصلوا عليه بالجهر، بل بالقلب، و عليه الفتوى". ردالمحتار: ۱/۸۵۷(۱)۔

"وعن أبى يوسف رحمه الله تعالىٰ قلباً ائتماراً أمرى الإنصات والصلوة عليه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، كما فى الكرمانى قهستانى قبيل باب الإمامة، واقتصر فى الجوهرة على الآخر حيث قال: ولم ينطق به؛ لأنها تدرك فى غير هذا الحال والسماع يفوت". ردالمحتار: ۱/۸۵۸(۲)۔

تشمیتِ عاطس اور ردِّ سلام کا حکم بھی ایسی حالت میں متغیر ہوجاتا ہے(۳)۔

"إذا خرج الإمام من الحجرة إن كان، وإلافقيامه للصعود، -شرح المجمع- فلاصلوة ولاكلام عامٌّ"(٤)۔

= ..... فاختار الطحاوى تكرار الوجوب". (كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة: ۱/۵۷۱، رشيديه)

مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: (تفسير ابن كثير: ۳/۵۰۶، سهيل اكيڈمى)

(۱) (رد المحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۵۸، ۱۵۹، سعيد)

"ولايصلى على النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وقالا يصلى السامع فى نفسه". (كتاب الصلاة، باب الإمامة: ۲/۲۵۹، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب السادس عشر فى الجمعة: ۱/۱۴۷، رشيديه)

(۲) (ردالمحتار، باب الجمعة: ۲/۱۵۸، ۱۵۹، سعيد)

(۳) "و لا يجب تشميت و لا ردّ سلام، به يفتى". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۵۹، سعيد)

"وأماالمستمع فيستقبل الإمام إذا بدأ بالخطبة، و ينصت، ولا يتكلم، و لا يرد السلام، ولا يشمّت الخ". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۲۵۹، رشيديه)

(وكذا فى البدائع، كتاب الصلاة، وأما محظورات الخطبة: ۱/۵۹۴، رشيديه)

(۴) (الدر المختار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۵۸، سعيد)

"عن ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما وابن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما "كانا يكرهان الصلاة والكلام بعد خروج الإمام". (مصنف ابن أبى شيبة، كتاب الصلاة، من كان يقول: إذا خطب الإمام فلا تصل، =

اوراذان منبر پر بیٹھنے کے بعد ہوتی ہے، پس جزئیاتِ مذکورہ سے معلوم ہوا کہ دعاء دل میں مانگ لی جائے زبان سے نہ مانگی جائے۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۸/ ۱۱/ ۵۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۹/ ذیقعدہ/ ۵۷ھ۔

اذانِ ثانی اور خطبہ میں فصل

سوال[۳۸۴۳]: جمعہ کے روز خطبہ اوراذان ثانی میں فصل کی گنجائش ہے یانہیں، اگر ہے تو کتنی؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

خطیب جب منبر پر بیٹھ جائے اس وقت اذان ثانی کہی جائے اذان ختم ہونے پر خطیب کیلئے حکم ہے کہ خطبہ شروع کردے بلاوجہ تاخیر نہ کرے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۷/ ۱۱/ ۹۱ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۷/ ۱۱/ ۹۱ھ۔

اذان بین یدی الخطیب کو دائیں بائیں ہٹ کر کہنا

سوال[۳۸۴۴]: جمعہ کی اذانِ ثانی اگر بین یدی الخطیب نہ ہو بلکہ ایک دوگز بائیں یا دائیں ہٹ کر ہو تو خلافِ سنت ہوگی یانہیں؟ بصورتِ اولیٰ مکروہ تنزیہی یا تحریمی یا حرام ہوگی، یا کیا؟ اور یہ موذن کس درجہ کا خاطی ہوگا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس طرح بھی اذان درست ہے، معمولی دائیں بائیں ہٹ کر ہونے سے بھی خلاف سنت نہیں اور مکروہ

= (رقم الحديث: ۵۱۷۵): ۱/ ۴۴۸، دار الكتب العلمية، بيروت)

"(وإذا خرج الإمام، فلا صلوة و لا كلام)، لما رواه ابن شيبة عن عليّ وابن عباس وابن عمر رضى الله تعالىٰ عنهم الخ". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/ ۲۷۰، رشيديه)

(۱) (و كذا الجلوس على المنبر قبل الشروع فى الخطبة والأذان بين يديه) جرى به التوارث (كالإقامة) بعد الخطبة (ثم قيامه) بعد الأذان فى الخطبتين". (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلاة، باب الجمعة، ص: ۵۱۵، قديمى)

Made searchable using ScribeTools.com

نہیں: "فكونه بين يديه عام شامل لما كام فی محاذاته، أو شيئًا منحرفاً إلى اليمين أو الشمال، أو يكون على الأرض أوالجدار، الخ". بذل المجهود: ۲/۱۸۰(۱)۔ "إذا جلس الإمام على المنبر، أذن أذاناً ثانياً بين يديه: أى بين الجهتين المساومتين ليمين المنبر أو الإمام ويساره قريباً منه، اهـ". جامع الرموز(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

(۱) (بذل المجهود فی حل أبی داؤد ، كتاب الصلاة، باب النداء يوم الجمعة : ۲/۱۸۰ ، مكتبه امداديه ملتان)

(وكذا فی البحر الرائق ، كتاب الصلاة ، باب الجمعة . ۲/۲۷۴ ، رشيديه)

(۲) (جامع الرموز للقهستانی ، كتاب الصلاة، باب الجمعة : ۱/۲۶۸ ، مكتبه كريميه)

الفصل السادس فی وقت صلوۃ الجمعۃ

(نمازِ جمعہ کے وقت کا بیان)

جمعہ کی نماز اولِ وقت میں

سوال[۳۸۴۵]: تقریباً چالیس برس سے ہماری مسجد میں اذانِ جمعہ کا وقت ایک بجے اور خطبہ پونے دو بجے ہے۔ یہ مسجد شہر کے وسط میں ہے، حنفیہ مذہب کی مرکزی جامع مسجد تصور ہوتی ہے، کیونکہ پرانی جامع مسجد اہلحدیث حضرات کے انتظام میں ہے۔ اب بعض لوگ کہتے ہیں کہ خطبہ ڈیڑھ بجے ہو، اور بعض کہتے ہیں کہ پونے دو بجے ہو، دو فریق بن گئے ہیں، وقت کی تبدیلی ہمیشہ سے امام صاحب کے ذمہ تھی۔ اب وہ کس کی بات مانیں اور کس کی نہ مانیں۔ سوال یہ ہے کہ جمعہ کی نماز کا افضل وقت کیا ہے، تاخیر مناسب ہے یا عجلت بہتر ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جمعہ کی نماز کو اول وقت میں پڑھنا افضل ہے، نمازیوں کی سہولت کے لئے اگر کچھ تاخیر ہو جائے تب بھی مضائقہ نہیں (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۳/۶/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۳/۶/۹۰ھ۔

---

(۱) "عن أنس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنه أن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم کان یصلی الجمعة حین تمیل الشمس". (صحیح البخاری، کتاب الجمعة، باب وقت الجمعة إذا زالت الشمس: ۱/۱۲۳، قدیمی)

"کان صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم یسارع بصلوة الجمعة فی أول وقت الزوال بخلاف الظهر، فقد کان یؤخره بعده حتی یجتمع الناس". (بذل المجهود فی حل أبی داؤد، کتاب الصلاة، باب وقت =

Made searchable using ScribeTools.com

استوائے شمس کے وقت جمعہ کے روز نماز کا حکم

سوال[۳۸۴۶]: رمضان المبارک میں اکثر یہ دیکھا گیا ہے کہ بروزِ جمعہ اذان نمازِ جمعہ سے قبل بوقتِ استواء اور زوال لوگ نوافل پڑھتے رہتے ہیں، کیا یہ نوافل پڑھنا درست ہے اور جمعہ کے دن ان کی اجازت ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

عینِ استوائے شمس کے وقت جمعہ کے روز امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ کے قول پر نوافل پڑھنا درست ہے بلا کراہت (۱)، امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک مکروہ ہے، یہ ہی راجح ہے، کذافی الغنیة، ص: ۲۳۵ (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۵/۱۱/۵۴ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم، ۲۳/ ذی قعدہ/۵۴ھ۔

= الجمعة : ۲/۱۷۹، امدادیه ملتان)

(و جمعة كظهر أصلاً و استحباباً) فی الزمانین لأنها خلفه". (الدر المختار).

"(قوله : واستحباباً فی الزمانین): أی الشتاء والصیف ..... قیل: إنه مشروع؛ لأنها تؤدی فی وقت الظهر و تقوم مقامه، و قال الجمهور : لیس بمشروع؛ لأنه تقام بجمع عظیم، فتأخیرها مفضٍ إلی الحرج، ولا كذلک الظهر". (ردالمحتار، كتاب الصلاة ، باب المواقیت : ۱/۳۶۷، سعید)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب الصلاة : ۱/۴۲۹، رشیدیه)

(۱) "و روی عن أبی یوسف –وهی الروایة المشهورة عنه– أنه جوّز التطوع وقت الزوال یوم الجمعة من غیر كراهة".(الحلبی الكبیر، كتاب الصلاة، فروع: فی شرح الطحاوی، ص:۲۳۷، سهیل اكیڈمی لاهور)

"وكره تحریماً ..... (صلاة) مطلقاً (ولو) قضاءً، أوواجبة، أو نفلاً ..... (مع شروق) (واستواء) إلا یوم الجمعة علی قول الثانی". (ردالمحتار، كتاب الصلاة : ۱/۳۷۰، ۳۷۱، سعید)

(وكذافی البحرا لرائق ، كتاب الصلاة : ۱/۴۳۵، رشیدیه)

(۲) "و لهما إطلاق النهی، والمحرم مقدّمٌ علی المبیح عند التعارض، و بهذا یجاب عن استدلال الشافعی علی جواز القضاء، اهـ". (الحلبی الكبیر، فروع فی شرح الطحطاوی، ص:۲۳۷) ..... =

Made Searchable by ScribeTools.com

جمعہ کے دن زوال کا حکم

سوال[۳۸۴۷]: جمعہ کے دن سورج سر پر ہونے کے وقت نفل وغیرہ پڑھنا درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

عینِ استواء کے وقت کسی نماز فرض یا نفل کا شروع کرنا مکروہ ہے، امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک جمعہ کے روز اس وقت نفل مکروہ نہیں:

"ویکرہ تحریماً مطلقاً و لو قضاءً أو واجبةً أونفلاً أو علی جنازة وسجدة تلاوة وسهومع شروق واستواء إلایوم الجمعة". درمختار، ص:۳۸٤(۱)۔ "وروی عن أبی یوسف أنه جوز التطوع وقت الزوال یوم الجمعة". کبیری، ص:۲۳۵(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

= قول طرفین کے راجح ہونے کی تائید بظاہر عبارتِ مذکورہ ہی سے ہے، اس کے علاوہ ایسی کوئی صریح عبارت نہیں، وجہ ارجحیت یہ ہوسکتی ہے کہ امام ابو یوسف کی دلیل مقدم ذکر کیا اور طرفین کی مؤخر، جیسے کہ صاحبِ ہدایہ کا عام معمول ہے، دوسری وجہ قاعدہ کا ذکر کرنا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

(۱) (الدر المختار، کتاب الصلاة: ۱/۳۷۱، سعید)

"عن عقبة بن عامر الجهنی رضی الله تعالیٰ عنه، قال: ثلاث ساعات کان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ینهانا أن نصلی فیهن أو نقبر فیهن موتانا: حین تطلع الشمس بازغةً حتی ترتفع، وحین تقوم قائم الظهیرة حتی تمیل، وحین تضیف للغروب حتی تغرب".(جامع الترمذی، أبواب الجنائز، باب ما جاء فی کراهیة الصلاة علی الجنازة عند طلوع الشمس الخ: ۱/۲۰۰، سعید)

"و منع عن الصلاة وسجدة التلاوة و صلاة الجنازة عند الطلوع والاستواء والغروب إلا عصر یومه". (البحر الرائق، کتاب الصلاة: ۱/۴۳۲، رشیدیه)

(وکذا فی الحلبی الکبیر، کتاب الصلاة، فروع: فی شرح الطحاوی، ص: ۴۳۶، سهیل اکیڈمی، لاهور)

(۲) (الحلبی الکبیر، کتاب الصلاة، فروع: فی شرح الطحاوی، ص:۲۳۷، سهیل اکیڈمی لاهور)

"وکره تحریماً ..... (صلاة) مطلقاً (ولو) قضاءً، أو واجبة، أو نفلاً ..... (مع شروق) ..... (واستواء) إلا یوم الجمعة علی قول الثانی". (الدرالمختار، کتاب الصلاة: ۱/۳۷۰، ۳۷۱، سعید)

(وکذافی البحر الرائق، کتاب الصلاة: ۱/۴۳۵، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

جمعہ کے دن زوال کے وقت نماز پڑھنے کا حکم

سوال[۳۸۴۸]: جمعہ کے دن زوال کے بعد نماز پڑھنا جائز ہے، زوال کے وقت نہیں پڑھنا چاہیے، حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک جمعہ کے دن زوال کے وقت تحیۃ الوضو پڑھنا جائز ہے، حدیث دال ہے کہ جمعہ کے دن زوال کے وقت دوزخ شروع کی جاتی ہے(۱)، امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ منع کرتے ہیں، لیکن فتویٰ امام ابی یوسف کے قول پر ہے، جمعہ کے علاوہ دیگر دنوں میں زوال کے وقت نماز پڑھنا مکروہ ہے۔ دونوں مسئلوں میں حوالہ جات کا اندراج نہیں ہے۔ فتاویٰ دارالعلوم اور قرآن میں تطبیق کی کیا شکل ہے؟ یہاں پر بعض حضرات منع بھی کرتے ہیں اور بعض جواز کے قائل ہیں، لہٰذا یہ چند سطریں تحریر ہیں، امید ہے کہ جواب دے کر ممنون فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

دونوں قول کتب فقہ ردالمحتار(۲) وغیرہ میں مذکور ہیں، ایک کو امداد الفتاویٰ میں لیا گیا ہے، دوسرے کو فتاویٰ

---

(۱) سائل نے جمعہ کے دن بعد از زوال دوزخ شروع ہونے کا لکھا ہے جب کہ حدیث میں اس کے خلاف ہے کہ اس میں جمعہ کے روز کا استثناء ہے: "عن أبی قتادة رضی الله تعالیٰ عنه، عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: أنه کره الصلوة نصف النهار، إلّا یوم الجمعة، وقال: "إن جهنم تُسجَرُ إلّا یوم الجمعة". (سنن أبی داؤد، کتاب الصلوة، باب الصلوة یوم الجمعة قبل الزوال: ۱/۱۶۲، إمدادیه، ملتان)

(۲) "عن عقبة بن عامر الجهنی رضی الله عنه قال: ثلث ساعات کان رسول الله صلی الله علیه وسلم ینهانا أن نصلی أو نقبر فیهن موتانا: حین تطلع الشمس بازغةً حتی ترتفع، وحین یقوم قائم الظهیرة حتی تمیل، وحین تضیف للغروب حتی تغرب". (جامع الترمذی، أبواب الجنائز، باب ماجاء فی کراهیة الصلوة علی الجنازة عند طلوع شمس الخ: ۱/۲۰۰، سعید)

"(وکره) تحریماً ..... (صلاة) مطلقاً (ولو) قضاءً، أو واجبةً، أو نفلاً ..... (مع شروق)..... (واستواء) إلا عصر یوم الجمعة علی قول الثانی (أی أبی یوسف رحمه الله)". (کتاب الصلوة: ۱/۳۷۰، ۳۷۱، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلوة: ۱/۴۳۵، رشیدیه)

"وروی عن أبی یوسف أنه جوّز التطوع وقت الزوال یوم الجمعة". (الحلبی الکبیر، کتاب الصلوة، فروع: فی شرح الطحاوی، ص: ۲۳۷، سهیل اکیڈمی، لاهور) ..... =

دارالعلوم میں لیا گیا ہے۔ امدادالفتاویٰ سے حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کا قول اوسع ہے اور فتاویٰ دارالعلوم کا قول احوط ہے، دونوں باتوں کی گنجائش ہے(۱)، جواب صحیح ہے۔ مزید تفصیل وتطبیق یہ ہے کہ طلوعِ آفتاب، غروبِ آفتاب اور زوالِ شمس یہ تین وقت کراہت کے ایسے ہیں کہ ان وقتوں میں نفل، غیر نفل کوئی نماز پڑھنی درست نہیں، بجز اس کے کہ عصر کی نماز باقی رہ گئی ہو اور پڑھتے پڑھتے آفتاب ڈوب جائے۔ اور دوسرے یہ کہ جمعہ کے دن زوالِ شمس کے وقت امام ابو یوسف کے نزدیک تحیۃ الوضو پڑھ سکتے ہیں (۲)۔ اور ان کراہت کے تین وقتوں کے علاوہ عصر کی فرض پڑھ لینے کے بعد غروبِ شمس سے پہلے اور فجر کی نماز پڑھنے کے بعد سورج نکلنے سے پہلے، یہ دو وقت ایسے ہیں کہ ان میں صرف قضاء تو پڑھ سکتے ہیں مگر نفل وغیرہ واجب نہیں پڑھ سکتے (۳)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

زوال سے پہلے جمعہ کی اذان

سوال[۳۸۴۹]: آج کل یہ دستور ہے کہ جمعہ کی اذان ساڑھے بارہ بجے ہوتی ہے اور زوال کا وقت کا وقت ۱۲/ بجکر ۳۷/ منٹ تک ہے اور اذان ہونے کے بعد لوگ سنت پڑھنا شروع کر دیتے ہیں۔ تو کیا ساڑھے بارہ بجے اذان درست ہے اور زوال کے وقت سجدہ کرنا حرام ہے؟ تو کیا جمعہ کیلئے اس کی رخصت ہے یا ممنوع ہے؟ مدلل تحریر فرماویں۔

= "ومنع عن الصلوة وسجدة التلاوة وصلاة الجنازة عند الطلوع والاستواء والغروب إلا عصر يومه". (البحر الرائق، كتاب الصلوة: ۱/۴۳۲، رشيديه)

(۱) (فتاویٰ دارالعلوم ديوبند: ۲/۱۷، إمداديه ملتان)

(۲) (راجع، ص: ۳۴۱، رقم الحاشية: ۲)

(۳) "(بعد صلاة فجر و) صلاة (عصر) ولو المجموعة بعرفة (لا) يكره (قضاء فائته و) لو وتراً الخ". (الدر المختار، كتاب الصلاة: ۱/۳۷۵، سعيد)

"تسعة أو قات يكره فيها النوافل وما فى معناها لا الفرائض، ويجوز فيها قضاء الفائتة وصلاة الجنازة وسجدة التلاوة ..... ومنها: مابعد صلاة الفجر قبل طلوع الشمس، ومنها: مابعد صلاة العصر قبل التغير". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الفصل الثالث فى بيان الأوقات التى لا تجوز فيها وتكره فيها: ۱/۵۲، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

حنفیہ کے نزدیک صحیح قول کے مطابق استوائے نہار کے وقت کوئی بھی نماز درست نہیں ہے، سنتِ جمعہ بھی اس میں شامل ہے، علامہ شامی رحمہ اللہ تعالیٰ اس مسئلہ میں بحث فرماتے ہیں: "لكن شراح الهدايه انتصروا لقول الإمام (وهو عدم جواز الصلوة وقت استواء) وأجا بو عن الحديث المذكور بأحاديث النهى عن الصلوة وقت الاستواء، فإنها محرمة". ردالمحتار، ص: ٣٤٥، مع اضافه(١)۔

اور جب زوال کا وقت ۱۲/ بجکر ۳۷/ منٹ پر ہے تو ۱۲:۳۰/ پر جمعہ کی اذان درست نہیں ہوگی:

"وهو سنة للرجال فى مكان عال مؤكدة هى كالوجب فى لحوق الإثم للفرائض الخمس فى وقتها و لو قضاء". الدرالمختار على هامش ردالمحتار، ص: ٢٥٧۔ "(قوله: للفرائض الخمس الخ) دخلت الجمعة". ردالمحتار: ٢/ ٢٥٧ (٢)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۷/۱/ ۸۸ھ۔

---

(١) (ردالمحتار، كتاب الصلاة : ١/ ٣٧٢، سعيد)

"عن عقبة بن عامر الجهنى رضى الله تعالىٰ عنه قال: ثلاث ساعات كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ينهانا أن نصلى فيهن أو نقبر فيهن موتانا: حين تطلع الشمس بازغةً حتى ترتفع، وحين يقوم قائم الظهيرة حتى تميل، و حين تضيف للغروب حتى تغرب". (جامع الترمذى، أبواب الجنائز، باب ما جاء فى كراهية الصلاة على الجنازة عند طلوع الشمس الخ : ١/ ٢٠٠، سعيد)

"و منع عن الصلاة وسجدة التلاوة و صلاة الجنازة عند الطلوع والاستواء والغروب إلا عصر يومه" (البحر الرائق، كتاب الصلاة : ١/ ٤٣٢، رشيديه)

(وكذا فى الحلبى الكبير، كتاب الصلاة، فروع: فى شرح الطحاوى، ص: ٢٣٦، سهيل اكيڈمى لاهور)

(٢) (الدر المختار، كتاب الصلاة : ١/ ٣٨٤، سعيد)

"عن ابن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما: "أن بلالاً رضى الله تعالىٰ عنه أذن قبل طلوع الفجر، فأمره النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أن يرجع، فينادى: ألا إن العبد قد نام". (أبو داؤد، كتاب الصلاة، باب الأذان قبل دخول الوقت . ١/ ٧٩، مكتبه دار الحديث)

"قوله: (سن للفرائض): أى سن الأذان للصلوات والجمعة سنةً مؤكدةً ..... (ولا يؤذن قبل وقت، ويعاد فيه): أى فى الوقت إذا أذّن قبله الخ". (البحرالرائق، كتاب الصلاة، باب الأذان : ١/ ٤٤٤-٤٥٦، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الثانى فى الأذان : ١/ ٥٣، رشيديه)

الفصل السابع فی النوافل یوم الجمعة

(جمعہ کی نفلوں کا بیان)

جمعہ کے بعد کتنی سنتیں ہیں؟

سوال[۳۸۵۰]: جمعہ کے بعد کتنی سنتِ مؤکدہ ہیں، نماز کی چھوٹی چھوٹی کتب میں چھ سنت موکدہ لکھی ہیں، لیکن شامی (۱) ہدایہ (۲)، عالمگیری (۳)، نورالایضاح (۴) میں تو بعد جمعہ چار سنت مؤکدہ لکھی ہیں، صرف فتاوی قاضی خان (۵) اور کبیری (۶) میں چھ لکھی ہیں وہ بھی چھ رکعت کا قول صرف امام ابو یوسف رحمہ اللہ

---

(۱) "عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه "قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم:"من کان منکم مصلیاً بعد الجمعة فلیصل أربعاً". (جامع الترمذی، أبواب الجمعة، باب فی الصلاة قبل الجمعة وبعدها: ۱/۱۱۷، سعید)

"و سنّ مؤکداً (أربعٌ قبل الظهر و) أربعٌ قبل (الجمعة و) أربعٌ (بعدها بتسلیمة) الخ".

(الدرالمختار، کتاب الصلاة: باب الجمعة: ۲/۱۲، سعید)

(۲) "ویصلی قبلها أربعاً، وفی روایة: ستاً: الأربع سنة ورکعتان تحیة المسجد، وبعدها أربعاً أو ستاً علی حسب الاختلاف فی سنة الجمعة، وسننها توابع لها". (الهدایة، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ص: ۲۳۰، شرکة علمیه، ملتان)

(۳) "و قبل الظهر والجمعة و بعدها أربعٌ، کذا فی المتون". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب التاسع فی النوافل: ۱/۱۱۲، رشیدیه)

(۴) "(سن) سنةً مؤکدةً ..... و منها (أربعٌ قبل الجمعة) ..... (و) منها: أربع (بعدها) بتسلیمة".

(حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح شرح نور الإیضاح، کتاب الصلاة، باب النوافل، ص: ۳۸۹، قدیمی)

(۵) (لم أظفر علیه) لکن قال العلامة العثمانیؒ: "عن أبی عبدالرحمن السلمی..... فإن عبدالله بن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه یعلّمنا أن نصلی أربع رکعات بعد الجمعة، حتی سمعنا قول علیّ: صلّوا ستاً الخ. ذهب إلیه أبویوسف من أئمتنا أن السنة بعد الجمعة ست رکعات، الخ". (إعلاء السنن، کتاب الصلاة، باب النوافل والسنن: ۷/۱۲، إدارة القرآن، کراچی)

(۶) "(والسنة قبل الجمعة أربعٌ، و بعدها أربعٌ) ..... (وعند أبی یوسف رحمه الله تعالیٰ) السنة بعد =

Made Searchable using ScribeTools.com

تعالیٰ کا ہے۔ حضرت مفتی کفایت اللہ صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ نے تعلیم الاسلام میں لکھا ہے کہ ''چار سنتِ مؤکدہ ہیں اور دو رکعت سنتِ غیر مؤکدہ ہیں'' (۱)۔ اسی طرح تمام کتب میں تطبیق ہو جائے، اس مسئلہ میں حضرت والا کی کیا رائے ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ کا قول اجمع ہے (۲)، لیکن مفتی کفایت اللہ صاحب کی تطبیق اقرب ہے۔

فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۱/۸۹ھ۔

محراب میں جمعہ سے پہلے سنتیں پڑھنا

سوال[۳۸۵۱]: خطیب کا خطبۂ جمعہ سے پہلے محراب میں نماز پڑھنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مکروہ ہے، طحطاوی، ص: ۲۸۷ (۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

= الجمعة (ست) ركعات، وهو مروى عن على رضى الله تعالىٰ عنه، والأفضل أن يصلى أربعاً، ثم ركعتين للخروج عن الخلاف". (الحلبى الكبير، كتاب الصلاة، فصل فى النوافل: ۳۸۸، ۳۸۹، سهيل اكيڈمى لاهور)

(۱) (تعليم الإسلام، حصه چهارم، سنت اور نفل نمازوں کا بیان: ۳۷، ۳۸، دارالاشاعت، کراچی)

(۲) (راجع، ص: ۳۴۴، رقم الحاشية: ۲)

(۳) "و تكره صلاته فى المحراب قبل الخطبة". (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، باب الجمعة، ص: ۵۱۴، قديمى)

"و تكره صلاته فى المحراب قبل الخطبة". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۲۶۱، رشيديه)

(وكذافى ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۵۰، سعيد)

الفصل الثامن فی احتیاط الظهر

(احتیاط الظہر کا بیان)

احتیاط الظہر کی تفصیل

سوال[۳۸۵۲]: ملک بنگال میں بعض مقامات جن کی آبادی عموماً منتشر ہے اور چھوٹے چھوٹے موضعات پر مشتمل ہے جن کو قدیم زمانہ سے محققین علماء نے خود ان مواضع کو ملاحظہ فرمایا ہے مثلاً حکیم الامت وغیرہ نے، ان کی رائے یہی تھی کہ یہ مقامات قریہ کبیرہ نہیں ہیں، باوجود ان حالات کے عرصہ دراز سے وہاں برابر جمعہ ہوتا رہا ہے اور اب بھی ہوتا ہے، جمعہ کے فرادیٰ فرادیٰ ہر شخص چار رکعت بعد احتیاط الظہر پڑھتا ہے۔ چونکہ یہ عمل عرصۂ دراز سے جاری ہے اس لئے ہر شخص مطمئن ہو کر جمعہ کے ساتھ احتیاط الظہر پڑھ لیا کرتا ہے۔ تقریباً دو سال ہوئے بعض مولوی حضرات نے یہ کہنا شروع کیا کہ احتیاط الظہر ممنوع اور بدعتِ سئیہ ہے اس لئے قطعاً بند کرنا چاہیے، اپنے اس دعوی کی دلیل میں بعض علماء کی تحقیق اور بعض فقہی عبارات بھی پیش کیں جو آخرِ استفتاء میں ملاحظہ کے لئے منسلک ہیں۔

ان مقامات میں ان مولوی صاحبان کی اس نئی آواز سے ایک ہل چل مچ گئی، عوام الناس شور وشغب کرنے لگے، بعض ایسے اہل علم بھی وہاں موجود تھے جو فتنہ سے ہمیشہ محترز رہے اور اپنے تحفظِ دین کے ساتھ جو دینی خدمت ان سے ممکن ہوتی تو اس کو انجام دیتے تھے۔ لوگوں نے انکی طرف رجوع کیا، انہوں نے فتویٰ دینے سے انکار کیا کہ یہ منصب اہلِ افتاء کا ہے، جب لوگوں کا اصرار بڑھا تو انہوں نے نمبروار بہت سی فقہی عبارات نقل فرما کر ان عبارات سے جو احکامِ تفصیلیہ ہوتے تھے ان کو بھی نمبروار لکھ دیا اور یہ فرمایا کہ تم لوگ علماء کے پاس استفتاء بھیج کر صورتِ متنازعہ کے متعلق حکم محققین علمائے دین سے تحقیق کرلو، ان حضرات کا جو جواب ہو وہ اپنے عمل کے لئے متعین سمجھ لو۔

میں چونکہ اس منصب کا اہل نہیں اس لئے نہ کوئی متعین حکم دے سکتا ہوں نہ وہ معمول بہ بن سکتا ہے، میں صرف عباراتِ متعلقہ کو یکجا کر کے جو احکام تفصیلہ مستفاد ہوئے تھے، ان کو لکھ دیا ہے ان مولوی صاحب کی بھی وہ مفصل عبارات فقہیہ اور نمبروار احکام جو ان سے مستفاد ہوئے ہیں، منسلک استفتاء ہیں۔ امید ہے کہ بعد

Made searchable using ScribeTools.com

ملاحظہ فرمانے کے دربارۂ احتیاط الظہر ان مقامات میں جوحکم شرع ہواس سے مطلع فرمائیں گے، بہت ممکن ہے کہ اس سے مسلمانوں کا نزاع وفتنہ ختم ہوجائے ورنہ صحیح حکم کی تبلیغ کا ثواب بہرحال مل جائے گا۔فقط۔

خادم: نورالحسین مکان پیر بخش میاں پوسٹ عالم نگر رنگپور مشرقی پاکستان۔

مستفتی نے بہت سی عبارات فقہی اس جگہ تحریر کی ہیں جو بسببِ طوالت کے نقل نہیں کی گئی، صرف حسبِ ذیل نقشہ جو احتیاط الظہر پڑھنے کے متعلق ہے جس میں چند خصوصیتیں درج ذیل ہیں۔

۱- ایسی جگہ جس کا مصر یا فنائے مصر ہونا یقینی ہو اور سلطان یا نائب اس کا حاضر ہو اور نماز جمعہ بھی ایک ہی جگہ ہوتی ہو۔	۱-صرف جمعہ کی نماز پڑھنی ہوگی
۲-ایسی جگہ جس کا مصر نہ ہونا یقینی ہو یعنی وہ جگہ نہ تو مصر ہو نہ فنائے مصر۔	۲-صرف ظہر کی نماز پڑھنی ہوگی۔
۳- ایسی جگہ جس کے مصر ہونے میں شک ہو۔	۳-ایسی جگہ اکثر فقہاء نے آخر الظہر پڑھنے کا حکم فرمایا ہے اور بعض نے واجب بھی فرمایا ہے، ملاحظہ ہو عبارت فتح القدیر(۱) کبیری (۲) شامی(۳) فتاوی عالمگیری(۴)۔

(۱) "وإذا اشتبه على الإنسان ذلك، ينبغي أن يصلي أربعاً بعد الجمعة ينوي بها آخر فرضٍ أدركتُ وقته ولم أؤدّه بعدُ، فإن لم تصح الجمعة وقعت ظهره، وإن صحت كانت نفلاً". (فتح القدير ، كتاب الصلاة ، باب الجمعة: ۵۳/۲، مصطفى البابى مصر)

(۲) "ينبغي أن يصلي أربع ركعات و ينوي بها الظهر، حتى لو لم تقع الجمعة موقعها يخرج عن عهدة فرض الوقت بيقين، كذا في الكافي". (الحلبى الكبير، فصل فى صلاة الجمعة ،ص: ۵۵۲، سهيل اكيڈمى، لاهور)

(۳) "كل موضع وقع الشك في كونه مصراً، ينبغي لهم أن يصلوا بعد الجمعة أربعاً بنية الظهر احتياطاً الخ" . (الدر المختار مع رد المحتار ، كتاب الصلاة ، باب الجمعة : ۱۴۵/۲ ، ۱۴۶ ، سعيد)

(۴) "ثم في كل موضع وقع الشك في جواز الجمعة لوقوع الشك في المصر أو غيره وأقام أهله الجمعة، ينبغي أن يصلوا بعد الجمعة أربع ركعات الخ". (الفتاوى العالمكيرية ، كتاب الصلاة ، الباب السادس عشر فى صلاة الجمعة : ۱۴۵/۱ ، رشيديه)

۴- ایسی جگہ جس کا مصر ہونا یقینی ہو مگر جمعہ کی نماز کئی جگہ ہوتی ہو۔	۴- ایسی جگہ پر اکثر فقہاء نے آخر الظہر پڑھنے کو مستحب فرمایا ہے اور بعض نے واجب بھی فرمایا ہے، ملاحظہ ہو: فتح القدیر(۱) کبیری(۲) شامی(۳) فتاوی عالم گیری(۴)۔
۵- ایسی جگہ جس کا مصر ہونا یقینی ہو مگر سلطان یا نائب سلطان نہ ہو۔	۵- ایسی جگہ بھی بعض فقہاء نے آخر الظہر پڑھنے کا حکم فرمایا ہے، مسبوط (۵) خواہر زادہ (۶) فتاویٰ عزیزی: ۱/۳۳، ۲/۴ (۷)۔
۶- مندرجہ بالا جن مقامات میں آخر الظہر ہونے کا حکم دیا گیا ہے اگر ان میں سے کسی جگہ یہ خوف ہو کہ آخر الظہر پڑھنے کی وجہ سے جاہلوں کا اعتقاد جمعہ کے نہ فرض ہونیکا ہو جائے گا۔	۶- ایسی جگہ بوجہ خوفِ فسادِ عقیدۂ عوام کو پڑھنے کا فتویٰ نہ دیا جائے گا اور خاص یعنی جن لوگوں کا عقیدہ درست ہوگا اور خراب ہونے کا خوف نہیں ان کے لئے گھر میں پڑھنے کو اولیٰ لکھا ہے، مراقی الفلاح (۸)، بحر الرائق (۹)۔

(۱) (راجع ،ص: ۳۴۷، رقم الحاشية: ۱)

(۲) (راجع، ص: ۳۴۷، رقم الحاشية: ۲)

(۳) (راجع ، ص: ۳۴۷، رقم الحاشية: ۳)

(۴) (راجع ،ص: ۳۴۷، رقم الحاشية: ۴)

(۵) (لم أجده) (۶) (لم أجده)

(۷) ''صحت ادائے نماز جمعہ نزدِ قدمائے حنفیہ مشروط بسلطان یا نائبِ سلطان است، متأخرین ایشان در عہدِ چنگیز یہ فتوی دادہ اند، ما آنکہ ہرگاہ از طرفِ کفار والیٔ مسلمان در شہر متمکن باشد، او حکمِ سلطان دارد، و اقامتِ جمعہ و اعیاد از وے صحیح است (إلی قولہ) پس این ہا اجماع اہلِ بلد را قائمِ مقام تعین سلطان ساختند، بالجملۃ ادائے چہار رکعت علی سبیل الإحتیاط ضرور است''.
(فتاوی عزیزی، مسائل نماز وغیرہ : ۸/۲، کتب خانہ رحیمیہ دیوبند)

(۸) ''و لیس الاحتیاط فی فعلها؛ لأن الاحتیاط هو العمل بأقوی الدلیلین، وأقواهما إطلاق جواز تعدد الجمعة بفعل الأربع. مَفسدة اعتقاد عدم فرض الجمعة أو تعدد المفرُوض فی وقتها، ولایفتی بالأربع إلا للخواص، و یکون فعلهم إیاها فی منازلهم''.(حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، ص: ۵۰۶، قدیمی)

(۹) ''أمر أئمتهم بأداء الأربع بعد الجمعة حتماً احتیاطاً ..... و لأن الاحتیاط هو العمل بأقوی =

Made searchable using ScribeTools.com

سلفِ صالحین کی سابقہ عبارات سے معلوم ہوگیا کہ مسئلہ متنازعہ میں بہت تنقیح وتفصیل ہے اور حضرات فقہاء نے مختلف صورتوں میں مختلف احکام دیئے ہیں، لہذا فقہاء کی کل کتابیں اور علماء کے کل فتاوی درست اور حق ہیں اور جو فسادات وقتاً فوقتاً پیش آتے رہتے ہیں، وہ نتیجہ ہوتا ہے فتاوی کو غلط طریقہ پر استعمال کرنے کا، مثلاً نقشہ ہذا میں چھ صورتیں ہیں اور ہر ایک کا حکم علیحدہ ہے، اگر پہلی صورت کے موقع پر دوسری صورت کا حکم استعمال کیجیے تو نتیجہ ہوگا کہ جس جگہ جمعہ ضروری اور فرض ہے وہاں صرف ظہر پڑھنی ہوگی، یا دوسری صورت کے موقع پر پہلی صورت کا حکم استعمال کیجئے تو نتیجہ یہ ہوگا کہ جس جگہ جمعہ جائز نہیں ہے وہاں جمعہ پڑھنا پڑے گا، اسی طرح اگر تیسری صورت کے موقعہ پر پہلی صورت کا حکم استعمال کرے تو صرف جمعہ پڑھنا پڑے گا، اگر دوسری صورت کا حکم استعمال کیجیے تو صرف ظہر پڑھنی پڑے گی، حالانکہ یہ سب کے سب تمام علماء وفقہاء کے خلاف ہیں۔ علی ہذا القیاس آخر تک حساب لگا کر ملاحظہ فرمائیں تو نتیجہ یہ ہوگا کہ کل احکام میں رخنہ پڑ جائے گا اور ہر قسم کے

= الدليلين، و لم يوجد عدم جواز التعدد بل قضية الضرورة عدم اشتراط، وقد قال الله تعالىٰ: ﴿لا يكلف الله نفساً إلا وسعها﴾. (سورة التوبة پ ۳آية : ۲۸۶) وقال الله تعالىٰ: ﴿و ما جعل عليكم فى الدين من حرج﴾ (سورة الحج :پ ۱۷، آية : ۷۸) بلفظه مع ما لزم من فعلها فى زماننا من المفسدة العظيمة و هو اعتقاد الجهلة أن الجمعة ليست بفرض لما يشهدون من صلاة الظهر، فيظنون أنهاالفرض وأن الجمعة ليست بفرض، فيتكاسلون عن أداء الجمعة، فكان الاحتياط فى تركها. وعلى تقدير فعلها ممن لا يخاف عليه مَفسدة منها، فالأولى أن تكون فى بيته خفيةً خوفاً من مفسدة فعلها. والله سبحانه الموفق للصواب". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة : ۲/۲۵۰، ۲۵۱، ۲۵۲، رشيديه)

"ثم على قول أبى يوسف: لوتعددت فالجمعة لمن سبق ..... قالوا فى كل موضع وقع الشك فى جواز الجمعة، ينبغى أن يصلى أربع ركعات، و ينوى بهاالظهر، حتى لو لم تقع الجمعة موقعها يخرج عن عهدة فرض الوقت بيقين ..... و أما البلاد، فلا يشك فى الجواز، ولا تعاد الفريضة. قال: والاحتياط فى القرى أن يصلى السنة أربعاً: ثم الجمعة، ثم ينوى سنة الجمعة أربعاً، ثم يصلى الظهر، ثم ركعتين سنةً للوقت، هذا هو الصحيح المختار. فإن صحت الجمعة فقد أدى سنتها على وجهها، و إلا فقد صلى الظهر مع سنته الخ". (الحلبى الكبير، كتاب الصلاة، فصل فى الجمعة : ۵۵۲، سهيل اكيڈمى لاهور)

(وكذا فى الدرالمختار مع رد المحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة : ۲/۱۴۵، ۱۴۶، سعيد)

Made Searchable by ScribeTools.com

جھگڑے شروع ہوجائیں گے، لہٰذا سب جگہ کیلئے ایک ہی حکم لگانا کتبِ فقہ کے خلاف اور اپنے سے تجاوز ہے، پس جس جگہ کے لئے جیسا حکم اَور علماء کا ہو ویسا ہی کرنا چاہیے، اس کے خلاف کسی طرح مناسب نہیں ہے۔ و ما علینا إلا البلاغ۔

نورالحسین۔

الجواب واللّٰہ الموفق للصواب حامداً ومصلیاً:

مسئلہ احتیاط الظہر قرآن کریم، حدیث شریف، آثارِ صحابہ، اقوالِ ائمۂ مجتہدین سے ثابت نہیں۔ شرائط جمعہ کے متعلق اختلاف ائمہ کے باوجود عدمِ شرائط میں تردد کے باعث بعض مشائخ نے یقینی طور پر براءتِ ذمہ کے لئے اس مسئلہ کو احتیاطاً بیان کیا تھا، پھر اس درجہ اس پر عمل میں ترقی ہوئی کہ بعض جگہ احتیاط الظہر کا علی الاعلان عملاً التزام کیا گیا، بعض جگہ اس کو جماعت کے ساتھ پڑھنے لگے، بعض جگہ اس کو واجب یا فرض اعتقاد کیا گیا، بعض جگہ اس کو جمعہ سے بھی بڑھا دیا گیا حتیٰ کہ جمعہ کو غیر ضروری بدرجۂ نفل سمجھنے لگے، پھر اس پر تکرار و نزاع کی صورتیں پیدا ہونے لگیں، غرض! گوناگوں فتنے شروع ہوگئے، اس لئے بہت سے فقہاء نے اپنے قول سے رجوع کرکے ممانعت کا حکم دیا۔

مسئلہ مذکورہ میں وجودِ سلطان وعدم سلطان اور تعدد جمعہ کی تنقیح کافی طور پر ہوچکی ہے، لہٰذا یہ دونوں چیزیں ایسی نہیں جن کی بنا پر احتیاط الظہر کا حکم دیا جائے، ندباً یا وجوباً۔ البتہ جس مقام کے مصر ہونے میں شک ہو اور زمانۂ قدیم سے جمعہ ہوتا چلا آرہا ہو اور بند کرنے میں فتنہ ہو تو وہاں ایسی طرح احتیاط الظہر مناسب ہے جس سے کوئی اعتقادی اور عملی مفسدہ پیدا نہ ہو، کتبِ فقہ کی عبارات خود سائل کے سامنے ہیں (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۵/صفر/ ۶۸ھ۔

احتیاط کی جو صورتیں نقشہ کی صورت میں بیان کی گئی ہیں ان میں سے مسئلہ متنازعہ فیہا میں کوئی صورت بھی نہیں پائی جاتی، اصل سوال بنگال کے چھوٹے گاؤں اور بستیوں کے متعلق ہے جن کو دیکھنے والا گاؤں بھی نہیں کہہ سکتا، جو گاؤں اس قسم کے ہیں ان میں جمعہ پڑھنا اور پھر احتیاط الظہر پڑھنا مذہب حنفی کی رو سے

---

(۱) (راجع، ص: ۳۴۸، رقم الحاشیة: ۸، ۹)

Made searchable using ScribeTools.com

درست نہیں ہے (۱)۔فقہاء کی جوعبارات کثیرہ استفتاء کے ساتھ ہیں وہ موجودسوال پر منطبق نہیں ہے۔فقط واللہ اعلم۔

سعیداحمدغفرلہ،مفتی مظاہرعلوم سہارنپور،۲۵/صفر/۶۸ھ۔

احتیاط الظہر کا حکم

سوال[۳۸۵۳]: ۱..... بروز جمعہ بعداداءِ فریضہ چاررکعات نماز بہ نیتِ احتیاط الظہر کلکتہ یا اطرافِ کلکتہ یا کسی گاؤں جو کہ شہر کلکتہ سے ۲۰/میل کی مسافت پر واقع ہواوروہاں اشیائے ضروریات بھی کثرت کے ساتھ دستیاب ہوتی ہوں تو ایسی جگہوں میں مذکورہ نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ دیگرعرض خدمت یہ ہے کہ البحرالرائق کی عبارت ہے: "قد أفتيت مراراً بعدم صلاة الأربع بعدها بنية آخر ظهر خوف اعتقاد عدم فرضية الجمعة، و هو الاحتياط فی زماننا".(۲) اوردوسری جگہ صاحبِ بحرکا ایک مستحکم قول ہے: "الاحتياط فی زماننا ترك احتياط الظهر أظهر من الشمس". ہے(۳) حالانکہ اس کا جواب صاحبِ نفع

---

(۱) جمعہ اور پھر احتیاط الظہر کو وہاں اختیار کیا جاتا ہے جس گاؤں کے قریہ کبیرہ اور مصر ہونے میں شک ہو، اس کے برعکس جس گاؤں کے قریہ کبیرہ اور مصر نہ ہونے کا یقین ہو، جوازِ جمعہ کی شرائط میں سے کوئی شرط وہاں موجود نہ ہوتو وہاں ظہر پڑھنا ہی یقینی ہے، دونوں کو جمع کرنا جائز نہیں جیسا کہ صورت نمبر:۲ کے حکم میں گزر چکا ہے اور عباراتِ سابقہ سے بھی یہی حکم مستفاد ہوتا ہے۔

فتاویٰ عالمگیری میں ہے: "ثم فی كل موضع وقع الشك فی جواز الجمعة لوقوع الشك فی المصر أو غيره وأقام أهله الجمعة، ينبغی أن يصلوا بعد الجمعة أربع ركعات وينووا بها الظهر الخ ".

(كتاب الصلاة، الباب السادس عشرفی صلاة الجمعة : ۱/۱۴۵، رشيديه)

"وأماالقرى فإن أراد الصلاة فيها، فغير صحيحة على المذهب ..... فإن المذهب ..... عدم صحتها فضلاً عن لزومها". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة : ۲/۲۴۸، رشيديه)

(وكذا فی فتح القدير، كتاب الصلاة، باب الجمعة : ۲/۵۳، مصطفیٰ البابی الحلبی، مصر)

(۲)(الدر المختار، كتاب الصلوة، باب الجمعة : ۲/۱۳۷، سعيد)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب الصلاة ،باب الجمعة : ۲/۲۴۵، رشيديه)

(۳) لم أظفر بهذه العبارة فی البحر، لكن فی منحة الخالق هكذا: "وهو اعتقاد الجَهَلة أن الجمعة ليست بفرض لما يشاهدون من صلاة الظهر، فيظنون أنها الفرض وأن الجمعة ليست بفرض، فيتكاسلون عن=

المفتی نے اس کتاب کے،ص:۹۰۸ میں تحریر کیا ہے جو کہ نیچے درج ہے:"فما فی البحر أنهم أفتوا بأداء الأربع بعد الجمعة ..... بعيد عن مثله" (۱)۔

اس جگہ صاحب بحر کا قول قابلِ ترجیح ہے یا نہیں؟ از راہ مہربانی تحریر فرمادیں۔

۲.....احتیاط الظہر کی نیت کے اندر آخر فرض کہنا ضروری ہے یا نہیں، اگر کوئی فرض نہ کہے تو کیا نقصان ہے؟ بعض فقہ کی کتابوں میں نیت کے اندر فرض کا نام بھی نہیں لیا، کیا اس سے نیت میں کچھ خرابی آئے گی، جیسا کہ مجموعہ فتاویٰ، ص: ۲٦ (۲)صغیری شرح منية(۳)مخزن الفتاویٰ(٤)، هنديه(٥)،غاية الأوطار، ص:۳۷۳(٦)،مجمع الأنهر(۷) اورفتاوی خیریہ؟

احتیاط الظہر کی نیت فتاویٰ خیریہ میں یوں لکھا ہے:"كما وقع فيه الاختلاف القوى بين الأئمة، وقع الخلاف فى تعريف بغير جماعة أربع ركعات بنية: آخر ظهر أدركتُ وقته ولم أصل بعد(۸)"۔ وتفصيل فى شروح الهداية والمنية والكنز وغيرها۔

= أداء الجمعة، فكان الاحتياط فى تركها الخ". (منحة الخالق على البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب صلاة الجمعة : ۲/۲۵۲، رشيديه)

(۱) (مجموعة رسائل اللكنوى ، نفع المفتى والسائل : ۴/۱۴۰، إدارة القرآن كراچى)

(۲) (مجموعة رسائل اللكنوى ، نفع المفتى والسائل : ۴/۱۴۱، إدارة القرآن كراچى)

(ومجموعة الفتاوىٰ للكنوى، كتاب الصلاة، سوال: چاررکعت ظہر احتیاطی بعد نماز جمعہ الخ: ۱/۲۴۸، سعيد)

(۳) (الحلبى الكبير، كتاب الصلاة، فصل فى صلاة الجمعة ص: ۵۵۲، سهيل اكيڈمى)

(۴) (لم أظفر عليه)

(۵) (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة ، الباب السادس عشر فى صلاة الجمعة : ۱/۱۴۵، رشيديه)

(٦) (غاية الأوطار، اردو ترجمہ الدر المختار ، كتاب الصلاة، باب الجمعة)

(۷) (مجمع الأنهر، كتاب الصلاة ، باب الجمعة : ۱/۲۴۸، مكتبه غفاريه كوئٹه)

(۸) "ماوجدت فى الفتاوىٰ الخيرية هذه العبارة بعينها لكن فيها هكذا: "والأحسن الأحوط فى موضع الشك جواز الجمعة ثبوت شرطها يقول: نويت أن أصلى آخر ظهر أدركت وقته ولم أصلّه بعد". (الفتاوى الخيرية على هامش تنقيح الفتاوى الحامدية، كتاب الصلاة ، مطلب فيما إذا كان على يده وشمٌ، هل تصح صلاته وإمامته معه أم لا؟ سئل فى الرجل إذا كان فى الصلاة وخرج من بين أسنانه شيء

Made searchable using ScribeTools.com

مگر فتح القدیر میں ہے: ''ینبغی أن یصلی أربعاً ینوی لها: آخر فرض أدرکتُ وقته، الخ''(۱)۔ ایسا ہی سفر السعادۃ میں بھی ہے(۲)۔ان عباراتِ متنازعہ کے درمیان کس کا قول زیادہ اقوی ہے اور اصح ہے؟ ارقام فرمادیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس امر پر تمام امت کا اجماع ہے کہ جمعہ دیگر صلوۃ خمسہ کی طرح نہیں ہے کہ جس طرح چاہے جہاں چاہے ادا کرلیا جائے، بلکہ اس کے لئے کچھ خصوصیات ہیں- وجوباً وصحتاً- جو اَور نمازوں کے لئے نہیں(۳)۔اس کے بعد ان خصوصیات میں اختلاف ہے، حنفیہ کے نزدیک چھوٹے گاؤں میں نماز جمعہ جائز نہیں وہاں ظہر فرض ہے، بڑے گاؤں میں جو اپنی آبادی اور ضروریات اور روزمرہ وغیرہ کے لحاظ قصبہ کے مثل ہو، وہاں جمعہ فرض اور

= الخ : ۲۲/۱، قندهار تاجران كتب)

(۱)(فتح القدير، كتاب الصلاة، باب الجمعة، ۵۳/۲، مصطفى البابى الحلبى، مصر)

(۲) ''فائده: از محیط نقل کرده اند که در هر موضع که شک بود در شرائطِ جمعه، اهلِ آن موضع را باید که بعد از جمعه چهار رکعت بگزارند به نیتِ ظهر احتیاطاً، تا اگر جمعه صحیح نیفتد از عهده فرضِ وقت بادائے ظهر بیقین بیرونآیند''. (شرح سفر السعادة للشاه عبد الحق الدهلوى، باب در نماز حضرت پیغمبر صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فصل در خطبهٔ نبويه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، ص:۲۱۳، مطبعه منشى نولكشورى)

(۳) ''وأما شرائطها فنوعان: شرائط صحة و شرائط صحة وجوب، فالأول ستة كما ذكره المصنف: المصر والسلطان والوقت والخطبة والجماعة والإذن العام، والثانى ستة أيضاً كما سيأتى ..... وشرط وجوبها الإقامة و الذكورة والصحة والحرية و سلامة العينين والرجلين''. (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة : ۲۴۵/۲، ۲۶۴، رشيديه)

''شرائط لزوم الجمعة اثنى عشر، ستة فى نفس المصلى: و هى الحرية والذكورة والإقامة والصحة و سلامة الرجلين والبصير، وقال: على الأعمى إذا وجد قائداً، و ستة فى غير نفس المصلى، و هى: المصر الجامع والسلطان والجماعة والخطبة والوقت والإظهار''.(البناية، كتاب الصلاة، باب الجمعة : ۴۷/۳، ۴۸، رشيديه)

(وكذا فى ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة : ۱۳۷/۲، سعيد)

اس کا ادا کرنا درست ہے، اس میں کوئی شک کرنا اور احتیاط الظہر پڑھنا اور ایک یقینی چیز میں شک اور تردد کرنا ہے جو کہ بے دلیل ہے۔

پھر امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا مذہب متعین کرنے کے متعلق متقدمین میں اس بات میں بھی اختلاف تھا کہ ایک شہر میں ایک جگہ جمعہ ہونا چاہیے یا متعدد جگہ بھی جائز ہے، اس اختلاف کی بنا پر بعض علماء نے احتیاط الظہر کا حکم دیا تھا کہ تعددِ جمعہ نہ درست ہو تو صرف پہلا جمعہ ادا ہوگا اور بعد والوں کا فریضہ باقی رہ جائے گا تو وہ لوگ احتیاط الظہر ادا کرلیں لیکن اس میں مفسدہ پیدا ہوا، ناواقف لوگوں نے یہ سمجھا کہ جمعہ فرض ہی نہیں، اس مفسدہ کو روکنے کے لئے احتیاط الظہر کو عامۃً منع کردیا اور خاص اہل علم اور تقویٰ کو گنجائش دی گئی کہ وہ خفیہ طور پر اپنے مکان میں جمعہ کے بعد احتیاط الظہر پڑھیں، اور "آخر ظهرٍ أدر كتُه ولم يسقط عنى بعدُ" کی نیت کریں۔

"ثم على قول أبى يوسف رحمه الله تعالىٰ: لو تعددت فالجمعة لمن سبق، واختلفوا: قال بعضهم: يعتبر السبق بالفراغ، والصحيح أنه بالافتتاح، فإن صلوامعاً واشتبه الأمر فسدت صلوة الكل. وذكر فى فتح القدير: والأفضل هو الجامع الواحد، وذلك للخروج من الخلاف، والخروج عن العهدة بيقين. و عن هذا وعن الاختلاف فى المصر قالوا: كل موضع وقع الشك فى جواز الجمعة، ينبغى أن يصلى أربع ركعات، و ينوى بها الظهر، حتى لو لم تقع الجمعة موقعها، يخرج عن عهدة فرض الوقت بيقين، كذا فى الكافى۔

قال فى فتاوىٰ: الحجة هذا فى القرى الكبيرة، وأما البلاد فلا يشك فى الجواز و لاتعاد الفريضة، قال: و الاحتياط فى القرى أن يصلى السنة أربعاً، ثم الجمعة، ثم ينوى سنة الجمعة أربعاً، ثم يصلى الظهر ثم ركعتين سنة الوقت، هذا هو الصحيح المختار. فإن صحت الجمعة فقد أدى سنتها على وجهها، وإلا فقد صلى الظهر مع سنته. قال: و قول الناس: يصلى الظهر بنية الظهر أو بنية أقرب صلوةٍ علىَّ، ماليس له أصلٌ فى الروايات، والشك فى جواز الجمعة فى البلاد والقصبات انتهىٰ. وهذا الذى قاله من حيث كون الموضع مصراً،أولا وأما من حيث جواز التعدد و عدمه فالأول هو الاحتياط؛ لأن الخلاف فيه قوىَ؛ إذ الجمعة جامعة للجماعات، و لم يكن

Made searchable using ScribeTools.com

فی زمن السلف تصلی إلا فی موضع واحد من المصر، وکون الصحیح جواز التعدد للضرورة للفتویٰ لا یمنع شرعیة الاحتیاط للفتویٰ۔

و ذکر فی فتاویٰ: هو ینبغی أن یقرأ الفاتحة والسورة فی الأربع التی تصلی بعد الجمعة بنیة الظهر فی دیارنا، فإن وقع فرضاً فقرآءة السورة لا تضر، وإن وقع نفلاً فقرأة السورة واجبة، انتهیٰ ۔ والأحسن فی النیة أن ینوی: "آخر ظهرٍ أدرکتُ وقته و لم یسقط عنی بعدُ" حتی إن صحت الجمعة وکان علیه ظهر یسقط عنه، وإلا فنفل، اهـ". غنیة المستملی،ص:۵۱۲(۱)۔

پھر یہ اختلاف مرتفع ہوکر جواز تعدد علی الاطلاق مذہب قرار دیا گیا تو اب اس شبہ کی بنا پر بھی احتیاط الظہر کی کوئی جہت باقی نہیں رہی:

"و تؤدی فی مصر واحد فی مواضع: أی یصح أداء الجمعة فی مصر واحد بمواضع کثیرة، هو قول أبی حنیفة رحمه اللّٰه تعالیٰ و محمد رحمه اللّٰه تعالیٰ، وهوالأصح ..... وذکر الإمام السرخسی رحمه اللّٰه تعالیٰ: أن الصحیح من مذهب أبی حنیفة رحمه اللّٰه تعالیٰ جواز إقامتها فی مصر واحد فقط". ۱/۱۲۰"(۲)۔

و فی فتح القدیر: "الأصح الجواز مطلقاً"(۳). و ذکر فی باب الإمامة: "أن الفتوی علی جواز التعدد مطلقاً: ۱/۲۴۷".(٤)۔

---

(۱) (الحلبی الکبیر، کتاب الصلاة، فصل فی صلاة الجمعة، ص: ۵۵۲، سهیل اکیڈمی، لاهور)

(۲) (المبسوط للسرخسی، کتاب الصلاة، باب الجمعة : ۲/۱۷۲، غفاریه کوئٹه)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلاة ،باب صلاة الجمعة : ۲/۲۵۰، رشیدیه)

(وکذا فی فتح القدیر، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۵۳، مصطفیٰ البابی الحلبی بمصر)

(۳) (فتح القدیر، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۵۳، مصطفی البابی الحلبی، مصر)

(۴) (فتح القدیر، کتاب الصلاة، باب الإمامة: ۱/۳۵۰، مصطفی البابی الحلبی، مصر)

"(و تؤدی فی مصر واحد بمواضع کثیرة) مطلقاً علی المذهب، و علیه الفتوی".

(الدرالمختار، کتاب الصلاة، باب الجمعة : ۲/۱۴۴،۱۴۵، سعید)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلاة ، الباب السادس عشر فی صلاة الجمعة : ۱/۱۴۵، رشیدیه)

بما ذكرناه اندفع ما فى البدائع من أن ظاهر الرواية جوازها فى موضعين، ولا يجوز فى أكثر من ذلك، و عليه الاعتماد اهـ. فإن المذهب الجوازا مطلقاً. و إذا علمت ذلك فما فى القنية: (من مسئلة احتياط الظهر) مبنى كلّه على القول الضعيف المخالف للمذهب، فليس الاحتياط فى فعلها؛ لأنه العمل بأقوىٰ الدليلين، وقد علمت أن مقتضى الدليل هو الإطلاق، ولم يوجد دليل عدم جواز التعدد، بل تقتضيه الضرورة عدم اشتراطه، وقد قال الله تعالىٰ:﴿ لا يكلف الله نفساً إلا وسعها﴾ و قال الله تعالىٰ: ﴿و ما جعل عليكم فى الدين من حرج﴾ اهـ، مع ما لزم من فعلها فى زماننا من المفسدة العظيمة و هو اعتقاد الجَهَلة أن الجمعة ليست بفرض لما يشاهدون من صلوة الظهر، فيظنون أنهاالفرض وأن الجمعة ليست بفرض، فيتكاسلون من أداء الجمعة، فكان الاحتياط فى تركها. وعلى تقدير فعلها لمن لا يخاف عليه مفسدة منها، فالأولىٰ أن تكون فى بيته خفيةً خوفاً من مفسدة فعلها. والله سبحانه الموفق للصواب، اهـ". بحر: ۲/۱۵٤" (۱)۔

علامہ علاؤالدین حصکفی رحمہ اللہ تعالیٰ نے سکب الأنہر: /۱۴۷، میں لکھا ہے: "و تفسد بالمعية والاشتباه، فيصلى بعدها أربعاً بنية، آخر ظهر أدركتُ وقته و لم يسقط عنّى بعد" وكل ذلك مبنى على المرجوح، فلا يعول عليه"(۲)۔

علامہ شرنبلالی رحمہ اللہ تعالیٰ نے مراقی الفلاح میں تحریر کیا ہے:"و ليس الاحتياط فى فعلها؛ لأن الاحتياط هو العمل بأقوى الدليلين وأقواهما إطلاق جواز تعدد الجمعة و بفعل الأربع مفسدة اعتقاد الجَهَلة عدم فرض الجمعة أو تعدد المفروض فى وقتها، ولايفتى بالأربع إلا للخواص، و يكون فعلهم إياها فى منازلهم، اهـ".(۳)۔

---

(۱) (البحرالرائق، كتاب الصلاة ، باب الجمعة: ۲/۲۵۰، ۲۵۱، رشيديه)

(۲) (سكب الأنهر المعروف بالدر المنتقى شرح الملتقى بذيل مجمع الأنهر، باب الجمعة : ۱/۲۴۸، مكتبه غفاريه كوئٹه)

(۳) (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلاة، باب الجمعة، ص: ۵۰۶، قديمى)

Made searchable using ScribeTools.com

شیخ عبدالحق رحمہ اللہ تعالیٰ محدث دہلوی شرح سفر السعادۃ میں فرماتے ہیں: ”و ظاهر از اطلاقِ عبارتِ فقهاء آنست که احتیاج باین تقییدات نیست، بلکه نیتِ صلوةِ ظهرِ وقت کند، چنانچه در سائرِ ایام میکنند چه اگر جمعه صحیح نیست این فرض باقی است به یقین، وإلا تطوع به نیتِ فرض صحیح است. وصحیح آنست که جمعه صحیح است اگر چه سلطان جائر باشد، و تنفیذِ جمیعِ احکام بالفعل صورت نه بندد، و ذکر جمیع هذه المسائل فی سنن الهدی“ (۱)۔

عزیز الفتاویٰ: ۱/ ۴۶، ۲/ ۴۷ (۲) فتاوی رشیدیہ: ۱/ ۲۸، ۲/ ۴۱، ۲/ ۵۰، ۳/ ۳۶ (۳) میں اس احتیاط الظہر کو ناپسند اور لغو اور قابلِ ترک لکھا ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۴/ ذی الحجہ/ ۶۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۹/ ذی الحجہ/ ۶۷ھ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

= ”نعم! إن أدى إلى مفسدة لا تفعل جهاراً، والكلام عند عدمها، و لذا قال المقدسی: نحن لا نأمر بذلک أمثال هذه العوام بل ندل عليه الخواص و لو بالنسبة إليهم، والله تعالىٰ أعلم“. (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱۴۶/۲، سعيد)

(۱) (لم أظفر عليه)

(۲) (فتاوى دار العلوم ديوبند يعنى عزيز الفتاوى، تاليف حضرت مفتى عزيز الرحمن صاحب رحمه الله تعالىٰ، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲۸۲/۱، ۲۸۳، دار الإشاعت كراچى)

(۳) (تاليفات رشيديه مع فتاوى رشيديه، كتاب الصلاة، باب الجمعة والعيدين، ص: ۳۴۵، ۳۴۶، ۳۴۹، إداره اسلاميات لاهور)

مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: (احسن الفتاوی، کتاب الصلاۃ، باب الجمعۃ والعیدین، احتیاط الظہر کی حقیقت: ۱۴۸/۴، سعید)

الفصل التاسع فی النظافة یوم الجمعة

(جمعہ کے دن غسل وغیرہ کا بیان)

شبِ جمعہ میں غسل کرنے سے مسنون غسل ہوجائے گا یا نہیں؟

سوال[۳۸۵۴]: اگر کوئی شخص غسلِ جمعہ اور غسلِ عید شب میں کرلے تو کافی ہوسکتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر شبِ جمعہ اور شبِ عیدین میں غسل کرلیا جائے تب بھی کافی ہے کہ اصل مقصود قطعِ رائحہ حاصل ہے، کذا فی مراقی الفلاح(۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

جمعہ کے روز حجامت

سوال[۳۸۵۵]: روزِ جمعہ قبل نمازِ جمعہ حجامت ساختن چہ حکم دارد؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

این طریقہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم است: "کان رسول الله صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم یقصّ شاربه، و یقلم أظفاره یوم الجمعة قبل أن یروح إلیٰ الصلوة". أخرجه البیهقی". ردالمحتار(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۳/۳/۵۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، ۱۶/ ربیع الاول/ ۵۶ھ۔

---

(۱) "وفی معراج الدرایة: لو اغتسل یوم الخمیس أو لیلة الجمعة، استنّ بالنسبة لحصول المقصود، وهو قطع الرائحة". (حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، کتاب الطهارة، فصل: یسن الاغتسال لأربعة أشیاء، ص: ۱۰۷، قدیمی)

(۲) (رد المحتار، کتاب الحظر والإباحة، فصل فی البیع: ۶/۴۰۵، سعید) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

ناخن اور بال جمعہ کی نماز سے پہلے بنوائے یا بعد میں؟

سوال[۳۸۵۶]: درمختار کا حوالہ دے کر یہ مسئلہ بیان کیا گیا ہے کہ جمعہ کے دن حجامت بنوانا اور ناخن ترشوانا جمعہ کے بعد افضل ہے۔ کیا یہ مسئلہ صحیح بیان کیا گیا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جب ناخن زیادہ بڑھے ہوئے ہوں تو جمعہ کے بعد ترشوانا شرح اشباہ، ص:۵۶۳(۱) میں افضل لکھا ہے، ردالمحتار، ص:۶۲۳، میں مطلقاً بعد جمعہ حجامت بنوانا ناخن ترشوانا افضل لکھا ہے(۲) اور بعض روایات

"عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه أن رسول الله صلی الله عليه وسلم كان يقلم أظفاره، ويقص شاربه يوم الجمعة قبل أن يخرج إلى الصلاة". وأخرج البزار والطبرانی فی الأوسط والبيهقی فی شعب الإيمان بسند حسن". (الدر المنثور، تحت آية البقرة: ﴿وإذا ابتلى إبراهيم ربه﴾ الآية: ۱/۱۱۲، مؤسسة الرسالة)

"و ظاهر الأحاديث يدل على أن القلم قبل الصلاة، فما فی بعض الكتب أنه بعدها ليشهد بالصلاة لا يعول عليه؛ لأنه تعليل فی مقابلة النص". (حاشية الطحطاوی على مراقی الفلاح، كتاب الصلاة، باب الجمعة، ص:۵۲۵، قديمی)

(وكذا فی كنز العمال فی سنن الأقوال والأفعال، الزينة والتجمل: ۷/۱۲۷، رقم الحديث: ۱۸۳۲۲، مكتبة التراث الإسلامی)

(۱) "و فی جامع المضمرات والمشكلات معزياً إلى فتاوى الحجة: و جاء فی الخبر أنه يكره قلم الأظفار، وقصّ الشارب فی يوم الجمعة لما فيه من معنى الحج، فيكره قبل الفراغ من الحج، و قضاء التفث وحلق الشعر، وقصه الشارب والتقليم. وجاء فی الخبر: "من قلم أظفاره يوم الجمعة أعاذه الله من السوء إلى يوم الجمعة القابلة و ثلاثة أيام". و رأيت فی بعض الروايات أنه يقلّم ويقصّ بعد صلاة الجمعة عملاً بالأخبار، فكأنه اعتمر وحج، ثم حلق و قص و قصر انتهى. وأنت خبير بأن ما نقلناه يقتضی كراهة القص والحلق قبل الجمعة الخ". (شرح الأشباه والنظائر لابن نجيم، الفن الثالث، الجمع والفرق، القول فی أحكام يوم الجمعة: ۳/۱۹۶، ۱۹۷، إدارة القرآن، كراچی)

(۲) "و يكره تقليم الأظفار وقصّ الشارب فی يوم الجمعة قبل الصلاة لما فيه من معنى الحج، وذلك قبل الفراغ من الحج غير مشروع". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۶۳، سعيد)

Made Searchable by ScribeTools.com

میں نماز سے قبل بنوانا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے منقول ہے اور طحطاوی میں اسی کو افضل لکھا ہے اور بعد نماز کی افضلیت کو رد کیا ہے اور مشائخ کا معمول بھی یہی ہے (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔ ۱۵/۱۱/۵۴ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۳/ ذیقعدہ/۵۴ھ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱) "وظاهر الأحاديث يدل على أن القلم قبل الصلاة، فما فى بعض الكتب أنه بعدها ليشهد بالصلاة لا يعول عليه؛ لأنه تعليل فى مقابلة النص". (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلاة، باب الجمعة، ص: ۵۲۵، قديمى)

"عن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان يقلم أظفاره و يقص شاربه يوم الجمعة قبل أن يخرج إلى الصلاة". وأخرج البزار والطبرانى فى الأوسط والبيهقى فى شعب الإيمان بسند حسن". (الدر المنثور تحت آية: ﴿وإذا ابتلى إبراهيم ربه﴾ الآية: ۱/۱۱۲، مؤسسة الرسالة)

Made searchable using ScribeTools.com

فصل فی المتفرقات

جمعہ کی نماز کے لئے "حی علی الفلاح" پر کھڑا ہونا

سوال[۳۸۵۷]: مقتدیوں کو نماز جمعہ کیلئے خطبہ کے ختم ہوتے ہی کھڑا ہو جانا چاہیے یا امام کے مصلی پر جانے اور مکبر کے تکبیر کہنے کا انتظار کیا جائے، طریقہ مسنون کیا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اصل تو یہ ہے کہ جس وقت مکبر "حی علی الفلاح" کہے اس وقت کھڑا ہونا چاہیے(۱) لیکن احادیث میں صفوف سیدھا کرنے کی نیز درمیان میں جگہ نہ چھوڑنے کی بہت تاکید آئی ہے(۲) اور عام طور پر

---

(۱) "إن كان المؤذن غير الإمام وكان القوم مع الإمام فی المسجد، فإنه يقوم الإمام والقوم إذاقال المؤذن: حی علی الفلاح عند علماء نا الثلاثة". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الفصل الثانی فی كلمات الأذان والإقامة الخ: ۱/۵۷، رشيديه)

"(والقيام حين حی علی الفلاح)؛ لأنه أمربه، فيستحب المسارعة إليه. أطلقه فشمل الإمام والماموم إن كان الإمام بقرب المحراب، وإلا فيقوم كل صف ينتهی إليه الإمام، وهو الأظهر الخ".

(البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة: ۱/۵۳۱، مكتبه رشيديه)

(وكذا فی تبيين الحقائق، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة: ۱/۲۸۳، دار الكتب العلمية بيروت)

(۲) "عن عبد الله بن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما أن رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم قال: "من وصل صفاً وصله الله، و من قطع قطعه الله عزوجل". (سنن النسائی، كتاب الصلاة، باب من وصل صفاً: ۱/۱۳۱، قديمی)

"عن النعمان بن بشير رضی الله تعالیٰ عنه: "قال كان رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم يسوّی صفوفنا، فخرج يوماً فرآی رجلاً خارجاً صدره عن القوم، فقال: "لتسوُّنّ صفوفكم أوليخالفَنَ الله بين وجوهكم". (جامع الترمذی، أبواب الصلوة، باب ما جاء فی إقامة الصفوف: ۱/۵۳، سعيد)

مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: (جواہر الفقہ، اقامت کے وقت مقتدی کب کھڑے ہوں: ۱/۳۰۱، مکتبہ دار العلوم کراچی) ..... =

لوگ مسائل سے ناآشنا ہیں اس لئے تکبیر شروع ہونے سے پیشتر ہی یعنی خطبہ ختم ہوتے ہی کھڑے ہوکر صفیں سیدھی کرلیجائیں تاکہ تکبیر بھی سب سکون سے سن سکے اوراس وقت کسی کا شور نہ ہو۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، ۲۵/ ربیع الاول/ ۵۶ھ۔

ہر جمعہ کو سورۂ کہف کا وِرد

سوال[۳۸۵۸]: ایک مولوی صاحب۔نے اپنے وعظ میں بیان فرمایا (اجمیر میں) کہ جس دن حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے شہید ہونے کا دن تھا، ۱۰/محرم بروز جمعہ، اس دن بھی آپ سورۂ کہف تلاوت فرمارہے تھے، آپ نے قاتل سے کہا بھی کہ سورۂ کہف پڑھنے اور نماز جمعہ تک کی مہلت دے دو۔ یہ کہاں تک درست ہے کہ آپ ہر جمعہ کو سورۂ کہف تلاوت فرماتے تھے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا معمول تو معلوم نہیں کیا تھا، ہاں! حدیث شریف میں جمعہ کے روز سورۂ کہف کی فضیلت بہت آئی ہے، کذافی المشکوۃ، باب فضائل القران (۱)۔ فقط۔

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

دورانِ ڈیوٹی نمازِ جمعہ پڑھنے سے ثواب ملے گا یا نہیں؟

سوال[۳۸۵۹]: میں ایک سرکاری ملازم ہوں، آٹھ گھنٹے کی ڈیوٹی ہے، اس ڈیوٹی میں باقاعدہ نماز کے لئے جانا ہوتا ہے، اس سے میری ڈیوٹی میں حرج واقع نہیں ہوتا مگر فرق صرف اتنا ہے کہ ڈیوٹی میں غیر حاضر رہتا ہوں۔تو کیا مجھے نمازِ جمعہ کا ثواب ملے گا یا نہیں؟

= (وأحسن الفتاوی ،رساله: ارشاد الأنام بجواب إزالة الأوهام : ۲/ ۲۹۹، سعيد)

(۱) "وعن أبي سعيد الخدري رضي الله تعالىٰ عنه أن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "من قرأ سورة الكهف في يوم الجمعة، أضاء له النور ما بين الجمعتين". (مشكوة المصابيح، كتاب فضائل القرآن : ۱/ ۱۸۹، قديمی)

قال الحافظ عماد الدين بن كثير رحمه الله تعالىٰ: "عن علي رضي الله تعالىٰ عنه مرفوعاً: "من قرأ سورة الكهف يوم الجمعة، فهو معصوم إلى ثمانية أيام من كل فتنة، وإن خرج الدجال عصم". (تفسير ابن كثير : ۳/ ۷۰، ۷۱، سهيل اكيڈمی، لاهور)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

نمازِ جمعہ جب وقت پر ادا کرتے ہیں تو اس کا ثواب انشاء اللہ تعالیٰ ضرور ملے گا، دوسری کوتاہیوں جو اَور آدمیوں میں موجود ہیں ان کی وجہ سے نماز کا ثواب ضائع نہیں ہوتا (۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

نئی مسجد میں جمعہ اور جمعہ کی تعطیل کو اتوار سے بدلنا

سوال[۳۸۶۰]: ایک شہر میں مدت کے بعد ایک مسجد احاطۂ مدرسہ میں تعمیر ہوئی ہے جس کی وجہ سے تعطیلِ جمعہ کو اتوار سے بدل دیا گیا ہے۔ تو اب سوال یہ ہے کہ کون سے دن تعطیل اختیار کی جائے کہ شہر میں اتفاق ہو سکے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اتوار کے دن تعطیل کرنے میں تشبہ ہے غیروں کے ساتھ، دینی مدرسہ میں اس کو ہرگز اختیار نہ کیا جائے (۲)۔ نئی مسجد میں مستقل جمعہ قائم کرنے کی کیا ضرورت ہے، شرعاً یہ طریقہ ناپسند ہے کہ ہر مسجد میں جمعہ کیا جائے، اس سے شوکتِ اسلام ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتی ہے، جامع مسجد میں جمعہ ادا کرنے میں شوکتِ اسلام کا زیادہ ظہور ہے، اگرچہ ادا ہو جاتا ہے دوسری مسجد میں بھی، لیکن وہ شان باقی نہیں رہتی (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۷/۶/۹۲ھ۔

---

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿إن الله لا يضيع أجر المحسنين﴾ (سورة التوبة، پ: ۱۱، آية: ۱۲۰)

"عن أبي هريرة – رضي الله تعالىٰ عنه – قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "من توضأ فأحسن الوضوء، ثم أتى الجمعة"، قال: "فاستمع وأنصت، غفرله مابين الجمعة إلى الجمعة وزيادة ثلاثة أيام، ومن مس الحصى فقد لغا". (سنن أبي داؤد، باب فضل الجمعة: ۱/۱۵۷، مكتبه امداديه)

(۲) "عن ابن عمر رضي الله عنهما قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "من تشبه بقوم فهو منهم". (سنن أبي داؤد، كتاب اللباس، باب ماجاء في الأقبية: ۲/۲۰۳، مكتبه امداديه)

(۳) "الخاصة الثالثة: صلاة الجمعة التي هي من آكد فروض الإسلام، ومن أعظم مجامع المسلمين، وهي أعظم من كل مجمع يجتمعون فيه وأفرضه سوى مجمع عرفة، ومن تركها تهاوناً بها، طبع الله على قلبه. وقُربُ أهل الجنة يوم القيامة وسبقهم إلى الزيادة يوم المزيد بحسب قربهم من الإمام يوم الجمعة وتبكيرهم". (زاد المعاد لابن قيم الجوزية، فصل: هدية النبي صلى الله عليه وسلم في تعظيم يوم الجمعة، ص: ۱۴۱، دارالفكر، بيروت) ..... =

جوشخص پنجگانہ نماز پڑھتا ہے اس کو امامتِ جمعہ کے لئے تجویز کیا جائے

سوال[۳۸۶۱]: دومسجدوں کے اماموں میں ایک امام روزانہ چار وقت نماز پڑھتا ہے، صبح کی نماز نہیں پڑھتا، قضاء پڑھتا ہے، دوسرا امام باقاعدہ پنجگانہ نماز کا پابند ہے۔ اب دونوں اماموں میں نمازِ جمعہ کے لئے کس کا انتخاب کیا جائے، کون افضل ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جوشخص پانچوں نمازوں کو وقت پر ادا کرتا ہے اور اس میں امامت کے دیگر اوصاف بھی موجود ہیں اس کو ہی امام جمعہ تجویز کیا جائے اور جو نماز قضاء کرنے کا عادی ہے اگرچہ ایک ہی وقت کی قضاء کرتا ہو اس کو امام نہ بنایا جائے (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۸/۱۰/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۸/۱۰/۹۰ھ۔

= "(وتؤدى فى مصر واحدٍ بمواضع كثيرة) مطلقاً على المذهب". (الدر المختار، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۱۴۴/۲، ۱۴۵، سعيد)

"قوله: (وتؤدى فى مصر فى مواضع): أى يصح أداء الجمعة فى مصر واحد بمواضع كثيرة، وهو قول أبى حنيفة ومحمد، وهوالأصح؛ لأن فى معنى الاجتماع فى موضع واحد فى مدينة كبيرة حرجاً بيّناً، وهو مدفوع". (البحر الرائق، باب الجمعة: ۲۵۰/۲، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلوة، الباب السادس فى صلاة الجمعة: ۱۴۵/۱، رشيديه)

(۱) "(والأحق بالإمامة) تقديماً بل نصاً -مجمع الأنهر- (الأعلم بأحكام الصلاة) فقط صحةً وفساداً بشرط اجتنابه للفواحش الظاهرة، وحفظه قدر فرض، وقيل: واجب، وقيل: سنة (ثم الأحسن تلاوةً) وتجويداً (للقراءة، ثم الأورع): أى الأكثر اتقاءً للشبهات، والتقوىٰ: اتقاء المحرمات الخ". (الدرالمختار، باب الإمامة: ۵۵۷/۱، سعيد)

"فإن تساووا فأقرأهم: أى أعلمهم بعلم القراءة، يقف فى موضع الوقف، ويصل فى موضع الوصل ونحو ذلك من التشديد والتخفيف وغيرهما، كذا فى الكفاية. فإن تساؤوا فأورعهم، اهـ". (الفتاوىٰ العالمكيرية، الباب الخامس فى الإمامة: ۸۳/۱، رشيديه)

"(قوله: فأورعهم) الورع: اجتناب الشبهات، والتقوىٰ: اجتناب المحرمات. وروى الحاكم =

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

متولی کا امام کے علاوہ جمعہ کے لئے کسی اَور کو آگے بڑھانا

سوال[۳۸۶۲]: بموجودگی مستقل امام صاحب جن میں تمام خوبیاں موجود ہیں: حافظ، قاری، عالم، حاجی وغیرہ، ایک خوش الحان آٹھ پاروں کا طالب علم سولہ سالہ، متولی مسجد کی رائے سے امام صاحب کو رسمی اطلاع دی گئی کہ آج فرزندِ متولی صاحب یعنی خوش الحان آٹھ پاروں کا حافظ نماز پڑھائے گا۔ نماز پڑھائی گئی اور امام صاحب نے اجازت نہیں دی اور ان کا یہی کہنا ہے کہ کیا جمعہ ادا ہو گیا کہ نہیں اور اقتداء درست ہوئی یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایسا نہیں کرنا چاہیے تھا، امام صاحب خود پیش کش کرتے تو دوسری بات تھی، امامت اس حالت میں مستقل امام مذکور ہی کی مقدم تھی، تاہم اقتداء صحیح ہو کر صورت مسئولہ میں نماز درست ہو گئی (۱)، اب اس قصے کو ختم کیا جائے، آئندہ احتیاط کی جائے، بات کو زیادہ نہ بڑھایا جائے ورنہ اس سے خلفشار پیدا ہوگا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۷/۹/۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۷/۹/۸۷ھ۔

= عنه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "إن سركم أن تقبل صلاتكم، فليؤمكم خياركم". (فتح القدير، باب الإمامة: ۱/۳۴۹، مصطفىٰ البابى الحلبى، مصر)

(۱) "عن أبى مسعود رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "يؤمّ القوم أقرأهم لكتاب الله، فإن كانوا فى القراءة سواءً فأقدمهم فى الهجرة ..... ولا يؤم الرجل فى سلطانه، ولا تقعد على تكرمته إلا أن يأذن لك". (سنن النسائى، كتاب الإمامة، باب من أحق بالإمامة: ۱/۱۲۶، قديمى)

(والصحيح لمسلم، باب من أحق بالإمامة: ۱/۲۳۷، قديمى)

قال العلامة النووى رحمه الله تعالىٰ فى شرحه على مسلم تحت قوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "ولا يؤمّنّ الرجل الرجل فى سلطانه": معناه ماذكره أصحابنا وغيره أن صاحب البيت والمجالس وإمام المسجد أحق من غيره وإن كان ذلك الغير أفقه وأقرأ وأورع وأفضل منه. وصاحب المكان أحق فإن شاء تقدم، وإن شاء قدّم مَن يريده اهـ". (الكامل للنووى، باب من أحق الإمامة: ۱/۲۳۷، قديمى)

"واعلم أن صاحب البيت ومثله إمام المسجد الراتب أولىٰ بالإمامة من غيره مطلقا".

(الدرالمختار، باب الإمامة: ۱/۵۵۹، سعيد)

نمازِ جمعہ کی نیت

سوال[۳۸۶۳]: نمازِ جمعہ کی نیت کیا اس طرح سے ہے کہ ''نیت کرتا ہوں میں چار رکعت سنتِ جمعہ'' اور اسی طرح فرض کی نیت کی اور پھر بعد فرض نماز کے اسی طرح سے نیت ہے کہ ''نیت کرتا ہوں چار رکعت سنت بعد از جمعہ اور دو رکعت سنت'' اور نفل کی بھی اسی طرح سے نیت کرتا ہے۔ تو کیا یہ دونوں صورتوں میں نیت ٹھیک ہے کہ نہیں؟ صحیح طریقہ کیا ہے، کس طرح جمعہ کی نیت کی جائے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جمعہ فرض ہے(۱)، اس میں سنت کی نیت نہ کرے، ہاں! جمعہ سے پہلے اور جمعہ کے بعد سنت میں نیت سنت کی طرح کہ یہ پہلے کی سنت ہے، اور یہ بعد کی سنت ہے، چار میں چار کی اور دو میں دو کی نیت کرے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱) ''(هی فرض) عین (یکفر جاحدها) لثبوتها بالدلیل القطعی''. (الدرالمختار). ''(قوله بالدلیل القطعی) وهو قوله تعالیٰ: ﴿یأیها الذین امنوا إذا نودی للصلوة من یوم الجمعة فاسعوا﴾ الآیة. وبالسنة والإجماع''. (ردالمحتار، کتاب الصلوة، باب الجمعة: ۱۳۶/۲، سعید)

(وکذا فی بدائع الصنائع، کتاب الصلوة، صلاة الجمعة: ۵۷۷/۱، رشیدیه)

(۲) ''(ولا بدمن التعیین عند النیة) فلو جهل الفرضیة، لم یجز ..... (لفرض) أنه ظهر أو عصر قرنه بالیوم أو الوقت أولاً، هوالأصح. (ولو) الفرض (قضاء) ..... (وواجب) ..... (دون) تعیین (عدد رکعاته)'' (الدرالمختار، کتاب الصلوة، باب شروط الصلوة: ۴۱۸/۱۰، ۴۲۰، سعید)

(وکذا فی البحرالرائق، کتاب الصلوة، باب شروط الصلوة: ۴۸۵/۱، رشیدیه)

''(وکفی مطلق نیة الصلوة) وإن لم یقل: لله (لنفل وسنة) راتبة (وتراویح) علی المعتمد؛ إذ تعیینها بوقوعها وقت الشروع، والتعیین أحوط''. (الدرالمختار، کتاب الصلوة، باب شروط الصلوة: ۴۱۷/۱، ۴۱۸، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلوة، باب شروط الصلوة: ۴۸۴/۱، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

باب العیدین

عِیدُ الضحیٰ کہنا چاہیئے یا عیدُ الاضحیٰ

سوال[۳۸۶۴]: بقرعیدکو"عید الضحیٰ" و"عید الأضحی" دونوں طرح کہنا درست ہے یا فقط "عیدالأضحی" ہی، اگر دونوں فقط درست ہوں تو اس کی مناسبت کیا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

"أضحیٰ" قربانی کو کہتے ہیں، "ضحیٰ" وقتِ چاشت کو کہتے ہیں، "عید الأضحیٰ" صحیح ہے(۱)۔

فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

نمازِ عید کا وقت

سوال[۳۸۶۵]: ۱.....نمازعیدالفطر، عیدالأضحیٰ میں اگر صبح سے بارش شروع ہوگئی اور دو بجے دن تک بہت زوروں کی بارش ہوتی رہی، سرِ دست شامیانہ وغیرہ کا انتظام نہ ہوسکا، مسجد میں برساتی نہیں ہے جس سے کہ بارش کا بچاؤ ہوسکے تو کیا بعد دو بجے دن کے نمازعیدالفطر یا نمازعیدالاضحیٰ پڑھی جاسکتی ہے؟

---

(۱) "وأضحیً: "جمع أضحاة منوّناً ..... یسمی الیوم أضحیً بجمع الأضحاة التی هی الشاة".

"والضُّحی ..... إذا امتدَّ النهار وکرب أن ینتصف ..... والضحی بالضم والقصر فوقه، وبه سمّیت صلاة الضّحی". (لسان العرب، فصل: الضاد المعجمة، تحت لفظ أضحی وضحی: ۱۴/۴۷۴، ۴۷۶، دارصادر)

"ضحّی بالشاة ونحوها ذبحها فی الضحی من أیام عیدالأضحی".

الضحی: "ارتفاع النهار وامتداده". (القاموس الفقهیة، حرف الضاد، تحت لفظ ضحی وأضحی، ص: ۲۲۰، إدارة القرآن، کراچی)

۲.....اگرنہیں پڑھی جاسکتی تو کیا کرنا چاہیے، کیسے نماز ہو؟ کوئی عمارت نہیں ہے جس میں نمازی آسکیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

زوالِ آفتاب کے بعد نمازعیدین درست نہیں (۱)۔مجبوری کی حالت میں عیدالفطر کی نماز دوسرے دن پڑھی جائے اورعیدالاضحیٰ کی نماز دوسرے دن بھی نہ ہوسکے تو تیسرے دن پڑھی جائے:"وابتداء وقت صحةِ صلوة العيدين من ارتفاع الشمس إلى قبيل زوالها ..... وتوخر صلوة عيد الفطر بعذر كأن غم الهلال، وكالمطر ونحوه، إلى الغد فقط .....، .....وتؤخر صلوة عيد الأضحى بعذر ..... إلىٰ ثلاثة أيام، اه". طحطاوی ومراقی الفلاح(۲)۔

۲.....نمبر:ا میں جواب آگیا ہے۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۲/شوال/ ۶۷ھ۔

جوشخص قربانی نہ کرے، اس کے لئے نماز عید کا حکم

سوال[۳۸۶۶]: زید کے پاس ساڑھے باون تولہ چاندی موجود تھی، مگر جب قربانی کا وقت آیا تو اس کے پاس نقد روپیہ نہیں تھا اور نہ گھر میں کوئی بکرا تھا اس وجہ سے قربانی نہیں کی، اس حالت میں زید عیدگاہ پر

---

(۱) "وقت صلاة العيد من ارتفاع الشمس قدر رمح أو رمحين إلى قبيل زوالها". (مراقى الفلاح شرح نور الإيضاح، ص: ۵۳۲، كتاب الصلوة، باب أحكام العيدين، قديمى)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية: ۱/۱۵۰، كتاب الصلوة، الباب السابع عشر فى صلاة العيدين، رشيديه)

(وكذا فى المحيط البرهانى: ۲/۲۰۹، كتاب الصلوة، الفصل السادس والعشرون فى صلاة العيدين، نوع آخر فى بيان وقتها، غفاريه)

(۲) (مراقى الفلاح مع حاشية الطحطاوى، ص: ۵۳۲، ۲۳۶، ۲۳۸، كتاب الصلوة، باب صلاة العيدين، قديمى)

Made searchable using ScribeTools.com

نماز پڑھنے کے لئے جاسکتا ہے یانہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

عید کی نماز کا حکم مستقل ہے(۱) قربانی کا حکم مستقل ہے(۲)، اگر کوئی شخص باوجود وسعت کے قربانی نہ کرے تو اس کے ذمہ واجب باقی رہ گیا جس کے ترک سے وہ گنہگار رہوا، اس کی قیمت کا صدقہ کرنا واجب ہوگا، مگر اس کی وجہ سے نماز عید ساقط نہیں ہوگی (۳) اور نہ اس کو عیدگاہ جانے سے روکا جائے گا اور نماز عید سے پہلے تو

---

(۱) "عن الرُّبَيّع: ﴿فصلّ لربک وانحر﴾ قال: إذا صليت يوم الأضحى فانحر". قال الشيخ ظفر أحمد العثمانی رحمه الله تعالیٰ: "قلت: فی هذه الآثار دلالة علی أن المراد بقوله تعالی: ﴿فصل لربک وانحر﴾ صلوة العيد يوم النحر، فدلّ علی وجوبها". (إعلاء السنن، أبواب العيدين، باب وجوب صلوة العيدين: ۸/۸۴، إدارة القرآن كراچی)

"أما الأول فقد نص الكرخی علی الوجوب فقال: و تجب صلوة العيدين علی أهل الأمصار كما تجب الجمعة، و هكذا روی الحسن عن أبی حنيفةرحمه الله تعالیٰ أنه تجب صلوة العيدين علی من تجب عليه صلوة الجمعة". (بدائع الصنائع، كتاب الصلوة، فصل: وأما صلوة العيدين: ۱/۲۱۶، رشيديه)

(وكذا فی الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۲/۱۶۶، سعيد)

(۲) "عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: "من كان له سعة و لم يضح، فلا يقربنّ مصلانا". قال العلامة ظفر أحمد العثمانی رحمه الله تعالیٰ: "أقول: واحتج به لأبی حنيفة علی قوله لوجوب الأضحية". (إعلاء السنن، كتاب الأضاحی، باب وجوب الأضحية: ۱۷/۲۱۵، إدارة القرآن، كراچی)

"(فتجب) التضحية .....علی حر مسلم مقيم) بمصر ..... موسر". (الدرالمختار، كتاب الأضحية: ۶/۳۱۳، ۳۱۵، سعيد)

(۳) "(ولو تركت التضحية و مضت أيامها، تصدق بها حيةً ناذر) فاعل تصدق (لمعينة) .....(و) تصدق (بقيمتها غنی شراها أولا لتعلقهابذمته بشرائها أو لا، فالمراد بالقيمة قيمة شاة تجزی فيها". (الدرالمختار، كتاب الأضحية: ۶/۳۲۰، ۳۲۱، سعيد)

(وكذا فی إعلاء السنن، كتاب الأضاحی، باب وجوب الأضحية: ۱۷/۲۱۶، إدارة القرآن، كراچی)

Made Searchable by ScribeTools.com

قربانی واجب بھی نہیں، اس لئے اس وقت تو اس کا سوال ہی بے محل ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۴/۳/۹۱ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۴/۳/۹۱ھ۔

جو شخص فجر کی نماز نہ پڑھے اس کے لئے نماز عید کا حکم

سوال[۳۸۶۷]: جو شخص فجر کی نماز نہ پڑھے وہ نماز عید پڑھ سکتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

فجر کی نماز نہ پڑھنے کی وجہ سے وہ گناہ گار ہے (۲) تاہم عید کی نماز اس کی بھی درست ہو

---

(۱) "وعن أنس رضی اللہ تعالیٰ عنه أن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم قال: "من ذبح قبل الصلوة فلیعد، ومن ذبح بعد الصلوة فقد تم نسکه وأصاب سنة المسلمین".

قال الشیخ ظفر أحمد العثمانی رحمه اللہ تعالیٰ: "أقول: أحادیث الباب دالة علی أن ابتداء وقت التضحیة فی حق أهل الأمصار بعد الصلوة؛ لأن الخطاب لیس بعام بل لأهل المدینة فقط". (إعلاء السنن، کتاب الأضاحی، باب ابتداء وقت التضحیة فی حق أهل الأمصار: ۱۷/۲۲۹، إدارة القرآن، کراچی)

"وأول وقتها بعد الصلوة إن ذبح فی مصر". (الدرالمختار). "قوله: وأول وقتها بعد الصلوة الخ). فیه تسامحٌ؛ إذ التضحیة لا یختلف وقتها بالمصریّ وغیره، بل شرطها، فأول وقتها فی حق المصریّ والقرویّ طلوع الفجر، إلا أنه شرط المصری تقدیم الصلوة علیها، فعدم الجواز لفقد الشرط لا لعدم الوقت". (ردالمحتار، کتاب الأضحیة: ۶/۳۱۸، سعید)

(۲) "عن بریدة رضی اللہ تعالیٰ عنه أن العهد الذی بیننا و بینهم الصلاة، فمن ترکها، فقد کفر". (سنن النسائی، کتاب الصلاة، باب الحکم فی تارک الصلاة: ۱/۸۱، قدیمی)

"عن أبی سفیان قال: سمعت جابراً رضی اللہ تعالیٰ عنه "یقول: سمعت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم یقول: "إن بین الرجل و بین الشرک والکفر ترک الصلوة". (الصحیح لمسلم، کتاب الإیمان، باب بیان إطلاق اسم الکفر علی من ترک الصلاة: ۱/۶۱، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

جائے گی (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۷/۱۲/۸۹ھ۔

نمازِ عید بہ نیت نفل

سوال[۳۸۶۸]: عید کی نماز میں ہم لوگ نفلوں کا نام لیتے ہیں اور ہمیشہ سے نفلوں کا نام لیتے چلے آرہے ہیں، نماز ہوجاتی ہے یا نہیں؟ واجب کیا چیز ہے، صرف واجب کا نام آتا ہے نہ نفل نہ فرض نہ سنت؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

عید کی نماز واجب ہے (۲) لہذا آئندہ بہ نیتِ واجب پڑھنا چاہیے (۳) اور گزشتہ عید کی نمازوں کو لوٹانے کی ضرورت نہیں۔ واجب کا درجہ سنت سے زیادہ ہے اور فرض سے کم ہوتا ہے (۴)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۴/۱۱/۶۰ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۵/۱۱/۶۰ھ۔

صحیح: عبداللطیف، مدرسہ، مظاہر العلوم سہارنپور، ۲۴/۱۱/۶۰ھ۔

---

(۱) چونکہ نماز عید کا حکم مستقل ہے اور نماز فجر کا حکم مستقل ہے، لہٰذا نماز فجر نہ پڑھنے کی وجہ سے نماز عید ساقط نہیں ہوئی۔ واللہ اعلم۔

"(أما الأول فقد نص الكرخي على الوجوب فقال: و تجب صلوة العيدين على أهل الأمصار كما تجب الجمعة، و هكذا روى الحسن عن أبي حنيفة رحمهما الله تعالىٰ عليهما أنه تجب صلوة العيدين على من تجب عليه صلوة الجمعة". (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، فصل: وأما صلاةالعيدين: ۱/۲۱۶، رشيديه)

"(تجب صلاتهما) في الأصح". (الدرالمختار). وفي رد المحتار: "(قوله: في الأصح) مقابلة القول بأنها سنة و صححه النسفي في المنافع، لكن الأول قول الأكثرين ..... وفي الخلاصة: هو المختار؛ لأنه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم واظب عليها، وسماها في الجامع الصغير سنةً، لأن وجوبها ثبت بالمسنة". (كتاب الصلاة، باب العيدين: ۲/۱۶۶، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۲۷۶، رشيديه)

(۲) "عن الرُّبَيّع ﴿فصلّ لربك وانحر﴾ قال: إذا صليت يوم الأضحى فانحر". قال الشيخ ظفر أحمد=

.....

= العثمانی رحمه الله تعالیٰ : "قلت: فی هذه الأثار دلالة علی أن المراد بقوله تعالی: ﴿فصل لربک وانحر﴾ صلوة العید یوم النحر، فدل وجوبها". (إعلاء السنن، أبواب العیدین، باب وجوب صلوة العیدین: ۸۴/۸، إدارة القرآن کراچی)

"أما الأول فقد نص الکرخی علی الوجوب فقال: و تجب صلوة العیدین علی أهل الأمصار کما تجب الجمعة، و هکذا روی الحسن عن أبی حنیفة رحمه الله تعالیٰ أنه تجب صلوة العیدین علی من تجب علیه صلوة الجمعة". (بدائع الصنائع للکاسانی، کتاب الصلوة، فصل: وأما صلوة العیدین : ۲۱۶/۱، رشیدیه)

"(تجب صلاتهما) فی الأصح". (الدرالمختار). وفی رد المحتار :"(قوله: فی الأصح) مقابلة القول بأنها سنة، وصحح النسفی فی المنافع، لکن الأول قول الأکثرین ..... و فی الخلاصة: هو المختار؛ لأنه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم واظب علیها، وسماها فی الجامع الصغیر سنةً؛ لأن وجوبها ثبت بالسنة الخ". (ردالمحتار، کتاب الصلاة، باب العیدین : ۱۶۶/۲ سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب العیدین : ۲۷۶/۲، رشیدیه)

(۳) " و لا بد من التعیین عند النیة ..... (الفرض) ..... (وواجب) أنه وتر أو نذر". (الدرالمختار).

"(قوله: وواجب) -بالجر عطفاً علی قوله: لفرض- وقد عدّمنه فی البحر قضاء ما أفسده من النفل أو العیدین الخ". (ردالمحتار، کتاب الصلاة، باب شروط الصلاة : ۴۱۸/۱، ۴۱۹، سعید)

"والنذر والوتر وصلاة العیدین ورکعتی الطواف، فلا بد من التعیین لإسقاط الواجب عنه".

(البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب شروط الصلاة: ۴۹۱/۱، رشیدیه)

(وکذا فی بدائع الصنائع، کتاب الصلاة، الکلام فی النیة : ۳۳۰/۱، رشیدیه)

(۴) وفی رد المحتار: "وبه علم أن الواجب نوعان أیضاً؛ لأنه کما یطلق علی هذا الفرض الغیر القطعی یطلق علی ما هوما دونه فی العمل و فوق السنة، و هو ما لا یفوت الجواز بفوته کقراء ة الفاتحة و قنوت الوتر و تکبیرات العیدین الخ". (کتاب الصلاة، باب الوتر والنوافل :۴/۲، سعید)

(وکذا فی حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، کتاب الصلاة، فصل فی واجبات الصلاة ،ص:۲۴۷، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

نمازِ عید کو مؤخر کرنا

سوال[۳۸۶۹]: ۲۹/ ذی قعدہ کو بوجہ بادل عامۃ الناس کو ہلال عیدالاضحیٰ نظر نہیں آیا، چند معتبر آدمیوں نے بادل کے بیچ میں ہلال عیدالاضحیٰ دیکھا۔ ۹/ ذی الحجہ کو امام عیدگاہ شہادت معتبرہ سے صحیح ثبوت ہونے پر ۱۰/ ذی الحجہ کو نماز کا اعلان کرادیا، اس پر چند حضرات نے یہ مشورہ دیا کہ امسال بادل کی وجہ سے چاند نظر نہیں آیا، عامۃ الناس کو منگل کو عید ہونا معلوم ہے، اگر ۱۰ ذی الحجہ پیر کو نماز ہوگی تو دیہاتی لوگ محروم ہوجائیں گے، اس پر فتنہ ہوگا، کوئی نماز پڑھے گا کوئی نہیں پڑھے گا۔ اس پر امام عیدگاہ نے یہ جواب دیا کہ صحیح ثبوت کے بعد بلا عذر عید الاضحیٰ کی نماز میں تاخیر کرنا مکروہ تحریمی ہے، اولاً دیہاتی پر عید کی نماز واجب ہی نہیں اور جن حضرات کو صحیح تحقیق ہی نہیں وہ کل پڑھیں، ان کے لیے مکروہ بھی نہیں۔ آیا امام عیدگاہ کو خیر خواہ قوم کا مشورہ پر نماز عیدالاضحیٰ بلا عذر شرعی تاخیر کرنا چاہیے، یا نماز عیدالاضحیٰ پڑھ لینا چاہیے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ثبوتِ رویت کے بعد بلا عذر نماز عیدالاضحیٰ کو ایک روز موخر کرنا مکروہ ہے، اہلِ دیہات پر نمازِ عید لازم نہیں، انکی رعایت شرعی عذر نہیں، اگر ثبوتِ رویت ہی نہ ہو یا شرعی عذر ہو تو اس کی وجہ سے موخر کرنا مکروہ نہیں:

"و تؤخر صلوة عيد الفطر بعذر كإن غمّ الهلال وشهدوا بعد الزوال أو صلوها فى غيم فظهر أنها كانت بعد الزوال، فتؤخر إلى الغد فقط، وتؤخر صلوة الأضحىٰ بعذر لنفى الكراهة، وبلاعذر مع الكراهة لمخالفة المأثور إلى ثلثة أيام، الخ". مراقى الفلاح۔ "(قوله: كإن غم الهلال الخ) وكان المطر ونحوه كما فى السراج، وكما لو صلى بالناس على غير طهارة، ولو لم يعلم إلا بعد الزوال، كما فى الخانية. (قوله: و شهدوا بعد الزوال) أو قبله بحيث لا يمكن اجتماع الناس، برهان، الخ". (طحطاوى على مراقى الفلاح)(۱)۔ كذا فى رد المحتار: "تجب صلوتهما فى الأصح على من تجب عليه الجمعة بشرائطها، سوى الخطبة، فإنها سنة بعدها، الخ". درمختار(۲)۔

---

(۱) (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلاة، باب أحكام العيدين، ص: ۵۳۶ قديمى)

(۲) (الدر المختار، كتاب الصلوة، باب صلوة العيدين: ۱۶۶/۲، سعيد) .....=

یہ بحث علیحدہ حیثیت ہے کہ مقامی گواہوں کی گواہی ۹/ ذی الحجہ کی کیا حیثیت ہوگی جس سے سوال میں تعرض نہیں۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۱۲/۱۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۱۲/۱۷ھ۔

شہادت دیر سے پہنچے تو نمازِ عید کو مؤخر کیا جائے

سوال[۳۸۷۰]: ۱.....زوال سے ایک دو گھنٹہ پہلے چاند کی خبر آوے تو عید کی نماز دوسرے روز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟ بعض لوگ کہتے ہیں کہ عیدگاہ میں صفیں بچھانے کا کام ایک دو گھنٹے میں نہیں ہوسکتا، وضو وغیرہ میں کچھ وقت لگتا ہے تو یہ عذر شرعاً معتبر ہے یا نہیں؟ بغیر صفوں کے عید کی نماز پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟

۲.....رؤیتِ ہلال کے لئے چاند ثابت ہونے کے واسطے کتنے آدمیوں کی گواہی معتبر ہے؟ تار، ٹیلفون، ریڈیو کی خبر معتبر ہے یا نہیں؟ کتنے میل کا فاصلہ معتبر ہے؟ کہیں چاند دیکھا گیا اور وہاں پر لوگوں نے اسے معتبر سمجھ لیا، وہاں سے ایک دو آدمی خبر لیکر آویں تو معتبر ہے یا نہیں؟

۳.....بمبئی میں جب چاند ہوگیا، تو وہاں کی گواہی دوسری جگہ کیوں نہیں مانی گئی؟

= "عن أبی عمیر بن أنس عن عمومة له من الصحابة أن رکباً جاؤا فشهدوا أنهم رأوا الهلال بالأمس، فأمرهم النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم أن یفطروا، وإذا أصبحوا یغدوا إلی مصلاهم".

قال الشیخ ظفر أحمد العثمانی رحمه الله تعالیٰ: "والحدیث فیه دلالة علی جواز عید الفطر فی الیوم الثانی عند العذر، وأما صلاة الأضحی فتصح فی الیوم الثانی والثالث بعد یوم النحر، لکن مع الإساءة إن کانت التأخیر بلا عذر، و بدونها (أی بدون الإساءة) بعذر". (إعلاء السنن، أبواب العیدین، باب صلوة العیدین فی الیوم الثانی للعذر: ۸/ ۱۰۱، ۱۰۳، إدارة القرآن کراچی)

"(وتؤخر بعذر) کمطر (إلی الزوال من الغد فقط)..... (وأحکامها أحکام الأضحی لکن هنا یجوز تأخیرها إلی آخر ثالث أیام النحر بلا عذر مع الکراهة، وبه): أی بالعذر (بدونها)".

(الدر المختار، کتاب الصلاة، باب العیدین: ۲/ ۱۷۶، سعید)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلوة، الباب السابع عشر فی صلاة العیدین: ۱/ ۱۵۲، رشیدیه)

Made Se[illegible]ools.com
Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....اگر چاند کا ثبوت قبل زوال ایسے وقت ہوگیا کہ نمازی عیدگاہ میں وضوکر کے آسکتے ہیں اور زوال سے پہلے نماز ادا کر سکتے ہیں تو محض صفیں بچھانے کی وجہ سے آئندہ روز پر نماز کو موخر نہ کیا جائے، اگر اتنا وقت بھی نہیں کہ وضوکر کے نماز کے لیے جمع ہوسکیں تو آئندہ روز کے لیے موخر کر دیا جائے:

"وتؤخر بعذر كمطر إلى الزوال من الغد فقط، اهـ". در مختار۔ "(قوله: بعذر كمطر) دخل فيه ما إذا لم يخرج الإمام و ما إذا غم الهلال، فشهدوا به بعد الزوال أو قبله بحيث لا يمكن جمع الناس، أو صلاها فی يوم غيم و ظهر أنها وقعت بعد الزوال ".شامی: ۱/۷۸۳(۱)۔

۲.....عید کے چاند میں یوم الشک میں مطلع صاف ہونے کے وقت دو عادل گواہوں کی شہادت ضروری ہے، خبرِ محض کافی نہیں، نہ ریڈیو کی نہ تار کی نہ ٹیلفون کی، اس طرح ان ذرائع سے جو شہادت ہے وہ بھی کافی نہیں، البتہ اگر رویتِ ہلال کمیٹی یا قاضی شرعی با قاعدہ شہادتِ شرعیہ حاصل کر کے اعلان کرے یا کرائے کہ شرعی شہادت سے چاند کا ثبوت ہوگیا ہے، یا اس لئے اعلان کیا جاتا ہے کہ آج فلاں روز عید ہے تو یہ اعلان شرعاً معتبر ہوگا۔ گواہوں کے لئے شرط یکساں ہیں خواہ سو دو سو میل کے فاصلے سے آ کر گواہی دیں یا کہ زیادہ سے، اگر کسی جگہ معتبر

---

(۱) (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب العيدين : ۲/۱۷۶، سعيد)

"عن أبی عمير بن أنس عن عمومة له من الصحابة أن ركباً جاءوا فشهدوا أنهم رأوا الهلال بالأمس، فأمرهم النبی صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أن يفطروا، وإذا أصبحوا يغدوا إلى مصلاهم".

قال الشيخ ظفر أحمد العثمانی رحمه الله تعالىٰ : "والحديث فيه دلالة على جواز عيد الفطر فی اليوم الثانی عند العذر، و أما صلاة الأضحى فتصح فی اليوم الثانی والثالث بعد يوم النحر، لكن مع الإساءة إن كانت التأخير بلاعذر، و بدونها بعذر". (إعلاء السنن، أبواب العيدين، باب صلوة العيدين فی اليوم الثانی للعذر: ۸/۱۰۱، ۱۰۳، إدارة القرآن كراچی)

"(تؤخر بعذر إلى ثلاثة أيام)؛ لأنها مؤقتة بوقت الأضحية، فتجوز ما دام وقتها باقياً، ولا تجوز بعد خروجه؛ لأنها لا تقضى. قيد بالعذر؛ لأن تأخيرها لغير عذر عن اليوم الأول مكروه، بخلاف تأخير عيد الفطر لغير عذر، فإنه لا يجوز و لا يصلى بعده". (كتاب الصلاة، باب العيدين : ۲/۲۸۵، رشيديه)

(وكذا فی الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب السابع عشر فی العيدين : ۱/۱۵۲، رشيديه)

گواہوں کی گواہی قبول کی گئی اور وہاں کے ذمہ دار نے ایک تحریر دو معتبر آدمیوں کے ذریعے بھیجی تو وہ معتبر ہوگی۔

۳.....بمبئی میں چاند دیکھنے والے معتبر گواہ اگر سو دو سو میل کے فاصلہ پر جا کر گواہی دیں تو ان کی گواہی بھی معتبر ہوگی (۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۳/۱۰/۸۵ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ۔

نماز عیدین شوافع کے پیچھے

سوال[۳۸۷۱]: در نمازِ عیدین اگر امام شافعی المذهب باشد، مقتدیانِ احناف که فردِ ایشاں نمازِ عیدین واجب است، ونزدِ شافعی سنت است، نمازِ عیدینِ احناف درست وروا باشد یا نه؟اگر اقتدائے احناف به شافعی درست وروانبا شد، پس برائے درست وروا شدن چه صورت دارد؟

---

(۱)"عن رجل من أصحاب النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم قال: اختلف الناس فی آخر یوم من رمضان، فقدم أعرابیان فشهدا عند النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم باللہ لأهلا الهلال أمس عشیة، فأمر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم الناس أن یفطروا". زاد خلف فی حدیثه: "وأن یغدوا إلی مصلاهم". (سنن أبی داؤد، کتاب الصیام، باب شهادة رجلین علی رؤیة الهلال: ۱/۳۲۶، ۳۲۷، إمدادیه ملتان)

"وقیل: بلا علة جمع عظیم یقع العلم) الشرعی و هو غلبة الظن (بخبرهم و هو مفوّض إلی رأی الإمام من غیر تقدیر بعدد) علی المذهب، وعن الإمام أنه یکتفی بشاهدین". (الدرالمختار).

"(شهدوا أنه شهد عند قاضی مصر کذا شاهدان برؤیة الهلال) فی لیلة کذا (وقضی) القاضی (به، و وجد استجماع شرائط الدعوی، قضی): أی جاز لهذا (القاضی) أن یحکم (بشهادتهما)؛ لأن قضاء القاضی حجة، و قد شهدوا به، لا لو شهدوا برؤیة غیرهم؛ لأنه حکایة". (الدرالمختار، کتاب الصوم: ۲/۳۸۸، ۳۹۰، سعید)

"و إن لم یکن بالسماء علة لم تقبل إلا شهادة جمعٍ کثیرٍ یقع العلم بخبرهم، وهو مفوَّض إلی رأی الإمام من غیر تقدیر، هو الصحیح ..... و سواء ذلک رمضان و شوال و ذو الحجة". (الفتاوی العالمکیریة، کتاب الصوم، الباب الثانی فی رؤیة الهلال: ۱/۱۹۸، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر امام مذهبِ احناف رار عایت می دارد، یعنی فرائض و واجبات را روامی نماید فرو نمی گزارد، پس نمازِ احناف در اقتدائے چنین امام بلا تردد ادا شود (۱). فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

جس کو عید کی نماز نہیں ملی وہ تنہا یا جماعت سے نماز پڑھ سکتا ہے؟

سوال[۳۸۷۲]: اگر دو چار آدمیوں کو یا کسی کو عید کی نماز نہیں ملی تو وہ نماز عید پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جس کو عید کی نماز نہیں ملی وہ تنہا عید کی نماز نہیں پڑھ سکتا، اسی طرح دو چار آدمیوں کو نہ ملی ہو تو وہ بھی علیحدہ نماز عید کی جماعت نہ کریں بلکہ اپنے مکان پر جا کر دو چار نفلیں الگ الگ پڑھ لیں (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۹/۱۲/۲۴ھ۔

---

(۱) "والاقتداء بشافعیّ المذهب إنما يصح إذا كان الإمام يتحامى مواضع الخلاف بأن يتوضأ عن الخارج النجس من غير السبيلين كالفصد، وأن لا ينحرف عن القبلة انحرافاً فاحشاً". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الفصل الثالث فى بيان من يصلح إماما لغيره: ۱/۸۴، رشيديه)

"لا يكره إذا علم منه الاحتياط فى مذهب الحنفى، وأما إذا علم المقتدى من الإمام ما يفسد الصلاة على زعم الإمام كمس المرأة أو الذكر ..... والإمام لا يدرى بذلك، فإنه يجوز اقتداؤه به على قول الأكثر". (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلاة، باب الإمامة، ص:۲۹۴، قديمى)

(وكذا فى ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الإمامة: ۱/۵۶۳، سعيد)

(۲) "عن الشعبى رحمه الله تعالىٰ قال: قال عبد الله بن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه: "من فاتته العيد فليصل أربعاً".

قال الشيخ ظفر أحمدالعثمانى رحمه الله تعالىٰ: "وقال أبو حنيفة رحمه الله تعالىٰ: إن شاء صلى، وإن شاء لم يصل، فإن شاء صلى أربعاً، وإن شاء ركعتين". (إعلاء السنن، أبواب العيدين، باب من لم يدرك صلوة العيد: ۸/۱۱۹، ادارة القرآن كراچى)

"فإن عجز، صلى أربعاً كالضحى". (الدرالمختار). "أى استحباباً، كما فى القهستانى. وليس هذا قضاء؛ لأنه ليس على كيفيتهما". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۲/۱۷۶، سعيد)

(وكذا فى البحرالرائق، كتاب الصلوة، باب العيدين: ۲/۲۸۴، رشيديه)

مسبوق نمازِ عید کس طرح پوری کرے؟

سوال[۳۸۷۳]: عیدین کی نماز میں اگر کسی کی پہلی رکعت چھوٹ جائے تو وہ پہلی فوت شدہ رکعت کس طرح پوری کرے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

سلامِ امام کے بعد جب کھڑا ہوتو اول ثناء، تعوذ، تسمیہ، فاتحہ، سورت پڑھے پھر تکبیراتِ زوائد کہہ کر رکوع کرے اور بقیہ نماز پوری کردے، طحطاوی، ص: ۲۹۱(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

نمازِ عید نمازِ جنازہ پر مقدم ہے

سوال[۳۸۷۴]: اگر جنازہ بھی حاضر ہو اور نمازِ عید کا وقت بھی ہو تو پہلے نمازِ جنازہ پڑھی جائے گی یا نمازِ عید؟ اگر نمازِ عید پہلے پڑھی جائے تو خطبہ نمازِ جنازہ سے پہلے ہو یا بعد میں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اول نمازِ عید پڑھی جائے پھر نمازِ جنازہ پڑھی جائے پھر خطبہ پڑھا جائے، سکب الأنهر: ۱/۱۸۷(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

---

(۱) "وإذا سُبق بركعة، يبتدى فى قضائها بالقراءة، ثم يكبر؛ لأنه لو بدأ بالتكبير والى بين التكبيرات ولم يقل به أحدٌ من الصحابة، فيوافق رأى الإمام على ابن أبى طالب رضى الله تعالىٰ عنه، فكان أولى، وهو مخصوص لقولهم: المسبوق يقضى أول صلاته فى حق الأذكار". (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلاة، باب أحكام العيدين، ص: ۵۳۴، قديمى)

"و لو سبق بركعة، يقرأ، ثم يكبر لئلا يتوالى التكبير". (الدرالمختار).

"(قوله: لئلا يتوالى التكبير): أى لأنه إذا كبر قبل القراءة و قد كبر مع الإمام بعد القرأة، لزم توالى التكبيرات فى الركعتين. قال فى البحر: ولم يقل به أحدٌ من الصحابة رضى الله تعالىٰ عنهم، ولو بدأ بالقراءة يصير فعله موافقاً لقول على رضى الله تعالىٰ عنه، فكان أولى، كذا فى المحيط، وهو مخصص لقولهم: إن المسبوق يقضى أول صلاته فى حق الأذكار". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۲/۱۷۴، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۲/۲۸۲، رشيديه)

(۲) "و يصلى المغرب ثم الجنازة ..... و تقدم صلاة العيد، ثم هى على الخطبة". (سكب الأنهر=

Made searchable using ScribeTools.com

روزہ رکھ کر نماز عید پڑھنا

سوال[۳۸۷۵]: عید کا چاند نظر نہیں آیا، نہ باہر سے شریعت کے مطابق ثبوت ملا، ریڈیو کی خبر پر بستی والوں نے چاند تسلیم کیا، امام عیدگاہ نے ریڈیو کی خبر نہیں مانی، صبح کو روزہ رکھا، روزہ کی حالت میں نماز عید پڑھائی، دن کے گیارہ بجے تک چاند کی خبر نہیں ملی، بعد نماز یعنی زوال کے بعد چاند ہو جانیکی خبر ملی۔ ایسی مجبوری میں جبکہ زوال سے پہلے خبر نہیں ملی اخیر وقت میں نماز روزہ کی حالت میں پڑھائی، نماز ہوئی یا نہیں؟ بدعتی حرام بتلا کر عوام کو بہکاتے ہیں کہ تمہاری نماز حرام ہوئی۔

الجواب حامداًومصلیاً:

جبکہ امام صاحب کے نزدیک چاند کا ثبوت نہیں ہوا تھا تو ان کو روزہ رکھنا ہی لازم تھا، لیکن ایسی حالت میں عید پڑھانا غلط ہوا(۱)، ظاہر یہ ہے کہ مقامی لوگوں نے مجبور کیا ہوگا کہ نماز پڑھاؤ، یہ ان لوگوں کی غلطی تھی ورنہ جب امام نے روزہ رکھا تھا تو وہ از خود نماز عید کیوں پڑھاتے، انھوں نے تو بدعتیوں کو بھی ایسی حالت میں نماز عید سے منع کیا ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

= المعروف بـ "الدر المنتقى فى شرح الملتقى" على هامش مجمع الأنهر، باب الجنائز: ۱/۲۷۷، غفاريه)

"(ونقدم) صلاتها (على صلاة الجنازة إذا اجتمعا)؛ لأنه واجب عيناً، والجنازة كفاية، وتقدم (صلاة الجنازة على الخطبة، الخ". (الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب العيدين: ۲/۱۶۷، سعيد)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب السابع عشر فى العيدين: ۱/۱۵۲، رشيديه)

(۱) "عن أبى هريرة -رضى الله تعالىٰ عنه- يقول: قال النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "صوموا لرؤيته، وأفطروا لرؤيته، فإن أغمى عليكم فأكملوا عدة شعبان ثلاثين". (صحيح البخارى، كتاب الصوم، باب قول النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "إذا رأيتم الهلال فصوموا" الخ: ۱/۲۵۶، قديمى)

"إنما يلزم الصوم على متأخر الرؤية إذا ثبت عندهم رؤية أولئك بطريق موجب حتى لو شهد جماعة أن أهل بلدة قد رأوا هلال رمضان قبلكم بيوم فصاموا، و هذا اليوم ثلاثون بحسابهم، ولم ير هؤلاء الهلال، لا يباح فطر غدٍ، و لا يترك التراويح هذه الليلة؛ لأنهم لم يشهدوا بالرؤية و لا على شهادة غيرهم، وإنما حكوا رؤية غيرهم". (الفتاوى العالمكيرية، الباب الثانى فى رؤية الهلال: ۱/۱۹۹، رشيديه)

Made Searchable by ScribeTools.com

تعذر کی وجہ سے نمازِ عید میں تاخیر کا حکم

سوال[۳۸۷۶]: ۱.....نماز عید الفطر عید الاضحیٰ میں اگر صبح سے بارش شروع ہوگئی اور دو بجے دن تک بہت زوروں کی بارش ہوتی رہے، سردست شامیانہ وغیرہ کا انتظام نہ ہوسکا، مسجد میں برساتی نہیں ہے جس سے کہ بارش کا بچاو ہوسکے تو کیا بعد دو بجے دن کے نماز عید الفطر یا نماز عید الضحی پڑھی جاسکتی ہے؟

۲.....اگر نہیں پڑھی جاسکتی تو کیا کرنا چاہیے، کیسے نماز ادا ہو؟ کوئی عمارت نہیں ہے جس میں نمازی آسکیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....زوالِ آفتاب کے بعد نماز عیدین درست نہیں، مجبوری کی حالت میں عید الفطر کی نماز دوسرے دن پڑھی جاوے اور عید الاضحیٰ کی نماز دوسرے دن بھی نہ ہوسکے تو تیسرے دن پڑھی جائے:

"وابتداء وقت صلوة العيدين من ارتفاع الشمس إلى قبل زوالها، و تؤخر صلوة عيد الفطر بعذر كالمطر ونحوه إلى الغد فقط، و تؤخر صلوة عيدالأضحى بعذر إلى ثلاثة أيام، اهـ".

طحطاوی و مراقی الفلاح (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۲/شوال/۶۷ھ۔

---

(۱) (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلاة، باب أحكام العيدين، ص: ۵۳۲، قديمى)

"عن أبى عمير بن أنس عن عمومة له من الصحابة أن ركباً جاء واء فشهدوا أنهم رأوا الهلال بالأمس، فأمرهم النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أن يفطروا، وإذا أصبحوا يغدوا إلى مصلاهم".

قال الشيخ ظفر أحمد العثمانى رحمه الله تعالىٰ: "والحديث فيه دلالة على جواز عيد الفطر فى اليوم الثانى عند العذر، وأما صلاة الأضحى فتصح فى اليوم الثانى والثالث بعد يوم النحر، لكن مع الإساءة إن كانت التأخير بلا عذر، و بدونها بعذر". (إعلاء السنن، أبواب العيدين، باب صلوة العيدين فى اليوم الثانى للعذر: ۸/۱۰۱، ۱۰۳، إدارة القرآن كراچى)

"(تؤخر بعذر) كمطر (إلى الزوال من الغد فقط) ..... أوأحكامها أحكام الأضحى، لكن هنا يجوز تأخيرها إلى آخر ثالث أيام النحر بلا عذر مع الكراهة، وبه): أى بالعذر (بدونها)".

(الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۲/۱۷۶، سعيد)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب السابع عشر فى العيدين: ۱/۱۵۲، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

الفصل الأول فی شرائط العیدین

(عیدین کی شرائط کا بیان)

عید کی شرائط

سوال[۳۸۷۷]: یوپی کے مشرقی اضلاع کے دیہاتوں میں زمانۂ قدیم سے بلاتمیز قریۂ صغیرہ وکبیرہ کے نماز جمعہ قائم ہوتی چلی آئی ہے، حالانکہ مسلمانوں کی آبادی بالعموم مذہب احناف کی ہے۔ کچھ عرصہ سے اہلِ علم طبقہ میں جب اس کا احساس ہوا کہ مذہب حنفیہ میں جمعہ کے لئے کچھ شرائط ہیں، جہاں وہ شرائط نہیں وہاں جمعہ جائز نہیں ہے، اس خیال سے اہلِ علم کا طبقہ اوران کے اتباع میں اور دیندار طبقہ دیہاتوں میں جمعہ ادا کرنے سے رک گئے ہیں اور ظہر کی نماز پڑھنے لگے ہیں، اس کی وجہ سے کہیں کہیں خلجان کی صورت پیش آ گئی اور ضرورت اس کی محسوس ہوئی کہ مذہبِ احناف میں دیہات میں جمعہ پڑھنے کے لئے کیا شرائط ہیں؟ اور کیا قول فیصل ہے جو معمول بہا عام طور سے بنایا جاسکتا ہے۔ اس تحت میں ایک سوال اس کے متعلق پیش خدمت ہے، امید ہے کہ ان پر غور فرما کر مذہبِ حنفیہ کے دائرے میں کوئی قولِ فیصل جو عام طور سے معمول بہا ہیں اس سے مطلع فرمایا جائے تا کہ باعثِ تسکین ہو۔

موضع الف پور وامین پور یہ دونوں موضع ایک دوسرے سے محل وقوع کے اعتبار سے مخلوط ہیں دیکھنے میں ایک دوسرے سے جدا نہیں ہیں بلکہ دونوں موضع ایک نظر آتے ہیں، لیکن سرکاری کاغذات میں یہ دونوں موضع بندوبست، حد بندی اور سرحدوں کے اعتبار سے ایک دوسرے سے الگ ہیں، اصل مکان مورث اعلی کا الف پور میں تھا مگر اب اس کے خاندان دونوں میں ملحق موضعوں میں پھیل گئے، الف پور کی آبادی آج سے پانچ سال پہلے بالغ ونابالغ دونوں ملا کر ایک ہزار نو{۱۰۰۹} تھی، جس میں بالغ مرد وعورت پانچ سو ستاون{۵۵۷}، بقیہ نابالغ، اس پانچ سال میں تقریباً چار سو کا اضافہ ہوا ہے اس میں چار مسجدیں ہیں اور ملحقہ موضع امین پور کی آبادی پانچ سال پہلے چھ سو ترپن{۶۵۳} تھی اور اس میں بھی چار مسجدیں ہیں، الف پور میں غلہ کی کوئی دوکان نہیں

ہے، مگر بوقتِ ضرورت گاؤں کے کاشتکاروں سے غلہ مل جاتا ہے، مرچ اور دیگر مسالہ جات کی چھوٹی چھوٹی دوکانیں اور کپڑے سلائی کی ہیں، مقامی طور سے دو مستقل ڈاکٹر ہیں۔ الف پور میں جامع مسجد کے متصل ایک مکتب اسلامیہ ہے جس میں پرائمری تعلیمات کے ساتھ بقدرِ ضرورت اردو میں دینیات کی تعلیم ہوتی ہے۔

اگر ان دونوں موضعوں میں جمعہ کی نماز جائز نہیں ہے تو کیا تمام مواضعات مذکورہ فی السوال مل کر عیدین کی نماز الف پور میں قائم کریں تو قائم کر سکتے ہیں یا نہیں؟ جب کہ عیدین کے ادا کرنے سے کسی فریضہ کے ترک کا سوال پیدا نہیں ہوتا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو بستیاں اتنی متصل ہیں کہ دیکھنے میں وہ ایک ہی معلوم ہوتی ہیں اگر چہ سرکاری کاغذات میں ان کے نام جدا جدا ہوں ان کو جواز جمعہ کے مسئلہ میں ایک ہی قرار دیا جائے گا، جب کسی بستی میں شرائط کے ماتحت جمعہ جائز ہو تو حسبِ حاجت وہاں متعدد جگہ جمعہ جائز ہے جیسے کہ ایک شہر کے متعدد محلوں میں ہوتا ہے، بہتر صورت یہ ہے کہ آپ اپنے ..... کسی عالم فقیہ کو قریب سے بلا کر مشاہدہ کرادیں، پھر جو کچھ وہ فیصلہ کریں اس پر عمل کریں، تحریری تفصیلی نقشہ کے باوجود مشاہدہ کا درجہ بڑھا ہوا ہے۔

جس جگہ نماز جمعہ جائز ہے وہاں نماز عید بھی درست ہے اور جہاں نمازِ جمعہ جائز نہیں وہاں نماز عید بھی درست نہیں بلکہ مکروہ تحریمی ہے: "صلوة العيد فى الرساتيق تكره كراهة تحريم، اه". بحر (۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹/۱/۸۵ھ۔

کیا عیدین کے لئے شرائط لگانے میں حرج ہے؟

سوال [۳۸۷۸]: عیدین کی نماز سال بھر میں ایک بار خوشی کا پیغام ہوتی ہے، ایسی حالت میں جمعہ کے جیسی شرائط کے لگانے میں حرج ہے۔

---

(۱) (البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب صلاة العيدين: ۲/۲۷۷، رشيديه)

(وكذا فى الدر المختار، كتاب الصلوة، باب صلاة العيدين: ۲/۱۶۷، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

عید (خوشی کا پیغام) شارع علیہ السلام کا تجویز فرمودہ ہے(۱)، لہذا ان میں ان کے ہدایت کی پابندی لازم ہے۔ آپ نے خود اس کو ایجاد نہیں کیا ہے جس طرح دل چاہے کرلیا کریں۔ دین میں حرج نہیں، یہ بھی شارع کی طرف سے ہے(۲) اور شرائط بھی شارع کی طرف سے ہیں۔ کلامِ شارع میں حقیقۃً تعارض نہیں ہوسکتا ہے، معلوم ہوا کہ ان شرائط کی پابندی میں حرج نہیں ہے۔ شارع جس کو حرج بتائے وہ حرج ہے، اس کی نفی کی گئی ہے(۳)، ہر شخص جس چیز کو دل چاہے کہہ دے: یہ حرج ہے، اس کا اعتبار نہیں ہے، ورنہ آزاد لوگ نماز، روزہ،

---

(۱) عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها قالت: "دخل علیّ النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم وعندی جاریتان تغنّیان بغناء بُعاث، فاضطجع علی الفراش وحول وجهه، ودخل أبوبکر، فانتهرنی وقال: مزمارة الشیطان عند النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم؟ فأقبل علیه رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال: "دعهما" فلما غفل غمزتُهما، خرجتا، وکان یوم عید یلعب السودان بالدرق والحراب، فإما سئلت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم وإما قال: "تشتهین تنظرین"؟ فقلت: نعم، فأقامنی وراء ه خدّی علی خدّه، وهو یقول: "دونکم یابنی أرفدة". حتی إذا ملّلت، قال لی: "حسبک"؟ قلت: نعم، قال: "فاذهبی". (صحیح البخاری، کتاب العیدین، باب الحراب والدرق یوم العید: ۱/۱۳۰، قدیمی)

(۲) قال الله تعالیٰ: ﴿و ما جعل علیکم فی الدین من حرج﴾ (سورة الحج :۷۸)

"عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه، عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم. قال: "إن الدین یسرٌ، و لن یشادّ الدین أحد إلاغلبه، فسدّدوا، وقاربوا، و أبشروا، واستعینوا بالغدوة والروحة و شیء من الدلجة". (صحیح البخاری، کتاب الإیمان، باب أن الدین یسر الخ: ۱/۱۰، قدیمی)

دین کس حیثیت سے آسان ہے؟ اس کی مزید تحقیق کے لئے ملاحظہ فرمائیں: (کشف الباری عما فی صحیح البخاری للشیخ سلیم الله خان دامت فیوضهم، کتاب الإیمان، باب: إن الدین یسرٌ الخ: ۲/۳۴۱، مکتبه فاروقیه، کراچی)

(۳) قال الله تعالیٰ: ﴿و ما آتکم الرسول فخذوه و ما نهاکم عنه فانتهوا﴾ (سورة الحشر:۲۸، آیة: ۸)

قال ابن کثیر رحمه الله تعالیٰ: "أی مهماأمرکم به فافعلوا، ومهما نهاکم عنه فاجتنبوه، فإنه یأمر بخیرو إنما ینهی عن شره". (تفسیر ابن کثیر: ۴/۳۳۶، سهیل اکیڈمی)

"عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه: قال: "سمعت أبا القاسم صلی الله تعالیٰ علیه وسلم..... "فإذا أمرتکم بأمر فأتوه ما استطعتم، وإذا نهیتکم عن أمر فاجتنبوه". (مسند أحمد، (رقم الحدیث: ۹۶۹۲): ۳/۲۳۲، دار إحیاء التراث العربی، بیروت)

حج، پردہ، ایک عورت کے لئے ایک شوہر کی تقیید، ایک مرد کے لئے متعدد عورتوں کی اجازت، جوازِ نکاح کے لئے اتحادِ مذہب کی قید وغیرہ ان سب کو حرج بتلاتے ہیں۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

دو ہزار کی آبادی میں عیدین اور قربانی

سوال[۳۸۷۹]: ۱.....زید کے گاؤں کی آبادی تقریباً دو ہزار ہے، زمانہ سے نماز عیدین اور جمعہ کی نماز یہاں پڑھی جاتی ہے، ضرورت کی چیزیں گاؤں میں دستیاب ہیں، اشیائے ضروریہ کی دوکانیں گاؤں میں ہیں۔ کیا ایسی آبادی میں احناف کے نزدیک جمعہ اور عیدین کی نماز پڑھنا جائز نہیں ہے؟ نیز کیا ایسی آبادی میں متعدد مساجد میں جمعہ کی نماز ادا کی جاسکتی ہے؟

۲.....جس آبادی کا اوپر ذکر ہوا ہے، کیا اس آبادی میں عیدالاضحیٰ کی نماز سے پہلے قربانی کرنا درست ہے اور اگر درست نہیں ہے اور کسی نے قربانی کردی ہے تو کیا اس شخص کو قربانی کے عوض صدقہ کرنا پڑے گا؟ مدلل تحریر فرمائیں نوازش ہوگی۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

بہتر یہ ہے کہ کسی تجربہ کار عالم مفتی کو بُلا کر معائنہ کرادیا جائے، وہ پورے طور پر دیکھ کر جو فتویٰ دے اس پر عمل کیا جائے، محض تحریر سے پوری کیفیت معلوم نہیں ہوتی۔ جس بستی میں شرائطِ جمعہ موجود ہوں وہاں جمعہ بھی ادا کیا جائے اور عیدین کی نماز بھی پڑھی جائے اور قبل از نماز عیدالاضحیٰ قربانی درست نہیں، اگر قربانی کردی ہے تو اس سے واجب ادا نہیں ہوا، قربانی کی قیمت صدقہ کی جائے۔ جس بستی میں شرائط جمعہ موجود نہ ہوں وہاں جمعہ کی جگہ ظہر کی نماز پڑھی جائے، صلوٰۃ العیدین بھی وہاں پڑھنا مکروہ ہے، قربانی سویرے (صبح) ہی سے درست ہے۔

جمعہ کے شرائط یہ ہیں ؎

"و حرٌ صحیح بالبلوغ مذکر مقیم و ذوعقل لشرط وجوبها

و مصر و سلطان و وقت و خطبة وإذنٌ کذا جمع لشرط أدائها" (۱)

---

(۱) (رد المحتار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱۳۷/۲، سعید)

Made Se[illegible] Made searchable using ScribeTools.com [illegible]ools.com

"لا تجوز فی الصغیرة التی لیس فیها قاض و منبر و خطیب، لو صلوا فی القریٰ لزمهم أداء الظهر". شامی: ۱/۵۳۶ (۱)۔ "تجب صلوٰتهما فی الأصح علی من تجب علیه الجمعة بشرائطها المتقدمة سوی الخطبة، فإنها سنة بعد ها. و فی القنیة: صلوة العید فی القریٰ تکره تحریماً". درمختار: ۱/۵۵۵ (۲)۔

"أول وقتها (أی الأضحیة) بعد الصلوة إن ذبح فی مصر: أی بعد سبق صلوة عید، وبعد طلوع فجر یوم النحر إن ذبح فی غیره، اهـ". درمختار۔ "فیه تسامح؛ إذ التضحیة لا تختلف وقتها بالمصر وغیره بل شرطها، فأول وقتها فی حق المصریّ والقرویّ طلوع الفجر، إلا أنه شرط للمصریّ تقدیم الصلوة علیها، اهـ". شامی: ۵/۲۰۲ (۳)۔ فقط واللہ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۲/۲/۵۶ھ۔

پانی کے جہاز میں نمازِ عید

سوال[۳۸۸۰]: سفر کی حالت میں بحری جہاز میں عید کی نماز پڑھنا درست ہے یا نہیں؟

---

(۱) (رد المحتار، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۳۸، سعید)

(۲) (الدرالمختار مع ردالمحتار، کتاب الصلوة، باب صلاة العیدین: ۲/۱۶۶، سعید)

(وکذا فی الفتاوی العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب السابع عشر فی صلاة العیدین: ۱/۱۵۰، رشیدیه)

"عن علی رضی الله تعالیٰ عنه قال: "لاجمعة و لا تشریق و لا صلوة فطر و لا أضحی إلا فی مصر جامع أو مدینة عظیمة". (إعلاء السنن، أبواب الجمعة، باب عدم جواز الجمعة فی القری: ۸/۱، إدارة القرآن، کراچی)

(۳) (الدرالمختار مع رد المحتار، کتاب الأضحیة: ۶/۳۱۸، سعید)

"قال: حدثنا الأسود بن قیس، سمعت جندب بن سفیان البجلي رضی الله تعالیٰ عنه قال: شهدت النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یوم النحر، فقال صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "من ذبح قبل الصلوة، فلیعد مکانها أخری، ومن لم یذبح فلیذبح". (صحیح البخاری، کتاب الأضاحی، باب من ذبح قبل الصلاة أعاده: ۲/۸۳۴، قدیمی)

الجواب حامداًومصلیاً:

نمازعید کی وہی شرائط ہیں جونمازِ جمعہ کی ہیں سوی الخطبۃ یعنی جس بستی میں جمعہ درست ہے ایسی بستی میں نمازعید درست ہے اور جہاں جمعہ درست نہیں وہاں عید بھی درست نہیں ہے، جمعہ کے لئے مصر یا قصبہ یا قریہ کبیرہ ہونا شرط ہے، یہی عید کے لئے بھی شرط ہے، جہاز بحری ہو یا ہوائی نہ مصر ہے نہ قصبہ ہے اور نہ قریۂ کبیرہ ہے، نہ وہاں جمعہ درست ہے اور نہ ہی عید درست ہے(۱)۔

اگر جہاز میں پندرہ روز قیام رہے تو اس سے آدمی مقیم نہیں بن جائے گا:"و لا تصح نية الإقامة فی مفازة لغير أهل الأخبية، الخ". مراقی الفلاح۔ "ومثلها الجزيرة والبحر والسفينة والملاح مسافرٌ، والسفينة ليست بوطن، الخ". طحطاوی(۲)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱)"عن علی رضی الله تعالیٰ عنه : قال :" لاجمعة و لا تشريق و لا صلوة فطر و لا أضحی إلا فی مصر جامع أو مدينة عظيمة". (إعلاء السنن ، أبواب الجمعة ، باب عدم جواز الجمعة فی القری: ۸/ ۱، إدارة القرآن، كراچی)

"(تجب صلاتهما) فی الأصح (علی من تجب عليه الجمعة بشرائطها) المتقدمة (سوی الخطبة)، فإنها سنة بعدها. وفی القنية: صلاة العيدين فی القری تكره تحريماً". (الدرالمختار، كتاب الصلاة ، باب العيدين : ۲/ ۱۶۶ ، سعيد)

"صلاة العيد فی الرساتيق تكره كراهة تحريم؛ لأنه اشتغال بما لا يصح؛ لأن المصر شرط الصحة". (البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب العيدين : ۲/ ۲۷۷، رشيديه)

(وكذا فی البدائع الصنائع، كتاب الصلاة، فصل: شرائط وجوب العيدين : ۱/ ۲۱۶، رشيديه)

(وكذا فی الفتاوی العالمكيرية ، كتاب الصلاة، الباب السابع عشر فی صلاةالجمعة : ۱/ ۱۵۰ ،رشيديه)

(۲) (حاشية الطحطاوی علی مراقی الفلاح، كتاب الصلاة، باب صلوة المسافر، ص: ۴۲۶، قديمی)

"عن جابر بن عبد الله رضی الله تعالیٰ عنه قال: أقام رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم بتبوک عشرين يوماً يقصر الصلاة".

قال الشيخ ظفر أحمد العثمانی قدس سره : "دلالة الآثار علی معنی الباب ظاهرة، أما علی الأول، فلأن النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم أقام بتبوک عشرين يوماً يقصر و لم يكن أزمع الإقامة =

Made searchable using ScribeTools.com

دیہات میں نمازِ عید اور اس کے مفاسد

سوال[۳۸۸۱]: عیدین کے پڑھنے کو دیہات میں منع کرنا کیسا ہے؟ بے شک دیہات میں عید پڑھنے سے ادا نہیں ہوتی مگر دیہاتیوں پر واجب نہیں اگر جو چیز واجب نہیں اس کے ادا کرنے میں کیا قباحت ہے؟ البتہ تبلیغ واشاعت کا ایک ذریعہ ہوتا ہے، لہذا نفل ادا کرنے میں جو قباحت ہو وہ بیان فرمایئے گا، اگر محض یہی چیز کہ نفل کی دن میں جماعت جائز نہیں کم از کم اس کے مقابلہ میں تبلیغ واشاعت تو ایک بہترین چیز ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس میں مختلف ومتعدد مفاسد ہیں:

۱-عوام اس کو واجب اعتقاد کرلیں گے، غیر واجب بلکہ ناجائز کو واجب اعتقاد کرانا مفسدہ عظیم ہے، جو شئ مندوب ہو اس پر اصرار کرنا مکروہ ہے: ''الإصرار على المندوب يبلغه إلى حد الكراهة، اهـ'' (۱). جو شئ مباح ہو وہ التزام سے مکروہ ہو جایا کرتی ہے، پھر ناجائز شئ پر اصرار کرنا اور اس کو واجب اعتقاد کرنا کیسے جائز ہوگا، قال العلامة اللكنوى: '' فكم من مباح يصير بالالتزام من غير لزوم التخصيص من غير مخصص مكروهاً كما صرح به على القارى فى شرح مشكوة(۲) والحصكفى فى

= ..... لكونهم فى أرض العدوّ التى لا عبرة بالاستقرار بها لكونه على رجل طائر''. (إعلاء السنن، أبواب صلوة المسافر، باب: يقصر من لم ينو الإقامة وإن طال مكثه، وكذا العسكر الخ: ۲۸۲/۷، إدارة القرآن، كراچى)

''وأما المكان الصالح للإقامة فهو موضع اللبث والقرار فى العادة نحو الأمصار والقرى، وأما المفازة والجزيرة والسفينة، فليست موضع الإقامة، حتى لو نوى الإقامة فى هذه المواضع خمسة عشر يوماً، لا يصير مقيماً''. (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، وأما المكان الصلاح للإقامة: ۲۷۱/۱، رشيديه) (وكذا فى الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر: ۱۲۵/۲، ۱۲۶، سعيد)

(۱) (السعاية، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، قبيل فصل فى القراءة، ذكر البدعات: ۲۶۵/۲، سهيل اكيڈمى)

(۲) قال الملا على القارى: ''قال الطيبى رحمه الله تعالىٰ: ومن أصرّ على أمر مندوب و جعله عزماً و لم يعمل بالرخصة، فقد أصاب منه الشيطان من الإضلال، فكيف من أصرَّ على بدعة أو منكر''. (مرقاة المفاتيح، كتاب الصلاة، باب الدعاء فى التشهد، تحت حديث عبدالله بن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه، =

الدرالمختاروغیرهما". سباحة الفكر: ۷۲ (۱)۔

۲-جس کو واجب اعتقاد کر کے پڑھیں گے وہ نماز نفل ہوگی اور نفل کی جماعت علی سبیل التداعی مکروہ ہے:" و لا یصلی الوتر و لا التطوع بجماعة خارج رمضان: أی یکره ذلك علی التداعی، اهـ". درمختار (۲)۔

۳-اس نماز میں قرأۃ بالجہر کی جائے گی نوافل میں قرأت بالجہر مکروہ ہے:"وأما نوافل النهار، فیخفی فیها حتماً، اهـ". عالمگیری(۳)۔

= (رقم الحدیث: ۹۴۶): ۳/۳۱، رشیدیه)

(۱) (مجموعة رسائل الإمام المحدث محمد عبد الحی اللکنوی رحمه الله تعالیٰ، سباحة الفکر فی الجهر بالذکر، الباب الأول فی حکم الجهر بالذکر: ۳/۳۴، إدارة القرآن کراچی)

(۲) (الدر المختار، کتاب الصلاة، باب الإمامة: ۱/۵۵۲، سعید)

"عن زید بن ثابت رضی الله تعالیٰ عنه أن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "صلوا أیهاالناس! فی بیوتکم، فإن أفضل الصلاة صلاة المرأ فی بیته إلا المکتوبة".

قال الشیخ ظفر أحمد العثمانی رحمه الله تعالیٰ: "قلت: کما أن فی الحدیثین دلالة علی کون النفل فی البیت أفضل منهافی المسجد کذا فیهما دلالة علی کون الجماعة مختصةً بالمکتوبة ..... فثبت أن الجماعة فی النوافل خلاف الأصل، والأداء علی خلاف الأصل لا یخلو عن الکراهة، فالجماعة فی النوافل مکروهة". (إعلاء السنن، کتاب الصلاة، باب کراهة الجماعة فی النوافل والوتر الخ: ۷/۷۷، ۷۸، إدارة القرآن کراچی)

"التطوع بالجماعة إذا کان علی سبیل التداعی یکره". (الفتاویٰ العالمکیریة، الباب الخامس فی الإمامة، فصل فی الجماعة: ۱/۸۳، رشیدیه)

(۳) (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلاة، الفصل الثانی فی واجبات الصلاة: ۱/۷۲، رشیدیه)

"عن یحییٰ بن أبی کثیر: قالوا: یا رسول الله! إن ههنا قوماً یجهرون بالقراءة بالنهار، فقال: "ارموهم بالبعر". قال الشیخ ظفر أحمد العثمانی قدس سره: "قلت: دلالته علی وجوب إخفاء القراءة فی صلاة النهار ظاهرة، حیث أمر صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بزجر من یجهر بها". (إعلاء السنن، کتاب الصلاة، أبواب القراءة، باب وجوب الجهر فی الجهریة والسر فی السریة: ۴/۱، إدارة القرآن، کراچی) =

Made searchable using ScribeTools.com

۴-عیدالاضحیٰ میں قربانی کونماز کے لئے مؤخر کریں گے جو کہ التزام مالا یلزم ہے وغیرہ۔تبلیغ کا حاصل ہے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر اور اشاعتِ سنت اور جس جگہ عید کی نماز درست نہیں وہاں ناجائز طریقہ پر مجمع کر کے ناجائز اور خلافِ شرع طریق پر نماز (ام العبادات کو) ادا کر کے خود غور کر کے دیکھئے کہ کیا تبلیغ اور اشاعت سنت ہوسکتی ہے،تبلیغ کے لئے مستقل مجمع کیا جائے، برادری کی طرف سے پنچایت کر کے تبلیغ کی جائے۔و ھو الموفق والمعین فی کل حین۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

باہر کا آدمی بھی عید کی نماز پڑھا سکتا ہے

سوال[۳۸۸۲]: رمضان شریف میں تراویح کی نماز کے لئے حافظ بھوپال سے بلائے گئے،انھوں نے رمضان کی ۲۶/ تاریخ تک قرآن سنایا، انجمنِ اسلامیہ کے اراکین وعہدہ داروں نے عید کی نماز پڑھانے کے لئے روک لیا، چونکہ عیدگاہ کا انتظام انجمن ہی کے ذمہ ہے،لیکن چندلوگوں کو یہ اعتراض ہوا کہ کوئی باہر کا آدمی عید کی نماز نہیں پڑھا سکتا۔اس شہر میں دو مسجدیں ہیں، جامع مسجد کے پیش امام نابینا ہیں اور کچھ لوگ ان کے پیچھے نماز نہیں پڑھتے ،مطلب یہ کہ اکثریت ایسے ہی لوگوں کی ہے۔اس سلسلہ میں بھی مخالفین نے یہ کہا کہ عیدگاہ پر دو جماعتیں اور دو خطبہ نہیں ہوسکتے ،اگر یہ مان بھی لیا جائے کہ دو جماعتیں نہیں ہوتیں تو اس صورت میں کس جماعت کی نمازِ عید صحیح ہوئی ہے؟ اس جماعت کی جس کا انتظام جماعتِ انجمنِ اسلامیہ نے کیا اور جو عید کے ذمہ دار ہیں، یا اس جماعت کی جس کی امامت جامع مسجد کے نابینا پیش امام نے کی جس کے متولی علیحدہ ہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

نماز عید باہر کا آدمی پڑھادے تب بھی ادا ہوجائے گی (۱) اس کی وجہ سے مستقل دوسری جماعت کرنا

= "(ویسر فی غیرها) ..... (کمتنفل النهار) فإنه یسرّ". (الدرالمختار، کتاب الصلاة، فصل فی القراءة: ۱/۵۳۳، سعید)

(۱) "عن عبد الله بن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه قال: ما کان لنا عید إلا فی صدر النهار، و لقد رأیتنا نجمع مع رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی ظل الحطیم".

"قال الشیخ ظفر أحمد العثمانی رحمه الله تعالیٰ: "دلالة الأثر علی الباب ظاهرة من حیث =

Made Searchable by ScribeTools.com

بھی ٹھیک نہیں، خاص کر وہ بھی اسی عیدگاہ میں، یہ ناپسند ہے، تاہم نماز سب کی ہوگئی، آئندہ ایسا نہ کریں(۱)۔

واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۱۰/۳۰ھ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

= أنهم كانوا فى مكة سفراً على الظاهر، ويقاس على المسافر غيره من المعذوزين". (إعلاء السنن، أبواب الجمعة، باب من لم تجب عليه الجمعة :٦٣/٨، إدارة القرآن كراچى)

"ويصلح للإمامة فيها من صلح لغيرها فجاز لمسافر وعبد و مريض. (وتنعقد الجمعة (بهم): أى بحضور هم بالطريق الأولى". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الجمعة :١٥٥/٢، سعيد)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب السادس عشر فى صلاة الجمعة: ١٤٨/١، رشيديه)

(١) "عن على رضى الله تعالىٰ عنه أنه كان يخرج إلى الجبانة فى العيد و يستخلف فى المصر من يصلى بضعفة الناس، وذلك بمحضر من الصحابة رضى الله تعالىٰ عنهم، ولما جاز هذا فى صلاة العيد، فكذا فى صلاة الجمعة". (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، شرائط الجمعة : ٥٨٧/١، رشيديه)

"(و تؤدى بمصر) واحد (بمواضع) كثيرة (اتفاقاً)". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب العيدين: ١٧٦/٢، سعيد)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب السابع عشر فى صلاةالعيدين : ١٥٠/١، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

الفصل الثانی فی وجوب صلوة العید علی المحبوسین والنسآء

(قیدیوں اورعورتوں کے لئے عید کی نماز کا بیان)

قیدیوں کے لئے نماز عید کا حکم

سوال[۳۸۸۳]: ہم پاکستانی جنگی قیدی ہیں، ہم نماز باجماعت ادا کرتے ہیں، عیدین اور جمعہ اسیری کی وجہ سے معاف ہے، اگر رمضان تک رہنا ہوتو روزہ اور تراویح اور اعتکاف کی کیا پوزیشن ہے؟ نمازیں باجماعت مع اذان ایک کمرہ میں پڑھتے ہیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

آپ صاحبان کو جب وہاں اذان وجماعت کی سہولت ہے کوئی رکاوٹ نہیں اور دوسرے کا وہاں داخل ہونا نماز جمعہ سے منع کرنے کے لئے نہیں بلکہ قانونی تحفظ کے لئے منع ہے، ایسی حالت میں بعض کتب فقہ کی عبارات کے تحت وہاں جمعہ اور عیدین ادا کرنے کی گنجائش ہے(۱)۔ روزہ، تراویح میں کوئی پابندی نہیں، حکمِ شرعی کے مطابق روزہ رکھیں، تراویح پڑھیں۔ اگر مسجد مستقل نہ ہوتو جہاں جماعت کرتے ہیں وہاں اعتکاف کر سکتے ہیں(۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) "(السابع الإذن العام) ..... فلا يضر غلق باب القلعة لعدوّأو لعادة قديمة لإذن العام مقرر لأهله و غلق لمنع العدو لا المصلى". (الدرالمختار). "(قوله : أو قصره) قلت: وينبغى أن يكون محل النزاع ما إذا كانت لاتقام إلا فى محل واحد، أما لو تعددت فلا؛ لأنه لا يتحقق التفويت كما أفاده التعليل".

(ردالمحتار، كتاب الصوم، باب الجمعة: ۱۵۲/۲، سعيد)

(وكذا فى أحسن الفتاوى ، كتاب الصلاة ، باب الجمعة والعيدين : ۱۲۲/۴ ، سعيد)

(۲) "ومنها مسجد الجماعة، فيصح فى كل مسجد له أذان وإقامة، وهو الصحيح، كذا فى الخلاصة".

(الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصوم، الباب السابع فى الاعتكاف: ۲۱۳/۱، رشيديه)

عورتوں کے لئے نمازِ عید میں شرکت کا حکم

سوال[۳۸۸۴]: عیدگاہ پر پردہ ڈالا جاتا تھا، کچھ عورتیں چادر اوڑھ کر جاتی تھیں اور کچھ عورتیں ساڑی پہن کر جاتی تھیں، چادر نہیں اوڑھتی تھیں تو دس پانچ عورتیں مسجد میں نماز پڑھتی ہیں اور اکثر عورتیں عیدگاہ جاتی ہیں، نہیں مانتی ہیں، عیدگاہ پر اب پردہ کا انتظام نہیں ہے، عیدگاہ سے پورب (۱) مدرسہ ہے، وہیں جا کر بیٹھتی ہیں اور کچھ عورتیں باہر بیٹھتی ہیں، مدرسہ سے الگ ہٹ کر غیر مسلم کی دوکان رہتی ہے، عورتیں جب نماز کو کھڑی ہوتی ہیں تو ان لوگوں کی نظر پڑتی ہے۔

الجواب حامداًومصلیاً:

عورتوں کے ذمہ عید کی نماز نہیں ہے ان کو روک دیا جائے، عیدگاہ میں اعلان کر دیا جائے کہ عورتیں نہ آئیں، ہر شخص اپنی عورت کو روک دے اس پر بھی وہ نہ مانیں تو اہلِ حق علماء کا وعظ کرایا جائے، اس پر بھی باز نہ آئیں اور سرکشی کریں تو وہ جانیں (۲)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/ ۷/ ۸۹ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۱/ ۷/ ۸۹ھ۔

---

(۱) ''پورب: مشرق''۔ (فیروز اللغات، ص: ۳۰۸، فیروز سنز، لاہور)

(۲) "عن أم عطية رضى الله تعالىٰ عنها، أمرنا النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أن تخرج فى الفطر والأضحى العواتق والحيض وذوات الخدور، فأماالحيض فيعتزلن الصلوة و يشهدن الخير و دعوة المسلمين".

قال الشيخ ظفر أحمد العثمانى رحمه الله تعالىٰ: "قلت: يؤيد ماقاله الطحاوى ماقدمناه فى باب منع النساء عن الحضور فى المساجد عن أم حميد امرأة أبى حميد الساعدى و أم سلمة رضى الله تعالىٰ عنها مرفوعاً: "صلوة المرأة فى بيتها خيرٌ من صلوتها فى حجرتها، وصلوتها فى حجرتها خيرٌ من صلوتها فى دارها، و صلاتها فى دارها خيرٌ من صلوتها فى مسجد قومها". وعن عائشة رضى الله تعالىٰ عنها: لو أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم رأى ما أحدث النساء بعده لمنعهن المسجد كما مُنعت نساء بنى إسرائيل".

فمجموع الأحاديث يشعر بكون النساء مأمورات بأن يشهدن الجماعات وصلوة العيد =

Made searchable using ScribeTools.com

عورتوں پر نمازِ عید واجب نہیں

سوال[۳۸۸۵]: عورت عید کی نماز با جماعت یا بغیر جماعت پڑھ سکتی ہے یا نہیں؟ حدیث وقرآن کی روشنی میں مع حوالہ مدلل ومفصل جواب دیں؟

الجواب - امداً ومصلیاً:

عورتوں پر نماز عید واجب نہیں، بغیر جماعت کے تو مرد بھی نہیں پڑھ سکتے، جمعہ کی طرح عید (بھی) ہے:"وشرط وجوبها (أی وجوب الجمعة) الإقامة والذكورة". كنز: ۲/۱-۱(۱)۔ "وتجب صلوة العيد على من تجب عليه الجمعه، الخ". على هامش البحر الرائق : ۲/۱۵۷(۲)۔

"وشرط صحتها أن يصلى مع الإمام ثلاثةٌ فأكثر، إجماع العلماء على أنه لابدفيها من

= أوّلاً، ثم حضهن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على الصلوة فى البيوت، وقال. "إن صلوتها فى بيتها خيرٌ من صلوتها فى مسجدى". و لكنه لم يعزم المنع عن شهود الجماعة، و هذا هو محمل ما رواه بن عباس من خروجهن بعد فتح مكة، ثم منعهن الصحابة بعد النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لفساد الزمان كمايشعر به قول عائشة رضى الله تعالىٰ عنها، ولا شک أنهاأجلّ من أم عطية. وكان ابن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه يُخرج النساء من المسجد يوم الجمعة، ويقول: اخْرُجنَ إلى بيوتكن خيرٌ لكنّ". رواه الطبرانى ورجاله موثقون". (إعلاء السنن ، أبواب العيدين، باب وجوب صلاة العيدين: ۸/۸۸، إدارة القرآن كراچى)

"(تجب صلاتهما) فى الأصح(على من تجب عليه الجمعة بشرائطها) المتقدمة (سوى الخطبة)، فإنها سنة بعدها". (الدرالمختار، كتاب الصلاة ، باب العيدين :۲/۱۶۶، سعيد)

"تجب صلاة العيد على كل من تجب عليه صلاة الجمعة". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة ، الباب االسابع عشر فى العيدين : ۱/۱۵۰، رشيديه)

(وكذا فى البحر الرائق ، كتاب الصلاة ، باب العيدين : ۲/۲۷۶، رشيديه)

(۱) (كنز الدقائق مع البحرالرائق، كتاب الصلوة، باب الجمعة : ۲/۲۶۴، رشيديه)

(۲) (البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب صلاة العيدين: ۲/۲۷۶، رشيديه)

"(تجب صلاتهما) فى الأصح (على من تجب عليه الجمعة بشرائطها) المتقدمة الخ".

(الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب العيدين: ۲/۱۶۶، سعيد)

الجماعة كما فى البدائع، الخ". ۲/۱۵۱(۱)۔ "ويكره تحريماً جماعة النساء، ..... ويكره حضور هن الجماعة ولو لجمعة وعيد مطلقاً، ولو عجوزا ليلاً على المذهب المفتى به، الخ". درمختار مختصراً: ۱/۳۸۰(۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

جامع مسجد میں صرف خواتین کے لئے نمازِ عید کا حکم

سوال[۳۸۸۶]: یہاں عیدگاہ اور جامع مسجد میں عیدین کی نماز ایک عرصہ سے ہوتی ہے، امسال کمیٹی جامع مسجد نے عید کی شب میں اعلان کردیا کہ نماز عیدگاہ میں ہوگی اور جامع مسجد میں رَرتوں کی نماز ہوگی، کوئی مرد جامع مسجد نہ آئے۔ لہٰذا فرمایئے کہ ان کا ایسا کرنا اور مردوں کو جو عرصہ سے عید کی نماز جامع مسجد میں ادا کرتے ہیں پریشان کرنا کیسا ہے، جب کہ عورتوں پر نماز عید واجب بھی نہیں؟ اور اگر عورتیں مسجد میں آئیں تو مردوں کے پیچھے پردے کی جگہ میں نماز ادا کرسکتی ہیں؟

الجواب حامداً ومصلياً:

عید کی نماز عیدگاہ جاکر پڑھنا افضل ومستحب ہے(۳)۔ عورتوں پر نماز عید نہیں (۴)، ان کے لئے

= (وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلوة، الباب السابع عشر فى العيدين: ۱/۱۵۰، رشيديه)

(۱) (البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب صلاة الجمعة: ۲/۲۶۲، رشيديه)

(۲) (الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب الإمامة: ۱/۵۶۵، ۵۶۶، سعيد)

"عن عائشة رضى الله تعالىٰ عنها قالت: لوأدرک رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ماأحدث النساء لمنعهن المسجد كما مُنعت نساء بنى إسرائيل. فقلت لعمرة: أو منعهن؟ قالت: نعم". (صحيح البخارى، كتاب الأذان، باب خروج النساء إلى المساجد بالليل: ۱/۱۲۱، قديمى)

(۳) "عن أبى سعيد الخدرى رضى الله تعالىٰ عنه قال: كان النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يخرج يوم الفطر والأضحى إلى المصلى، فأوّل شىء يبدأ به الصلوة، ثم ينصرف". الحديث". (صحيح البخارى، كتاب العيدين، باب الخروج إلى المصلى: ۱/۱۳۱، قديمى)

"(والخروج إليها): أى الجبانة لصلاة العيد سنة، وإن وسعهم المسجد الجامع". (الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب العيدين: ۲/۱۶۹، سعيد)

(وكذا فى حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلوة، باب أحكام العيدين، ص: ۵۳۱، قديمى)

(۴) "عن عائشة رضى الله تعالىٰ عنها قالت: لو أدرک رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ماأحدث =

Made Searchable by ScribeTools.com
Made searchable using ScribeTools.com

مستقل جامع مسجد میں نماز عید کا انتظام کرنا - کہ کوئی مرد وہاں نہ جائے، صرف عورتیں وہاں نماز عید ادا کریں - غلط طریقہ ہے، شریعت میں کہیں اس کا ثبوت نہیں اس طریقہ کو بالکل بند کیا جائے، عورتیں نماز عید کے لئے نہ مسجد میں جائیں نہ عیدگاہ میں۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

عورتوں کا عیدگاہ میں جانا

سوال[۳۸۸۷]: عید کی نماز کے لئے آنحضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بچوں اور عورتوں کو ساتھ لے کر آیا کرو اور تاکید فرمائی ہے، مگر میں نے اس کا چرچا کبھی آپ بزرگوں میں نہیں سنا ہے، اس کی کیا وجہ ہے کہ گنگوہ اور گردونواح کے علماء نے اس کی تاکید نہیں کی، یہ ہمارے یہاں کے رسمی پردہ کی وجہ سے ہے، تو کیا مذہب کی ادائیگی آپ کی سوسائٹی اور رسم کی وجہ سے ادھوری رکھی جاسکتی ہے؟ تمام لوگ اگر اس کی پابندی نہ کریں اور قرآن وحدیث سے یہ سوسائٹی کی رسومات ورواج کو ترجیح دے تو دوسری بات ہے مگر علمائے دین تو شاید کبھی بھی رسومات کو دین پر ترجیح نہ دیں۔ مجھے اس کی وضاحت کی ضرورت ہے کہ عید کی نماز کے لئے جب حدیث شریف میں تاکید ہے کہ عورتوں کو بھی لایا جائے تو پھر ہم لوگوں کی عورتوں کو مسجد یا عیدگاہ جہاں عورتوں کے لئے انتظام ہوجانا چاہیے کہ نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ابتداءً عورتوں کو مسجد اور عیدگاہ میں جانے کی اجازت تھی بلکہ عیدگاہ میں تو حالتِ حیض میں بھی اجازت

= النساء، لمنعهنّ المسجد كما مُنعت نسآء بنى إسرائيل. فقلت لعمرة: أو منعن؟ قالت: نعم".

(صحيح البخارى، كتا ب الأذان، باب خروج النساء إلى المساجد بالليل: ۱/۱۲۵، قديمى)

"(تجب صلاتهما) فى الأصح (على من تجب عليه الجمعة بشرائطها) المتقدمة (سوى الخطبة)، فإنها سنة بعدها". (الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب العيدين: ۲/۱۶۶، سعيد)

"تجب صلاة العيد على كل من تجب عليه صلاة الجمعة". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلوة، الباب السابع عشر فى العيدين: ۱/۱۵۰، رشيديه)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب العيدين: ۲/۲۷۶، رشيديه)

تھی اگر چہ نماز میں نہ شریک ہوں (۱)، پھر اس کے بعد دوسرا ارشاد فرمایا وہ یہ کہ ''عورت کا اپنے مکان میں نماز پڑھنا بہتر ہے، مسجد نبوی میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھنے سے''۔ اس پر عورتیں بڑی حد تک مسجد نبوی میں جانے سے رُک گئیں (۲)۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وفات کے بعد حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی بیوی کو بڑی علمی تدبیر سے مسجد جانے سے روکا یعنی ایسی تدبیر کی کہ جس سے انہوں نے مسجد جانا بند کر دیا۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دریافت پر یہی فرمایا کہ ''نماز پڑھنے کے لئے مسجد کیوں نہیں جاتی ہو'' تو جواب دیا کہ ''اب مسجد جانے کا زمانہ نہیں رہا، لوگوں کی حالت ٹھیک نہیں ہے''، حالانکہ پہلے جایا کرتی تھیں اور فرمایا کرتی تھیں کہ ''اگر عمر کو میرا مسجد جانا پسند نہیں تو وہ منع کر دیں، میں نہیں جاؤں گی، لیکن چونکہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اجازت دے رکھی تھی اس لئے میں جانے سے باز نہیں آؤں گی''۔ مگر جب تجربہ ہوا تو خود ہی سمجھ میں آ گیا کہ اب جانا ٹھیک نہیں ہے (۳)۔

---

(۱) ''عن أم عطية قالت: أمرنا أن نخرج العواتق ذوات الخدور. وعن أيوب عن حفصة بنحوه. وزاد فى حديث حفصة: قال أو قالت: العواتق وذوات الخدور، ويعتزلن الحُيَّض المصلى''. (صحيح البخارى، كتاب العيدين، باب خروج النساء و الحُيّض إلى المصلى: ۱/۱۳۳، قديمى)

(۲) ''وقال صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : ''إن صلوتها فى بيتها خيرٌ من صلوتها فى مسجدى''. (إعلاء السنن، كتاب الصلوة، أبواب العيدين ، باب وجوب صلوة العيدين: ۸/۸۸، إدارة القرآن، كراچى)

(۳) واقعہ مذکورہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں مشہور ہے، لیکن ''الإصابه'' اور ''أسد الغابة'' کی عبارتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات کے بعد حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عاتکہ بنت زید سے نکاح کیا، پھر حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہی علمی تدبیر اختیار کر کے اسے مسجد سے روک دیا، واللہ تعالیٰ اعلم۔

''وذكر أبوعمر فى التمهيد أن عمر لما خطبها شرطت عليه ألاّ يضر بها، ولا يمنعها من الحق، ولا من الصلوة فى المسجد النبوى. ثم شرطت ذلك على الزبير، فتحيّل عليها أن كَمَنَ لها لمّا خرجت إلى صلاة العشاء ، فلما مرّت به، ضرب على عجيزتها، فلما رجعت، قالت: إنا لله! فسد الناس، فلم تخرج بعدُ''. (الإصابة فى تمييز الصحابة للإمام الحافظ ابن حجر العسقلانى رحمه الله تعالىٰ ، (رقم الترجمة : ۱۱۴۵۲) : ۸/۲۲۸، دار الكتب العلمية، بيروت)

''فلما خطبها عمر، شرطت عليه أنه لايمنعها عن المسجد، ولا يضربها، فأجابها على كُرهٍ منه.=

Made searchable using ScribeTools.com

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ ''اگر آج حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف فرما ہوتے اور عورتوں کی حالت ملاحظہ فرماتے تو عورتوں کو ہرگز مسجد جانے کی اجازت نہ ملتی جس طرح بنی اسرائیل کی عورتیں مسجد میں جانے سے روک دی گئی تھیں اسی طرح اس امت کی عورتیں بھی روک دی جاتیں''(۱)۔غور کا مقام ہے کہ اگر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ موجود ہوتے یا حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا موجود ہوتیں تو موجودہ عورتوں کے متعلق کیا رائے قائم کی جاتی۔علماء کا منع فرمانا ان روایات کی بناء پر ہے، محض کسی خودساختہ رسم کی بناء پر نہیں۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۱/۶/۸۵ھ۔

عورت کے ذمّہ نماز عید، رفع یدین وغیرہ

سوال[۳۸۸۸]: میں نے سنا ہے کہ عورت نماز عید نہ گھر اور نہ عیدگاہ میں پڑھے، گویا عورت پر واجب نہیں، اس کے متعلق جلد آگاہ کریں، عورت اگر نماز جمعہ جامع مسجد میں پڑھے تو کیسا ہے؟ جو جماعتِ اہلِ حدیث کہلاتی ہے وہ قرآن میں آیتیں نکال نکال کر دکھاتی ہے اور کہتی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صرف ''اللہ اکبر'' کہہ کہ نماز پڑھنے کو منع فرمایا ہے، یہ نہیں کہ تمام نماز کو بیان کر کے یعنی ''اتنی رکعت فرض یا سنت واسطے اللہ پاک کے میرا منہ کعبہ شریف کے'' اور ''اللہ اکبر'' یہ غلط ہے۔اور کہتے ہیں کہ رفعِ یدین کو قصداً کیا ہے اور ہمیشہ کے لئے کیا ہے۔آپ ہم کو بتلائیں قرآن پاک میں کس جگہ انکار ہے؟

= فلما خطبها الزبير، ذكرت له ذلك، فأجابها إليه أيضاً، فلما أرادت الخروج إلى المسجد للعشاء الآخرة، شقّ ذلك عليه، ولم يمنعها. فلما عيل صبُره، خرج ليلةً إلى العشاء وسبقها، وقعدلها على الطريق بحيث لاتراه، فلما مرّت ، ضرب بيده على عجزها، فنفرت من ذلك ولم تخرج بعدُ''. (أسد الغابة فى معرفة الصحابة لعز الدين بن الأثير الجزرى رحمه الله تعالىٰ، رقم الترجمة: ۷۰۷۹، النساء : ۱۸۸/۶، دارالفكر، بيروت)

(۱) ''عن عائشة رضى الله تعالىٰ عنها قالت: لو أدرك رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ماأحدث النساء، لمنعهن المسجد كما مُنعت نساء بنى إسرائيل، فقلت لعمرة: أوَ منعن؟ قالت: نعم''. (صحيح البخارى، كتاب الأذان، باب خروج النساء إلى المساجد بالليل والغلس: ۱۲۵/۱، قديمى)

الجواب حامداًومصلیاً:

عورت پرنمازِعیدین نہیں، نہ اس کے ذمہ عیدگاہ میں جانا ہے، نہ گھر پرنمازعید لازم ہے، عورت پر جمعہ بھی نہیں، اس کو چاہئے کہ اپنے گھر پرنمازظہر ادا کرے، جمعہ کے لئے جامع مسجد نہ جائے (۱)۔ اگر دل کے ارادہ کوزبان سے بھی کہے تو منع نہیں (۲)۔ قرآن پاک میں کہیں نہیں لکھا کہ حضوراکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے

---

(۱) "عن أم حميد امرأة أبي حميدالساعدی وأم سلمة رضی الله تعالیٰ عنها مرفوعاً: "صلوة المرأة فی بيتهاخيرٌ من صلوتها فی حجرتها، و صلوتها فی حجرتها خيرٌ من صلوتها فی دارها، و صلاتهافی دارها خير من صلاتها فی مسجد قومها اهـ".

"عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها: لو أن رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم رای ما أحدث النساء بعده، لمنعهن المسجد كما مُنعت نساء بنی إسرائيل".

فمجموع الأحاديث يشعر بكون النساء مأمورات بأن يشهدن الجماعات وصلوة العيد أوّلاً، ثم حضهن النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم علی الصلوة فی البيوت، و قال: "إن صلوتها فی بيتها خيرٌ من صلوتها فی مسجدی"، و لكنه لم يعزم المنع عن شهود الجماعة، وهذا هو محمل ما رواه ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما من خروجهن بعد فتح مكة، ثم منعهن الصحابة بعد النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم لفساد الزمان كمايشعر به قول عائشة رضی الله تعالیٰ عنها، و لا شک أنها أجلّ من أم عطية. وكان ابن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه يُخرج النساء من المسجد يوم الجمعة، ويقول: اخرجن إلی بيوتكن خيرٌ لكنّ". رواه الطبرانی و رجاله موثقون". (إعلاء السنن، أبواب العيدين، باب وجوب صلاة العيدين: ۸۸/۸، إدارة القرآن كراچی)

"(تجب صلاتهما) فی الأصح(علی من تجب عليه الجمعة بشرائطها) المتقدمة (سوی الخطبة) فإنها سنة بعدها". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۱۶۶/۲، سعيد)

"تجب صلاة العيد علی كل من تجب عليه صلاة الجمعة". (الفتاوی العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب االسابع عشر فی العيدين: ۱۵۰/۱، رشيديه)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۲۷۲/۲، رشيديه)

(۲) "والتلفظ عند الإرادة بها (أی بالنية) مستحب، هو المختار". (كتاب الصلاة، باب شروط الجمعة: ۴۱۵/۱، سعيد) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

صرف ''اللہ اکبر'' کہہ کر نماز پڑھنے کو کہا ہے، کسی حدیث شریف میں یہ نہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے رفعِ یدین ہمیشہ کرنے کو فرمایا ہو، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت میں ہے کہ ''حضرت رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب نماز شروع فرماتے تو رفع یدین کیا کرتے تھے اور بس، پھر کسی دوسرے موقع پر رفع یدین نہیں کیا کرتے تھے''، زیلعی میں اس کی سند مذکور ہے (۱)، قرآن پاک میں تو رفع یدین کا حکم کہیں (بھی) مذکور نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۸/۲/۲۶ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۸/۲/۲۶ھ۔

عید کا جھنڈا اور عورت کا خطبۂ عید

سوال[۳۸۸۹]: ہمارے یہاں عید، بقرعید اور شبِ قدر میں جھنڈا اٹھاتے ہیں، مقصد صرف لوگوں کو دکھانا ہے کہ لوگ آگاہ ہو جائیں، یہ کیسا ہے؟ اور عورتیں اطراف واکناف سے آتی ہیں اور عیدالفطر کی نماز ادا کرتی ہیں اور عورتیں ہی خطبہ دیتی ہیں، تقریر کرتی ہیں، مدرسہ کے لئے چندہ بھی وصول کرتی ہیں، یہ کیسا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

عید بقرعید کی اطلاع کیلئے جھنڈا اٹھانا ثابت نہیں۔ عورتوں کا عید کی جماعت کرنا کہ عورت ہی امام ہو

= (وكذا في الفتاوى العالمكيرية ، كتاب الصلاة، الفصل الرابع في النية : ۱/۶۵، رشيديه)

(۱) "عن علقمة قال: قال عبد الله بن مسعودٍ رضى الله تعالىٰ عنه: "ألا أصلى بكم صلاة رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم؟ فصلى فلم يرفع يديه إلا في أول مرة". انتهى ، و في لُفظ: "وكان يرفع يديه أول مرة، ثم لا يعود ". قال الترمذى رحمه الله تعالىٰ: حديث حسن".

قال الزيلعى رحمه الله تعالىٰ في آخر كلامه على سند هذا الحديث : "و قد أخرج هو (أى الحاكم) في المستدرک عن جماعة لم يخرج لهم في الصحيح، وقال: هوعلى شرط الشيخين. وإن أراد بقوله: لم يخرج حديثه في الصحيح: أى هذا الحديث، فليس ذلک بعلة، وإلا لفسد عليه مقصوده كله من كتابه المستدرک، انتهى ". (نصب الراية، رقم الحديث :۱۷۰۵، ۱/۳۹۴، ۳۹۶، مكتبه مكيه)

Made Searchable by ScribeTools.com

اور خطبہ پڑھے شرعاً ممنوع ہے (۱)۔ یہ جھنڈا بھی بند کیا جائے اور عورتوں کا اس طرح عید پڑھانا بھی بند کیا جائے۔ غلط کام کر کے مدرسہ کو چلانا کارِ خیر نہیں، صحیح طریقہ پر کوشش کی جائے۔ اللہ پاک نصرت فرمائے۔ فقط واللہ تعالیٰ واعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارلعلوم دیوبند۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

(۱) "و كره جماعة النسآء، لأنها لاتخلوا عن إرتكاب محرم، و قيام الإمام وسط الصف، فيكره كالعراة، كذا فى الهداية، و هو يدل على أنها كراهة تحريم؛ لأن التقدم واجب على الإمام للمواظبة من النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم". (البحر الرائق، باب الإمامة: ۱/۶۱۴، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

الفصل الثالث فی صلوة العیدفی المسجد وغیرہ

(عیدین کی نماز مسجد میں ادا کرنے کا بیان)

عیدین کی نماز بستی میں یا میدان میں؟

سوال[۳۸۹۰]: عیدین کی نماز بلا عذر گھر یا مکان یا صحن یا وقف کردہ یا محلے کے ایک خاص مکان کے اوپر چھوٹی مسجد کے اندر پڑھنا مناسب ہے یا کہ وقف کردہ مکان عیدگاہ جو محلّہ اور شہر اور مکان سے خارج باہر میدان میں پڑھنا افضل ہے؟ کون بہتر اور مسنون ہے؟

ایک گاؤں جہاں چند ہزار آدمی کی بستی ہے، چند سال سے ایک تعلق دار صاحب کے خاص مکان کے صحن میں غفلۃً نماز عیدین پڑھتے تھے، قبل ازیں کچھ آدمی عیدگاہ کے میدان میں نماز عیدین پڑھتے تھے، بعد اس کے تعلق دار صاحب کی رائے سے بلا عذر اپنے مکان پر ایک چھوٹی مسجد میں جمعہ کی نماز پڑھتے تھے اور فی الحال ان کی رائے سے ان کی کچہری کے صحن میں صلاۃ العیدین پڑھتے ہیں، یہ صحن نہ وقف ہے نہ عیدگاہ ہے اس صحن کے کنارے میں کئی قبریں ہیں۔

صاحبِ خانہ صحن پر کلاً قابض ہے اور متصرف ہے، اہلِ قریہ کا اس صحن میں دخل اور کسی طرح کا دعویٰ نہیں ہے، حالانکہ صحن کے سبب عدم وقف اور تقلیل موضع الصلوۃ مرۃ بعد مرۃٍ اہل القریۃ منتشر الذہن اور متردّد الحال ہیں، کیونکہ کبھی عیدگاہ میں اور کبھی صحن میں کمامرّ، جہاں تعلق دار صاحب کی فی الحال آبادی وزراعت ہے اور کبھی ایک چھوٹی مسجد کے اندر، کبھی مکان کے صحن میں جیسا کہ حالا نماز عیدین پڑھتے ہیں۔ پس لکون محل الصلوۃ صحناً لمکان صاحبٍ غیر مستقل الحال اہلِ قریہ میں ایک قسم کی تنگی درآمد ہوتی ہے اور بسببِ نا اتفاقی اہلِ قریہ شرعاً ومعاملاً مع صاحب خانہ بسببِ تعلق دار اہل قریہ کا کیا حکم ہے؟ اکنوں مع ہذا اہلِ قریہ میں اسبابِ مفسدہ ظاہر ہیں اور اتفاق وسکون، راحت وآرام درہم برہم ہوگیا۔

ازیں جہت عیدگاہ اور اتفاق وامان کی ضرورت ہوئی لہذا دوسال سے دفعاً للحرج وأماناً لأهل

القرية و لتعيين موضع الصلوة واستراحةً للمؤمنين و لانسداد أسباب المفاسد فى يوم العيد لله تعالىٰ۔ اہلِ قریہ نے مشورۃً لجميع الناس مع تعلق دار صاحبِ میدان میں قطعة من الأرض وقف کر کے عیدگاہ بنا کر تقریباً پندرہ سو{۱۵۰۰} آدمی نماز عیدین پڑھتے ہیں اور پھر تعلقدار صاحب از روئے تونگری اور مدت سے صحن میں نماز پڑھنے کی وجہ سے اپنے گھر کے صحن ہی میں مع چار سو آدمی کم وبیش نماز عیدین پڑھتے ہوئے فرماتے ہیں کہ یہ صحن میں نماز پڑھنا افضل و بلا کراہت درست ہے اور میدان میں وقف کردہ عیدگاہ میں اگر شرعاً بلا قیل وقال باتفاق المسلمین مع اطرافِ قریہ نماز عیدین پڑھتے ہیں، یہ نادرست اور حرام ہے کیونکہ یہ جدید ہے اور ہم (تعلقدار صاحب) تو شریک ہی ہیں، حالانکہ تعلق دار صاحب ابھی اہل قریہ کو عینِ عید کے روز خوف دلا رہے ہیں کہ شرع شریف کا حکم ماننے کا نعرہ دے رہے ہیں، اب شرع شریف کا کیا حکم ہے؟ بینوا وتوجروا

الجواب حامداً ومصلياً:

"ثم خروجه ماشياً إلى الجبانة و هى المصلى العام: أى فى الصحراء والخروج إليها وإلى الجبانة لصلوة العيد سنةٌ، وأن يسعهم المسجد الجامع هو الصحيح. وفى الخلاصة والخانية: السنة أن يخرج الإمام إلى الجبانة و يستخلف غيره ليصلى فى المصر بالضعفاء بناءً على أن صلوة العيدين فى موضعين جائزة بالاتفاق، وإن لم يستخلف، فله ذلك، اهـ". در مختار و شامى بقدر الحاجة: ۱/۸٦۷(۱).

---

(۱) (الدر المختار مع رد المحتار ، كتاب الصلاة، باب صلاةالعيدين: ۲/۱٦۸ ، سعيد)

"عن أبى سعيد الخدرى رضى الله تعالىٰ عنه : قال كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يخرج يوم الفطر والأضحىٰ إلى المصلىٰ، فأول شىء يبدأ به الصلاة، ثم ينصرف". الحديث. (صحيح البخارى، كتاب العيدين ، باب الخروج إلى المصلى: ۱/۱۳۱ ، قديمى)

"ذلك(أى الخروج إلى الصحراء لصلوة العيد) أفضل من صلاتها فى المسجدلمواظبة النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على ذلك مع فضل مسجده". (فتح البارى ، كتاب العيدين ،باب الخروج إلى المصلى الخ: ۲/۵۷۲، قديمى)

وفى الفتاوى العالمكيرية: "و يستحب ..... والخروج إلى المصلى ماشياً". (الباب السابع عشر فى العيدين: ۱/۱۴۹ ، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ نماز عید کو صحراء میں عیدگاہ میں جا کر ادا کرنا سنت ہے اگر چہ جامع مسجد میں گنجائش ہے اور بہتر یہ ہے کہ امام خود عیدگاہ میں جا کر لوگوں کو نماز پڑھائے اور کسی شخص کو اپنا نائب بنادے جو کہ ضعفاء کو جن میں عیدگاہ میں جانے کی قوت نہیں ہے شہر میں نماز پڑھائے، اگر امام نے کسی کو نائب نہیں بنایا تب بھی گناہ نہیں (۱)۔

جو شرائط جمعہ کے لئے ہیں عموماً وہی عید کے لئے ہیں، مثلاً اِذنِ عام دونوں جگہ شرط ہے، اگر کوئی خاص مکان میں جہاں اذنِ عام نہ ہو نماز عید پڑھے تو یہ درست نہیں جیسا کہ جمعہ درست نہیں، اگر اذنِ عام ہو تو درست ہے، اس جگہ کا وقف ہونا شرط نہیں ہے بلکہ مملوک میں بھی درست ہے (۲)۔

قبریں اگر بالکل قریب ہیں اور مسجد کے سامنے بلا حائل ہیں تو اس سے نماز مکروہ تحریمی ہوتی ہے، مگر صرف ان لوگوں کی جن کے سامنے ہیں، اگر دائیں یا بائیں یا پیچھے ہیں تو اسی ترتیب سے کراہت میں کمی ہوگی، اگر دور ہیں یا حائل موجود ہیں تو کراہت نہیں (۳)۔

---

(۱) "عن أبی إسحاق أن علیاً رضی الله تعالیٰ عنه أمر رجلاً، فصلی بضعفة الناس یوم العید فی المسجد رکعتین". (إعلاء السنن، أبواب الجمعة، باب تعدد الجمعة فی مصر واحد: ۸/۷۲، إدارة القرآن کراچی)

(وکذا فی بدائع الصنائع، کتاب الصلاة، شرائط الجمعة: ۱/۵۸۷، رشیدیه)

(۲) "عن علی رضی الله تعالیٰ عنه قال: "لاجمعة و لا تشریق و لا صلوة فطر و لا أضحی إلا فی مصر جامع أو مدینة عظیمة". (إعلاء السنن، أبواب العیدین، باب تکبیرات التشریق الخ: ۸/۱۲۷، إدارة القرآن، کراچی)

"(تجب صلاتهما) فی الأصح (علی من تجب علیه الجمعة بشرائطها) المتقدمة (سوی الخطبة)". (الدر المختار، کتاب الصلاة، باب العیدین: ۲/۱۶۶، سعید)

وفی الفتاوی العالمکیریة: "تجب صلاة العید علی کل من تجب علیه صلاة الجمعة". (کتاب الصلاة، الباب السابع عشر فی العیدین: ۱/۱۵۰، رشیدیه)

و فی رد المحتار: "ألا تری أن فی الجواهر: لو صلوا فی القری، لزمهم أداء الظهر". (کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۳۸، سعید)

(۳) "عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها، عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال فی مرضه الذی مات فیه:=

جس قسم کی بستی جمعہ کے لئے شرط ہے اسی قسم کی بستی عید کے لئے بھی شرط ہے یعنی شہر ہو یا قصبہ ہو یا ایسا بڑا گاؤں جو کہ اپنی آبادی اور دیگر ضروریات بازار وغیرہ کے لحاظ سے قصبہ کی مانند ہو اور اس کی مردم شماری کم از کم تین ہزار ہو اور جو بستی ایسی نہ ہو اس میں نہ جمعہ کی نماز جائز ہے نہ عیدین کی، جو لوگ پڑھیں گے وہ گنہ گار ہوں گے اور جمعہ کے دن ظہر کا فرض ذمہ میں باقی رہے گا (۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۸/۱۱/۵۲ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح عبد اللطیف مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

نماز عید کے لئے میدان میں جانا مستحب ہے اور مسجد میں پڑھنا خلافِ سنت ہے

سوال [۳۸۹۱]: عید الاضحیٰ کی نماز شہر کی مساجد میں ہو جاتی ہے جیسا کہ یہ مسئلہ بہشتی زیور میں لکھا ہوا ہے، مگر قابلِ دریافت طلب امر یہ ہے کہ کیا اتنی بڑی تعداد میں سنت کا ترک مداومت کا باعث نہیں، واضح ہو ہمارے یہاں شہر میں نوے فیصد مساجد میں عید الاضحیٰ کی نماز پڑھ لی جاتی ہے اور شہر کی مساجد میں نماز پڑھ لینے کی مصلحت یہ بتاتے ہیں کہ جلد از جلد قربانی کے کام سے فرصت مل جاتی ہے۔ ایک امام مسجد اصرار کرتے ہیں کہ شہر میں نماز ادا کر لینا بہتر نہیں، خلافِ سنت ہے، اس لئے عیدگاہ میں نماز ہونی چاہئے۔ ان کا یہ کہنا صحیح ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

عیدگاہ میں جا کر نماز عید ادا کرنا مندوب ہے اگر چہ جامع مسجد میں وسعت ہو: "فإن خصوص

= "لعن اليهود والنصارىٰ اتخذوا قبور أنبيائهم مساجد". قلت: و لو لا ذلک لأبرز قبره غير أنى أخشى أن يتخذ مسجداً". (صحيح البخارى، كتاب الجنائز ، باب ما يكره من اتخاذ المسجد على القبر: ۱/۱۷۷، قديمى)

"لا تكره الصلاة فى جهة قبر إلا إذا كان بين يديه بحيث لو صلى صلاة الخاشعين وقع بصره عليه". (ردالمحتار، كتاب الصلاة ، باب مايفسد الصلاة الخ : ۱/۶۵۴، سعيد)

(۱) (راجع ،ص: ۴۰۳، رقم الحاشية: ۲)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

التوجه إلى المصلى مندوب وإن وسعه المسجدعند عامة المشايخ، و هو الصحيح، اه". طحطاوی، ص: ۲۹۰(۱)۔ اگرعیدگاہ میں لوگ جاکرنمازادا کرلیں اور کچھ لوگ شہر کی جامع مسجد میں پڑھ لیں تب بھی مستحق ملامت نہیں، سب لوگ اگر مسجد ہی میں پڑھیں تو خلافِ مندوب ہے(۲)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۲/۱۷ھ۔

نمازِعیدین صحرا میں یا آبادی میں؟

سوال[۳۸۹۲]: عیدین کی نماز بستی کے اندر ادا کرنا افضل ہے یا آبادی کے باہر صحراء میں؟ حضور سرورعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کیا ثابت ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

عیدین کی نماز صحراء میں افضل ہے: فی الدر المختار: "والخروج إليها: أی الجبّانة لصلوة العيد سنة وإن وسعهم المسجد الجامع، هو الصحيح". و فيه: "الجبانة المصلى العام". وفی ردالمحتار: "(المصلى العام): أی فی الصحراء، بحر عن المغرب". ۸۶۷/۱(۳)۔

---

(۱) (حاشية الطحطاوی على مراقی الفلاح، كتاب الصلاة، باب أحكام العيدين، ص: ۵۳۱، قديمی)

"عن أبی سعيد الخدری رضی الله تعالیٰ عنه قال: كان النبی صلى الله تعالیٰ عليه وسلم يخرج يوم الفطر والأضحیٰ إلى المصلى، فأول شیء يبدأ به الصلوة، ثم ينصرف". الحديث. (صحيح البخاری، كتاب العيدين، باب الخروج إلى المصلى: ۱۳۱/۱، قديمی)

"(والخروج إليها): أی الجبانة لصلاة العيد (سنة وإن وسعهم المسجدالجامع)". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۱۶۹/۲، سعيد)

(۲) "و فيه الخروج إلى المصلى فی العيد وإن صلاتها فی المسجد لاتكون إلا عن ضرورة". (فتح البارى، كتاب العيدين، باب الخروج إلى المصلى الخ: ۵۷۲/۲، قديمی)

"لو صلى العيد فی الجامع ولم يتوجه إلى المصلى، فقد ترک السنة". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۲۷۸/۲، رشيديه)

(وكذا فی حاشية الطحطاوی على الدر المختار، باب العيدين: ۳۵۲/۱، دار المعرفة، بيروت)

(۳) (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۱۶۸/۲، سعيد)

باوجود جامع مسجد میں گنجائش ہونے کے جس میں پانچ سونماز کا ثواب ملتا ہے، خروج الی الجبانۃ کوسنت لکھا ہے، طحطاوی میں ہے:

"(قوله :سنة) فلو لم يتوجه إليها (أى الجبّانة) فقد ترك السنة"(۱)، بلاعذر حضوراکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بھی ثابت ہے: فی فتح الباری: "(ذالك: أى الخروج إلىٰ الصحراء لصلوة العيد) أفضل من صلوتها فى المسجد لمواظبةالنبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على ذلك مع فضل مسجده"(۲)۔ واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ۔

صحیح: عبداللطیف عفا اللہ عنہ، عبدالرحمٰن عفی عنہ، ۱۳/۱/۵۲ھ۔

فیلڈ (میدان) میں نماز عید

سوال[۳۸۹۳]: ایک سرکاری فیلڈ جہاں پر یومِ آزادی، یومِ جمہوریہ کی کارروائیاں کسی بڑے لیڈر کے آنے پر یا کسی دوسرے کی وجہ سے جلسہ جلوس وغیرہ بھی وقوع میں آتے ہیں، کھیل کود وغیرہ بھی ہوتے ہیں، الحاصل ایک شہر کے تمام امور جہاں طے ہوتے ہیں۔ اس فیلڈ (میدان) میں عید کی نماز تمام مسلمان ..... مجتمع ہوکر پڑھنا شرعاً جائز ہے یا نہیں؟ خاص کر جب کہ دو فیلڈ ایک ایسی جگہ واقع ہیں جہاں نماز پڑھنے سے مسلمانانِ شہر اور اسلام کا رُعب باقی اہلِ شہر پر پڑتا ہے۔

---

(۱) (حاشية الطحطاوى على الدر المختار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۱/۳۵۲، دارالمعرفة بيروت)

"لو صلى العيد فى الجامع ولم يتوجه إلى المصلى فقد ترك السنة". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۲/۲۷۸، رشيديه)

"و فيه الخروج إلى المصلى فى العيد، وإن صلاتها فى المسجد لاتكون إلا عن ضرورة". (فتح البارى، كتاب العيدين، باب الخروج إلى المصلى الخ: ۲/۵۷۲، قديمى)

(۲) (فتح البارى، كتاب العيدين، باب الخروج إلى المصلى الخ: ۲/۵۷۲، قديمى)

"عن أبى سعيد الخدرى رضى الله تعالىٰ عنه قال: كان النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يخرج يوم الفطر والأضحىٰ إلى المصلى، فأول شىء يبدأ به الصلوة، ثم ينصرف". الحديث. (صحيح البخارى، كتاب العيدين، باب الخروج إلى المصلى: ۱/۱۳۱، قديمى)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر سرکار کی طرف سے اجازت ہوتو وہاں بھی درست ہے(۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

عیدگاہ اور مساجد میں نمازِ عید

سوال[۳۸۹۴]: مالیگاؤں ایک قصبہ ہے غدر، ۵۷ھ سے پہلے بہت کم مسلمان آباد تھے، مگر غدر کے بعد شمالی ہند سے آکر کثرت سے آباد ہوئے، اب یہاں مسلم آبادی چوبیس ہزار ہے، نماز عیدین کے لئے ایک پرانی اور نہایت چھوٹی سی عیدگاہ بنی ہوئی ہے جس میں زائد سے زائد ایک ہزار آدمی آسکتے ہیں اور عیدگاہ اس وقت اس زمانہ کے مسلمانوں کے لئے یقیناً کافی ہوگی لیکن وہ عیدگاہ کسی طرح کافی نہیں ہوسکتی، علاوہ ازیں اصل بات جو سوال کی محرک بنی، وہ یہ کہ وہ عیدگاہ اس وقت یقیناً صحراء میں تھی لیکن اب آبادی بڑھتے بڑھتے وہ عیدگاہ صحراء بنیں، ابھی بلکہ آبادی میں آگئی ہے۔ایسی صورت میں فقہ حنفی کی روشنی میں مدلل ومفصل بیان فرمائیں۔

۱.....دوسری عیدگاہ ایک وسیع قطعہ زمین چندہ سے خرید کر کسی ایسے مقام پر جہاں صحراء کا پورا اطلاق ہوسکے اگر بنوائی جائے تو جائز ہے یا نہیں، اور اس سے تفریق بین المسلمین تو نہ ہوگی، کیونکہ یہ حقیقت واقعہ ہے کہ موجودہ عیدگاہ میں مسلمانوں کی اکثریت نماز عیدین ادا نہیں کرتی بلکہ یہاں نماز عیدین شہر کی ہر چھوٹی بڑی مسجدوں میں ہوتی ہے اور عیدگاہ میں بہت تھوڑے آدمی جاتے ہیں۔

۲.....مساجد میں نماز عیدین ادا کرنا بلا کراہت جائز ہے یا مع الکراہت؟

---

(۱) "ویشترط لصحتها سبعة أشياء: .....والسابع: (الإذن العام) من الإمام". (الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۱۵۱، سعيد)

"(تجب صلاتهما) فی الأصح (علی من تجب عليه الجمعة بشرائطها) المتقدمة (سوی الخطبة)، فإنها سنة بعدها". (الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب العيدين: ۲/۱۶۶، سعيد)

"تجب صلاة العيد علی كل من تجب عليه صلاة الجمعة". (الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الصلوة، الباب السابع عشر فی العيدين: ۱/۱۵۰، رشيديه)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب العيدين: ۲/۲۷۶، رشيديه)

۳.....نمازعیدین عیدگاہ میں ادا کرنا سنتِ مؤکدہ ہے یا نہیں؟

۴.....موجودہ عیدگاہ جو آبادی میں ہے اس میں نمازعیدین ادا کرنے سے سنت کا ثواب ملتا ہے یا نہیں؟

۵.....اور اگر نمازعیدین جنگل کے کسی حصہ میں بلاعیدگاہ بنائے ادا کرلی جائے، مثلاً ندی کے کنارے کسی میدان میں یا کسی وسیع باغ میں ہو پھر بھی سنت کا ثواب ملے گا یا نہیں، یا عیدگاہیں بنوا کر پڑھنے سے ثواب ملے گا؟

الجواب حامداًومصلیاً:

عید کی نماز صحراء میں جا کر پڑھنا سنت ہے(۱) جب کہ وہاں کوئی شرعی منکر نہ ہو اور مساجد میں پڑھنا بھی مکروہ نہیں، البتہ سنت کا ثواب حاصل نہ ہوگا(۲)۔ صحراء میں عیدگاہ کا ہونا ضروری نہیں بلکہ عیدگاہ کے بغیر بھی صحراء میں پڑھنے سے سنت کا ثواب حاصل ہوجائے گا، بہتر یہ ہے کہ تمام آدمی جنگل میں جا کر عیدین ادا کریں اور جو معذورین ہوں وہ سابق عیدگاہ میں (جو آبادی میں ہے) ادا کریں اور ہر مسجد میں عیدین کی ادائیگی بند کردی جائے اور اگر وسعت اور سہل ہو تو جنگل میں نئی عیدگاہ بنائیں ورنہ بغیر عیدگاہ ہی ادا کرلیا کریں:

---

(۱) "عن أبی سعیدالخدری رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم یخرج یوم الفطر والأضحی إلی المصلی، فأول شیء یبدأ به الصلوة". الحدیث. (صحیح البخاری، کتاب العیدین، باب الخروج إلی المصلی الخ: ۱/۱۳۱، قدیمی)

"ذلک (أی الخروج إلی الصحراء لصلوة العید) أفضل من صلاتها فی المسجد لمواظبة النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم علی ذلک مع فضل مسجده". (فتح الباری، کتاب العیدین، باب الخروج إلی المصلی: ۲/۵۷۲، قدیمی)

"والخروج إلی الجبانة فی صلاة العید سنة الخ". (الفتاویٰ العالمکیریة، الباب السابع عشر فی العیدین: ۱/۱۵۰، رشیدیه)

(۲) "لو صلی العید فی الجامع و لم یتوجه إلی المصلی، فقد ترک السنة". (البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب العیدین: ۲/۲۷۸، رشیدیه)

"فلو لم یتوجه إلیها (أی الجبانة) فقد ترک السنة" (حاشیة الطحطاوی علی الدر المختار، باب العیدین: ۱/۳۵۲، دار المعرفة)

Made searchable using ScribeTools.com

"والخروج إليها : أى الجبانة لصلوة العيد سنة وإن وسعهم المسجد الجامع، هو الصحيح". "قال فى الظهيرية: و قال بعضهم: ليس سنة، و تعارف الناس لضيق المسجد و كثرة الزحام، والصحيح هو الأول ، وفى الخلاصة و الخانية: أن يخرج الإمام إلى الجبانة ويستخلف غيره ليصلى فى المصر بالضعفاء بناءً علىٰ أن صلوة العيدين فى موضعين جائزة بالاتفاق، وإن لم يستخلف فله ذلك"۔ در مختار وردمحتار: ۱/۱۶۷(۱)۔ واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم۔

عیدگاہ شہر سے کتنی دور ہو؟

سوال[۳۸۹۵]: مسجد سے عیدگاہ کتنے فاصلہ پر ہونا چاہئے؟ قرآن وحدیث سے جواب دیکر شکریہ کا موقع عنایت فرمائیں۔

الجواب حامداًومصلیاً:

شریعت کی طرف سے اس کا کوئی فاصلہ متعین نہیں ہے، بس اتنی بات ہے کہ نماز عید آبادی سے باہر ادا کرنا مندوب ومستحب ہے(۲) كماصرّح به فى مراقى الفلاح(۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۷/۴/۹۰ھ۔

---

(۱) (الدر المختار ، مع رد المحتار ، كتاب الصلاة ، باب العيدين : ۲/۱۶۸ ، سعيد)

"عن أبى إسحاق أن علياً رضى الله تعالىٰ عنه أمر رجلاً، فصلى بضعفة الناس يوم العيد فى المسجد ركعتين": (إعلاء السنن، أبواب الجمعة، باب تعدد الجمعة: ۸/۷۲، إدارة القرآن كراچى)

(و كذا فى بدائع الصنائع، كتاب الصلاة ، شرائط الجمعة : ۱/۵۸۷، رشيديه)

(۲) "عن أبى سعيدالخدرى رضى الله تعالىٰ عنه قال: كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يخرج يوم الفطر والأضحى إلى المصلى، فأول شىء يبدأ به االصلوة". الحديث. (صحيح البخارى ، كتاب العيدين ، باب الخروج إلى المصلى الخ : ۱/۱۳۱ ،قديمى)

(۳) "وندب: أى استحب لمصلى العيد فى يوم الفطر ثلاثة عشر شيئاً .....و صلاة الصبح فى مسجد حيه) لقضاء حقه، ويتمخض ذهابه لعبادة مخصوصة. وفى قوله: (ثم يتوجه إلى المصلى) إشارة إلى تقديم ماتقدم على الذهاب (ماشياً) بسكون و وقار و غض بصر". (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح ، كتاب الصلاة، باب أحكام العيدين، ص: ۵۳۱، قديمى)

"(والخروج إليها): أى الجبانة لصلاة العيد سنة وإن وسعهم المسجد الجامع". (الدرالمختار، كتاب الصلاة ، باب العيدين : ۲/۱۶۹ ، سعيد)

Made Searchable by ScribeTools.com

قبرستان میں نماز عید

سوال[۳۸۹۶]: یہاں ایک وقف کردہ قبرستان ہے، قبرستان کے چاروں طرف چہار دیواری ہے، شہر کی بیشتر میت اسی قبرستان میں دفن کئے جاتے ہیں، قبرستان کے اندر کچھ زمین ابھی خالی ہے اس خالی زمین کے پیچھے جو زمین ہے اسی میں میت دفن کئے جاے ہیں، جب ضرورت ہوگی سامنے کی اس خالی زمین میں بھی میت دفن کی جائے گی۔ فی الحال شہر کو عیدین کی نماز ادا کرنے کے لئے ایک عیدگاہ کی ضرورت ہے، کچھ لوگوں کا ارادہ ہے کہ قبرستان کے باہر ایک غیر مذہب آدمی کی زمین قبرستان کے متصل ہے اسے خرید کر عیدگاہ بنایا جائے، اکثر لوگ اسی کو پسند کر رہے ہیں، لیکن دو چار لوگ کہتے ہیں کہ ابھی عیدگاہ خریدنے کی ضرورت نہیں، بعد میں خریدیں گے ابھی عید کی نماز قبرستان کے اندر جو زمین خالی ہے اس میں پڑھیں گے۔

لیکن سب سے بڑی بات یہ ہے کہ اگر وقف شدہ قبرستان کی اسی خالی زمین (جس کے سامنے قبر وغیرہ نہیں ہے) میں نماز پڑھنے کی اجازت دیدی جائے تو قبرستان کی وہ زمین ایک دن عیدگاہ بن جائیگی اور قبرستان کے قبضہ سے زمین نکل جائے گی اور جب ضرورت ہوگی تو اس میں مردے دفن نہیں کرسکیں گے اور ایک عیدگاہ خریدنے کی جو بات مکمل ہوگئی ہے وہ ختم ہوجائے گی۔ اب اہلِ شہر آپ کے جواب کے منتظر ہیں کہ جو جواب آپ عنایت کردیں گے اس پر عمل کیا جائے گا، اگر قبرستان کی زمین میں نماز پڑھنے کی ذرا بھی اجازت مل گئی تو شہر میں ہنگامہ کھڑا ہوجائے گا، امید ہے کہ اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے جواب دیں گے۔

نقشہ قبرستان



Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

جب کہ اس قبرستان میں مردے دفن ہوتے ہیں اور وہاں قبریں نئی و پرانی ہر قسم کی موجود ہیں تو وہاں نماز عید ادا نہ کی جائے بلکہ اس کے قریب جو جگہ موجود ہے اور اس کو خرید کر عیدگاہ بنانے کی تجویز ہے تو اسی کو خرید کر عیدگاہ بنالیں، اس میں خلفشار وانتشار نہ کریں۔ واقف جس نیک مقصد کے لئے جو جگہ وقف کرے اس مقصد کو ختم نہ کیا جائے اور دوسرے مقصد کے لئے وہ جگہ متعین نہ کی جائے، حتی الوسع شرعاً منشائے واقف کی رعایت لازم ہے:"لأن شرط الواقف كنص الشارع "(۱) قبرستان میں نماز پڑھنے کی ممانعت حدیث وفقہ سے ثابت ہے(۲)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۸/ ۸/ ۹۱ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ۔

---

(۱) (الدر المختار ، كتاب الوقف ، مطلب فی قولهم: شرط الواقف كنص الشارع : ۴/۴۳۳، سعيد)

(۲) "عن أبی سعيد الخدری رضی الله تعالیٰ عنه : قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "الأرض كلها مسجد إلا المقبرة والحمام". (جامع الترمذی، أبواب الصلوة، باب ما جاء أن الأرض كلها مسجد إلا المقبرة والحمام : ۱/۷۳، سعيد)

"بابٌ: هل ينبش قبور مشركی الجاهلية، و يتخذ مكانها مساجد لقول النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: "لعن الله اليهود اتخذوا قبور أنبياء هم مساجد "عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها أن أم حبيبة و أم سلمة رضی الله تعالیٰ عنهما ذكرتا كنيسةً ..... فقال: صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: "إن أولئک إذا فيهم الرجل الصالح فمات وبنوا علی قبره مسجداً وصوّروا فيه تلک الصور، أولئک شرار الخلق عند الله يوم القيمة". (صحيح البخاری، كتاب الصلاة : ۱/ ۶۱، قديمی)

قال العلامة العينی رحمه الله تعالیٰ : "ذِكر ما يستنبط منه من الأحكام ..... و فيه منع بناء المسجد علی القبور و مقتضاه التحريم كيف و قد ثبت اللعن عليه ..... اهـ. وما يكره من الصلاة فی القبور: و رأبی عمر بن الخطاب رضی الله تعالیٰ عنه أنسَ بن مالک رضی الله تعالیٰ عنه يصلی عند قبر، فقال: القبر القبر! و لم يأمر بالإعادة". اهـ. أی لم يأمر عمر أنساً بإعادة صلاته ذلک، فدل علی أنه يجوز ولكن يكره، واعلم أن العلماء اختلفوا فی جواز الصلاة علی المقبرة .....و ذهب الثوری =

نمازِ عید قبرستان میں

سوال[۳۸۹۷] : عیدگاہ کے متصل قبرستان واقع ہے، جب عیدگاہ نمازیوں سے بھر جاتی ہے تو لوگ قبرستان میں بھی عید کی نماز کے لئے کھڑے ہو جاتے ہیں تو ایسی صورت کی وجہ سے قبرستان میں نماز کا کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

نمازی کے آگے قبریں ہوں تو نماز مکروہِ تحریمی ہے(۱)۔فقط۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

= وأبوحنيفة والأوزاعي رحمهم الله تعالىٰ عليهم إلى كراهة الصلوة فى المقبرة". (عمدة القارى، كتاب الصلاة، باب هل ينبش قبور مشركى الجاهليةالخ : ۱۷۴/۴، ۱۷۳، مطبع منيرية)

"لا تكره الصلاة فى جهة قبر إلا إذا كان بين يديه، بحيث لو صلى صلاة الخاشعين و قع بصره عليه". (ردالمحتار، كتاب الصلاة،باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها : ۶۵۴/۱، سعيد)

(۱) "عن أبى مرثد الغنوى رضى الله تعالىٰ عنه قال: "قال النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "لاتجلسوا على القبور ولا تصلوا إليها". (جامع الترمذى، أبواب الجنائز، باب كراهة الوطى والجلوس عليها: ۲۰۳/۱، سعيد)

"ورأى عمر بن الخطاب رضى الله تعالىٰ عنه أنس بن مالك يصلى عند قبر، فقال: القبر القبر، ولم يأمر بالإعادة".

قال العلامة العينى رحمه الله تعالىٰ: "أى لم يأمر عمر النساء باعادة الصلاة ذلك، فدل على أنه يجوز ولكن يكره". (عمدة القارى، كتاب الصلاة، باب: هل ينبش قبور شركى الجاهليه: ۱۷۳/۴، ۱۷۴، سعيد)

"لاتكره الصلاة فى جمعة قبر إلا إذا كان بين يديه بحيث لوصلى صلاة الخاشعين، وقع بصره عليه". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب: مايفسد الصلوة ومايكره فيها: ۶۵۴/۱، سعيد)

(وكذا فى حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلوة، فصل فى المكروهات، ص: ۳۵۶، ۳۵۷، قديمى)

Made searchable using ScribeTools.com

بارش میں نماز عید کہاں پڑھیں؟

سوال[۳۸۹۸]: بارش بہت زوروں سے شروع ہے، لوگ مقررہ عیدگاہ جانے سے قاصر ہیں تو کیا اس موضع میں جس میں دو چار یا دس بیس تیس گھر مسلمانوں کے ہیں اور مسجد بھی ہے، یا نہیں ہے تو نماز عیدین اپنے موضع میں ایسی صورت میں ادا کر سکتے ہیں یا نہیں، ادا کر سکتے ہیں تو کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایسے موضع میں نماز عید درست نہیں، نہ پڑھنے سے کوئی گناہ نہیں ہوگا، مطمئن رہیں: "تجب صلوتهما على من تجب عليه الجمعة". در مختار(۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۲/شوال/ ۶۷ھ۔

بلا عذر مسجد میں عید کی نماز

سوال[۳۸۹۹]: عید کی نماز عیدگاہ کے علاوہ مساجد میں ہوسکتی ہے یا نہیں؟ معذورین کو تو عذر ہے، ان کے علاوہ مساجد میں عید کی نماز پڑھ سکتے ہیں یا نہیں اور اگر نہیں تو جن لوگوں نے مسجد میں عید کی نماز پڑھ لی تو ان کی نماز ہو جائے گی یا نہیں؟ براہ کرم مفصل جواب تحریر فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

مسنون طریقہ یہی ہے کہ عید کی نماز عیدگاہ میں جا کر متفقہ طور پر سب ایک ہی جگہ ادا کریں(۲)، لیکن

---

(۱) (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۲/۱۶۶، سعيد)

"عن علي رضي الله تعالىٰ عنه أنه قال: "لا جمعة و لا تشريق و لا صلوة فطر و لا أضحى إلا في مصر جامع أو مدينة عظيمة". (إعلاء السنن، أبواب الجمعة، باب عدم جواز الجمعة في القرى: ۸/۱، إدارة القرآن، كراچی)

"تجب صلاة العيد على كل من تجب عليه صلاة الجمعة، كذا في الهداية". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب السابع في صلاة العيدين: ۱/۱۵۰، رشيديه)

(۲) "عن أبي سعيد الخدري رضي الله تعالى عنه قال: كان النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يخرج يوم=

جن لوگوں نے مسجد میں بلا عذر نمازِ عید ادا کر لی ہے نماز ان کی بھی ہوگئی (۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

مسجد میں نماز عید پڑھنا خلاف سنت ہے

سوال[۳۹۰۰]: نماز عیدین کو ہمیشہ مسجد میں پڑھنا اور باوجود باہر عیدگاہ ہونے باہر نہ جانا اور لوگوں کا یہ کہنا کہ باہر جانے کی ضرورت نہیں ہے باجودیکہ کوئی عذر بھی نہیں ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

عید کی نماز عیدگاہ میں جا کر پڑھنا سنت ہے (۲)، اگر کوئی عذر ہو تو مسجد میں بھی درست ہے اور بلا عذر

= الفطر والأضحى إلى المصلى، فأول شئى يبدأ به الصلوة، ثم ينصرف". الحديث. (صحيح البخارى، كتاب العيدين، باب الخروج الى المصلى : ۱/۱۳۱، قديمى)

"(والخروج إليها): أى الجبانة لصلاة العيد (سنة وإن وسعهم المسجد الجامع)". (الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب العيدين : ۲/۱۶۹، سعيد)

(وكذا فى حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلوة، باب أحكام العيدين، ص: ۵۳۱، قديمى)

(۱) نماز تو ادا ہوگئی لیکن بلا عذر مسجد میں جا کر نماز عید پڑھنے میں ترکِ سنت ہے:

"وفيه الخروج إلى المصلى فى العيد، وإن صلاتها فى المسجد لاتكون إلاعن ضرورة". (فتح البارى، كتاب العيدين، باب الخروج إلى المصلى : ۲/۵۷۲، قديمى)

"لوصلى العيد فى الجامع ولم يتوجه إلى المصلى، فقد ترك السنة". (البحرالرائق، كتاب الصلوة، باب العيدين: ۲/۲۷۸، رشيديه)

(وكذا فى حاشية الطحطاوى على الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب العيدين: ۱/۳۵۲، دارالمعرفة، بيروت)

(۲) "عن أبى سعيدالخدرى رضى الله تعالىٰ عنه :قال: كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يخرج يوم الفطر والأضحى إلى المصلى، فأول شىء يبدأ به الصلوة، ثم ينصرف". الحديث. (صحيح البخارى، كتاب العيدين ، باب الخروج إلى المصلى الخ : ۱/۱۳۱،قديمى)

"ذلك (أى الخروج إلى الصحراء لصلوة العيد) أفضل من صلاتها فى المسجد لمواظبة النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على ذلك مع فضل مسجده". (فتح البارى، كتاب العيدين ، باب الخروج إلى المصلى: ۲/۵۷۲، قديمى) ..... =

Made Se[redacted]ools.com Made searchable using ScribeTools.com

مسجد میں پڑھنے سے تو نماز تو ہو جاتی ہے، لیکن حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اتباع کی فضیلت حاصل نہیں ہوتی، نیز باہر جا کر ادا کرنے میں کچھ اَور بھی مصالح ہیں وہ بھی اس صورت میں فوت ہوتی ہیں۔ اگر کوئی شخص خود عیدگاہ میں نہ جائے تو بلا وجہ دوسروں کو جانے سے نہیں روکنا چاہئے (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

مساجد میں عید کی نماز

سوال [۳۹۰۱]: **الف**..... ہمارے شہر میں پہلے سے دو عیدگاہ ہیں، دونوں عیدگاہوں کے درمیان کا فاصلہ دو فرلانگ ہے، ایک تیسری عیدگاہ بھی ہے، پہلے دو عیدگاہوں اور اس کے درمیان ایک دریا بھی ہے، یہ تیسری عیدگاہ گزشتہ عیدالفطر سے جاری ہوئی ہے۔ لہٰذا کیا اس صورت میں مساجد میں نماز پڑھنا شرعاً ممنوع ہے یا نہیں؟

ب..... قاضی ہونے کی حالت میں مختلف عیدوں میں مختلف عیدگاہوں میں نماز پڑھنا چاہیے، یا سب مسلمانوں کو ایک عیدگاہ کے بنانے تک مسجد میں نماز پڑھنا بہتر ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

الف..... مندوب ومستحب یہ ہے کہ عید کی نماز عیدگاہ میں ادا کی جائے، پنجگانہ کی مسجد میں ادا کرنے

= "الخروج إليها: أى الجبانة لصلوة العيد سنة". (الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب العيدين: ۱۶۸/۲، سعيد)

(۱) "وقال الشافعى فى الأم: "بلغنا أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان يخرج فى العيدين إلى المصلى بالمدينة، وكذا من بعده إلا عذر مطر و نحو الخ". (إعلاء السنن، أبواب العيدين، باب الخروج يوم الفطر والأضحىٰ الخ ۹۱/۸، ۹، إدارة القرآن، كراچى)

"وفيه: الخروج إلى المصلى فى العيد وإن صلاتها فى المسجد لاتكون إلّا عن ضرورة". (فتح البارى، كتاب العيدين، باب الخروج إلى المصلى الخ: ۵۷۲/۲، قديمى)

"لو صلى العيد فى الجامع و لم يتوجه إلى المصلى، فقد ترك السنة". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۲۷۸/۲، رشيديه)

سے بھی نماز عید ادا ہو جاتی ہے، لیکن اظہارِ شوکتِ اسلام میں کمی ہوتی ہے کیونکہ مجمع متفرق اور منتشر رہتا ہے(۱)۔

ب..... جب تک جامع عیدگاہ بنے اس وقت تک دونوں عیدگاہوں میں پڑھا کریں، سب مساجد میں جاری نہ کریں(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

معذورین کے لئے جامع مسجد میں نماز عید

سوال[۳۹۰۲]: بستی سے عیدگاہ تقریباً ایک میل دور ہے، لوگ دور جانے میں گھبراتے ہیں، عیدگاہ کے چاروں طرف غیر مسلم کی زمین ہے، بستی والے عیدگاہ قریب بنانا چاہتے ہیں۔ اگر عیدگاہ دوسری بنالیں تو اس عیدگاہ کا کیا کیا جائے؟ غیر مسلم بے حرمتی کریں گے، پہلی عیدگاہ کی حفاظت مشکل ہوگی، بستی مسلمانوں سے خالی ہوجاتی ہے، عورتیں وغیرہ اکیلی رہ جاتی ہیں، غیر مسلم سے نقصان کا خطرہ رہتا ہے۔ ایسی حالت میں عیدگاہ بنائی جائے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

پرانی عیدگاہ ویران نہ کریں وہاں جا کر نماز پڑھا کریں(۳) بستی میں بھی مثلاً جامع مسجد میں عید کا

---

(۱) (تقدم تخریجه تحت عنوان: ''بلاعذر مسجد میں عید کی نماز''۔)

(۲) "وتؤدى صلوة العيد بمصر واحد بمواضع كثيرة اتفاقاً". (الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب العيدين: ۱۷۶/۲، سعيد)

"وتجوز إقامة صلاة العيد فى موضعين، وأما إقامتها فى ثلاثة مواضع، فعند محمد رحمه الله تعالىٰ يجوز الخ". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلوة، الباب السابع عشر فى صلاة العيدين: ۱۵۰/۱، رشيديه)

(وكذا فى بدائع الصنائع، كتاب الصلوة، شرائط الجمعة: ۵۸۷/۱، رشيديه)

(۳) "عن أبى سعيدالخدرى رضى الله تعالىٰ عنه قال: كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يخرج يوم الفطر والأضحى إلى المصلى، فأول شىء يبدأ به الصلوة". الحديث. (صحيح البخارى، كتاب العيدين، باب الخروج إلى المصلى الخ: ۱۳۱/۱، قديمى)

"ذلك (أى الخروج إلى الصحراء لصلوة العيد) أفضل من صلاتها فى المسجد لمواظبة =

Made searchable using ScribeTools.com

انتظام کرلیں، ضعیف اور معذور لوگ یہاں پڑھ لیا کریں، اس طرح معذوروں کو دشواری نہ ہوگی، بستی بھی خالی نہیں ہوگی (۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

دو بستیوں میں ایک عیدگاہ

سوال[۳۹۰۳]: دوگاؤں میں جو بالکل قریب قریب ہیں اور دونوں میں کچھ فاصلہ بھی نہیں ہے دونوں کے مابین ایک عیدگاہ ہے اور جمعہ دونوں میں ہوتا ہے لیکن نماز عید ایک ہی جگہ پڑھی جاتی ہے، امسال عید الفطر کے موقع پر ایک شخص تقریر کررہا تھا تو عیدگاہ والوں نے اس شخص کو تقریر کرنے سے منع کیا، نماز ایک فاسق شخص نے پڑھائی اور دوسرے آدمی ڈاڑھی منڈے نے خطبہ پڑھا اور عیدگاہ میں اتنی گنجائش نہیں ہے کہ تمام آدمیوں کو محیط ہوسکے، بہت چھوٹی ہے اس کے برطرف قبرستان ہیں، جو لوگ عیدگاہ میں نہیں آسکے وہ نیچے کھڑے ہوکر قبرستان میں نماز پڑھتے ہیں تو اب عرضِ مستفتی یہ کہ اس وقت دوسری عیدگاہ بناسکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جس بستی میں نماز جمعہ کی شرائط موجود ہوں اس میں اَولیٰ وافضل یہ ہے کہ جمعہ اور عید ایک ہی جگہ ہو،

= النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم علی ذلک مع فضل مسجده". (فتح الباری، کتاب العیدین، باب الخروج إلی المصلی: ۲/۵۷۲، قدیمی)

"الخروج إلیها: أی الجبانة لصلوة العید سنة". (الدرالمختار، کتاب الصلوة، باب العیدین: ۲/۱۶۹، سعید)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب السابع عشر فی العیدین: ۱/۱۴۹، رشیدیه)

(۱) "عن أبی إسحاق أن علیاً رضی اللہ تعالیٰ عنه أمر رجلاً، فصلی بضعفة الناس یوم العید فی المسجد رکعتین". (إعلاء السنن، أبواب الجمعة، باب تعدد الجمعة: ۸/۸۲، إدارة القرآن کراچی)

"السنة أن یخرج الإمام إلی الجبانة و یستخلف غیره لیصلی فی المصر بالضعفاء بناءً علی أن صلوة العیدین فی موضعین جائزة بالاتفاق..... اهـ". (ردالمحتار، کتاب الصلاة، باب العیدین: ۲/۱۶۸، سعید)

(و کذا فی البدائع، کتاب الصلاة، شرائط الجمعة: ۱/۵۸۷، رشیدیه)

لیکن تنگی یا دیگر عوارض کی وجہ سے اگر دوسری جگہ بھی ہو جائے تب بھی مضائقہ نہیں (۱)، پس اگر وہ دونوں گاؤں اپنی آبادی و دیگر ضروریات بازار وغیرہ کے لحاظ سے علیحدہ علیحدہ قصبہ کی مانند ہیں، مثلاً ہر ایک کی مردم شماری تین چار ہزار ہے اور ہر ایک میں گلی کوچہ و بازار ہے اور روزمرہ کی ضروری اشیاء کھانے، پہننے، دوادارو، کفن وغیرہ کے متعلق سب ملتی ہیں، تب تو دونوں میں علیحدہ علیحدہ جمعہ بھی جائز ہے اور عید بھی ہر بستی والے اپنی اپنی علیحدہ علیحدہ عیدگاہ میں پڑھیں۔ اگر علیحدہ علیحدہ دونوں گاؤں قصبہ کے مثل نہیں بلکہ دونوں کا مجموعہ قصبہ کے مثل ہے اور دونوں میں کوئی فصل نہیں بلکہ اتصال ہے، اگر دیکھنے والے کو پہلے سے علم نہ ہو تو وہ دونوں ایک ہی بستی سمجھے (تو) وہ دونوں ایک ہی بستی کے حکم میں ہیں اس میں تعدد جمعہ وعیدین درست ہے (۲)۔ اگر ان

---

(۱) "عن أبی إسحاق أن علیاً رضی الله تعالیٰ عنه أمر رجلاً، فصلی بضعفة الناس یوم العید فی المسجد رکعتین".

"قال الشیخ ظفر أحمد رحمه الله تعالیٰ: "قلت: إن نظرنا إلی الدلیل الذی استدل به من جوز تعدد الجمعة، فالأظهر عدم جوازه بدون الحاجة، فإن علیاً رضی الله تعالیٰ عنه إنما أقام العید الثانی لحاجة ضعفه الناس إلیها، وإن نظرنا إلی أنه لم یثبت مانعٌ صریحٌ من التعدد فالأظهر الجواز مطلقاً، والعید فیه سواء، إلا أنه یستحب أن لا تؤدی بغیر حاجة إلا فی موضع واحد خروجاً من الخلاف".

(إعلاء السنن، أبواب الجمعة، باب تعدد الجمعة فی مصر واحد: ۸/۷۲، ۷۳، إدارة القرآن کراچی)

"(وتؤدی بمصر) واحد (بمواضع) کثیرة (اتفاقاً)". (الدر المختار، کتاب الصلاة، باب العیدین: ۲/۱۷۶، سعید)

(وکذا فی الفتاوی العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب السابع عشر فی العیدین: ۱/۱۵۰، رشیدیه)

(وکذا فی بدائع الصنائع، کتاب الصلاة، شرائط الجمعة: ۱/۵۸۷، رشیدیه)

(۲) "ومن کان مقیماً فی أطراف المصر لیس بینه و بین المصر فرجةٌ بل الأبنیة متصلةٌ إلیه، فعلیه الجمعة، وإن کان بینه و بین المصر فرجة من المزارع والمراعی، فلا جمعة علیه". (الحلبی الکبیر، کتاب الصلاة، فصل فی صلاة الجمعة، ص: ۵۵۲ سهیل اکیڈمی لاهور)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۲۴۷، رشیدیه)

"(تجب صلاتهما) فی الأصح (علی من تجب علیه الجمعة بشرائطها) المتقدمة (سوی=

Made searchable using ScribeTools.com

دونوں میں اتصال نہیں بلکہ انفصال ہے کہ ایک بالکل علیحدہ بستی ہے دوسری علیحدہ تو پھر وہاں نہ جمعہ کی نماز جائز ہے نہ عیدین کی (۱)۔

"وفی الخلاصة و الخانية: السنة أن يخرج الإمام إلى الجبانة و يستخلف غيره ليصلى فی المصر بالضعفاء بناءً على أن صلوة العيدين فی موضعين جائز بالاتفاق، وإن لم يستخلف فله ذلك". شامی (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، صحیح: عبد اللطیف، ۷/ ذیقعدہ/ ۵۹ھ۔

قدیم عیدگاہ پر غیروں کے قبضہ ہوجانے کے اندیشہ سے نماز عید ادا کرنا

سوال [۳۹۰۴]: موضع دھلا پڑہ جس کی مردم شماری تقریباً ۷۷۳/ ہے اور دو مسجدیں پختہ ہیں اور

= الخطبة الخ)". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۲/ ۱۶۶، سعيد)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۲/ ۲۷۶، رشيديه)

(۱) "وعن علی رضی الله تعالیٰ عنه أنه قال: "لا جمعة و لا تشريق و لا صلوة فطر و لا أضحى إلا فی مصر جامع أو مدينة عظيمة". (إعلاء السنن، أبواب الجمعة، باب عدم جواز الجمعة فی القرى: ۸/ ۱، إدارة القرآن كراچی)

"و يشترط لصحتها سبعة أشياء: الأول المصر الخ". (الدرالمختار). "عن أبی حنيفة رحمه الله تعالیٰ أنه بلدة كبيرة، فيها سكك و أسواق، ولها رساتيق، وفيها والٍ يقدر على إنصاف المظلوم من الظالم بحشمته وعلمه أوعلم غيره، و يرجع الناس إليه فيما يقع من الحوادث، وهذا هو الأصح".

(ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/ ۱۳۷، سعيد)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/ ۲۴۵، ۲۴۶، رشيديه)

(۲) (رد المحتار، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۲/ ۱۶۹، سعيد)

"عن أبی إسحاق أن علياً رضی الله تعالیٰ عنه أمر رجلاً، فصلى بضعفة الناس يوم العيد فی المسجد، ركعتين". (إعلاء السنن، أبواب الجمعة، باب تعدد الجمعة: ۸/ ۸۲، إدارة القرآن كراچی)

(وكذا فی بدائع الصنائع، كتاب الصلاة شرائط الجمعة: ۱/ ۵۸۷، رشيديه)

Made Searchable by ScribeTools.com

ایک عیدگاہ بھی قدیم زمانہ سے بنی ہوئی ہے جس میں موضع دھلا پڑہ والے ودیگر آس پاس کے گاؤں کے آدمی نمازعیدین ادا کرتے ہیں، مگر تقریباً عرصہ ایک سال کا ہوا ایک مولانا صاحب نے فرمایا کہ یہاں نمازعیدین نہ پڑھو۔ اب لوگ نمازعیدین پڑھنے سے رک گئے مگر چونکہ موضع دھلا پڑہ کے آس پاس اہلِ ہنود کا قبضہ ہو گیا ہے، اندیشہ ہے کہ کہیں عیدگاہ پر قابض نہ ہو جائیں، چوں کہ مسلمانوں کی حالت بہت ابتر ہے اور موجودہ صورت میں عیدگاہ قدیم میں چونکہ نمازعیدین نہیں پڑھی جاتی، خود موضع مذکورہ والے ومتصل موضع والے نماز عیدین پڑھنے سے محروم ہیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اتنے چھوٹے گاؤں میں حنفیہ کے نزدیک عیدین کی نماز جائز نہیں (۱) اور جو مصلحت سوال میں بیان کی گئی ہے اس مصلحت سے بھی شرعاً وہاں عیدین کی نماز درست نہیں ہوسکتی۔

عیدگاہ کی حفاظت کے لئے سب کو مل کر کوئی اَور تدبیر کرنی چاہیے اور عیدین کی نماز جب گاؤں والوں پر واجب نہیں تو پھر نہ پڑھنے سے کوئی گناہ نہ ہوگا۔ اس میں افسوس کی کیا بات ہے، اگر فضیلت حاصل کرنا چاہتے ہیں تو کسی دوسری جگہ - جہاں پر نمازعیدین درست ہوسکتی ہو- جا کر پڑھا کریں جیسا کہ اہلِ عوالی کئی کئی میل سے مدینہ شریف میں آتے تھے اور اپنے یہاں نہیں پڑھتے تھے (۲)۔

---

(۱) "وعن علی رضی الله تعالیٰ عنه أنه قال: "لا جمعة و لا تشریق و لا صلوة فطر و لا أضحی إلا فی مصر جامع أو مدینة عظیمة". (مصنف ابن أبی شیبة: ۱/۴۳۹، رقم الحدیث: ۵۰۵۹، کتاب الصلوة، باب من قال: لاجمعة ولاتشریق الخ، دارالفکر، بیروت)

"صلوة العید فی القری تکره تحریما". (الدرالمختار، کتاب الصلاة باب العیدین: ۲/۱۶۷، سعید)

"صلاة العید فی الرساتیق تکره کراهة تحریم؛ لأنه اشتغال بما لا یصح؛ لأن المصر شرط الصحة". (البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۲۷۷، رشیدیه)

(۲) "عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها زوج النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم أنها قالت: کان الناس ینتابون الجمعة من منازلهم ومن العوالی". (سنن أبی داؤد، تفریع أبواب الجمعة، باب من تجب علیه صلوة الجمعة: ۱/۱۵۱، مکتبه دار الحدیث ملتان)

"عن إبراهیم قال: تؤتی الجمعة من فرسخین". "عن أنس رضی الله تعالیٰ عنه أنه کان شهد =

Made searchable using ScribeTools.com

عیدگاہ پر قبضہ کرنے کا خوف ہے اور یہ خوف نہیں کہ مکانوں پر ہندو قبضہ کرلیں گے، اگر یہ خوف ہوتو کیا مکانوں پر عیدین یا جمعہ کی نماز شروع کردو گے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۵/۳/ ۵۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، ۱۵/ ربیع الاول/ ۵۷ھ۔

جدید وقدیم عیدگاہوں میں نمازِ عید

سوال[۳۹۰۵]: واقعہ یہ ہے کہ ہمارے یہاں چھوٹے چھوٹے اٹھارہ گاؤں کے لوگوں نے مل کر ۱۹۴۸ء میں ایک عیدگاہ بنائی فخر الدین صاحب کی آدھی بیگہ زمین پر، اور فخر الدین صاحب نے مذکورہ آدھی بیگہ زمین کو وقف کردیا۔ رفتہ رفتہ جب مصلیوں کی تعداد بڑھ گئی، حتی کہ وضوء کی جگہ میں بھی عید کی نماز ادا کی گئی تو لوگوں نے مزید زمین کی ضرورت محسوس کی اور متولی فخر الدین صاحب سے مزید زمین کا مطالبہ کیا تو وہ عیدگاہ کی پچھّم (۱) جانب سے حسبِ ضرورت زمین دینے پر راضی ہوگئے۔ اس کے بعد متولی صاحب کا انتقال ہوگیا، جس کی وجہ سے ان کی حیات میں مزید زمین لینے کی نوبت نہ آئی۔

اس کے بعد ان کے بڑے بیٹے ابراہیم کو نیا متولی منتخب کیا گیا، نئے متولی صاحب کے دور میں پہلی مرتبہ نماز عید ادا کرنے کے بعد ان کے والد صاحب کی رضامندی کے مطابق لوگوں نے مزید زمین کا مطالبہ کیا، چونکہ زمین بالکل گھر کے قریب ہے اور ان کو اپنے لئے اس زمین کی ضرورت ہے جس کی وجہ سے عیدگاہ کے لئے مزید زمین دینا ناممکن ہے کہہ کر جوب دے دیا، بالآخر لوگوں نے ان کو ان کے والد صاحب کا وعدہ یاد دلایا تو اس نے لاعلمی کا اظہار کیا، اور ایک ٹیڑھی بات یہ کہی کہ جس نے زمین دی ہے ان کی قبر پر جا کر کہئے، ہم زمین نہیں دیں گے۔

اس کے بعد ایک اَور عید کی نماز جائے وضو اور وقف کردہ زمین کے علاوہ باہر میں بہت دقت کے ساتھ ادا کی گئی۔ اس کے بعد دس بارہ مرتبہ مجلس کرکے ان کو اور ان کے بھائیوں کو سمجھایا گیا اور عاجزی بھی کی گئی، پھر

= الجمعة من الزاوية، وهي على فرسخين". (أوجز المسالک، افتتاح الصلاة، باب ما جاء في الإمام ينزل بقرية يوم الجمعة في السفر: ۲/ ۲۴۶، إداره تاليفات اشرفيه، ملتان)

(۱) ''پچھّم: مغرب: وہ سمت جدھر سورج ڈوبتا ہے''۔ (فیروز اللغات، ص: ۲۸۱، فیروز سنز، لاہور)

اس نے انکار کیا، آخر میں صرف چار ہاتھ زمین پچھّم کی طرف سے اور کچھ پورب (۱) کی طرف سے دینے کا اقرار کیا، لوگوں نے اس کو رجسٹری وقف کردینے کے لئے کہا، تب انہوں نے رجسٹری وقف کردینے کے لئے انکار کردیا، اس پر لوگوں نے کہا آپ کے والد صاحب نے زمین دینے کا وعدہ کیا لیکن انتقال ہوجانے کی وجہ سے آپ نے انکار کردیا، خدانخواستہ اگر آپ کا انتقال ہوجائے تو آپ کے لڑکے نہیں دیں گے، لہٰذا آپ رجسٹری کردیجئے۔ اس مرتبہ بھی انہوں نے انکار کیا اور کہا آپ لوگوں کی مرضی ہے جہاں مزید زمین ملے وہاں عیدگاہ منتقل کرلیں، ہم بھی اس میں راضی ہیں اور ہم بھی آپ لوگوں کے ساتھ رہیں گے۔

یہ اقرار کرکے دستخط کیا اور اس کے تمام مصلیوں نے متفق ہوکر ایک جلسہ منعقد کیا، اس میں یہ طے پایا کہ دوسری عیدگاہ بنائی جائے تو ان مصلیوں میں سے چار آدمیوں نے دو دو بیگہ کرکے زمین وقف کردینے کا وعدہ کیا، لیکن ان چاروں میں سے صرف ایک کی زمین اچھی جگہ میں ہونے کی وجہ سے سب نے قبول کیا، اس شخص نے رجسٹری وقف کردی۔ اس کے بعد اس نئی عیدگاہ میں محراب تعمیر کرنے سے قبل بھی عیدگاہ قدیمہ کے متولی صاحب سے دوبارہ عرض کیا مگر انہوں نے اس مرتبہ بھی کچھ نہیں کہا۔ اس کے بعد محراب کی تعمیر مکمل ہوگئی۔

واضح رہے کہ قدیم عیدگاہ میں کوئی محراب تعمیر شدہ نہیں تھا، اب قدیم عیدگاہ کے متولی مزید زمین دینے پر راضی ہوئے جب کہ نئی عیدگاہ کے محراب کی تعمیر مکمل ہوچکی، تب مصلیوں نے کہا کہ اب زمین دینا کوئی معنی نہیں رکھتا۔ اس کے بعد دو ڈھائی سو لوگوں نے اس جدید عیدگاہ کو چھوڑ کر قدیم عیدگاہ میں نماز ادا کی اور جدید عیدگاہ میں تقریباً پندرہ سو آدمیوں نے نمازِ عید ادا کی۔ اس کے بعد ایک بہت بڑا جلسہ منعقد ہوا، جس میں پانچ مقامی علماء نے قدیم اور جدید عیدگاہ کے مصلیوں سے وعدہ لیا کہ ہم لوگ جو فیصلہ کریں گے۔ اسے مانیں گے۔ اس کے بعد ثبوتِ وعدہ کے لئے دونوں فریق سے دستخط کرائے، دونوں نے دستخط بھی کردیئے۔ اس کے بعد علماء نے متفق ہوکر یہ رائے دی کہ سب مل کر جدید عیدگاہ میں نماز ادا کریں، اس فیصلہ کے بعد بھی کچھ لوگ قدیم عیدگاہ کے مصلیوں میں سے جدید عیدگاہ میں نماز ادا کی اور قدیم میں تقریباً ایک ڈیڑھ سو آدمیوں نے نماز عید پڑھی۔

نوٹ: قدیم عیدگاہ کے پچھّم جانب کے علاوہ اَور کسی جانب سے مزید زمین لینے کی گنجائش نہیں، کیونکہ ایک طرف تالاب ہے، دوسری طرف قبرستان، تیسری طرف مکان وباغ، دیگر یہ کہ قدیم عیدگاہ میں جانے کے

---

(۱) ''پورب: مشرق، سورج نکلنے کی سمت، دریائے گنگا کا مشرقی علاقہ'' (فیروز اللغات، ص: ۳۰۸، فیروز سنز، لاہور)

Made searchable using ScribeTools.com

لئے کوئی راستہ نہیں ہے، متولی صاحب کے مکان سے جانا پڑتا ہے، اگر راستہ طلب کیا جائے تو راستہ دینے سے انکار کردیتے ہیں۔ اس کے برعکس جدید عیدگاہ راستہ سے متصل ہے، مصلیوں کو کوئی دشواری نہیں ہوتی۔

اب سوال یہ ہے کہ مذکورہ پورے واقعہ کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے کیا دونوں عیدگاہ میں نماز عید کرنا جائز ہوگا یا نہیں؟ اگر دونوں میں جواز کا حکم ہے تو کس میں افضل ہے؟

نوٹ: قدیم عیدگاہ میں آدھی بیگہ زمین وقف ہے اور جدید دو بیگہ وقف ہے، الغرض اگر جدید میں قدیم کے تمام مصلی آجائیں گے تو ایسی صورت میں قدیم عیدگاہ کی زمین کا کیا حکم ہوگا، آیا اس کو مسجد کی طرح گھیر کر حفاظت کریں، یا اس میں کھیتی کرسکتے ہیں، یا اس کے برعکس ہے، یعنی جدید کے تمام مصلی قدیم میں آجائیں تو جدید کی زمین کا کیا حکم ہوگا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

قدیم عیدگاہ بھی وقف ہے مگر چھوٹی ہے، جدید عیدگاہ بھی وقف ہے اور بڑی ہے جس میں سب نمازی آسکتے ہیں، اگر سب متفق ہوکر قدیم عیدگاہ کو پنجگانہ نماز کے لئے تجویز کرکے آباد کرلیں اور عید کی نماز جدید عیدگاہ میں پڑھا کریں تو یہ صورت بہتر ہے۔ اگر یہ نہ ہوسکے تو پھر ایسا کرلیں کہ جدید بڑی عیدگاہ میں عید کی نماز پڑھا کریں اور جو لوگ بوڑھے معذور ہیں وہ قدیم عیدگاہ میں پڑھا کریں، اس طرح دونوں عیدگاہ آباد رہیں گی اور وقف کا مقصد بھی پورا ہوگا۔ جب تک دونوں عیدگاہیں آباد رہ سکیں وہاں کھیتی وغیرہ کچھ نہ کریں، اگر کوئی صورت نہ ہوسکے تو پھر وہاں باغ لگا کر یا کھیتی کرکے اس کی آمدنی جدید عیدگاہ میں صَرف کریں (۱)۔ واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم۔

الجواب صحیح: العبد نظام الدین، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۴/۲۰ھ۔

جدید عیدگاہ میں نماز پڑھی جائے یا قدیم میں

سوال[۳۹۰۶]: آج تقریباً ۳۵/ سال سے اوپر گزر رہے ہیں کہ ایک جگہ سرکاری زمین میں

---

(۱) "وفی فتاویٰ النسفی: سئل شیخ الإسلام عن متولی مسجد جعل منزلاً موقوفاً علی المسجد مسجداً وصلی فیه الناس سنین کثیرة، ثم ترک الناس الصلاة فیه، فأعید منزلاً مستغلاً، تنفق غلته علی ذلک المسجد کما کان؟ قال: یجوز". (الفتاویٰ التاتارخانیة: ۵/ ۵۷۱، کتاب الوقف، الفصل الحادی والعشرون فی المساجد، قدیمی)

اردگرد کے تمام محلّہ والوں اور بستی والوں نے مل کر ایک عیدگاہ قائم کی اور ساتھ ہی ساتھ منبر بنا کر اپنی حد تک عید کی نماز ادا کرتے چلے آرہے ہیں، اس کے ساتھ ہی ایک گورنمنٹ ایل پی اسکول بھی قائم کیا گیا۔ اب مذکورہ سرکاری زمین کے جتنے منافعات آتے ہیں سب کے سب اسکول ہی کے اخراجات میں صرف کئے جاتے ہیں اور اس سرکاری زمین کے متولیوں میں چند لاولد قسم کے اشخاص تھے، اب ان میں اکثر افراد انتقال کر چکے ہیں، صرف دو ایک ایسے افراد موجود ہیں جن کو اس سرکاری زمین کا مالک کہا کرتے ہیں اور اپنے آپ کو اس زمین کا حقدار بتاتے ہیں، نیز اس زمین کو رجسٹری کرنے کی بھی کوشش کی ہے۔

اب بسا اوقات ایسا معاملہ پیش آتا ہے کہ ہتھیار سے لوگ لڑنے آتے ہیں، یہاں تک کہ عید کے دن لوگوں پر حکومت چلانا چاہتے ہیں، سب لوگ اس متولی کے کردار و معاملات سے بیزاری ظاہر کرتے ہیں تو متولی اور ان کی اولاد و فرزند لوگوں سے قتل وقتال کرنے کو تیار ہو جاتے ہیں اور لوگوں سے کہتے ہیں کہ یہ ہماری زمین ہے، یہ کسی کے باپ کی زمین نہیں ہے، ہم اگر عید کی نماز پڑھنے کے لئے دیں تو تم پڑھ سکتے ہو ورنہ نہیں۔

اب لوگوں کا کہنا ہے دراصل یہ زمین عیدگاہ کے لئے رجسٹرڈ نہیں کی گئی، ہم بار بار اس شرارت پسند آدمی کی شرارت میں پھنستے نہیں رہیں گے، جو عیدگاہ کے لئے اللہ کے واسطے تھوڑی زمین وقف کریں گے، ہم وہیں نماز پڑھیں گے، فوراً دو آدمیوں نے مل کر ایک جگہ عیدگاہ کے لئے تھوڑی زمین وقف کر کے رجسٹری کرادی، اب تمام محلوں اور بستیوں کے افراد ستر فیصد اس نئی عیدگاہ میں نماز پڑھتے ہیں۔

اس جھگڑے کو سلجھانے کی سعی کی جارہی ہے لیکن دیکھا گیا کہ اگر اس طرح فیصلہ کر کے اپنی پرانی عیدگاہ میں نماز پڑھنے کا لوگوں کو حکم دیا جائے تو خراب نتیجہ نکلنے کا اندیشہ ہے، ممکن ہے کہ اس شرارت پسند متولی جو دس سال سے متولی ہے اس زمین کی پیداوار خود کھا سکنے پر لوگوں سے پھر جھگڑا چھیڑ کر ایک آفت کے گھاٹ پر اتار کر چھوڑے گا۔ اس حالت میں شریعت کا اس قدیم عیدگاہ کو چھوڑ کر جدید عیدگاہ میں نماز پڑھنے کا حکم ہے اور نماز صحیح ہوگی یا نہیں؟ نیز وہ جدید عیدگاہ جو لوگوں نے قائم کی ہے، برقرار رہے گی یا نہیں؟

نوٹ: جدید عیدگاہ قدیم جگہ سے تقریباً ڈیڑھ فرلانگ کی مسافت میں واقع ہے اور قدیم سے جدید عیدگاہ کی جگہ بہت کشادہ ہے، ایک بازار کے قریب ہے، ساتھ ہی ایک مسجد بھی ہے اور عیدگاہ جدید کے پورب

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

پچھّم (۱) دکھن (۲) میں تین اطراف میں سرکاری رائے قائم ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جوزمین عیدگاہ کے لئے وقف کردی گئی اور مالک نے بخوشی دے دی ہے، اس میں نماز درست ہے اور دوسرے کی زمین میں بلا اجازت مالک نماز پڑھنا مکروہ ہے (۳)، لیکن اگر فتنہ کا اندیشہ ہو تو بہتر یہ ہے کہ دونوں فریق متفق ہوکر ایک جید اہلِ علم ودانش کو حَکم مقرر کرلیں، ان کے فیصلے پر سب عمل کریں، نزاع سے دور رہنا لازم ہے (۴)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

مجوسی کے وقف کردہ میدان میں نماز عید ادا کرنا

سوال [۳۹۰۷]: نوساری ایک قصبہ ہے جس میں متعدد مساجد ہیں، جامع مسجد بھی ہے یہاں پر عیدگاہ نہیں ہے، پہلے جامع مسجد میں نماز عید ادا کی جاتی تھی اب چند لوگوں نے عیدگاہ میں نماز کی فضیلت سن کر عیدگاہ کی کوشش شروع کردی ہے۔

شہر میں جگہ ملنا دشوار ہے ایک میدان ہے جو کسی مجوسی نے کھیل کود کے لئے وقف کردیا ہے جو میونسپل

---

(۱) "پَچھم: مغرب" (فیروز اللغات)

(۲) "دَکھن: جنوب کی سمت"۔ (فیروز اللغات)

(۳) "وكذا تكره فى أماكن: كفوق كعبة ..... وأرض مغصوبة أو للغير الخ". (الدرالمختار، كتاب الصلوة: ۱/ ۳۸۱، سعيد)

"وتكره فى أرض الغير بلا رضاه". (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلوة، فصل فى المكروهات، ص: ۳۵۸، قديمى)

(۴) "لأن العامى يجب عليه تقليد العالم إذا كان يعتمد على فتواه، ثم قال: وقد علم من هذا أن مذهب العامى فتوىٰ مفتيه من تقييد بمذهب". (ردالمحتار، كتاب الصوم، باب مايفسد الصوم: ۲/ ۴۱۱، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصوم، فصل فى العوارض: ۲/ ۵۱۳، رشيديه)

کے قبضہ میں ہے، اس میدان میں مولانا منظور صاحب نعمانی کا وعظ بھی ہوتا ہے، تو اگر میونسپل سے اجازت ہے کہ وہاں پر عیدین کی جماعت کرلی جائے تو یہ کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مندوب ومستحب یہ ہے کہ نماز عید آبادی سے باہر میدان میں ادا کی جائے، اس میدان میں ادا کرنے کی اجازت ہے اگر چہ مجوسی نے کھیل کود کے لئے وقف کیا ہو تو اس میں ادا کرنا احسن ہے، نماز عید کے لیے مسجد کے مقابلے میں میدان کو ترجیح ہے(۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۷/۱۲/۸۹ھ۔

کیا عیدگاہ بحکمِ مسجد ہے؟

سوال[۳۹۰۸]: ازروئے شامی اگر جنازہ گاہ سڑک کے کنارے میدان یا جنگل میں ہو تو وہاں امام اور مقتدیوں کے درمیان کم از کم بیل گاڑی گذر جانے کا فاصلہ مفسدِ نماز ہوتا ہے۔ ازرُوئے خلاصۃ الفتاویٰ جنازہ گاہ اور عیدگاہ میں اتصالِ صفوف صحتِ اقتداء کے لئے شرط نہیں(۲)۔

(الف) اس مسئلہ میں بظاہر اختلاف معلوم ہوتا ہے، کیونکہ جنازہ گاہ اور عیدگاہ عموماً بستی سے باہر ہی

---

(۱) "عن أبی سعید الخدری رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم یخرج یوم الفطر والأضحی إلی المصلی، فأول شیء یبدأ به الصلوة". الحدیث ". (صحیح البخاری، کتاب العیدین، باب الخروج إلی المصلی بغیرمنبر: ۱/۱۳۱، قدیمی)

"ذلک (أی الخروج إلی الصحراء لصلوة العید) أفضل من صلوتها فی المسجد لمواظبة النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم علی ذلک مع فضل مسجده". (فتح الباری، کتاب العیدین، باب الخروج إلی المصلی بغیر منبر: ۲/۵۷۲، قدیمی)

"والخروج إلیها: أی الجبانة لصلوة العید سنة". (کتاب الصلوة، باب العیدین: ۲/۱۶۸، سیعد)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب العیدین: ۲/۲۷۸، رشیدیه)

(۲) "وفی مصلے العید الفاصل لایمنع الاقتداء وإن کان یسع فیه صفان أو أکثر، وفی المتخذ لصلاة الجنازة اختلف المشائخ، وفی النوازل: جعله کالمسجد". (خلاصة الفتاویٰ: ۱/۱۵۱، کتاب الصلوة، الفصل الخامس عشر فی الإمامة والاقتداء، جنس آخر فی المانع من الاقتداء، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

ہوتی ہیں، پھران میں فاصلہ مفسدِ صلوۃ کیوں ہے؟

(ب) یا خلاصۃ الفتاویٰ کا یہ مطلب ہے کہ جنازہ گاہ اور عیدگاہ بستی میں ہوں، تب اتصالِ امام وصفوف شرطِ اقتداء نہیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

دونوں ہی میں تعارض نہیں، مسجد، جنازہ گاہ اور عیدگاہ بحکمِ اقتداء بمنزلۂ مسجد ہیں، سڑک کا یہ حکم نہیں، کذا فی الهندية(۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرہ، دارالعلوم دیوبند، ۶/ ۷/ ۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۶/ ۷/ ۸۸ھ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱) "ولو قام الإمام فی الطریق واصطف الناس خلفه فی الطریق علی طول الطریق إن لم یکن بین الإمام وبین مَن خلفه فی الطریق مقدار مایمرّ فیه العجلة، جازت صلاتهم، وکذا فیما بین الصف الأول والثانی إلی آخر الصفوف ..... وفی مصلی العید لایمنع الاقتداء وإن کان یسع فیه الصفین أو أکثر وفی المتخذ لصلاة الجنازة اختلاف المشایخ، وفی النوازل جعله کالمسجد کذا فی الخلاصة". (الفتاویٰ العالمکیریة: ۱/ ۸۷، کتاب الصلوة، الباب الخامس فی الإمامة، الفصل الرابع فی بیان مایمنع صحته الاقتداء ومالایمنع، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاویٰ التاتارخانیة: ۵/ ۵۷۳، کتاب الوقف، الفصل الحادی والعشرون فی المساجد، قدیمی)

الفصل الرابع فی تعدد العید وتکرارہ

(نمازِ عید میں تعدد اور تکرار کا بیان)

نماز عید دو جگہ

سوال[۳۹۰۹]: چند گاؤں والے ملکر ایک ساتھ ایک آدمی کی زمین متعین کر کے نماز پڑھا کرتے تھے مگر وہ زمین دریا سے کٹ کر ویران ہوگئی، لہذا لوگ بلا متعین کئے ہی نماز پڑھنے لگے مگر کچھ دن بعد اس نے زمین دیدی دوبارہ اس میں نماز ادا ہو جائے گی؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

سب نے مل کر ایک جگہ اتفاق کے ساتھ نماز عید ادا کرنا تجویز کر لیا یہ بہت اچھا کیا، اسی میں خیر و برکت ہے، اگر چہ وقتِ ضرورت ایک سے زائد جگہ بھی پڑھنے سے نماز عید ادا ہو جاتی ہے۔ "و تؤدیٰ صلوة العید بمصر واحد بمواضع کثیرة اتفاقاً، الخ". درمختار (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۴/۳/۹۱ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۴/۳/۹۱ھ۔

---

(۱) (الدر المختار، کتاب الصلوة، باب العیدین: ۲ت/۱۷۶، سعید)

"عن أبی اسحاق "أن علیاً رضی اللہ تعالیٰ عنه أمر رجلاً، فصلی بضعفة الناس یوم العید فی المسجد رکعتین". قال الشیخ ظفر أحمد العثمانی رحمه اللہ تعالیٰ: "وإن نظرنا إلی أنه لم یثبت مانعٌ صریحٌ من التعدد، فالأظهر الجواز مطلقاً، والعید فیه سواء، إلا أنه یستحب أن لا تؤدی بغیر حاجة إلا فی موضع واحد خروجاً من الخلاف". (إعلاء السنن، أبواب الجمعة، باب تعدد الجمعة: ۸/۷۲، ۷۳، إدارة القرآن کراچی)

"و تجوز إقامة صلاة العید فی موضعین، و أما إقامتها فی ثلاثة مواضع فعند محمد رحمه اللہ تعالیٰ یجوز، الخ". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب السابع عشر فی العیدین: ۱/۱۴۹، رشیدیه)

(وکذا فی بدائع الصنائع، کتاب الصلاة، شرائط الجمعة: ۱/۵۸۷، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

ایک سے زائد جگہ عید کی نماز

سوال[۳۹۱۰]: کسی میدان میں ایک عیدگاہ ہے، وہاں ۱۰۰۰/ یا ۲۰۰۰/ لوگوں کا مجمع ہوتا ہے، کوئی مفسد آدمی دنیاوی تنازع کے واسطے چند آدمیوں کو لے کر اس جماعت سے علیحدہ ہوکر دوسری جگہ عیدگاہ بنائے، آیا یہ عیدگاہ بنانا جو باعثِ فتنہ وفساد ہوگی اور تفریقِ جماعتِ مسلمین پر مشتمل ہوگی اس کا کیا حکم ہے، وہ آیت کریمہ ﴿و لا تفرقوا و لا تنازعوا فتفشلوا و تذهب ريحكم﴾(۱) وحدیث:"وإياكم والفرقة، فإنها هى الحالقة"(۲) کی وعید میں داخل ہوگی یا نہیں؟

روح الامین نمبر:۴۲، مرزا پور اسٹریٹ، کلکتہ۔

الجواب حامداً مصلیاً:

نماز عید بہتر یہ ہے کہ ایک جگہ پڑھی جائے، لیکن عوارض کی وجہ سے مثلاً جگہ تنگ ہو یا امامت پر جھگڑا ہوتا ہو وغیرہ وغیرہ تو ایک سے زائد جگہ پڑھنے میں بھی کچھ حرج نہیں، بلکہ اگر ایک جگہ فتنہ وفساد کا خوف ہو تو بہتر

---

(۱) (سورة الانفال : پ: ۱۰، آية: ۴۶)

(۲) لم أجده بهذا اللفظ وقد ذكره الهيثمى بلفظ : "عن يسير قال: لقيت أبا مسعود رضى الله تعالىٰ عنه سمعت النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى الفتن، فقال: "إنالا نكتم شيئاً، عليك بتقوى الله والجماعة، وإياك والفرقة، فإنها هى الضلالة". الحديث. (مجمع الزوائد، كتاب الخلافة ، باب لزوم الجماعة وطاعة الأئمة والنهى عن قتالهم،: ۵/ ۲۱۹،دارالفكر، بيروت)

وأحمد فى مسنده بلفظ: "قال: سمعت زكريا بن سلام ،يحدث عن أبيه عن رجل قال: انتهيت إلى النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و هو يقول: "أيها الناس! عليكم بالجماعة، وإياكم والفرقة، أيها الناس! عليكم بالجماعة وإياكم والفرقة". ثلاث مرار، قالها إسحق". (مسند الإمام أحمد بن حنبلؒ، (رقم الحديث :۲۲۶۳۵): ۶/ ۵۱۰، ۵۱۱، دار إحياء التراث العربى، بيروت)

وأبو داؤد فى سننه بلفظ: "عن أبى الدرداء رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "ألا أخبركم بأفضل من درجة الصيام والصلاة والصدقة"؟ قالوا: بلىٰ، قال: "إصلاح ذات البين، وفساد ذاتِ البين الحالقة". (كتاب الأدب، باب فى إصلاح ذات البين: ۲/ ۳۳۱، رحيميه)

Made Searchable by ScribeTools.com

یہ ہے کہ الگ الگ پڑھی جائے، تاہم تقلیل افضل واَحبّ ہے: "تؤدی بمصر واحد بمواضع کثیرة اتفاقاً". درمختار، ص: ۱۱۶(۱) اورمسلمانوں میں تفرقہ ڈالنا گناہ ہے اس سے اجتناب اورتوبہ لازم ہے۔فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود حسن گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین المفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۴/۱/۵۳ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم، صحیح: عبداللطیف، ۴/صفر/۵۳ھ۔

ہر محلّہ میں الگ الگ عید کی نماز

سوال[۳۹۱۱]: ۱.....تین تین چار چار محلے کے مسلمانوں نے مل کر ایک ایک عیدگاہ تعمیر کی جس میں سالہا سال تک عید کی نماز ہوتی چلی آرہی تھی، اور ایک عیدگاہ کے زمین کی ملکیت خاص ایک محلّہ کے باشندہ کی تھی جو اس عیدگاہ کی خاص خدمت بجالاتے اور انتظام کرتے تھے، امام بھی انہوں نے مقرر کئے، دوسرے محلوں کے آدمیوں کی بھی شرکت تھی، فی الحال کسی ایک عالم صاحب جو کسی عیدگاہ کے امام نہیں لوگوں کو بڑی جماعت کی بڑی فضیلت کی طرف ترغیب دیکر دوسری کوئی کھلی جگہ پر لیجا کر عیدوں کی نمازیں پڑھایا کرتے ہیں اور جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جماعت متفرق ہوکر کچھ لوگ بڑی جماعت کا بڑا ثواب لُوٹنے کے لئے عیدگاہوں کو چھوڑ کر چلے جاتے ہیں اور کچھ تو اپنی پرانی عیدگاہوں کو ویران چھوڑنا گوارا نہیں کرتے ہیں اور اس حالت پر منجانبین جماعت

---

(۱) (الدر المختار، کتاب الصلوة، باب العیدین: ۱۷۶/۲، سعید)

"عن أبی إسحاق أن علیاً رضی الله تعالیٰ عنه أمر رجلاً، فصلی بضعفة الناس یوم العید فی المسجد رکعتین". قال الشیخ ظفر أحمد العثمانی رحمه الله تعالیٰ: "وإن نظرنا إلی أنه لم یثبت مانع صریح من التعدد، فالأظهر الجواز مطلقاً، والعید فیه سواء، إلا أنه یستحب أن لا تؤدی بغیر حاجة إلا فی موضع واحد خروجاً من الخلاف". (إعلاء السنن، أبواب الجمعة، باب تعدد الجمعة: ۷۲/۸، ۷۳، إدارة القرآن کراچی)

"یجوز تعددها فی مصر واحد فی موضعین وأکثر اتفاقاً". (البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب العیدین: ۲۸۳/۲، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاوی العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب السابع عشر فی العیدین: ۱۵۰/۱، رشیدیه)

(وکذا فی بدائع الصنائع، کتاب الصلاة، شرائط الجمعة: ۵۸۷/۱، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

میں تفرقہ ڈالنے کا باہم الزام اور بہتان لگاتے ہیں، کوئی تو عیدگاہوں کا وقف ہونا لازم سمجھتے ہیں اور اس کی تحریری دلیل طلب کرتے ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ بڑی جماعت ہونے کے لئے مائک کے ذریعہ اعلان کیا جاتا ہے کہ فلاں شخص فلاں جگہ فلاں وقت عید کی نماز پڑھائیں گے، یہ اعلان سن کر جماعت کے امام صاحب کے مریدین، معتقدین اور شاگرد اپنے اپنے عیدگاہ چھوڑ کر لوٹ پڑتے ہیں اور ہمیشہ عیدگاہ خالی پڑی رہتی ہے اور چھوٹی چھوٹی جماعت ہوتی ہے۔

۲..... پرانی عیدگاہ کافی وسیع ہے، چھوڑنا یا چھڑانا اور جماعتوں میں ضرر ڈال کر کسی خاص شخص کے پیچھے نماز پڑھنے کی خواہش سے دوسری جگہ چلا جانا جائز ہے یا ضروری ہے یا افضل ہے؟

۳..... ”خرج رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم فی یوم الفطر و صلی رکعتین بغیر الأذان والإقامة“(۱) کی بناپر مائک کے ذریعہ اعلان کرنا برائے نماز عید جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱،۲..... تفریق ابتداء ہی میں کردی گئی کہ ہر محلّہ والوں نے ایک جگہ متفق ہوکر عید کی نماز پڑھنا پسند نہ کرتے ہوئے جداگانہ عیدگاہیں بنالیں اور ہر عیدگاہ میں مستقل نماز ہونے لگی، پھر اس پر مزید تفریق یہ ہوگئی کہ ہر عیدگاہ کے آدمی کٹ کٹ کر بڑے میدان میں چلے گئے، نماز ہر ہر عیدگاہ میں بھی ادا ہوجائے گی اور میدان میں بھی ادا ہوجائے گی، نماز عید کے لئے وقف عیدگاہ ہونا ضروری نہیں۔ آپسی خلفشار نہ کریں، جو جگہ نماز عید کے لئے وقف ہے وہاں نماز افضل ہے اور مساجد کو چھوڑ کر آبادی سے باہر میدان میں جاکر نماز پڑھنا

---

(۱) لم أجده بهذا اللفظ بل أخرجه الخمسة عن جابر رضی الله عنه بلفظ: ”عن جابر رضی الله تعالیٰ عنه قال: صلی بنا رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی عید قبل الخطبة بغیر أذان ولا إقامة“. (سنن النسائی، کتاب العیدین، باب ترک الأذان للعیدین: ۱/۲۳۲، سعید)

(وأخرجه مسلم فی صحیحه فی کتاب العیدین، فصل فی الصلاة قبل الخطبة بغیر أذان و لا إقامة الخ: ۱/۲۹۰ قدیمی)

(والترمذی فی سننه فی أبواب العیدین، باب أن صلاة العیدین بغیر أذان و لا إقامة: ۱/۱۱۹، سعید)

(وأبو داود فی سننه فی کتاب الصلاة، باب ترک الأذان فی العید: ۱/۱۶۲، دار الحدیث، ملتان)

(وابن ماجة فی سننه فی کتاب الصلاة، باب ما جاء فی صلاة العیدین، ص: ۹۲، میر محمد کتب خانه)

مسنون ہے(۱)۔

۳.....نمازعید کے لئے اذان واقامت نہیں، لیکن نمازیوں کے علم کے لئے اگر رمضان میں خبردی جائے کہ فلاں جگہ فلاں وقت نمازعید ہوگی اوراوقات میں کچھ وقفہ بھی رہے تاکہ جس کوایک جگہ نماز نہ ملی ہوتو وہ دوسری جگہ چلا جائے تو مضائقہ نہیں بلکہ اچھا ہے، ویسے نہ اذان نہ اقامت ہے(۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ محمودغفرلہ، دارالعلوم دیوبند،۱۲/۹/۹۱ھ۔

دوعیدگاہوں میں نمازِعیداداکرنا

سوال[۳۹۱۲]: ہمارے شہرمیں پہلے سے دوعیدگاہ ہیں، دونوں عیدگاہوں کے درمیان کا فاصلہ دو فرلانگ ہے توعیدگاہ میں نماز پڑھنے کی جوفضیلت شریعت میں ہے وہ فضیلت صورتِ مذکورہ میں باقی ہے یا

---

(۱) "عن أبی سعیدالخدری رضی اللہ تعالیٰ عنه: قال: کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم یخرج یوم الفطر والأضحی إلی المصلی، فأول شیء یبدأ به االصلوة". الحدیث. (صحیح البخاری، کتاب العیدین، باب الخروج إلی المصلی الخ: ۱/۱۳۱،قدیمی)

"ذلک (أی الخروج إلی الصحراء لصلوة العید) أفضل من صلاتها فی المسجد لمواظبة النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم علی ذلک مع فضل مسجده". (فتح الباری، کتاب العیدین، باب الخروج إلی المصلی: ۲/۵۷۲، قدیمی)

قال العلامة الحصکفی: "الخروج إلیها: أی الجبانة لصلوة العید سنة". (الدرالمختار، کتاب الصلوة، باب العیدین: ۲/۱۶۸، سعید)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب السابع عشر فی العیدین: ۱/۱۵۰، رشیدیه)

(۲) "عن جابر رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: صلی بنا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فی عید قبل الخطبة بغیر أذان ولا إقامة". (سنن النسائی، کتاب العیدین، باب ترک الأذان للعیدین: ۱/۲۳۲، سعید)

"لا یسن (أی الأذان) لغیرها کعید". (الدرالمختار، کتاب الصلوة،باب الأذان: ۱/۳۸۵، سعید)

"ولیس لغیر الصلوات الخمس والجمعة نحو السنن والوتر والتطوعات والتراویح والعیدین أذانٌ ولا إقامةٌ". (الفتاویٰ العالمکیریة،کتاب الصلوة، الباب الثانی فی الأذان الخ: ۱/۵۳، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

نہیں؟ اگر ہے تو کون سی عیدگاہ میں؟ واضح کریں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

وہ فضیلت اب بھی باقی ہے(۱) اور دونوں میں ہے(۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

ایک بستی میں متعدد عیدگاہیں

سوال[۳۹۱۳]: ہمارے شہر میں پہلے سے دو عیدگاہ ہیں، دونوں عیدگاہوں کے درمیان کا فاصلہ صرف دو فرلانگ ہے اور اب ان دونوں عیدگاہوں سے تقریباً ایک ڈیڑھ میل کے فاصلہ پر (درمیان میں ایک دریا بھی ہے اور دریا کے اوپر ایک پل ہے) ایک تیسری عیدگاہ گزشتہ عیدالفطر سے جاری ہوئی، دو سال ہوئے بندہ کو.....سب ڈویژن کا قاضی منتخب کیا گیا ہے، یہ.....سرکار کی طرف سے منتخب ہوتا ہے۔ بندہ قاضی ہونے کے بعد ان متنازع دونوں عیدگاہوں میں سے کسی میں نہیں گیا۔ یہاں اکثر مساجد میں بھی عید کی نماز ہوتی ہے، ان امور میں شرعاً جو حکم ہو وہ مطلوب ہے، ان مذکورہ عیدگاہوں میں سے شرعی عیدگاہ کون سی ہے؟

---

(۱) "عن أبی إسحاق أن علیاً رضی الله تعالیٰ عنه أمر رجلاً، فصلی بضعفة الناس یوم العید فی المسجد رکعتین". قال الشیخ ظفر أحمد العثمانی قدس سره: "وإن نظرنا إلی أنه لم یثبت مانعٌ صریحٌ من التعدد، فالأظهر الجواز مطلقاً والعید فیه سواء، إلا أنه یستحب أن لاتؤدی بغیر حاجة إلا فی موضعٍ واحدٍ خروجاً من الخلاف". (إعلاء السنن، باب تعدد الجمعة فی مصر واحدٍ: ۸/۷۲، ۷۳، إدارة القرآن)

(۲) "وتؤدی صلوة العید بمصر واحدٍ بمواضع کثیرة اتفاقاً، الخ". (الدرالمختار، کتاب الصلوة، باب العیدین: ۲/۱۷۶، سعید)

"وتجوز إقامة صلاة العید فی موضعین، وأما إقامتها فی ثلاثة مواضع، فعند محمد رحمه الله یجوز، الخ". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلوة، الباب السابع عشر فی صلاة العیدین: ۱/۱۵۰، رشیدیه)

(وکذا فی بدائع الصنائع، کتاب الصلوة، شرائط الجمعة: ۱/۵۸۷، رشیدیه)

الجواب حامداً ومصلیاً:

جب ان کو نمازِ عید کے لئے بنایا گیا ہے اور وقف کر دیا گیا ہے اور دونوں جگہ نمازِ عید ادا کی جاتی ہے تو دونوں ہی شرعی عیدگاہ ہیں (۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

ایک ہی امام کا دو جگہ نماز عید پڑھانا

سوال[۳۹۱۴]: دو جگہ ہیں اور دونوں کے درمیان چار میل کا فاصلہ ہے اور ایک امام ہے اور وہ دوسری جگہ نماز پڑھاتا ہے اور اس جگہ اپنے نائب وغیرہ کو کر دیتا ہے، مگر اس کی صورت یہ ہے کہ ایک بستی والے چاند کی خبر سن کر نماز پڑھ لیتے ہیں اور دوسری جگہ والے نماز نہیں پڑھتے اور وہی امام دونوں جگہ نماز پڑھاتا ہے، حالانکہ امام روزہ سے ہے۔ تو کیا اول جماعت والے کی نماز ہوگی اور اس امام کی نماز ہوگی یا نہیں؟ دوسری جماعت والے دوسرے دن نماز پڑھتے ہیں اور وہی امام پڑھاتا ہے تو اس صورت میں ان لوگوں کی نماز ہوگی یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جب پہلی دفعہ (چاند ہو جانے پر) نماز عید امام نے ایک جگہ پڑھ لی تو دوسرے دن دوسری بستی میں اس کو نماز عید پڑھانے کا حق نہیں اور اس کے پیچھے دوسرے دن پڑھنے والوں کی نماز درست نہیں ہوگی (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) (تقدم تخریجه تحت عنوان: ''دو عیدگاہوں میں نماز عید ادا کرنا''۔)

(۲) "أن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم صلی بالناس صلاة الخوف، وجعل الناس طائفتین، وصلی بکل طائفة شطر الصلاة لینال کل فریق فضیلة الصلاة خلفه".

قال العلامة الکاسانیؒ تحت الحدیث المذکور: "ولو جاز اقتداء المفترض بالمتنفل، لأتمّ الصلوة بالطائفة، ثم نوی النفل وصلی بالطائفة الثانیة لینال کل طائفة فضیلة الصلوة خلفه من غیر الحاجة إلی المشی وأفعالٍ کثیرةٍ لیست من الصلوة". (بدائع الصنائع، بیان شرائط الاقتداء: ۱/۵۸، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

ایک امام گاؤں میں مَردوں کو، پھر عورتوں کو عید پڑھائے

سوال[۳۹۱۵]: ایک بہت چھوٹی سی بستی ہے اس میں نماز جمعہ بھی نہیں ہوتی ہے لیکن امام صاحب عیدین کی نماز پڑھاتے ہیں، پہلے جنگل میں مَردوں کو پڑھاتے ہیں پھر مسجد میں آ کر تمام مستورات کو نماز عیدین مسجد میں پڑھاتے ہیں جس میں کوئی مرد شریک نہیں ہوتا، صرف عورتیں اور امام مرد بعینہ بیچ میں کوئی پردہ حائل ہوئے بغیر پڑھاتے ہیں۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

جس بستی میں نماز جمعہ جائز نہیں وہاں نماز عید بھی نہیں، وہاں نماز عید پڑھنا سخت مکروہ ہے(۱)۔ امام صاحب کا یہ طریقہ شرعاً غلط اور واجب الترک ہے، عورتوں پر شہر میں بھی نماز عید فرض نہیں چہ جائیکہ چھوٹے گاؤں میں اور وہ بھی اس طرح کہ امام صاحب پہلے مردوں کو پڑھائیں پھر عورتوں کو بے پردہ۔ ان کو توبہ لازم ہے، سب مردوں اور عورتوں کو بھی اس سے توبہ لازم ہے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۳/۱۰/۸۵ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ۔

= "(ولا يصح اقتداء) ..... مفترض بمتنفّلٍ وبمفترضٍ فرضاً آخراً ..... ولا ناذرٍ بحالف ؛ لأن المنذورة أقوى". (الدرالمختار، كتاب الصلوة ، باب الإمامة: ۱/ ۵۷۱، ۵۸۰، سعيد)

(وكذ فى البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب الإمامة: ۱/ ۲۳۱، رشيديه)

(۱) "عن على رضى الله تعالىٰ عنه قال: "لاجمعة ولا تشريق ولا صلوة فطر ولا أضحى إلا فى مصر جامع أو مدينة عظيمة". (مصنف ابن أبى شيبة، رقم الحديث: ۵۰۵۹، كتاب الصلاة، باب من قال: لا جمعة و لا تشريق إلافى مصر جامع : ۱/ ۴۳۹، دار الفكر، بيروت)

"صلوة العيد فى القرى تكره تحريماً". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۲/ ۱۶۷، سعيد)

"صلاة العيد فى الرساتيق تكره كراهة تحريم؛ لأنه اشتغال بما لا يصح؛ لأن المصر شرط الصحة". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب العيدين : ۲/ ۲۷۷، رشيديه)

(۲) "عن أم حميد امرأة أبى حميد الساعدى وأم سلمة رضى الله تعالىٰ عنهم مرفوعاً: "صلوة المرأة فى بيتها خيرٌ من صلوتها فى حجرتها، وصلوتها فى حجرتها خيرٌ من صلاتها فى دارها، وصلاتها فى دارها =

امام صاحب کا نماز عید مکرر پڑھنا

سوال[۳۹۱۶]: عید کی نماز کا اعلان امام صاحب نو بجے کا کر دیتے تھے توحسبِ اعلان ٹھیک نو بجے نماز عید ادا کی گئی لیکن نماز ادا کرنے کے بعد باقی لوگ جو ٹائم پر نہیں آئے تھے وہ آئے اور امام صاحب کو نماز پڑھانے کے لئے کہا، خدا بہتر جانتا ہے سننے میں آیا کہ وہاں جھگڑا ہونے کا ڈر تھا جس کی بنا پر امام صاحب نے ان کو بھی نماز پڑھائی جو کہ درست نہیں ہے تو کیا ایک امام عید کی دو نماز با جماعت پڑھا سکتا ہے؟ اور جو نماز انھوں نے پڑھائی وہ درست ہوئی یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جن امام صاحب نے عید کی نماز ایک دفعہ پڑھا دی، پھر کچھ لوگ آئے اور انہوں نے کہا کہ ہمیں بھی پڑھاؤ امام صاحب نے ان کو بھی پڑھا دی تو یہ دوسری نماز صحیح نہیں ہوئی (۱)۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

= خيرٌ من صلاتها في مسجد قومها".

"وعن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها: لو أن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم رأی ما أحدث النساء بعده، لمنعهن المسجد كما مُنعت نساء بنی إسرائيل". (إعلاء السنن، أبواب العيدين، باب وجوب صلاة العيدين: ۸/۸۸، ادارة القرآن كراچی)

"(تجب صلاتهما) في الأصح (على من تجب عليه الجمعة بشرائطها) المتقدمة (سوى الخطبة، فإنها سنة بعدها". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۲/۱۶۶، سعيد)

وفي الفتاوى العالمكيرية: "تجب العيد على كل من تجب عليه صلاة الجمعة". (كتاب الصلاة، الباب السابع عشر في العيدين: ۱/۱۵۰، رشيديه)

(۱) "إن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم "صلی بالناس صلاة الخوف، وجعل الناس طائفتين، وصلی بكل طائفة شطر الصلاة لينال كل فريق فضيلة الصلاة خلفه". قال العلامة الكاساني تحته: "ولو جاز اقتداء المفترض بالمتنفل، لأتمّ الصلاة بالطائفة، ثم نوى النفل و صلی بالطائفة الثانية لينال كل طائفة فضيلة الصلاة خلفه من غير الحاجة إلى المشی وأفعالٍ كثيرةٍ ليست من الصلاة" (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، بيان شرائط الاقتداء: ۱/۳۵۸، رشيديه)

"(لا يصح اقتداء) ..... مفترض بمتنفل و بمفترض فرضا آخر ..... ولا ناذر بحالف؛ لأن المنذورة أقوى". (كتاب الصلوة، باب الإمامة: ۱/۵۷۹، ۵۸۰، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الإمامة: ۱/۶۳۱، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

الفصل الخامس فی تکبیرات العیدین

(تکبیراتِ عید کا بیان)

تکبیراتِ عیدین

سوال[۳۹۱۷]: بخاری شریف، مسلم شریف، ابوداود شریف، ترمذی شریف میں "باب صلوة العیدین" کے بیان میں آیا ہے کہ عید کی نماز نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بارہ تکبیر سے پڑھی ہے(۱)، پہلی رکعت میں سات تکبیر، دوسری رکعت میں پانچ تکبیر پڑھی ہے، اسی کے مطابق مولانا ولی اللہ شاہ محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ کی لکھی ہوئی کتاب حجۃ اللہ البالغہ میں جو کہ اردو ترجمہ میں ہے بروقت موجود ہے، ترجمہ مولانا ابوالعلاء محمد اسماعیل گودھوی نے کیا ہے جس کے اندر جلد نمبر۲ صفحہ:۸۷، "اسلام کی دو عیدیں" کے بیان میں لکھا ہے کہ پہلی رکعت میں قرأت سے پہلے سات کہے اور دوسری رکعت میں قرأت سے پہلے پانچ تکبیر کہے(۲)۔ اگر اس کے مطابق نماز ادا کی گئی تو قبول ہوگی یا نہیں؟ برائے کرم آپ علماء حضرات سے گزارش ہے کہ جلد از جلد جواب سے نوازیں۔ فقط۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

عیدین کی تکبیرات کے متعلق روایات مرفوعاً وموقوفاً مختلف اور متعدد ہیں اسی وجہ سے اس میں دس

---

(۱) "عن کثیر بن عبداللہ عن أبیه عن جده: أن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم کبّر فی العیدین فی الأولی سبعاً قبل القراء ة، وفی الآخرة خمساً قبل القراء ة". (السنن للترمذی: ابوب العیدین، باب فی التکبیر فی العیدین: ۱/۱۱۹، سعید)

(۲) "یکبر فی الأولی سبعاً قبل القراء ة، والثانیة خمساً قبل القراء ة". (حجة اللہ البالغة، کتاب الصلاة، العیدان، صلاةالعیدین و خطبتهما: ۲/۷۶۹، قدیمی)

اقوال ہیں جن کو نیل الاوطار (۱) اور بذل المجہود (۲) میں تفصیل سے بیان کیا ہے۔ مجتہد و محقق علماء نے ان روایات میں سے اپنے اصولِ ترجیح کے تحت کسی روایت کو اختیار فرمالیا ہے، حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ چھ تکبیراتِ زوائد مانتے ہیں: تین پہلی رکعت میں قرأت سے پہلے، تین دوسری رکعت میں قرأت کے بعد، نیز اس رکعت میں تکبیر رکوع کو بھی واجب فرماتے ہیں اور پہلی رکعت میں تکبیر تحریمہ بھی ضروری ہے لہذا دو رکعت میں چار چار تکبیریں ضروری ہوئیں۔ اور دلیل یہ حدیث ہے:

"عن مكحول قال: أخبرنى أبوعائشة جليسٌ لأبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه أن سعيد بن العاص سأل أبا موسى الأشعرى و حذيفة بن اليمان كيف كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يكبر فى الأضحىٰ والفطر؟ فقال أبو موسىٰ: كان يكبر أربع تكبيرة على الجنائز۔ فقال حذيفة: صدق. فقال أبوموسىٰ: كذالك كنت أكبّر فى البصرة حيث كنت عليهم۔ قال أبوعائشة: وأنا حاضرٌ عند سعيد بن العاص، اهـ". أبو داؤد شريف(۳)

---

(۱) "و قد اختلف العلماء فى عدد التكبيرات فى صلاة العيد فى الركعتين و فى موضع التكبير على عشرة أقوال: أحدها : أنه يكبر فى الأولى قبل القراءة، وفى الثانية خمساً قبل القراءة. قال العراقى : و هو قول أكثر أهل العلم من الصحابة والتابعين والأئمة، قال: و هو مروىّ عن عمر و على وأبى هريرة وأبى سعيد و جابر وابن عمر و ابن عباس وأبى أيوب رضى الله تعالىٰ عنهم ..... وبه يقول مالك والأوزاعى والشافعى وأحمد وإسحق. قال الشافعى والأوزاعى وإسحق وأبو طالب وأبو العباس: إن السبع فى الأولى بعد تكبيرة الإحرام ..... القول الرابع: فى الأولى ثلاث بعد تكبيرة الإحرام قبل القراءة، وفى الثانية ثلاث بعد القراءة، و هو مروىّ عن جماعة من الصحابة: ابن مسعود وأبى موسى وأبى مسعود أنصارى رضى الله تعالىٰ عنهم، وهو قول الثورى وأبى حنيفة رحمه الله تعالىٰ".

مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: (نيل الأوطار للإمام الشوكانى ، كتاب العيدين ، باب عدد التكبيرات فى صلاة العيد و محلها وأقوال العلماء فى عدد التكبيرات، صلاة العيد :۳/۳۶۸، دار الباز للنشر والتوزيع ، مكة المكرمة)

(۲) (بذل المجهود، كتاب الصلاة ، باب التكبيرات فى العيدين: ۲/۲۰۶، معهدالخليل الإسلامى)

(۳) (سنن أبى داؤد ، كتاب الصلوة، باب التكبير فى العيدين: ۱/۱۷۰ ، إمداديه، ملتان)

Made searchable using ScribeTools.com

وکذا فی بذل المجهود(۱) والزیلعی (۲) وجمع الفوائد (۳)۔

نیز یہ حدیث مختصر، منذری، مسند احمد، تحقیق ابن الجوزی میں بھی ہے، کما فی البذل (٤)۔ اگر کسی نے آٹھ کے بجائے بارہ تکبیریں کہی ہیں تب بھی اس کی نماز فاسد نہیں ہوگی، مسلکِ ابوحنیفہ کے خلاف ہوگا (۵)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۱/۱۰/۸۹ھ۔

ایضاً

سوال[۳۹۱۸]: ازموضع سرائے میدان، تحصیل قنوج، ولی محمد ٹیلر ماسٹر، متصل دیوانی گیٹ قنوج۔

مکرم ومحترم جناب مفتی صاحب! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

دریافت طلب مسئلہ کا جواب ملا مگر ناکافی، سائل نے احادیث کا حوالہ چاہا تھا، ہمارے یہاں ایک صاحب آتے ہیں انہوں نے کئی حدیثوں کے حوالہ سے تعدادِ تکبیرات اور ادائیگی کی کچھ اَور صورت بتائی ہے یعنی عیدین میں تکبیرات پہلی رکعت میں علاوہ تکبیر قیام کے سات اور دوسری میں علاوہ تکبیر قیام کے پانچ تکبیرات

---

(۱) (بذل المجهود، كتاب الصلوة، باب التكبير فى العيدين: ۲/۲۰۸، معهد الخليل الإسلامى)

(۲) (أخرجه العلامة جمال الدين عبدالله بن يوسف الزيلعىؒ فى نصب الراية، كتاب الصلوة، باب صلوة العيدين: ۲/۲۱۴، رقم الحديث: ۲۸۲۲، المكتبة المكية)

(۳) (جمع الفوائد، كتاب الصلوة، باب صلوة العيدين: ۱/۱۸۴، رقم الحديث: ۲۰۰۵، المكتبة الإسلامة، لائل پور)

(۴) (بذل المجهود، كتاب الصلوة، باب التكبير فى العيدين: ۲/۲۰۹، معهد الخليل الإسلامى)

(۵) "قال محمد فى الجامع: إذا دخل الرجل مع الإمام فى صلاة العيد، وهذا الرجل يرى تكبير ابن مسعود رضى الله عنه، فكبر الإمام غير ذلك، اتبع الإمام، إلا إذا اكبر الإمام تكبيراً لم يكبره أحدٌ من الفقهاء، فحينئذ لايتابعه". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلوة، الباب السابع عشر فى صلوة العيدين: ۱/۱۵۱، رشيديه)

"ويصلى الإمام بهم ركعتين مثنيًا قبل الزوائد، وهى ثلاث تكبيرات فى كل ركعة، ولو زاد، تابعه إلى ستة عشر؛ لأنه مأثور". (الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب العيدين: ۲/۱۷۲، سعيد)

Made Searchable by ScribeTools.com

ہیں قرأت سے پہلے، یہ بارہ تکبیرات ہوئیں، آپ نے چھ تکبیرات زائد ہی تحریر کی ہے مگر حوالہ نہ معلوم ہوسکا۔ جو صاحب ہمارے یہاں گاؤں میں آتے ہیں انہوں نے حوالہ حدیث مشکوۃ شریف، ترمذی شریف، ابن ماجہ شریف، دارمی شریف، اس میں امام ترمذی نے امام بخاری سے صحت کی نقل کی ہے۔ آپ برائے مہربانی حوالہ جات حدیث شریف تحریر فرمایئے تاکہ میں پیش کرسکوں، یا پھر بارہ تکبیرات پر عمل کروں۔

دیگر یہ کہ صحابہ کرام اور تابعین اور تبع تابعین رضوان اللہ علیہم اجمعین سب لوگ اپنے خود کو کس نام سے متصل اور موسوم کرتے تھے جس طرح آج ہم لوگ حنفی موسوم کرتے ہیں یا بریلوی موسوم کرتے ہیں، آخر ہم لوگ اپنے کو کس نسبت سے منسوب کریں؟ بحوالہ حدیث شریف تحریر فرما کر ممنون فرمائیں۔ اور نیت روزہ رکھنے کی جو الفاظ نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تعلیم فرمائے ہیں وہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے عمل میں ضرور ہوگا، وہی الفاظ ہم بھی اپنے عمل میں لانا چاہتے ہیں۔ بحوالہ حدیث شریف تحریر فرما کر مشکور فرمایئے۔ دیگر یہ کہ آپ کے ذریعے بڑے پیر صاحب کی تصنیف کردہ کتابیں غنیۃ الطالبین اور فتوح الغیب ترجمہ اردو مکمل اگر مل سکے تو ہدیۃً تحریر کیجئے تاکہ میں پہلے ہی آپ کو بھیجدوں۔ فقط والسلام

الجواب حامداً ومصلیاً:

محترمی زیدَ احترامہ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عیدین کی نماز میں بارہ تکبیروں کا تذکرہ حدیث ترمذی شریف میں موجود ہے(۱) مگر امام بخاری سے اس حدیث کی صحت نقل نہیں کی، ترمذی شریف میں دیکھ لیا جائے، جو شخص حوالہ دیتا ہے، غلط ہے۔ اس حدیث کی سند میں ایک راوی کثیر بن عبداللہ ہے اس کے متعلق امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ اور امام ابوداؤد رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "ركن من أركان الكذب" دارقطنی نے لکھا ہے: "متروك". ابوحاتم نے کہا ہے: "ليس". نسائی نے کہا: "ليس بثقة"۔

مطرف بن عبداللہ مدنی نے کہا ہے: رأينا وكان كثير الخصومة، لم يكن أحدٌ من أصحابنا

---

(۱) "عن كثير بن عبد الله عن أبيه عن جده أن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كبّر فى العيدين فى الأولى سبعاً قبل القراءة، وفى الآخرة خمساً قبل القراءة". (جامع الترمذى، أبواب العيدين، باب التكبير فى العيدين: ۱/۱۱۹، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

یأخذ عنه. قال له ابن عمر ان القاضی یا کثیر! أنت رجلٌ بطال تخاصم فیما لا تعرف و تدعی مالیس لك و مالك بیّنة، فلا تقربنی إلا أن ترانی تفرغت لأهل البطالة". ابن حبان نے کہا ہے :"له عن أبیه عن جده نسخة موضوعه" (۱)۔ یہ حال تو ترمذی کی روایت کا ہے۔

ابن ماجہ کی روایت (۲) میں عبد الرحمٰن ابن سعد راوی ہے اس کے متعلق علامہ ذہبی نے لکھا ہے: "لیس بذاك" (۳)، خزرجی نے لکھا ہے: "ضعفه ابن معین" ۔ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے: "ضعیفٌ" (٤) ۔ ایک راوی اس میں سعد بن عمار ہے اس کے متعلق ذہبی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے: "لا یکاد یعر ف"(٥)، حافظ ابن حجر رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے: "مستورٌ"(٦) ۔

---

(۱) (تهذیب الکمال ، للحافظ یوسف المزی :۱۳۶/۲۴، ۱۳۹، رقم الترجمة: ۴۹۴۸، مکتبه مؤسسة الرسالة)

(۲) "عن عبدالرحمن بن سعد بن عماربن سعد مؤذن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم حدثنی أبی عن أبیه عن جده "أن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کان یکبر فی العیدین فی الأولی سبعاً قبل القراءة، وفی الآخرة خمساً قبل القراءة". (سنن ابن ماجة ، کتاب الصلاة، باب ما جاء فی کم یکبر الإمام فی صلاة العیدین، ص: ۹۱، قدیمی)

(۳) (میزان الاعتدال للحافظ الذهبی رحمه الله تعالیٰ: ۵۶۶/۲، رقم الترجمة : ۴۸۷۴، دارإحیاء التراث العربی، بیروت)

(۴) (تهذیب الکمال للحافظ یوسف المزی: ۱۳۳/۱۷، ۱۳۴، رقم الترجمة: ۳۸۲۸، مکتبه مؤسسة الرسالة) (وکذا فی تهذیب التهذیب ، لابن حجر العسقلانی رحمه الله تعالیٰ: ۱۸۳/۶، رقم الترجمة: ۳۶۷، دارصادر ،بیروت)

(۵) (میزان الاعتدال للحافظ الذهبی رحمه الله تعالیٰ: ۱۲۳/۲، رقم الترجمة، ص:۳۱۲۳، دار إحیاء التراث العربی، بیروت)

(٦) (تهذیب التهذیب للحافظ ابن حجر العسقلانی رحمه الله تعالیٰ: ۴۷۹/۳، رقم الترجمة: ۸۹۱، دارصادر بیروت)

مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: (بذل المجهود ، کتاب الصلاة ، باب تکبیرات العیدین: ۲۰۷/۲، معهد الخلیل الإسلامی) ..... =

تکبیراتِ لازمہ حنفیہ کے نزدیک آٹھ ہیں: پہلی رکعت میں چار ہیں، ایک تکبیر تحریمہ اور تین تکبیرات زوائد، دوسری رکعت میں چار ہیں تین تکبیراتِ زوائد اور ایک تکبیر رکوع۔ ''عبدالرزاق'' نے سند صحیح کے ساتھ، طبرانی نے سند جید کے ساتھ، طحاوی نے سند حسن کے ساتھ، ابوداؤد نے سند حسن کے ساتھ اس کو روایت کیا ہے(۱) آپ کے کارڈ میں بقیہ سوالات کے جوابات کی گنجائش نہیں لفافہ ہوتا تو سب کے جوابات آجاتے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

نماز عید میں بارہ تکبیر کہنا

سوال[۳۹۱۹]: ایک طالب علم حنفی ہے، مگر اس کے گاؤں کے سب نمازی غیر مقلد ہیں، نماز عید کے لئے اس کو مجبور کیا تو اس نے بجائے چھ تکبیر کے بارہ تکبیریں پڑھیں، تو کیا اس کے لئے مجبوراً گنجائش ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

گنجائش ہے، مگر ایک بات پر تعجب ہے کہ مقتدی لوگ امام کو اپنا تابع بناتے ہیں، اگر اس کے پیچھے نماز

= (وأخرجه الحافظ الكبير عبدالرزاق الصنعانى فى مصنفه ، كتاب صلاة العيدين ، باب التكبير فى صلاة يوم العيد: ۲۹۳/۳ ، رقم الحديث :۵۶۸۷)

(وأخرجه الطحاوى ، فى شرح معانى الآثار ، كتاب الصلاة ، باب صلاةالعيدين: ۳۷۱/۲، ۳۷۲ المكتبة الحقانيه ملتان)

(ورواه الطبرانى فى الكبير و رجاله موثقون ، بحواله مجمع الزوائد للهيثمى ، كتاب الصلاة ، باب التكبير فى العيد والقراءة فيه : ۲۰۴/۲ ، دارالفكر بيروت)

(۱) "قال أخبرنى أبوعائشة جليسٌ لأبى هريرة أن سعيد بن العاص سأل أبا موسى الأشعرى وحذيفة بن اليمان كيف كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يكبر فى الأضحىٰ والفطر؟ فقال أبو موسىٰ: كان يكبر أربع تكبيرة على الجنائز. فقال حذيفة: صدق، فقال أبوموسىٰ: كذلك كنتُ أكبر فى البصرة حيث كنت عليهم، قال أبو عائشة: وأنا حاضر عند سعيد بن العاص رضى الله تعالىٰ عنه". (أبو داود ، كتاب الصلاة ، باب التكبير فى العيدين : ۱۷۰/۱ ، مكتبه إمداديه ملتان)

Made searchable using ScribeTools.com

پڑھنے کے اوپر مُصر ہیں تو اس کے تابع ہوکر پڑھیں (۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

زائد تکبیرات میں ہاتھ چھوڑنا

سوال[۳۹۲۰]: عیدین کی نماز میں مزید تکبیریں ادا کرتے وقت ہر وقت کانوں تک ہاتھ اٹھا کر کھلے چھوڑ دینا درست ہے یا ہر بار باندھ لینا درست ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

پہلی رکعت میں پہلی اور دوسری تکبیر کے بعد ہاتھ چھوڑ دیئے جائیں اور تیسری تکبیر کے بعد ہاتھ باندھ لیں، دوسری رکعت میں تینوں تکبیروں کے بعد ہاتھ چھوڑ دیئے جائیں (۲)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

عیدالفطر میں تین دفعہ تکبیر کہہ کر ہاتھ چھوڑنا

سوال[۳۹۲۱]: امام صاحب نے نماز عیدالفطر کی ترکیب اس طرح بیان کی کہ "اللہ أکبر" کہہ کر

---

(۱) "قال محمد رحمه الله تعالىٰ عليه في الجامع: إذا دخل الرجل مع الإمام في صلاة العيد، وهذا الرجل يرى تكبير ابن مسعود رضي الله تعالىٰ عنه، فكبر الإمام غير ذلك، اتبع الإمام، إلا إذا كبر الإمام تكبيراً لم يكبره أحدٌ من الفقهاء، فحينئذٍ لايتابعه". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلوة، الباب السابع عشر في صلاة العيدين: ۱/۱۵۱، رشيديه)

"ويصلي الإمام بهم ركعتين مثنّياً قبل الزوائد، وهي ثلاث تكبيرات في كل ركعة، ولو زاد، تابعه إلى ستة عشر؛ لأنه مأثورٌ". (الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب العيدين: ۲/۱۷۲، سعيد)

(۲) "(ويرفع يديه في الزوائد) ..... (وليس بين تكبيراته ذكر مسنون) ولذا يرسل يديه". (الدرالمختار). "(قوله: ولذا يرسل يديه): أي في أثناء التكبيرات ويضعها بعد الثالثة". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب العيدين: ۲/۱۷۴، ۱۷۵، سعيد)

"ويرفع يديه في الزوائد، ويسكت بين كل تكبير تين مقدار ثلاث تسبيحات ..... ويرسل اليدين بين التكبيرتين، ولا يضع". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلوة، الباب السابع عشر في صلاة العيدين: ۱/۱۵۰، رشيديه) ..... =

ہاتھ چھوڑ دیں، اس طرح تین مرتبہ ہاتھ چھوڑ دیا کریں، چوتھی مرتبہ "اللہ أکبر" کہہ کر ہاتھ باندھ لیں۔ اس کے بعد دوسری رکعت کی ترکیب اس طرح بیان کی کہ امام قراءت کے بعد "اللہ أکبـــر" کہہ کر ہاتھ چھوڑ دے گا اور مقتدی بھی اسی طرح کریں، چار مرتبہ اسی طرح "اللہ أکبـــــر" کہہ کر ہاتھ چھوڑ دیں اور پانچویں مرتبہ "اللہ أکبر" کہہ کر رکوع میں چلے جائیں۔

مذکورہ بالا ترکیب پر اسی طرح عمل بھی کیا گیا، از روئے شریعت کیا نماز عید الفطر کی یہ ترکیب صحیح ہے یا نہیں؟ اور اس ترکیب پر عمل کرنے سے نماز ادا ہو جائے گی یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

نماز اس طرح بھی ادا ہوگئی، لیکن اصل طریقہ احناف کے نزدیک یہ ہے کہ اول تکبیر تحریمہ کہہ کر ہاتھ باندھ لیں اور "سبحانك اللہ" پڑھیں، پھر ہاتھ اٹھا کر تکبیر کہہ کر ہاتھ چھوڑ دیں، دوسری دفعہ پھر ایسا ہی کریں، تیسری دفعہ ہاتھ اٹھا کر تکبیر کہہ کر ہاتھ باندھ لیں اور امام "أعوذ باللہ بسم اللہ" وغیرہ پڑھ کر رکوع دوسری نمازوں کی طرح کرے، دوسری رکعت میں الحمد اور سورت پڑھ کر تین دفعہ ہاتھ اٹھا کر تکبیر کہہ کر ہاتھ چھوڑ دیں پھر چوتھی تکبیر کہہ کر رکوع کریں (۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

= (وكذا في البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب العيدين: ۲/۲۸۳، رشيديه)

(۱) "ويصلي الإمام ركعتين، فيكبر تكبيرة الافتتاح، ثم يستفتح، ثم يكبر ثلاثاً، ثم يقرأ جهراً، ثم يكبر تكبيرة الركوع. فإذا قام إلى الثانية قرأ، ثم كبر ثلاثاً وركع بالرابعة، فتكون التكبيرات الزوائد ستاً: ثلاثاً في الأولى، وثلاثاً في الأخرىٰ، وثلاث أصليات: تكبيرة الافتتاح، وتكبيرتان للركوع، فيكبر في الركعتين تسع تكبيرات، ويوالي بين القراءتين. وهذه رواية ابن مسعودٍ، وبها أخذ أصحابنا ..... ويرفع يديه في الزوائد، ويسكت بين كل تكبيرتين مقدار ثلاث تسبيحات ..... ويرسل اليدين بين التكبيرتين ولا يضع". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلوة، الباب السابع عشر في صلوة العيدين: ۱/۱۵۰، رشيديه)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب صلاة العيدين: ۲/۲۸۱، ۲۸۲، رشيديه)

(وكذا في الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الصلوة، باب العيدين: ۲/۱۷۲-۱۷۴، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

الفصل السادس فی تکبیرات التشریق

(تکبیراتِ تشریق کا بیان)

نمازِ عید کے بعد تکبیراتِ تشریق

سوال[۳۹۲۲]: عیدالاضحیٰ کی نماز کے بعد تکبیر "الله أكبر الله أكبر، لا إله إلا الله، والله أكبر ولله الحمد" آواز بلند کہنا چاہئے یا نہیں، یا صرف نماز فریضہ کے بعد آواز بلند تکبیر کہنا چاہئے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

ہر فرض نماز کے بعد جہراً کہنا چاہئے اور نماز عیدالاضحیٰ کے بعد بھی جہراً کہنا چاہئے (۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۴/۱۱/۶۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۴/۱۱/۶۷ھ۔

---

(۱) "قال الله تعالىٰ: ﴿واذكروا الله فى أيام معدودات﴾ وقال ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما: ﴿ويذكروا اسم الله فى أيام معلومات﴾ أيام العشر، "والأيام المعدودات" أيام التشريق".

قال الشيخ ظفر أحمد العثمانى قدس سره: "والجهر بلاذكر إنما يكون بدعةً إذا لم يقم الدليل على التخصيص، و هناك قد قام الدليل، وهو قوله تعالىٰ: ﴿واذكروا الله فى أيام معدودات﴾ مع إجماع الصحابة على الجهر بالتكبير دُبر الصلوات فى تلك الأيام على وجوب الجهر بالتكبير فيها، ولذا أفتى علماء الحنفية بقولهما. .....و لا بأس به عقب العيد؛ لأن المسلمين توارثوه، فوجب اتباعهم". (إعلاء السنن، كتاب الصلاة، باب التكبيرات التشريق وأنهالا تجب الخ: ۸/۱۲۰، ۱۲۴، إدارة القرآن، كراچى)

"والجهر به واجب، و قيل: سنة". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۲/۱۷۸، سعيد)

مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: (مجموعة رسائل اللكنوى، رسالة سباحة الفكر فى الجهر بالذكر، الباب الثانى فى ذكر مواضع الجهر، و منها تكبيرات التشريق: ۳/۵۱، إدارة القرآن كراچى)

ایضاً

سوال[۳۹۲۳]: بعدالعید تکبیراتِ تشریق جوعام امصاراورقریہ کبیرہ جہاں جمعہ فقہ حنفی سے ہونا صحیح ہے متروک ہو، ہمارے علمائے دیوبند کیا فرماتے ہیں:"(عقب كل فرضٍ، عينى) شمل الجمعة وخرج به الواجب كالوتر و العيدين والنفل، وعند الشيخين يكبرون عقب صلوة العيد لأدائها بجماعة كالجمعة، وعليه توارث المسلمين، فوجب اتباعه، ولا بأس به عقب العيد؛ لأن المسلمين توارثوه، فوجب اتباعهم البلخيون، الخ". شامى(۱)۔

الجواب حامداًومصلیاً:

صلوٰۃ عیدالاضحیٰ کے بعد بھی علمائے دیوبند تکبیرتشریق کہتے ہیں، کہنے کے لئے فرماتے ہیں، کتب فقہ ردالمحتار(۲) اورالبحرالرائق (۳) وغیرہ سے اس وقت تکبیرتشریق کا وجوب راجح معلوم ہوتا ہے، کیونکہ جماعت کے ساتھ یہ نماز بھی ادا کی جاتی ہے اگر چہ خود فرض نہیں، اس کو علامہ شامی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اختیار کیا ہے اور صاحبین رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک تو اہلِ قریٰ پراورمنفرد پر بھی ہے جیسا کہ الجوھرۃ النیرہ وغیرہ میں ہے(۴) اوراس پرفتوی بھی ہے۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبدمحمودغفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۵/۱/۶۳ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۲/۱۷۹، سعيد)

(۲) "وعندالبلخيين: يكبرون عقب صلاة العيد لأدائهابجماعة كالجمعة، وعليه توارث المسلمين فوجب اتباعه". ..... "والبلخيون يكبرون عقب صلاة العيد؛ لأنها تؤدى بجماعة فأشبهت الجمعة، وهو يفيد الوجوب المصطلح عليه". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۲/۱۷۹، سعيد)

(۳) "و لو كبر على اثر صلاة العيد، لا بأس به؛ لأن المسلمين توارثوا هكذا، فوجب أن يتبع توارث المسلمين". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۲۸۹، رشيديه)

(وكذا فى إعلاء السنن، أبواب العيدين، باب تكبيرات التشريق وأنهالاتجب الخ: ۸/۱۲۰، ۱۲۴، إدارة القرآن)

(۴) "وقال أبو يوسف و محمد رحمهما الله تعالىٰ: يتبع الفريضة فكل من أدى فريضة، فعليه التكبير، والفتوى على قولهما، حتى يكبر المسافر وأهل القرى و من صلى وحده". (الجوهرة النيرة على مختصر =

Made searchable using ScribeTools.com

نماز جمعہ کے بعد تکبیرِ تشریق

سوال[۳۹۲۴]: زید کہتا ہے کہ وہ تکبیریں جونویں ذی الحجہ کی صبح سے تیرھویں ذی الحجہ کی عصر تک بعد نماز فرض بآواز بلند پڑھی جاتی ہیں ان کو جمعہ کی نماز کے بعد بلند آواز کے نہ پڑھنا چاہیے، جیسا کہ عیدالاضحیٰ کی نماز کے بعد نہیں پڑھی جائیں۔ خالد کہتا ہے کہ جمعہ کی نماز کے بعد پڑھنا چاہیے اس لئے کہ جمعہ فرض ہے، جب دیگر فرائض کے بعد یہ تکبیریں پڑھی جاتی ہیں تو نماز جمعہ کے بعد پڑھنے پر کوئی کلام نہ ہونا چاہیے لہٰذا بلند آواز سے تکبیریں جمعہ کے بعد پڑھنا چاہیے۔

زید، خالد کے کلام پر اعتراض یہ کرتا ہے کہ اگر جمعہ فرض ہوتا تو جس طرح دیگر فرائض کے فوت ہونے پر ان کی قضاء لازم ہوتی ہے اس طرح جمعہ کے فوت ہونے پر جمعہ ہی پڑھنا فرض ہوتا، جمعہ کے بدلہ میں جمعہ کا واجب نہ ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ جمعہ واجب ہے اور واجب نمازوں کے بعد تکبیریں نہیں کہی جاتیں، جیسا کہ وتر واجب ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

"صلوة الجمعة فرض عين بالكتاب والسنة والإجماع، يكفر جاحدها لذالك، وقال عليه السلام فى حديث: "واعلموا أن الله تعالىٰ فرض عليكم الجمعة فى يومى هذا، فى شهرى هذا، فى مقامى هذا". الحديث(۱)۔

= القدورى، كتاب الصلاة، باب صلاة العيدين، ۱/۱۱۵، حقانيه ملتان)

"(وقالا: بوجوبه فور كل فرض مطلقاً)و لومنفرداً، أو مسافراً، أو امرأةً؛ لأنه تبع للمكتوبة ..... عصر اليوم الخامس (آخر أيام التشريق، وعليه الاعتماد)، والعمل والفتوى فى عامة الأمصار وكافة الأعصار". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۲/۱۸۰، سعيد)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب السابع عشر فى العيدين: ۱/۱۵۲، رشيديه)

(۱) (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلوة، أحكام الجمعة، ص: ۵۰۲، قديمى)

"وهى (أى الجمعة) فريضة محكمة بالكتاب والسنة والإجماع، يكفر جاحدها". (البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۲۴۵، رشيديه)

(وكذا فى الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۱۳۶، سعيد)

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ جمعہ فرضِ عین ہے اور جمعہ کے بعد بھی تکبیر تشریق کہی جائے اور عید کے بعد بھی۔ جب کہ مسئلہ کتبِ مذہب میں بصراحت موجود ہے تو پھر اٹکل سے گفتگو کرنا بے محل ہے(۱)۔ واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

نماز کے بعد تکبیرِ تشریق کہنا بھول گیا، بات چیت بھی کرلی

سوال[۳۹۲۵]: اگر کوئی شخص عیدالاضحیٰ کے موقع پر تکبیرات نماز کے بعد کہنا بھول گیا اور نماز کے بعد ایک آدمی سے بات چیت شروع کردی پھر یاد آیا تو کیا ان تکبیرات کو لوٹا سکتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

تکبیر تشریق کا وقت فرض نماز کے فوراً بعد ہے، جب بات چیت کرلی تو وقت ختم ہوگیا(۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) "(ویجب تکبیر التشریق) فی الأصح ..... عقب کل فرض الخ". (الدرالمختار). "(قوله: کل فرض) شمل الجمعة ..... وعندالبلخیین: یکبرون عقب صلاة العید لأدائها بجماعة کالجمعة، وعلیه توارث المسلین، فوجب اتباعه". (ردالمحتار، کتاب الصلوة، باب العیدین: ۲/۱۷۹، سعید)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلوة، الباب السابع عشر فی صلاة العیدین: ۱/۱۵۲، رشیدیه)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلوة، باب العیدین: ۲/۲۸۹، رشیدیه)

(۲) "(ویجب تکبیر التشریق) فی الأصح للأمربه (مرةً) ..... (عقب کل فرض) بلا فصل یمنع البناء". (الدرالمختار). "(قوله: بلا فصل یمنع البناء) فلو خرج من المسجد أوتکلم عامداً أو ساهیاً أو أحدث عامداً، سقط عنه التکبیر". (ردالمحتار، کتاب الصلوة، باب صلاة العیدین: ۲/۱۷۷، ۱۷۹، سعید)

"وأما أدائه، فدُبر الصلاة وفورها من غیر أن یتخلل مایقطع حرمة الصلاة، حتی لوضحک قهقهةً أو أحدث متعمداً أو تکلم عامداً أو ساهیاً..... لایکبر؛ لأن التکبیر من خصائص الصلاة". (البحر الرائق، کتاب الصلوة، باب صلاة العیدین: ۲/۲۸۸، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلوة، الباب السابع عشر فی صلاة العیدین: ۱/۱۵۲، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

تکبیر تشریق عورت، دیہاتی اور منفرد پر

سوال[۳۹۲۶]: مکرمی مفتی صاحب! السلام علیکم

مولانا اشرف علی صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ نے بہشتی زیور، گیارہواں حصہ یعنی بہشتی گوہر میں تحریر فرمایا ہے کہ ''تکبیر تشریق واجب ہے ان پر جنہوں نے فرضِ عین نماز کو جماعتِ مستحبہ سے ادا کیا ہے بشرطیکہ وہ مصر میں ہوں یعنی مصر میں ہونا شرط ہے''۔ معلوم ہوا کہ گاؤں والوں پر تکبیر تشریق بعد نماز فرض عین بالجماعۃ المستحبۃ واجب نہیں اور یہ بھی لکھا کہ ''مسافر اور عورت جب کہ وہ مقتدی ہو امامِ مقیم بمصر کے، تو ان پر بھی واجب ہے اور اگر منفرد ہو یا عورت و مسافر مقتدی امام مقیم بمصر نہ ہو تو ان پر واجب نہیں لیکن اگر وہ بھی کہہ لیں تو بہتر ہے کیونکہ صاحبین رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ان پر بھی واجب ہے اگر چہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ان لوگوں پر واجب نہیں''(۱)۔

تو آیا مصر ہونا تکبیر تشریق کے لئے شرط ہے یا نہیں؟ اور دیہاتی وشہری منفرد عورت مسافر سب پر واجب ہے؟ آپ کے یہاں بقرعید کا پرچہ چھپا ہے وہ میرے پاس بھی آیا ہے، اس میں لکھا ہے کہ ''دیہاتی ہو یا شہری، منفرد ہو، جماعت سے پڑھا ہو، مسافر ہو یا عورت سب پر تکبیر تشریق واجب ہے تو کون صحیح ہے، آیا بہشتی گوہر کا مسئلہ یا آپ کے اشتہار کا؟ مدلل تحریر کریں تا کہ صحیح صحیح علم ہو جائے۔

محمد احمد صدیقی ضلع پرتاب گڑھ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

امام صاحب اور صاحبین کے قول کو نقل کر کے بہشتی گوہر کے حاشیہ پر لکھا ہے اس مسئلہ پر فتویٰ صاحبین کے ہی قول پر ہے، اس لئے گاؤں والوں پر بھی تکبیر تشریق واجب ہے:

قال فی البحر الرائق: "وأما عندهما فهو واجب على كل من يصلى المكتوبة؛ لأنه تبع لها، فيجب على المسافر والمرأة والقروىّ. قال فى السراج الوهاج والجوهرة: الفتوى على قولهما فى هذا أيضاً، فالحاصل أن الفتوىٰ على قولهما فى آخر وقته و فيمن يجب عليه"(۲)۔

---

(۱)(بهشتی زیور، عیدین کے نماز کے مسائل، حصہ یازدہم: ۸۰۱، دارالاشاعت، کراچی)

(۲) (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۲/۲۹۰، رشيديه)

"والفتوى والعمل فى عامة الأمصار و كافة الأعصار على قولهما". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب السابع عشر فى العيدين: ۱/۱۵۲، رشيديه)

(وكذا فى الدر المختار، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۲/۱۷۹، ۱۸۰، سعيد)

Made Searchable by ScribeTools.com

بہشتی گوہر میں دونوں قول نقل کر کے صاحبین کے قول پر عمل کرنے کا مشورہ دیا گیا ہے، ہمارے اشتہار میں شروع ہی سے صاحبین کے قول کو ذکر کیا گیا ہے کیوں کہ وہی مفتیٰ بہ ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، مظاہر علوم سہارنپور، ۲/محرم/۷۰ھ۔

عیدگاہ سے لوٹتے وقت تکبیرِ تشریق

سوال[۳۹۲۷]: عیدین میں جو تکبیر تشریق پڑھی جاتی ہے، گھر سے عیدگاہ تک پڑھنے کا حکم ہے، یا واپسی میں بھی پڑھنے کا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

عیدگاہ جاتے وقت تکبیر پڑھی جاتی ہے اور واپسی میں نہیں پڑھی جاتی: "ویکرہ فی حالة خروجه إلى المصلى جهراً، فإذا انتهى إلى المصلى، يترك، الخ". بحر(۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

تکبیر تشریق پر فتویٰ

سوال[۳۹۲۸]: امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک تکبیر تشریق کے لئے امصار و جماعت وغیرہ کی قید لگاتے ہیں اور صاحبین رحمہ اللہ تعالیٰ کوئی قید نہیں لگاتے، فتویٰ کس پر ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

صاحبین کے قول پر فتویٰ ہے، كذا فى الدر المختار(۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۵/۶/۹۰ھ۔

---

(۱) (البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب صلاة العيدين: ۲/۲۸۵، رشيديه)

(۲) "(و يجب تكبير التشريق) فى الأصح ..... (على إمام مقيم) وعلى مقتد (مسافر أو قروىّ أو امرأة) ..... (و قالا بوجوبه فور كل فرض مطلقاً) و لو منفرداً أو مسافراً أو امرأة؛ لأنه تبع للمكتوبة (إلى) عصر اليوم الخامس (آخر أيام التشريق، وعليه الاعتماد)، والعمل والفتوى فى عامة الأمصار وكافة الأعصار". (الدرالمختار، كتاب الصلاة ،باب العيدين: ۲/۱۷۹، ۱۸۰، سعيد)

"والفتوى والعمل فى عامة الأمصار و كافة الأعصار على قولهما". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب السابع عشر فى العيدين: ۱/۱۵۲، رشيديه)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۲/۲۹۰، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

الفصل السابع فی خطبة العید

(خطبۂ عید کا بیان)

خطبۂ عید میں تکبیر پڑھنا

سوال[۳۹۲۹]: زید نے عید کی نماز کے بعد کھڑے ہوکر خطبہ پڑھا، جب تکبیر یعنی "الله أكبر الله أكبر" آئی تو زید نے تکبیر پڑھی اور زید کے ساتھ تمام مقتدیوں نے بھی پڑھنی شروع کی، زید نے کہا کہ تم جہر کے ساتھ مت پڑھو، کیوں کہ یہ منع ہے۔ اس پر کوئی معترض کہتا ہے کہ تم نے غلط کہا۔ تو دریافت طلب بات یہ ہے کہ سری و جہری تکبیر میں کچھ فرق ہے یا نہیں، اور دونوں کا کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

سب کو خاموشی کے ساتھ خطبہ سننا چاہیے، ایسے وقت میں سامعین کو کچھ تکبیر وغیرہ کہنا منع ہے: "إذا خرج الإمام فلا صلوة ولا كلام ..... والصواب أنه يصلى على النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم عند سماع اسمه فى نفسه، ولايجب تشميت ولا ردسلام، به يفتى، وكذا يجب الاستماع لسائر الخطب كخطبة نكاح وخطبة عيد وختم على المعتمد، اه". درمختار: ۱/۸۰۷(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مفتی مدرسہ ہذا۔

خطبۂ عید سے پہلے تکبیر

سوال[۳۹۳۰]: کیا خطبات عید الاضحیٰ، عید الفطر کے قبل تکبیر - جیسے کہ جمعہ کے خطبہ میں ہوتی ہے- نہیں ہوتی ہے، ہونا چاہیے یا نہیں؟

---

(۱) (الدر المختار: ۲/۱۵۸، ۱۵۹، كتاب الصلوة، باب الجمعة، سعيد)

الجواب حامداًومصلیاً:

خطبۂ جمعہ سے پہلے تکبیر نہیں ہوتی، اذان ہوتی ہے، خطبۂ عیدین سے پہلے اذان بھی نہیں (۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۲/شوال/ ۶۷ھ۔

خطبۂ عید کی تکبیرات

سوال[۳۹۳۱]: عیدین کے پہلے خطبہ میں نو بار، اور دوسرے میں سات بار تکبیر ہیں اور یہ تکبیریں مسلسل کہیں اور تکبیر سے مراد صرف اللہ اکبر ہے یا پوری تکبیر تشریق ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

یہ تکبیر سے مراد پوری تکبیر تشریق ہے خطبہ میں یہ تکبیر مسلسل کہی جائیں گی (۲)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) (راجع حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلاة، باب الأذان، ص: ۱۹۴، قديمى)

"عن جابر رضى الله تعالىٰ عنه قال: صلى بنا رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى عيد قبل الخطبة بغير أذان ولا إقامة". (سنن النسائى، كتاب العيدين، باب ترك الأذان للعيدين: ۲۳۲/۱، قديمى)

"لا يسن (أى الأذان) لغيرها كعيد، الخ". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الأذان: ۳۸۵/۱، سعيد)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الثانى فى الأذان: ۵۳/۱، رشيديه)

(۲) "عن عبد الله بن عبد الله بن عتبة قال: السنة فى التكبيريوم الأضحىٰ والفطر على المنبر قبل الخطبة أن يبتدىء الإمام قبل أن يخطب وهو قائم على المنبر. بتسع تكبيرات تترى، لا يفصل بينها بكلام، ثم يخطب، ثم يجلس جلسةً، ثم يقوم فى الخطبة الثانية فيفتتحها بسبع تكبيرات تترى، لا يفصل بينها بكلام، ثم يخطب". (إعلاء السنن، أبواب العيدين: ۱۳۱/۸، إدارة القرآن كراچى)

"و يستحب أن يستفتح الأولى بتسع تكبيرات تترى): أى متتابعات(والثانية بسبع) هو =

Made searchable using ScribeTools.com

بغیر تکبیر کے عید الفطر کا خطبہ

سوال[۳۹۳۲]: ہماری مسجد کے امام صاحب نے اسی سال عید الفطر کا خطبہ پڑھا، اس میں ایک مرتبہ بھی تکبیر نہیں پڑھی اور امامِ مذکور کا کہنا ہے کہ تکبیر نہ پڑھنے پر بھی خطبہ ادا ہو جاتا ہے، اس طرح خطبہ عید الفطر میں تکبیر پڑھنا کوئی ضروری نہیں۔ اس سلسلہ میں از روئے شرع صحیح مسئلہ کیا ہے؟ اطلاع دیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

خطبہ ادا تو اس طرح بھی ہو جاتا ہے(۱)۔ فقط۔

خطبۂ عید میں عصا لینا

سوال[۳۹۳۳]: عند الخطبہ لاٹھی ہاتھ میں رکھنا بعض کتابوں میں مستحب لکھا ہے اور مولانا تھانوی مدظلہ العالی نے بہشتی زیور گوہر، ص:۱۲، میں لاٹھی عند الخطبہ منقول نہیں فرماتے ہیں، کونسا قول معتبر ہے؟

= السنة". (الدر المختار، كتاب الصلاة، باب العيدين : ۱۷۵/۲، سعيد)

"و يستحب أن يستفتح الأولى بتسع تكبيرات تترى والثانية بسبع". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة : ۲۸۳/۲، رشيديه)

(۱) خطبہ میں تکبیرات کا پڑھنا مستحب ہے، نیز خطبہ نمازِ عید کے لئے شرط نہیں، بلکہ خطبہ کے بغیر بھی صحیح ہو جاتی ہے:

"(ويخطب بعدها خطبتين) ..... ويبدأ بالتكبيرات فى خطبة العيدين، ويستحب أن يستفتح الأولىٰ بتسع تكبيرات تترى، والثانية بسبع". (البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب صلوة العيدين: ۲۸۳/۲، رشيديه)

"(يخطب بعدها خطبتين) وهما سنة ..... (ويبدأ بالتكبير فى) خمس (خطبة العيدين) ..... ويستحب أن يستفتح الأولى بتسع تكبيرات تترى): أى متتابعات (والثانية بسبع) هو السنة". (الدر المختار، كتاب الصلوة، باب صلاة العيدين: ۱۷۵/۲، سعيد)

"(قوله: فإنها سنة بعدها) ..... حتى لو لم يخطب أصلاً، صحّ وأساء لترك السنة". (البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب العيدين: ۱۶۶/۲، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب العيدين: ۲۷۷/۲، رشيديه)

الجواب حامداًومصلیاً:

بہشتی گوہر میں اس کے مصنف نے یہ مسئلہ درمختار سے لکھا ہے، مولانا تھانوی دامت برکاتہم نے تتمہ ثانیہ امداد الفتاوی میں اس کی تردید کی ہے، دوسرے قول کو ترجیح دی ہے(۱)۔ بہشتی گوہر حضرت مولانا تھانوی کی تصنیف نہیں بلکہ ایک اَور صاحب کی تصنیف ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۴/۱۱/۶۰ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۸/۱۱/۶۰ھ۔

صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور، ۲۹/۱۱/۶۰ھ۔

دورانِ خطبہ خطیب کو روپیہ دینا

سوال[۳۹۳۴]: یہاں عیدین کی نماز کے بعد دورانِ خطبہ لوگ خطیب صاحب کو روپیہ دینے کے لئے اپنی اپنی جگہ سے اٹھ اٹھ کر جاتے ہیں اور خطیب صاحب کے لئے کچھ لوگ روپیہ لینے کے واسطے کھڑے ہو جاتے ہیں اور روپیہ لیتے ہیں اور دینے والوں کا یہ عمل کیسا ہے؟ دوران خطبہ روپیہ دینے کے لئے جاتے ہیں۔ خطیب وامام اگر ایسے عمل سے نہیں روکتے تو ان کا یہ عمل شریعت کی رو سے کیسا ہے؟

---

(۱) (امداد الفتاوی، کتاب الصلاۃ، باب صلوۃ الجمعۃ والعیدین: ۱/۴۶۱، مکتبہ دار العلوم کراچی)

"عن شعیب بن رزیق الطائفی قال: جلست إلی رجل له صحبة من رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ..... فأقمنا بها أیاماً شهدنا فیها الجمعة مع رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، فقام متوکئاً علی عصا أو قوس، فحمد الله و أثنی علیه کلمات خفیفات طیبات مبارکات". الحدیث. (سنن أبی داود، کتاب الصلاة، باب الرجل یخطب علی قوس: ۱/۱۶۳، إمدادیه ملتان)

"الحکمة فیه الإشارة إلی أن هذا الدین قد قام بالسیف و فیه إشارة إلی أنه یکره الاتکاء علی غیره کعصا و قوس، خلاصة؛ لأنه خلاف السنة، محیط. وناقش فیه ابن أمیر حاج بأنه ثبت أنه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قام خطیباً بالمدینة متکئاً علی عصا أو قوس کما فی أبی داؤد، و کذا رواه البراء بن عازب رضی الله تعالیٰ عنه، عنه- صلی الله تعالیٰ علیه وسلم- و صححه ابن السکن". (حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، کتاب الصلاة، باب الجمعة، ص: ۵۱۵، قدیمی)

Made Searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

دورانِ خطبہ اس قسم کے کاموں کی اجازت نہیں، ادب کے ساتھ ایک جگہ بیٹھ کر خطبہ سننا لازم ہے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندنظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

عیدالفطر کے بعد خطبہ کا ترجمہ

سوال[۳۹۳۵]: عیدالفطر کا خطبہ پڑھنے کے بعد اس طرح منبر پر کھڑے ہو کہ خطبہ کا ترجمہ اور متعلقہ مسائل پر تقریر کرنا ازروئے شریعت جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

گنجائش نہیں، بہتر یہ ہے کہ عید سے متعلق احکام ومسائل عید سے پہلے جمعہ کو بیان کردیئے جائیں اور خطبہ ضرور عربی میں ہو، ضروری احکام نماز عید سے قبل بیان کردیئے جائیں(۲)۔واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) "أن أبا هريرة رضى الله تعالىٰ عنه أخبره أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "إذا قلت لصاحبک يوم الجمعة: أنصت والإمام يخطب، فقد لغوت". (صحيح البخارى، كتاب الجمعة، باب الإنصات يوم الجمعة: ۱/۱۲۸، ۱۲۷، قديمى)

"(وكل ما حرم فى الصلاة حرم فيها): أى فى الخطبة، خلاصة وغيرها. فيحرم أكلٌ و شربٌ وكلامٌ و لو تسبيحاً أو رد سلام أو أمراً بمعروف، بل يجب عليه أن يستمع و يسكت ..... وكذا يجب لسائر الخطب كخطبة نكاح و خطبة عيد الخ". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۵۹، سعيد)

"وإذا خرج، فلا صلاة و لا كلام، و قالا: لا بأس إذا خرج الإمام قبل أن يخطب، وإذا فرغ قبل أن يشتغل بالصلاة". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب السادس عشر فى الجمعة: ۱/۱۴۷، رشيديه)

(۲) "لأن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وأصحابه قد خطبوا دائماً بالعربية، ولم يُنقل عن أحد منهم =

خطبۂ عید کا نہ سننا

سوال[۳۹۳۶]: جمعہ اور عید کا خطبہ پڑھنے کے وقت اس کا سننا غیر ضروری سمجھ کر نہ سننا اور چلا جانا درست ہے یا نہیں؟ فقط۔

العبد محمد عثمان چاٹگامی، مقیم حجرہ: ۱۳۷، ۲۵/ رجب/ ۵۶ھ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

سننا واجب ہے اور اس کو غیر واجب سمجھنا اور چلا جانا درست نہیں: "وكل ماحرم فى الصلوة حرم فيه: أى الخطبة، فيحرم أكل و شرب و كلام بل يجب عليه أن يستمع و يسكت، وكذا يجب الاستماع لسائر الخطب كخطبة النكاح و خطبة عيد و ختم على المعتمد". درمختار: ۱/۸۵۸(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۶/ ۷/ ۵۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۶/ رجب/ ۵۶ھ۔

= أنهم خطبوا خطبة ولو خطبة غير الجمعة بغير العربية". (مجموعة رسائل اللكنوى رحمه الله تعالىٰ، رسالة آكام النفائس: ۴/۴۴، إدارة القرآن، كراچى)

"لاشك فى أن الخطبة بغير العربية خلاف السنة المتوارثة من النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من الصحابة –رضى الله تعالىٰ عنهم– فيكون مكروه تحريماً". (عمدة الرعاية على هامش شرح الوقاية، كتاب الصلوة، باب الجمعة ، (رقم الحاشية: ۲): ۱/۲۰۰، سعيد)

(۱) (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الجمعة : ۲/۱۵۹، سعيد)

"عن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "من قال يوم الجمعة والإمام يخطب: أنصت، فقد لغا". (جامع الترمذى، أبواب الجمعة، باب ما جاء فى كراهية الكلام والإمام يخطب : ۱/۱۱۴، سعيد)

"وأما المستمع، فيستقبل الإمام إذا بدأ بالخطبة، وينصت، ولا يتكلم، ولا يرد السلام الخ".

(البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۲۵۹، رشيديه) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

مقتدیوں کے لئے خطبۂ عید کے دوران تکبیر پڑھنے کا حکم

سوال[۳۹۳۷]: زید نے عید کی نماز کے بعد کھڑے ہوکر خطبہ پڑھا، جب تکبیر یعنی "اللہ أکبر، اللہ أکبر" آئی تو زید نے تکبیر پڑھی اور زید کے ساتھ تمام مقتدیوں نے بھی پڑھنی شروع کی، زید نے کہا کہ تم جہر کے ساتھ مت پڑھو کیوں کہ یہ منع ہے، اس پر کوئی معترض کہتا ہے کہ تم نے غلط کہا۔ تو دریافت طلب امر یہ ہے کہ سری و جہری تکبیر میں کچھ فرق ہے یا نہیں اور دونوں کا کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

سب کو خاموشی کے ساتھ خطبہ سننا چاہیے، ایسے وقت میں سامعین کو کچھ تکبیر وغیرہ کہنا منع ہے: "إذا خرج الإمام فلا صلوة و لا كلام، والصواب أنه يصلى على النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم عند سماع اسمه فى نفسه، ولا يجب تشميت و لا رد سلام، به يفتى. و كذا يجب الاستماع لسائر الخطب كخطبة نكاح و خطبة عيد و ختم على المعتمد، اهـ". درمختار: ۱/۸۰۷(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مفتی مدرسہ ہذا۔

خطبۂ عید میں نواب کا نام لینا

سوال[۳۹۳۸]: ہمارے یہاں خطبہ میں ہمارے یہاں کے نواب کا نام لیا جاتا ہے۔ کیا عید الفطر کے خطبہ میں نواب کا نام لیا جاسکتا ہے؟

= (وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، الباب السادس عشر فى صلاة الجمعة: ۱/۱۴۷، رشيديه)

(۱) (الدر المختار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۵۹، سعيد)

"أن أبا هريرة -رضى الله تعالىٰ عنه- "أخبره أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: قال: "إذا قلتَ لصاحبك يوم الجمعة: أنصت والإمام يخطب، فقد لغوت". (صحيح البخارى، كتاب الجمعة، باب الانصات يوم الجمعة: ۱/۱۲۸، ۱۲۷، قديمى)

الجواب حامداًومصلیاً:

خلیفۂ اعظم امیر المومنین کا نام لیا جائے تو گنجائش ہے(۱)، کیا نواب صاحب کا حال بھی یہی ہے کہ وہ تمام مسلمانوں کے امیر وحاکم ہیں؟ فقط۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

(۱) "و ينبغى أن تكون الخطبة الثانية: الحمد لله نحمده و نستعينه الخ، و ذِكرُ الخلفاء الراشدين والعمَّينِ رضوان الله تعالىٰ عليهم أجمعين مستحسنٌ، بذلك جرى التوارث". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب السادس عشر فى الجمعة: ۱/۱۴۷، رشيديه)

"و يندب ذكر الخلفاء الراشدين والعمَّين، لا الدعاء للسلطان". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۴۹، سعيد)

(وكذا فى حاشية الطحطاوى، كتاب الصلاة، أحكام الجمعة، ص: ۵۱۶، قديمى)

Made searchable using ScribeTools.com

الفصل الثامن فی الدعاء بعد العیدین

(نمازعید کے بعد کی دعاء کا بیان)

عیدین کے بعد دعاء

سوال[۳۹۳۹]: حضرت مولانا عاشق الٰہی صاحب میرٹھی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسالہ ''الصلوۃ'' میں تحریر فرمایا ہے کہ ''عیدین کے بعد دعاء نہیں''۔ بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ صلوۃ عیدین کے بعد دعا نہیں، لیکن امسال ۱۳۹۲ھ میں جو احکام رمضان المبارک مدرسہ دیوبند کی طرف سے شائع ہوا ہے، اس میں لکھا ہے کہ ''خطبہ کے بعد دعاء نہیں''، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ نمازعیدین کے بعد دعاء ہے۔ ان دونوں قولوں میں سے کون سا قول صحیح ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

نمازعیدین کے بعد خصوصیت سے دعاء کا ذکر نہیں، ممانعت بھی نہیں۔ نماز فرض ہو یا نفل، عمومی طور پر روایات میں دعاء مذکور ہے، عمل الیوم واللیلة میں ان روایات کی تخریج ہے(۱)، اس عموم میں نمازعیدین بھی داخل ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۱۰/۲۸ھ۔

---

(۱) ''عن أنس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنه عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم أنه قال: ''ما من عبد بسط کفیه فی دُبر کل صلوة، ثم یقول: أللهم إلٰهی وإله إبراهیم وإسحاق ویعقوب، وإله جبرئیل و میکائیل وإسرافیل علیهم السلام! أسئلک أن تستجیب دعوتی فإنی مضطر، وتعصمنی فی دینی فإنی مبتلی، و تنالنی برحمتک فإنی مذنب، و تنفی عنی الفقر فإنی متمسکن، إلا کا ن حقاً علی اللہ عزو جل أن لایرد یدیه خائبتین''. (عمل الیوم واللیلة لابن السنی، رقم الحدیث : ۱۳۸)

''عن فضالة بن عبید رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: ''إذا =

Made Searchable by ScribeTools.com

نمازِ عید کے بعد دعاء

سوال[۳۹۴۰]: تراویح کی ہر چار رکعت پڑھنے کے بعد دعاء کرنا اور عیدین کی نماز کے بعد دعاء کرنا واجب ہے یا سنت؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ہر چار رکعت تراویح کے بعد استراحت مستحب ہے اور اس وقت اس کو اختیار ہے کہ چاہے تلاوت کرے، چاہے تسبیح وتہلیل، درود پڑھے، چاہے دعاء کرے، چاہے نوافل پڑھے، لیکن دعاء کا التزام کرنا مجموعی حیثیت سے دعاء پر اصرار کرنا، تارک پر ملامت کیا جانا منع ہے، کیونکہ شریعت میں اس کا ثبوت نہیں ہے(۱)۔

''أما الاستراحة فی أثناء التراویح، فیجلس بین کل ترویحتین مقدار ترویحة، ولیس المراد حقیقة الجلوس بل المراد الانتظار، وهو المخیّر: إن شاء جلس وإن شاء هلل أو سبح أو قرأ أو صلی نافلةً منفرداً، اهـ''. کبیری(۲)۔

= صلی أحدکم، فلیبدأ بتحمید الله و الثناء علیه، ثم یصلی علی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، ثم لیدع بما شاء''. (عمل الیوم واللیلة، رقم الحدیث: ۱۱۳)

''عن زید بن أرقم رضی الله تعالیٰ عنه قال: سمعت النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یدعو دبر الصلاة یقول: ''اللهم ربنا و رب کل شیء''. (رقم الحدیث ۱۱۴) (عمل الیوم واللیلة لإبن السنی، باب ما یقول فی دبر صلاة الصبح، ص: ۱۰۲، ۱۲۱، مکتبة الشیخ، کراچی)

(۱) ''الإصرار علی المندوب یبلغه إلی حد الکراهة''. (السعایة، کتاب الصلاة، باب صفة الصلاة: ۲۶۵/۲، سهیل اکیڈمی، لاهور)

''قال الطیبی: وفیه: من أصر علی أمر مندوب و جعله عزماً، ولم یعمل بالرخصة، فقد أصاب منه الشیطان من الإضلال، فکیف من أصر علی بدعة أو منکر''. (مرقاة المفاتیح، کتاب الصلاة، باب الدعاء فی التشهد، (رقم الحدیث: ۹۴۶): ۳۱/۳، رشیدیه)

(۲) (الحلبی الکبیر، کتاب الصلاة، التراویح، ص: ۴۰۴، سهیل اکیڈمی)

(وکذا فی الدر المختار، کتاب الصلاة، باب الوتر والنوافل: ۴۶/۲، سعید)

''عن زید بن وهب قال: کان عمر بن الخطاب رضی الله تعالیٰ عنه یروحنا فی رمضان یعنی بین=

Made searchable using ScribeTools.com

اورعیدین کی نماز کے بعد خصوصیت سے دعاء یا عدم منقول نہیں، لیکن مطلقاً ہر نماز کے بعد دعاء روایات سے ثابت ہے، پس عیدین کے بعد بھی دعاء کرنا مسنون ہوگا (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

ایضاً

سوال[۳۹۴۱]: عیدین کی نماز میں کس وقت دعاء مانگنی چاہیے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

عیدین کی نماز کے بعد متصلاً اگر دعاء مانگی جائے تو یہ حدیث کے عموم میں داخل ہے جس میں ہر نماز کے بعد دعاء کا تذکرہ ہے (۲)۔ بعض لوگ بجائے بعد نماز دعاء مانگنے کے خطبہ کے بعد دعاء مانگتے ہیں، سو یہ کسی

= الترويحتين قدر ما يذهب الرجل من المسجد إلى سلع". (كنز العمال، كتاب الصلاة، صلاة التراويح، (رقم الحديث : ۲۳۴۷۲): ۸/ ۴۰۹، مطبعة البلاغة)

(۱) "عن مصعب بن عمير و عمر بن ميمون قالا: كان سعيد يعلّم بنيه هؤلاء الكلمات كما يعلّم المُكتب الغلمان، يقول: إن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان يتعوذ بهن دبر الصلاة: "أللهم إنى أعوذبک من الجبن، وأعوذبک من البخل، وأعوذبک من أرذل العمر وأعوذ بک من فتنة الدنيا و عذاب القبر". (جامع الترمذى، أبواب الدعوات، باب فى دعاء النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و تعوذه فى دبر كل صلوة ۲/ ۱۹۶، سعيد)

"عن زيد بن أرقم رضى الله تعالىٰ عنه قال: سمعت النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يدعو دبر الصلاة يقول: "أللهم ربنا و رب كل شيء". (عمل اليوم والليلة لابن السنى، باب ما يقول فى دبر صلاة الصبح، (رقم الحديث: ۱۱۴)، ص: ۱۰۲، مكتبة الشيخ، كراچى)

(۲) "عن فضالة بن عبيد رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "إذا صلى أحدكم، فليبدأ بتحميد الله و الثناء عليه، ثم يصلى على النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، ثم ليدع بما شاء". (عمل اليوم والليلة، رقم الحديث :۱۱۳)

"عن زيد بن أرقم رضى الله تعالىٰ عنه قال: سمعت النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يدعو دبر الصلاة يقول: "أللهم ربنا و رب كل شيء". (عمل اليوم والليلة لابن السنى، باب ما يقول فى دبر صلاة الصبح، (رقم الحديث ۱۱۴)، ص: ۱۰۲ ۱۲۱، مكتبة الشيخ، كراچى)

روایت یا حدیث یا عبارت فقہ سے ثابت نہیں امداد الفتاوی: ۱/۲ میں بھی ایسا ہی مذکور ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

ایضاً

سوال[۳۹۴۲]: عیدین کی نمازوں میں بعد سلام دعاء مانگنی چاہیے یا خطبہ کے، کونسا طریقہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے زیادہ ترعمل کرنا ثابت ہے؟ مع الدلائل بالتفصیل ومشرح مع حوالۂ کتب جواب تحریر فرمائیں، عنداللہ ماجور ہوں گے۔

المستفتی: محمد اسحٰق۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

احادیث سے علی الاطلاق بعد صلوۃ دعاء کا ثبوت ہے، ترمذی شریف میں ہے کہ:

"كان يعلّم بنيه هؤلاء الكلمات كما يعلم المُكتِب الغلمان يقول: إن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان يتعوذ بهن دبر الصلاة: "أللهم إنى أعوذبك من الجبن، الخ". ۲/۲۱۵(۲)۔

وفيه: "فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "عجلت أيها المصلى! إذا صليت فقعدت، فاحمد الله بما هو أهله، وصل علىَّ، ثم ادعه، الخ". وقال: هذا حديث حسن". ۲/۲۰۵(۳)۔

---

(۱) (امداد الفتاوی، کتاب الصلاۃ، باب الجمعة والعیدین: ۱/۴۰۴، مکتبه دار العلوم کراچی)

(۲) (جامع الترمذی، أبواب الدعوات، باب فی دعاء النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و تعوذه فی دبر کل صلوة: ۲/۱۹۶، ۱۹۷، سعید)

(۳) الحدیث بتمامه: "عن فضالة بن عبید رضی الله تعالیٰ عنه قال: بینا رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قاعد إذ دخل رجل فصلی، فقال: أللهم اغفر لی و ارحمنی، فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "عجلت أیها المصلی! إذا صلیت فقعدت، فاحمد الله بما هو أهله، وصل علیَّ، ثم ادعه". قال: ثم صلی رجل اٰخر بعد ذلک، فحمد الله، وصلی علی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، فقال له النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "أیها المصلی! ادْعُ تُجبْ". هذا حدیث حسن". (جامع الترمذی، أبواب الدعوات، باب بلا ترجمة: ۲/۱۸۵، سعید)

Made searchable using ScribeTools.com

عمل الیوم واللیلۃ میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے:

"عن النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم أنہ قال: "مامن عبد بسط کفیہ دبر کل صلوۃ، ثم یقول "اللھم، الخ ..... إلا کان حقاً علی اللّٰہ عزوجل أن لا یرد یدیہ خائبتین"(۱)۔

اور متبادر بعدیت سے بعدیتِ متصلہ ہے لہذا بعد عید خطبہ ہو کر دعاء کرنا پھر اسکو متصل قرار دینا مجازاً ہوگا جو متبادر نہیں، اس وجہ سے بعد نماز دعاء نہ کرنا اور بجائے اس کے خطبہ کے بعد دعاء مانگنا کسی کی روایت نہیں، لہذا بعد نماز دعا نہ کرنا اور بجائے اس کے خطبہ کے بعد دعاء کرنے کو معین کر لینا تخصیص بلا دلیلِ شرعی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

العبد محمود عفی عنہ، عبد اللطیف عفی عنہ، ۱۰/۱/۵۲ھ۔

بندہ عبد الرحمٰن۔

دعاء ومصافحہ بعد نمازِ عید

سوال[۳۹۴۳]: امام عیدگاہ کو بعد نماز عیدین دعاء مانگنا چاہیے یا بعد خطبہ؟ مصافحہ ومعانقہ کیا حکم رکھتا ہے؟

---

(۱) وقال المحشی عبد الرحمن کوثر: "الحدیث ضعیف کما ذکرنا فی التخریج، وجاء عن النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم أدعیۃٌ بألفاظ مختلفۃ بعد الصلوات المکتوبات. وأخرج الترمذی عن أبی أمامۃ قال: قیل لرسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم: أیّ الدعاء أسمع؟ قال: "جوف اللیل الآخر و دبر الصلوات المکتوبات". قال الترمذی: ھذا حدیث حسن". (حاشیۃ جامع الترمذی، أبواب الدعوات، باب بلا ترجمۃ: ۲/۱۸۷، سعید)

"عن محمد ابن أبی یحیی قال: رأیت عبد اللّٰہ بن زبیر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ و رأی رجلاً رافعاً یدیہ یدعو قبل أن یفرغ من صلاتہ، فلما فرغ منھا، قال: إن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم لم یکن یرفع یدیہ حتی یفرغ من صلوتہ". "قال الھیثمی رجالہ ثقات. قولہ: لم یکن یرفع یدیہ حتی یفرغ من صلوتہ، ظاھرہ مشروعیۃ رفع الیدین فی الدعا بعد الفراغ من الصلوۃ. واللّٰہ تعالیٰ اعلم". (عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی، باب ما یقول فی دبر صلاۃ الصبح، (رقم الحدیث: ۱۳۸)، ص: ۱۲۱، مکتبۃ الشیخ)

8

الجواب حامداًومصلیاً:

نماز عید کے بعد دعاء کریں، بعد خطبہ دعاء کرنا بے اصل ہے (۱)۔عید کا مصافحہ و معانقہ بدعت ہے(۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

---

(۱) عیدین کی نماز کے بعد خصوصیت سے دعاء یا عدمِ دعاء منقول نہیں لیکن عمومی روایات کی بناء پر عیدین کے بعد بھی دعاء کرنا مسنون ہوگا:"عن مصعب بن عمیر و عمرو بن میمون قالا: كان سعيد يعلّم بنيه هؤلاء الكلمات كما يعلم المُكتِب الغلمان يقول: إن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان يتعوذ بهن دُبر الصلاة: "أللهم إنى أعوذبک من الجبن، وأعوذبک من البخل، وأعوذبک من أرذل العمر، وأعوذ بک من فتنة الدنيا و عذاب القبر". (جامع الترمذى، أبواب الدعوات، باب فى دعاء النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و تعوذه فى دبر كل صلوة: ۱۹۶/۲، ۱۹۷، سعيد)

"عن فضالة بن عبيد رضى الله تعالىٰ عنه قال: بينا رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قاعد إذ دخل رجل فصلى فقال: أللهم اغفر لى و ارحمنى، فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "عجلت أيها المصلى! إذا صليت فقعدت فاحمد الله بما هو أهله، وصل علىّ، ثم ادعه". قال: ثم صلى رجل اٰخر بعد ذلک، فحمد الله، و صلى على النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فقال له النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "أيها المصلى! ادع تُجَب". هذا حديث حسن". (جامع الترمذى، أبواب الدعوات، باب بلا ترجمة: ۱۸۵/۲، سعيد)

(۲) "فإن محل المصافحة المشروعة أول الملاقاة، وقد يكون جماعةٌ يتلاقون من غير مصافحة، ويتصاحبون الكلام و مذاكرة العلم وغيره مدة مديدة، ثم إذا صلوا يتصافحون، فأين هذا من السنة المشروعة؟ ولهذا صرح بعض علماء نا بأنها مكروهة حينئذ، وأنها من البدع المذمومة". (مرقاة المفاتيح، كتاب الآداب، باب المصافحة والمعانقة: ۴۵۸/۸، رشيديه)

وفى رد المحتار: "تكره المصافحة بعد أداء الصلوة بكل حال؛ لأن الصحابة رضى الله تعالىٰ عنهم ماصافحوا بعد أداء الصلوة، ولأنها من سنن الروافض. ثم نقل عن ابن حجر رحمه الله تعالىٰ عن الشافعية أنها بدعة مكروهة، لاأصل لها فى الشرع". (كتاب الحظر والإباحة، باب الاستبراء: ۳۸۱/۶، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

دعاء بعد خطبۂ عیدین

سوال[۳۹۴۴]: امام عیدین کی نماز میں نماز کے بعد متصلاً دعاء کرنے کی بجائے خطبہ کے بعد دعاء کرتا ہے اس کا کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

خصوصیت سے بعد عید یا بعد خطبہ دعاء کی تصریح حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے منقول نہیں، البتہ بعد صلوۃ مطلقاً دعاء کا ثبوت بہت سی احادیث سے ہے، نیز اس وقت کو اوقاتِ اجابت میں حصنِ حصین (۱) وغیرہ (۲) میں شمار کیا ہے اور متبادر بعد الصلوۃ سے بعدیت متصلہ دعا نہ کرنا اور بجائے اس کے بعد خطبہ مقرر کرنا بظاہر تغیر سنت ہے (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱) "أحوال الإجابة عند النداء بالصلاة ..... وبين الأذان والإقامة..... و دبر الصلوات المكتوبات". (الحصن الحصين، للإمام محمد الجزرى، ص:٦٣، دار الإشاعت كراچى)

(۲) "عن أبى أمامة رضى الله تعالىٰ عنه قال : قيل لرسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: أىُّ الدعاء أسمع؟ قال: "جوف الليل الآخر و دبر الصلوات المكتوبات". "هذا حديث حسن". (جامع الترمذى، أبواب الدعوات، باب بلا ترجمة: ۲/۱۸۷، سعيد)

"عن زيد بن أرقم رضى الله تعالىٰ عنه قال: سمعت النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يدعو دبر الصلاة يقول: "أللهم ربنا و رب كل شىء". (عمل اليوم والليلة لابن السنى، باب ما يقول فى دبر صلاة الصبح، (رقم الحديث ۱۱۴)، ص:۱۰۲، مكتبة الشيخ)

(۳) "قال الطيبى: و فيه: من أصر على أمرمندوب و جعله عزماً، ولم يعمل بالرخصة، فقد أصاب منه الشيطان من الإضلال، فكيف من أصر على بدعة أو منكر". (كتاب الصلاة، باب الدعاء فى التشهد، (رقم الحديث : ۹۴۶): ۳/۳۱، رشيديه)

"فكم من مباح يصير بالالتزام من غير لزوم والتخصيص من غير مخصص مكروها، كما صرح به الملا على القارى فى شرح المشكوة والحصكفى فى الدر المختار". (مجموعة رسائل اللكنوى، سباحة الفكر فى الجهر بالذكر، الباب الأول فى حكم الجهر بالذكر : ۳/۳۴، إدارة القرآن كراچى)

الفصل التاسع فی المتفرقات

عیدین کے موقع پر مسجد میں چندہ کرنا

سوال[۳۹۴۵]: عید کے دن عیدگاہ کے اندر بعد نماز عصر امام کے لیے چندہ کرتے ہیں محض اس کی نماز پڑھانے کی وجہ سے، کیا یہ چندہ کرنا درست ہے جبکہ وہ امید بھی یہی کرتا ہے کہ مجھے یہ چندہ ضرور ملے گا؟ نیز مسجد کے اندر کسی قسم کا چندہ کرنا کیسا ہے خواہ عید ہو جمعہ یا عام نماز؟ نیز جمعہ کے بعد بھی بتّی اور پنکھے وغیرہ کے لئے بھی چندہ کرتے ہیں، ایسا کرنا کیسا ہے؟ نیز مدرسہ کے سفیر وغیرہ بھی مسجد میں نماز کے بعد چندہ کا ذکر کرتے ہیں، ایسا کرنا ازروئے شرع کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر سال بھر بھی نماز پڑھاتے ہیں تو عید کے موقع پر ان کو چندہ کر کے دینا بھی درست ہے اور اس مقصد کے لئے عیدگاہ میں چندہ کرنا بھی درست ہے(۱) مگر خطبہ کے وقت چندہ نہ کیا جائے، خطبہ کا سننا واجب ہے اس

---

(۱) "و یکره التخطی للسؤال بکل حال". (الدرالمختار). وفی رد المحتار : "(قوله :و یکره التخطی للسؤال الخ) قال فی النهر : والمختار أن السائل إن کان لا یمرّ بین المصلی و لا یتخطی الرقاب و لایسأل إلحافاً بل لأمرٍ لا بد منه، فلا بأس بالسؤال والإعطاء". (کتاب الصلوة، باب الجمعة : ۲/۱۶۴، سعید)

"یکره إعطاء سائل المسجد إلا إذا لم یتخط رقاب الناس فی المختار ..... لأن علیاً رضی الله تعالیٰ عنه تصدق بخاتمة فی الصلاة، فمدحه الله بقوله : (یؤتون الزکاة و هم راکعون)". (الدرالمختار). "(قوله: إذا لم یتخط): أی و لم یمر بین یدی المصلین، قال فی الاختیار: فإن کان یمر بین یدی المصلین ویتخطی رقاب الناس یکره؛ لأنه إعانة علی أذی الناس، حتی قیل : هذا فلس لا یکفره سبعون فلساً، وقال ط: فالکراهة للتخطی الذی یلزمه غالباً الإیذاء، وإذا کانت هناک فرجة یمر منها لاتخطی، فلا کراهة الخ". (ردالمحتار، کتاب الحظر والإباحة، فصل فی البیع : ۶/۴۱۷، سعید)

Made searchable using ScribeTools.com

میں خلل نہ آئے۔ مسجد میں مسجد و، رسہ یا اَور دینی ضرورت کے لیے چندہ درست ہے لیکن کسی کی نماز میں تشویش نہ ہو، اس کا لحاظ ضروری ہے، نیز شور وشف سے پرہیز لازم ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۱۶/ ۷/ ۹۱ھ۔

عیدین میں جھولی پھرانا اور اس رقم سے امام ومؤذن کی تنخواہ

سوال[۳۹۴۶]: ایک مسجد ہے اس کی آمدنی کا خاص ذریعہ نہیں ہے جس سے اس مسجد کے اخراجات پورے نہیں ہوتے، لہٰذا مسجد کی جو کمیٹی ہے اراکینِ کمیٹی کی اجازت سے عیدین کے موقع پر صفوں پر مقتدیوں کے سامنے رومال یعنی جھولی پھرائی جاتی ہے، جتنا جس سے ہوتا ہے لوگ اس میں پیسہ ڈالتے ہیں، پیسہ دینے والوں میں جائز کاروبار والے اور ناجائز کاروبار والے سب لوگ ہوتے ہیں، وہ پیسہ اکھٹا کر کے بصورتِ مدد کے مسجد کے امام اور مؤذن اور خادم کو دیا جاتا ہے۔ تو کیا امام اور مؤذن اور خادم وغیرہ کی مدد کے لئے اراکینِ کمیٹی کی اجازت سے عیدین کے موقع پر صفوں کے سامنے جھولی پھرانا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر یہ چندہ کرنے والے نمازیوں کی گردنوں پر پھلاند کر نہ گزریں تو اس طرح نماز عید سے قبل چندہ کرنا

= (وكذا في الفتاوىٰ البزازية على هامش الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الثالث والعشرون في الجمعة، نوع: اقتدى بالإمام ناوياً صلاته على ظن أنه في الجمعة الخ : ۴/ ۷۶، رشيديه)

(۱) "أن أبا هريرة رضي الله تعالىٰ عنه أخبره أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "إذا قلت لصاحبك يوم الجمعة: أنصت والإمام يخطب، فقد لغوت". (صحيح البخاري، كتاب الجمعة، باب الإنصات يوم الجمعة : ۱/ ۱۲۸، ۱۲۷، قديمي)

"(وكل ما حرم في الصلاة حرم فيها): أي في الخطبة، خلاصة وغيرها. فيحرم أكل و شرب و كلام و لو تسبيحاً أو ردالسلام ..... بل يجب عليه أن يستمع و يسكت ..... وكذا يجب لسائر الخطب كخطبة النكاح و خطبة عيد". (درالمختار، كتاب الصلاة، باب العيدين : ۲/ ۱۵۹، سعيد)

(وكذا في الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب السادس عشر في الجمعة : ۲/ ۱۴۷، رشيديه)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجمعة : ۲/ ۲۵۹، رشيديه)

درست ہے(۱) جس سے امام اور مؤذن کی تنخواہ ادا کی جاسکتی ہے۔ عمدہ صورت یہ ہے کہ باحیثیت آدمی مستقل تنخواہ کا انتظام کریں۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

عیدین کو امام کے لیے کمر پر رومال باندھنا

سوال[۳۹۴۷]: امامِ عیدین کو عذر ہو یا بلا عذر کمر پر رومال باندھ کر نماز پڑھانا شرعاً جائز ہے یا نہیں اور ایسی حرکت سے امام کو منع کیا جاسکتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

کمر پر رومال باندھنا فی نفسہ درست ہے لیکن بلا وجہ امامتِ عیدین کے لئے اس کو ضروری سمجھنا اعتقاداً یا عملاً التزام مالا یلزم ہے جو منع ہے، اصرار کی وجہ سے امر مندوب پر بھی شرعاً کراہت کا حکم جاری ہوجاتا ہے:

"الإصرار على المندوب يبلغه إلى حدا الكراهة". سعاية (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۵/۵/۶۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ ہذا، ۱۵/۵/۶۷ھ۔

---

(۱) نمازیوں اور مسجد کے آداب کی رعایت رکھتے ہوئے چونکہ سوال کرنا جائز ہے، لہٰذا طریقۂ مذکورہ سے چندہ کرنا بھی صحیح ہے:

"قال فی النهر: والمختار أن السائل إن كان لا يمر بين يدى المصلى، ولا يتخطى الرقاب، ولايسأل إلحافاً بل لأمرٍ لابدمنه، فلا بأس بالسؤال والإعطاء". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب الجمعة، مطلب فى الصدقة على سؤال المسجد: ۲/۷۶، سعيد)

(وكذا فى البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، الثالث والعشرون فى الجمعة: ۶/۷۶، رشيديه)

(وكذا فى النهر الفائق، كتاب الصلوة، باب صلاة الجمعة: ۱/۳۶۵، رشيديه)

(۲) (السعاية، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، قبيل فصل فى القراءة، ذكر البدعات: ۲/۲۶۵، سهيل اكيڈمى لاهور)

"من أصر على أمر مندوب، وجعله عزماً، ولم يعمل بالرخصة، فقد أصاب منه الشيطان من الإضلال، فكيف من أصر على بدعة أو منكر". (مرقاة المفاتيح، كتاب الصلاة، باب الدعا فى التشهد، (رقم الحديث: ۹۴۶): ۳/۳۱، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

عیدین کو تجارت کا حکم

سوال[۳۹۴۸]: کیا یہ صحیح ہے کہ عیدین کے دن کام کرنا منع ہے مثلاً بعد نماز تجارت وغیرہ کرنا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

عید اور بقرعید کو اپنی تجارت وغیرہ کا کام کرنا منع نہیں بلکہ جائز ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۹/۱۲/۲۳ھ۔

عید کے غسل کا وقت

سوال[۳۹۴۹]: عیدین کے دن قبل طلوعِ فجر یا قبل طلوعِ شمس اگر کوئی شخص غسل کرے تو اس سے عیدین کی سنت ادا ہوسکتی ہے یا نہیں؟ بہشتی گوہر میں ہے کہ ''عیدین کے دن بعد فجر غسل ان لوگوں پر کرنا سنت ہے جن پر عیدین کی نماز واجب ہے''(۲)۔

مالابدمنہ میں ہے کہ ''روزِ عید الفطر سنت آنست کہ اول چیزے بخورد، و صدقۂ فطر دھد، مسواک کند، وغسل کند، واحسن ثیاب بپوشد، و خوشبو استعمال نماید وغیرہ'' (۳). اب سوال یہ ہے کہ بعد فجر ''روز'' کی قید سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر کوئی شخص طلوعِ افتاب سے قبل غسل کرے تو اس سے سنت ادا نہیں ہوگی۔اب اس کا حکم کیا ہے؟ بینوا توجروا بأجر جزیل.

---

(۱) قال اللہ تعالی: ﴿فإذا قضيت الصلوة فانتشروا فی الأرض، وابتغوا من فضل اللہ، واذكر اللہ كثيراً، لعلكم تفلحون﴾. (سورة الجمعة: ۱۱)

قال الحافظ ابن كثير رحمه اللہ تعالیٰ: ''لما حجر عليهم فی التصرف بعد النداء و أمرهم بالاجتماع، أذن لهم بعد الفراغ فی الانتشار فی الأرض والابتغاء من فضل اللہ، كما كان عراك بن مالك رضی اللہ تعالیٰ عنه إذا صلی الجمعة، انصرف فوقف علی باب المسجد، فقال: أللهم! إنی أجبت دعوتك، وصليت فريضتك، وانتشرت كما أمرتنی، فارزقنی من فضلك وأنت خير الرازقين''.

(تفسير ابن كثير : ۳۶۷/۴، سهيل اكيڈمی لاهور)

(۲)(بہشتی زیور، حصہ یازدہم، اصلی بہشتی گوہر، غسل کا بیان، جن صورتوں میں غسل سنت ہے، ص:۷۳۹، دارالاشاعت، کراچی)

(۳)(مالابدمنہ، للقاضی ثناء اللہ پانی پتی، کتاب الصلاۃ، فصل در نمازہائے واجبہ، ص:۵۲، شرکۃ علمیہ ملتان)

Made Searchable by ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر کوئی آدمی طلوعِ فجر کے بعد غسل کرے اور نمازِ عید تک حدث لاحق نہ ہو تو اس کی سنت بالاتفاق ادا ہوگی، اگر طلوعِ فجر سے قبل غسل کیا اور اسی طہارت سے نمازِ عید ادا کی تو امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سنت ادا ہوگئی، مگر حسن رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ادا نہیں ہوئی، اگر درمیان میں حدث لاحق ہوگیا اور پھر وضو کی ضرورت پیش آئی تو کسی کے نزدیک سنت ادا نہیں ہوگی۔ اصل یہ ہے کہ اس میں اختلاف ہے کہ یہ غسل یوم کیلئے ہے یا صلاۃ کے لئے، امام ابو یوسف کے نزدیک صلاۃ کے لئے ہے اور اسی کو اصح لکھا ہے:

"(وسن للجمعة و العيدين و عرفة): أى سنّ الاغتسال لهذه الأشياء. ثم هذا الاغتسال لليوم عند الحسن، وقال أبويوسف رحمه الله تعالىٰ: للصلاة، و هو الأصح. وفى الكافى: لواغتسل قبل الصبح وصلى به الجمعة، نال فضل الغسل عند أبى يوسف رحمه الله تعالىٰ، وعند الحسن رحمه الله تعالىٰ: لا". زيلعى: ۱/۱۷(۱)۔ "والخلاف المذكور جارفى غسل العيد أيضاً". شامى: ۱/۱۷٤(۲)۔

بہشتی گوہر و مالا بدہ منہ میں وہ صورت لکھی ہے جس سے بالاتفاق سنت ادا ہو جائے اور وہ یہ ہے کہ بعد طلوعِ فجر غسل کرے "روز" سے مراد شرعی دن ہے جو کہ طلوعِ صبحِ صادق سے شروع ہو جاتا ہے(۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۶/۱۱/۵۹ھ۔

---

(۱) (تبيين الحقائق ، كتاب الطهارة : ۱/۷۱، ۷۲، دار الكتب العلمية بيروت)

(۲) (رد المحتار ، كتاب الطهارة : ۱/۱۶۹ ، سعيد)

"أن علياً رضى الله تعالىٰ عنه كان يغتسل يوم الفطر و يوم الضحى قبل أن يغدوا". (مصنف عبد الرزاق، كتاب العيدين ، باب الاغتسال فى يوم العيد ، (رقم الحديث : ۵۷۵۱) : ۳/۳۰۹، المكتب الإسلامى)

(۳) قال العلامة الشامى : "و لسيدى عبد الغنى هنا بحث نفيس .....حاصله أنهم صرحوا بأن هذه الاغتسالات الأربعة للنظافة لا للطهارة، مع أنه لو تخلل الحدث تزداد النظافة بالوضوء ثانياً، وإن كانت =

Made searchable using ScribeTools.com

غسلِ عید ایسی جگہ جہاں عید کی نماز نہیں ہوتی

سوال[۳۹۵۰]: جبکہ عید، بقرعید کی نماز دیہات میں جائز نہیں، تو عید کے دن نہانا، دھونا، کپڑے بدلنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ان کے لئے یہ مسنون نہیں کرلیں گے تو مضائقہ بھی نہیں (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/ ۵/ ۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۸/ ۵/ ۸۸ھ۔

عید کے لئے اذان نہیں

سوال[۳۹۵۱]: عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کے قبل کیا اذان نہیں ہوتی، نہیں ہوتی تو کیا پڑھا جاتا ہے؟

جواب میں لکھ دیجیے گا۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس موقع پر اذان مشروع نہیں: "فلا یؤذن لعید، الخ". مراقی الفلاح (۲)، اور بھی کوئی چیز

= للطهارة أيضاً فهى حاصلة بالوضوء ثانياً مع بقاء النظافة، فالأولى عندى الإجزاء وإن تخلل الحدث؛ لأن مقتضىٰ الأحاديث الواردة فى ذلك طلب حصول النظافة فقط. أقول: و يؤيده طلب التبكير للصلاة وهو فى الساعة الأولى أفضل و هى إلى طلوع الشمس، فربما يعسر مع ذلك بقاء للوضوء إلى وقت الصلوة، و لا سيماً أطول الأيام وإعادة الغسل أعسر ﴿وما جعل عليكم فى الدين من حرج﴾ وربما أداه ذلك إلى أن يصلى حاقناً و هو حرام، و يؤيده أيضاً ما فى المعراج: لو اغتسل يوم الخميس و ليلة الجمعة استن بالسنة لحصول المقصود و هو قطع الرائحة". (ردالمحتار، كتاب الطهارة: ۱/ ۱۶۹، سعيد)

(وكذا فى احسن الفتاوى، كتاب الصلاة، باب الجمعة والعيدين: ۴/ ۱۵۱، سعيد)

(۱) "(ندب يوم الفطر أكله) ..... و استياكه واغتساله ..... و لبسه أحسن ثيابه". (الدرالمختار).

وفى رد المحتار: "(قوله: ندب يوم الفطر الخ) ..... إن هذه الأمور مندوبة قبل الصلاة، ومن أدابها، لا من أداب اليوم، كما فى الجلابى الخ". (كتاب الصلاة، باب العيدين: ۲/ ۱۶۸، سعيد)

(وكذا فى حاشية الطحطاوى، كتاب الصلاة، أحكام العيدين، ص: ۵۲۹، قديمى)

(۲) (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلاة، باب الأذان، ص: ۱۹۴، قديمى) ..... =

اذان کے قائم مقام نہیں ہے۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۲/شوال/ ۶۷ھ۔

نماز عید کیلئے "الصلوۃ" کہہ کر بلانا

سوال[۳۹۵۲]: صلوۃ عیدین میں صلوۃ پکارنا بدعتِ حسنہ ہے یا سیئہ، یہ پکارنا چاہیے کہ نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

نہیں پکارنا چاہیے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۴/ ذی قعدہ/ ۶۷ھ۔

"الصلوۃ" وغیرہ کے بغیر نماز عید

سوال[۳۹۵۳]: کیا بغیر صلوۃ کہے عیدین کی نماز نہیں ہوسکتی؟

= "عن جابر رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: صلی بنا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فی عید قبل الخطبة بغیر أذان ولا إقامة". (سنن النسائی، کتاب العیدین، باب ترک الأذان للعیدین: ۱/۲۳۲، قدیمی)

"لایسن (أی الأذان) لغیرها کعید الخ". (الدرالمختار، کتاب الصلاة، باب الأذان: ۱/۳۸۵، سعید)

(وکذا فی الفتاوی العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب الثانی فی الأذان: ۱/۵۳، رشیدیه)

(۱)"عن جابر رضی اللہ تعالیٰ عنه: "قال صلی بنا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فی عید قبل الخطبة بغیر أذان ولا إقامة". (سنن النسائی، کتاب العیدین، باب ترک الأذان للعیدین: ۱/۲۳۲، قدیمی)

"ولیس (أی الأذان) لغیر الصلوات الخمس والجمعة نحو السنن والوتر والتطوعات والتراویح والعیدین أذانٌ ولا إقامةٌ، کذا فی المحیط". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب الثانی فی الأذان: ۱/۵۳، رشیدیه)

"لایسن (أی الأذان) لغیرها کعید الخ". (الدرالمختار، کتاب الصلاة، باب الأذان: ۱/۳۸۵، سعید)

البتہ کوئی ایسا طریقہ ہو جس کی اذان سے مشابہت نہ ہو تو جائز ہے، مثلاً اشتہار لگانا، یا ایک روز قبل اعلان کرنا کہ نمازِ عید فلاں وقت ادا کی جائے گی۔

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

بغیر ایسا کہے بلاشبہ نماز درست ہوجائے گی، اس رواج کو ترک کردینا چاہیے(۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

عیدین میں جلوس ودف

سوال[۳۹۵۴]: بعض جگہ عیدین کے موقع پر یہ کیا جاتا ہے کہ وہاں کے نوجوان مرد ولڑکے جلوس کی شکل میں نکل کر خوشیاں مناتے ہیں اور ان کے ساتھ ڈھول وغیرہ تو نہیں ہوتا بلکہ صرف وہ دف بجاتے ہیں جس کی ایک طرف چمڑہ ہوتا ہے، آیا اس موقع پر جلوس میں اس قسم کا دف بجانا یا اور کوئی ڈھول وغیرہ بجانا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ دف ڈھول وغیرہ ناجائز ہے، سکب الانھر: ۲/ ۵۵۳(۲)، دف کی اجازت بغرضِ اعلانِ نکاح شریعت نے دی ہے، عید کے روز اجازت نہیں دی(۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۸/۲/ ۵۸ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، سہارنپور، ۲/ ربیع الآخر/ ۵۸ھ۔

---

(۱) (راجع، ص: ۴۷۲، رقم الحاشیة: ۱)

(۲) أنه (أی الدف) حرام عند أكثر المشايخ و ما ورد من ضرب الدف فی العرس فكناية عن الإعلان ". (سكب الأنهر الدر المنتقی فی شرح الملتقی) علی هامش مجمع الأنهر للشيخ محمد بن علی الحصكفی، كتاب الكراهية، فصل فی المتفرقات: ۴/ ۲۲۲، مكتبه غفاريه كوئٹه)

(۳) "(قوله ويندب اعلانه): أی إظهاره والضمير راجع إلی النكاح بمعنی العقد، لحديث الترمذی: "أعلنوا هذا النكاح، واجعلوه فی المساجد، واضربوا عليه بالدفوف". (رد المحتار، كتاب النكاح: ۳/۸، سعيد)

"عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها قالت: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: "أعلنوا هذا النكاح، و اجعلوه فی المساجد، واضربوا عليه بالدفوف". هذا حديث حسن غريب". (جامع الترمذی، أبواب النكاح، باب ما جاء فی إعلان النكاح، ۱/ ۲۰۷، سعيد)

عید کے لئے قاضی کا جلوس

سوال[۳۹۵۵]: ایک قاضی گھوڑے پر چڑھ کر اور جلوس بنا کر نماز عید کے لئے جاتا ہے، اس کے آگے باجہ بجتا رہتا ہے، پٹاخے چلتے رہتے ہیں، لوگ ''اللہ اکبر'' اور ''قاضی زندہ باد'' کے نعرے بھی لگاتے ہیں، قاضی لوگوں کو ایسا کرنے سے نہیں روکتا بلکہ خود بھی چاہتا ہے اور خوش ہوتا ہے۔ کیا شریعت کی رو سے اس طرح نماز کے لئے جانے کی اجازت ہے؟ قاضی کا یہ عمل جائز ہے یا ناجائز؟ برائے کرم شرعی فیصلہ صادر فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ طریقہ شرعاً ناجائز ہے، اس کی اصلاح لازم ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/۱۰/۹۱ھ۔

بطورِ احتجاج عید کے روز نئے کپڑے نہ پہننا

سوال[۳۹۵۶]: عیدالفطر کے موقعہ پر مرادآباد کے ہولناک مسلم کش فساد کے بعد نوجوانوں میں ایک تحریک چلی ہے کہ عیدالاضحیٰ کے موقعہ پر بطور احتجاج واظہار ہمدردی نئے کپڑے نہ پہنے جائیں بلکہ دھلے ہوئے کپڑے استعمال کئے جائیں جبکہ حدیث میں ہے کہ بہتر سے بہتر جو کپڑا تمہارے پاس ہو تو وہ پہنو، اس تحریک میں شرعی قباحت ہے یا نہیں؟

---

(۱) ''عن نافع قال سمع ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنهما مزماراً، قال: فوضع إصبعيه على أذنيه، ونأىٰ عن الطريق، و قال لی: يا نافع! هل تسمع شيئاً؟ قال: فقلت: لا، قال: فرفع إصبعيه من أذنيه، وقال: كنت مع رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم نسمع مثل هذا فصنع مثل هذا''. (سنن أبی داؤد، كتاب الأدب، باب كراهية الغناء والزمر: ۲/۶۷۴، إمداديه ملتان)

''قلت: استماع صوت الملاهی كضرب قصب و نحوه حرامٌ لقوله عليه السلام: '' استماع الملاهی معصية، والجلوس عليها فسق، والتلذذ بها كفر'': أی بالنعمة، فصرف الجوارح إلى غير ما خلق لأجله كفرٌ بالنعمة لا شكرٌ، فالواجب كل الواجب أن يجتنب كی لا يسمع''. (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة: ۶/۳۴۹، سعيد)

(وكذا فی الفتاوىٰ البزازية على هامش الهندية، كتاب الكراهية، الثالث فيما يتعلق بالمناهی: ۵/۳۵۹، رشيديه)

Made Searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

نئے کپڑے عید کے دن پہننا مستحب ہے واجب نہیں (۱)۔ اگر اس تحریک سے مظالم کا انسداد متوقع ہو تو شرعی قباحت نہیں (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۶/۱۲/۱۴۰۰ھ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱) "وندب أن ..... يلبس أحسن ثيابه: أى أجملها جديداً كان أو غسيلاً". (حاشية طحطاوى على المراقى، كتاب الصلوٰة، باب أحكام العيدين، ص: ۵۲۹، قديمى)

"وندب يوم الفطر ..... لبس أحسن ثيابه". (درالمختار، كتاب الصلوٰة، باب العيدين: ۱۶۸/۲، سعيد)

(وكذا فى حاشية الطحطاوى على الدر المختار، باب العيدين: ۳۵۱/۱، دارالمعرفة بيروت)

(۲) "(عن) البراء بن عازب رضى الله تعالىٰ عنه قال: أمرَنا النبى صلى الله عليه وسلم بسبع ..... فذكر عيادة المريض ..... ونصر المظلوم". (صحيح البخارى، أبواب المظالم والقصاص، باب نصر المظلوم: ۳۳۱/۱، قديمى)

قال الحافظ رحمه الله: "هو فرض كفاية، وهو عام فى المظلومين، وكذالك فى الناصرين بناءً على أن فرض الكفاية مخاطب به الجميع، وهو الراجح". (فتح البارى، باب نصر المظلوم: ۱۲۵/۵، قديمى)

باب صلوۃ الاستسقاء

(نمازِ استسقاء کا بیان)

نماز استسقاء کی شرائط

سوال[۳۹۵۷]: اکثر ضلعوں میں بارش ہے لیکن کچھ ضلعے ایسے ہیں جہاں بارش نہیں ہے، مثلاً جیسے ضلع رہتک یا اس کے اردگرد بارش نہ ہونے کی وجہ سے لوگوں کو پریشانی ہے اور مویشیوں کی حالت تو قابلِ عبرت ہے، سننے میں یہ آیا ہے کہ ہزار ہا مویشی زمین چاٹ چاٹ کر مر گئے کیونکہ پچھلے سال بھی بارش نہ ہونیکی وجہ سے کچھ پیداوار زیادہ نہ تھی اور اس سال بھی بارش نہیں ہوئی جس کی وجہ سے یہاں تک نوبت پہنچی کہ قحط کی صورت ہوگئی۔ ایسی حالت میں نماز استسقاء کا پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟ زید کہتا ہے کہ جب تک شرائط نہ پائی جائیں نماز استسقاء جائز نہیں اور ''مالا بدمنہ'' فارسی کی عبارت پیش کرتا ہے، مالا بدمنہ مطبع مجیدی غالباً ص:۱۲ کے حاشیہ پر یہ عبارت موجود ہے جو نقل کی جاتی ہے وھو ھذا:

''واز شروطِ استسقاء آنست که درشدتِ ضرورت باشد یعنی بقدرِ کفِ دست اَبر در آسمان نباشد، ومستسقیاں را دریاھاوانھار وچائھائے برائے آب نوشی خود ایشاں و مواشئ ایشاں نباشد، واگر باشد کافی نبود، واِلا جائز نیست''(۱).

وعالمگیری وغیرہ، جس سے پتہ چلتا ہے کہ نہریں دریا کنویں نہ ہوں یا ہوں تو پانی کفایت نہ کرتا ہو تب نماز جائز ہے ورنہ نہیں (۲) اب قابلِ استفسار یہ امر ہے کہ سخت ضرورت میں بشرطِ عدم جملہ شرائط مثلاً ابر بھی کچھ

---

(۱) (مالابدمنه للقاضی ثناء الله پانی پتی، کتاب الصلوة، طلبِ باران: ۷۳، رقم الحاشیة: ۱، میر محمد کتب خانه، کراچی)

(۲) "إنما یکون الاستقاء فی موضع لایکون لهم أو دیة ولا أنهار وآبار یشربون منها ویسقون مواشیهم أو زروعهم، أو یکون لهم ولا یکفیهم ذالک. فأما إن کانت لهم أو دیة وآبار وأنهار، فإن الناس لایخرجون =

Made searchable using ScribeTools.com

ہو، دریاؤں میں نہروں میں پانی بھی ہولیکن مویشیوں کو پوری خوراک نہ ملنے کی وجہ سے کنووں میں سے پانی چاہے نہ نکال سکتے ہوں تو ایسی صورت میں نماز استسقاء جائز ہے یا نہیں؟ اگر ان مذکورہ شرائط کے ساتھ ہی جائز ہوتو احقر کو شبہ ہوتا ہے کہ تقریباً دس گیارہ سال ہوئے احقر نے سہارنپور میں نماز استسقاء پڑھی اور غالباً حضرت حافظ صاحب ناظم مدرسہ نے پڑھائی تھی، اس وقت دریاؤں میں، نہروں میں پانی نہ ہو یا ہوتو شاید ابر نہ ہو۔ (اعتراضاً تحریر نہیں کیا گیا) بلکہ غرض اس واقعہ گذشتہ سے یہ ہے کہ احقر کا خیال اور حافظہ میں اس وقت ان شرطوں میں سے کوئی شرط نہیں تھی سوائے اس کے کہ جس طرح اس وقت بارش نہیں ہوتی اس وقت بھی بارش نہ ہوتی تھی، یا اگر کوئی سبب ہوگا تو یاد نہیں، شاید احقر کے حافظہ نے غلطی کی ہو، غرض! مفصل تحریر کیا جائے۔

بمقام سونی پت رہتک، محلّہ منڈی زیر قلعہ، برمکان حاجی کریم الدین، عبدالرحیم پارچہ فروش۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جب بارش نہ ہو اور نہریں، کنویں وغیرہ بھی نہ ہوں یا کنویں وغیرہ ہوں مگر ان میں پانی بالکل نہ ہو، یا پانی ہو مگر بقدرِ حاجت نہ ہو یعنی خود پینے کے لئے جانوروں کو پلانے کے لئے کھیتی کرنے کیلئے کافی نہ ہو، تو اس وقت استسقاء مشروع ہے اور جب پانی بقدرِ کفایت موجود ہوتو مشروع نہیں:

"وشرعاً: طلب إنزال المطر بكيفية مخصوصة عند شدة الحاجة بأن يحبس المطر، ولم يكن لهم أودية و ابار وأنهار يشربون منها ويسقون مواشيهم وزرعهم، أو كان ذلك إلا أنه لا يكفي، فإذا كان كافياً لا يستسقى، كما في المحيط، قهستاني، اهـ". ردالمحتار: ۱/۸۸۳(۱)۔

= إلى الاستقاء لأنها انما تكنو عند شدة الضرورة والحاجة كذا فى المحيط". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلوة، الباب التاسع عشر فى الاستقاء: ۱/۱۵۴، رشيديه)

(۱) (رد المحتار كتاب الصلاة، باب الاستسقاء: ۲/۱۸۴، سعيد)

"عن أنس رضى الله تعالىٰ عنه قال: جاء رجل إلى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقال: هلكت المواشى، و تقطعت السبل، فدعا فمُطِرنا من الجمعة إلى الجمعة ،ثم جاء فقال: تهدّمت البيوت، و تقطعت السبل، و هلكت المواشى، فقال: اللهم على الآكام والظّراب والأودية ومنابت الشجر" فانجابت عن المدينة انجياب الثوب". (صحيح البخارى، أبواب الاستسقاء، باب من اكتفى

جب رہتک میں یہ حالت ہے تو شرعاً وہاں صلوٰۃ استسقاء درست ہے کیونکہ پیداوار نہ ہونے کی وجہ سے جب جانور زمین چاٹ چاٹ کر مر رہے ہیں تو اس قدر حاجت کافی ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارن پور، ۲۶/۶/۵۸ھ۔

الجواب الصواب: بندہ عبدالرحمٰن غفرلہ۔

ایضاً

سوال[۳۹۵۸]: مدرسۃ الاصلاح سرائے میر کے قریب ہی موضع بینا پارہ واقع ہے، وہاں لوگوں نے نمازِ استسقاء ادا کی، مولانا بدرالدین اصلاحی نے نماز پڑھائی اور جامعہ فاروقیہ میں دعا خوانی کی گئی، نماز ادا نہیں کی گئی بلکہ مولانا محمد یسین قاسمی مہتمم جامعہ ہذا و مولانا ظفر علی قاسمی جو کہ قریب ۳۰/ سال سے مدرسہ میں عربی کی تعلیم دے رہے ہیں، انہوں نے اعلان کی کہ استسقاء کی نماز ادا نہیں کی جائے گی، صرف دعا خوانی ہوگی اس لئے کہ شرائط نہیں پائے جاتے اور فضا کا اس وقت یہ عالم تھا کہ بادل خوب گھرا ہوا تھا، مگر بارش ایک قطرہ نہیں ہوئی، بلکہ دھوپ سے مکئی وغیرہ سوکھ رہی تھی اور جو شرطیں مالا بدمنہ میں ذکر ہیں وہ بھی نہیں پائی جاتی تھیں، جیسا کہ مالا بدمنہ، ص:۸ میں ہے:

”واز شرطِ استسقاء آنست کہ دردشت ضرورت باشد یعنی بقدرِ کفِ دست ابردر آسمان نباشد،..... برائے آب نوشئ خود ایشان ومواشی ایشان نباشد، واگر باشد کافی نبود، وإلا جائز نیست“(۱). عالمیگریہ أیضاً.

= بصلوة الجمعة فی الاستسقاء: ۱/۱۳۸، قدیمی)

”وإنما یکون الاستسقاء فی موضع لا یکون لهم أودیة ولا أنهار و آبار یشربون منها و یسقون مواشیهم أو زرعهم، أو یکون و لا یکفیهم ذلک، فأما إذا کانت لهم أودیة و آبار وأنهار، فإن الناس لا یخرجون إلی الاستسقاء؛ لأنها إنما تکون عند شدة الضرورة والحاجة“. (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب التاسع عشر فی الإستسقاء: ۱/۱۵۴، رشیدیه)

(وکذا فی حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، کتاب الصلاة، باب الإستسقاء، ص:۵۴۸، قدیمی)

(۱) (مالا بدمنه للقاضی ثناء الله پانی پتی، کتاب الصلوة، بیانِ طلبِ باران، ص: ۷۳، رقم الحاشیة: ۱، میر محمد کتب خانه، کراچی)

Made searchable using ScribeTools.com

حالانکہ اس وقت پانی وغیرہ کی کھانے پینے میں بہت فراوانی تھی اور آسمان ابر آلود بھی بہت تھا تو بھی نماز ادا کی۔ مفتیانِ دین اس بارے میں کیا فرماتے ہیں؟ فتویٰ دے کر ممنون فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جب پانی کی قلت کی وجہ سے آدمیوں، جانوروں، کھیتوں کی ضرورت پوری نہ ہوتی ہو تو استسقاء درست اور ثابت ہے، اس کے لئے دعاء بھی ثابت ہے اور نماز بھی، کسی اختلاف اور نزاع کی ضرورت نہیں، آپس کے نزاعات کو ایسے وقت میں سامنے لاکر انتشار پھیلانے سے توجہ الی اللہ نہیں ہوتی، توجہ الی الناس ہی رہتی ہے۔

احادیث میں موجود ہے کہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے خطبہ کے وقت کسی نے آکر پانی کی قلت کی شکایت کی جب ہی دعاء فرمائی حالانکہ آسمان پر بالکل بادل نہیں تھا، مگر فوراً بارش ہوگئی، ہفتہ تک بارش رہی (۱)۔

---

(۱) "عن أنس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنه أن رجلاً دخل المسجد یوم الجمعة من باب کان نحو دار القضاء ورسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم قائم یخطب، فاستقبل رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم قائماً، ثم قال: یارسول اللہ! هلکتِ الأموال، وانقطعت السبل، فادع اللہ یغیثنا، فرفع رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم یدیه، ثم قال: "أللهم أغثنا، أللهم أغثنا". قال أنس رضی اللہ تعالیٰ عنه: ولا واللہ! مانری فی السماء من سحاب ولاقزعة، وما بیننا وبین سلع من بیت ولادار، قال: فطلعت من ورائه سحابة مثل الترس، فلما توسطت انتشرت، ثم أمطرت، فلا واللہ! مارأینا الشمس سبتاً. ثم دخل رجلٌ من ذلک الباب فی الجمعة ورسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم قائم یخطب، فاستقبله قائماً فقال: یارسول اللہ! هلکتِ الأموال وانقطعت السبل، فادع اللہ یمسکها عنا، قال: فرفع رسول اللہ یدیه، ثم قال: "أللهم حوالینا، ولا علینا، أللهم علی الآکام والظراب وبطون الأودیة ومنابت الشجر". قال: فأقلعت وخرجنا نمشی فی الشمس". (صحیح البخاری، أبواب الاستسقاء، باب الاستسقاء فی خطبة الجمعة غیر مستقبل القبلة: ۱/۱۳۸، قدیمی)

"وشرعاً: طلب إنزال المطر بکیفیة مخصوصة عند شدة الحاجة بأن یحبس المطر، ولم یکن لهم أو دیة وآبار وأنهار یشربون منها ویسقون مواشیهم وزرعهم، أو کان ذلک، إلا أنه لایکفی، فإذا کان کافیاًلایستسقی، کما فی المحیط". (ردالمحتار، کتاب الصلاة، باب الاستسقاء: ۲/۱۸۴، سعید)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب التاسع فی الاستسقاء: ۱/۱۵۴، رشیدیه)

(وکذا فی حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، کتاب الصلاة، باب الاستسقاء، ص: ۵۴۸، قدیمی)

Made Searchable by ScribeTools.com

حاشیہ مالا بدمنہ سے جو بادل ہونے کی شرط کو لکھا گیا ہے وہ شرط فتاویٰ عالمگیری میں مجھے نہیں ملی (۱)۔ جس وقت دعاء کی گئی اس وقت کا حال راوی نے بیان کیا اور سرعتِ اجابتِ دعا کے ذیل میں ہے کہ بادل موجود نہ ہونے کے باوجود فوراً بارش شروع ہوگئی، نہ کہ یہ استسقاء کے لئے شرط ہے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۱/ ۷/ ۹۳ھ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱) ''بظاہر عالمگیری کی یہ عبارت مراد ہے: ''إنما يكون الاستقاء في موضع لايكون لهم أودية ولا أنهار وآبار يشربون منها ويسقون مواشيهم أو زروعهم، أو يكون لهم ولا يكفيهم ذالك، فأما إذا كانت لهم أو دية وآبار وأنهار، فإن الناس لايخرجون إلى الاستقاء؛ لأنها إنما تكون عند شدة الضرورة والحاجة، كذا في المحيط''. (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلوة، الباب التاسع عشر في الاستقاء: ۱/ ۱۵۴، رشيديه)

(۲) ''عن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها قالت: شكى الناس إلى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم محوط العطر، فأمر بمنبر ..... فخرج رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم حين بدا حاجب الشمس، فقعد على المنبر، فكبر وحمدالله ..... فصلى ركعتين، فأنشا الله بسحلبةً فرعدت وبرقت ثم أمطرت بإذن الله فلم يأت مسجده حتى سالت السيول فلما رأى سرعتهم إلى الكنّ ضحك حتى بدت نواجذه ..... اهـ''.

''ضحك حتى بدت نواجذه'': أي آخر أضراسه، وكان ضحكه تعجباً من طلبهم المطر اضطراراً، ثم طلبهم الكن عنه قراراً، ومن عظيم قدرة الله تعالىٰ والظهار قرية رسوله، وصدقة بإجابة دعائه سريعاً''. (مرقاة المفاتيح، كتاب الصلوة، باب الاستقاء: ۳/ ۲۱۵-۲۱۸، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

باب الجنائز

کیا اچانک موت کا آنا بُری موت کی علامت ہے؟

سوال[۳۹۵۹]: ہارٹ فیل ہوجانا کیا بُری موت کی علامت ہے؟

حاجی عبدالمجید ڈرائیور۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اچانک موت سے پناہ مانگی گئی ہے، کیونکہ اس سے اکثر ادائے حقوق، توبہ، معافی وغیرہ کا موقع نہیں ملتا(۱)۔فقط۔

روح نکلنے کے بعد میت کے پیر قبلہ کی طرف کرنا

سوال[۳۹۶۰]: کسی مسلمان کی روح نکلنے کے بعد اس کو کس سمت رکھا جائے؟ ہمارے یہاں عام رواج یہ ہے کہ روح نکلنے کے بعد اس کے پیر کو قبلہ رُخ کردیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اس کے چہرہ کا رخ قبلہ کی

---

(۱) "عن عبيد بن خالد السلمي رجل من أصحاب النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال مرةً: عن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، ثم قال مرةً: عن عبيد قال: "موت الفجاء ة أخذة أسف". (سنن أبي داؤد، كتاب الجنائز، باب موت الفجأة: ۲/۸۷، إمداديه)

"بفتح السين و كسرها، فبالفتح معناه: أخذة غضبٍ، وبالكسر معناه: أخذة غضبان، فمعنى الكلام: موت الفجأة أثر غضبه تعالىٰ حيث لم يتركه للتوبة، وأعدم زاد الآخرة، و لم يمرّضه ليكفّر ذنوبه، و لذلك تعوّذ -صلى الله تعالىٰ عليه وسلم- من موت الفجأة". (بذل المجهود، كتاب الجنائز، باب موت الفجأة: ۵/۱۸۲، إمداديه)

(وكذا في مرقاة المفاتيح، كتاب الجنائز، باب تمني الموت و ذكره، الفصل الثاني، (رقم الحديث: ۱۶۱۱): ۴/۷۷، رشيديه)

طرف ہوجاتا ہے جب کہ زندگی میں قبلہ کی جانب پیر پھیلا کر سونے یا بیٹھنے کی ممانعت کی گئی ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

روح جسم سے نکل جانے کے بعد میت کے پیر کو قبلہ کی طرف کردینے کا رواج شرعاً بے اصل اور غلط ہے، ہاں! موت سے پہلے جب موت کے آثار شروع ہوجائیں تو اس وقت اس کا سر شمال کی طرف اور پیر جنوب کی طرف، رخ قبلہ کی طرف کردیا جائے، یہی افضل اور سنت طریقہ ہے اگر چہ کسی مصلحت کی خاطر کوئی دوسری صورت بھی درست ہے:

"و یسن توجیه المحتضر: أی من قَرُب من الموت علی یمینه؛ لأنه السنة، وجاز الاستلقاء علی ظهره؛ لأنه أیسر لمعالجته، و لکن یرفع رأسه قلیلاً لیصیر وجهه إلی القبلة دون السماء". مراقی الفلاح، ص: ۵۰۳(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۲/۱۵ھ۔

موت کے وقت سر کدھر ہو اور پیر کدھر ہو؟

سوال[۳۹۶۱]: موت کے وقت سر پورب اور پیر پچھّم (۲) کی طرف کرکے لٹاتے ہیں، کیا یہ صحیح ہے؟

---

(۱) (مراقی الفلاح شرح نور الإیضاح، باب أحکام الجنائز: ۵۵۸، قدیمی)

"(یوجه المحتضر) و علامته استرخاء قدمیه واعوجاج منخره وانخساف صدغیه (القبلة) علی یمینه هو السنة. (وجاز الاستلقاء) علی ظهره (و قدماه إلیها) و هو المعتاد فی زماننا (و) لکن (یرفع رأسه) لیتوجه للقبلة (وقیل: یوضع کما تیسر علی الأصح) صححه فی المبتغی. (وإن شق علیه، ترک علی حاله)". (الدرالمختار، کتاب الصلاة، باب الجنائز: ۱۸۹/۲، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲۹۸/۲، رشیدیه)

(کذا فی الحلبی الکبیر، کتاب الصلوة، فصل فی الجنائز، ص: ۵۷۶، سهیل اکیڈمی، لاهور)

(۲) "پورب: مشرق"۔ (فیروز اللغات، ص: ۳۰۸، فیروز سنز، لاہور)

"پچھّم: مغرب"۔ (فیروز اللغات، ص: ۲۸۰، فیروز سنز، لاہور)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

اس کی بھی گنجائش ہے کہ مرتے وقت سر پورب کی طرف کیا جائے لیکن سر کو تکیہ کے ذریعہ ذرا اونچا کردیا جائے، اعلیٰ بات یہ ہے کہ سر شمال کی طرف ہواور پیر جنوب کی طرف کردیں اور چہرہ قبلہ کی طرف رہے(۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

میت کے پاس تلاوت کا حکم

سوال[۳۹۶۲]: زید کا انتقال ہوگیا، اب اس کے سرہانے یا اس کے پاس تلاوتِ قرآن غسل کے وقت تک کرنا درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

مکروہ ہے، کچھ فاصلہ پر تلاوت کی جائے، رد المحتار: ۱/۸۹۲ (۲)۔

---

(۱) "و يسن توجيه المحتضر: أى من قرب من الموت على يمينه؛ لأنه السنة. و جاز الاستلقاء إلى ظهره؛ لأنه أيسر لمعالجته، و لكن يرفع رأسه قليلاً، ليصير وجهه إلى القبلة دون السماء". (مراقى الفلاح شرح نور الإيضاح، باب أحكام الجنائز، ص: ۵۵۸، قديمى)

"(يوجه المحتضر) -وعلامته استرخاء قدميه واعوجاج منخره وانخساف صدغيه- (القبلة) على يمينه هو السنة (وجاز الاستلقاء) على ظهره (و قدماه إليها) و هو المعتاد فى زماننا (و) لكن (يرفع رأسه) ليتوجه للقبلة (وقيل: يوضع كما تيسر على الأصح) صححه فى المبتغى. (وإن شق عليه، ترك على حاله)". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۱۸۹/۲، سعيد)

(وكذا فى البحرالرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲۹۸/۲، رشيديه)

(وكذا فى الحلبى الكبير، كتاب الصلوة، فصل فى الجنائز، ص: ۵۷۶، سهيل اكيڈمى، لاهور)

(۲) "وذكر ط أن محل الكراهة إذا كان قريباً منه، أما إذا بَعُد عنه بالقراءة فلا كراهة، الخ".

(ردالمحتار: ۱۹۴/۲، مطلب فى القراءة عند الميت، سعيد)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية: ۱۵۷/۱، الفصل الأول فى المحتضر، رشيديه)

(وكذا فى الحلبى الكبير، ص:۵۷۷، فصل فى الجنائز، سهيل اكيڈمى لاهور)

میت کے اردگرد میں قرآن پڑھنا

سوال[۳۹۶۳]: اگرکوئی آدمی مرجاتا ہےتواس کے دفن کرنے سے پہلے اس آدمی کورکھ کراس کے ادہراد ہراورروبروقرآن پاک کو پڑھا جاتا ہے، جس آدمی نے ساری عمردین کا کوئی کام نہ کیا ہواور یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ اس قرآن کے دَور کی وجہ سے میری معافی ہوجائے گی۔ کیا یہ صحیح ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

یہ عقیدہ اورطریقہ غلط ہے، اور بے دلیل ہے بلکہ خلافِ اصول ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

میت کے قریب اگربتی سُلگانا

سوال[۳۹۶۴]: میت کے قریب اگربتی سلگانا کیسا ہے؟ ایک شخص کہتا ہے کہ یہ تشبہ بالنار ہے، کیا یہ درست ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

میت میں بدبو پیدا ہوجانے کا اندیشہ ہوتا ہے، اسلئے اس کو غسل دینے سے پہلے تختہ کو خوشبو کی دھونی دی

---

(۱) اصول جو حدیث شریف میں بیان کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ جب میت کی نزع کی حالت شروع ہوجائے تو اس وقت اس کے قریب بیٹھ کر آرام آرام سے سورۂ یٰسین کی تلاوت شروع کی جائے اس سے اس کی نزعِ روح میں آسانی ہوتی ہے:

"أخرج ابن أبی الدنیا والدیلمی عن أبی الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنه، عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم قال: "ما من میت یقرأ عند رأسه سورة "یس" إلا هوّن اللہ علیه". و فی روایة صحیحة أیضاً: "یٰسٓ قلب القرآن، لا یقرأ ها عبدٌ یرید الدار الآخرة إلا غفر اللہ له ما تقدم من ذنبه، فاقرأوها علی موتاکم". قال ابن حبان: المراد به من حضره الموت. و یؤیده ما أخرجه ابن أبی الدنیا وابن مردویة: "ما من میت یقرأ عنده یٰس، إلا هوّن اللہ علیه". (مرقاة المفاتیح، کتاب الجنائز، باب ما یقال عند من حضره الموت، الفصل الثانی: ۴/۹۰، رقم الحدیث: ۱۶۲۲، رشیدیه)

(وکذا فی إنجاح الحاجة علی هامش ابن ماجة، کتاب الجنائز، باب ما جاء فی ما یقال عند المریض إذا حضر، (رقم الحاشیة: ۶، ص: ۱۰۴، قدیمی)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

جاتی ہے، یہ مسئلہ عام کتب فقہ میں درج ہے، اس میں تشبہ بالنار نہیں ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۶/۶/۲۵ھ۔

مرنے کے بعد بیوی کا منہ دیکھنا

سوال[۳۹۶۵]: زید اپنی زوجہ کا انتقال کے بعد قبل از دفن چہرہ دیکھنے کا حق رکھتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

دیکھنے کا حق ہے مگر جسم کو ہاتھ نہ لگائے (۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۹/۲/۲۶ھ۔

کافر کے مرنے کی خبر پر کیا پڑھے

سوال [۳۹۶۶]: لوگوں میں مشہور ہے کہ جب کسی کافر کے مرنے کی خبر سنے یا لاش لے جاتے ہوئے دیکھے تو ﴿فی نار جهنم خالدين فيها أبدا﴾ پڑھنا چاہئے۔شرعاً اس کا کیا حکم ہے؟

---

(۱) "(ويوضع) كمامات (كماتيسر) في الأصح (على سرير مجمّر وتراً) إلى سبع فقط".

(الدرالمختار). وفي رد المحتار: "(قوله: مجمّر): أي مبخّر، و فيه إشارة إلى أن السرير مجمر، قيل: وضعه عليه تعظيماً وإزالةً للرائحة الكريهة" (باب الجنازة: ۱۹۵/۲، سعيد)

وفي الفتاوى العالمكيرية: "يوضع على سرير مجمّر و تراً قبل وضع الميت عليه". (كتاب الصلاة، الباب الحادى والعشرون فى الجنائز، الفصل الثانى فى الغسل: ۱۵۸/۱، رشيديه)

(وكذا فى البحر الرائق، باب صلاة الجنازة: ۳۰۰/۲، رشيديه)

(۲) قال الحصكفي رحمه الله: "ويمنع زوجها من غسلها ومسها، لامن النظر إليها على الأصح، منية".

(الدرالمختار على ردالمحتار: ۱۹۸/۲، باب صلاة الجنازة، سعيد)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية: ۱۶۰/۱، الفصل الثانى فى الغسل،رشيديه)

(وكذا فى الفقه الإسلامى وأدلته: ۱۴۸۴/۲، باب صلاة الجنازة ثانيا صفة الغاسل، رشيديه)

(وكذا فى أحسن الفتاوىٰ: ۲۲۵/۴، سعيد)

الجواب حامداً ومصلیاً:

میں نے فقہ کی کسی کتاب میں نہیں دیکھا(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۹/۱/۹۲ھ۔

غیر مسلم میت کی خبر سننے پر کیا پڑھے؟

سوال [۳۹۶۷]: غیر مسلم کی میت کی خبر سن کر یا میت دیکھ کر کوئی مسلمان ﴿إنا للہ وإنا إلیہ راجعون﴾ پڑھتا ہے، درست ہے یا نہیں، یا اَور کوئی کلمہ پڑھنا چاہئے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

کسی بھی میت کی خبر ملے یا کوئی بھی میت سامنے ملے، مسلم ہو یا غیر مسلم، اس کو دیکھ کر اپنی موت کو یاد

---

(۱) کافر کی موت کی خبر سننے پر الحمدللہ پڑھنا چاہئے:

قال اللہ تعالیٰ: ﴿فإذا استویت أنت ومن معک علی الفلک، فقل الحمد للہ الذی نجانا من القوم الظالمین﴾. (سورۂ مؤمنون، پ: ۱۸، آیت: ۲۸)

"فإن الحمد علی الإنجاء منهم متضمنٌ للحمد علی إهلاکهم، وإنما قیل: ماذکر، ولم یقل: فقل الحمد للہ الذی أهلک القوم الظالمین؛ لأن نعمة الإنجاء أتم ..... وأنت تعلم أن الحمد هنا ردیف الشکر، فإذا خص بالنعمة الواصلة إلی الشاکر، لایصح أن یتعلق بالمصیبة من حیث أنها مصیبة، وهو ظاهر، وفی أمره علیه السلام بالحمد علی نجاة أتباعه إشارة إلی أنه نعمة علیه أیضاً". (روح المعانی: ۱۸/۲۷، ۲۸، داراحیاء التراث العربی، بیروت)

قال اللہ تعالیٰ: ﴿فقطع دابر القوم الذین ظلموا، والحمد للہ رب العالمین﴾. (سورة الأنعام، پ: ۷، آیة: ۴۵)

"علی ماجری علیهم من النکال والإهلاک، فإن إهلاک الکفار والعصاة من حیث أنه تخلیص لأهل الأرض من شؤم عقائدهم الفاسدة وأعمالهم الخبیثة نعمةٌ جلیلةٌ یحق أن یحمد علیها، فهذا منه تعالیٰ تعلیم العباد أن یحمدوه علی مثل ذلک، واختار الطبرسی أنه حمدٌ منه عزاسمه لنفسه علی ذلک الفعل". (روح المعانی: ۷/۱۵۲، دار إحیاء التراث العربی، بیروت)

Made searchable using ScribeTools.com

کرنا چاہئے، جس کے بہتر الفاظ یہ ہیں: ﴿إناللّٰه وإنا إليه راجعون﴾ (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

میت کے قریب غیر مسلم عورتوں کا آ کر بیٹھنا

سوال[۳۹۶۸]: میت کے روز میت والے کے گھر پر غیر مسلم ہندو عورتیں آتی ہیں اور مُردے کے پاس بیٹھتی ہیں اور تعزیت کرتی ہیں۔ کیا ان عورتوں کو میت کے مکان میں داخل ہونے دینا چاہئے کہ نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ان ہندو عورتوں کو وہاں سے علیحدہ کردیا جائے، كذا في الطحطاوي على مراقي الفلاح، ص: ۳۲۸ (۲) چونکہ وہ وقتِ نزول رحمت کا ہے اور غیر مسلموں پر لعنت برستی ہے (۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۸/۲/۵۷ھ۔

الجواب صحیح سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، یکم/ جمادی الأولی/ ۵۷ھ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱) کافر کی موت کی خبر سننے پر الحمدللہ پڑھنا چاہئے۔ (تقدم تخريجه تحت عنوان: ''کافر کے مرنے کی خبر پر کیا پڑھے''؟)

(۲) "(واختلفوا في إخراج الحائض والنفساء) و الجنب (من عنده)، وجه الإخراج امتناع حضور الملائكة محلاً به حائض أو نفساء، الخ". (مراقي الفلاح). وفي حاشية الطحطاوي: "ونص بعضهم على إخراج الكافر أيضاً، وهو حَسنٌ". (كتاب الصلاة، باب أحكام الجنائز: ۵۶۳، قديمي)

(۳) "عن ثوبان رضي الله تعالىٰ عنه، قال: خرجنا مع النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم في جنازة، فرآى ناساً رُكباناً، فقال: "لا تستحيون إن ملائكة الله على أقدامهم، و أنتم على ظهور الدواب". (جامع الترمذي، أبواب الجنائز، باب ماجاء في كراهية الركوب خلف الجنازة: ۱/۱۹۲، سعيد)

قال الملا علي القاريؒ حديث ثوبان رضي الله تعالىٰ عنه: "يدل على أن الملائكة تحضر الجنازة، والظاهر أن ذلك عام مع المسلمين بالرحمة و مع الكفار باللعنة". (مرقاة المفاتيح، كتاب الجنائز، باب المشي بالجنازة والصلاة عليها، الفصل الثاني: ۴/۱۶۰، رشيديه)

الفصل الأول فی غسلِ المیت

(میت کوغسل دینے کا بیان)

میت کوغسل دیتے وقت پاؤں کس طرف ہو؟

سوال[۳۹۶۹]: میت کوغسل دینے کے وقت اس کے پاؤں کس طرف کرنا چاہئے، اگر قبلے کی طرف کئے جائیں تو جائز ہے یانہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

جس طرف سہولت ہو اگر قبلے کی طرف پاؤں ہوجائیں تو یہ بھی گناہ نہیں:

"و یوضع المیت کیف مااتفق علی الأصح، قاله شمس الأئمة السرخسی. وقیل: عرضاً، وقیل: إلی القبلة، فتکون رجلاه إلیها کالمریض إذا أراد الصلوة إیماء. وفی القهستانی عن المحیط وغیره: انه السنة اهـ". طحطاوی، ص: ۳۱۰(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۰/۱۱/۶۰ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۰/۱۱/۶۰ھ۔

صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۰/۱۱/۶۰ھ۔

---

(۱) (حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، کتاب الصلاة، باب الجنائز : ۵۶۷، قدیمی)

"(ویوضع کما مات کما تیسر) فی الأصح (علی سریر مجمّر وتراً)". (الدرالمختار).

"(قوله : فی الأصح) و قیل: یوضع إلی القبلة طولاً، و قیل: عرضاً کما فی قبره". (ردالمحتار، کتاب الصلاة، باب الجنائز : ۱۹۵/۲، سعید)

"وکیفیة الوضع عند بعض أصحابنا الوضع طولاً کمافی حالة المرض إذا أراد الصلاة بإیماء، ومنهم من اختار الوضع عرضاً کمایوضع فی القبر، والأصح أنه یوضع کما تیسر". (البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجنائز : ۳۰۰/۲، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

ایضاً

سوال[۳۹۷۰]: زید کہتا ہے کہ میت کو غسل دیتے وقت اس کے پاؤں کو قبلہ رخ ہونا چاہئے اس لئے کہ جب مُردے اٹھائے جائیں گے تو ان کا رخ قبلہ رخ ہوگا۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

میت کو غسل دیتے وقت تختہ پر رکھنے کی دو صورتیں ہیں: ایک تو قبلہ کی جانب پاؤں کر کے لٹانا اور دوسرے قبلہ کی طرف منہ کرنا جیسے کہ قبر میں رکھتے ہیں، جو صورت بھی آسان ہو اس کو اختیار کرلیں تو دونوں جائز ہیں:

"وكيفية الوضع عند بعض أصحابنا الوضع طولاً كمافى حالة المرض إذا أراد الصلوة بإيماء، و منهم من اختار الوضع كما يوضع فى القبر، والأصح أنه يوضع كما تيسر، كذا فى الظهيرية". عالمگیری: ۱۵۷/۱ (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

غسلِ میت کے وقت پیر کس طرف ہوں اور غیر مستنجی کے ذبیحہ کا کیا حکم ہے؟

سوال[۳۹۷۱]: مُردہ کو غسل دینے کا کیا طریقہ ہے، اگر لحد مشرق ومغرب کو کھودی تو سر، پیر کس

---

(۱) (الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادى والعشرون فى الجنائز ، الفصل الثانى فى الغسل : ۱۵۸/۱، رشيديه)

"ثم لم يذكر فى ظاهر الرواية كيفية وضع التخت أنه يوضع إلى القبلة طولاً أو عرضاً، فمن أصحابنا من اختار الوضع طولاً كما يفعل فى مرضه إذا أراد الصلاة بالإيماء، و منهم من اختار الوضع عرضاً كما يوضع فى قبره، والأصح أنه يوضع كما تيسر؛ لأن ذلك يختلف باختلاف المواضع". (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة ، فصل: وأما كيفية الغسل : ۲۵/۲، رشيديه)

"(ويوضع كما مات، كما تيسر) فى الأصح (على سرير مجمّر وتراً)". (الدرالمختار).

"(قوله : فى الأصح) و قيل: يوضع إلى القبلة طولاً، وقيل: عرضاً كما فى قبره". (ردالمحتار، كتاب الصلاة ، باب الجنائز : ۱۹۵/۲، سعيد)

Made Searchable by ScribeTools.com

طرف ہونے چاہئے، اور لحد جنوب وشمال کھودی جائے تو سر، پیر کس طرف ہونے چاہئے؟ جو آدمی استنجا نہیں سُکھاتا ہے، کیا وہ شخص جانور حلال کرسکتا ہے یا نہیں؟ شرع کا پابند بھی نہیں ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

میت کو غسل دینے کے لئے جس طرح سہولت ہو درست ہے، مشرق ومغرب ہو تو پیر مشرق کی طرف بھی کرسکتے ہیں، شمال وجنوب ہو تو پیر جنوب کی طرف مناسب ہے(۱)۔ ہر مسلمان کا ذبیحہ درست ہے جب کہ وہ شرعی قاعدہ سے ذبح کرے، احکامِ شرع جس قدر آدمی ترک کرتا ہے اسی قدر وہ جواب دِہ اور گناہگار ہے اس لئے پابندی لازم ہے(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

میت کا غسل کے بعد پیر کدھر ہوں؟

سوال[۳۹۷۲]: (الف) میت کو غسل سے قبل چارپائی میں کس رخ لٹایا جائے یعنی سر اور پیر کس سمت ہو؟

(ب) غسل کے وقت کس سمت پر سر رکھا جائے؟

(ج) غسل کے بعد جنازہ لے جانے سے قبل میت کو چارپائی پر کس رخ رکھا جائے یعنی سر اور پیر کس سمت ہو؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

(الف) انتقال سے پہلے شمال کی طرف سر اور جنوب کی طرف پیر کر کے قبلہ رخ کردیا جائے پھر اسی طرح پر رہے(۳)۔

---

(۱) (تقدم تخریجه تحت عنوان: ''میت کو غسل دیتے وقت پاؤں کس طرف ہوں''؟)

(۲) "و شرط كون الذابح مسلماً حلالاً خارج الحرم". (الدرالمختار، كتاب الذبائح: ۲۹۶/۶، سعيد)

"قالؒ: وحل ذبيحة مسلم و كتابيّ، لما تلونا الخ". (تبيين الحقائق، كتاب الذبائح: ۴۴۹/۶، دار الكتب العلمية بيروت)

(۳) "(ويوضع كما مات، كما تيسر) في الأصح (على سرير مجمّر وتراً)". (الدرالمختار). "(قوله: في الأصح) و قيل: يوضع إلى القبلة طولاً، و قيل: عرضاً كما في قبره". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، =

Made searchable using ScribeTools.com

(ب) جس رخ پر موقع کے لحاظ سے آسان ومناسب ہو۔

(ج) قبلہ رخ ہوتو بہتر ہے جیسا کہ اوپر والے جواب میں مذکور ہے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۵/۳/۹۲ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۶/۳/۹۲ھ۔

غسلِ میت کے لئے نیت ضروری نہیں

سوال[۳۹۷۳]: میت کو غسل دینے کے لئے نیت عربی میں تحریر فرمائیں، نیز میت کے غسل دینے والے پر ضروری ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

میت پر تین دفعہ پانی بہادیا اور کوئی جگہ اس کی خشک نہ رہی تو غسل ہوگیا، نیت کی ہو یا نہ کی ہو(۲)، نیز

= باب الجنائز : ۱۹۵/۲، سعيد)

"وكيفية الوضع عند بعض أصحابنا الوضع طولاً كمافي حالة المرض إذا أراد الصلاة بإيماء، ومنهم من اختار الوضع عرضاً كمايوضع في القبر، والأصح أنه يوضع كما تيسر". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۳۰۰/۲، رشيديه)

(وكذا في حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۵۲۷، قديمي)

(۱) "(ويوضع كما مات، كما تيسر) في الأصح (على سرير مجمّر وتراً)". (الدرالمختار). "(قوله: في الأصح) وقيل: يوضع إلى القبلة طولاً، وقيل: عرضاً كما في قبره". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۱۹۵/۲، سعيد)

(۲) "فتلخص: أنه لابدّ في إسقاط الفرض من الفعل، وأما النية فشرطٌ لتحصيل الثواب، ولذا صح تغسيل الذمية زوجها المسلم مع أن النية شرطها الإسلام، فيسقط الفرض عنا بفعلنا بدون نية". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة : ۲۰۰/۲، سعيد)

"ميتٌ غسله أهله من غير نية الغسل، أجزأهم ذلك". (فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، باب في غسل الميت وما يتعلق به الخ : ۱۸۷/۱، رشيديه)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۳۰۴/۲، رشيديه)

نہ عربی زبان میں الفاظ کا کہنا لازم ہے نہ کسی اَور زبان میں، نیت تو ارادۂ قلبی کا نام ہے، اسی طرح نیت کرلی جائے کہ میت کو غسل دینا ہمارے اوپر لازم ہے اس لئے غسل دیتے ہیں (۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

میت کو پابندِ شرع غسل دے

سوال[۳۹۷۴]: بے نمازی آدمی مسلمان میت کو غسل دے سکتا ہے یا نہیں؟ جب نمازی آدمی موجود ہیں اور پھر وہ نماز جنازہ بھی نہ پڑھے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

غسل تو اس کے دینے سے بھی ہوجائے گا، مگر بہتر یہ ہے کہ نمازی آدمی اور پابند شریعت غسل دے (۲)۔ بے نمازی کا نماز نہ پڑھنا گناہ کبیرہ ہے (۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

کیا بیوی شوہر کو غسل دے سکتی ہے؟

سوال[۳۹۷۵]: اکثر عورتیں شوہر کے مرنے کے بعد اپنے شوہر کو ہاتھ نہیں لگاتی ہیں، جہلا عورتوں

---

(۱) "(و) الخامس (النية) بالإجماع (و هي الإرادة) ..... والمعتبر فيها عمل القلب اللازم للإرادة، فلا عبرة للذكر باللسان، الخ". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة: ۱/۴۱۴، سعيد)

(وكذا في الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلوة، الفصل الرابع في النية: ۱/۶۵، رشيديه)

(۲) "يغسله أقرب الناس إليه، وإلا فأهل الأمانة والورع". (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح، كتاب الصلاة، باب أحكام الجنائز، ص: ۵۷۰، قديمي)

"والأولى كونه أقرب الناس إليه، فإن لم يحسن الغسل، فأهل الأمانة والورع". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۰۲، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۳۰۶، مكتبه رشيديه)

(۳) "عن عبيدة رضي الله تعالىٰ عنه: إن العهد الذي بيننا و بينهم الصلاة، فمن تركها، فقد كفر". (سنن النسائي، كتاب الصلاة، باب الحكم في تارك الصلاة: ۱/۸۱، قديمي)

"عن أبي سفيان قال: سمعت جابراً رضي الله تعالىٰ عنه يقول: سمعت النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول: "إن بين الرجل و بين الشرك والكفر ترك الصلاة". (الصحيح لمسلم، كتاب الإيمان، باب بيان إطلاق اسم الكفر على من ترك الصلاة: ۱/۶۱، قديمي)

Made searchable using ScribeTools.com

کا خیال ہے کہ نکاح ٹوٹ جاتا ہے۔ یہ کہاں تک درست ہے؟ عورتیں ایامِ عدت میں شوہر کی زوجیت میں چار ماہ اور دس دن اس کے نکاح میں رہتی ہیں، اس لئے ضرورت کے وقت شوہر کو غسل بھی دے سکتی ہیں تو پھر کس طرح چھونے سے پرہیز کیا جاتا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

عورتوں کا یہ خیال غلط ہے بلکہ عورت کے لئے شرعاً جائز ہے کہ شوہر کو بعد موت کے کفن اور غسل دے، دلیل وہی ہے جو آپ نے لکھی ہے، کذا فی ردالمحتار :۵۷۶(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

کیا شوہر بیوی کو غسل دے سکتا ہے؟

سوال[۳۹۷۶]: بیوی کے مرنے کے بعد چونکہ شوہر سے زوجیت کا رشتہ منقطع ہوجاتا ہے اس لئے بعض کو یہ شبہ پیدا ہوتا ہے کہ جب رشتہ منقطع ہوگیا تو بیوی کے مرنے کے بعد اس کو منہ نہیں دیکھتے نہ گھر میں اور نہ قبر میں اور نہ بیوی کو کاندھا دیتے ہیں اور نہ بیوی کو قبر میں اتارتے ہیں اور نہ بیوی کو چھوتے ہیں، یہ سب افعال شوہر کو بیوی کے مرنے کے بعد کرنا جائز ہے یا نہیں؟ کیا شوہر کا شمار بھی غیر محرم میں ہوجاتا ہے بیوی کے مرنے کے بعد، یا اس کا شمار محرم میں رہتا ہے اور وہ سب افعال کرسکتا ہے، مثلاً قبر میں اتارنا، منہ دیکھنا، کاندھا دینا، بوقتِ ضرورت غسل دینا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

منہ دیکھنے کی اجازت ہے، ہاتھ لگانے کی نہیں، غسل دینا بھی درست نہیں کاندھا دینا محرم اور غیر محرم سب

---

(۱) "عن ابن أبی ملیکة :"أن امرأة أبی بکر غسلته حین توفی، أوصی بذلک". (مصنف عبد الرزاق، کتاب الجنائز، باب المرأة تغسل الرجل، (رقم الحدیث : ۶۱۱۷): ۴۰۸/۳، المکتب الإسلامی)

"و یمنع زوجها من غسلها ..... و هی لا تمنع من ذلک) و لو ذمیة بشرط بقاء الزوجیة".

(الدر المختار، کتاب الصلاة باب الجنائز : ۱۹۸/۲، سعید)

"والزوجة تغسل زوجها دخل بها أولا بشرط بقاء الزوجیة". (البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجنائز : ۳۰۶/۲، رشیدیه)

مزید دلائل کی تفصیل کے لئے دیکھئے: (بدائع الصنائع، کتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل: وأما بیان الکلام فیمن یغسل : ۳۳/۲، رشیدیه)

کودرست ہے، اگرضرورت ہوتو قبر میں اتارنا بھی شرعاً درست ہے۔ یہ حنفیہ کا مسلک ہے، شافعیہ، مالکیہ، حنابلہ کے نزدیک غسل دینا بھی درست ہے اور ہاتھ لگانا بھی درست ہے، دلائل دونوں فریق کے پاس موجود ہیں، حنفیہ کا مسلک احتیاط کے زیادہ قریب ہے، کذا فی رد المحتار: ۱/ ۵۷۵ (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

کیا حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو غسل حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دیا تھا؟

سوال[۳۹۷۷]: کیا یہ روایت صحیح ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بعد وفات بی بی فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو غسل دیا تھا، اگر غسل دیا تھا تو کوئی خاص وجہ تھی یا عام حکم ہے، یا بوجہ زوجیت ان کا رشتہ تا قیامت منقطع نہیں ہوا تھا؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اولاً: اس روایت میں کلام ہے (۲)، ثانیاً: اس کا محمل انتظام واہتمام ہے، ثالثاً: یہ خصوصیتِ مقام ہے،

---

(۱) "و يمنع زوجها من غسلها و مسها، لا من النظر إليها على الأصح". (الدر المختار). "وقالت الثلاثة: يجوز؛ لأن علياً رضى الله تعالىٰ عنه غسل فاطمة رضى الله تعالىٰ عنها، قلنا: هذا محمول على بقاء الزوجية، لقوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "كل سبب و نسب ينقطع بالموت إلاسببى و نسبى". مع أن بعض الصحابة أنكر عليه". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب الجنائز: ۲/ ۱۹۸، سعيد)

"ولا يغسل الرجل زوجته، و الزوجة تغسل زوجها دخل بها أو لا بشرط بقاء الزوجية". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/ ۳۰۶، رشيديه)

مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل: وأمابيان الكلام فيمن يغسل: ۲/ ۳۵، رشيديه)

(۲) "إن أحمد والشافعى يحتجّان فى جواز غسل زوجته بأن علياً رضى الله تعالىٰ عنه غسل فاطمة -رضى الله تعالىٰ عنها- رداً على أبى حنيفةؒ ..... قلت: و رواه عبد الرزاق فى مصنفه بسند ضعيف و منقطع". (نصب الراية لأحاديث الهداية للعلامة الزيلعى، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/ ۲۵۰، ۲۵۱، مؤسسة الريان المكتبة المكية)

"يجوز أن تغسل المرأة زوجها بالإجماع، أما غسله زوجته فغير جائز عندنا، وهو قول الثورى و الأوزاعى خلافاً للثلاثة، احتجوا ..... و روى البيهقى وأبو الفرج عن فاطمة رضى الله تعالىٰ عنها قالت لأسماء بنت عميس: ياأسماء، إذا مِتُّ فاغسلينى أنت و علىّ، فغسلا ها. قال أبو الفرج فى =

Made Searchable using ScribeTools.com

جس کا اظہار عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے انکار کے جواب میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، کذا فی رد المحتار:

"ألا ترىٰ ابن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه لما اعترض عليه بذلك أجابه بقوله: أما علمت أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "إن فاطمة رضى الله تعالىٰ عنها زوجتك فى الدنيا والآخرة". فادعاؤه الخصوصية دليلٌ على أن المذهب عندهم عدم الجواز". شامية: ۱/۵۷۶(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۵/۶/۶۱ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۵/۶/۶۱ھ۔

عورت کو غسل دینے کے لئے کوئی عورت نہ ہو تو تیمّم کرادیا جائے

سوال[۳۹۷۸]: عورت کے انتقال پر کوئی عورت نہ ہو تو اگر کسی مرد نے غسل کرادیا تو گنہگار ہوگا یا نہیں جب کہ ہاتھ میں کچھ فاصلہ بھی نہیں رکھا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس کی اجازت نہیں، توبہ واستغفار لازم ہے، ایسی حالت میں تیمّم کرادینے کا حکم ہے۔ اگر محرم ہو تو بلا کپڑے کے تیمّم کرادے، ورنہ کپڑا ہاتھ میں لپیٹ کر تیمّم کرائے: "لو ماتت امرأة مع الرجال تيمموها كعكسه بخرقة، وإن وجد ذو رحم محرم تيمم بلاخرقة، اهـ". نور الإيضاح(۲)۔

= إسناده عبد الله بن نافع، قال يحيى: ليس بشيء، وقال النسائى: متروك. ورووا أحاديث أخَرَ ليس فيها ما يعتمد عليه على أنه لو ثبت لم يكن فيه دلالة؛ لأن الغسل مما يضاف إلى السبب إضافة مشهورة تقرب من الحقيقة فى كثرة الاستعمال والشهرة الخ". (الحلبى الكبير، كتاب الصلاة، فصل فى الجنائز، الثامن فى المتفرقات، ص: ۶۰۴، سهيل اكيڈمى)

(۱) (رد المحتار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۱۹۸/۲، سعيد)

(۲) (نور الإيضاح مع مراقى الفلاح، كتاب الصلاة، باب أحكام الجنائز، ص: ۵۷۲، ۵۷۳، قديمى)

"عن سعيد بن المسيبؒ أنه قال: إذا ماتت المرأة مع الرجال ليس معهم امرأة، قال: ييمّمونها =

دائی کا میت کو غسل دینا

سوال[۳۹۷۹]: مسلم دائی سے مُردہ عورت کو غسل کرانا درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

مسلم دائی سنت کے مطابق غسل دیتی ہے تو یہ درست ہے، اعلیٰ بات یہ ہے کہ گھر کی مستورات خود ہی غسل دیں(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۹/۷/۹۲ھ۔

میت کو فقیروں کے ذریعہ غسل دلانا

سوال[۳۹۸۰]: ہمارے یہاں دستور ہے کہ میت کو فقیروں سے غسل دلاتے ہیں اوران کو نماز وغسل کی خود بھی توفیق نہیں ہوتی، قطعی بے دین ہوتے ہیں اوران کو کافی معاوضہ دیتے ہیں۔کیا یہ طریقہ درست ہے؟

= بالصعيد، ولا يغسلونها". الحديث. (مصنف ابن أبي شيبة، كتاب الجنائز، ما قالوا في الرجل يموت مع النساء و ليس معهن رجل الخ، (رقم الحديث : ۱۰۹۶۴): ۴۵۵/۲، دار الكتب العلمية بيروت)

"ماتت بين رجال أو هو بين نساء ييمّمه المحرم، فإن لم يكن فالأجنبي بخرقة". (الدرالمختار، كتاب الصلاة باب الجنائز : ۲۰۱/۲، سعيد)

"لو ماتت امرأة بين الرجال الأجانب، ييممها رجل بخرقة و لا يمسها". (الحلبي الكبير، كتاب الصلاة، فصل في الجنائز، ص: ۵۷۷، سهيل اكيڈمی)

مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل: وأمابيان الكلام فيمن يغسل : ۳۴/۲، رشيديه)

(۱) "والأولى كونه أقرب الناس إليه، فإن لم يحسن الغسل فأهل الأمانة والورع". (الدرالمختار، كتاب الصلاة باب الجنائز : ۲۰۲/۲، سعيد)

"و أما ما يستحب للغاسل فالأولى أن يكون أقرب الناس إلى الميت، فإن لم يعلم الغسل فأهل الأمانة والورع". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۳۰۶/۲، رشيديه)

(وكذا في الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادي والعشرون في الجنائز، الفصل الثاني في الغسل : ۱۵۹/۱، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

میت کوغسل فقیروں سے دلانا جب کہ وہ ناواقف ہوں، قبیح ومذموم ہے، میت کی حق تلفی ہے، اہلِ میت علماء اس کوغسل دیں (۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/۳/۹۲ھ۔

فقیر کی بیوی کوغسلِ میت پر مجبور کرنا

سوال[۳۹۸۱]: اگر کسی بستی میں میت کوغسل دینے والا فقیر بستی سے دور رہتا ہو اور وہ زنانہ غسل پر مجبور ہوجاوے کہ اس کے پاس اس کی پردہ نشین بیوی کے سوا کوئی نہ ہو تو کیا وہ پردہ نشین بیوی کو مجبوراً غسل دینے کے لئے لیجا سکتا ہے جب کہ وہ خود رضامند نہ ہو؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

غسل دینا فرض کفایہ ہے (۲) اگر اَور بھی غسل دے سکتے ہوں تو اس پر جبر جائز نہیں، غسل دینا مشکل کام نہیں کہ سب نے ایک کے سر رکھدیا، سب کو سیکھ لینا چاہئے، لیکن اگر عورت موجود نہ ہو تو نامحرم غسل نہ دیں بلکہ تیمّم کرادیں اور وہ بھی کپڑے کے ذریعہ سے، اگر کوئی محرم مرد موجود ہو تو بلا کپڑے کے تیمّم کرادے (۳)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

---

(۱) (تقدم تخريجه تحت عنوان: ''دائی کا میت کوغسل دینا''۔)

(۲) "(والصلاة عليه) صفتها (فرض كفاية) بالإجماع ..... (كدفنه) وغسله و تجهيزه، فإنها فرض كفاية". (الدر المختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۰۷، سعيد)

" وأما كيفية وجوبه، فهو واجب على سبيل الكفاية، إذا قام به البعض سقط عن الباقين الخ".

(بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، فصل: وأما كيفية وجوبه الخ: ۲/۲۴، رشيديه)

(وكذا في الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادى والعشرون فى الجنائز، الفصل الثانى فى الغسل: ۱/۱۵۸، رشيديه)

(۳) "ونقل عن الخانية أنه إذا كان للمرأة محرم يمّمها بيده، وأما الأجنبى فبخرقة على يده ويغضّ بصره عن ذراعها". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب الجنائز: ۲/۱۹۸، سعيد)

غسلِ میت کے بعد پائخانہ نکل آیا تو کیا حکم ہے؟

سوال[۳۹۸۲]: میت کو غسل دیکر کفن بھی پہنا چکے، اس کے بعد پاخانہ نکل آیا، اس حالت میں کیا حکم ہے؟ دوبارہ غسل دیں گے اور نیا کفن دیں گے یا اسی کفن میں لپیٹیں گے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

جتنا حصہ بدن کا اور کپڑے کا ناپاک ہوگیا اس کو پاک کردیا جائے، دوبارہ غسل دینے یا کفن کو بدلنے کی ضرورت نہیں (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۷/۶/۹۳ھ۔

مُردہ کے بدن سے ناپاکی نکلے تو کیا حکم ہے؟

سوال[۳۹۸۳]: جومَرد یا عورت بعد مرنے کے ناپاکی دیکھ لے ایک انچ یا دو انچ، تو کس طرح ناپاکی پاک ہو؟

الجواب حامداًومصلیاً:

کسی مُردے کے بدن سے اگر کچھ ناپاکی نکلے تو اس کو پاک کردیا جائے، بغیر پاک کئے نماز جنازہ نہیں ہوگی، اگر سوال کا کچھ اَور مطلب ہے تو واضح کیجئے (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) "و یمسح بطنه رقیقاً، و ما خرج منه یغسله..... و لا یعاد غسله و لا وضوءه بالخارج منه". (الدر المختار، کتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۱۹۷، سعید)

"ثم مسح بطنه فإن سال منه شیء، یمسحه، کیلا یتلوث الکفن، و یغسل ذلک الموضع تطهیراً له عن النجاسة الحقیقة، ولم یذکر فی ظاهر الروایة سوی المسح، ولا یعید الغسل و لا الوضوء عندنا". (بدائع الصنائع، کتاب الصلاة، فصل: وأما کیفیة الغسل: ۲/۲۷، رشیدیه)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۳۰۳، رشیدیه)

(۲) "تکفین سے قبل نجاست نکلی تو اس کا دھونا ضروری ہے، اگر تکفین کے بعد نکلی تو دھونا ضروری نہیں خواہ میت کے بدن پر ہو یا کفن پر، بدون دھوئے نماز جنازہ صحیح ہے، یہ حکم خود بدنِ میت سے نکلنے والی نجاست کا ہے، خارجی نجاست کا دھونا ضروری ہے، ورنہ نماز نہ ہوگی"۔ (احسن الفتاویٰ، باب الجنائز: ۴/۲۰۷، سعید) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

غسلِ میت میں ڈھیلے سے استنجا

سوال[۳۹۸۴]: میت کو بوقت غسل ڈھیلے سے استنجا کرانا کیسا ہے؟ مدلل جواب دیں۔

الجواب حامداًومصلیاً:

پانی سے استنجا کے متعلق زیلعی (۱) بحر (۲) طحطاوی (۳) وغیرہ میں طرفین کے نزدیک اس کی تاکید مذکور ہے اور امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا ہے، لیکن اعلیٰ درجہ یہ ہے کہ اول ڈھیلے سے صفائی کی جائے پھر پانی سے، جیسا کہ درمختار میں ہے (۴)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/۸/۸۹ھ۔

= "إذا تنجس الكفن بنجاسة الميت، لايضر دفعاً للحرج) بخلاف الكفن المتنجس ابتداءً، وكذا لوتنجس بدنه بما خرج منه إن كان قبل أن يكفن غسل، وبعده لا، كما قدمناه فى الغسل، فيقيّد ما فى القنية بغير النجاسة الخارجة من الميت". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب الجنائز: ۲/۲۰۸، سعيد)

"ويشترط طهارة الكفن إلا إذا شق ذلك لما فى الخزانة أنه إن تنجس الكفن بنجاسة الميت، لايضر دفعاً للحرج بخلاف المتنجس ابتداءً". (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلوة، باب أحكام الجنائز، ص: ۵۸۲، قديمى)

(۱) "واختلفوا فى إنجائه فعند أبى حنيفة رحمه الله تعالىٰ ينجيه مثل ما كان يستنجى فى حال حياته، ولا يمس عورته؛ لأن مس العورة حرام، و لكن يلفّ خرقة على يده فيغسل حتى يطهر الموضع. و قال أبويوسف: لا ينجى؛ لأن المسكة قد زالت، فلو نجي ربما يزداد الاسترخاء فتخرج بنجاسة أخرى، فيكتفى بوصول الماء إليه. و لأبى حنيفة رحمه الله تعالىٰ أن موضع الاستنجاء لا يخلو عن النجاسة، فلا بدّ من إزالتها اعتباراً بحالة الحياة". (تبيين الحقائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۱/۵۶۷، سعيد)

(۲) "ولم يذكر الاستنجاء للاختلاف فيه، فعندهما يستنجى و عند أبى يوسف لا". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۳۰۲، رشيديه)

(۳) (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلاة، باب الجنائز، ص:۵۶۷، قديمى)

(۴) "(وهو سنة مؤكدة) مطلقاً، وأركانه أربعة: شخص (مستنج، و) شيء(مستنجى به) كماء وحجر. فكان الجمع سنةً على الإطلاق فى كل زمان، و هو الصحيح، وعليه الفتوى ..... ثم اعلم أن الجمع بين الماء والحجر أفضل". (الدرالمختار، كتاب الطهارة، فصل فى الاستنجاء: ۱/۳۳۵، ۳۳۸، سعيد)

Made Searchable by ScribeTools.com

میت کو لگایا ہوا پلاسٹر چُھڑانا چاہئے یا نہیں

سوال[۳۹۸۵]: اگر کسی کا پیر کسی حادثہ میں ٹوٹ گیا اور ڈاکٹروں نے گھٹنے کو نیچے سے کاٹ دیا اور پلاسٹر چڑھا دیا پھر وہ شخص انتقال کر گیا تو اس کا پلاسٹر چھڑا کر غسل جنازہ دیا جائے یا پلاسٹر لگا رہنے دیا جائے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

پلاسٹر کی کیا ضرورت رہی، اس کو چھڑا کر غسل دیا جائے (۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

میت کو کورے گھڑے سے غسل دینا

سوال[۳۹۸۶]: میت کو جیسا کہ ہندوستان میں رسم ہے کہ کورے گھڑے و بدھنے (۲) سے غسل دیتے ہیں۔کیا اپنے مکانوں کے گھڑے بالٹی اور لوٹوں سے غسل نہیں دے سکتے، حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وصحابہ کے وقت کیا قاعدہ تھا؟

الجواب حامداومصلیا:

ہندوستان کا یہ رواج بے اصل ہے اور قابلِ ترک ہے (۳)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۳/شعبان/۶۱ھ۔

---

(۱) زندہ انسان کے زخم پر پانی لگنے سے تکلیف ہوتی ہے اور زخم خراب ہونے کا اندیشہ بھی ہوتا ہے، موت کے بعد اس کی ضرورت باقی نہیں رہتی، لہٰذا پلاسٹر چھڑا کر غسل دیا جائے:

"(ویمسح) نحو (مفتصد و جریح علی کل عصابة) مع فرجتها فی الأصح (إن ضره) الماء (أو حلها) و منه أن لا یمکنه ربطها بنفسه و لا یجد من ربطها". (الدرالمختار). وفی ردالمحتار: "(قوله: إن ضره الماء): أی الغسل به أو المسح علی المحل ..... إذ الثابت بالضرورة یتقدر بقدرها، اهـ". (کتاب الطهارة، باب المسح علی الخفین: ۱/۲۸۰، ۲۸۱، سعید)

(وکذا فی الفتاوی العالمکیریة، کتاب الطهارة، الفصل الثانی فی نواقض المسح: ۱/۳۵، رشیدیه)

(۲) "کورے: نیا، غیر مستعمل"۔(فیروز اللغات، ص:۱۰۴۲، فیروز سنز، لاہور)

"بدھنے: لوٹا، ٹونٹی والا برتن"۔(فیروز اللغات، ص:۱۸۹، فیروز سنز، لاہور)

(۳) "عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها، قالت: قال النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم:" من أحدث فی أمرنا =

Made searchable using ScribeTools.com

مجذوم کو بلاغسل دفن کرنا

سوال[۳۹۸۷]: زید کو جذام کا عارضہ تھا اور جذام کافی ترقی پر تھا، اسی حالت میں زید کا انتقال ہوگیا اس کا کوئی وارث نہیں تھا، اب اس کی اس حالت کی وجہ سے کسی نے اس کو غسل دینا گوارہ نہیں کیا اور بلا کفن و بلا نماز کسی صورت سے اس کو ایک گڑھے میں دھکیل دیا گیا۔ اب اس کا کیا حکم ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر اس کو ہاتھ لگا کر غسل دینا دشوار تھا تو اس پر لوٹے یا مشک سے پانی بہا دیا جاتا (۱)، اگر یہ بھی نہ ہوسکتا تھا تو ہاتھ پر تھیلی باندھ کر صرف تیمّم کرا دیا جاتا تو پھر نماز جنازہ پڑھ کر دفن کیا جاتا اور اس کے لئے قبر کا بنانا بھی ضروری تھا، گڈھے میں دھکیل دینا بھی غلط ہوا (۲)۔ جس میت کو بلاغسل ونماز دفن کر دیا جائے اس کی قبر پر نماز

= هذا ما ليس منه فهو ردٌّ". (صحيح البخاری، كتاب الصلح، باب إذا اصطلحوا على صلح جور فهو مردود : ۱/۳۷۱، قديمی)

قال العلامة المناوی تحته : "أی أنشاء واخترع وأتی بأمر حديث من قبل نفسه ..... ماليس منه: أی رأياً ليس له فی الكتب أو السنة عاضد ظاهر أو خفی، ملفوظ أو مستنبط (فهو رد): أی مردود علی فاعله لبطلانه". (فيض القدير: ۱۱/۵۵۹۴، رقم الحديث: ۸۳۳۳، مكتبه نزار مصطفیٰ الباز، رياض)

"بأنها (أی البدعة) ما أحدث علی خلاف الحق المتلقی عن رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم من علم أو عمل أو حال بنوع شبهة واستحسان، وجعل ديناً قويماًمستقيماً". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الإمامة : ۱/۵۲۰، ۵۲۱، سعيد)

(۱) "و لو كان الميت متفسخاً يتعذر مسحه، كفی صب الماء عليه، كذا فی التاتارخانية". (الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل الثانی فی الغسل : ۱/۱۵۸، رشيديه)

(و كذا فی التاتارخانية، كتاب الصلاة، الجنائز، قسم آخر فی بيان كيفية الغسل : ۲/۱۳۶، إدارة القرآن، كراچی)

(۲) میت کے لئے قبر کھود کر دفن کرنا فرض کفایہ ہے، نہ کرنے کی وجہ سے سب گناہ گار ہیں:

"دفن الميت فرض علی الكفاية، كذا فی السراج الوهاج". (الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل السادس فی القبر و الدفن الخ : ۱/۱۶۵، رشيديه)

"والكلام فی الدفن فی مواضع فی بيان وجوبه ..... أما الأول فالدليل علی وجوبه توارث=

جنازہ پڑھنے کا حکم ہے جب تک اس کے پھٹ جانے اور ٹکڑے ٹکڑے ہو جانے کا ظنِ غالب نہ ہو(۱)۔ بہرحال اب اس کے لئے ایصالِ ثواب کیا جائے تا کہ اس کے حقوق ادا کرنے میں جو کوتاہی ہوئی اس کی کچھ مکافات ہو سکے(۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، ۱۷/۶/۸۹ھ۔

= الناس من لدن آدم صلى الله تعالىٰ عليه وسلم إلى يومنا هذا مع النكير على تاركه، و ذا دليل الوجوب إلا أن وجوبه على سبيل الكفاية، حتى إذا قام به البعض سقط عن الباقين لحصول المقصود". (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، الجنائز، فصل: والكلام فى الدفن : ۲/۶۰، رشيديه)

(وكذا فى الدر المختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۲۰۷، سعيد)

(۱) "عن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه أن امرأةً سوداء أو رجلاً كان يقيم المسجد، ففقده النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فسأل عنه، فقيل: مات، فقال: "ألا آذنتمونى به"؟ قال: "دلونى على قبره". فدلّوه، فصلى عليه". (سنن أبى داؤد، كتاب الجنائز، باب الصلاة على القبر : ۲/۱۰۱، امداديه، ملتان)

"(وإن دفن) وأهيل عليه التراب (بغير صلاة) أوبها، بلا غسل، أو ممن لا ولاية له (صلى على قبره) ما لم يغلب على الظن تفسخه الخ". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۲۲۴، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته : ۲/۳۱۹، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادى والعشرون فى الجنائز، الفصل الخامس فى الصلاة على الميت: ۱/۱۶۵، رشيديه)

(۲) "صرح علماء نا فى باب الحج عن الغير: بأن للإنسان أن يجعل ثواب عمله لغيره صلاةً أو صوما أو صدقة أو غيرها ..... الأفضل لمن يتصدق نفلاً أن ينوى لجميع المؤمنين والمؤمنات؛ لأنها تصل إليهم ولا ينقص من أجره شىء". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۲۴۳، سعيد)

"إن سعد بن عبادة رضى الله تعالىٰ عنه أخا بنى ساعدة توفيت أمه، و هو غائب عنها، فأتى النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فقال: يارسول الله! إن أمى توفيت وأنا غائب عنها، فهل ينفعها شىء إن تصدقت به عنها؟ قال: "نعم" قال: إنى أشهدك أن حائطى المخراف صدقة عليها". (صحيح البخارى، كتاب الوصايا، باب الإشهاد فى الوقف والوصية والصدقة : ۱/۳۸۷، قديمى)

Made searchable using ScribeTools.com

غاسلِ میت کو غلہ دینا

سوال [۳۹۸۸]: بعض جگہ دستور ہے کہ جس وقت کوئی میت ہوتی ہے تو اس میت کے وارث مَن یا دو من غلہ میں سے نکال کر ایک طرف کونہ میں ڈال دیتے ہیں، میت کے دفن سے پہلے وہ اناج غسل دینے والے کو دیتے ہیں۔ یہ غلہ اس طرح لے سے گیرنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

پابندی سے اناج کو اول جدا کردیتے ہیں، بے اصل ہے(۱)، غسل مفت دینے سے بہت ثواب ہوتا ہے، تاہم بوقتِ ضرورت اجرت دے کر غسل دلوانا بھی درست ہے(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱) "عن عائشة رضی الله تعالی عنها قالت: قال النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "من أحدث فی أمرنا هذا ما لیس منه فهو رد". (صحیح البخاری، کتاب الصلح، باب إذا اصطلحوا علی صلح جور فهو مردود: ۱/۳۷۰، قدیمی)

"بأنها (أی البدعة) ما أحدث علی خلاف الحق المتلقی عن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم من علم أو عمل أو حال بنوع شبهة واستحسان، وجعل دیناً قویماً وصراطاً مستقیماً". (ردالمحتار، کتاب الصلاة، باب الامامة، مطلب: البدعة خمسة أقسام: ۱/۵۶۰، سعید)

(۲) "والأفضل أن یغسل المیت مجاناً، فإن ابتغی الغاسل الأجر، جاز، الخ". (الدر المختار، کتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة: ۲/۱۹۹، سعید)

"والأفضل أن یغسل المیت مجاناً، وإن ابتغی الغاسل الأجر، فإن کان هناک غیره، یجوز أخذ الأجر، وإلا لم یجز". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل الثانی فی الغسل: ۱/۱۵۹، رشیدیه)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الجنائز: ۲/۳۰۴، رشیدیه)

الفصل الثانی فی تکفین المیت

(میت کے کفن کا بیان)

کفن کے کپڑوں کی تعداد

سوال[۳۹۸۹]: میت مرد کا کفن مسنون شرعاً کیا ہے؟ فقہ کی کتب عامہ میں قمیص، ازار، لفافہ کی تصریح ہے، اب بعض اہلِ علم فرمارہے ہیں کہ قمیص کے اوپر کپڑے کی حاجت ہے تاکہ ستر علی وجہ الکمال ہو اور اپنے اس قول کے لئے حضرت اقدس مولانا رشید احمد گنگوہی اور حضرت مولانا عبدالشکور صاحب لکھنویؒ کا قول دلیل میں پیش کرتے ہیں۔ اس سے تجاوز کرنا کہاں تک صحیح ہے؟ فقط۔

الجواب حامداًومصلیاً:

فقہ کی کتابوں میں تین کپڑوں کی تصریح ہے وہی صحیح ہے، جن دو بزرگوں کا قول اس کے خلاف نئے کپڑے کے لئے پیش کیا جارہا ہے وہ قول میرے علم میں نہیں: ”و یسن فی الکفن له إزار و قمیص ولفافة، اهـ“. درمختار، ص: ۵۷۸(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۴/۱۱/۸۵ھ۔

جواب صحیح ہے: حضرت گنگوہی اور حضرت مولانا عبدالشکور صاحبؒ نے اگر تحریر فرمایا ہے تو کہاں ہے، اس کے حوالہ سے مطلع فرمائیں۔ فقط: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۴/۱۱/۸۵ھ۔

---

(۱) (الدر المختار، کتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۰۲، سعید)

”عن عائشة رضی اللہ تعالیٰ عنها قالت: کفن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فی ثلثة أثواب سحولی بیض“. (سنن النسائی، کتاب الجنائز، باب کفن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: ۱/۲۶۸، قدیمی)

”السنة أن یکفن الرجل فی ثلثة أثواب: قمیص و إزار ولفافة“. (الحلبی الکبیر، کتاب الصلاة فصل فی الجنائز، الثالث فی تکفینه، ص: ۵۸۰، سهیل اکیڈمی)

”کفن الرجل سنة إزار و قمیص ولفافة، الخ“. (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل الثالث فی التکفین، : ۱/۱۶۰، رشیدیه)

Made Se[redacted]ools.com
Made searchable using ScribeTools.com

کفن کے کپڑے اور طریقہ

سوال[۳۹۹۰]: کل ایک میت کو کفن اس طریقہ سے پہنایا گیا کہ پہلے لمبی چادر پہنا کر ڈالی، پھر اس کے اوپر ازار یعنی تہ بند ڈالا، پہلے بغل سے لیکر پیروں تک تہ بند لپیٹا، اس کے اوپر کفن پہنا دی، پھر چادر لپیٹ کر باندھی گئی۔ لہٰذا اس طریقہ سے کفن پہنانا صحیح ہے یا غلط، یا گناہ ہوا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اول لفافہ بچھا دیا جائے پھر اس پر ازار بچھائی جائے، پھر اس پر بلا آستین کا کرتہ ہو، کرتہ میں میت کو داخل کر کے ازار کو بائیں جانب لپیٹیں پھر داہنی جانب سے، اس کے بعد اس طرح لفافہ کو لپیٹیں اور تین بند لگا دیں: ایک پیر سے اوپر اور ایک پیر کے نیچے، ایک درمیان میں تاکہ کفن نہ کھل جائے، پھر ایک زائد چادر اوپر ڈالدی جائے جو کہ جزو کفن نہیں ہے، قبر میں رکھنے کے بعد بند کھولدیئے جائیں کہ اب ضرورت نہیں رہی (۱)۔

(تنبیہ) ازار اور لفافہ دونوں سر سے پیر تک محیط ہوتے ہیں (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۱/۱/۸۸ھ۔

کفن کے کپڑے

سوال[۳۹۹۱]: مُردہ کو کتنے کپڑوں کے ساتھ قبر میں دفن کرنا مستحب ہے؟ مفصل تحریر کیجئے۔

---

(۱) "(تبسط اللفافة) أولاً (ثم يبسط الإزار عليها، و يقمص، و يوضع على الإزار، و يلف يساره، ثم يمينه ثم اللفافة كذلك) ليكون الأيمن على الأيسر". (الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب الجنائز: ۲۰۴/۲، سعيد)

"وكيفيته أن تبسط اللفافة أولاً، ثم الإزار فوقها و يوضع الميت عليهما مقمصاً، ثم يعطف عليه الإزار و حده من قبل اليسار، ثم من قبل اليمين ليكون الأيمن فوق الأيسر، ثم اللفافة كذلك". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۳۰۹/۲، رشيديه)

(وكذا في بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، فصل: أما كيفية التكفين: ۴۰/۲، رشيديه)

(۲) "وفي البدائع: فإن كان الإزار طويلاً حتى يعطف على رأسه وسائر جسده، فهو أولى". (البحر الرائق، المصدر السابق)

الجواب حامداًومصلیاً:

مردکوتین کپڑوں میں: ازار،قمیص ،لفافہ۔عورت کو پانچ کپڑوں میں: درع ،ازار،خمار،لفافہ،خرقہ ، کذا فی التنویر (۱)۔

میت کے لئے کتنے کپڑے ہیں؟

سوال[۳۹۹۲]: ایک گاؤں کے امام صاحب گاؤں والوں کو کہتے ہیں کہ میت مذکور کے کفنانے میں میت کو دینے والے کپڑے لفافہ،ازاراور کفنی، یہ کپڑے دینے چاہئیں اور کہتے ہیں کہ اس سے زیادہ دیں گے تو گناہ گار ہوں گے،اوراسی طرح سے عورت کے کفنانے میں پانچ کپڑے بتاتے ہیں اس سے زیادہ دینے میں گنہا گار بتاتے ہیں اورگاؤں والے کہتے ہیں کہ مرد کی میت کوایک صافہ اورایک تہبند یالنگی بھی ہونی چاہئے اور

---

(۱) "(ویسن فی الکفن له إزار، و قمیض و لفافة) ..... (و لها درع): أی قمیص (وإزار و خمار و لفافة و خرقة)". (الدرالمختار، کتاب الصلاة ، باب الجنائز : ۲/۲۰۲ ، ۲۰۳ ، سعید)

"عن ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما، قال: کفن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی ثلثة أثواب نجرانیة: الحلة ثوبان و قمیصه الذی مات فیه". (أبوداؤد، کتاب الجنائز ، باب فی الکفن : ۹۳/۲ ، امدادیه ملتان)

"عن رجل من بنی عروة بن مسعود یقال له داؤد و قد ولدته أم حبیبة بنت أبی سفیان زوج النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم أن لیلی بنت قانف الثقفیة قالت: کنت فیمن غسل أم کلثوم ابنة رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم عند وفاتها، فکان أول ما أعطانا رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم الحقاء، ثم الدرع، ثم الخمار، ثم الملحفة، ثم ادرجت بعد فی الثوب الأخرورسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم جالس عند الباب و معه کفنها یناولناها ثوباً ثوباً". (سنن أبی داؤد، کتاب الجنائز، باب فی کفن المرأة : ۹۴/۲ ، امدادیه ملتان)

" وکفنه سنة: إزار و قمیص و لفافة ..... و کفنها سنة: درع وإزار و لفافة وخمار وخرقة تربط ثدیاها". (البحرالرائق، کتاب الصلاة، باب الجنائز، ص: ۳۰۷، ۳۰۹، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاوی العالمکیریة ،کتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل الثالث فی التکفین : ۱۶۰/۱ ، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

اسی طرح عورت کے لئے بھی ایک شلوار یا تہمد دینا ضروری بتاتے ہیں اور دیتے بھی ہیں۔تو اس مسئلہ کا مفصل جواب تحریر فرمائیں، کرم ہوگا۔

الجواب حامداًومصلیاً:

مرد کے کفن میں تین کپڑے مسنون ہیں: دو چادریں، ایک قمیص جس کو کفنی کہتے ہیں، ایک چادر کو ازار کہتے ہیں دوسری چادر کو لفافہ کہتے ہیں، اس سے زائد کپڑا کفن میں دینا سنت نہیں (۱)۔عورت کے کفن میں در کپڑے زائد ہیں: ایک خمار جس میں اس کے بالوں کو محفوظ کیا جائے، دوسرا سینہ بند۔ازار عورت کے لئے شلوار کی جگہ ہے مرد کے لئے تہمد کی جگہ ہے (۲)، علیحدہ نہ شلوار سنت ہے نہ تہمد، گاؤں والوں کا اعتراض غلط ہے، مرد کو

---

(۱) "عن ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنه قال: كفن رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم فی ثلثة أثواب نجرانية: الحلة ثوبان، و قميصه الذی مات فيه". (سنن أبی داؤد، كتاب الجنائز، باب فی الكفن: ۹۳/۲، امداديه ملتان)

"(ويسن فی الكفن له إزار و قميص و لفافة)". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲۰۲/۲، ۲۰۳، سعيد)

"(و كفنه سنة إزار و قميص و لفافة)". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۳۰۷/۲، ۳۰۹، رشيديه)

(وكذا فی الفتاوی العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل الثالث فی التكفين: ۱۶۰/۱، رشيديه)

(۲) "عن رجل من بنی عروة بن مسعود يقال له: داؤد -و قد ولدته أم حبيبة بنت أبی سفيان زوج النبی صلى الله تعالیٰ عليه وسلم- أن ليلى بنت قانف الثقفية قالت: كنت فيمن غسل أم كلثوم ابنة رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم عند وفاتها، فكان أول ما أعطانا رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم الحقاء، ثم الدرع، ثم الخمار، ثم الملحفة، ثم أدرجت بعد فی الثوب الآخر. قالت: ورسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم جالس عند الباب و معه كفنها يناوِلُناها ثوباً ثوباً". (سنن أبی داؤد، كتاب الجنائز، باب فی كفن المرأة: ۹۴/۲، امداديه ملتان)

"(و لها درع): أی قميص (وإزار و خمار و لفافة و خرقة تربط بها ثدياها". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲۰۲/۲، ۲۰۳، سعيد) ..... =

عمامہ کی بھی کفن میں ضرورت نہیں (۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۶/۱/۹۴ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۶/۱/۹۴ھ۔

میت مرد اور عورت کے کفن کا عدد

سوال[۳۹۹۳]: میت بالغ مرد اور بالغہ عورت کو کتنے کپڑے دینے کا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مرد کو تین کپڑے اور عورت کو پانچ کپڑے دینا کفن میں مسنون طریقہ ہے(۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/۵/۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۸/۵/۸۸ھ۔

= "وكفنها سنة: درع و إزار، و لفافة، وخمار، و خرقة تربط ثدياها". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۳۰۷، ۳۰۹، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادى والعشرون فى الجنائز، الفصل الثالث فى التكفين : ۱/۱۶۰، رشيديه)

(۱) "عن عائشة رضى الله تعالىٰ عنها، قالت: دخلت على أبى بكر رضى الله تعالىٰ عنه فقال: فى كم كفنتم النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم؟ قالت: فى ثلثة أثواب بيض سحولية، ليس فيها قميص و لا عمامة". الحديث. (صحيح البخارى، كتاب الجنائز، باب موت يوم الإثنين : ۱/۱۸۶، قديمى)

"(وتكره العمامة) للميت (فى الأصح)". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۲۰۲، سعيد)

"و تكره العمامة فى الأصح". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۳۰۸، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادى والعشرون فى الجنائز، الفصل الثالث فى التكفين، : ۱/۱۶۰، رشيديه)

(۲) "عن ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما قال: كفن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى ثلثة أثواب نجرانية: الحلة ثوبان، و قميصه الذى مات فيه". (سنن أبى داؤد، كتاب الجنائز، باب فى الكفن : ۲/۹۳، امداديه ملتان) =

Made searchable using ScribeTools.com

کفن کی مقدار

سوال[۳۹۹۴]: کفن کے بارے میں اختلاف ہورہا ہے، آپ تفصیل سے واضح فرمائیں کہ کفن کتنا کافی ہوگا؟

الجواب حامداًومصلیاً:

کفن میں چادرتو ایک ہی ہوتی ہے جس کوعربی میں ''رداء'' اور ''لفافہ'' کہتے ہیں اور وہ سر سے پیر تک ہوتی ہے جس پر دونوں طرف بند باندھتے ہیں۔ دوسری چادر جس کوعربی میں ''اِزار'' کہتے ہیں وہ حقیقۃً چادر نہیں، اس کو بعض فقہاء نے لنگی کے قائم مقام قرار دیا ہے، بعض نے کاندھے سے قدم تک لکھا ہے اور اکثر حضرات نے اسکو بھی چادر کے برابر لکھا ہے اور یہی معمول ہے۔ تیسرا کپڑا قمیص ہے جو کاندھے سے قدم تک ہوتا ہے۔ پس ان تین کپڑوں سے کفن مکمل ہوجاتا ہے۔ اوپر ڈالنے کے لئے جو چادر ہوتی ہے وہ کفن میں شامل نہیں، مکان کی کوئی بھی اور چادر ڈال سکتے ہیں (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۱/۲/۸۹ھ۔

= ''(ویسن فی الکفن له إزار و قمیص و لفافة) ..... (و لها درع): أی قمیص (وإزار و خمار و لفافة و خرقة) الخ''. (الدرالمختار، کتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۰۲، ۲۰۳، سعید)

''وکفنه سنة إزار و قمیض و لفافة ..... و کفنها سنة درع وإزار ولفافة وخمار وخرقة تربط ثدیاها''. (البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۳۰۷، ۳۰۹، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاوی العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل الثالث فی التکفین: ۱/۱۶۰، رشیدیه)

''عن رجل من بنی عروة بن مسعود یقال له: داؤد -و قد ولدته أم حبیبة بنت أبی سفیان زوج النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم- أن لیلی بنت قانف الثقفیة قالت: کنت فیمن غسل أم کلثوم ابنة رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم عند وفاتها، فکان أول ما أعطانا رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم الحقاء، ثم الدرع، ثم الخمار، ثم الملحفة، ثم أدرجت بعد فی الثوب الأخر. قالت: ورسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم جالس عند الباب و معه کفنها یناوِلُناها ثوباً ثوباً''. (سنن أبی داؤد، کتاب الجنائز، باب فی کفن المرأة: ۲/۹۴، امدادیه ملتان)

(۱) ''و یسن فی الکفن له إزار و قمیص و لفافة''. (الدرالمختار). ''(قوله: إزار الخ) هو من القرن إلی =

Made Searchable by ScribeTools.com

نابالغ کا کفن

سوال[۳۹۹۵]: میت نابالغ کو کتنے کپڑے دینا چاہئے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر بلوغ کے قریب ہے تو وہ بالکل بالغ کے حکم میں ہے، اگر اس سے بھی کم ہو تب بھی بہتر یہی ہے کہ پورا کفن دیا جائے، تاہم ایک کپڑے میں دفن کرنے میں بھی مضائقہ نہیں (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/۵/۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۸/۵/۸۸ھ۔

= القدم، والقميص من أصل العنق إلى القدمين بلادخريص وكمين، واللفافة تزيد على ما فوق القرن والقدم ليلفّ فيها الميت و تربط من الأعلى والأسفل". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۰۲، سعيد)

"(قوله: وكفنه سنة إزار و قميص و لفافة) ..... والإزار واللفافة من القرن إلى القدم، والقرن هنا بمعنى الشعر، واللفافة هي الرداء طولاً. و في نسخ المختار: أن الإزار من المنكب إلى القدم، هذا ما ذكروه، وبحث فيه في فتح القدير بأنه ينبغي أن يكون إزار الميت كإزار الحي من السرة إلى الركبة؛ لأنه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أعطى اللاتي غسلن ابنته حقوة و هي في الأصل معقدا الإزار، ثم به الإزار للمجاورة، والقميص من المنكب إلى القدم، الخ". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۳۰۷، رشيديه)

مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: (فتح القدير، كتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل في تكفينه: ۲/۱۱۵، مصطفى البابي)

(۱) "عن الحسن قال: يكفن الفطيم والرضيع في الخرقة، فإن كان فوق ذلك كفن في قميص وخرقتين". (مصنف ابن أبي شيبة، رقم الحديث: ۱۱۰۹۷، كتاب الجنائز، قالوا: في الصبي في كم يكفن: ۲/۴۶۶، دار الكتب العلمية بيروت)

"و المراهق كالبالغ، و من لم يراهق إن كفن في واحد، جاز". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۰۴، سعيد)

"والصبي المراهق في الكفن كالبالغ، والمراهقة كالبالغة، وأدنى ما يكفن به الصبي الصغير ثوبٌ واحد، وصغيرة ثوبان". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادي والعشرون في الجنائز، الفصل الثالث في التكفين: ۱/۱۶۰، رشيديه)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۳۱۱، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

مُردہ بچہ کو بلاغسل وکفن ہنڈیا میں رکھ کر دفن کر دینا

سوال[۳۹۹۶]: ایک مسلمان نے اپنے بچے کو جو پیدا ہونے کے بعد چار گھنٹے تک زندہ رہا بلاغسل وکفن ونماز کے ایک ہنڈیا(۱) میں بند کر کے دفن کر دیا ہے، گاؤں والے اس سے بے خبر ہیں، گاؤں والوں کو دو ماہ بعد یہ خبر ملی کہ اس نے یہ فعل کیا ہے۔ قانونِ شریعت اس مسلمان کے واسطے کیا حکم دیتا ہے؟ باقی لوگ اس مسئلہ سے لاعلمی رکھتے ہیں۔

الجواب حامداًومصلیاً:

اس شخص نے نہایت بیجا حرکت اور غلطی کی ہے، اس کے ذمہ لازم تھا کہ اس بچہ کو باقاعدہ غسل اور کفن دیکر اس کی نماز پڑھ کر شریعت کے موافق قبر میں دفن کرتا(۲)، اب اس کے ذمہ یہ ضروری ہے کہ اپنی اس حرکت سے توبہ کرے اور پختہ عہد کرے، آئندہ ایسا ہرگز نہیں کرے گا(۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۲/۹/۶۲ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۲/۹/۶۲ھ۔

---

(۱) ''ہنڈیا: مٹی کی دیگچی''۔(فیروز اللغات، ص: ۱۴۵۱، فیروز سنز، لاهور)

(۲) "أن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم صلی علی ابنه إبراهیم و هو ابن سبعین لیلةً". (سنن أبی داؤد، کتاب الجنائز، باب فی الصلوة علی الطفل: ۹۸/۲، امدادیه)

"و یصلی علی کل مسلم مات بعد الولادة صغیراً کان أو کبیراً، ذکراً کان أو أنثی، حراً کان أو عبداً، إلاالبغاة و قطاع الطریق و من بمثل حالهم". (الفتاوی العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب الحادی و العشرون فی الجنائز، الفصل الخامس فی الصلاة الخ: ۱۶۳/۱، رشیدیه)

"والصبی المراهق فی الکفن کالبالغ، والمراهقة کالبالغة، وأدنی ما یکفن به الصبی الصغیر ثوبٌ واحد، و الصبیة ثوبان". (الفتاوی العالمکیریة، الفصل الثالث فی التکفین، ص: ۱۶۰، رشیدیه)

(وکذا فی الدر المختار، کتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲۰۴/۲، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجنائز: ۳۱۱/۲، رشیدیه)

(۳) قال اللہ تعالی: ﴿یا أیها الذین آمنوا توبوا إلی اللہ توبةً نصوحاً﴾. (سورة التحریم: ۸)

"عن أبی هریرة رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "لَلّٰه أشد =

8

کفن وغیرہ کیا شوہر کے ذمہ ہے؟

سوال[۳۹۹۷]: ہندہ کے مرنے کے بعد عرفاً یا شرعاً لازمی اخراجات ماتم مثلاً کفن یا خیرات وغیرہ کئے جاتے ہیں، وہ ہندہ کے ترکہ میں سے ہوں گے یا خاوند کے ذمہ لازم ہوں گے؟

المستفتی: بندہ محمد عرفان مغل عفا اللہ عنہ، ضلع مظفر آباد، ڈاکخانہ چناری کشمیر، ۳/محرم/۵۶ھ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

زوجہ کا کفن مفتی بہ قول پر زوج کے ذمہ لازم ہے: ”و اختلف فی الزوج، والفتویٰ علی وجوب کفنها علیه، اه“. تنویر: ۱/۹۰۵(۱)۔

خیرات کے متعلق یہ ہے کہ اگر میت نے وصیت کی ہے تو ایک ثلث میں اس کو نافذ کرنا ضروری ہوگا اور اس سے زائد میں ورثہ کی اجازت پر موقوف ہے، اگر ورثہ بالغ ہوں اور اجازت دیدیں تو زائد میں وصیت نافذ ہوسکتی ہے ورنہ نہیں۔ اگر وصیت نہیں کی تو انتقال کے بعد سے تمام ترکہ میت کے ملک سے خارج ہوکر ورثہ کی ملک میں آ گیا، ورثہ کو اختیار ہے جس قدر چاہیں خیرات کرکے میت کو ثواب پہنچائیں، لیکن اگر کوئی وارث

= فرحاً بتوبة أحدكم من أحدكم بضالته إذا وجدها“. (الصحيح لمسلم، كتاب التوبة: ۲/۳۵۴،قديمی)

قال العلامة النووی: ”و اتفقوا علی أن التوبة من جميع المعاصی واجبة، وأنها واجبة علی الفور، لا يجوز تأخيرها، سواء كانت المعصية صغيرةً أو كبيرةً. والتوبة من مهمات الإسلام و قواعده المتأكدة، ووجوبها عند أهل السنة والجماعة بالشرع“. (الكامل للنووی علی الصحيح لمسلم، كتاب التوبة : ۲/۳۵۴، قديمی)

(۱) (الدر المختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۲۰۶، سعيد)

”و علی قول أبی يوسف رحمه الله تعالیٰ يجب الكفن علی الزوج وإن تركت مالاً، و عليه الفتوی“. (الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل الثالث فی التكفين : ۱/۱۶۱، رشيديه)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۳۱۱، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

نابالغ بھی ہے تو اس کے حصہ کو صدقہ کرنا جائز نہیں (۱)۔ زوج کے ذمہ کچھ لازم نہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۷/۱/۵۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔

عورت کا کفن کس کے ذمہ ہے؟

سوال[۳۹۹۸]: عورت کو اکثر کفن اس کے والدین کی طرف سے دیا جاتا ہے، کیا یہ حکم شرعی ہے کہ کفن عورت کے سسرال والوں کی طرف سے نہ ہو؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

نہیں، یہ شریعت کا حکم نہیں بلکہ خلافِ شرع رواج ہے، شرعاً کفن شوہر کے ذمہ ہے، اگر وسعت نہ ہو تو پھر عورت کے ترکہ سے کفن دیا جاوے گا، هكذا في كتب الفقه من الدر المختار، و الطحطاوی وغیرہ (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) "(وتجوز بالثلث للأجنبی) عند عدم المانع (وإن لم يُجز الوارث ذلک، لا الزيادة عليه، إلا أن تجيز ورثته بعد موته) و لا تعتبر إجازتهم حال حياته أصلاً، بل بعد وفاته (وهم كبار)". (الدرالمختار، كتاب الوصايا: ۶/۶۵۰، ۶۵۱، سعيد)

"فإن الموصی إذا ترک ورثةً، فإنما لا تصح وصيته بما زاد على الثلث إن لم يجز الورثة، وإن أجازوه صحت وصيته به". (البحر الرائق، كتاب الوصايا: ۹/۲۱۲، رشيديه)

"ثم تصحّ الوصية لأجنبی من غير إجازة الورثة، و لا تجوز بما زاد على الثلث، إلا أن يجيزه الورثة بعد موته و هم كبار، ولا معتبر بإجازتهم فی حال حياته". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوصايا، الباب الأول فی تفسيرها الخ: ۶/۹۰، رشيديه)

(۲) "واختلف فی الزوج، والفتوى على وجوب كفنها عليه) عند الثانی (وإن تركت مالاً)" (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۰۶، سعيد)

"و يلزمه أبو يوسف بالتجهيز مطلقاً (ولو) كان الزوج (معسراً) و هی موسرة (فی الأصح) وعليه الفتوى". (حاشية الطحطاوی على مراقی الفلاح، ص: ۵۷۳، ۵۷۴، قديمی)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۳۱۱، رشيديه)

عورت کے لئے کفن میں پائجامہ

سوال[۳۹۹۹]: میت عورت کو کفن میں پائجامہ بھی دینا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

نہیں (۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

کفن کو مشین سے سینا اور تہہ کرنا

سوال[۴۰۰۰]: کفن کو مشین سے سلائی کر سکتے ہیں اور کفن کو تہہ کر کے لایا جا سکتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

کفن کو تہہ کر کے لانا اور مشین سے سینا سب درست ہے (۲)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/۹/۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۸/۹/۸۷ھ۔

---

(۱) عورتوں کو پانچ کپڑوں میں کفنانا مسنون ہے، ان سے زائد پائجامہ وغیرہ حدیث اور کتب فقہ سے ثابت نہیں ہے:

"عن رجل من بنی عروة بن مسعود یقال له: داؤد –وقد ولدته أم حبیبة بنت أبی سفیان زوج النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم– أن لیلی بنت قانف الثقفیة قالت: کنت فیمن غسل أم کلثوم ابنة رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم عند وفاتها، فکان أول ما أعطانا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم الحقاء، ثم الدرع، ثم الخمار، ثم الملحفة، ثم أدرجت بعدُ فی الثوب الآخر. قالت: ورسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم جالس عند الباب و معه کفنها یناوِلُنا ها ثوباً ثوباً". (سنن أبی داؤد، کتاب الجنائز، باب فی کفن المرأة: ۹۴/۲، امدادیه ملتان)

"(و لها درع): أی قمیص (وإزار و خمار و لفافة و خرقة تربط بها ثدیاها". (الدر المختار، کتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲۰۲/۲، ۲۰۳، سعید)

" و کفنها سنة درع وإزار و لفافة و خمار و خرقة تربط ثدیاها". (البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجنائز: ۳۰۷/۲، ۳۰۹، رشیدیه)

(و کذا فی الفتاوی العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب الحادی و العشرون فی الجنائز، الفصل الثالث فی التکفین: ۱۶۰/۱، رشیدیه)

(۲) حضرت مفتی صاحبؒ نے کفن کو سی کر پہنانے کو ترجیح دی ہے جب کہ دیگر فقہاء نے تصریح فرمائی ہے کہ کفن سلی ہوئی نہ ہو اور=

Made Searchable using ScribeTools.com

کفن میں متبرک کپڑا

سوال[۴۰۰۱]: بہشتی زیور اختری:۲/۵۵ کفنانے کے بیان میں مسئلہ:۹ میں لکھا ہے:

''کعبہ کا غلاف یا اپنے پیر کا رومال وغیرہ کوئی کپڑا تبرکاً رکھ دینا (قبر میں) درست ہے''(۱)۔

اس سے فائدہ کیا ہے اور اس کی افادیت کی کیا دلیل ہے اور صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم وتابعینؒ میں اس کی کوئی نظیر نہیں، عبداللہ ابن اُبَی کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا کرتہ جو دیا گیا تھا وہ محض بدلہ تھا اس کرتے کا جو اس نے حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کفن کی تنگی کے وقت اپنا کرتہ دے دیا تھا(۲) ورنہ جہاں تک فائدہ کا تعلق ہے خود ارشادِ نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم معالم التنزیل میں یہ نقل کیا ہے گیا کہ ''میرا کرتہ اسے کیا فائدہ دے گا''(۳)۔ یہ بات کچھ بریلوی رنگ کی معلوم ہوتی ہے، کیا اس سے اختلاف کیا جا سکتا ہے؟

محمد عبداللہ دہلوی غفرلہ، حضرت نظام الدین دہلی، ۱۳-۱۴۸۔

=عمل اسی پر ہے۔ راجع: (كفايت المفتي ، كتاب الجنائز. فصل اول تجهيز و تكفين : ۳۰/۴، دارالإشاعت)

''والقميص من أصل العنق إلى القدمين بلادخريص''. (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب الجنائز : ۲۰۲/۲، سعيد)

''و القميص من المنكب إلى القدم بلاد خريص''. (البحر الرائق، كتاب الصلاة ، باب الجنائز: ۳۰۷/۲، رشيديه)

(وكذا في فتح القدير، كتاب الصلاة ، باب الجنائز : ۱۱۵/۲ مصطفى البابى الحلبى مصر)

(۱)(بہشتی زیور، حصہ دوم، باب بست وچہارم، کفنانے کا بیان، ص:۱۶۴، دارالاشاعت، کراچی)

(۲) لم أجده هذه الواقعة في حمزة رضى الله تعالىٰ عنه، و لكن راجع لتخريجه متعلقاً بالعباس رضى الله تعالىٰ عنه ، ص: ۵۱۸، رقم الحاشية : ۱)

(۳) ''و في معالم التنزيل للبغوى ..... فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ''وما يغنى عنه قميصي و صلاتي من الله، والله! إني كنت أرجوأن يسلم به ألف من قومه''. (مرقاة المفاتيح، كتاب الجنائز، باب غسل الميت و تكفينه، الفصل الثالث، رقم الحديث : ۱۶۴۵): ۱۳۰/۴، رشيديه)

الجواب حامداً ومصلیاً:

مکرم ومحترم زِیدَتْ مکارمکم! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مشکوۃ شریف باب غسل المیت و تکفینہ، ص:۱۴۳ میں متفق علیہ حدیث ام عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے منقول ہے کہ حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صاحبزادی صاحبہ کو غسل دیتے وقت ارشاد فرمایا کہ جب غسل دینے سے فارغ ہوجاؤ تو مجھ کو خبر دینا:"فلما فرغنا آذَنّاہ، فألقیٰ إلینا حقوہ، فقال: "أشعِرْن إیاہ". الحدیث (۱) ۔اس پر محدث دہلویؒ لمعات میں فرماتے ہیں : "و ھذا الحدیث أصلٌ فی التبرك بآثار الصالحین و لباسھم کما یفعلہ بعض مریدی المشایخ من لُبس أقمصتھم فی القبر . واللّٰہ أعلم". ھامش المشکوۃ(۲)۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں:" قال الطیبی: أی اجعلن ھذا الحقو تحت الأکفان بحیث یلاصق بشرتھا، والمراد إیصال البرکۃ إلیھا، اھـ". مرقاۃ :۲/۳۴۴(۳)۔

حافظ ابن حجر عسقلانی نے فتح الباری:۳/۱۰۵، میں لکھا ہے:"وھو أصل فی التبرك بآثار الصالحین"(٤)۔

بخاری شریف میں روایت ہے: "عن سھل رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ أن امرأۃً جاء ت النبی صلی

---

(۱) والحدیث بتمامہ: "عن أم عطیۃ رضی اللہ تعالیٰ عنھا، قالت: "دخل علینا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ونحن نغسل ابنتہ فقال: "اغسلنھا ثلاثاً أو خمساً أو أکثر من ذلک وسدرٍ، و اجعلن فی الآخرۃ کافوراً، فإذا فرغتنّ، فآذننی". فلما فرغنا آذناہ، فألقی إلینا حقوہ، فقال: "أشعرنھا إیاہ". (صحیح البخاری، کتاب الجنائز، أو شیئاً من کافور، باب ما یستحب أن یغسل وتراً: ۱/۱۶۷، قدیمی)

(ومشکوۃ المصابیح، کتاب الجنائز، باب غسل المیت و تکفینہ : ۱/۱۴۳،قدیمی)

(۲) (لمعات التنقیح شرح مشکوۃ المصابیح للإمام عبدالحق المحدث الدھلوی، کتاب الجنائز، باب غسل المیت و تکفینہ، (رقم الحدیث : ۱۶۳۴) : ۴/۳۱۸، مکتبۃ المعارف العلمیۃ لاھور)

(۳) (مرقاۃ المفاتیح، کتاب الجنائز، باب غسل المیت و تکفینہ، (رقم الحدیث : ۱۶۳۴): ۴/۱۱۸،رشیدیہ)

(۴) (فتح الباری، کتاب الجنائز، باب غسل المیت ووضوئہ بالماء والسدر : ۳/۱۶۷، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم ببردة منسوجة فيها حاشيتها، تدرون ماالبردة؟ قالوا: الشملة، قال: نعم. قالت: نسجتها بيدى، فجئت لأكسوكها، فأخذها النبى صلى اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم محتاجاً إليها، فخرج إلينا وأنها إزاره، فحسنها فلانٌ: فقال:أكسنيها ما أحسنها، فقال القوم: ما أحسنت لبسها النبى صلى اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم محتاجاً إليها، ثم سألته و علمت أنه لا يرد، قال:إنى واللّٰہ! ما سألته لألبسه و إنما سألتها لتكون من كفنى. قال سهل: فكانت كفنه"(۱)۔

اس پر حافظ عینیؒ تحریر فرماتے ہیں : "وفيه التبرك بآثار الصالحين، اهـ". كذا فى عمدة القارى: ٤/ ٧٠(٢)۔

کفر کے موجود رہتے ہوئے کوئی تبرک ذریعۂ نجات نہیں بن سکتا، اس لئے ابن اُبَیّ رئیس المنافقین کو قمیص مبارک سے کوئی فائدہ نہیں ہوگا: ﴿إن المنافقين فى الدرك الأسفل من النار﴾ الآیہ(۳)۔

مومن کو کافر پر قیاس نہیں کیا جاسکتا، اس کی حسنات پر اجر وثواب آخرت میں موعود ہے(۴) اور کافر کے حسنات پر آخرت میں وعدہ نہیں بلکہ اس کی شان: ﴿كسراب بقيعة يحسبه الظمان مآءً﴾(۵)۔

اور مومن کیلئے تو : "شوكة يشاك" پر بھی اجر ہے(۶) عبداللہ ابن ابی نے حضرت عباس رضی اللہ

---

(۱) (صحيح البخارى، كتاب الجنائز، باب من استعد الكفن فى زمن النبى صلى اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم فلم ينكر عليه : ۱/۱۷۰، قديمى)

(۲) (عمدة القارى، كتاب الجنائز، باب من استعد الكفن فى زمن النبى صلى اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم، فلم ينكر عليه، ذكر ما يستفاد منه : ۸/۶۳، مطبعه منيريه بيروت)

(۳)(سورة النساء: ۱۴۵)

(۴) قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿إن الذين آمنوا و عملوا الصالحات، أولئك هم خير البرية، جزاؤهم عند ربهم جنٰت عدن تجرى من تحتها الأنهر خلدين فيها أبداً، رضى اللّٰہ عنهم و رضوا عنه، ذلك لمن خشى ربه﴾ (سورة البينة : ۷، ۸)

(۵) (سورة النور : ۳۹)

(۶) "عن الزهرى قال: أخبرنى عروة بن الزبير أن عائشة زوج النبى صلى اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم قالت: قال رسول اللّٰہ صلى اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم: "ما من مصيبة تصيب المسلم إلا كفّر اللّٰہ بها عنه حتى الشوكة يشاكها". (صحيح البخارى، كتاب المرضىٰ، باب ماجاء فى كفارة المرض: ۲/۸۴۳، قديمى)

تعالیٰ عنہ کو کرتہ دیا تھا جب کہ وہ بدر سے اسیر کر کے لائے گئے تھے، کما صرح به القاری فی المرقاة: ۳/ ۳۵۰(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۱/۳/۱۹ھ۔

پردۂ کعبہ کا ٹکڑا میت کی پیشانی پر رکھنا

سوال[۴۰۰۲]: بیت اللہ شریف کے غلاف کا ٹکڑا یعنی کپڑا اگر میت کی پیشانی کے اوپر برائے تبرک وموجب برکت کے لئے رکھ دیا جائے تو علمائے دین کیا فرماتے ہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جائز ہے(۲) بشرطیکہ اس پر کلمہ وغیرہ تحریر نہ ہو(۳)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۶۲/۹/۵ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، ۶/ رمضان/۶۲ھ۔

---

(۱) "و روی عن جابر رضی اللہ تعالیٰ عنه، قال: لما کان یوم بدر وأتِیَ بالعباس، ولم یکن علیه ثوبٌ، فوجدوا قمیص عبد اللہ بن أبیّ یقدر علیه، فکساه النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم إیاه، فلذلک نزع النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم قمیصه الذی ألبسه. قال ابن عیینة: کانت له عند النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم یدٌ، فأحبَّ أن یکافیه". (صحیح البخاری، کتاب الجهاد، باب الکسوة للأساری: ۱/ ۴۲۲، قدیمی)

(ورواه الملا علی القاری فی المرقات فی کتاب الجنائز، باب غسل المیت و تکفینه، الفصل الثالث، تحت حدیث جابر رضی اللہ تعالیٰ عنه، (رقم الحدیث: ۱۶۴۵): ۴/ ۱۳۰، رشیدیه)

(۲) "عن أم عطیة رضی اللہ تعالیٰ عنها قالت: دخل علینا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ونحن نغسل ابنته، فقال: "اغسلنها ثلاثاً أو خمساً أو أکثر من ذلک بماء و سدرٍ، و اجعلن فی الآخرة کافوراً، فإذا فرغتنّ فآذننّی". فلما فرغنا آذناه فألقی إلینا حقوه فقال: "أشعرنها إیاه". (صحیح البخاری، کتاب الجنائز، باب ما یستحب أن یغسل وتراً: ۱/ ۱۶۷، قدیمی)

(ومشکوة المصابیح، کتاب الجنائز، باب غسل المیت و تکفینه: ۱/ ۱۴۳، قدیمی)

"قال الطیبی: أی اجعلن هذا الحقو تحت الأکفان بحیث یلاصق بشرتها، والمراد إیصال البرکة". (مرقاة المفاتیح، کتاب الجنائز، باب غسل المیت و تکفینه، (رقم الحدیث: ۱۶۳۴): ۴/ ۱۱۸، رشیدیه)

قال ابن حجر العسقلانی: "وهو أصل فی التبرک بآثار الصالحین". (فتح الباری، کتاب الجنائز، باب ما یستحب أن یغسل و تراً: ۱/ ۱۶۷، قدیمی)

(۳) "وقد أفتی ابن الصلاح بأنه لا یجوز أن یکتب علی الکفن یٰس والکهف ونحوهما خوفاً من صدید=

Made searchable using ScribeTools.com

غلافِ کعبہ کا ٹکڑا میت کے سینے پر رکھنا

سوال[۴۰۰۳]: قبر میں کعبہ شریف کی چادر کا ٹکڑا اگر میت کے سینے پر تبرکاً رکھ دیا جائے تو یہ جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

تبرکاً رکھ دینا درست ہے(۱) بشرطیکہ اس پر اللہ کا نام یا آیت لکھی ہوئی نہ ہو، ورنہ درست نہیں، عامۃً میت کا جسم پھٹ کر اس میں سے پیپ وغیرہ نکلتی ہے جو کہ نجس ہوتی ہے اس سے تحفظ ضروری ہے(۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۱/۲/۸۹ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۱/۲/۸۹ھ۔

= الميت ..... و قد قدمنا قبيل باب المياه عن الفتح أنه تكره كتابة القرآن وأسماء الله تعالىٰ على الدراهم والمحاريب والجدران و ما يفرش، و ما ذاك إلا لاحترامه و خشية رطئه ونحوه مما فيه إهانة، فالمنع هنا بالأولىٰ ما لم يثبت عن المجتهد أو ينقل فيه حديث ثابت". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۴۶، ۲۴۷، سعيد)

(۱) "عن أم عطية رضى الله تعالىٰ عنها قالت: دخل علينا رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ونحن نغسل ابنته فقال: "اغسلنها ثلاثاً أو خمساً أو أكثر من ذلك بماء و سدرٍ، و اجعلن فى الأخرة كافوراً، فإذا فرغتن فآذنّنى". فلما فرغنا آذناه فألقى إلينا حقوه، فقال: "أشعرنها إياه". (صحيح البخارى، كتاب الجنائز، باب ما يستحب أن يغسل وتراً: ۱/۱۶۷، قديمى)

(مشكوة المصابيح، كتاب الجنائز، باب غسل الميت و تكفينه: ۱/۱۴۳، قديمى)

"قال الطيبى: أى اجعلن هذا الحقو تحت الأكفان بحيث يلاصق بشرتها، والمراد إيصال البركة". (مرقاة المفاتيح، كتاب الجنائز، باب غسل الميت و تكفينه، (رقم الحديث: ۱۶۳۴): ۴/۱۱۸، رشيديه)

قال ابن حجر العسقلانى: "وهو أصل فى التبرك بآثار الصالحين". (فتح البارى، كتاب الجنائز، باب ما يستحب أن يغسل و تراً: ۱/۱۶۷، قديمى)

(۲) "وقد أفتى ابن الصلاح بأنه لايجوز أن يكتب على الكفن يٰس والكهف ونحوهما خوفاً من صديد =

Made Searchable by ScribeTools.com

کفن کو آبِ زم زم سے تر کرنا

سوال[۴۰۰۴]: کفن کا آب زم زم سے تر کرنا یا چھڑکنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

قبر میں میت کا جسم پھٹتا ہے نجاست بھی کفن کو لگتی ہے، زمزم شریف قابلِ احترام ہے اس کو نجاست سے بچانا چاہیے، اسلئے کفن کو زمزم سے تر کرنا مناسب نہیں۔ امداد الفتاویٰ میں ایسا ہی لکھا ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۶/۶/۹۴ھ۔

= الميت ..... و قد قدمنا قبيل باب المياه عن الفتح أنه تكره كتابة القرآن وأسماء الله تعالىٰ على الدراهم والمحاريب والجدران و ما يفرش، و ما ذاك إلا لاحترامه و خشية وطئه ونحوه مما فيه إهانة، فالمنع هنا بالأولىٰ ما لم يثبت عن المجتهد أو ينقل فيه حديث ثابت". (رد المحتار، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۲۴۶، ۲۴۷، سعيد)

(۱) "الجواب: جزئیہ مصرحہ از نظر نگذشتہ، لیکن حکم فقہاء بکراہتِ استنجاء از مائے زمزم دلیلے صریح است بر وجوبِ احترامِ او، و در دیگر جا تصریح کردہ اند بر وجوبِ صیانتِ اشیائے محترمہ از تعریض برائے صدید میت و نجاستِ او، چنانچہ امرِ اول در کتاب الطہارت و کتاب الحج از درمختار، و امرِ ثانی در کتاب الجنائز از ردالمحتار مصرحاً مذکور است، و از مجموعہ مستفاد می شود کراہتِ این فعل. البتہ اگر چیزے باشد کہ صیانتش واجب نباشد و بوجوہٍ من الوجوہ ازاں رجائے برکت باشد، لاباس بہ است"۔ فقط واللہ اعلم، ۲۴/ جمادی الاولیٰ/ ۱۳۲۵ھ۔ (امداد الفتاویٰ: ۱/ ۱۴۷)

خلاصہ سوال: از کفن مبلول بمائے زمزم۔

خلاصہ جواب: عدم جواز۔ (امداد الفتاویٰ: ۱/ ۴۸۷، دار العلوم کراچی)

لیکن بعد میں حضرت حکیم الامتؒ نے مندرجہ ذیل صریح جزئیہ کی وجہ سے اپنے قول سے رجوع فرما کر جواز کا فتوی دیا ہے: "وآبِ زمزم از کفنِ مبلول مانند از بدنِ انسان خشک خواہد شد ذاتِ او غیر موجود است، و تبرکِ او معنوی است: "ولذا قال في الأسرار المحمدية: لو وضع شعر رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أو عصاه أو سوطه على قبر عاص، لَنجا ذلك العاصي ببركات تلك الذخيرة من العذاب، و من هذا القبيل ماء زمزم و الكفن المبلول به وبطانة أستار الكعبة والتكفن بها، انتهى". تفسير روح البيان، ص: ۵۵۹، مصر". (امداد الفتاوى، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۱/ ۴۸۷، مكتبه دار العلوم، كراچی)

(وكذا في فتاوى رحيميه، كتاب الجنائز، باب ما يتعلق بالغسل والكفن : ۷/ ۶۰، دار الإشاعت، كراچی)

Made searchable using ScribeTools.com

میت پر آب زمزم چھڑکنا

سوال [۴۰۰۵]: آب زمزم کا کفن یا میت کے جسم پر چھڑکنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

کفن پاک کپڑے کا دیا جاتا ہے اور غسل کے بعد میت پاک ہے، لہذا آب زمزم کا میت پر (غسل کے بعد) اور کفن پر تبرک کے لئے چھڑکنا جائز ہے:

"ویجوز الاغتسال والتوضؤ بماء زمزم علی وجه التبرك، ولایستعمل إلاعلی شیء طاهر، فلاینبغی أن یغتسل به جنب أومحدث، ولافی مکان نجس، لباب وشرحه. وفی میاه الدر: ویرفع الحدث بماء زمزم بلاکراهة. وفی الدر أیضاً: ویکره الاستنجاء بماء زمزم لاالاغتسال اهـ، فاستفید منه أن نفی الکراهة خاص فی رفع الحدث، اهـ". غنیة الناسك، ص: ۷۵۰(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۹/۱/۵۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم۔

بدیشی کپڑے کا کفن اور اس پر نماز جنازہ

سوال [۴۰۰۶]: قبلہ محترم جناب مفتی اعظم صاحب مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور دام ظلکم!

السلام علیکم

کیا فرماتے ہیں علمائے دین وشرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ:

---

(۱) "ولذاقال فی الأسرار المحمدیة: لووضع شعر رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم أوعصاه أوسوطه علی قبر عاصٍ، لَنجاذلک العاصی ببرکات تلک الذخیرة من العذاب، ومن هذاالقبیل ماء زمزم والکفن المبلول به وبطانة أستارالکعبة والتکفن بهاجائز". (تفسیر روح البیان، ص: ۵۵۹)

"ثم یمسح به (أی بماء زمزم) وجهه ورأسه، ویصبّ علی رأسه قلیلاً منه إن تیسرله ذلک، والتوضؤ بماء زمزم والاغتسال به جائز". (مناسک الملاعلی القاری، کتاب أدعیة الحج والعمرة، الدعاء عند شرب ماء زمزم، ص: ۶۳۰، إدارة القرآن، کراچی)

زید بہت بزرگ وعالم اور متقی پرہیز گار تھا، عرصہ سے عمر کے یہاں مقیم تھا بقضائے الٰہی فوت ہوگیا۔ زید کے تعلقات بکر سے دیرینہ وقدیمانہ تھے اور بہت خوش گوار تھے، بکر بھی اپنے وقت کا بہت بڑا عالم اور شیخ الحدیث ہے۔ زید کے انتقال پر عمر نے بذریعہ تار بکر کو زید کے مرنے کی اطلاع دی، چنانچہ تجہیز وتکفین سے پیشتر بکر معہ دیگر مولویوں کے آیا، زید کا جنازہ تیار تھا اور بکر کا انتظار کیا جارہا تھا۔ بکر سے شرکائے میت نے جنازہ کی نماز پڑھانے کے لئے کہا مگر بکر نے صاف انکار کردیا کہ اس پر کفن ولایتی لٹھ کا ہے میں نماز نہیں پڑھاؤں گا۔ حاضرین نے مکرر التماس کیا کہ جنازہ پر کفن ڈالنے والا عمر ہے، نہ زید نے اپنی زندگی میں کوئی ہدایت کی کہ بعد مرنے کے میرے اوپر بدیشی کفن ملبوس کرنا مگر بکر نے کوئی جواب نہیں دیا اور بکر کے ہمراہ جو چند مولوی آئے تھے، ان میں ایک بہت بڑا عالم و بزرگ تھا اس نے نماز جنازہ پڑھائی۔ بدیں وجہ بصورتِ فتویٰ چند باتیں دریافت طلب ہیں:

۱.....کہ ولایتی لٹھ کا اس وقت کفن جائز ہے یا ناجائز؟

۲.....کیا مردہ پر بدیشی کفن ڈالنا شرعاً ممنوع ہے؟

۳.....کیا اس بدیشی کفن کے باعث مردہ پر قبر میں عذاب نازل رہے گا؟

۴.....بکر کا یہ فیصلہ بوجہ بدیشی (۱) کفن زید کی نماز جنازہ نہ پڑھانا احکامِ شرعیہ کے ماتحت موجب ثواب کا ہے یا عذاب کا؟

۵.....اور نیز بکر جب کہ خالص ولایتی اشیاء مثلاً گھڑی وچشمہ استعمال کرتا ہے اور اکثر موٹر کی سواری میں چلتا ہے اس کا استعمال جائز ہے یا ناجائز؟ فقط والسلام۔

خادم: اسلام جمیل احمد صدیقی از سیکرٹری ڈاکخانہ خاص ضلع مظفرنگر۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱،۲.....جس کپڑے کا زندگی میں پہننا جائز ہے اس کا کفن بھی جائز ہے جس کا زندگی میں پہننا جائز نہیں اس کا کفن بھی پہننا جائز نہیں (۲)۔ لٹھہ میں اگر کوئی نجاست مادے وغیرہ میں نہیں ہے بلکہ پاک ہے تو اس

---

(۱) ''بدیسی: غیر ملک کا، دوسرے دیس کا''۔ (فیروز اللغات، ص: ۱۹۰، فیروز سنز، لاہور)

(۲) ''والحاصل أن ما يجوز لكل جنس أن يلبسه في حياته، يجوز أن يكفن فيه بعد موته، حتى يكره أن=

Made searchable using ScribeTools.com

کا کفن بھی جائز ہے اور اگر اس میں کوئی نجس شے ہے تو اس کا کفن جائز نہیں، اس کی تحقیق کر لی جائے (۱)۔

۳.....مردے کے جب کسی فعل کو اس میں دخل نہیں تو وہ بری الذمہ ہے، اگر میت نے وصیت کی تھی کہ ناپاک کپڑے کا کفن دیا جائے، یا اس کا علم تھا کہ ناپاک کپڑے کا کفن دیا جائے گا پھر بھی جان بوجھ کر منع نہیں کیا تو وہ گناہ گار ہے (۲)۔

= یکفن الرجل فی الحریر والمعصفر والمزعفر، و لا یکره للنساء ذلک اعتباراً باللباس فی حال الحیاة". (بدائع الصنائع، کتاب الصلاة، فصل: وأما صفة الکفن : ۳۹/۲، رشیدیه)

(وکذا فی الدرالمختار، کتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲۰۵/۲، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجنائز: ۳۰۸/۲، رشیدیه)

(۱) "وفی القنیة: الطهارة من النجاسة فی ثوب و بدن و مکان و ستر العورة شرطٌ فی حق المیت والإمام جمیعاً". (الدر المختار، کتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲۰۸/۲، سعید)

"(وشرطها إسلام المیت و طهارته) ..... و فی القنیة : الطهارة من النجاسة فی الثوب والبدن والمکان و ستر العورة شرط فی حق الإمام والمیت جمیعاً". (البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجنائز : ۳۱۴/۲، ۳۱۵، رشیدیه)

(وکذا فی حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، کتاب الصلاة، باب الجنائز ،ص: ۵۸۲، قدیمی)

(۲) "قال ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما: فلما مات عمر رضی الله تعالیٰ عنه، ذکرت ذلک لعائشة رضی الله تعالیٰ عنها فقالت: رحم الله عمر، والله! ما حدّث رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم أن الله لیعذب المؤمن ببکاء أهله علیه، ولکن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "إن الله لیزید الکافر عذاباً ببکاء أهله علیه". وقالت: حسبکم القرآن ﴿ولا تزر وازرة وزر أخری﴾. الحدیث. (صحیح البخاری، کتاب الجنائز، باب قول النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "یعذب المیت ببعض بکاء أهله علیه إذا کان النوح من سنته": ۱۷۱/۱، قدیمی)

"و قد جمع کثیرٌ من أهل العلم بین حدیثی عمر و عائشة رضی الله تعالیٰ عنهما بضروب من الجمع ..... ثانیها : و هو أخص من الذی قبله ما إذا أوصی أهله ..... قال أبو اللیث السمر قندی : إنه قول عامة أهل العلم ..... قال ابن المرابط: إذا علم المرء بما جاء فی النهی عن النوح، و عرف أن أهله من شأنهم یفعلون من ذلک، و لم یعلّمهم بتحریمه و لا زجرهم عن تعاطیه، فإذا عذب علی ذلک عذب بفعل نفسه لا بفعل غیره". (فتح الباری، کتاب الجنائز، باب قول النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: یعذب المیت ببعض بکاء أهله علیه" الخ : ۱۹۸/۳، قدیمی)

۴.....جنازہ کی نماز پڑھانا فرضِ عین نہیں بلکہ یہ نماز فرضِ کفایہ ہے، جب اَور لوگ بھی پڑھنے پڑھانے والے ہیں تو صورتِ مسئولہ میں بکر گنہ گار نہیں (۱)۔

۵.....اولاً بکر سے تحقیق کرلی جائے کہ جنازہ کی نماز نہ پڑھانے کی وجہ صرف ولایتی کفن ہے یا اس کی ناپاکی یا اَور کوئی وجہ ہے؟ تو اگر صرف ولایتی کفن ہے تو اشیائے مذکورہ کا فرق بکر ہی سے دریافت کیا جائے، کیونکہ وہ بھی آپ کے لکھنے کے مطابق اپنے وقت کا بہت بڑا عالم وشیخ الحدیث ہے۔ اگر اس کی وجہ اس کفن کی ناپاکی ہے تو اس میں کوئی اشکال نہیں ہے، بعض لوگ کہتے ہیں کہ اس کے مادے میں بعض نجس چیزیں پڑتی ہیں اور اس میں نماز پڑھانا بُرا ہے، اگر کوئی اَور وجہ ہے تو اس کے معلوم ہونے پر حکم لکھا جاسکتا ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔ صحیح: عبد اللطیف غفرلہ۔

کفن پر خوشبو لگانا

سوال[۴۰۰۷]: خوشبو کفن میں لگانا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مستحب ہے: "وصفة تكفين الرجل أن يبخر الكفن أولاً بالبخور الطيبة، و يرشّ عليه

---

(۱) "عن عمران بن حصين رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "إن أخاكم قد مات، فقوموا فصلوا عليه". (سنن النسائى، كتاب الجنائز، باب الأمر بالصلاة على الميت: ۱/۲۷۵، قديمى)

"والصلاة عليه فرض كفاية بالإجماع". (الدر المختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۰۷، سعيد)

"(وهى فرض): أى الصلاة عليه للإجماع على افتراضها، وكونها على الكفاية". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل السلطان أحق بصلاته: ۲/۲۱۴، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، الباب الحادى والعشرون فى الجنائز، الفصل الخامس فى الصلاة على الميت: ۱/۱۶۲، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

الحنوط إن وجد، و يسبط اللفافة، ثم الإزار –وهو من القرن إلى القدم– ثم يجعل عليه حنوط إن وجد، ويطلى بالكافور مساجده، الخ". رسائل الأركان، ص:١٥٤(١)۔

البتہ جوخوشبومرد کے لئے حالتِ حیات میں منع ہے یعنی ورس اورزعفران، اس کا کفن میں لگانا بھی منع ہے، اسی کودرمختار میں لکھا ہے کہ یہ جہل ہے:

"ويجعل الحنوط و هو العطر المركب من الأشياء الطيبة غيرزغفران وورس لكراهتهما للرجال، انتهى. ولايكره للنساء، أبو السعود عن العينى. قوله: وجَعْلُها فى الكفن عند رأس الميت كمايفعل فى زمانها جهلٌ، الخ". بحر: ١/٣٦٧(٢)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

کفن کس رنگ کا ہو؟

سوال[۴۰۰۸]: کفن کے لئے سفید کپڑا اچھا ہے یا اس کے سوا اَور رنگ کا، اوراگرزمین سفید ہو دھاری سرخ وغیرہ ہوں تو کیسا ہے؟

رحمت اللہ، رتن پور، معرفت مولوی محمد ابراہیم رتن پوری متعلم مدرسہ ہذا۔

الجواب حامداًومصلیاً:

کفن کے لئے سفید کپڑا افضل ہے، اس کے علاوہ بھی جائز ہے، جورنگ اور کپڑا حالت حیات میں جائز

---

(۱) (رسائل الأركان لأبى العياش عبدالعلى محمد بحر العلوم، الرسالة الأولى فى الصلوة، فصل فى حكم الجنازة، بيان سنة التكفين للرجل، ص:۱۵۴، مطبع يوسفى لكهنو)

" عن أبى وائل قال: عند علىّ رضى الله تعالىٰ عنه مسک، فأوصى أن يحنط به، وقال: "هو فضل حنوط رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم". قال النووى إسناده حسن". (نصب الراية، كتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل فى الغسل (رقم الحديث: ۲۹۹۷): ۲/۲۵۹، المكتبة المكية جده)

(۲) (حاشية الطحطاوى على الدر المختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۱/۳۶۷، دار المعرفة، بيروت)

"(وجعل الحنوط على رأسه و لحيته)؛ لأن التطيب سنة. و ذكر الرازى أن هذا الجعل مستحب، والحنوط مركبٌ من أشياء طيبة، و لا بأس بسائر الطيب غير الزعفران والورس اعتباراً بالحياة، و قد ورد النهى عن المزعفر للرجال، وبهذا يعلم جهل من يجعل الزعفران فى الكفن عند رأس الميت فى زماننا". (البحرالرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۳۰۳، رشيديه)

ہے وہ کفن کے لئے بھی جائز ہے اور جو رنگ اور کپڑا حالتِ حیات میں ناجائز ہے وہ کفن کے لئے بھی ناجائز ہے:

" فالأفضل أن يكون التكفين بالثياب البيض". و بعد عبارة: "والبرد والكتان والقضب كل ذلك حسن". و بعد عبارة: "والحاصل أن ما يجوز لكل جنس أن يلبسه فى حياته يجوز أن يكفن فيه بعد موته، حتى يكره أن يكفن الرجل فى الحرير والمعصفر والمزعفر، ولا يكره للنساء ذلك اعتباراً باللباس فى حال الحياة"(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۶/۱۰/۵۲ھ۔

الجواب صحیح: عبداللطیف، ۲۶/شوال/۵۲ھ۔

عورت کے جنازہ پر سرخ چادر

سوال[۴۰۰۹]: جو عورت خاوند والی مرتی ہے اس کے جنازہ پر ایک سرخ چادر ڈالتے ہیں، ان کے جنازہ پر نماز جنازہ پڑھنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

نماز جنازہ اس پر بھی درست ہے، سرخ چادر کی پابندی کہیں ثابت نہیں (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

---

(۱) (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة: فصل: وأما صفة الكفن: ۳۹/۲، رشيديه)

"عن سمرة رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "البسوا من ثيابكم البيض، وكفنوا فيها موتاكم". (مسند أحمد، رقم الحديث: ۱۹۵۹۹، أحاديث سمرة بن جندب: ۶۳۵/۵، دار إحياء التراث العربى، بيروت)

"و لم يبيّن لون الأكفان لجواز كل لون، لكن أحبها البياض". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۳۰۸/۲، رشيديه)

"و لا بأس فى الكفن ببرود و كتان و فى النساء ..... لجوازه بكل ما يجوز لبسه حال الحياة، وأحبه البياض". (الدر المختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲۰۵/۲، سعيد)

(۲) عورت کی جنازہ کے اوپر کسی رنگ کی بھی چادر ڈھانکنے کے لئے بچھانا درست ہے، کسی ایک رنگ کے ساتھ خاص کرنا اطلاقاتِ شرع کی تخصیص اور تقیید ہے جو کہ شرعاً مذموم ہے، خصوصاً جب اس کو امر مندوب وثابت بھی سمجھا جائے اور اس پر التزام بھی کیا جائے: "من أصر على أمر مندوب، وجعله عزماً، ولم يعمل بالرخصة، فقد أصاب منه الشيطان من =

Made searchable using ScribeTools.com

کفن کے اوپر کی چادر

سوال[۴۰۱۰]: میت کے اوپر کفن پر کس قسم کی چادر ڈھانک کر لے جانا چاہیے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

ایسی چادر ڈھانک کر لے جانا درست ہے جس کا زندگی میں پہننا درست ہے(۱)اور وہ چادر جزو کفن نہیں(۲)،بعض جگہ دستور ہے کہ وہ چادر گورکن کا حق تصور کرتے ہیں، یہ بے اصل ہے(۳)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند،۱۳/ ۷/ ۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ،۱۴/ ۷/ ۹۰ھ۔

= الإضلال، فكيف من أصر على بدعة أو منكر". (مرقاة المفاتيح، كتاب الصلاة، باب الدعاء فى التشهد، (رقم الحديث : ۹۴۶): ۳/ ۳۱، رشيديه)

"الإصرار على المندوب يبلغه إلى حد الكراهة، فكيف إصرار البدعة التى لا أصل لها فى الشرع". (السعاية، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة قبيل فصل فى القراءة : ۲/۲۶۵، سهيل اكيڈمى)

(۱) "لجوازه بكل ما يجوز لبسه حال الحياة". (الدرالمختار، كتاب الصلاة باب الجنائز : ۲/۲۰۵، سعيد)

"و يكفن الميت كفن مثله، وتفسيره: أن ينظر إلى ثيابه فى حياته لخروج الجمعة و العيدين، فذلك كفن مثله". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۳۰۸، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية : كتاب الصلاة، باب الجنائز، الفصل الثالث فى التكفين : ۱/ ۱۶۱، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلوة، باب الجنائز، الباب الثالث فى التكفين: ۱/ ۱۶۱، رشيديه)

(۲)اس لئے کہ مرد کو تین کپڑوں میں اور عورت کو پانچ کپڑوں میں کفن دینا مسنون ہے ان سے زائد ثابت نہیں۔(وقد تقدم تخريجه فى أوائل الفصل تحت عنوان: "کفن کے کپڑے")

(۳) "عن عائشة رضى الله تعالىٰ عنها قالت: قال النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من أحدث فى أمرنا هذا ما ليس منه فهو ردٌّ". (صحيح البخارى، كتاب الصلح، بابٌ إذا اصطلحوا على صلح جور فهو مردود : ۱/ ۳۷۱، قديمى)

"قال العلامة المناوى تحته: أى أنشأ واخترع وأتى بأمر حديث من قبل نفسه .....ماليس =

8

اپنے کفن کے لئے اپنی زندگی میں سامان خرید کر رکھنا

سوال[۴۰۱۱]: زید چاہتا ہے کہ اپنی کمائی سے زندگی میں مکمل کفن دفن کا سامان خرید کر محفوظ کر لے، کیا ایسا عمل جائز ہے؟ مع دلیل کے لکھیں۔

الجواب حامداًومصلیاً:

درست ہے، بعض صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے بھی کفن کا محفوظ رکھنا ثابت ہے جیسا کہ صحاح کی روایت میں ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹۴/۲/۱۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۹۴/۲/۱۷ھ۔

= منه: أی رأیاًلیس له فی الکتب والسنة عاضد ظاهر أو خفی، ملفوظ أو مستنبط (فهو رد): أی مردود علی فاعله لبطلانه". (فیض القدیر، (رقم الحدیث: ۸۳۳۳): ۱۱/۵۵۹۴، مکتبه نزار مصطفیٰ الباز، ریاض)

وعرّفها الشمنی "بأنها (أی البدعة) ما أحدث علی خلاف الحق المتلقی عن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم من علم أو عمل أو حال بنوع شبهة و استحسان، و جعل دیناً قویماً و صراطاً مستقیماً". (ردالمحتار، کتاب الصلاة، باب الإمامة: ۱/۵۶۰، ۵۶۱، سعید)

(۱) "عن سهل رضی الله تعالیٰ عنه أن امرأة جاء ت النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ببردة منسوجة فیها حاشیتها، تدرون ما البردة؟ قالوا: الشملة، قال: "نعم". قالت: نسجتها بیدی، فجئت لأکسوکها، فأخذها النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم محتاجاً إلیها، فخرج إلینا و أنها إزاره، فحسنها فلا نٌ، فقال: أکسینها ما أحسنها، فقال القوم: ما أحسنت لبسها النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم محتاجاً إلیها، ثم سألته و علمت أنه لا یروه قال: إنی والله! ما سألته لألبسه، و إنما سألته لتکون کفنی. قال سهل: فکانت کفنه". (صحیح البخاری، کتاب الجنائز، باب من استعد الکفن فی زمن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فلم ینکر علیه: ۱/۱۷۰، قدیمی)

(ورواه ابن ماجة فی سننه فی کتاب اللباس، باب لباس رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، ص:۲۵۴، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

غیر مسلم کی رقم سے مسلم کی تجہیز وتکفین

سوال[۴۰۱۲]: ایک زید مسلمان کی میت کوایک غیر مسلم کی رقم دی ہوئی جائز ہے یا ناجائز؟ میت کا وارث کوئی نہیں ہے، اس صورت پر کہاں تک صحیح ہے، یہ شخص مستقل چار سال تک ملازم تھا، رہن سہن خورد ونوش کا انتظام وہیں پر تھا۔

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر مسلمان میت کا کوئی وارث نہیں اوراس کے کفن دفن کے لئے کسی غیر مسلم نے رقم دی تو اس رقم کا میت کے کفن دفن میں خرچ شرعاً کرنا درست ہے، مگر مسلمانوں کو چاہیے کہ اپنی طرف سے اس کا انتظام کریں غیر مسلم سے نہ مانگیں (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/ ۷/ ۳۹ھ۔

ہندو مسلم کے جنازے میں تمیز نہ ہوتو کفن دفن کی کیا صورت ہوگی؟

سوال[۴۰۱۳]: ایک مکان کے اندر ایک ہندو اور ایک مسلمان ہیں، مکان میں آگ لگ گئی، دونوں جل گئے جس کی کوئی بھی شناخت نہیں ہوسکی تو اب ان کی نماز جنازہ اور کفن دفن کس طرح ہوگا؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر کوئی شناخت نہیں تو دونوں کو غسل کفن دے کر ایک ساتھ سامنے رکھ کر نماز جنازہ پڑھی جائے اور نیت

---

(۱) "(وإن لم يكن ثمة من تجب عليه نفقته، ففي بيت المال، فإن لم يكن) بيت المال معموراً أو منتظماً (فعلى المسلمين تكفينه) فإن لم يقدروا سألوا الناس، الخ". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة: ۲/ ۲۰۶، سعيد)

"فإن لم يكن له من تجب النفقة عليه فكفنه في بيت المال، فإن يكن فعلى المسلمين تكفينه، فإن لم يقدروا، سألوا الناس ليكفنوه، الخ". (البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب الجنائز: ۲/ ۳۱۲، رشيديه)

(وكذا في الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادى والعشرون في الجنائز، الفصل الثالث في التكفين: ۱/ ۱۶۱، رشيديه)

Made Searchable by ScribeTools.com

جنازۂ مسلم کی، کی جائے (۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸/۲/۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۸/۲/۸۸ھ۔

جس میت کے متعلق مسلم اور غیر مسلم ہونے کا علم نہ ہو اس کے ساتھ کیا کیا جائے؟

سوال[۴۰۱۴]: ہمارے یہاں ایک کمیٹی ۱۷۸۰ء سے لاوارث مسلمانوں کی میت تجہیز وتکفین کی ذمہ داری لئے ہوئے ہے، ہر مہینہ میں ۴۰، ۵۰/ لاشیں شہر کے مختلف اسپتالوں سے ادارہ کو دی جاتی ہیں اور اس کیساتھ افسر کا سرٹیفکیٹ ہوتا ہے، نام کی جگہ نامعلوم لکھا ہوتا ہے، ادارہ کا کام پہلے لاش کو شناخت کرنا ہے، لیکن ظاہر ہے کہ شناخت کا واحد ذریعہ مسلمان مرد کا صرف ختنہ ہے اور لباس وضع قطع سے کچھ علم نہیں ہوتا سوائے غالب گمان کے کہ میت مسلمان ہی ہے، لیکن مشکل یہ ہے کہ ختنہ یہودی بھی کراتے ہیں اور بہت سے غیر مسلم بھی حفظان صحت کی وجہ سے ختنہ کرانے لگے۔سوال یہ ہے کہ ان میتوں کو مسلمان سمجھ کر ان کی تجہیز وتکفین کرنا نمازِ جنازہ ادا کرنا، مسلم قبرستان میں دفن کرنا شرعاً کیسا ہے؟

---

(۱) "و لو اجتمع موتى المسلمون والكفار، يُنظر: إن كان بالمسلمين علامةٌ يمكن الفصل بها، يفصل. و علامة المسلمين أربعة أشياء: الختان و الخضاب و لبس السواد و حلق العانة. وإن لم يكن بهم علامة، يُنظر: إن كان المسلمون أكثر، غسلوا و كفنوا و دفنوا في مقابر المسلمين، وصلى عليهم، وينوى بالدعاء المسلمون ..... وأما إذا كانوا على السواء، فلا يشكل أنهم يغسلون لماذكرنا ..... يصلى عليهم وينوى بالصلاة والدعاء المسلمين؛ لأنهم إن عجزوا عن تعيين العمل للمسلمين، لم يعجزوا عن تمييز القصد في الدعاء لهم". (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، فصل: شرائط وجوب الغسل: ۲/۳۱، رشيديه)

"اختلط موتانا بكفار و لا علامة، اعتبر الأكثر، فإن استووا، غسلوا. واختلف في الصلاة عليهم". (الدرالمختار). "(قوله: واختلف في الصلاة عليهم) ..... يصلى، ويقصد المسلمين؛ لأنه إن عجز عن التعيين، لا يعجز عن القصد". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۰۰، ۲۰۱، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۳۰۵، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

ان حالات میں ظنِ غالب پر ہی عمل کیا جاسکتا ہے لیکن اصحابِ ادارہ کوخواہ سرٹیفکیٹ سے یا ختنہ سے یا کسی اَور علامت سے اس بات کا ظنِ غالب حاصل ہوجائے کہ یہ میت مسلمان ہے تو اس کے ساتھ ایسا معاملہ کیا جائے جو مسلم میت کے ساتھ کرنے کا حکم ہے، جب حقیقت حال پر اطلاع پانا دشوار ہوتو ظنِ غالب شرعاً کافی ہوتا ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/۶/۹۰ھ۔

---

(۱) " اختلط موتانا بكفار و لا علامة، اعتبر الأكثر، فإن استووا، غسلوا. واختلف فى الصلاة عليهم ومحل دفنهم الخ". (الدرالمختار). "(قوله : أعتبر الأكثر) ..... قال فى الحلية : فإن كان بالمسلمين علامة، فلا إشكال فى إجراء أحكام المسلمين عليهم، وإلا فلو المسلمون أكثر صُلّىَ عليهم، و يُنوى بالدعاء المسلمون. ولو الكفار أكثر ..... فعلى هذا ينبغى أن يصلى عليهم فى الحالة الثانية أيضاً: أى حالة ما إذا كان الكفار أكثر؛ لأنه حيث قصد المسلمين فقط لم يكن مصلياً على الكفار، وإلا لم تجز الصلاة عليهم فى الحالة الأولى أيضاً مع أن الاتفاق على الجواز، فينبغى الصلاة عليهم فى الأحوال الثلاث كما قالت به الأئمة الثلاث، وهو أوجه قضاء حق المسلمين بلا ارتكاب منهى منه". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۰۰، ۲۰۱، سعيد)

"ولو وجد ميت أو قتيل فى دارالإسلام، فإن كان عليه سيما المسلمين، يغسل و يصلى عليه" ويدفن فى مقابر المسلمين، و هذا ظاهر. وإن لم يكن معه سيما المسلمين، ففيه روايتان، والصحيح أنه يغسل، و يصلى عليه، و يدفن فى مقابر المسلمين لحصول غلبة الظن بكونه مسلماً بدلالة المكان، وهى دار الإسلام. ولو فى دار الحرب، فإن كان معه سيما المسلمين، يغسل، ويصلى عليه، ويدفن فى مقابر المسلمين بالإجماع. وإن لم يكن معه سيما المسلمين ففيه روايتان ..... والحاصل أنه لا يشترط الجمع بين السيما و دليل المكان، بل يعمل بالسيما وحده بالإجماع. و هل يعمل بدليل المكان وحده؟ فيه روايتان، والصحيح أنه يعمل به لحصول غلبة الظن عنده". (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، فصل: وأما شرائط وجوب الغسل : ۲/۳۲، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادى والعشرون فى الجنائز، الفصل الثانى فى الغسل: ۱/۱۵۹، رشيديه)

دریا سے بہہ کر آئی ہوئی عورت کی لاش کے متعلق اختلاف

سوال[۴۰۱۵]: ایک عورت کسی دریا میں بہتی ہوئی چلی آئی ہے، جہاں وہ نکلی ہے وہاں مسلم وغیر مسلم دونوں پارٹیوں میں جھگڑا ہے، ایک پارٹی دفنانے کو کہتی ہے دوسری آگ لگانے کو کہتی ہے۔ آپ فرمائیں مذکورہ عورت کی شناخت کیسے ہو؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ہندو عورت کا لباس بھی خاص ہوتا ہے اور بدن پر کہیں گودنے کا نشان بھی ہوتا ہے، اگر اس قسم کی کوئی علامت نہ ہو اور مسلمان اس کو مسلمان سمجھتے ہوئے غسل وکفن دے کر نماز جنازہ پڑھ کر دفن کریں تو ان کو حق ہے، مگر جھگڑا فساد نہ کریں (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۷/۹/۱۳۹۹ھ۔

کفن کے بند کا حکم

سوال[۴۰۱۶]: کفن پہنانے کے بعد میت کو تین گرہ کفن میں دے دی جاتی ہیں خواہ مرد ہو، یا عورت: سرہانے، کمر میں پاؤں، جانب۔ قبر میں اتارنے کے بعد میت کی تینوں گرہیں کھول دی جاتی ہیں اور عورت کی صرف منہ کی طرف کھول دی جاتی ہے اور کمر پاؤں کی جانب بدستور گرہ لگی رہتی ہے اور بعض لوگ بند

---

(۱) "لو لم یدر أمسلم أم کافر و لا علامة، فإن فی دارنا، غسل و صلی علیه، و إلا لا". (الدرالمختار).

"(قوله: فإن فی دارنا) أفاد بذکر التفصیل فی المکان بعد انتفاء العلامة أن العلامة مقدمة، وعند فقدها یعتبر المکان فی الصحیح؛ لأنه یحصل به غلبة الظن ..... أن علامة المسلمین أربعة: الختان والخضاب الخ". (ردالمحتار، کتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة ۲/۲۰۰، سعید)

"و من لا یدری أنه مسلم أو کافر، فإن کان علیه سیما المسلمین أو فی بقاع دار الإسلام، یغسل، وإلا فلا". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب الحادی و العشرون فی الجنائز، الفصل الثانی فی الغسل: ۱/۱۵۹، رشیدیه)

(وکذا فی التاتارخانیة، کتاب الصلاة، الباب الثانی والثلاثون فی الجنائز، نوع آخر من هذا الفصل فی المتفرقات: ۲/۱۸۱، إدارة القرآن، کراچی)

Made searchable using ScribeTools.com

ڈھیلے کر دیتے ہیں۔ حدیث وفقہ سے بند کا باندھنا، قبر میں گرہ کا کھولنا وغیرہ ثابت ہے یا نہیں اور اس طریقہ کو کب، کس نے اور کس طرح ایجاد کیا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ تین جگہ باندھنے سے یہ فائدہ ہے کہ جنازہ اٹھاتے اور لے جاتے وقت کفن نہ کھل جائے اور قبر میں رکھنے کے بعد یہ اندیشہ نہیں رہتا، اس لئے کھول دیتے ہیں، عورت مرد سب کے ہی تینوں بند کھول دیئے جاتے ہیں، ہر دو کے باندھنے کی بھی مصلحت ایک ہے اور کھولنے کی ایک، لہٰذا تفریق کی ضرورت نہیں، اگر کفن کھلنے کا اندیشہ نہ ہو تو بند باندھنے کی بھی ضرورت نہیں، کبیری شرح منیہ، ص: ۵۳۸ میں بند باندھنے کو اسی قید کے ساتھ مقید کیا ہے(۱)۔ اسی طرح عالمگیری: ۱/۱۶۰ (۲) زیلعی: ۱/۲۳۸ (۳)، مجمع الأنہر: ۱/۱۸۲ (٤) میں ہے۔ اور قبر میں رکھنے کے بعد بند کھولنے کا حکم حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرمایا

---

(۱) "فیقمّص و یحنط، ثم یعطف علیه الإزار من جهة الیسار، ثم من الیمین، ثم اللفافة کذلکَ، و یربط إن خیف انتشاره". (الحلبی الکبیر، کتاب الصلاة، فصل فی صلاة الجنائز، الثالث فی تکفینه، ص: ۵۸۱، سهیل اکیڈمی، لاهور)

"ویوجه المیت فی القبر إلی القبلة علی جنبه الأیمن، ولا یلقی علی ظهره، وتحل عقدة". (الحلبی الکبیر، السادس فی الدفن، ص: ۵۹۷، سهیل اکیڈمی، لاهور)

(۲) "و کفن المرأة سنة: درع، وإزار، وخمار، ولفافة، وخرقة یربط بها ثدیاها". (الفتاوی العالمکیریة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل الثالث فی التکفین: ۱/۱۶۰، رشیدیه)

(۳) "قالؒ: (وعقد): أی الکفن (إن خیف انتشاره) صیانة عن الکشف ..... ثم یعطف الإزار، ثم اللفافة کما ذکرنا فی حق الرجل، ثم الخرقة فوق الأکفان لئلا تنتشر. و عرضها مابین الثدی إلی السرة، وقیل: ما بین الثدی إلی الرکبة لئلا ینتشر الکفن بالفخذین وقت المشی". (تبیین الحقائق، کتاب الصلاة، باب الجنائز: ۱/۵۶۹، دار الکتب العلمیة، بیروت)

(۴) "(ویعقد الکفن إن خیف أن ینتشر) صیانةً عن الکشف)". (مجمع الأنهر، کتاب الصلاة، باب الجنائز: ۱/۲۶۸، غفاریه کوئٹه)

ہے، کذافی مراقی الفلاح ،ص: ۳۳٤) (۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

غسل میت کے بعد جو کپڑا سترِ عورت کے لئے ڈالا جائے کیا وہ جزوِ کفن ہے؟

سوال [۴۰۱۷]: مردہ کو غسل دینے کے بعد ایک تہبند پہناتے ہیں وہ ایسا ہی ہوتا ہے جیسا کہ عام طور سے ہوتا ہے، لنگی کو کفن میں شمار کر کے بغیر کسی عذر کے قمیص اور لفافہ پر اکتفا کیا جاسکتا ہے یا ازار بھی دینا ہوگا؟ اگر اس لنگی کو کفن میں نہ شمار کیا جائے، بلکہ اس کے علاوہ تین کپڑے دیئے جائیں تو اس لنگی کو جو غسل دیتے وقت پہنائی گئی تھی نکال دینا بہتر ہے یا اس کا رہنے دینا بہتر ہے؟ اولویت کے اعتبار سے جواب مطلوب ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

ازارِ میت کے متعلق فقہاء کے تین قول ہیں: ایک یہ کہ سر سے پیر تک ہو لفافہ کی طرح، دوسرا قول یہ ہے کہ منکب سے قدم تک ہو، تیسرا قول شیخ ابن ہمامؒ نے فتح القدیر میں فرمایا ہے کہ سُرہ سے رکبہ تک ہو اور اس کو حدیث سے اقرب قرار دیا۔ ہے:

"فالإزار واللفافة من القرن إلى القدم –والقرن هنا بمعنى الشعر، واللفافة هى الرداء طولاً– وفى بعض نسخ المختار: أن الإزار من المنكب إلى القدم هذا ما ذكروه. و بحث فيه فى فتح القدير بأنه ينبغى أن يكون إزار الميت كإزار الحى من السرة إلى الركبة؛ لأنه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أعطى اللاتى غسلن ابنته حقوه و هى فى الأصل معقد الإزار ثم سمى به الإزار للمجاورة، اهـ". بحر: ۲/۱۷۵ (۲)۔ "والبحث فى فتح القدير: ۱/۷۵۵، حيث قال: "وهذا ظاهر فى أن إزار الميت كإزار الحى من الحقو، فيجب كونه فى الذكر كذلك لعدم الفرق"(۳)۔

---

(۱) "(وتحل العقدة) لأمر النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم سمرة رضى الله تعالىٰ عنه و قد مات له ابن: "طلق عقد رأسه و عقد رجليه". و لأنه آمن من الانتشار". (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، ص: ۲۰۹، قديمى)

(۲) (البحر الرائق، كتاب الصلاة ، باب الجنائز : ۲/۳۰۷، رشيديه)

(۳) (فتح القدير ، كتاب الصلاة ، باب الجنائز : ۲/۱۱۵ ، مصطفى البابى مصر)

"(قوله : إزار الخ) –هو من القرن إلى القدم– ..... واللفافة تزيد على ما فوق القرن والقدم ليلف فيها الميت و تربط من الأعلى و الأسفل". (ردالمحتار، كتاب الصلاة ، باب الجنائز : ۲/۲۰۲ ، سعيد)

Made Searchable using ScribeTools.com

مگر عامۂ فقہاء قولِ اول ہی کو لیتے ہیں، لہٰذا اس لنگی کو علیحدہ کرکے مستقل ازار دیا جائے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۳/ ۷/ ۸۹ھ۔

کفن کا مصلی مسجد میں دینا

سوال [۴۰۱۸]: مردوں کو کفنانے کے لئے جو کپڑا خریدا جاتا ہے اس میں سے بعض حضرات ایک مصلی کی صورت میں تھوڑا سا کپڑا بچا کر مسجد میں دیدتے ہیں۔ آیا اس مصلی کا استعمال اہل مسجد کرسکتے ہیں یا نہیں، یعنی اس کو مصلی کے طور پر استعمال کرنا درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ کپڑا جزو کفن نہیں، ورثاء کی ملک ہے، اس کا رواج ختم کیا جائے۔ ورثاء اگر بالغ ہوں اور میت کو ثواب پہونچانے کے لئے کوئی چیز مصلی وغیرہ مسجد میں دیں تو اس کا استعمال کرنا درست ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۴/ ۸/ ۸۹ھ۔

---

(۱) "ان سعد بن عبادة رضی الله تعالیٰ عنه توفیت أمه وهوغائب عنها، فقال یارسول الله!- صلی الله تعالیٰ علیه وسلم- إن أمی توفیت وأناغائب عنها، أینفعها شیء إن تصدقت به عنها؟ قال: "نعم" قال: فإنی أشهدک أن حائطی المخراف صدقة علیها". (صحیح البخاری، کتاب الوصایا، باب إذاقال: أرضی وبستانی صدقة لله عن أمی: ۱/ ۳۸۶، قدیمی)

"صرح علماء نا فی باب الحج عن الغیر بأن للإنسان أن یجعل ثواب عمله لغیره صلوةً أوصوماً أوصدقةً أوغیرها ..... الأفضل لمن یتصدق نفلاً أن ینوی لجمیع المؤمنین والمؤمنات؛ لأنها تصل إلیهم، ولاینقص من أجره شیء". (ردالمحتار، باب صلوة الجنازة، مطلب فی القراءة للمیت وإهداء ثوابهاله: ۲/ ۲۴۳، سعید)

(وکذافی البحر الرائق، کتاب الحج، باب الحج عن الغیر: ۳/ ۱۰۵، رشیدیه)

(وکذافی التاتارخانیة، کتاب المناسک، الفصل الخامس عشر فی الرجل یحج عن الغیر: ۲/ ۵۴۵، إدارة القرآن کراچی) .....

کفن پر عہد نامہ لکھنا

سوال[۴۰۱۹]: کیا مردے کے کفن پر عہد نامہ لکھنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

قرآن وحدیث سے تو عہد نامہ لکھنا ثابت نہیں، بعض دیگر کتب میں اس کی اجازت دی ہے، مگر روشنائی سے نہیں بلکہ انگلی سے، اور یہ اجازت بھی مجتہدین فقہاء کی طرف سے نہیں ہے، اس لئے اس سے احتیاط ہی بہتر ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۵/۱۲/۲۵ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۵/۱۲/۲۶ھ۔

کفن پر عہد نامہ لکھنا اور تلقین بعد الدفن

سوال[۴۰۲۰]: بہار شریعت میں ہے: ''شجرہ یا عہد نامہ قبر میں رکھنا جائز ہے اور بہتر یہ ہے کہ میت کے منہ کے سامنے قبلہ کی جانب طاق کھود کر اس میں رکھیں، بلکہ درمختار میں کفن پر عہد نامہ کو جائز کہا ہے اور فرمایا

= مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو(شرح الصدور فی احوال الموتی والقبور للسیوطی، باب فی قراءة القرآن للمیت أو علی القبر، ص: ۳۰۲، دارالمعرفة)

(۱) ''کتب علی جبهة المیت أو عمامته أو کفنه عهدنامه، یرجی أن یغفر الله للمیت''. (الدرالمختار).

''فالمنع هنا بالأولی ما لم یثبت عن المجتهد، أو ینقل فیه حدیث ثابت، فتأمل، نعم! نقل بعض المحشین عن فوائد الشرجی أن مما یکتب علی جبهة المیت بغیر مداد بالأصبع المسبحة''. (ردالمحتار، کتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۴۶، ۲۴۷، سعید)

''الاستفسار: قد تعارف فی بلادنا أنهم یلقون علی قبر الصلحاء ثوباً مکتوباً فیه سورة الإخلاص، هل فیه بأس''.

الاستبشار: ''هو استهانة بالقرآن؛ لأن هذا الثوب إنما یلقی تعظیماً للمیت و یصیر هذاالثوب مستعملا مبتذلاً، وابتذال کتاب الله من أسباب عذاب الله''. (فتاویٰ اللکنوی المسماة بنفع المفتی والسائل، مایتعلق بتعظیم اسم الله واسم حبیب الله الخ، ص: ۴۰۳، دارابن حزم)

Made searchable using ScribeTools.com

ہے کہ اس سے مغفرت کی امید ہے"۔

الجواب حامداًومصلیاً:

درمختار میں عہد نامہ لکھنے کو جائز کہا ہے مگر کوئی دلیلِ شرعی جواب کے لئے پیش نہیں کی، شامی نے اس کو رد کیا ہے:

"وقد منا قبيل باب المياه عن الفتح أنه تكره كتابة القران وأسماء الله تعالى على الدراهم والمَحاريب و الجُدر ان وما يفرش، وماذلك إلالاحترامه وخشية و طئه و نحو ٗمنافيه إهانته الخ".

اس کے بعد نقل کیا ہے:

"أن مما يكتب على جبهة الميت بغير مدادبالأصبع المسحة: بسم الله الرحمن الرحيم، و على الصدر: لاإله إلاالله محمد رسول الله، وذالك بعد الغسل قبل التكفين"(۱)۔

فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

کفن پر کلمہ لکھنا

سوال[۴۰۲۱]: میت کے سینے پر کفن پہناتے وقت بعض لوگ کلمہ لکھتے ہیں۔ کیا یہ جائز ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

قلم سے روشنائی سے لکھنا منع ہے، بعض حضرات محض انگلی کے اشارے سے لکھ دیتے ہیں اس میں کوئی

---

(۱) (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۴۶، ۲۴۷، سعيد)

"الاستفسار: قد تعارف فى بلادنا أنهم يلقون على قبر الصلحاء ثوباً مكتوباً فيه سورة الإخلاص، هل فيه بأس؟

"الاستبشار: هواستهانة بالقرآن؛ لأن هذا الثوب إنما يلقى تعظيماً للميت. ويصير هذاالثوب مستعملاً مبتذلاً، وابتذال كتاب الله من أسباب عذاب الله". (فتاوىٰ اللكنوى المسماة نفع المفتى والسائل، مايتعلق بتعظيم اسم الله واسم حبيب الله الخ، ص: ۴۰۳، دارابن حزم)

بے ادبی نہیں، مگر ثابت بھی نہیں، اگر کوئی اشارہ سے لکھ دے تو اس سے نزاع نہ کریں نہ تاکید کریں (۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

ایضاً

سوال[۴۰۲۲]: عرصے سے ہمارے ملک میں تحریر کفنی کا جواز عدم جواز کا مسئلہ چل رہا ہے، ایک صاحب نے ایک رسالہ میں تحریر کیا ہے لکھا ہے کہ کفن پر لکھنا ثواب ہے، جس کے ثبوت میں درمختار کی عربی عبارت بھی مع ترجمہ کے ساتھ لکھی ہے اور کچھ کتابوں کا بلا عبارت جواز کے بارے میں ثبوت دیا ہے، کتابوں کے نام یہ ہیں: کفایہ، تاتارخانیہ، فتویٰ امام مکی، اخبارالاخیار، لمعات، یہ کتابوں کے نام ہیں۔ مفتی صاحب کا نام قاضی عبدالسبحان ہے۔ اور کچھ صاحب کہتے ہیں کہ کچھ بھی لکھنا جائز نہیں ہے۔ آپ مذکورہ فتویٰ کے متعلق تحریر فرمائیں کہ اس بارے میں کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

کفنِ میت پر کچھ لکھنا قرآن کریم حدیث شریف، اجماعِ امت، قیاسِ مجتہد سے ثابت نہیں، غیر مجتہد کا عمل قابلِ احتجاج نہیں۔ درمختار میں جو کچھ اس سلسلے میں لکھا ہے، علامہ شامی نے اس کی تردید کی ہے

---

(۱) "وقد أفتى ابن الصلاح: بأنه لا يجوز أن يكتب على الكفن يٰس والكهف ونحوهما خوفاً من صديد الميت ..... و قد قدمنا قبيل باب المياه عن الفتح أنه تكره كتابة القرآن وأسماء الله تعالىٰ على الدراهم والمحاريب والجدران و ما يفرش، و ما ذاك إلا لاحترامه و خشية وطئه ونحوه مما فيه إهانة، فالمنع هنا بالأولىٰ ما لم يثبت عن المجتهد أو ينقل فيه حديث ثابت ..... أن مما يكتب على جبهة الميت بغير مراد بالأصبع المسبحة: بسم الله الرحمن الرحيم، و على الصدر: لا إله إلا الله محمد رسول الله، و ذلك بعد الغسل قبل التكفين". (رد المحتار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۴۶، ۲۴۷، سعيد)

"الاستفسار: قد تعارف في بلادنا أنهم يلقون على قبر الصلحاء ثوباً مكتوباً فيه سورة الإخلاص، هل فيه بأس؟ الاستبشار: هو استهانة بالقرآن؛ لأن هذا الثوب إنما يلقى تعظيماً لميت، ويصير هذا الثوب مستعملاً مبتذلاً، وابتذال كتاب الله من أسباب عذاب الله". (فتاویٰ اللكنوی المسماة نفع المفتی والسائل، مايتعلق بتعظيم اسم الله واسم حبيب الله الخ، ص: ۴۰۳، دارابن حزم)

Made searchable using ScribeTools.com

.....ابن الصلاح سے بھی عدمِ جواز کا فتویٰ نقل کیا ہے، کیونکہ اس کے لکھنے میں حروفِ قرآن کریم اور اسمائے الٰہیہ کی بے ادبی ہے۔ اگر لکھنا ہو تو محض انگلی سے بغیر روشنائی کے میت کی پیشانی پر کچھ لکھ دیا جائے، یہ لکھنا بھی دلیل سے ثابت نہیں تاہم اس طرح بے ادبی نہیں ہوگی۔ غور کا مقام ہے، اگر لکھنا دلیل سے ثابت ہوتا تو صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور ائمۂ مجتہدین رحمہم اللہ تعالیٰ سے ضرور منقول ہوتا (۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۳/۱۲/ ۵۶ھ۔

کلمہ طیبہ وغیرہ لکھ کر میت کے گلے میں لٹکا دینا

سوال [۴۰۲۳]: روشنائی سے کلمہ طیبہ وکلمۂ شہادت اور آیۃ الکرسی مع بسم اللہ لکھ کر میت کے گلے میں لٹکا دیتے ہیں اور اس کو کارِ ثواب تصور کرتے ہیں۔ کیا ایسا کرنا جائز ہے، کسی حدیث، فقہائے امت کے قول سے ثابت ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایسا کرنا شریعت سے ثابت نہیں، ہرگز ایسا نہ کیا جائے، قبر میں میت کا بدن پھٹنے اور اس کی آلائش لگنے

---

(۱) "كتب على جبهة الميت أو عمامته أو كفنه "عهد نامه" يرجى أن يغفر الله للميت". (الدر المختار).

"وقد أفتى ابن الصلاح بأنه لا يجوز أن يكتب على الكفن يٰس والكهف ونحوهما خوفاً من صديد الميت ..... و قد قدمنا قبيل باب المياه عن الفتح أنه تكره كتابة القرآن وأسماء الله تعالىٰ على الدراهم والمحاريب والجدران و ما يفرش، و ما ذاك إلا لاحترامه و خشية وطئه ونحوه مما فيه إهانة، فالمنع هنا بالأولىٰ ما لم يثبت عن المجتهد أو ينقل فيه حديث ثابت. ..... أن مما يكتب على جبهة الميت بغير مداد بالأصبع المسبحة: بسم الله الرحمن الرحيم، وعلى الصدر: لا إله إلا الله محمد رسول الله، وذلك بعد الغسل قبل التكفين". (رد المحتار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۴۶، ۲۴۷، سعيد)

"الاستفسار: قد تعارف في بلادنا أنهم يلقون على قبر الصلحاء ثوباً مكتوباً فيه سورة الإخلاص، هل فيه بأس؟ الاستبشار: هو استهانة بالقرآن؛ لأن هذا الثوب إنما يلقى تعظيماً للميت، ويصير هذا الثوب مستعملاً مبتذلاً، وابتذال كتاب الله من أسباب عذاب الله". (فتاوىٰ اللكنوى المسماة نفع المفتى والسائل، مايتعلق بتعظيم اسم الله واسم حبيب الله الخ، ص: ۴۰۳، دارابن حزم)

Made Searchable by ScribeTools.com

سے اس لکھے ہوئے کا احترام باقی نہیں رہتا(۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۵/۵/۹۱ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۵/۵/۹۱ھ۔

کلمہ لکھی ہوئی چادر میت پر ڈالنا

سوال[۴۰۲۴]: چادر جس پر کلمہ شریف اور آیاتِ قرآنی لکھی ہوتی ہیں، میت پر ڈالنا کیسا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

کلمہ شریف اور آیاتِ قرآنیہ کے احترام کے خلاف ہے(۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

---

(۱) (تقدم تخريجه تحت عنوان: ''کفن پر کلمہ لکھنا'')

(۲) ''وقدمنا قبل باب المياه عن الفتح أنه تكره كتابة القرآن وأسماء الله تعالىٰ على الدراهم والمحاريب والجدران و ما يفرش، و ما ذلك إلا لاحترامه و خشية وطئه و نحوه مما فيه إهانة، فالمنع هنا بالأولى ما لم يثبت عن المجتهد أو ينقل فيه حديث ثابت''. (رد المحتار، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۲۴۶، ۲۴۷، سعيد)

''بساطٌ أو غيره كتب عليه: ''الملک لله''، يكره بسطه واستعماله لا تعليقه للزينة''.

(ردالمحتار، كتاب الطهارة، أركان الوضوء أربعة، قبيل باب المياه : ۱/۱۷۸، سعيد)

وفی الفتاوی العالمكيرية : ''كتابة القرآن على مايفرش و يبسط مكروهة''. (كتاب الكراهية، الباب الخامس فی آداب المسجد والقبلة والمصحف الخ : ۱/۳۲۳، رشيديه)

''الاستفسار: قد تعارف فی بلادنا أنهم يلقون على قبر الصلحاء ثوباً مكتوباً فيه سورة الإخلاص، هل فيه بأس ؟ الاستبشار : هو استهانة بالقرآن؛ لأن هذا الثوب إنما يلقى تعظيماً، للميت ويصير هذا الثوب مستعملاً مبتذلاً، وابتذال كتاب الله من أسباب عذاب الله''..... قلت : وأشنع من هذا ما يفعله أهل الدكن من إلقاء الثياب التی كتب فيها اسم الله تعالىٰ أو سورة القرآن على جميع القبور، وإن لم يكن المقبور من أهل الزهد والورع''. (فتاویٰ اللكنوی المسماة نفع المفتی والسائل، مايتعلق بتعظيم اسم الله واسم حبيب الله الخ، ص: ۴۰۳، دارابن حزم)

Made searchable using ScribeTools.com

پرچہ پر دعاء لکھ کر میت کے سینہ پر رکھنا

۲۱/ مارچ ۷۰ھ۔ محترم قبلہ مفتی دارالعلوم دیوبند!

سوال[۴۰۲۵]:۱.....بعد آداب کے گزارش ہے کہ میں نے ایک پرچہ لکھا ہے اس پرچہ کو لفافہ میں بھیج رہا ہوں اور چند باتیں میرے قصبہ میں مجھ کو نئی معلوم ہوتی ہیں اس وجہ سے میں نے اپنے بزرگوں کو تکلیف دی ہے جس کی معافی چاہتا ہوں ہمارے قصبہ کھیری میں میت کو قبر میں اتارتے ہیں اور مردے کے جسم پر یعنی سینہ پر یہ پرچہ رکھ دیتے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ منکر نکیر قبر میں حساب نہیں کر سکتے اور نہ مردے کو قبر میں منکر نکیر دکھلائی پڑیں گے اور اس کو حدیث سے ثابت کرتے ہیں اور علمائے دیوبند کو بھی اس کا ایجاد کردہ بتلاتے ہیں، اس سے بہت خلفشار قصبہ میں مچا ہوا ہے۔

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم، اللّٰہ رب محمد والصلوۃ علیہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم، امام ترمذی حکیم الٰہی سیدی محمد بن علی معاصر امام بخاری نے نوادر الأصول میں روایت کی کہ خود حضور پرنور سید عالم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "من کتب ھذاالدعاء بین صدر المیت وکفنه فی رقعة، لم ینله عذاب القبر، ولا یریٰ منکراً ونکیراً، وھوھذا"۔ جو یہ دعاء کسی پرچہ پر لکھ کر میت کے سینے پر کفن کے نیچے رکھدے اسے عذاب قبر نہ ہو نہ منکر نکیر نظر آئیں وہ دعا یہ ہے:

" لاإله إلااللّٰه واللّٰه أکبر لاإله إلااللّٰه وحده لاشریك له، لاإله إلا اللّٰه، له الملك وله الحمد، لاإله إلا اللّٰه ولاحول ولاقوة إلاباللّٰه العلی العظیم (۱)۔

دعائے ثانی: سبحٰن من ھوبالجلال موحد وبالتوحید معروف وبالمعارف موصوف وبالصیغة علی لسان کل قائل رب وبالربوبیة للعالم قاھر وبالقھر للعالم جبار وبالجبروت علیم حلیمٌ وبالعلم والحلم رؤف رحیم، سبحٰنه کمایقولون وسبحٰنه کماھم یقولون تسبیحاً تخشع له السموات والأرض ومن علیھاویحمدون من حول عرشی، اسمی اللّٰہ وأناأسرع الحاسبین، اٰمین صلی اللّٰہ علی حبیبه سید نامحمد وآله وسلم۔ منقول از فتاویٰ شامی، رد المحتار جلد اول، ص: ۶۰۷۔

مطبع دیوبند فتاوی رضویہ جلد چہارم ص: ۱۲۸

شائع کردہ منشی عبداللہ صاحب محلہ ڈبہ ضلع کھیری لکھیم پور۔

---

(۱) (الدر المختار مع رد المحتار، باب صلاة الجنازة، مطلب فیمایکتب علی کفن المیت، ۲/۲۴۶، سعید)

۲..... یہ کہ جب قبر میں مردے کو دفن کر دیتے ہیں اور چند حافظ قرآن وہاں ٹھہر جاتے ہیں وہ بعد میں قبر کے قریب کھڑے ہوکر اذان دیتے ہیں اور قرآن شریف کی سورۂ یٰسٓ پڑھتے ہیں پھر چلے جاتے ہیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱..... مطبوعہ پرچہ میں جو دعاء ثانی ہے اس کا تو شامی (ردالمحتار) میں وجود ہی نہیں ہے یہ تو بالکل غلط ہے اور جھوٹ ہے البتہ لا إله إلا الله والله اكبر الخ (۱) موجود ہے لیکن اول تو اس میں یہ نہیں کہ اس کو حضور پر نور صلی اللہ علیہ سلم نے فرمایا ہے لہذا یہ نسبت کرنا پہلے جھوٹ سے بڑھ کر جھوٹ ہے اس لئے کہ اس میں شامی پر جھوٹ ہے اور حکیم ترمذی پر جھوٹ ہے اور سب سے بڑھ کر حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس پر جھوٹ ہے، شامی نے اس کو ابن حجر مکی سے نقل کیا ہے حکیم ترمذی کی نوادرالاصول سے نقل نہیں کیا، ابن حجر مکی نے یہ نہیں لکھا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے، دوسرے اس میں یہ نہیں ہے کہ پرچہ پر لکھ کر میت کے سینہ پر کفن کے نیچے رکھدے لہذا یہ بھی جھوٹ ہے بلکہ اس میں کفن پر لکھنے کیلئے کہا ہے، تیسری بات یہ ہے کہ ابن حجر مکیؒ شافعی ہیں حنفی نہیں ہیں ان کا قول حنفیہ کیلئے حجت نہیں، چوتھی بات یہ ہے کہ شامی نے اسی صفحہ میں ابن صلاح سے نقل کیا ہے کہ کفن پر لکھنا جائز نہیں ابن صلاح بھی شافعی ہیں اور انکا درجہ شافعیہ میں ابن حجر مکی سے بہت بلند ہے، پانچویں بات یہ ہے کہ علامہ شامیؒ نے ان سب کو نقل کر کے رد کر دیا ہے اور وجہ بیان کی ہے کہ اس سے اللہ پاک کے نام کی اہانت ہوتی ہے کیوں کہ جب میت کا بدن گلتا سڑتا ہے اور اس سے نجاست برآمد ہوتی ہے تو اللہ کے نام کو بھی وہ لگے گی تو اس کو نجس کرنا ہرگز جائز نہیں، جب تک کوئی حدیث ثابت نہ ہو اس کو منع ہی کیا جائے گا، جس چیز کو شامی نے لکھ کر مردود قرار دیا ہو اسکی ترغیب شامی کی طرف منسوب کرنا خیانت ہے:

"قد أفتى ابن الصلاح بأنه لايجوز أن يكتب على الكفن يٰسٓ والكهف ونحوهما خوفامن صديد الميت ..... فالأسماء المعظمة باقية على حالها، فلايجوز تعريضهاللنجاسة، والقول بأنه يطلب فعله مر دود؛ لأن مثل ذلك لايحتج به إلا إذاصح عن النبى صلى الله عليه وسلم طلب ذلك، وليس كذلك. وقدّمناقبيل باب المياه عن الفتح أنه تكر ه كتابة القرآن وأسماء الله تعالىٰ على الدراهم والمحاريب والجدران ومايفرش، وماذك

(۱) (الدر المختار مع رد المحتار، باب صلاة الجنازه، مطلب فيمايكتب على كفن الميت، ۲/۲۴۶، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

إلالاحترام وخشية وطئه ونحوه ممافيه إهانة، فالمنع هنابالأولى يثبت عن المجتهد أوينقل فيه حديث ثابت". رد المحتار: ۱/۶۰۷(۱)۔

۲.....میت کودفن کرنے کے بعد ایک شخص سورۂ بقرہ کااول سرہانے اور دوسراشخص سورۂ بقرۃ کاآخرپیروں کی طرف پڑھے یہ تو حدیث شریف سے ثابت ہے(۲) باقی قبر پراذان دینا ثابت نہیں بدعت ہے، ردالمحتارا/ ۲۵۸، باب الأذان میں لکھ کراس کورد کیا ہے(۳)۔فقط واللہ سبحانہ تعالی۔

حررہ العبدمحمودغفرلہ، دارالعلوم دیوبند،۱۴/۱/۹۰ھ۔

الجواب صحیح، بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند،۱۵/۱/۹۰ھ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱) (رد المحتار، باب الجنائز، مطلب حدبث فيمايكتب على كفن الميت، ۲/۲۴۶، ۲۴۷، سعيد)

"الاستفسار :"قد تعارف فى بلادنا أنهم يلقون على قبر الصلحاء مكتوبافيه سورة الإخلاص".

الاستبشار : "هـواستهـانة بـالـقـران؛ لأن هـذاالثوب إنمايلقى تعظيماً للميت، ويصير هذاالثوب مستعملاً مبتذلاً، وابتدال كتاب الله من أسباب عذاب الله". (مجموعة رسائل اللكهنوى، رسالة نفع المفتى والسائل، مايتعلق بتعظيم اسم الله واسم حبيب الله صلى الله تعالى عليه وسلم الخ:۴/۱۵۹، ادارة القران)

(۲) "وعـن عبـدالله بن عمرؓ قال: سمعت النبى صلى الله عليه وسلم يقول: "إذامات أحدكم فلاتحبسوه وأسر عوابه إلى قبره، وليقرأ عند رأسـه فاتحة البقرة، وعند رجليه بخاتمة البقرة". (مشكوٰة المصابيح، كتاب الجنائز، باب دفن الميت، الفصل الثالث، (رقم الحديث : ۱۷۱۷): ۱/۱۴۹، قديمى)

"وكان ابن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما يستحب أن يقرأ على القبر بعد الدفن أول سورة البقرة وخاتمتها". (ردالمحتار، باب الجنائز، مطلب فى دفن الميت، ۲/۲۳۷، سعيد)

(۳) "(لا) يسـن(لـغير ها)كعيد(الـدرالمختار). "قـولـه كـعيد ووتر وجنازة وكسوف واستسقا ء الخ". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، الباب الثانى فى الأذان، ۱/۳۸۵،سعيد)

"وليـس لـغير الصلواة الخمس ..... وصلاة الـجـنائز، الخ". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الثانى فى الأذان: ۱/۵۳، رشيديه)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الأذان: ۱/۴۵، رشيديه)

الفصل الثالث فی الصلوة علی المیت

(جنازہ کی نماز کا بیان)

صلوۃ جنازہ کی مشروعیت کب سے ہے؟

سوال[۴۰۲۶]: صلوہ جنازہ کی ابتداء اسلام سے قبل سے ہوئی؟

الجواب حامداًومصلیاً:

"قیل: هی (أی صلوة الجنازة) من خصائص هذه الأمة كالوصية بالثلث، ورد بما أخرجه الحاكم، و صححه عنه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أنه قال: "كان ادم رجلاً أشقر طوالاً كأنه نخلة سحوق، فلما حضره الموت نزلت الملائكة بحنوطه و كفنه من الجنة، فلمامات -عليه السلام- غسلوه بالماء والسدر ثلثاً، و جعلوه فی الثالثة كافوراً، و كفنوه فی وتر من الثياب، وحفروا له لحداً، وصلو عليه، و قالوا لولده: هذا سنةٌ لمن بعده". فإن صح ما يدل على الخصوصية تعين حمله على أنه بالنسبة بمجرد التكبيروالكيفية. قال الواقدی: لم تكن شرعت (أی صلوة الجنازة) يوم موت خديجة و موتها بعد النبوة بعشر سنين على الأصح". طحطاوی على مراقی الفلاح، ص: ۳۳۸(۱)۔

---

(۱) (حاشية الطحطاوی على مراقی الفلاح، أحكام الجنائز، فصل: الصلاة عليه، ص: ۵۸۰، قديمی)

"فی الأنوار الساطعة: شرعت صلوة الجنازة بالمدينة المنورة فی السنة الأولى من الهجرة، فمن مات بمكة المشرفة لم يصل عليه. وفی الإقناع: هی من خصائص هذه الأمة كما قال الفاكهانی المالكی فی شرح الرسالة. قال البجيرمی فی هامشه: و شرعت بالمدينة لا بمكة فی السنة الأولى من الهجرة. و ذكر الفاكهانی فی شرح الرسالة: أن صلوة الجنازة من خصائص هذه الأمة، لكن ذَكرَ ما يخالفه فی الشرح المذكور: "وروی أن آدم عليه السلام لما توفی، أتیَ له بحنوط و كفن من الجنة،=

Made Searchable using ScribeTools.com

اس سے معلوم ہوا کہ جنازہ کی مشروعیت کے متعلق دو قول ہیں: ایک یہ کہ یہ اسی امت کی خصوصیت ہے اور حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وفات کے بعد مشروع ہوئی ہے، دوسرا یہ کہ حضرت آدم علیہ السلام پر ملائکہ نے صلوۃ جنازہ پڑھی ہے اور بعد والوں کیلئے بھی اس کو مقرر کیا ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، معین مفتی مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف عفا اللہ عنہ، مظاہر علوم سہارنپور، ۱۸/ ذیقعدہ/۵۴ھ۔

نمازِ جنازہ حاضرین پر فرض کفایہ ہے یا فرض عین؟

سوال[۴۰۲۷]: صلوۃ جنازہ فرض کفایہ ہے، اگر کوئی حاضر ہو جائے تو اس کے اوپر بھی فرض کفایہ ہے یا نہیں؟ ایک عالم صاحب فرماتے ہیں اس پر بھی فرضِ عین ہو جاتا ہے۔ یہ صحیح ہے یا نہیں؟ اور حاشیہ شرح وقایہ میں مولانا عبدالحئی صاحبؒ نے فرض کفایہ لکھا ہے، ان کے حق میں بھی، کتاب کا حوالہ نہیں دیا(۱)، اگر دیگر کتب سے یہ مسئلہ معلوم ہو تو ارسال فرمایئے معہ حوالہ کے۔

الجواب حامداومصليا:

"وهى فرض كفاية: أى الصلوة عليه، لقوله عليه الصلاة والسلام: "صلوا على صاحبكم". والأمر للوجوب. ولو كانت فرض عينٍ، يصلى عليه النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، ولأن المقصود يحصل بإقامة البعض، فتكون فرض كفاية. و كذا تكفينه فرض على

= ونزلت الملائكة فغسلته و كفنته فى وتر من الثياب و حنطوه، و تقدم ملك منهم، فصلى عليه". إلى اخر مابسط من الكلام على ذلك. (لامع الدرارى على جامع البخارى، كتاب الجنائز، متى شرعت صلاة الجنازة: ۳۰۸/۳، المكتبة الإمدادية مكة المكرمة)

(وكذا فى أوجز المسالك، كتاب الجنائز: ۱۹۱/۴، إداره تاليفات اشرفيه، ملتان)

(۱) "هذا هو حكم فرض الكفاية، فإنه يكون فرضاً على كل واحد واحد، لكن بحيث إن أدّى بعض منهم، سقط عن الباقين. وإن لم يؤد واحدٌ منهم، يأثم الجميع بترك الفرض. وإن أدى الكل وجدوا ثواب الفرض، و تحقيقه فى كتب الأصول". (عمدة الرعاية على هامش شرح الوقاية، كتاب الصلاة، باب الجنائز، (رقم الحاشية: ۱۶): ۲۰۶/۱، سعيد)

الكفاية، و لهذا يقدّم على الدين الواجب عليه، و يجب على من تجب عليه نفقته. و كذا غسله ودفنه فرض على الكفاية، اهـ". زيلعى: ۱/۲۳۸(۱)۔

"وإذا أرادوا أن يصلوا على جنازة بعد غروب الشمس بدأوا بالمغرب؛ لأنها أقوى، فإنها فرض عين على كل واحد. والصلوة على الجنازة فرض على الكفاية، والبدأة بالأقوى أولى؛ لأن تأخير صلوة المغرب بعد غروب الشمس مكروه، وتأخير الصلوة على الجنازة غير مكروه ..... وإذا صلوا على جنازة و الإمام غير طاهر، فعليهم إعادة الصلوة؛ لأن صلوة الإمام فاسدة لعدم الطهارة، فتفسد صلوة القوم بفسادصلوته. وإن كان الإمام طاهراً والقوم على غير طهارة، لم يكن عليهم إعادتها؛ لأن صلوة الإمام قد صحت، وحق الميت به تأدى، فالجماعة ليست بشرط فى الصلوة على الجناز، اهـ". مبسوط:۲/۶۸ (۲)۔

"والصلوة على الجنازة فرض على الكفاية، تسقط بأداء الواحد إذا كان هو الولى، و ليس للقوم أن يعيدوا بعد ذلك. ولو أن جنازةً تشاجر فيها قومٌ أيّهم يصلى عليه، فوثب رجل غريب، فصلى عليها و صلى معه بعض القوم، فصلوتهم تامة، وإن أحب الأولياء أعادوا الصلوة؛ لأن حق الصلوة على الجنازة للأولياء، فلا يكون لغيرهم أن يبطل حقهم. ..... فإن كان حين افتتح الرجل الغريب صلوة الجنازة اقتدى به بعض الأولياء، فليس لمن بقى منهم حق الإعادة؛ لأن الذى اقتدى به رضى بإمامته فكأنه قدمه. و لكل واحد من الأولياء حق الصلوة على الجنازة كأنه ليس معه غيره؛ لأن ولايته متكاملة، فإذا سقط بأداء أحدهم لم يكن للباقين حق الإعادة". مبسوط :۲/۱۴۶(۳)۔

---

(۱) (تبيين الحقائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته : ۱/۵۷۱، دارالكتب العلمية بيروت)

(۲) (كتاب المبسوط للسرخسى، باب غسل الميت : ۲/۱۰۹، ۱۱۰، مكتبه غفاريه كوئٹه)

(۳) (كتاب المبسوط للسرخسى، كتاب الصلاة، باب الصلاة على الجنازة : ۲/۱۷۹، مكتبه غفاريه كوئٹه)

Made searchable using ScribeTools.com

"الصلوة عليه ككفنه و دفنه و تجهيزه فرض كفاية مع عدم انفراد بالخطاب بها و لو امرأةً". وفي الطحطاوي:"فلو انفرد واحد بأن لم يحضره إلا هو، تعيّن عليه تكفينه و دفنه، كما في الضياء والشمني والبرهان، اهـ". طحطاوي،ص: ۳۳۸ (۱)۔

صلوۃ جنازہ کا جمیع حاضرین پر فرض کفایہ ہونا عباراتِ مذکورہ سے بالکل صاف طور پر ظاہر ہے، اگر کوئی شخص حاضر نہ ہو صرف ایک آدمی ہو، اس پر البتہ فرض عین ہے جیسا کہ عام فرض کفایہ کا حکم ہوتا ہے۔ جو عالم جمیع حاضرین پر فرض عین کہتے ہیں، فرضیت کی دلیل ان ہی سے دریافت کی جائے۔ کتب معتبرہ، متون، شروح، فتاویٰ میں کہیں فرض عین ہونا جمیع حاضرین پر مذکور نہیں، شرح وقایہ کے حاشیہ میں فرض عین ہونے کی تردید کی ہے جو کہ ناکافی ہے۔ اور کیا سائل نے ان عالم سے دریافت کر کے فرضِ عین ہونے کا کوئی حوالہ کسی معتبر کتاب سے دیا ہے؟ جزئیاتِ فقہیہ جو عباراتِ منقولہ میں درج ہیں نیز معتبر اور مفتی بہ ہیں، فرض عین ہونے کے قطعاً منافی ہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، ۲۱/ جمادی الأولی/ ۵۸ھ۔

نماز جنازہ کی نیت

سوال[۴۰۲۸]: نماز جنازہ کی نیت کے الفاظ کیا ہیں؟ بیان فرمائیں؟

---

(۱) (حاشية الطحطاوی على مراقی الفلاح، كتاب الصلاة، باب أحكام الجنائز، فصل فی الصلاة عليه، ص: ۵۸۰، ۵۸۱، قديمی)

"عن عمران بن حصين رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم: "إن أخاكم قد مات، فقوموا فصلوا عليه". (سنن النسائی، كتاب الجنائز، باب الأمر بالصلاة على الميت: ۱/۲۷۵، قديمی)

"(والصلاة عليه) صفتها (فرض كفاية) بالإجماع". (الدر المختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۰۷، سعيد)

"والإجماع منعقد على فرضيتها أيضاً إلا أنها فرض كفاية إذا قام به البعض، يسقط عن الباقين؛ لأن ماهو الفرض و هو قضاء حق الميت يحصل بالبعض، ولا يمكن إيجابها على كل واحد من آحاد الناس". (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، فصل: والكلام فی صلاة الجنازة: ۲/۳۶، رشيديه)

الجواب حامداًومصلیاً:

نیت دل سے ہوتی ہے(۱) کہ نماز اللہ کیلئے ہے اور دعاء میت کے لئے (۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۶/۳/۹۴ھ۔

ایضاً

سوال[۴۰۲۹]: امام اگر نماز جنازہ پڑھاوے اس صورت میں مقتدی کی نیت کرے یا نہیں، نیت کیلئے زبان سے پڑھنا ضروری ہے یا نہیں، نیت کس طرح کرے؟ اگر کسی کو معلوم نہیں کہ جنازہ مرد کا ہے یا عورت کا ازدحام کی وجہ سے اور ازدحام کی وجہ سے اَور بھی اکثر مقتدیوں کو معلوم نہیں اس لئے پوچھ بھی نہیں سکتا، تو نیت کس طرح کرے؟

محمد بشیر رنگونی۔

---

(۱) "والمعتبر فيها عمل القلب اللازم للإرادة، وهو أن يعلم هدايته أيَّ صلوة يصلي، والتلفظ بها مستحب، هو المختار". (الدر المختار شرح تنوير الأبصار، كتاب الصلاة، باب شروط الصلوة : ۴۱۵/۱، سعيد)

"النية إرادة الدخول في الصلاة، والشرط أن يعلم بقلبه أيَّ صلاة يصلي، وأدناهاما لوسُئل، لأمكنه أن يجيب على البديهة، وإن لم يقدر على أن يجيب إلابتأمل، لم تجز صلاته. ولا عبرة للذكر باللسان، فإن فعله لتجتمع عزيمة قلبه، فهو حَسنٌ". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الفصل الرابع في النية : ۶۵/۱، رشيديه)

" أماالأول فالنية هي الإرادة، فنية الصلاة هي إرادة الصلاة لله تعالىٰ على الخلوص، والإرادة عمل القلب". (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، البحث في النية : ۳۳۰/۱، رشيديه)

(۲)" ويصلي الجنازة، ينوي الصلوة لله تعالىٰ والدعاء للميت؛ لأنه الواجب عليه، فيقول: أصلي لله داعياً للميت". (الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب شروط الصلاة : ۴۲۳/۱، سعيد)

" وفي صلاة الجنازة ينوي الصلاة لله تعالىٰ، والدعاء للميت، الخ ". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الفصل الرابع في النية : ۶۶/۱، رشيديه)

(وكذا في الحلبي الكبير، كتاب الصلاة، الشرط السادس النية، ص: ۲۴۹، سهيل اكيڈمی، لاهور)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

امام کومقتدی کی نیت کرنا ضروری نہیں(۱)،منہ اس نیت کوزبان سے کہنا ضروری بلکہ نیت میں عزم قلب کااعتبار ہےاورزبان سے کہنامستحب ہے:

"والمعتبر فيها عمل القلب اللا زم للارادة، وهو أن يعلم هدايته أىّ صلوة يصلى، والتلفظ بها مستحب، هو المختار". تنوير، ص: ٤٣١(٢)۔

اورنماز جنازہ کاطریقہ یہ ہے:"ويصلى الجنازة ينوى الصلوة لله و الدعاء للميت؛ لأنه الواجب عليه، فيقول: أصلى داعياً للميت". درمختار، ص:٤٢٩(٣)۔

جنازہ کے مشتبہ ہونے کی صورت میں یہ نیت کرے کہ جس میت پرامام نماز پڑھتاہے، میں بھی امام

---

(۱) "أما كيفية النية فالمصلى لا يخلو إما أن يكون منفرداً وإما أن يكون إماماً ..... وإن كان إماماً، فكذلك الجواب؛ لأنه منفرد فينوى ما ينوى المنفرد. وهل يحتاج إلى نية الإمامة؟ أما نية إمامة الرجال فلا يحتاج إليها، ويصح اقتدائهم به بدون نية إما متهم الخ". (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، البحث فى النية : ۱/۳۳۰، رشيديه)

"(والإمام ينوى صلاته فقط) و (لا) يشترط لصحة الاقتداء نية (إمامة المقتدى) الخ".

(الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة : ۱/۴۲۴، سعيد)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الفصل الرابع فى النية : ۱/۶۶، رشيديه)

(۲) (الدر المختار شرح تنوير الأبصار، كتاب الصلاة، باب شروط الصلوة : ۱/۴۱۵، سعيد)

"النية إرادة الدخول فى الصلاة، والشرط أن يعلم بقلبه أىّ صلاة يصلى، وأدناهاما لوسئل، لأمكنه أن يجيب على البديهة، وإن لم يقدر على أن يجيب إلا بتأمل، لم تجز صلاته. و لا عبرة للذكر باللسان، فإن فعله لتجتمع عزيمة قلبه، فهو حسن". (الفتاوى العالمكيرية ، كتاب الصلاة، الفصل الرابع فى النية : ۱/۶۵، رشيديه)

"أماالأول فالنية هى الإرادة، فنية الصلاة هى إرادة الصلاة لله تعالىٰ على الخلوص، والإرادة عمل القلب". (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، البحث فى النية : ۱/۳۳۰، رشيديه)

(۳) (الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب شروط الصلاة : ۱/۴۲۳، سعيد)

Made Searchable by ScribeTools.com

کے ساتھ اسی میت پر پڑھتا ہوں: "وإن اشتبه عليه الميت ذكر أم انثى يقول: نويت أصلى مع الإمام على من يصلى الإمام". درمختار(۱)۔ اگر تعین نہ کی بلکہ مطلقاً صلوۃ جنازہ کی نیت کی تب بھی درست ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، ۵/صفر/۵۳۔

الجواب صحیح: عبد اللطیف عفا اللہ عنہ۔

کیا نماز جنازہ صرف تکبیرات سے ادا ہو جاتی ہے؟

سوال[۴۰۳۰]: اگر کسی کو نماز جنازہ نہ آتی ہو وہ صرف تکبیر پڑھ سکتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

صرف چار تکبیرات کہنے سے نماز جنازہ ادا ہو جاتی ہے، جو شخص تکبیر کہنا جانتا ہو اس کا نماز جنازہ پڑھنا درست ہے، دعاء کا پڑھنا مسنون ہے، کذافی مراقی الفلاح، ص: ۳۲۰)(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

---

(۱) (الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب شروط الصلاة: ۱/۴۲۳، سعيد)

"و فى صلاة الجنازة ينوى الصلا ة لله تعالىٰ والدعاء للميت، الخ". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الفصل الرابع فى النية: ۱/۶۶، رشيديه)

(وكذا فى الحلبى الكبير، كتاب الصلاة، الشرط السادس النية، ص: ۲۴۹، سهيل اكيڈمى، لاهور)

(۲) "(وأركانها التكبيرات والقيام) ..... و سننها أربع ..... والرابع من السنن (الدعاء للميت)". حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلاة، باب أحكام الجنائز، فصل فى الصلاة عليه، ص: ۵۸۰، ۵۸۱، ۵۸۵، قديمى)

"ومن لا يحسن الدعاء ..... وهو لا يقضى ركنية الدعاء؛ لأن نفس التكبيرات رحمة للميت وإن لم يدع له". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته: ۲/۳۲۱، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادى والعشرون فى الجنائز، الفصل الخامس فى الصلاة على الميت: ۱/۱۶۴، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

نماز جنازہ میں صرف تین تکبیر کہنا

سوال[۴۰۳۱]: ایک شخص نے نماز جنازہ پڑھائی، چار مرتبہ "اللہ أکبر" کہنے کی بجائے تین مرتبہ "اللہ أکبر" کہا اور چوتھی مرتبہ "حی علی الصلوۃ" کہا گیا، نماز جنازہ ہوگئی یا نہیں؟ میت کو دفن کرنے کے بعد کب تک نماز جنازہ پڑھی جاسکتی ہے، اگر پہلے نماز غلط ہوجائے تو بعد میں قبر پر نماز پڑھی جاسکتی ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

چار دفعہ "اللہ أکبـــــر" کہنا نماز جنازہ میں فرض ہے اور سلام واجب ہے(۱) جب کہ تین دفعہ "اللہ أکبر" کہا گیا اور چوتھی دفعہ "حی علی الصلوۃ" کہا گیا تو فریضہ ادا نہیں ہوا۔ قبر پر چار مرتبہ "اللہ أکبر" کہہ کر نماز جنازہ پڑھی جائے جب تک اس میں میت سلامت ہو، جس کی مدت عادتاً تین دن ہے، اس کے بعد نماز قبر پر نہ پڑھی جائے(۲)۔ اگر چار مرتبہ "اللہ أکبر" کہہ کر "حی علی الصلوۃ" کہا گیا اور سلام نہیں کہا گیا تو واجب

---

(۱) "(ورکنها) شیئان (التکبیرات) الأربع، ..... (والقیام) الخ". (الدر المختار، کتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة: ۲/۲۰۹، سعید)

"ورکنها القیام ..... والتکبیرات، الخ". (الحلبی الکبیر، کتاب الصلاة، فصل فی صلاة الجنازة، الرابع الصلاة علی المیت، ص: ۵۸۴، سهیل اکیڈمی، لاهور)

(وکذا فی حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، کتاب الصلاة، باب أحکام الجنائز، فصل فی الصلاة علیه، ص: ۵۸۰، ۵۸۱، ۵۸۵، قدیمی)

(۲) "عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه أن امرأةً سوداء أو رجلاً کان یقمّ المسجد، ففقده النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، فسأل عنه، فقیل: مات، فقال: "ألا آذنتمونی به"؟ قال: "دلّونی علی قبره". فدلوه، فصلی علیه". (سنن أبی داؤد، کتاب الجنائز، باب الصلاة علی القبر: ۲/۱۰۱، امدادیه)

"وإن دفن بغیر صلاة، صلی علی قبره ما لم یغلب علی الظن تفسخه". (الدر المختار، کتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۲۴، سعید)

"فإن دفن بلا صلوة، صلی علی قبره ما لم یتفسخ؛ لأن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم صلی علی قبر امرأة من الأنصار". (البحر الرائق، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته: ۲/۳۱۹، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاوی العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل الخامس فی الصلاة علی المیت: ۱/۱۶۵، رشیدیه)

ترک ہوا، فرض ادا ہوگیا(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

تکبیراتِ جنازہ میں کمی وزیادتی

سوال[۴۰۳۲]: جنازہ کی نماز میں تین ہی تکبیر پر یا پانچ تکبیر پر سلام پھیرا جائے تو نماز ہوجائے گی یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

تین تکبیر پر نماز ختم کرنے سے نماز فاسد ہوجائے گی، پانچ پر ختم کرنے سے نماز فاسد نہیں ہوگی، طحطاوی، ص: ۳۲۲(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

---

(۱) قال العلامة الحصكفي: "(وركنها) شيئان: (التكبيرات) الأربع ..... (والقيام)". (الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب صلوة الجنائز: ۲/۲۰۹، سعيد)

"(ويسلم) وجوباً (بعد) التكبيرة (الرابعة من غير دعاء) بعدها". (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، باب أحكام الجنائز، فصل الصلوة عليه، ص: ۵۸۶، قديمى)

"ثم يكبر الرابعة ويسلم تسليمتين؛ لأنه جاء أو ان التحلل وذالک بالسلام". (محيط البرهانى، كتاب الصلوة، الفصل الثانى والثلاثون فى الجنائز: ۲/۳۰۹، غفاريه)

(۲)"(و لو كبر الإمام خمساً لم يتبع)؛ لأنه منسوخ (ولكن ينتظر سلامه فى المختار) يسلم معه فى الأصح، و فى رواية: يسلم المأموم كما كبر إمامه الزائدة، ولو سلم الإمام بعد الثلاثة ناسياً، كبر الرابعة ويسلم". (مراقى الفلاح).

قال العلامة الطحطاوى: "لأن الإمام إذا اقتصر على ثلاثة، فسدت فيما يظهر". (حاشية الطحطاوى، كتاب الصلاة، باب احكام الجنائز، فصل الصلاة عليه: ۵۸۷، قديمى)

"ولو كبر إمامه خمساً، لم يتبع؛ لأنه منسوخ، فيمكث المؤتم حتى يسلم معه إذا سلم، به يفتى". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۱۴، سعيد)

(وكذا فى بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، فصل كيفية الصلاة على الجنازة: ۲/۵۱، ۵۲، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

تیسری تکبیر پر سلام پھیرنے کا حکم

سوال[۴۰۳۳]: ایک شخص نے صلوۃ جنازہ کے اندر چوتھی تکبیر کو بھولے سے نہیں کہی اور ایک طرف سلام پھیر دیا تب یاد آیا، اب اس کو کیا کرنا چاہیے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اب چوتھی کہہ لے اور پھر سلام پھیر دے: ''إذا سلم علىٰ ظن أنه أتم التكبير، ثم علم أنه لم يتم، فإنه يبنى؛ لأنه سلم فى محله و هو القيام، فيكون معذوراً''. بحر: ۱/۱۸٤)(۱)۔''ولو سلم الإمام بعد الثلاثة ناسياً، كبر الرابعة ويسلم، الخ''. مراقى الفلاح، ص: ۳٤۲(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۸/ ۷/ ۵۶ھ۔

صحیح: عبداللطیف، الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ

چوتھی تکبیر کے بعد مقتدی نے سلام پھیر دیا

سوال[۴۰۳۴]: مقتدی نمازِ جنازہ میں چار تکبیر کے بعد امام کا انتظار کریں یا سلام پھیر دیں، یا امام کے سلام پھیرنے کے بعد ہی سلام پھیریں، خواہ امام پانچویں تکبیر کہہ دے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر امام پانچویں تکبیر کہے تب بھی مقتدیوں کو سلام کا انتظار کرنا چاہیے، بغیر پانچویں تکبیر کہے امام کے ساتھ سلام پھیرے، اگر امام سے پہلے سلام پھیر دیا تب بھی نماز ادا ہوگئی (۳)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۴/ ۳/ ۸۸ھ۔

---

(۱) (البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته: ۲/ ۳۲۲، رشيديه)

(۲) (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل: الصلاة عليه، ص: ۵۸۷، قديمى)

(۳) ''و لو كبّر إمامه خمساً، لم يتبع؛ لأنه منسوخ، فيمكث المؤتم حتى يسلم معه إذا سلم، به يفتى''. (الدرالمختار). ''(قوله: به يفتى) ..... و روى عن الإمام أنه يسلم للحال و لا ينتظر تحقيقاً =

نماز جنازہ میں چوتھی تکبیر کے بعد کیا پڑھے؟

سوال[۴۰۳۵]: نماز جنازہ میں چار تکبیریں ہیں۔اب سوال یہ ہے کہ آخری تکبیر میں تکبیر کے بعد فوراً سلام ہے،اس میں کیا حکمت ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

ظاہر روایت تو یہی ہے کہ چوتھی تکبیر کے بعد سلام پھیر دیا جائے درمیان میں کچھ نہ پڑھا جائے،لیکن دوسری روایات میں بعض دعائیں پڑھنا بھی منقول ہے، چنانچہ بحر:۲/۱۸۳، میں ہے:

"وأشار بقوله: (وتسليمتين بعد الرابعة) إلى أنه لاشئی بعد ها غيرهما، وهو ظاهر المذهب، وقيل: يقول: اللهم! آتنا فی الدنيا الخ، وقيل: ربنا! لاتزغ قلوبنا الخ. وقيل: يخير بين السكوت والدعاء"(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

نماز جنازہ میں پانچویں تکبیر

سوال[۴۰۳۶]: نماز جنازہ میں سہواً بجائے چار تکبیر کے پانچ تکبیر پر سلام پھیرا تو نماز جنازہ ادا ہوگئی یا نہیں؟

= للمخالفة". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۲۱۴، سعيد)

"فلوكبر الإمام خمساً، لم يتبع؛ لأنه منسوخ، ولا متابعة، و لم يبيّن ماذا يصنع، وعن أبی حنيفة رحمه الله تعالىٰ روايتان: فی روايةٍ: يسلّم للحال و لا ينتظر تحقيقاً للمخالفة. و فی رواية: يمكث حتى يسلم معه إذا سلم، ليكون متابعاً فيما تجب فيه المتابعة، وبه يفتی". (البحرالرائق، كتاب الصلوة، باب الجنائز فصل السلطان أحق بصلاته : ۲/۳۲۳، رشيديه)

(وكذا فی بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، فصل: كيفية الصلاة علی الجنازة : ۲/۵۱، ۵۲، رشيديه)

(۱) (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۳۲۱، رشيديه)

"وليس فی ظاهر المذهب بعد التكبيرة الرابعة دعاءٌ سوى السلام، و قد اختار بعض مشايخنا ما يختم به سائر الصلوات: اللهم ربنا آتنا فی الدنيا حسنة الخ". (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل: كيفية الصلاة على الجنازة : ۲/۵۱، رشيديه)

(وكذا فی حاشية الطحطاوی، كتاب الصلاة، باب أحكام الجنائز، فصل: الصلاة عليه : ۵۸۶، قديمی)

Made Searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

نماز ہوگئی (۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

نماز جنازہ کی چوتھی تکبیر کے بعد ہاتھ باندھے یا چھوڑ دے؟

سوال[۴۰۳۷]: ایک کتاب جس کا نام خلاصۃ الفتاویٰ ہے،اس کی جلدنمبر:۱،صفحہ نمبر:۲۲۵، میں مذکور ہے(مطبوعہ نولشکورلکھنو) عبارت یہ ہے:

"ولا يعقد بعد التكبير الرابع؛ لأنه لا يبقى ذكر مسنون حتى، يعقد فالصحيح أنه يحل اليدين، ثم يسلم تسليمتن، هكذا فى الذخيرة"(۲)۔

"وهو سنة قيام له قرار، فيه ذكر مسنون، فيضع حالة الثناء، وفى القنوت و تكبيرات الجنازة". درمختار(۳)۔

ان دونوں عبارتوں کی تشریح فرمائیں اوران عبارات کی روشنی میں اس کا حکم بھی بیان فرمائیں۔

الجواب حامداًومصلیاً:

چوتھی تکبیر کے بعد ہاتھ نہ باندھے، کیونکہ کوئی ذکرمسنون باقی نہیں رہا جس کے لئے ہاتھ باندھے جائیں،پس صحیح یہ ہے کہ دونوں ہاتھ کھول دے پھر دونوں سلام پھیرے،ایسا ہی ذخیرہ میں ہے(۴)۔

---

(۱) "و لو كبر إمامه خمساً، لم يتبع؛ لأنه منسوخ، فيمكث المؤتم حتى يسلم معه إذا سلم، به يفتى". (الدرالمختار). "(قوله: و به يفتى) ..... و روى عن الإمام أنه يسلم للحال، ولا ينتظر تحقيقاً للمخالفة". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۲۱۴، سعيد)

"فلو كبر الإمام خمساً، لم يتبع؛ لأنه منسوخ و لا متابعة، ولم يبيّن ماذا يصنع، وعن أبى حنيفة رحمه الله تعالىٰ روايتان: فى روايةٍ: يسلم للحال، و لا ينتظر تحقيقاً للمخالفة. و فى روايةٍ: يمكث حتى يسلم، معه إذا سلم ليكون متابعاً فيما تجب فيه المتابعة، وبه يفتى". (البحرالرائق، كتاب الصلوة، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته : ۲/۳۲۳، رشيديه)

(وكذا فى بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، فصل: كيفية الصلاة على الجنازة : ۲/۵۱، ۵۲، رشيديه)

(۲) (خلاصة الفتاوى، كتاب الصلاة، الفصل الخامس والعشرون فى الجنائز، نوع منه: إذا جتمعت الجنائز: ۱/۲۲۵، رشيديه)

(۳) (الدر المختار، كتاب الصلاة، فصل: إذا أراد الشروع : ۱/۴۸۷، ۴۸۸، سعيد)

(۴) (خلاصة الفتاوىٰ، المصدر السابق)

اوروہ ہاتھ باندھے ایسے قیام کی سنت ہے جس کو قرار ہو (کچھ طویل ہو) اس میں ذکر مسنون ہو، پس ثنا اور قنوت اور تکبیرات جنازہ میں ہاتھ باندھے رہے کھے، درمختار (۱)۔

عبارت نمبر: ۱ کے متعلق خلاصۃ الفتاویٰ کے حاشیہ پر لکھا ہوا ہے کہ یہ قلمی نسخہ میں موجود نہیں (۲)، عبارت نمبر: ۲ کے متعلق یہ بات قابلِ غور ہے کہ چوتھی تکبیر کے بعد بھی ذکر مسنون ہے اور وہ سلام ہے، پس تکبیرِ رابع کے بعد وضعِ یدین ممنوع کہنا اور ارسالِ یدین کو کو حتمی طور پر لازم کہنا صحیح نہیں۔ فتاویٰ سعدیہ سے معلوم ہوتا ہے کہ تینوں طرح عمل درست ہے: ایک یہ کہ تکبیرِ رابع کے بعد ارسال یدین کر کے سلام پھیرے۔ دوسرے یہ کہ داہنے طرف سلام پھیرتے وقت داہنا ہاتھ چھوڑ دے، بائیں طرف سلام پھیرتے وقت بایاں ہاتھ چھوڑ دے۔ تیسرے یہ کہ دونوں طرف سلام پھیر کر دونوں ہاتھ چھوڑ دے (۳)، یہ تیسری صورت عامۃً معمول بہا ہے، اکابر کو اسی طرح دیکھا ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱/ ۹۲/۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲/ ۹۲/۸ھ۔

نمازِ جنازہ میں تکبیر رابع کے بعد ہاتھ کب چھوڑے؟

سوال [۴۰۳۸]: صلوۃ جنازہ کے اندر تکبیرات کے ختم ہوجانے کے بعد ہاتھ کو کب چھوڑنا چاہیے، قبل السلام یا بعد السلام یا مع السلام؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

صلوۃ جنازہ میں تکبیر رابع کے بعد قبل السلام بھی ہاتھ چھوڑنا درست ہے، مع السلام بھی اور بعد السلام بھی، تینوں طرح گنجائش ہے (۴)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۱/۳/۹۲ھ۔

---

(۱) (راجع الدر المختار، كتاب الصلوة، فصل: إذا أراد الشروع: ۱/ ۴۸۷، ۴۸۸، سعيد)

(۲) لم أجده

(۳) لم أجد هذا الكتاب

(۴) (سيأتي تخريجه تحت المسئلة الآتية)

Made searchable using ScribeTools.com

نمازِ جنازہ میں ہاتھ کس وقت چھوڑے

سوال[۴۰۳۹]: زید کہتا ہے کہ جنازہ کی نماز ختم کر کے داہنی طرف سلام پھیر کر داہنا ہاتھ چھوڑ دے اور بائیں طرف سلام پھیر کر بایاں ہاتھ چھوڑ دے اور بکر کہتا ہے کہ دونوں طرف سلام پھیر کر ہاتھ چھوڑے۔ قولِ زید صحیح ہے یا قولِ بکر؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس میں تین قول ہیں: ایک یہ کہ چوتھی تکبیر پر دونوں ہاتھ چھوڑ دے، دوسرے یہ کہ دونوں طرف سلام پھیرنے کے بعد۔ تیسرے یہ کہ داہنی طرف سلام پھیر کر دایاں ہاتھ چھوڑ، دے بائیں طرف سلام پھیر کر بایاں ہاتھ چھوڑ دے۔ فتاویٰ سعیدیہ(۱)۔ فقط۔

---

(۱) مسئلہ مذکورہ میں شدید اختلاف ہے، حضرت مفتی صاحب، حضرت مفتی عزیز الرحمٰن صاحب اور حضرت مفتی عبدالرحیم لاجپوری صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے دونوں طرف سلام پھیرنے کے بعد ہاتھ چھوڑنے کو معمول بہا اور اکابر کا عمل کہا ہے، ان حضرات کے دلائل مندرجہ ذیل ہیں:

"وهو سنة قيام له قرار فيه ذكر مسنون فيضع حالة الثناء وفي القنوت وتكبيرات الجنازة".

(الدر المختار، كتاب الصلوة، فصل اذا اداء الشروع الخ: ۱/۴۸۷، ۴۸، سعيد)

چونکہ نمازِ جنازہ میں تیسری تکبیر کے بعد ذکر مسنون سلام ہے، لہٰذا ہاتھوں کو باندھے رکھنا چاہیے:

وفي الهداية: فيعتمد في حالة القنوت وصلوة الجنازة". (كتاب الصلاة، باب صفة الصلوة: ۱/۱۰۲، شركة علميه)

ظاہر یہی ہے کہ تمام نمازِ جنازہ میں ہاتھ باندھے رہے:

"ويسلم بلا دعاء بعد ترابعة تسليمتين". (الدر المختار، كتاب الصلوة، باب الجنائز: ۲/۲۱۲، سعيد)

پس سلام تک ہاتھ باندھے رہے۔

ان تمام دلائل کے علاوہ تمام اکابرین کا معمول بھی سلام تک ہاتھ باندھے رہنے کا ہے۔

مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: (فتاویٰ رحیمیه، كتاب الجنائز، صلوة الجنازة: ۷/۳۸، دار الاشاعت)

(وفتاویٰ دار العلوم ديوبند، كتاب الجنائز، فصل خامس، نماز جنازه، (سوال نمبر: ۲۸۷۳): ۵/۲۱۸، دار الاشاعت) ..... =

نماز جنازہ میں ہاتھ کب چھوڑے؟

سوال[۴۰۴۰]: نماز جنازہ میں سلام پھیرنے کے وقت ہاتھ باندھا ہوا رکھیں یا چھوڑ دیں، یا دائیں طرف سلام پھرانے کے وقت دونوں ہاتھ چھوڑ دے، یا صرف دائیں ہاتھ، یا بالکل نہ چھوڑ دیں بعد سلام کے دونوں ہاتھ چھوڑ دے؟ مدلل مع حوالہ کتب تحریر فرمائیں۔ فقط۔

بمعرفت محمد یونس سلہٹی، ۴/ رجب/ ۵۶ھ۔

الجواب حامداًومصلیاً:

"فیعتمد فی حالة القنوت و صلوة الجنازة، الخ". هداية: ۱/ ۸۶ (۱) اس سے معلوم ہوا کہ صلوۃ الجنازہ میں ہاتھ نہ چھوڑے بلکہ باندھے رہے اور ظاہر یہ ہے کہ تمام نماز جنازہ کا حکم یہی ہے یعنی جب تک

= حضرت مفتی رشید احمد صاحب اور حضرت مولانا عبدالحیٔ اللکنوی رحمہما اللہ تعالیٰ ارسال کو ترجیح دیتے ہیں۔ ان کے دلائل مندرجہ ذیل ہیں:

وفی الخلاصة: "ولا یعقد بعد التکبیر الرابع؛ لانه لایبقی ذکر مسنون حتی یعقد فالصحیح انه یحل الیدین ثم یسلم تسلیمتین". (کتا ب الصلوة، الفصل الخامس والعشرون فی الجنائز، نوع منه اذا اجتمعت الجنائز: ۱/ ۲۲۵، رشیدیه)

"ومن ههنا یخرج الجواب عما سئلت فی سنة وثمانین أیضاً من أنه هل یضع مصلی الجنازة بعد التکبیر الأخیر من تکبیراته ثم یسلم أم یرسل، ثم یسلم، وهو أنه لیس بعد التکبیرا الأخیر ذکر مسنون، فیسن فیه الإرسال". (سعایة، کتاب الصلوة، باب صفة الصلوة، بیان ارسال یدین ..... بعد التکبیر الاخیر من تکبیرات صلاة الجنازة: ۲/ ۱۵۹، سهیل اکیڈمی، لاهور)

ان کے علاوہ درمختار کے مذکورہ بالا قاعدہ کلیہ کو بھی دلیل میں پیش کرتے ہیں، لیکن حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ نے ان کے تمام دلائل کے جوابات دیئے ہیں جو (سوال بعنوان: نمازِ جنازہ کی چوتھی تکبیر کے بعد ہاتھ باندھے یا چھوڑ دے) مذکور ہے۔

مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: (أحسن الفتاویٰ، کتاب الصلوة، باب الجنائز: ۴/ ۲۳۹، سعید)

(۱) (الهدایة، کتاب الصلاة، باب صفة الصلاة: ۱/ ۱۰۲، مکتبه شرکة علمیه ملتان)

Made searchable using ScribeTools.com

نماز تمام کرے اس وقت تک یہی حکم ہے اور نماز جنازہ سلام سے تمام کی جاتی ہے (اگر چہ سلام فرض یا واجب نہیں)"و یسلم بلا دعاء بعد الرابعة تسلیمتین". درمختار: ۲/۹۱۲(۱) پس سلام تک باندھے رہے۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: عبداللطیف عفا اللہ عنہ، ۱۱/ رجب/ ۵۶ھ۔

نمازِ جنازہ میں سورۂ فاتحہ

سوال[۴۰۴۱]: کیا نماز جنازہ میں سورۂ فاتحہ پڑھنا ضروری ہے؟ اگر کوئی شخص نماز جنازہ میں سورۂ فاتحہ نہ پڑھے تو کیا اس کی نماز جنازہ صحیح نہیں ہوتی؟ ایک غیر مقلد کا کہنا ہے کہ جو لوگ نماز جنازہ میں سورۂ فاتحہ نہیں پڑھتے اس سے بہتر ہے کہ بغیر نمازِ جنازہ پڑھے ہی مُردے کو دفن کر دیں اور یہ بھی کہتا ہے کہ امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ پڑھنا ضروری ہے اگر نہیں پڑھیں گے تو نماز نہیں ہوگی۔صحیح کیا ہے؟ مفصل جواب تحریر فرمائیں۔

الجواب حامداومصلیا:

نمازِ جنازہ میں سورۂ فاتحہ پڑھنا واجب نہیں، ثناء اور دعاء کی نیت سے کوئی اس کو پڑھ لے تو ممنوع بھی نہیں، پس یہ کہنا کہ بغیر فاتحہ پڑھے نماز جنازہ ہوتی ہی نہیں غلط ہے، بلاشبہ نماز جنازہ ہو جاتی ہے، یہی حضرت عمر اور حضرت ابن عمر اور حضرت علی اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے مروی ہے، کذافی غنیة المستملی، ص: ۵۴۲(۲)۔ اور یہ کہنا اگر نماز جنازہ میں سورۂ فاتحہ نہ پڑھتا ہو تو بلا نماز پڑھے ہی دفن کر دو،

---

(۱) (الدر المختار، کتاب الصلاة، باب صفة الصلاة: ۲/۲۱۲، سعید)

(۲) "و لیس فیها قراءة القرآن عندنا، و هو قول عمر و ابنه و علی و أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنهم ..... و لو قرأ الفاتحة بنیة الثناء والدعاء، جاز". (الحلبی الکبیر، کتاب الصلاة، فصل فی الجنائز، الرابع فی الصلاة، ص: ۵۸۶، سهیل اکیڈمی لاهور)

"و لا قراءة، ولا تشهد فیها)، و عیّن الشافعی رحمه الله تعالیٰ الفاتحة فی الأولی، وعندنا تجوز بنیة الدعاء". (الدرالمختار، کتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۱۳، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۳۲۱، رشیدیه)

Made Searchable by ScribeTools.com

ایسی بات کوئی ذی علم نہیں کہہ سکتا، یہ تو جاہلانہ بات ہے۔ جنازہ کے علاوہ دوسری نمازوں میں امام اور منفرد کو سورۂ فاتحہ پڑھنا واجب ہے اگر بھول کر چوٹ جائے تو سجدۂ سہو واجب ہوتا ہے، اگر جان کر چھوڑ دے تو نماز کو دوبارہ پڑھنا واجب ہے(۱)۔

جو شخص امام کے پیچھے نماز پڑھے اس کو سورۂ فاتحہ یا کوئی بھی سورت پڑھنا منع ہے، حدیث شریف میں ہے کہ: ''جب امام قراءت کرے تو تم چپ رہو''۔ یہ حدیث مسلم شریف میں ہے (۲) دوسری حدیث میں ہے کہ: ''جس کا کوئی امام ہو اس کے امام کی قرات اس کے لئے کافی ہے'' (۳) خود اس کو نہیں پڑھنا چاہیے امام کا پڑھنا سب مقتدیوں کی طرف سے کافی ہے، یہ حدیث موطا میں ہے (۴)۔ اور اس مسئلہ پر مستقل کتابیں تصنیف

---

(۱) ''(ولها واجبات) لا تفسد بتركها وتعاد وجوباً فی العمد ..... و هی علی ما ذكره أربعة عشر: (قرأة فاتحة الكتاب)، فيسجد للسهو بترک أكثرها، لاأقلها. لكن فی المجتبی: يسجد بترک آية منها، وهو أولی''. (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة: ۱/۴۵۶، ۴۵۸، سعيد)

''و تجب قراء ة الفاتحة و ضم السورة أو ما يقوم مقامها من ثلاث آيات قصار أو آية طويلة فی الأوليين بعد الفاتحة''. (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الفصل الثانی فی واجبات الصلاة: ۱/۷۱، رشيديه)

''و واجبها قراء ة الفاتحة) ..... فلا تفسد الصلاة بتركها عامداً أو ساهياً، بل يجب عليه سجود السهو فی السهو جبراً للنقصان الحاصل بتركها سهواً، والإعادة فی العمد والسهو إذا لم يسجد، الخ''. (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة: ۱/۵۱۵، رشيديه)

(۲) ''عن قتادة من الزيادة: ''وإذا قرأ فانصتوا'' ..... فحديث أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه؟ فقال: هو صحيح يعنی: ''وإذا قرأ فأنصتوا'' فقال: هو عندی صحيح، فقال: لِمَ لم تضعه ها هنا؟ قال: ليس كل شیء عندی صحيح وضعته هاهنا، إنما وضعت ها هنا ما أجمعوا عليه''. (الصحيح لمسلم، كتاب الصلاة، باب التشهد فی الصلاة: ۱/۱۷۴، قديمی)

(۳) ''عن جابر رضی الله تعالیٰ عنه عن النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم قال: ''من كان له إمام فقراء ته له قراءة''. (مسند الإمام إحمد، مسند جابر بن عبد الله رضی الله تعالیٰ عنه، رقم الحديث: ۱۴۲۳۳، ۴/۲۹۵، دار إحياء التراث العربی، بيروت)

(۴) ''قال مالک عن نافع أن عبد الله بن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما كان إذا سئل هل يقرأ أحدٌ خلف =

Made searchable using ScribeTools.com

ہوچکی ہیں، بذل المجہود(۱)، اوجز المسالک(۲) وغیرہ میں دلائل مذکور ہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۱/۲/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

= الإمام؟ قال: إذا صلى أحدكم خلف الإمام، حسبه قراءة الإمام، وإذا صلى وحده فليقرأ. قال: وكان عبد الله بن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما لا يقرأ خلف الإمام". (مؤطا الإمام مالک، كتاب الصلاة، ترک القراءة خلف الإمام فيما جهر فيه، ص: ٦٨، مير محمد كتب خانه)

(۱) "من صلى خلف الإمام، فقراءة الإمام قراءة له" ..... قلت: هذا الحديث رواه جماعة من الصحابة، وهم: جابر بن عبد الله وبن عمروأبو سعيد الخدرى و أبو هريرة وابن عباس وأنس بن مالک رضى الله تعالىٰ عنهم ..... و مع هذا روى منع القرأة خلف الإمام عن ثمانين من الصحابة الكبار، منهم: المرتضى والعبادلة الثالثة، وأساميهم عند أهل الحديث، فكان اتفاقهم بمنزلة الإجماع، فمن هذا قال صاحب الهداية من أصحابنا: و على ترک القراءة خلف الإمام إجماع الصحابة، فسماه إجماعاً باعتبار اتفاق الأكثر". (بذل المجهود، كتاب الصلاة، باب من ترک القرأة فى صلوته : ۲/۵۳، إمداديه)

(۲) "عند الحنفية الآثار الدالة على ترک القراءة مطلقاً أرجح، فاختاروها. قال الإمام محمد رحمه الله تعالىٰ فى مؤطاه: لاقراءة خلف الإمام فيما جهر فيه و لا فيما لم يجهر فيه، بذلک جاءت عامة الآثار. ثم أخرج الإمام محمد الآثار فى ذلک المعنى، فروى عن ابن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما أنه قال: من صلى خلف الإمام كفته قراءته ..... وأخرج عن القاسم بن محمد أنه كان لا يقرأ خلف الإمام، و تقدم الكلام عليه. و روى عن ابن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه بطرق، وألفاظ مختلفة، منها أنه قال: أنصت بأن الصلوة شغلاً سيكفيک الإمام ..... و عن على رضى الله تعالىٰ عنه قال : من قرأ خلف الإمام فقد أخطأ الفطرة ..... فإنها ثابتة بالكتاب والسنة وإجماع جمهور الصحابة والقياس، ونشير إليها استطراداً: أما الكتاب، فثبت بالرواية الكثيرة أن نزول قوله عزوجل: ﴿وإذا قرىء القرآن فاستمعوا له وأنصتوا﴾ فى القراءة خلف الإمام الخ". (أوجز المسالک شرح مؤطا إمام مالک، كتاب الصلاة باب القراءة خلف الإمام : ۲/۹۳، إداره تاليفات اشرفيه، ملتان)

نمازِ جنازہ کا درود شریف

سوال[۴۰۴۲]: نمازِ جنازہ میں دوسری تکبیر میں درود شریف جو نماز پڑھتے ہیں ان کو بھی پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟ یا نماز جنازہ کا ہی درود شریف یاد کرنا چاہیے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

جو درود شریف نماز میں پڑھا جاتا ہے، نماز جنازہ میں دوسری تکبیر کے بعد اس کو پڑھ لیا جائے (۱)۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

نمازِ جنازہ کی دعاء مادری زبان میں

سوال[۴۰۴۳]: بالغ کے جنازہ میں تین تکبیر کے بعد جو دعاء پڑھی جاتی ہے: "أللھم اغفر لحینا الخ" اگر کسی کو یہ دعاء عربی میں نہ آتی ہو تو مقتدی اپنی مادری زبان جیسے اردو یا بنگلہ میں اس دعاء کو ترجمہ کرسکتا ہے؟ جیسے: "اے اللہ! بخش دے ہمارے تمام زندوں کو اور تمام مردوں کو" اس پوری دعا کو ترجمہ کرسکتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اس طرح پڑھنے سے بھی نماز فاسد نہیں ہوگی (۲) لیکن کوئی دعاء، مثلاً: "ربنا آتنا فی الدنیا حسنۃً،

---

(۱) "ویصلی علی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کما فی التشھد أی المراد الصلوۃ الابراھیمیۃ التی یأتی بھا المصلی فی قعدۃ التشھد". (الدر المختار، کتاب الصلاۃ، باب الجنائز: ۲/۲۱۲، سعید)

"وإذا کبر الثانیۃ، یأتی بالصلاۃ علی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، وھی الصلاۃ المعروفۃ، وھی أن یقول: اللھم صلی علی محمد و علی آل محمد ..... إنک حمید مجید". (بدائع الصنائع، کتاب الصلاۃ، باب الجنائز، فصل: کیفیۃ الصلاۃ علی الجنازۃ: ۲/۵۱، رشیدیہ)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلاۃ، باب الجنائز: ۲/۳۲۱، رشیدیہ)

(۲) غیر عربی میں نماز کے اندر دعاء بہر حال مکروہ ہے اور خارج نماز میں بھی کراہت کا قول ہے:

"ولا یبعد أن یکون الدعاء بالفارسیۃ مکروھاً تحریماً فی الصلاۃ، و تنزیھاً خارجھا".

(ردالمحتار، کتاب الصلاۃ، باب صفۃ الصلاۃ، فصل: وإذا أراد الشروع الخ، مطلب فی الدعاء بغیر العربیۃ: ۱/۵۲۱، سعید)

Made searchable using ScribeTools.com

وفی الآخرة حسنةً، وقنا عذاب النار "عربی ہی میں پڑھنا اعلیٰ بات ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۵/ ۷/ ۹۳ھ۔

الترتیب بین المکتوبة والجنازة

سوال[۴۰۴۴]: إذا حضرت الجنازة فی المسجد وقت صلوة، وبقی للإمامة خمس دقیقة أو عشرة دقیقة، فبأی صلوة یقوم من الصلوتین؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

تُقدّم المکتوبة علی صلوة الجنازة فی هذه الصورة(۲)۔واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۶/ ۲/ ۹۲ھ۔

---

(۱) " وإذا کبر الثالثة، یستغفرون للمیت و یشفعون ..... والدعاء أن یقول : "اللهم اغفر لحینا و میتنا اهـ. إن کان یحسنه، وإن لم یحسنه یذکر ما یدعو به فی التشهد الخ". (بدائع الصنائع، کتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل: کیفیة الصلاة علی الجنازة : ۲/ ۵۱، رشیدیه)

"(ویدعو بعد الثالثة) بأمور الآخرة، والماثور أولی". (الدرالمختار، کتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/ ۲۱۲، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/ ۳۲۱، رشیدیه)

(۲) "عن الحسن وابن سیرین رحمه الله تعالیٰ قالوا: إذا حضرت الجنازة والصلاة المکتوبة، یبدأ بصلاة المکتوبة". (مصنف ابن أبی شیبة، کتاب الجنائز، باب فی الجنازة تحضر و صلاة المکتوبة بأیها یبدأ، (رقم الحدیث : ۱۱۳۲۹): ۲/ ۴۸۵، دار الکتب العلمیة بیروت)

"یبدأ بصلاة المغرب، ثم یصلون علی الجنازة، ثم یأتون ..... أن الفتوی علی تأخیر صلاة الجنازة عن سنة الجمعة، و هی سنة، فعلی هذا تؤخر عن سنة المغرب؛ لأنها آکد". (البحر الرائق، کتاب الصلاة : ۱/ ۴۴۰، رشیدیه)

"ولو حضرت الجنازة فی وقت المغرب، تقدم صلوة المغرب، ثم تصلی الجنازة الخ". (الحلبی الکبیر، کتاب الصلاة، فصل فی صلاةالجنائز، الثامن فی المتفرقات، ص: ۶۰۷، سهیل اکیڈمی، لاهور)

(وکذا فی الفتاوی العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون فی صلاة الجنازة، الفصل الخامس فی الصلاة علی المیت : ۱/ ۱۶۴، رشیدیه)

نماز جنازہ سنتوں سے پہلے یا بعد میں؟

سوال[۴۰۴۵]: نماز جنازہ کو سنتوں سے پہلے ادا کیا جائے یا سنتوں کے بعد: "وتقدم صلواتها على صلوة الجنازة إذا اجتمعا؛ لأنه واجب عيناً، والجنازة كفاية. و تقدم صلوة الجنازة على الخطبة و على سنة المغرب وغيرها". درمختار، باب العيدين۔ "(قوله: وغيرها): أى خطبة العيد، و ذلك لفرضيتها و سنية الخطبة، كذا يقال فى سنة المغرب (قوله: وغيرها) كسنة الظهر والجمعة والعشاء". شامى، ص: ۵۵۵(۱)۔

عبارتِ مذکورہ کا کیا مفہوم ہے اور کیا حکم نکلتا ہے؟

الجواب حامداً ومصلياً:

اصل تو یہی ہے کہ نماز جنازہ کو سنتوں پر مقدم کیا جاوے جیسا کہ آپ نے درمختار سے نقل کیا ہے، لیکن حلبی اور بحر کے حوالہ سے درمختار ہی میں، ص: ۵۵۶ یہ بھی لکھا ہے:

"لكن فى البحر قبيل الآذان عن الحلبى: الفتوى على تأخير الجنازة عن السنة، وأقره المصنف كأنه إلحاقاً لها بالصلوة، نكن فى آخر أحكام دين الأشباه: ينبغى تقديم الجنازة والكسوف حتى على الفرض ما لم يضق وقته، فتأمل، اهـ"(۲)۔

لہٰذا اگر سنتیں پہلے پڑھ لیں جو کہ فرضِ عین کے تابع ہیں اور پھر نماز جنازہ ادا کریں تب بھی اعتراض اور بحث کی ضرورت نہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

نمازِ جنازہ اور سنت ونوافل میں ترتیب

سوال[۴۰۴۶]: چند دن قبل کا ذکر ہے کہ مسجد میں میت آچکی تھی اور نماز جنازہ پڑھنا تھا، فرض نماز

---

(۱) (الدر المختار، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۲/۱۶۷، سعيد)

(۲) (الدر المختار، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۲/۱۶۷، سعيد)

"ان الفتوى على تأخير صلاةالجنازة عن سنة الجمعة، و هى سنة، فعلى هذا تؤخر عن سنة المغرب؛ لأنها آكد". (البحر الرائق، كتاب الصلاة: ۱/۴۴۰، رشيديه)

(وكذا فى الحلبى الكبير، كتاب الصلاة، فصل فى صلاةالجنائز، الثامن فى المتفرقات، ص: ۶۰۷، سهيل اكيڈمى، لاهور)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

باجماعت اداہونے کے بعدلوگوں نے سنت ونوافل پڑھنی شروع کردی اور بعدسنن ونوافل کے نماز جنازہ ادا کی گئی۔ میں نے پیش امام مسجد سے دریافت کیا کہ سنن ونوافل سے پہلے فرضِ کفایہ مقدم نہیں تھی؟ توانہوں نے جواب دیا کہ کوئی ضروری نہیں کہ سنن ونوافل سے پہلے فرض کفایہ ادا کی جائے، ہم کو یہ تو طریقہ ترک کرنا ہے اس لئے ہم نے عمداً سنن ونوافل پہلے پڑھ لئے ہیں۔ میں عقلی طور پر یہ محسوس کرتا ہوں کہ فرض کے بعد فرض کفایہ ادا کی جانی چاہیے، اس کے بعد سنن ونوافل۔ اس کا یہ جواب کس حد تک صحیح ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

"تقدم صلوة الجنازة على الخطبة، و(على سنة المغرب) ..... لكن فى البحر: الفتوىٰ على تأخير الجنازة عن السنة". در مختار(۱)۔

اس سے معلوم ہوا کہ نماز جنازہ کو سنتِ موکدہ سے پہلے پڑھنا چاہیے، لیکن اگر سنتِ موکدہ کو پہلے پڑھیں اور نماز جنازہ کو بعد میں پڑھیں تب بھی منع نہیں بلکہ فتویٰ اس پر ہے، ورنہ نماز جنازہ پڑھ کر فوراً ہی اسی کو قبرستان لے جانا ہوتا ہے، اگر سنت مؤکدہ پہلے نہ پڑھی تو وہ بالکل ہی ترک ہوجائے گی۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۰/۱۰/۸۶ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۰/۱۰/۸۶ھ۔

سنتِ مؤکدہ مقدم ہے یا نماز جنازہ؟

سوال[۴۰۴۷]: تین جولائی بروز بدھ کو ایک میت ہوئی، نماز جنازہ مغرب کی نماز کے بعد ادا کی، امام مسجد فرضِ عین ادا کر کے نماز جنازہ کے لئے باہر نکل پڑے مگر کچھ لوگ اعتراض کرنے لگے کہ سنت نماز پڑھنے کے بعد ہی جنازہ پڑھی جاتی ہے۔ چند دنوں کے بعد امام مسجد نے اعلان کیا کہ فرضِ عین کے بعد ہی فرض کفایہ

---

(۱) (الدر المختار، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۲/۱۶۷، سعيد)

"ان الفتوى على تأخير صلاةالجنازة عن سنة الجمعة و هى سنة، فعلى هذا تؤخر عن سنة المغرب؛ لأنها آكد". (البحر الرائق، كتاب الصلاة: ۱/۴۴۰، رشيديه)

(وكذا فى الحلبى الكبير، كتاب الصلاة، فصل فى صلاةالجنائز، الثامن فى المتفرقات، ص:۶۰۷، سهيل اكيڈمى)

پڑھنا چاہیے، اس بات پر تنازعہ بڑھ گیا، لہٰذا شریعت کی رو سے کسی بھی وقتی نماز کے وقت جنازہ آجانے کے بعد سنت نماز پڑھنی درست ہے یا فرض کفایہ ادا کرنا ضروری ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اصل تو یہ ہے کہ فرض عین کے بعد سنتِ مؤکدہ سے پہلے فرض کفایہ نماز جنازہ پڑھی جائے، لیکن اگر اس میں سنتِ موکدہ کے بالکل ہی ترک ہوجانے کا اندیشہ ہو تو سنتِ مؤکدہ پہلے پڑھیں، پھر نماز جنازہ پڑھیں، اس میں نزاع نہ کیا جائے، نرمی سے بات کو بنا کر سلجھا دیا جائے (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۳/ ۷/ ۹۴ھ۔

سنتِ وقت اور جنازہ میں ترتیب

سوال[۴۰۴۸]: نماز جنازہ بعد جماعت سنتوں سے قبل ادا کی جائے یا بعد سنت؟ فقط۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

دونوں قول ہیں لہٰذا دونوں طرح درست ہے:

"وتقدم صلوة الجنازة على الخطبة و على سنة المغرب و غيرها كسنة الظهر والجمعة والعشاء، لكن في البحر قبيل الأذان عن الحلبي: الفتوى على تأخير الجنازة عن السنة، وأخره المصنف كأنه إلحاقاً لها بالصلوة، لكن في أخر أحكام دَين الأشباه: ينبغي تقديم الجنازة والكسوف حتى على الفرض ما لم يضق وقته، فتأمل، و روى الحسن أنه يخير، فافهم". در

---

(۱) "و تقدم (صلاة الجنازة على الخطبة) وعلى سنة المغرب وغيرها، والعيد على الكسوف، لكن في البحر قبيل الأذان عن الحلبي: الفتوى على تأخير الجنازة عن السنة". (الدر المختار، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۲/ ۱۶۷، سعيد)

"أن الفتوى على تأخير صلاة الجنازة عن سنة الجمعة، و هي سنة، فعلى هذا تؤخر عن سنة المغرب؛ لأنها آكد". (البحر الرائق، كتاب الصلاة: ۱/ ۴۴۰، رشيديه)

(وكذا في الحلبي الكبير، كتاب الصلاة، فصل في صلاة الجنائز، الثامن في المتفرقات، ص: ۶۰۷، سهيل اكيڈمی، لاهور)

Made searchable using ScribeTools.com

مختار شامی مختصراً، باب العیدین، ص:۵۵۵، ۵۵۶(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۲/ ۷/ ۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

نماز جنازہ سنتوں پر مقدم ہے یا نہیں؟

سوال[۴۰۴۹]: اگر بعد نماز جمعہ نماز جنازہ پڑھی جاوے تو پہلے ظہر کی سنتیں پڑھیں یا نماز جنازہ پڑھیں؟ اس مسئلہ میں کتاب کا حوالہ دینا ضروری ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

پہلے نماز جنازہ پڑھیں، سنتیں بعد میں پڑھیں: "و تقدم صلوة الجنازة على الخطبة، وعلى سنة المغرب وغيرها كسنة الظهر والجمعة والعشاء، اهـ". درمختار و شامی: ۱/ ۵۸۰(۲)۔

بعض نے سنتوں کی تقدیم کا حکم دیا ہے: "لكن في البحر الفتوى على تأخير صلاة الجنازة عن السنة: أي سنة الجمعة". شامی: ۱/ ۵۸۰(۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، مظاہر علوم سہارنپور۔

---

(۱) (الدر المختار، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۲/ ۱۶۷، سعيد)

"لیکن اس زمانہ میں نماز جنازہ سنتوں کے بعد پڑھنا مناسب ہے، اس لئے کہ دین سے غفلت کا غلبہ ہے، فرض کے بعد نماز جنازہ کے لئے لوگ مسجد سے نکلیں گے تو سنتِ مؤکدہ کے ترک کا خطرہ ہے"۔ (احسن الفتاوی، باب الجنائز: ۴/ ۲۲۷، سعید)

"أن الفتوى على تأخير صلاة الجنازة عن سنة الجمعة، و هي سنة، فعلى هذا تؤخر عن سنة المغرب؛ لأنها آكد". (البحر الرائق، كتاب الصلاة: ۱/ ۴۴۰، رشيديه)

"و لو حضرت الجنازة في وقت المغرب، تقدم صلوة المغرب، ثم تصلى الجنازة، ثم سنة المغرب، وقيل: تقدم سنة أيضاً على الجنازة، الخ". (الحلبي الكبير، كتاب الصلاة، فصل في صلاة الجنائز، الثامن في المتفرقات، ص: ۶۰۷، سهيل اكيڈمي، لاهور)

(۲) (الدر المختار، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۲/ ۱۶۷، سعيد)

(۳) (الدر المختار، كتاب الصلاة، باب العيدين: ۲/ ۱۶۷، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الصلاة: ۱/ ۴۴۰، رشيديه) ..... =

نمازعیداور جنازہ میں ترتیب

سوال[۴۰۵۰]: عید کے دن اگر جنازہ آجائے تو نمازعید وجنازہ وخطبہ میں کیا ترتیب رکھنا چاہیے؟ فقط والسلام۔

المستفتی: ابرارالحق، ۲۴/ ذیقعدہ/ ۵۸ھ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

"وتقدم صلا تها(أى صلوة العيد) على صلوة الجنا زة إذا اجتمعا؛ لأنه واجب عيناً والجنازة كفاية، و تقدم صلوة الجنازة على الخطبة: أى خطبة العيد، و ذلك لفرضيتها و سنية الخطبة". درمختار وشامی: ۱/۸۶۵(۱)۔

اس سے معلوم ہوا کہ اول نمازعید ہی ہوگی، پھر نماز جنازہ، پھر خطبۂ عید۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

تعلیمِ قرآن کے وقت نمازِ جنازہ

سوال[۴۰۵۱]: اگر کوئی معلم قرآن شریف کی تعلیم دے رہا ہو اور جنازہ کی نماز تیار ہو اور دوسرا معلم وہاں جنازہ کی نماز پڑھنے کیلئے موجود ہو تو اب اس معلم کے واسطے نماز جنازہ کے لئے جانا بہتر ہے یا قرآن شریف پڑھانا اچھا ہے؟

= "اس زمانہ میں نماز جنازہ سنتوں کے بعد پڑھنا مناسب ہے، اس لئے کہ دین سے غفلت کا غلبہ ہے، فرض کے بعد نماز جنازہ کے لئے لوگ مسجد سے نکلیں گے تو سنتِ مؤکدہ کے ترک کا خطرہ ہے"۔ (احسن الفتاوی، باب الجنائز: ۴/ ۲۲۷، سعید)

"و لو حضرت الجنازة فى وقت المغرب، تقدم صلوة المغرب ثم تصلى الجنازة، وقيل : تقدم السنة أيضاً على الجنازة الخ". (الحلبى الكبير، كتاب الصلاة، فصل فى صلاةالجنائز، الثامن فى المتفرقات، ص: ۶۰۷، سهيل اكيڈمى)

(۱) (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب العيدين : ۲/ ۱۶۷، سعيد)

"و لو حضرت وقت العيد قدمت العيد، عليها، ثم هى على الخطبة". (الحلبى الكبير، كتاب الصلاة، فصل فى صلاةالجنائز، الثامن فى المتفرقات، ص: ۶۰۷، سهيل اكيڈمى)

(و كذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب السابع عشر فى صلاة العيدين : ۱/ ۱۵۲، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً.

اگرکوئی عذر نہ ہوتو نماز جنازہ میں شریک ہونا چاہیے، اگرکوئی عذر ہوتو تعلیم میں مشغول رہنے میں بھی مضائقہ نہیں (۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۹/۶/۵۶ھ۔

الجواب صحیح سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۱/ جمادی الثانی/ ۵۶ھ۔

اوقاتِ مکروہہ میں نمازِ جنازہ

سوال[۴۰۵۲]: زید کہتا ہے کہ جن وقتوں میں نفل نماز مکروہ ہے ان میں نماز جنازہ بھی مکروہ ہے اور بکر کہتا ہے کہ ان وقتوں میں جنازہ کی نماز مکروہ نہیں۔کس کا قول صحیح ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

جن وقتوں میں مطلقاً نماز ممنوع ہے ان وقتوں میں نماز جنازہ بھی ممنوع ہے (نفل کی قید صحیح

---

(۱) "عن عمران بن حصين رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "إن أخاكم قد مات، فقوموا فصلوا عليه". (سنن النسائی، كتاب الجنائز، باب الأمر بالصلاة على الميت : ۱/۲۷۵، قديمی)

"(والصلاة عليه) صفتها (فرض كفاية) بالإجماع". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۰۷، سعيد)

"والإجماع منعقد على فرضيتها أيضاً، إلا أنها فرض كفاية، إذا قام به البعض، يسقط عن الباقين؛ لأن ما هو الفرض -وهو قضاء حق الميت- يحصل بالبعض، ولا يمكن إيجابها على كل واحد من آحاد الناس". (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، فصل: والكلام فی صلاة الجنازة الخ : ۲/۳۶، رشيديه)

"وهذا هو حكم فرض الكفاية، فإنه يكون فرضاً على كل واحد واحد، لكن بحيث إن أدى بعض منهم، سقط عن الباقين، وإن لم يؤد واحد منهم يأثم الجميع بترك الفرض، وإن أدى الكل وجدوا ثواب الفرض". (عمدة الرعاية على هامش شرح الوقاية، كتاب الصلاة، باب الجنائز، (رقم الحاشية : ۱۶): ۱/۲۰۶، سعيد)

Made Searchable by ScribeTools.com

نہیں)اوقاتِ ممانعت تین ہیں: طلوع، استواء، غروب۔ جب کہ جنازہ پہلے سے تیار ہو، اگر ان اوقات میں آئے تو ممنوع نہیں (۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

نمازِ جنازہ بوقتِ استوائے شمس

سوال[۴۰۵۳]: اگر ظہر کے وقت جنازہ حاضر کیا جائے تو اسی وقت صلوۃ جنازہ جائز ہوگی یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

عین استواء کے وقت اگر جنازہ حاضر ہو تو اسی وقت صلوۃ الجنازہ مکروہ نہیں، لیکن اگر استواء سے قبل حاضر ہو تو عین استواء کے وقت مکروہ تحریمی ہے:

"وكره تحريماً صلوة ولو على جنازة وسجدة تلاوة و سهو مع شروق واستواء و غروب إلاعصر يومه، وينعقد نفل بشروع فيها بكراهة التحريم لا الفرض و سجدة تلاوة و صلاة جنازة تليت الآية فى كامل، وحضرت الجنازة قبل، لوجوبه كاملاً، فلا يتأدى نا قصاً، فلو وجبتا فيها لم يكره فعلهما، اهـ". در مختار مختصراً۔

---

(۱) "عن عقبة بن عامر الجهنى رضى الله تعالىٰ عنه: ثلاث ساعات كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ينهانا أن نصلى فيهن وأن نقبر فيهن موتانا: حين تطلع الشمس بازغةً حتى ترفع، وحين يقوم قائم الظهيرة حتى تميل، وحين تضيف للغروب حتى تغرب". (جامع الترمذى، أبواب الجنائز، باب ما جاء فى كراهية الصلاة على الميت الخ: ۱/۲۰۰، سعيد)

"المراد من قوله: "أن نقبر فيها موتانا الصلاة على الجنازة دون الدفن؛ إذ لا باس بالدفن فى هذه الأوقات". (بدائع الصنائع، باب الجنائز، فصل وأما بيان ما يكره فيها: ۲/۵۷،رشيديه)

"ثلاث ساعات لا تجوز فيها المكتوبة و لا صلوة جنازة و لا سجدة تلاوة ..... و هذا إذا وجبت صلاة الجنازة وسجدة التلاوة فى وقتٍ مباح و أخرتا إلى هذا الوقت، لا يجوز قطعاً، أما لو وجبتا فى هذا الوقت وأديتا فيه، جاز؛ لأنه أديت ناقصةً كما وجبت". (الفتاوى العالمكيرية ،كتاب الصلاة، الفصل الثالث فى بيان الأوقات التى لا تجوز فيها الصلاة و تكره فيها: ۱/۵۲، رشيديه)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلاة: ۱/۴۳۲، ۴۳۴، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

قال الشامی: "(قوله: و جبتا فيها) بأن تليت الآية فی تلك الأوقات أو حضرت فيها الجنازة، اهـ". ردالمحتار، ص: ۳۸۸(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۵۶/۲/۳ھ۔

صحیح: عبداللطیف، الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔

نماز جنازہ اور سجدۂ تلاوت بوقتِ غروبِ آفتاب

سوال[۴۰۵۴]: جنازہ کی نماز یا سجدہ کی آیت اگر عصر کے بعد وقتِ ناقص میں ادا کی جائے اور ادا کرتے وقت سورج غروب ہوجائے تو وہ بھی عصر یوم کی طرح ناقص ادا ہوجائے گی یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر آیتِ سجدہ بھی اسی وقت پڑھی اور جب ہی سجدہ کرلیا تو یہ عصر یومہ کی طرح ناقص ادا ہوگیا اور اگر وقتِ کامل میں آیت پڑھی اور سجدہ وقتِ غروب میں کیا تو یہ عصر یومہ کے طرح نہیں بلکہ یہ ادا ہی نہیں ہوا، اسی

---

(۱) (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الصلاة: ۱/۳۷۰، ۳۷۴، سعيد)

"عن عقبة بن عامر الجهنی رضی الله تعالیٰ عنه: ثلاث ساعات كان رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم ينهانا أن نصلی فيهن وأن نقبر فيهن موتانا: حين تطلع الشمس بازغةً حتى ترفع، وحين يقوم قائم الظهيرة حتى تميل، وحين تضيف للغروب حتى تغرب". (جامع الترمذی، أبواب الجنائز، باب ما جاء فی كراهية الصلاة على الميت الخ: ۱/۲۰۰، سعيد)

"تكره الصلاة على الجنازة عند طلوع الشمس و غروبها و نصف النهار لما روينا من حديث عقبة بن عامر رضی الله تعالیٰ عنه أنه قال: ثلاث ساعات نهانا رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم، الحديث. والمراد من قوله: "أن نقبر فيها موتانا" الصلاة على الجنازة دون الدفن؛ إذ لا بأس بالدفن فی هذه الأوقات". (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل: بيان ما تفسد الصلوة و ما يكره: ۲/۵۷، رشيديه)

(وكذا فی الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الفصل الثالث فی بيان الأوقات: ۱/۵۲، رشيديه)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب الصلاة: ۱/۴۳۲، ۴۳۴، رشيديه)

طرح اگر جنازہ وقتِ ناقص میں آیا تو یہ عصر یومہ کی طرح ہے، اگر وقتِ کامل میں آیا تو نماز جنازہ وقتِ ناقص میں ادا ہی نہیں ہوئی:

"و منع عن الصلوة و سجدة التلاوة المتلوة فی غیر هذه الأوقات، وصلوة الجنازة حضرت قبلها؛ لأن ماوجب کاملاً لا یتأدی بالناقص. وأماالمتلوة أوا الحاضرة فیها لا یکره: أی تحریما؛ لأنها وجبت ناقصةً، أدیت فیها کما وجبت، اهـ". سکب الأنهر: ۱/۷۲(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

نمازِ جنازہ کس وقت مکروہ ہے؟

سوال[۴۰۵۵]: نماز جنازہ کے لئے بھی کیا کوئی وقت حرام یا مکروہ تحریمی کا ہے، اگر ہے تو اس کے درجہ سے آگاہی بخشیں۔ اس کے علاوہ کیا دن رات میں ہر وقت نماز جنازہ پڑھ سکتے ہیں؟ سنتِ موکدہ وغیرہ مکروہ تحریمی، تنزیہی، مستحب ہر ایک کا درجہ کیا ہے؟ اردو کی کتابوں میں ''ممنوع، ناجائز'' لکھا رہتا ہے جس سے

---

(۱) (سکب الأنهر (الدرالمنتقی فی شرح الملتقی) علی هامش مجمع الأنهر، کتاب الصلوة: ۱/۱۱۰، غفاریه کوئٹه)

"عن عقبة بن عامر الجهنی رضی الله تعالیٰ عنه: ثلاث ساعات کان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ینهانا أن نصلی فیهن وأن نقبر فیهن موتانا حین تطلع الشمس بازغةً حتی ترفع، وحین یقوم قائم الظهیرة حتی تمیل، وحین تضیف للغروب حتی تغرب". (جامع الترمذی، أبواب الجنائز، باب ما جاء فی کراهیة الصلاة علی المیت الخ: ۱/۲۰۰، سعید)

"المراد من قوله: "أن نقبر فیها موتانا" الصلاة علی الجنازة دون الدفن؛ إذ لا بأس بالدفن فی هذه الأوقات". (بدائع الصنائع، باب الجنائز، فصل فی بیان ما یکره فیها: ۲/۵۷، رشیدیه)

"ثلاث ساعات لا تجوز فیها المکتوبة ولاصلوة جنازة و لا سجدة تلاوة .....وهذا إذا وجبت صلاة الجنازة وسجدة التلاوة فی وقت مباح، وأخرتا إلی هذا الوقت، لا یجوز قطعاً، أما لو وجبتا فی هذا الوقت وأدیتا فیه، جاز؛ لأنها أدیت ناقصةً کما وجبت". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلاة، الفصل الثالث فی بیان الأوقات التی لا تجوز فیها الصلاة و تکره فیها: ۱/۵۲، رشیدیه)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلاة: ۱/۴۳۲، ۴۳۴، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

کوئی درجہ ظاہر نہیں ہوتا۔

حضرت والا کا خادم مہجور حقیر ناچیز: عبدالصبور ۳۶ھ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جن اوقاتِ ثلثہ میں نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے ان میں نماز جنازہ بھی مکروہ تحریمی ہے، باقی سب اوقات میں درست ہے(۱)۔

چونکہ عوام ''موکد وغیر موکد، مکروہ تحریمی وتنزیہی، فرض وواجب وغیرہ'' کے درمیان فرق کو سمجھنے سے قاصر ہوتے ہیں، کیونکہ یہ درجات ''نص، ظاہر، مفسر، محکم، قطعی الثبوت قطعی الدلالۃ، قطعی الثبوت ظنی الدلالۃ'' وغیرہ دلائل پر متفرع ہیں اور عوام کی فہم سے یہ اصطلاحات بالاتر ہیں، اس لئے اردو کی کتابوں میں ہر جگہ ان سب کی تصریحات نہیں کرتے بلکہ ممنوع اور ناجائز وغیرہ الفاظ پر اکتفاء کرتے ہیں اور اہلِ علم درجات کو سمجھتے ہیں وہ کتبِ عربیہ سے ان درجات کو معلوم کرتے ہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۷/۱۲/۵۷ھ۔

صحیح: عبداللطیف، جواب صحیح ہے: سعید احمد غفرلہ۔

---

(۱) "عن عقبة بن عامر الجهنی رضی الله تعالیٰ عنه: ثلاث ساعات كان رسول الله صلیٰ الله تعالیٰ علیه وسلم ينهانا أن نصلی فيهن وأن نقبر فيهن موتانا: حين تطلع الشمس بازغةً حتی ترتفع، وحين يقوم قائم الظهيرة حتی تميل، وحين تضيف للغروب حتی تغرب". (جامع الترمذی، أبواب الجنائز، باب ما جاء فی كراهية الصلاة علی الجنازة الخ: ۱/۲۰۰، سعيد)

"تكره الصلاة علی الجنازة عند طلوع الشمس ..... و غروبها و نصف النهار لما روينا من حديث عقبة بن عامر رضی الله تعالیٰ عنه أنه قال: ثلاث ساعات . الحديث. والمراد من قوله: "أن نقبر فيها موتانا" الصلاة علی الجنازة دون الدفن؛ إذ لا بأس بالدفن فی هذه الأوقات". (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل فی بيان ما يكره فيها: ۲/۵۷، رشيديه)

(وكذا فی الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الصلاة: ۱/۳۷۰، ۳۷۱، سعيد)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب الصلاة: ۱/۴۳۲، ۴۳۴، رشيديه)

عورت کی نماز جنازہ کا ولی شوہر ہے یا باپ؟

سوال[۴۰۵۶]: ایک عورت کا انتقال ہوگیا، اس کے والد چاہتے ہیں کہ شوہر کے مکان سے اپنے مکان پر لے جا کر دفن کریں، اس میں اختلاف ہوا، بعض کہتے ہیں کہ جنازہ کی نماز یہیں ہوجانی چاہیے، بعض کہتے ہیں کہ جب ولی نہیں تو نماز کیسے ادا ہوگی؟ دریافت طلب یہ ہے کہ ولی باپ ہے یا شوہر؟ اگر شوہر اجازت نہ دے تو باپ جنازہ لے جاسکتا ہے یا نہیں، اور بغیر اجازتِ ولی نماز ہوجائے گی یا نہیں؟ شوہر اور باپ کے مکان میں تین میل کا فاصلہ ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

"ولو ماتت امرأة ولها أب، وابن بالغ عاقل، وزوج، فالأب أحق بها، اهـ". بحر: ۱۸۱/۲(۱)۔

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ باپ کو ولایت حاصل ہے، نماز جنازہ کے لئے اپنے مکان پر لے جانے کی ضرورت نہیں، شوہر ہی کے مکان پر یا جہاں مناسب ہو والد نماز جنازہ پڑھادے۔ اگر شوہر نے یا دوسرے لوگوں نے نماز پڑھ لی تب بھی ادا ہوجائے گی، بغیر ولی کی اجازت کے بھی ادا ہوسکتی ہے، البتہ ایسی صورت میں ولی کو بعد میں پڑھنے کا اختیار رہتا ہے، ولی کے پڑھنے کے بعد کسی اَور کو اختیار نہیں رہتا(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۷/۹/۳ھ۔

---

(۱) (البحر الرائق، باب الجنائز، فصل: السلطان احق بصلاته ۳۱۷/۲، رشیدیه)

"و لو كان لها زوج وابن بالغ منه، قالو لاية للابن، إلا أنه ينبغى أن يقدم أباه تعظيماً". (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلاة، أحكام الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته، ص: ۵۹۰، قديمى)

(وكذا فى الدر المختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲۲۰/۲، سعيد)

(۲) "(فإن صلى غيره): أى الولى (ممن ليس له حق التقدم على الولى (ولم يتابعه) الولى (أعاد الولى) ولو على قبره الخ". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲۲۲/۲، سعيد)

"فإن صلى غير الولى أو السلطان، أعاد الولى إن شاء". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادى والعشرون فى الجنائز، الفصل الخامس فى الصلاة على الميت: ۱۶۴/۱، رشيديه)

(وكذا فى البحر الرائق، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته: ۳۱۸/۲، رشيديه)

Made Searchable using ScribeTools.com

ولیٔ جنازہ باپ ہے یا شوہر

سوال[۴۰۵۷]: عورت کے انتقال پر اس کی نماز جنازہ کی اجازت کس سے لی جائے یعنی شوہر سے یا اس کے باپ بھائی سے؟ لوگ کہتے ہیں کہ شوہر سے زوجیت کا تعلق ختم ہو چکا ہے اس لئے اجازت لینے کا سوال پیدا نہیں ہوتا۔ فقط۔

عبدالغنی مدرسہ مدینۃ العلوم فرخ آباد۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

"ثم الولی بترتیب عصوبة النکاح، إلا الأب، فیقدم علی الا بن اتفاقاً، إلا أن یکون عالماً والأب جاهلاً، فالابن أولی، فإن لم یکن له ولی فالزوج، ثم الجیران، الخ". الدرالمختار: ۱/ ۵۹۰(۱)۔

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ جب تک ولی عصبہ موجود ہو، شوہر جنازہ کا ولی نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸/ ۱۱/ ۱۳۹۵ھ۔

ولیٔ میت سے نماز جنازہ کی اجازت

سوال[۴۰۵۸]: کیا جنازہ کی نماز کے لئے ولی میت سے اجازت لینی ضروری ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اصل حق ولی کا ہے اس سے اجازت لی جائے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) (الدر المختار، کتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة: ۲/ ۲۲۰، ۲۲۱، سعید)

"ثم الترتیب فی الأولیاء کترتیب العصبات فی النکاح، لکن إذا اجتمع أبو المیت وابنه، کان الأب أولی بالاتفاق علی الأصح؛ لأن للأب فضیلةً علی الابن و زیادة سن ..... و سائر القربات أولی من الزوج ... والجار أحق من غیره". (البحر الرائق، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته: ۲/ ۳۱۶، ۳۱۷، رشیدیه)

(وکذا فی حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، کتاب الصلاة، أحکام الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته، ص: ۵۹۰، قدیمی)

(۲) "(قوله أی للولی) ومثله کل من یقدم علیه من باب أولی (الاذن لغیره فیها) لأنه حقه فیملک =

امامِ محلّہ کی امامت ولی کے مقابلہ میں

سوال[۴۰۵۹]: محلّہ کا امام میت کے وارث کے ہوتے ہوئے بغیر اس کی اجازت کے نماز جنازہ پڑھا سکتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

مناسب نہیں، بہتر یہ ہے کہ اگر امام صالح دیندار ہو تو خود ہی امام سے نماز پڑھانے کی درخواست کرے ورنہ ولی کا خود نماز جنازہ پڑھانا اولیٰ ہے، الدر المختار: ۱ /۸۲۳(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

کسی متعین شخص سے جنازہ پڑھوانے کی وصیت

سوال[۴۰۶۰]: کسی مرنے والے نے وصیت کی کہ میرے مرنے کے بعد جنازہ کی نماز فلاں آدمی پڑھائے اور اس فلاں کے آنے میں تین دن یا زیادہ دن لگ جائے، تو آیا اس نعش کو فلاں کے آنے تک باقی رکھا جائے یا کسی دوسرے آدمی سے نماز جنازہ پڑھوا کر دفن کر دیا جائے؟

= إبطاله". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة: ۲/۲۲۲، سعيد)

"قالؒ :(وله أن يأذن لغيره): أى للولى أن يأذن لغيره فى الصلاة على الجنازة؛ لأن التقدم حقه فيملك إبطاله بتقديم غيره". (تبيين الحقائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل السلطان أحق بصلاته: ۱/۵۷۳، دار الكتب العلمية، بيروت)

(وكذا فى البحر الرائق، باب الجنائز، فصل السلطان أحق بصلاته: ۲/۳۱۷،رشيديه)

(۱) "وتقديم إمام الحى مندوب فقط بشرط أن يكون أفضل من الولى والا فالولى كما فى المجتبى وشرح المجمع للمصنف". (الدر المختار، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة: ۲/۲۲۰، سعيد)

"إنما يستحب تقديم إمام مسجد حيه على الولى إذا كان أفضل من الولى ذكره فى الفتاوى وهو قيد حسن". (البحر الرائق، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته: ۲/۳۱۶،رشيديه)

"(ثم إمام الحى) المراد به إمام مسجد محلته، لكن بشرط أن يكون أفضل من الولى، وإلا فالولى أولى منه". (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلاة، أحكام الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته، ص: ۵۸۹، قديمى)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

مرنے والے نے وصیت کی کہ میرے جنازہ کی نماز فلاں آدمی سے پڑھائے جو کہ اس وقت موجود نہیں اس کے آنے میں تین دن لگیں گے تو اس کا انتظار نہ کیا جائے بلکہ دوسرا مناسب آدمی نماز جنازہ پڑھادے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

نماز جنازہ بلاوضو

سوال[۴۰۶۱]: جنازہ کی نماز امام نے بلاطہارت پڑھادی تو اس صورت میں مقتدیوں کی نماز ادا ہوگی یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

جس جنازہ کی نماز امام نے بلاوضو پڑھادی تو درست نہ ہوگی نہ امام کی، نہ اس کے مقتدیوں کی (۲)،

---

(۱) "والفتوى على بطلان الوصية بغسله والصلاةعليه". (الدرالمختار). "لو أوصى بأن يصلى عليه غير من له حق التقدم أو بأن يغسله فلان، لا يلزم تنفيذ وصيته، و لا يبطل حق الولى بذلك". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة، مطلب فى تعظيم أولى الأمر واجب : ۲/۲۲۱، سعيد)

"إذا أوصى أن يصلي عليه فلان، فالوصية باطلة". (التاتارخانية، كتاب الصلاة، الفصل الثانى وانثلاثون فى الجنائز، نوع آخر من هذا الفصل فى المتفرقات : ۲/۱۸۰، إدارة القرآن كراچى)

(۲) "فلو أمّ بلا طهارة والقوم بها، أعيدت و بعكسه لا". (الدرالمختار). "(قوله: أعيدت)؛ لأنه لا صحة لها بدون الطهارة، وإذا لم تصح صلاة الإمام، لم تصح صلاة القوم". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۲۰۸، سعيد)

"ولو صلى الإمام بلا طهارة أعادوا؛ لأنه لا صحة بدون الطهارة، فإذا لم تصح صلاة الإمام لم تصح صلاة القوم، الخ". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۳۱۴، رشيديه)

(و كذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادى والعشرون فى الجنائز، الفصل الخامس فى الصلاة على الميت : ۱/۱۶۴، رشيديه)

(وكذا فى بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، فصل: وأما بيان ما تصح به و ما تفسد و ما يكره : ۲/۵۴، رشيديه)

اگر دفن کر دیا گیا ہے تو قبر پر پڑھ لی جاوے جب تک میت کے پھٹنے کا غالب گمان نہ ہو، ورنہ استغفار کیا جائے (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

نمازِ جنازہ میں میت کی سمتِ قبلہ بدل گئی

سوال[۴۰۶۲]: عورت کا جنازہ جس کا سر جنوب کی طرف اور پیر شمال کی طرف تھا، نماز پڑھادی گئی تو جائز ہوا یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر غلطی سے جنازہ کا سر جنوب کی طرف اور پیر شمال کی طرف ہو کر اس پر نماز جنازہ پڑھادی گئی تو بھی درست ہوگئی، دوبارہ پڑھنے کی ضرورت نہیں (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۴/۴/۱ھ۔

---

(۱) "عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه أن أسود رجلاً أو امرأةً كان يكون فی المسجد يقمّ المسجد، فمات ولم يعلم النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم بموته، فذكره ذات يوم فقال: "ما فعل ذلک الإنسان"؟ قالوا: مات يا رسول الله! قال: "أفلا آذنتمونی"؟ فقالوا: إنه كان كذا و كذا قصته. قال: فحقّروا شانه، قال: "فدلّونی علی قبره". قال: فأتی قبره فصلی عليه". (صحيح البخاری، كتاب الجنائز، باب الصلاة علی القبر ما يدفن: ۱/۱۷۸، قديمی)

"(وإن دفن) وأهيل عليه التراب (بغير صلاة) أو بها بلا غسل أو ممن لا ولاية له (صلی علی قبره) استحساناً (مالم يغلب علی الظن تفسخه) من غير تقدير، هو الأصح". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۲۴، سعيد)

"ولو دفن الميت قبل الصلاة أو قبل الغسل، فإنه يصلی علی قبره إلی ثلاثة أيام، والصحيح أن هذا ليس بتقدير لازم بل يصلی عليه ما لم يعلم أنه قد تمزق". (الفتاوی العالمكيرية، كتاب الصلاة، الفصل الخامس علی الميت: ۱/۱۶۵، رشيديه)

(وكذا فی الحلبی الكبير، كتاب الصلاة، فصل فی الجنائز، الرابع: الصلاة عليه، ص: ۵۸۳، سهيل اكيڈمی، لاهور)

(۲) "وصحت لو وضعوا الرأس موضع الرجلين، و أساءوا إن تعمدوا". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، =

Made searchable using ScribeTools.com

نمازِ جنازہ میں امام کہاں کھڑا ہو؟

سوال[۴۰۶۳]: ایک مولانا صاحب بی اے منشی فاضل نے اس طور پر نماز جنازہ پڑھائی، امام میت یعنی مولانا صاحب بی اے منشی فاضل وہاں کھڑے ہوئے جہاں امام لکھا ہے۔ حدیث بخاری، پارہ پانچ، کتاب الجنازۃ عمران بن میسر سے روایت ہے کہ ''حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک عورت پر نماز پڑھی جو نفاس میں مرگئی تھی، آپ اس کے بیچا بیچ کھڑے ہوئے (۱) اس طور پر مولانا صاحب بی اے نے بھی عورت کا جنازہ پڑھایا۔ کیا اب شریعت بدل گئی جو مولانا صاحب نے اس طور پر جنازہ پڑھایا؟ کیا اب ایسے جنازہ ہونا جائز ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

"و يقوم من الرجل والمرأة بحذاء الصدر لما روى أحمد: أن أبا غالب قال: صليت خلف أنس رضى الله تعالىٰ عنه على جنازة، فقام حيال صدره". ولأن الصدر محل الإيمان ومعدن الحكمة والعلم، وهو أبعد من العورة الغليظة، فيكون القيام عنده إشارة إلى أن الشفاعة و قعت لأجل إيمانه. و عن أبى حنيفة رحمه الله تعالىٰ وأبى يوسف أنه يقوم من الرجل بحذاء صدره و من المرأة بحذاء وسطها؛ لأن أنساً رضى الله تعالىٰ عنه فعل كذلك، وقال: هوسنة۔

= باب صلاة الجنازة: ۲/ ۲۰۹، سعيد)

"و اذا أخطأوا بالرأس وقت الصلاة، فجعلوه فى موضع الرجلين فصلوا عليها، جازت الصلاة، فإن فعلوا ذلك عمداً، جازت صلاتهم و قد أساؤا". (التاتار خانية، كتاب الصلاة، الفصل الثانى والثلاثون فى الجنائز، نوع آخر من هذا الفصل فى المتفرقات: ۲/ ۱۷۷، إدارة القرآن، كراچى)

(وكذا فى بدائع الصنائع، كتاب الصلوة، باب الجنائز، فصل: وأما بيان ماتصح به الصلاة و ما تكره: ۲/ ۵۴، رشيديه)

(۱) "عن سمرة بن جندب قال: صليت وراء النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على امرأة ماتت فى نفاسها، فقام عليها وسطها". (صحيح البخارى، كتاب الجنائز، باب من يقوم من المرأة والرجل: ۱/ ۱۷۷، قديمى)

Made Searchable by ScribeTools.com

وعن سمرة بن جندب رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه أنه قال: صلیت وراء رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم علی امرأة ماتت فی نفاسها، فقام وسطها، قلنا: الوسط هو الصدر، فإن فوقه یدیه و رأسه، وتحته بطنه و رجلیه". زیلعی، ص:۲٤۲(۱)۔

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ امام کو میت کے سر یا پیر کی جانب نہیں کھڑا ہونا چاہیے بلکہ سینہ کے مقابلے میں کھڑا ہونا چاہیے اور جس روایت میں آتا ہے کہ میت کو سامنے رکھ کر اس کے بیچا بیچ کھڑے ہو کر نماز پڑھائی ہے اس کا مطلب بھی یہی ہے، کیونکہ سر اور ہاتھ سینہ سے اوپر ہیں اور پیٹ اور پیر سینے سے نیچے ہیں لہذا سینہ وسط میں ہوا، دوسرے سینہ محلِ ایمان وحکمت وعلم ہے، اس لئے سینہ کو فوقیت ہے اور ایسا کرنا مستحب ہے۔

اگر کسی نے گھٹنے کے مقابل یا کندھے کے مقابلہ میں کھڑے ہو کر نماز پڑھا دی تب بھی نماز صحیح ہو جائے گی، لیکن صحتِ نماز جنازہ کے لئے میت کے کسی حصہ کے سامنے اور مقابلہ میں ہونا شرط ہے، اگر میت کا کوئی حصہ بھی امام کے سامنے نہ ہوگا تو نماز جنازہ درست نہ ہوگی۔

"کونه (أی الإمام) بالقرب من الصدر مندوب، وإلا فمحاذاة جزءٍ من المیت لا بدّ منها، قهستانی، الخ". رد المحتار :۱/۹۱۵(۲)۔

"و إذا خطئوا بالرأس، فوضعوها فی موضع الرجلین و صلوا علیه، جازت الصلوة؛ لأن ما هو شرط، و هو کون المیّت أمامَ الإمام، فقد وجد. إنما التغیر فی صفة الوضع، وذلك لا یمنع جواز ذلك، إلا أنهم تعمدوا ذلك، فقد أساؤا بتغیر الوضع عما توارثه الناس". مبسوط سرخسی: ۲/٦۹(۳)۔

---

(۱) (تبیین الحقائق، کتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته : ۱/۵۷۸، دار الکتب العلمیة، بیروت)

(۲) (رد المحتار، کتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة : ۲/۲۱۶، سعید)

(۳) (کتاب المبسوط للسرخسی، باب غسل المیت :۲/۱۱۱، مکتبه غفاریه کوئٹه)

وفی الفتاوی العالمکیریة :"یقوم للرجل والمرأة بحذاء الصدر، وهذا أحسن مواقف الإمام من المیت للصلاة علیه الخ". (کتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل الخامس فی الصلاة علی المیت : ۱/۱٦۴، رشیدیه)

(وکذا فی البدائع ، کتاب الصلاة، الجنائز، فصل: وأما بیان کیفیة الصلاة علی الجنازة الخ : ۲/۴۹، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

اورشریعتِ محمدیہ علی صاحبہا الصلوۃ والتحیۃ جس طرح مستحکم ہوچکی ہے وہ منسوخ نہیں ہوسکتی۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی، معین مفتی مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: سعید احمد غفرلہ، الجواب صحیح: عبداللطیف، ۱۶/محرم/۵۶ھ۔

ناپاک زمین پر نمازِ جنازہ

سوال[۴۰۶۴]: پکی زمین ہو یا کچی لیکن اس پر گوبر کے نشانات بلکہ کچھ اجزاء بھی ہیں لیکن خشک ہیں تو ایسی حالت میں اس زمیں پر نماز جنازہ پڑھی جائے تو کیا ہوجائے گی؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر لید اور گوبر کے اجزا پیروں کے نیچے نہیں (آس پاس ہیں) تو نماز جنازہ درست ہوجائے گی (۱)۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۶/۳/۹۴ھ۔

جوتا پہن کر نماز جنازہ پڑھنا

سوال[۴۰۶۵]: جنازہ کی نماز جوتا یا چپل پہن کر جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر نیچے کا حصہ نجس ہو تو پیر سے نکال کر ان پر پیر رکھ کر نماز پڑھنا درست ہے بشرطیکہ اوپر کا حصہ پاک ہو:"ولو افترش نعليه وقام عليهما، جاز، فلا يضر نجاسة ماتحتهما لكن لابدمن طهارة نعليه مما

---

(۱) "الطهارة من النجاسة فی ثوب و بدن و مكان، وستر العورة شرطٌ فی حق الميت والإمام جميعاً".

(الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۰۸، سعيد)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۱۵، رشيديه)

(وكذا فی حاشية الطحطاوی على مراقی الفلاح، كتاب الصلاة، باب أحكام الجنائز، فصل: الصلاة عليه، ص: ۵۸۲، قديمی)

یلی الرِجل لا مما یلی الأرض، اھـ". طحطاوی (۱)۔

اوراگراوپر کا حصہ نجس ہوتو پھر نکالنا اور پیر سے علیحدہ کرنا ضروری ہے ورنہ نماز درست نہیں ہوگی۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۸/۴/۶۴ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۹/ ربیع الأول/۶۴ھ۔

ایضاً

سوال[۴۰۶۶]: نماز جنازہ جوتا پہن کر درست ہے یا نہیں؟ چونکہ اس کے نیچے عموماً گندگی ونجاست ہوتی ہے، اگر جائز ہے تو کیوں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر جوتے کے نیچے گندگی ہے اور جوتہ پہن کر نماز جنازہ پڑھی جائے تو وہ درست نہیں اور اگر جوتا نہیں پہنا بلکہ جوتے کے اوپر پیر رکھ کر نماز پڑھی اور نجاست جوتے کے نیچے ہے اوپر نہیں تو نماز درست ہوجائے گی (۲)، یہ ایسا ہی ہوگا جیسے نجس زمین پر تختہ یا موٹا مصلی بچھا کر اس پر نماز پڑھی جائے (۳)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۶/۱۱/۱۴۰۶ھ۔

---

(۱) (حاشية الطحطاوی علی مراقی الفلاح، باب أحكام الجنائز، فصل: الصلاة عليه : ۵۸۲، قديمی)

"و لو افترش نعليه و قام عليهما، جازت، وبهذا يعلم ما يفعل فی زماننا من القيام علی النعلين فی صلاة الجنازة، لكن لا بد من طهارة النعلين، كما لا يخفی". (البحر الرائق، باب الجنائز: ۲/۳۱۵، رشيديه)

"و لو افترش نعليه و قام عليهما، جازت صلاته، بمنزلة ما لو بسط الثوب الطاهر علی الأرض النجسة وصلی عليه، فإنه يجوز". (مجموعه رسائل اللكنوی، غاية المقال فيما يتعلق بالنعال، فصل: أحكام النعال المتعلقة بالصلاة : ۱/۲۹، إدارة القرآن كراچی)

(۲) (تقدم تخریجه تحت عنوان: "جوتا پہن کر نمازِ جنازہ"۔)

(۳) "فی مفسدات الصلاة: و صلاته علی مصلی مضرب نجس البطانة) بخلاف غير مضروب و =

Made searchable using ScribeTools.com

جنازہ کو جمعہ تک مؤخر کرنا

سوال[۴۰۶۷]: اگر کسی کے یہاں بروز جمعہ بوقتِ صبح میت ہوجائے اور اس کے وارث اس کو بعد نماز جمعہ کے اس لئے دفن کرتے ہیں کہ جمعہ میں نماز جنازہ پڑھی جاوے تو زیادہ ثواب ہے۔ ایسا عقیدہ کرنا درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

میت کو محض اس لئے اتنی دیر تک روکے رکھنا مکروہ ہے، مستحب اور افضل یہ ہے کہ اس کے دفن میں جلدی کی جائے، اگر ایسے وقت انتقال ہوا ہے کہ اس کے دفن کرنے میں جمعہ کے فوت ہونے کا اندیشہ ہے تو پھر نماز جمعہ تک موخر کردیں کذا فی الطحطاوی: ۳۳۲(۱)۔

نماز جنازہ میں دوسرے محلّہ والوں کا انتظار کرنا

سوال[۴۰۶۸]: ہمارے یہاں یہ طریقہ ہے کہ جب کوئی مرجاتا ہے تو تمام محلوں میں جاکر اطلاع دیتے ہیں اور جب تک سب لوگ نہ آجائیں نماز جنازہ کا انتظار کرتے ہیں، تو یہ درست ہے یا نہیں؟

= مبسوط على نجس إن لم يظهر لون أو ريح". (الدرالمختار). "(قوله: مبسوط على نجس الخ) ..... و كذا الثوب إذا فرش على النجاسة اليابسة، فإن كان رقيقاً يشف ما تحته أو توجد منه رائحة النجاسة على تقدير أن لها رائحة، لا يجوز الصلاة عليه. وإن كان غليظاً بحيث لا يكون كذلك، جازت". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها: ۱/۶۲۲، سعيد)

(۱) "عن أبى هريرة عن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "أسرعوا بالجنازة، فإن تك صالحةً فخير تقدمونها، وإن تك سوى ذلك فشرٌ تضعونه عن رقابكم". (صحيح البخارى، كتاب الجنائز، باب السرعة: ۱/۱۷۶، قديمى)

"فلو جهز الميت صبيحة يوم الجمعة، يكره تأخير الصلاةعليه ليصلى عليه الجَمع العظيم بعد صلاة الجمعة. و لو خافوا فوت الجمعة بسبب دفنه، يؤخر الدفن". (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، أحكام الجنائز، فصل فى حملها و دفنها، ص: ۶۰۴، قديمى)

"(و كره تأخير صلاته و دفنه ليصلى عليه جمعٌ عظيم بعد صلاة الجمعة) إلا إذا خيف فوتها بسبب دفنه". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۳۲، سعيد)

(و كذا فى البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل: السلطان احق بصلاته: ۲/۳۳۵، رشيديه)

الجواب حامداًومصلیاً:

نماز جنازہ کے لئے اطلاع کر دینے میں تو مضائقہ نہیں (۱) پھر جس جس کو موقع ہو آ کر شریک ہو جائے لیکن دوسرے محلے کے لوگوں کے انتظار میں مؤخر کرنا کہ جب تک سب جگہ کے لوگ نہ آ جائیں نماز نہ پڑھی جائے، خواہ کتنی ہی دیر ہو جائے یہ ٹھیک نہیں ہے، بلکہ وقت متعین کر کے کہہ دیا جائے کہ اتنے بجے جنازہ تیار ہو جائے گا اور نماز ہوگی (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

---

(۱) "عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه أن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم نعی النجاشی فی اليوم الذی مات فيه، وخرج إلى المصلى، فصف بهم و كبر أربعاً". (صحيح البخاری، كتاب الجنائز، باب الرجل ينعى إلى الميت بنفسه : ۱/۱۶۷، قديمی)

" لا بأس بنقله قبل دفنه و بالإعلام بموته، الخ". (الدرالمختار). وفی ردالمحتار: "(قوله : والإعلام بموته): أی إعلام بعضهم بعضاً ليقضوا حقه، الخ ". (كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۲۳۹، سعيد)

"و ذكر الشارح معنیً آخر و هو إعلام بموته ليصلوا عليه، لا سيما إذا كان الميت يتبرک به، و كره بعضهم أن ينادی فی الأزقة ..... والأصح أنه لا يكره؛ لأن فيه تكثير الجماعة من المصلين عليه والمستغفرين له و تحريض الناس على الطهارة والاعتبار به والاستعداد، وليس ذلک نعی أهل الجاهلية". (البحر الرائق ، كتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته : ۲/۳۱۷، رشيديه)

(وكذا فی تبيين الحقائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته : ۱/۵۷۳، دار الكتب العلمية، بيروت)

(۲) "عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه، يبلغ به النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: قال: "أسرعوا بالجنازة، فإن تک خيراً، تقدمونها، وإن تک شراً، تضعوها عن رقابكم". (جامع الترمذی، أبواب الجنائز، باب ما جاء فی الإسراع بالجنازة : ۱/۱۹۶، سعيد)

"يندب دفنه فی جهة موته و تعجيله، الخ". (الدرالمختار). "(قوله: وتعجيله): أی تعجيل جهازه عقب تحقق موته، ولذاكره تأخير صلاته و دفنه ليصلی عليه جمعٌ عظيم بعد صلاة الجمعة". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۲۳۹، سعيد)

"قال:"(و يعجّل بلا خبب): أی يسرع بالميت وقت المشی بلا خبب، وحدّه أن يسرع به بحيث لا يضطرب الميت على الجنازة لحديث ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما أنه عليه السلام قال: "أسرعوا بالجنازة". الحديث. (تبيين الحقائق، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته : ۱/۵۸۳، دار الكتب العلمية، بيروت)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته : ۲/۳۳۵، رشيديه)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pools.com

نمازِ جنازہ قبر تیار ہونے سے پہلے پڑھنا

سوال[۴۰۶۹]: نماز جنازہ قبر تیار ہونے سے پہلے بھی پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

پہلے بھی پڑھ سکتے ہیں، قبرستان میں اگر جگہ خالی ہو کہ وہاں قبریں نہ ہوں تو وہاں بھی پڑھ سکتے ہیں(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱/۱/۸۹ھ۔

متعدد جنازوں کی نماز اکٹھی پڑھنا

سوال[۴۰۷۰]: تین جنازے ہیں، ان میں سے دو مذکر ہیں مگر ایک بچہ ہے اور دو جوان یا ادھیڑ عمر کے، تو اگر کوئی تینوں کے اکٹھی نماز جنازہ پڑھادے تو صحیح ہے یا نہیں؟ کیا اس صورت میں جنازہ کی نماز ہو جائے گی؟ دوسری صورت یہ ہے کہ ایک جوان مرد ہے اور ایک جوان عورت ہے، ان دونوں کی اگر ایک ہی جگہ جنازہ کی نماز پڑھادی جائے تو کیا نماز ہو جاویگی، یا دونوں کی الگ الگ پڑھادیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

افضل طریقہ یہ ہے کہ سب کی نماز علیحدہ علیحدہ پڑھائی جائے لیکن اگر سب کی ایک ساتھ میں پڑھادی گئی تب بھی بلاشبہ ادا ہو جائے گی: "وإذا اجتمعت الجنائز، فإفراد الصلوة أولى، اھ". تنویر(۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) وفی رد المحتار: "أو كان فی المقبرة موضع أعِدّ للصلاة و لاقبر ولا نجاسة، فلا بأس". (كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها: ۱/۶۵۴، سعيد)

"إذا غسل موضعاً فی الحمام ليس فيه تمثال و صلى فيه، لا بأس به، وكذا فی المقبرة إذا كان فيها موضع آخر أعِدّ للصلاة، و ليس فيه قبر و لا نجاسة". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها: ۲/۵۸، رشيديه)

(وكذا فی حاشية الطحطاوی على مراقی الفلاح، كتاب الصلاة، فصل فی المكروهات، ص: ۳۵۶، قديمی)

(۲) (الدر المختار شرح تنوير الأبصار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۱۸، سعيد) ..... =

صغیرہ اور کبیرہ کے جنازوں کی نماز یکدم پڑھنا

سوال[۴۰۷۱]: مثلاً دس بیس جنازے ایک ساتھ رکھے ہوں اور تنہا تنہا پڑھنے میں زیادہ حرج کا خیال ہے، جس میں نابالغ بالغ لڑکا، نابالغ لڑکی، مرد عورت سب کے جنازے شامل ہیں تو کس طرح ان سب کی نماز ایک دفعہ سے پڑھے اور کون سی دعا پڑھے جس میں سب جنازے کی نماز ادا ہو جائے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایسی حالت میں اس طرح کرے کہ سب کو برابر برابر رکھ کر اس طرح کہ اول امام کے قریب مَردوں کے جنازے ہوں، پھر لڑکوں کے، پھر عورتوں کے، پھر لڑکیوں کے۔ ایک ہی مرتبہ سب پر نماز پڑھ لی جائے اور بالغوں کی دعاء کے بعد نابالغوں کی دعاء بھی پڑھی جاوے کذا فی الطحطاوی(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۵/۶/۶۱ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، ۲۵/ جمادی الثانیہ/ ۶۱ھ۔

= "عن أبی مالک رضی اللہ تعالیٰ عنه أمر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم یوم أحد بحمزة، فوضع وجیئ بتسعة، فصلی علیهم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم، فرفعوا و ترک حمزة، ثم جیء بتسعة فوضعوا، و صلی علیهم سبع صلوات، حتی صلی علی سبعین، و فیهم حمزة رضی اللہ تعالیٰ عنه فی کل صلاة صلاها". (مراسیل أبی داؤد الملحق بسننه، فی الصلوة علی الشهداء: ۱۸، سعید)

"ولم یذکر المصنف رحمه اللہ تعالیٰ ما إذا اجتمعت الجنائز للصلوة، قالوا: الإمام بالخیار إن شاء صلی علیهم دفعةً واحدةً، وإن شاء صلی علی کل جنازة صلاةً علی حدة". (البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجنائز: ۳۲۸/۲، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاوی العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل الخامس فی الصلاة علی المیت: ۱۶۵/۱، رشیدیه)

(۱) "(إذا اجتمعت الجنائز، فالإفراد بالصلاة لکل منها أولی) ..... (وإن اجتمعن) و صلی مرةً واحدةً ..... (فیجعل الرجال مما یلی الإمام، ثم الصبیان بعدهم): أی بعد الرجال (ثم الخنثی، ثم النساء، ثم المراهقات)". (حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، کتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل السلطان أحق بصلاته، ص: ۵۹۲، ۵۹۳، قدیمی) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

نماز جنازہ مکرر پڑھنا

سوال[۴۰۷۲]: ایک جنازہ کی نماز باجماعت دوبارہ ہوسکتی ہے یانہیں؟اس میں کچھ نئے لوگ اور کچھ پرانے بھی شامل ہوسکتے ہیں یانہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

نماز جنازہ اگر ولی کی اجازت کے بغیر پڑھ لی گئی تو ولی کو دوبارہ پڑھنا درست ہے اوراس میں نئے لوگ شریک ہوسکتے ہیں اور جولوگ پہلے پڑھ چکے ہیں وہ نہ شریک ہوں:"فإن صلى غيره: أى غير من له حق التقدم، أعادها إن شاء، و لا يعيد معه من صلى غيره، الخ". كذا فى مراقى الفلاح، ص:٤٨٦، مصرى (۱)۔

= "عن يحيى بن صبيح قال: حدثنى عمار مولى الحارث بن نوفل أنه شهد جنازة أم كلثوم وابنها، فجعل العلام مما يلى الإمام، فأنكرت ذلك وفى القوم ابن عباس وأبوسعيد الخدرى وأبو قتادة وأبو هريرة رضى الله تعالىٰ عنهم، فقال: هذه السنة". (سنن أبى داؤد، كتاب الجنائز، باب إذا حضر الجنائز رجال و نساء من يقدم : ۲/ ۹۹، امداديه)

" فإذا اجتمعت الجنائز، فالإمام بالخيار إن شاء صلى عليهم دفعةً واحدةً، وإن شاء صلى على كل جنازة على حدة ..... ثم كيف توضع الخيار إذا اجتمعت؟ فنقول: لا يخلو إما إن كانت من جنس واحد أو اختلف الجنس، أما إذا اختلف الجنس بأن كانوا رجالاً و نساءً، توضع الرجال مما يلى الإمام والنساء خلف الرجال مما يلى القبلة ..... و لو اجتمع جنازة رجل و صبى و خنثى وامراةً و صبية، وضع الرجل مما يلى الإمام و الصبى وراء ه، ثم الخنثى، ثم المرأة، ثم الصبية". (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، فصل: فى بيان ما تصح به و ما تفسده و ما يكره : ۲/ ۵۶، رشيديه)

(وكذا فى الدر المختارمع رد المحتار، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة : ۲/ ۲۱۹، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/ ۳۲۸، رشيديه)

(۱) (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلاة، باب أحكام الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته : ۵۹۰، ۵۹۱، قديمى)

"(فإن صلى غيره): أى الولى (من ليس له حق التقدم) على الولى (ولم يتابعه) الولى (أعاد الولى) ولو على قبره إن شاء لأجل حقه، لا لإسقاط الفرض، ولذا قلنا: ليس لمن صلى عليها أن يعيد مع الولى؛ لأن تكرارها غيرمشروع الخ". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/ ۲۲۲، ۲۲۳، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/ ۳۱۸، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادى والعشرون فى الجنائز، الفصل الخامس فى الصلاة على الميت: ۱/ ۱۶۴، رشيديه)

ایضاً

سوال[۴۰۷۳]: میت کی نماز ادا کرنے کے کچھ دیر بعد تین چار شخص اَور آ گئے تو ان کے لئے میت کی نماز دوبارہ پڑھنے کے لئے علمائے دین کیا حکم فرماتے ہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر ولی نے اول نماز جنازہ پڑھی ہے، یا اس کی اجازت سے پڑھی گئی ہے تو پھر اَور کو دوبارہ پڑھنا درست نہیں ہے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۵/ ۹/ ۶۲ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، ۶/ رمضان/ ۶۲ھ۔

نماز جنازہ متعدد دفعہ

سوال[۴۰۷۴]: جنازہ کی نماز دو دفعہ یا تین دفعہ پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جنازہ کی نماز ایک دفعہ ہے، اس سے زیادہ نہیں(۲)، ہاں! اگر ولی جنازہ نے ابھی نماز نہیں پڑھی بلکہ

---

(۱) "(وإن صلى هو) الولى (بحق) بأن لم يحضر من يقدم عليه (لا يصلى غيره بعده)". (الدر المختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/ ۲۲۳، سعيد)

"فإن صلى عليه الولى، لم يجز أن يصلى عليه أحدٌ بعده". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/ ۳۱۹، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادى والعشرون فى الجنائز، الفصل الخامس فى الصلاة على الميت: ۱/ ۱۶۴، رشيديه)

(۲) "و لا يصلى على ميت واحد إلا مرةً واحدةً، والتنفل بصلاة الجنازة غير مشروع". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادى والعشرون فى الجنائز، الفصل الخامس فى الصلاة على الميت: ۱/ ۱۶۵، رشيديه)

"(قوله: و لم يصل غيره بعده): أى بعد ما صلى الولى؛ لأن الفرض قد تأدى بالأولى، والتنفل =

Made searchable using ScribeTools.com

کسی اَور نے پڑھ لی ہے، پھر ولی پڑھنا چاہے تو اس کو اجازت ہے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/ ۷/ ۸۷ھ۔

الجواب صحیح: نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

جو شخص ساتھ نہ دے اس کے جنازہ میں عدمِ شرکت

سوال[۴۰۷۵]: جو مسلمان کسی مسلمان کی امداد نہ کرے بلکہ تماشائی بن کر دیکھتا رہے، اس کے بارے میں کیا فتویٰ ہے؟ ہم لوگوں نے عہد کیا تھا کہ جو مسلمان ہماری امداد نہ کرے اس کو برادری میں شریک نہیں کریں گے۔ کیوں کہ انہوں نے ہمارے اوپر کئے گئے غلط اور جھوٹے مقدمہ میں ہماری امداد نہیں کی اس وجہ سے ہم نے قطعِ تعلق کا فیصلہ کیا ہے۔ اور اس دَور میں ان لوگوں کی لڑکی فوت ہوگئی جس کے جنازہ میں ہم شامل نہیں ہوئے کیوں کہ ہم نے فیصلہ کر رکھا تھا کہ ان کو شریکِ برادری نہیں کریں گے، جو ہمارا ساتھ نہیں دیں گے۔ تو شریعت اس بارے میں کیا حکم دیتی ہے؟ جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایسے معاملہ میں جو مفادِ عامہ کے لئے ہو سب کو ہی ساتھ دینا چاہئیے۔ ان آدمیوں کا الگ رہنا اور ساتھ

= بها غير مشروع الخ". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته: ۳۱۸/۲، رشيديه)

(وكذا في الدر المختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲۲۳/۲، سعيد)

(۱) "فإن صلى غيره: أي الولي ممن ليس له حق التقدم على الولي و لم يتابعه الولي، أعاد الولي، وإلا لا يعيد. وإن صلى هو: أي الولي بحق، لا يصلى غيره بعده". (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة: ۲۲۲/۲، ۲۲۳، سعيد)

"(فإن صلى عليه غير الولي والسلطان، أعاد الولي)؛ لأن الحق له". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۳۱۸/۲، رشيديه)

(وكذا في الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادي والعشرون في الجنائز، الفصل الخامس في الصلاة على الميت: ۱۶۴/۱، رشيديه)

(وكذا في الحلبي الكبير، فصل في الجنائز، الرابع: الصلاة عليه، ص: ۵۸۴، سهيل اكيڈمی، لاهور)

Made Searchable by ScribeTools.com

نہ دینا بہت بُری بات ہے۔ اگر کسی ناجائز بات میں شریک نہ ہوں، الگ رہیں تو ٹھیک ہے۔ اگر وہ اپنی غلطی کا اقرار کر کے نادم ہوں تو ان کو برادری میں شامل کرلیا جائے (۱)۔ جولڑکی فوت ہوگئی اس کے جنازہ میں شریک نہ ہونا بھی غلطی ہے، آئندہ ایسا نہ کریں (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، مفتی دارالعلوم دیوبند، ۱۳/۹/۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/۹/۸۸ھ۔

---

(۱) "عن أبی أیوب الأنصاری رضی اللہ تعالیٰ عنه أن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم قال: "لایحل لرجل أن یهجر أخاه فوق ثلث لیال، فیلتقیان فیعرض هذا ویعرض هذا ، وخیر هما الذی یبدأ بالسلام". (صحیح البخاری، کتاب الادب، باب الهجرة: ۲/۸۹۷، قدیمی)

قوله: "ولایحل لمسلم، اهـ". فیه التصریح بحرمة الهجران فوق ثلاثة أیام، وهذا فیمن لم یجن علی الدین جنایة، فأما من جنی علیه وعصی ربه، فجاء ت الرخصة فی عقوبته بالهجران کالثلاثة المتخلفین عن غزوة تبوک، فأمر الشارع بهجرانهم، فبقوا خمسین لیلةً حتی نزلت توبتهم، الخ". (عمدة القاری، کتاب الأدب، باب ماینهی من التحاسد والتدابر الخ: ۲۲/۱۳۷، مطبعة منیریه، بیروت)

قال الملاعلی القاری تحت هذا الحدیث : "قال الخطابی: رخص للمسلم أن یغضب علی أخیه ثلاث لیال لقلّته، ولا یجوز فوقها، إلّا إذا کان الهجران فی حق من حقوق اللہ تعالیٰ، فیجوز فوق ذلک ..... فإن هجر ة أهل الأهواء والبدع واجّبة علی مر الأوقات مالم یظهر منه التوبة والرجوع إلی الحق". (مرقاة المفاتیح للملا علی القاری، کتاب الأدب، باب التهاجر والتقاطع واتباع العورات، الفصل الأول، تحت حدیث أبی أیوب الأنصاری رضی اللہ تعالیٰ عنه، (رقم الحدیث: ۵۰۲۷): ۸/۷۵۸، رشیدیه)

(۲) اس لئے کہ نمازِ جنازہ پڑھنا تمام مسلمانوں پر فرض کفایہ ہے جنہوں نے نہیں پڑھی وہ ثواب سے محروم ہوگئے نیز انہوں نے ایک مسلمان کی حق تلفی بھی کی۔

"هذا هو حکم فرض الکفایة، فإنه یکون فرضاً علی کل واحد واحد لکن بحیث إن أدّی بعض منهم سقط عن الباقین، وإن لم یؤد واحد منهم یأثم الجمیع بترک الفرض. و إن أدّی الکل وجدوا ثواب الفرض، وتحقیقه فی کتب الأصول". (عمدة الرعایة علی هامش شرح الوقایة، کتاب الصلوة، باب الجنائز، (رقم الحاشیة: ۱۶) : ۱/۲۰۶، سعید) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

چلتے ہوئے مسافر پر نمازِ جنازہ میں شریک ہونا لازم ہے یا نہیں؟

سوال[۴۰۷۶]: اگر کوئی مسافر چلا جارہا ہے تو اس کے راستہ میں مسلمانوں کا جنازہ دفناتے ہوئے ملا تو اب اس مسافر کے واسطے آگے چلنا حرام ہے یا نہیں، کیونکہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ اگر مسافر جنازہ کی نماز ادا نہ کرے اور مٹی وغیرہ نہ ڈالے تو اس مسافر کے واسطے آگے چلنا حرام ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

نماز جنازہ فرض کفایہ ہے یعنی اگر بعض ادا کرلیں تو سب کے ذمہ سے ساقط ہوجاتی ہے، پس اگر اس جنازہ پر نماز پڑھی جاچکی ہے تو مسافر کے لئے نماز کا سوال ہی نہیں رہا اور اگر نہیں پڑھی گئی تو بہتر یہ ہے کہ یہ مسافر بھی نماز میں شریک ہوجائے، ہاں! اگر کچھ دشواری ہو یا اس کو جانے کی جلدی ہو اور نماز میں تاخیر ہو تو یہ مسافر جنازہ نہ پڑھنے سے بھی گنہ گار نہ ہوگا(۱)، یہی حال دفن کرنے کا ہے یعنی اگر اسے موقعہ اور گنجائش ہے تو دفن

= "والاجماع منعقد على فرضيتها ايضاً الا انها فرض كفاية إذا قام به البعض يسقط عن الباقين، الخ". (بدائع الصنائع، كتاب الصلوة، فصل: والكلام فى صلاة الجنازة الخ: ۴۶/۲، رشيديه)

"عن البراء بن عازب رضى الله تعالىٰ عنه قال: أمرنا النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بسبع، ونهانا عن سبع: أمرنا باتباع الجنائز، وعيادة المريض، وإجابة الداعى، ونصر المظلوم، وإبرار القسم، وردّ السلام، وتشميت العاطس" الحديث". (صحيح البخارى، كتاب الجنائز، باب الامر باتباع الجنائز: ۱۶۶/۱، قديمى)

(۱) "عن عمران بن حصين رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "إن أخاكم قد مات، فقوموا فصلوا عليه". (سنن النسائى، كتاب الجنائز، باب الأمر بالصلاة على الميت: ۲۷۵/۱، قديمى)

"هذا هو حكم فرض الكفاية، فإنه يكون فرضاً على كل واحد واحد، لكن بحيث إن أدى بعض منهم، سقط عن الباقين. وإن لم يؤد واحد منهم، يأثم الجميع بترك الفرض. وإن أدى الكل، وجدوا ثواب الفرض". (عمدة الرعاية على هامش شرح الوقاية، كتاب الصلاة، باب الجنائز، (رقم الحاشية: ۱۶): ۲۰۶/۱، سعيد)

"والصلوة عليه: أى على الميت فرض كفاية بالإجماع". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲۰۷/۲، سعيد)

(وكذا فى بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، الجنائز، فصل: والكلام فى صلاة الجنازة: ۴۶/۲، رشيديه)

کرنے میں شریک ہوجائے ورنہ گناہ نہیں (۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۹/ ۶/ ۵۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم، ۲۱/ جمادی الثانیہ/ ۵۶ھ۔

نماز جنازہ میں چند لوگوں کا محض تماشا بینوں کی طرح کھڑے رہنا

سوال[۴۰۷۷]: جنازہ کے ساتھ پچاس ساٹھ آدمیوں کا مجمع ہے لیکن صلوۃ الجنازہ ادا کرنے کے وقت صرف دس پندرہ آدمی نماز پڑھتے ہیں اور باقی مثل تماشا بینوں کے کھڑے رہتے ہیں۔ یہ بقیہ لوگ مسلمان تارکِ فرض کفایہ ہوں گے یا نہیں اور ان پر کچھ گناہ ہوگا یا نہیں؟ حالانکہ کوئی عذر مانع شرکت نماز سے بھی نہیں۔ کراہت وغیرہ مفصل ومبرہن فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جب کچھ لوگوں نے نماز جنازہ پڑھ لی تو فرض کفایہ ہونے کی وجہ سے سب کے ذمہ سے ساقط ہوگئی لیکن ثواب صرف ان کو ملا جنھوں نماز پڑھی۔نماز پڑھتے وقت باقی لوگوں کا تماشا بینوں کی طرح کھڑے رہنا اور نماز میں شریک نہ ہونا انتہائی بے حسی اور بے مروتی ہے، حقوقِ میت اور احترامِ نماز دونوں کے خلاف ہے:"والصلوة

---

(۱) "عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: "من شهد الجنازة حتی يصلی عليه فله قيراط، ومن شهد حتی يدفن كان له قيراطان". قيل: و ما القيراطان؟ قال: "مثل الجبلين العظيمين". (صحيح البخاری، كتاب الجنائز، باب من انتظر حتی يدفن: ۱/ ۱۷۷، قديمی)

"فالدليل علی وجوبه توارث الناس من لدن آدم صلی الله تعالیٰ عليه وسلم إلی يومنا هذا مع النكير علی تاركه، وذا دليل الوجوب إلا أن وجوبه علی سبيل الكفاية حتی إذا قام به البعض، سقط عن الباقين، لحصول المقصود". (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، الجنائز، فصل: والكلام فی الدفن فی مواضع الخ: ۲/ ۶۰، رشيديه)

"دفن الميت فرضٌ علی الكفاية". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل السادس فی القبر والدفن الخ: ۱/ ۱۶۵، رشيديه)

(وكذا فی الدر المختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/ ۲۰۷، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

علیه: أی علی المیت فرض کفایة بالإجماع". درمختار: ۱/۶۰۶ (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ مظاہر علوم سہارنپور۔

ضعیف امام کو نمازِ جنازہ کے لئے سواری میں لے جانا

سوال[۴۰۷۸]: امام صاحب ضعیف العمر ہیں، قبرستان ایک میل سے زیادہ فاصلہ پر ہے، جنازہ کی نماز پڑھانے کے لئے لوگ سواری میں بٹھا کر لے جاتے ہیں۔ متولی صاحب کا کہنا ہے کہ امام صاحب پیدل چل کر جائیں یا اپنی طرف سے رقم خرچ کر کے جنازے کی نماز پڑھانے کے لئے جائیں۔ متولی صاحب کا یہ کہنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

متولی صاحب کا یہ کہنا اور اصرار کرنا بالکل غلط اور بے جا ہے۔ ضعیف کی معذوری کا لحاظ رکھنا ضروری ہے۔ خاص کر امام کا (۲)۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ۔

---

(۱) (الدر المختار، کتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۰۷، سعید)

"عن عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "إن أخاکم قد مات، فقوموا فصلوا علیه". (سنن النسائی، کتاب الجنائز، باب الأمر بالصلاة علی المیت: ، ص: ۲۷۵، قدیمی)

"هذا هو حکم فرض الکفایة، فإنه یکون فرضاً علی کل واحد واحد، لکن بحیث إن أدی بعض منهم، سقط عن الباقین، وإن لم یؤدّ واحدٌ منهم، یأثم الجمیع بترک الفرض، وإن أدّی الکل، وجدوا ثواب الفرض، وتحقیقه فی کتب الأصول". (عمدة الرعایة علی هامش شرح الوقایة، کتاب الصلاة، باب الجنائز، (رقم الحاشیة: ۱۶): ۱/۲۰۶، سعید)

"والإجماع منعقد علی فرضیتها أیضاً، إلا أنها فرض کفایة، إذا قام به البعض، یسقط عن الباقین؛ لأن ما هو الفرض وهو قضاء حق المیت، یحصل بالبعض، ولا یمکن إیجابها علی کل واحد من آحاد الناس". (بدائع الصنائع، کتاب الصلاة، فصل: والکلام فی صلاةالجنازة الخ: ۲/۴۶، رشیدیه)

(۲) "عن أبی موسیٰ الأشعری رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "إن من=

مسبوق نمازِ جنازہ کس طرح پڑھے؟

سوال[۴۰۷۹]: ایک شخص نماز جنازہ میں دوسری تکبیر کے بعد شریک ہوا ہے، اب وہ کس نوعیت سے جنازہ کی نماز پوری کرے گا؟ کیا وہ ثناء سے پڑھنا شروع کریگا اور بقیہ تکبیر کو سلام پھیرنے کے بعد پوری کرے گا یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

تیسری تکبیر کہہ کر امام کیساتھ شریک ہوکر دعاء پڑھے پھر چوتھی تکبیر کے بعد جب امام نماز پوری کردے تو یہ ایک تکبیر کہہ کر ثنا پڑھے، دوسری تکبیر کہہ کر درود شریف۔ اگر جنازہ جلدی اٹھائے جانے کا اندیشہ ہو تو صرف دو تکبیر میں نماز ختم کردے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۰/۲/۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ۔

صفوفِ جنازہ میں کونسی صف افضل ہے؟

سوال[۴۰۸۰]: نماز جنازہ کے بارے میں کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ اس میں صفِ اول کا ثواب آخری صف والوں کو ملتا ہے اور وہ اس کی دلیل میں: "أول الصفوف أخرها" پیش کرتے ہیں، پتہ نہیں یہ

= إجلال الله إكرام ذى الشيبة المسلم أو حامل القرآن غير الغالى فيه والجافى عنه وإكرام ذى السلطان المقسط". (سنن أبى داؤد، كتاب الأداب، باب فى تنزيل الناس منازلهم: ۳۱۷/۲، امداديه)

(۱) "(والمسبوق) ببعض التكبيرات لا يكبر فى الحال بل (ينتظر) تكبير (الإمام ليكبر معه) للافتتاح لمامر أن كل تكبيرة كركعة، والمسبوق لا يبدأ بما فاته ..... ثم يكبران ما فاتهما بعد الفراغ نسقاً بلا دعاء إن خشيا رفع الميت على الأعناق". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲۱۶/۲، ۲۱۷، سعيد)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادى والعشرون فى صلاة الجنازة، الفصل الخامس فى الصلاة على الميت: ۱۶۴/۱، ۱۶۵، رشيديه)

(وكذا فى البحرالرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۳۲۴/۲، ۳۲۵، رشيديه) ..... =

Made Se[redacted]ools.com Made searchable using ScribeTools.com

حدیث ہے یا کسی کا مقولہ؟ بعض لوگ کہتے ہیں کہ گڑبڑ مسئلہ ہے اس سے انتشار ہوتا ہے۔

الجواب حامداًومصلیاً:

یہ مسئلہ کبیری، ص: ۵۴۵، میں بھی اس طرح ہے:"أفضل صفوف الرجال فی الجنازة آخرها، و فی غیرها أولها إظهاراً للتواضع لتکون شفاعته أو عی للقبول"(۱)۔

صحیح مسائل کتابوں میں چھپے ہوئے ہیں، پڑھائے جاتے ہیں، فتاوی میں لکھے جاتے ہیں، زبانی بتائے جاتے ہیں، عوام میں زیادہ سے زیادہ شائع کئے جاتے ہیں، ان سے کوئی گڑبڑ نہیں، گڑبڑ کا سبب تین چیزیں ہیں: علم نہ ہونا، ناقص علم ہونا، یا پھر طبیعت میں عناد کا ہونا۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

جنازہ میں آخری صف افضل ہونے کی وجہ

سوال[۴۰۸۱]: جنازہ کی نماز میں سب سے پچھلی صف میں کھڑے ہونے کو فقہائے کرام نے افضل قرار دیا ہے۔ زید کا کہنا ہے کہ مردہ سے دوری افضلیت کا باعث بن رہی ہے، لیکن اس کو قیاس تسلیم نہیں کررہا ہے، ایسی صورت میں امام کو سب سے پیچھے کھڑا ہونا چاہیے۔

= (وکذا فی الحلبی الکبیر، کتاب الصلاة، فصل فی الجنائز، الرابع: الصلاة علیه، ص. ۵۸۷، سهیل اکیڈمی، لاهور)

(۱) (الحلبی الکبیر، فصل فی الجنائز، الرابع: الصلوة علیه: ۵۸۸، سهیل اکیڈمی، لاهور)

" و خیر صفوف الرجال أولها فی غیر جنازة". (الدرالمختار). "(قوله: فی غیر جنازة) أما فیها فآخرها إظهاراً للتواضع؛ لأنهم شفعاء، فهو أحری بقبول شفاعتهم، ولأن المطلوب فیها تعدد الصفوف، فلو فضل الأول امتنعوا عن التأخر عند قلتهم". (ردالمحتار، کتاب الصلاة، باب الإمامة: ۱/ ۵۶۹، ۵۷۰، سعید کراچی)

(وکذا فی حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، کتاب الصلاة، فصل: بیان الأحق بالإمامة، ص: ۳۰۷، قدیمی)

الجواب حامداًومصلیاً:

امام کومقتدیوں سے آگے ہونا منصوص ہے(۱)اورتعلیل فی مقابلۃ النص ممنوع ہے(۲)،فقہاء نے پچھلی صف کونماز جنازہ میں جس بناء پرافضل فرمایاہے وہ یہ نہیں جس کوسائل نے تجویز کر کے قیاس شروع کردیا ہے۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبدمحمودغفرلہ،دارالعلوم دیوبند،۲/ ۷/ ۸۹ھ۔

---

(۱) "عن أنس رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: لم یخرج النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ثلثاً، فأقیمت الصلوة فذهب أبو بکر یتقدم، فقال نبی اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم بالحجاب، فرفعه فلما وضح وجه النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ما نظرنا منظراً کان أعجب إلینا من وجه النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم حین وضح لنا، فأومأ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم بیده إلی أبی بکر أن یتقدم، وأرخی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم الحجاب، فلم یقدر علیه حتی مات". (صحیح البخاری، کتاب الأذان، باب أهل العلم والفضل أحق بالإمامة : ۱/ ۹۴، قدیمی)

"قال: سمعت عتبان بن مالک الأنصاری رضی اللہ تعالیٰ عنه، قال: استأذن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فأذنت له، فقال: "أین تحب أن أصلی من بیتک"؟ فأشرت له إلی المکان الذی أحب، فقام وصففنا خلفه، ثم سلم و سلمنا". (صحیح البخاری، کتاب الأذان، باب: إذا زار الإمام قوماً فأمهم: ۱/ ۹۵، قدیمی)

(۲) "والقیاس بمقابلة المنقول مردود". (تبیین الحقائق، کتاب الطهارة، نواقض الوضوء، تحت لفظ: و قهقهة مصل بالغ : ۱/ ۵۵، سعید)

"(ومن شرائط صحة القیاس) ..... والثالث : أن یتعدی الحکم الشرعی الثابت بالنص بعینه إلی فرع هو نظیره، ولا نص فیه، هذا الشرط واحدٌ تسمیة و جملة تفصیلا ..... و قولنا : لا نص فیه؛ لأن التعلیل بموافقة النص لغو للاستغناء عنه و بمخالفته نقض له، فکان باطلاً الخ". (المغنی فی أصول الفقه للإمام جلال الدین عمر بن محمد الخازی، باب القیاس، شروط القیاس، الثالث أن یتعدی الحکم إلی فرع، ص: ۲۹۴، ۲۹۶، مرکز البحث العلمی و إحیاء التراث الإسلامی، مکة المکرمة)

Made searchable using ScribeTools.com

صفوفِ نمازِ جنازہ میں طاق عدد

سوال[۴۰۸۲]: ۱.....نمازہ جنازہ میں طاق عدد کا زیادہ خیال رکھا جاتا ہے، کیا یہ صحیح ہے؟

۲.....پھر اس طاق عدد کو پورا کرنے کے لئے نابالغوں کی صفوں کو بھی شمار کیا جاوے گا یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

۱.....نماز جنازہ میں طاق عدد کی صفوف کا لحاظ رکھا جائے، یہی شرعاً مستحب ہے(۱)۔

۲.....اس طاق عدد کے لحاظ سے نابالغوں کی صف کو بھی شمار کیا جاسکتا ہے(۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۲/۱۷ھ۔

---

(۱) "عن مرثد بن البزنی عن مالک بن هبيرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "مامن میت یموت، فیصلی علیه ثلاثة صفوف من المسلمین، إلا أوجب". : أی استحق الجنة". (أبو داؤد، کتاب الجنائز، باب فی الصف علی الجنازة : ۹۵/۲، امدادیه)

"و یستحب أن یصفوا ثلاثة صفوف حتی لو کانوا سبعةً، یتقدم أحدهم للإمامة و یقف و راءہ ثلاثة و راءهم اثنان، ثم واحد". (الحلبی الکبیر، فصل فی الجنائز، الرابع الصلوة علیه : ۵۸۸، سهیل اکیڈمی)

(و کذا فی الفتاوی العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب الحادی و العشرون فی الجنائز، الفصل الخامس فی الصلاة علی المیت : ۱۶۴/۱، رشیدیه)

(۲) اس لئے کہ روایات میں منجملہ صفوفِ شرعیہ میں سے نابالغوں کے صفوف کو بھی شمار کیا گیا ہے۔

"عن عبد الرحمن بن غنم قال: قال أبو مالک الأشعری رضی الله تعالیٰ عنه: ألا أحدثکم بصلاة النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم؟ قال: فأقام الصلوة فصف الرجال و صف الغلمان خلفهم، ثم صلی بهم، فذکر صلاته، ثم قال: هکذا صلوة". (سنن أبی داؤد، کتاب الصلاة، باب مقام الصبیان من الصف : ۱۰۵/۱، امدادیه)

"و لو اجتمع الرجال والنساء والصبیان الخناثی والصبیات والمراهقات، فأرادوا أن یصطفوا للجماعة، یقوم الرجال صفاً مما یلی الإمام، ثم الصبیان بعد هم، ثم الخناثی، ثم الإناث، ثم الصبیات المراهقات، الخ". (بدائع الصنائع، کتاب الصلاة فصل: وأما بیان مقام الإمام والمأموم : ۳۹۲/۱، رشیدیه) ..... =

نماز جنازہ کی صفوف میں فصل

سوال[۴۰۸۳]: جگہ کے رہتے ہوئے بغیر کسی عذر کے جنازہ کی نماز میں مل کر کھڑا ہونا چاہیے، یا جس طرح نماز میں ایک صف کی جگہ رہتی ہے اتنی ہی جگہ چھوڑنی چاہیے؟ اگر مل کر بغیر کسی عذر کے کھڑا ہو تو کوئی خاص خرابی تو نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

صلوۃِ مطلقہ میں رکوع سجدہ ہوتا ہے، دوصفوں کے درمیان اتنی خالی جگہ چھوڑی جاتی ہے کہ رکوع سجدہ سنت کے موافق ادا ہو سکے، نماز جنازہ میں اس کی ضرورت نہیں، قریب قریب صفیں ہوں تب بھی درست ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۰/ ۷/ ۸۹ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، ۲/ ۷/ ۸۹ھ۔

نماز جنازہ کی صفوف میں کتنی جگہ رہے؟

سوال[۴۰۸۴]: جنازہ کی نماز میں صف بندی کرنا قائم مقائم رکوع وسجود کے جگہ چھوڑنا کیسا ہے؟ نماز جنازہ میں سلام پھیرنے کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنا کیا حرام ہے؟ اور جس نے ایسا کیا اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟ یہاں لوگوں میں بہت تکرار ہے، کچھ لوگوں نے کہدیا کہ یہ دیوبندی عقائد کی مسجد ہے، بریلی عقائد

= "(یصف) ..... (الرجال) ظاهره یعم العبد (ثم الصبیان) ظاهره تعددهم، فلو واحد أدخل الصف (ثم الخناثی ثم النساء)". (الدرالمختار، کتاب الصلاة، باب الإمامة: ۱/ ۵۷۱، سعید)

(و کذا فی تبیین الحقائق، کتاب الصلاة، باب الإمامة: ۱/ ۳۵۰، دار الکتب العلمیة، بیروت)

(۱) **سوال**: مشہور ہے کہ جنازہ کی نماز میں صف بندی کرتے وقت صفوں کے درمیان ایک سجدہ کی جگہ چھوڑنی چاہیے اس کی کیا اصل ہے؟

الجواب: اس کی کچھ اصل نہیں ہے اور کچھ ضرورت نہیں ہے۔ فقط۔

(فتاوی دار العلوم دیوبند، کتاب الجنائز، فصل خامس: نماز جنازہ، سوال نمبر: ۲۸۱۷، : ۵/ ۲۰۳، دارالاشاعت کراچی)

Made searchable using ScribeTools.com

کا جو بھی نام لے گا قتل کر دیا جائے گا اور مسجد میں بریلی عقائد کے لوگ نماز نہیں پڑھ سکتے، اس بارے میں کچھ لوگ امام کے ساتھ ہیں اور کچھ مخالف ہیں۔ براہ کرم جواب تفصیل سے عنایت فرمائیں۔

الجواب حامداًومصلیاً:

نماز جنازہ میں نہ رکوع ہے نہ سجدہ، لہذا صف بندی کے وقت رکوع سجدہ کی جگہ چھوڑنا بے محل ہے(۱)۔ نماز جنازہ میں میت کیلئے مستقل دعاء موجود ہے بلکہ دعاء ہی کیلئے نماز جنازہ مشروع ہوئی ہے کہ حمد وثنا اور درود شریف (پہلی تکبیر کے بعد) پڑھ کر میت کے لئے دعاء کی جائے، سلام پھیر کر ہاتھ اٹھا کر دعاء کرنا ثابت نہیں، خلاصۃ الفتاویٰ وغیرہ میں اس کو منع فرمایا گیا ہے، یہ مکروہ ہے(۲)۔ جو شخص مسجد میں نماز کے لئے آئے اور سنت کے موافق نماز پڑھے خلافِ سنت امور نہ پھیلائے، جھگڑا نہ کرے فتنہ نہ اٹھائے، اس کو مسجد میں آنے سے نہ روکا جائے خواہ دیوبندیوں کی مسجد ہو خواہ بریلویوں کی (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۷/۱/۹۴ھ۔

---

(۱) **سوال**: ''مشہور ہے کہ جنازہ کی نماز میں صف بندی کرتے وقت صفوں کے درمیان ایک سجدہ کی جگہ چھوڑنی چاہیے، اس کی کیا اصل ہے؟

الجواب: اس کی کچھ اصل نہیں ہے اور کچھ ضرورت نہیں ہے۔ فقط''۔

(فتاوی دار العلوم دیوبند، کتاب الجنائز، فصل خامس : نماز جنازہ (سوال نمبر:۲۸۱۷): ۲۰۳/۵، دار الاشاعت کراچی)

(۲) ''لا یقوم بالدعاء بعد صلوۃ الجنازۃ'' (خلاصۃ الفتاوی، الفصل الخامس والعشرون فی الجنائز، نوع منه: إذا اجتمعت الجنائز : ۲۲۵/۱، رشیدیه کوئٹه)

''و لا یدعو للمیت بعد صلاۃ الجنازۃ؛ لأنه یشبه الزیادۃ فی صلاۃ الجنازۃ''. (مرقاۃ المفاتیح، کتاب الجنائز، باب المشی بالجنازۃ والصلاۃ علیها، الفصل الثالث، (رقم الحدیث: ۱۶۸۷): ۱۷۰/۴، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاوی البزازیۃ علی هامش الفتاوی العالمکیریۃ، کتاب الجنائز، الخامس والعشرون فی الجنائز، و فیه الشهید : ۸۰/۴، رشیدیه)

(۳) قال اللہ تعالیٰ : ﴿و من أظلم ممن منع مساجد اللہ أن یذکر فیها اسمه﴾. (سورۃ البقرۃ: ۱۱۴)

''عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما: أن قریشاً منعوا النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم الصلاۃ =

Made Searchable by ScribeTools.com

صفوفِ جنازہ میں بچوں کی صف

سوال[۴۰۸۵]: اگر بالغ مردوں کی آخری صف کو پورا کرنے کے لئے بچوں کو دونوں کناروں سے کھڑا کرلیا جائے تو کیا حکم ہے؟ ایسا کرنا صحیح ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اس کی کیا ضرورت ہے، ان کی صف مستقل بنادی جائے (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۲/۱۷ھ۔

حضورِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نمازِ جنازہ

سوال[۴۰۸۶]: رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جنازہ کی نماز کس نے پڑھائی ہے؟ جبکہ یہ مسلّمات میں سے ہے کہ انبیاء علیہم السلام جہاں مرتے ہیں وہیں دفن ہوتے ہیں۔

= عند الكعبة فى المسجد الحرام، فأنزل الله تعالىٰ: ﴿و من أظلم ممن منع مساجد الله﴾. (تفسير ابن كثير: ۱/۱۵۶، سهيل اكيڈمى لاهور)

(۱) نماز جنازہ میں تعدد صفوف مطلوب ہے، البتہ اگر ایک بچہ ہے تو بڑوں کے ساتھ کھڑے ہونے کی بھی گنجائش ہے: "عن ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم مر بقبر دفن ليلاً، فقال: "متى دفن هذا؟" فقالوا: البارحة، قال: "أفلا آذنتمونى"؟ قالوا: دفناه فى ظلمة الليل، فكرهنا أن نوقظك، فقام فصففنا خلفه -قال ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما: وأنا فيهم- فصلى عليه". (صحيح البخارى، كتاب الجنائز، باب صفوف الصبيان مع الرجال على الجنائز: ۱/۱۷۶، قديمى)

"خير صفوف الرجال أولها غير الجنازة". (الدرالمختار). "(قوله: غير الجنازة)، أما فيها، فآخرها إظهاراً للتواضع؛ لأنهم شفعاء، فهو أحرى بقبول شفاعتهم، ولأن المطلوب فيها تعدد الصفوف، فلو فضل الأول امتنعوا عن التأخر عند قلتهم". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الإمامة: ۱/۵۶۹، ۵۷۰، سعيد)

"وفى القنية: أفضل صفوف الرجال فى الجنازة أخرها، وفى غيرها أولها إظهاراً للتواضع لتكون شفاعته أدعىٰ للقبول، انتهى". (الحلبى الكبير، كتاب الجنائز: ۵۸۸، سهيل اكيڈمى لاهور)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

حضرت رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نماز جنازہ میں امام کوئی نہیں تھا، بلا امام ہی لوگ آتے رہے نماز پڑھتے رہے، یہی وصیت تھی، اتحاف السادۃ المتقین: ۱۰/۳۰۴(۱) فتح الباری (۲) عمدۃ القاری (۳) وغیرہ میں روایات موجود ہیں۔ باب وفات النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم مستقلاً کتب حدیث میں منعقد کیا جاتا ہے، اس کے ذیل میں شراح حضرات تفصیل سے ایک ایک چیز کے متعلق روایات نقل فرماتے ہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۰/۲/۲۶ھ۔

---

(۱) "وعن عبد الله بن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه قال: نعی لنا نبینا و حبیبنا نفسه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ..... قلنا: فمتی الأجل قال: "دنا الأجل، والمنقلب إلی الله، وإلی السدرة المنتهی، وإلی جنة المأوی، وإلی الکأس، والأوفی، والرفیق الأعلی، والعیش الأهنأ". قلت: فمن یغسلک؟ قال: "رجالٌ من أهل بیتی الأدنی فالأدنی". قلنا: ففیما نکفنک؟ قال: "فی ثیابی هذه أوفی بیاض مصر أو حلة یمانیة" قلنا: فمن یصلی علیک ؟ قال: فبکی وبکینا، فقال: "مهلاً، غفر الله لکم و جزاکم عن نبیکم خیراً، إذا غسلتمونی و کفنتمونی، فضعونی علی سریری فی بیتی هذا علی شفیر قبری هذا، ثم اخرُجوا عنی ساعةً، فأول من یصلی علیَّ خلیلی و جلیسی جبریل، ثم میکائیل، ثم إسرافیل، ثم ملک الموت و جنوده من الملائکة بأجمعها، ثم ادخلوا علیَّ فوجاً فوجاً، فصلوا علیَّ، وسلّموا تسلیماً، ولا تؤذونی بتزکیة و لا بصیحة و لا رنّة ولیبدأ بالصلاة علیَّ رجال أهل بیتی و نساؤهم، ثم أنتم بعدُ". الحدیث. (مختصر اتحاف السادة المهرة بزوائد المسانید العشرة، تالیف أبی العباس أحمد بن أبی بکر الشهیر بالبوصیری، باب فی فرضه و وصیته و وفاته و غسله و تکفینه و الصلاة علیه الخ : ۹/۱۲۵، مکتبه عباس أحمد الباز مکة المکرمة)

(وکذا فی إتحاف السادة المتقین بشرح إحیاء علوم الدین، کتاب ذکر الموت ومابعده، الباب الرابع فی وفاة رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم الخ: ۱۴/۱۳۶، ۱۳۷، دارالکتب العلمیة، بیروت)

(۲) (فتح الباری،

(۳) (عمدة القاری،

جنازۂ نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر نماز کی کیفیت

سوال[۴۰۸۷]: حضرت ابن مسعود روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے فرمایا: ''جب تم مجھ کو نہلا کر کفناؤ تو چار پائی میرے اس حجرے میں قبر کے کنارے پر رکھ کر ذرا ایک ساعت کے لئے باہر چلے جانا کہ اول جو مجھ پر نماز پڑھے گا وہ میرا پروردگار جل شانہ ہے کہ وہ اور اس کے فرشتے رحمت بھیجتے رہتے ہیں''(۱)۔(از مذاق العارفین ترجمہ احیاء العلوم الدین، جلد چہارم، باب دہم، موت کے ذکر میں، باب الوفات، ص:۸۷۴ سے ۸۷۵، مترجم مولانا محمد احسن صدیقی نانوتوی)

مندرجہ بالا عبارت یہاں مستقل فتنہ کا سبب بنی ہوئی ہے جس میں صراحۃً مذکور ہے: ''اول جو مجھ پر نماز پڑھے گا وہ میرا پروردگار جل شانہ ہے''۔ کیا واقعی معبودِ حقیقی نے بھی محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر نماز پڑھی ہے جبکہ سب بندے، بلکہ خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی اس (اللہ تعالیٰ) کی نماز پڑھتے ہیں اور اب بھی اس کی نماز پڑھی جاتی ہے؟ نیز اللہ رب العزت اور فرشتوں کی نماز کیلئے سب کا باہر جانا کیوں ضروری ہے وہ تو غیر محسوس اور غیر مرئی ہیں، صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے رہتے ہوئے بھی نماز پڑھ سکتے ہیں؟

اصل عبارت ملاحظہ فرما کر واضح فرمائیں کہ یہ مترجم کی غلطی ہے یا مصنف کا یہی مطلب ہے، نوازش ہوگی اگر جواب میں اصل عبارت تحریر فرمائیں کیونکہ ہمارے پاس اصل کتاب نہیں صرف اس کا ترجمہ ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

طبقات ابن سعد میں روایت ہے، واقدی راوی ہیں اور ضعیف ہیں، نیز مرسل ہے، علامہ عراقی نے تخریج میں ایسا ہی فرمایا ہے، كما في هامش إحياء العلوم، ص: ٤٠٠ (٢)۔ یہاں الفاظ یہ ہیں:

"إذا غسلتموني و كفنتموني، فضعوني على سريري في بيتي هذا على شفير قبري، ثم

---

(۱) "أخرجه ابن سعد في الطبقات الكبرى، باب ذكر الصلوة على رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ۲/۲۸۸، ۲۸۹، دار صادر، بيروت)

(۲) (مذاق العارفين ترجمه إحياء علوم الدين مترجم مولانا محمد حسن نانوتويؒ، دسواں باب: موت اور مابعد الموت، فصل چہارم: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین کی وفات کا ذکر: ۴/۷۶۱، مکتبہ رحمانیہ، اردو بازار لاهور)

Made searchable using ScribeTools.com

حوا عنی ساعةً، فإن أول یصلی علیَّ اللّٰه عزوجل: ﴿هو الذی یصلی علیکم و ملائکته﴾، ثم یأذن للملائکة فی الصلوة علیّ، فأول من یدخل علیَّ من خلق اللّٰه و یصلی علیّ جبرئیل، ثم میکائیل، ثم إسرافیل، ثم ملك الموت مع جنود کثیرة، ثم الملائکة بأجمعها –صلی اللّٰه تعالیٰ علیهم وسلم أجمعین - ثم أنتم، فادخلوا علیَّ أفواجاً، فصلوا علیّ أفواجاً زمرةً زمرةً، و سلموا تسلمیاً اهـ". إحیاء العلوم، ص: ٤٠٠ (١)۔

عبارت میں لفظ ''صلوۃ'' ہے جب صلوۃ کو اللہ تعالیٰ کی جانب منسوب کیا جاتا ہے تو اس سے رحمت مراد ہوتی ہے، یہی حق تعالیٰ شانہ کے شان کے لائق ہے، یہ مراد نہیں کہ اللہ تعالیٰ رفعِ یدین کر کے تکبیر کہہ کر ہاتھ باندھیں گے اور "سبحانك اللهم" بطریقِ معروف پڑھیں گے، قرآن کریم میں وارد ہے: ﴿إن اللّٰه وملائکته یصلون علی النبی﴾ (۲) غلط فہمی کو رفع کر دیا جائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۹/ ۸/ ۹۰ھ۔

---

(۱) قال زین الدین العراقی تحت هذا الحدیث: " حدیث ابن مسعود رضی اللّٰه تعالیٰ عنه ..... رواه ابن سعد فی الطبقات عن محمد بن عمر –وهو الواقدی– بإسناد ضعیف إلی ابن عون عن ابن مسعود رضی اللّٰه تعالیٰ عنه، و هو مرسل ضعیف". (إحیاء علوم الدین للإمام أبی حامد محمد بن محمد الغزالی، الباب الرابع فی وفاة رسول اللّٰه صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم والخلفاء الراشدین ..... اهـ: ۴/ ۴۷۱، دار إحیاء التراث العربی بیروت)

(وکذا فی البدایة والنهایة، فصل فی ذکر الوقت الذی توفی فیه رسول اللّٰه صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم، کیفیة الصلاة علیه صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم: ۴/ ۲۴۲، دار الفکر بیروت)

(وکذا فی الطبقات الکبری لابن سعد، باب ذکر الصلاة علی رسول اللّٰه صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم: ۲/ ۲۸۸–۲۹۰، دار صادر، بیروت)

(۲) (سورة الأحزاب: ۵۶)

"قال أبو العالیة: صلوة اللّٰه ثناء ه علیه عند الملائکة، و صلوة الملائکة الدعاء، الخ". (صحیح البخاری، کتاب التفسیر، باب قوله: (إن اللّٰه و ملائکته یصلون) الآیة: ۲/ ۷۰۷، قدیمی)

قال أبو عیسی الترمذی: "و روی عن سفیان الثوری وغیر واحد من أهل العلم قالوا: صلوة =

جنازۂ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نماز

سوال[۴۰۸۸]: اگر بحکمِ رسول، حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نائبِ رسول تھے تو بعدِ رسول ساری ذمہ داریاں حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر عائد تھیں۔ یہاں تک کہ نماز وغیرہ۔ پھر جنازۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز سب نے الگ الگ کیوں پڑھی؟ حالانکہ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے انتقال کے بعد حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا پہلا کام یہ تھا کہ رسول کے جنازہ کی نماز باجماعت پڑھائیں اور دفن کریں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جنازہ کا ولی اگر نمازِ جنازہ پڑھ لے تو پھر کسی کو یہ حق نہیں رہتا کہ اس جنازے کی نماز پڑھے(۱)۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اگر اول ہی جماعت سے نماز پڑھا دیتے تو بے شمار صحابہ کرام اس سعادت سے محروم رہ جاتے۔ اس لئے ایسا نہیں کیا گیا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

جنازۂ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں کتنے آدمی تھے؟

سوال[۴۰۸۹]: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جنازہ کی نماز میں کتنے اشخاص شریک ہوئے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جنازۂ مقدسہ کی نماز اگر جماعت کے ساتھ بیک وقت ہوتی تو ممکن تھا کہ شرکت کرنے والوں کا تخمینہ

= الرب الرحمة، وصلوة الملائكة الاستغفار". (جامع الترمذی، أبواب صلوة الوتر، باب ما جاء فی فضل الصلوة علی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: ۱/۱۱۰، سعید)

والتفصیل فی: (ابن کثیر ۳/۵۰۶، سهیل الکیڈمی لاهور)

(۱) "(وإن صلی هو) أی، الولی (بحق) بأن لم یحضر من یقدم علیه (لایصلی غیره بعده)". (الدرالمختار: ۲/۲۲۳، کتاب الصلوة، باب الجنازه".

"وإن صلی علیه الولی لم یجز لأحد أن یصلی بعده". (الفتاویٰ العالمکیریة: ۱/۱۶۴، کتاب الصلوة، الباب الحادی والعشرون، الفصل الخامس، رشیدیه)

Made Se[redacted]ools.com Made searchable using ScribeTools.com

کرلیا جاتا، مگر وہاں تو بغیر امام کے ہی لوگ آ کر نماز پڑھتے رہے جن کی کوئی تعداد نہیں بتائی جاسکتی، نماز کی یہ صورت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی تجویز سے تھی (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

جنازۂ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں تاخیر کی وجہ

سوال[۴۰۹۰]: جنازہ کے بعد دعاء کے لئے ایک منٹ کا ٹھہرنا بھی جناب نے خلاصۃ الفتاویٰ کی

---

(۱) "عن ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال: لما مات رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم أدخل الرجال، فصلوا علیه بغیر إمام إرسالاً حتی فرغوا، ثم أدخلوا النساء فصلین علیه، ثم أدخل الصبیان فصلوا علیه، ثم أدخل العبید فصلوا علیه إرسالاً، لم یؤمهم علی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم أحد".

"قال: حدثنا الواقدی : ..... عن أبیه عن جده : لما أدرج رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی أکفانه، وضع علی سریره، ثم وضع علی شفیر حجرته، ثم کان الناس یدخلون علیه رفقاً رفقاً، لا یؤمهم أحد". قال الواقدی : ..... وجدت صحیفة کتاباً بخط أبی، فیه أنه لما توفی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ووضع علی سریره، دخل أبو بکر و عمر و معهما نفرٌ من المهاجرین والأنصار قدر ما یسع البیت، وقالا: السلام علیک أیها النبی و رحمة الله و برکاته، وسلم المهاجرون و الأنصار کماسلم أبو بکر، ثم صفوا صفوفاً لا یؤمهم علیه أحدٌ، فقال أبوبکر و عمر رضی الله تعالیٰ عنهما –وهما فی الصف الأول، حیال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم–: اللّٰهم إنا نشهد إن قد بلغ ما أنزل إلیه، ونصح لأمته، وجاهد فی سبیل الله ..... فیخرجون و یدخل آخرون، حتی صلی علیه الرجال، ثم النساء، ثم الصبیان". (دلائل النبوة و معرفة أحوال صاحب الشریعة للبیهقی، باب ما جاء فی الصلاة علی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : ۷/۲۵۰، ۲۵۱، دار الکتب العلمیة بیروت)

(وکذا فی البدایة والنهایة للحافظ ابن کثیر، فصل : ذکر الوقت الذی توفی فیه رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم الخ، کیفیة الصلاة علیه : ۵/۲۶۵، دار الفکر، بیروت)

عبارت: " ولا يقوم بالدعاء بعد صلوة الجنازة، اھ" (۱) کی رو سے ممنوع بتایا ہے، مگر کتابوں سے ثابت ہوتا ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نماز کے بعد جنازہ ٹھہرایا گیا ہے اور دو روز تک نماز جنازہ جو دعاء ہی ہے برابر پڑھی گئی ہے اور حدیث میں: "أسرعو بالجنائز" (۲) نماز جنازہ کے بعد ٹھہرنے کے لئے مانع ہوتی ہے تو حضرات صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین ہرگز نماز جنازہ کے بعد دو روز تک نماز جنازہ کو نہ روکے رکھتے۔ لہذا اس کے متعلق اگر کوئی حدیث صریح ہو تو نقل فرمایئے ورنہ یہ تو تحریر فرمادیں کہ اس کے متعلق کوئی حدیث صریح نہیں ہے، اگر حدیث صریح ہے تو صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے اس پر عمل کیوں نہیں کیا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خصوصیت تھی:

" أخرج ابن سعد"(۳) وابن منيع والحاكم والبيهقى والطبرانى فى الأوسط: عن ابن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه قال: لما ثقل رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، قلنا: من يغسلك يارسول الله! -صلى الله تعالىٰ عليه وسلم-؟ قال:"رجالٌ من أهل بيتى الأولىٰ فالأولىٰ مع ملائكة كثيرة يرونكم من حيث لا ترونهم" قلنا: من يصلى عليك؟ قال: "إذا غسلتمونى و حنطتمونى و كفنتمونى، فضعونى على سريرى هذا على شفير قبرى، ثم اخرُجوا عنى ساعةً، فإن أول من يصلى علىَّ جبرئيل، ثم ميكائيل، ثم إسرافيل، ثم ملك الموت مع جنود من الملائكة، ثم ليصل علىَّ أهل بيتى، ثم ادخلوا علىّ أفواجاً و فرادىٰ". قلنا: فمن يدخلك قبرك؟ قال: "أهلى مع ملائكة كثير ين

---

(۱) (خلاصة الفتاوىٰ، كتاب الصلوة، الفصل الخامس والعشرون فى الجنائز، نوع منه: إذا اجتمعت الجنائز: ۱/۲۲۵، رشيديه)

(۲) والحديث بتمامة: "عن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه عن النبى صلى الله عليه وسلم قال: "أسرعوا بالجنازة، فإن تك صالحةً فخير تقدمونها، وإن تك سِوا ذلك، فشرٌّ تضعونه عن رقابكم". (صحيح البخارى، كتاب الجنائز، باب السرعة بالجنازة: ۱/۱۷۶، قديمى)

(۳) (أخرجه ابن سعد فى الطبقات الكبرى، باب ذكر الصلوة على رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ۲/۲۸۸، ۲۸۹، دار صادر، بيروت)

Made searchable using ScribeTools.com

یرونکم من حیث لا ترونهم، اهـ". خصائص کبری: ۲/۲۷۶(۱)۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چچاؤں پر نمازِ جنازہ

سوال[۴۰۹۱]: سرورعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کتنے چچا تھے جس میں صرف دو چچا ایمان لائے تھے، حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور بقیہ سات یا نَو ایمان نہیں لائے تھے، ابولہب وابوطالب ان کے جنازہ میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شرکت کی تھی یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

گنتی تو آپ کو خود بھی معلوم ہے جیسا کہ تحریر کررہے ہیں۔ صلوۃ جنازہ کے لئے میت کا اسلام شرط ہے، کذا فی البحر: ۱/۱۷۹(۲)۔ ابتداءً منافقین کے ساتھ ظاہری طور پر مسلمانوں جیسا معاملہ کیا جاتا تھا، جب عبداللہ

---

(۱) (الخصائص الكبرى للشيخ جلال الدين السيوطى ، باب اختصاصه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بالصلاةعليه إفراداً بغير إمام و بغير دعاء الجنازة المعروف الخ : ۲/۴۸۴، مكتبه حقانيه پشاور)

"عن ابن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه فى وصية النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أن يغسله رجال أهل بيته وأنه قال: "كفنونى فى ثيابى هذه أو فى يمانية أو بياض مصر"، وإنه إذا كفنوه يضعونه على شفير قبره ثم يخرجون عنه حتى تصلى عليه الملائكة، ثم يدخل عليه رجال أهل بيته فيصلون عليه ثم الناس بعدهم فرادىٰ". الحديث. (البداية والنهاية فصل فى ذكر الوقت الذى توفى فيه رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الخ، كيفية الصلاة عليه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : ۴/۲۴۲، دار الفكر بيروت)

وانظر للتفصيل: (مختصر السادة المهرة بزوائد المسانيد العشرة، للشيخ أبى العباس أحمد بن أبى بكر الشهير بالبوصيرى، باب فى مرضه و وصيته و وفاته و غسله و تكفينه و الصلاة عليه الخ : ۹/۱۲۵، مكتبه عباس أحمد الباز)

(۲) "(وشرطها إسلام الميت و طهارته) فلا تصح على الكافر". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته : ۲/۳۱۴، رشيديه)

وقال الله تعالىٰ :﴿ و لا تصل على أحد منهم مات أبداً، و لا تقم على قبره، إنهم كفروا بالله ورسوله، و ماتوا وهم فاسقون﴾ (سورة التوبة : ۸۴)

"قال رحمه الله : (و شرطها): أى شرط الصلاة عليه (إسلام الميت و طهارته)، أما الإسلام فلقوله تعالىٰ:=

بن اُبی بن سلول کا واقعہ پیش آیا تو اس کے بعد منافقین پر بھی صلوۃ جنازہ کی ممانعت ہوگئی (۱) اور کفار پر تو صلاۃ جنازہ کبھی پڑھی نہیں گئی۔ ابولہب نے ہمیشہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اذیت پہنچائی حتی کہ ﴿تبت یدا أبی لهب﴾ الخ، اسی کی مذمت اور وعید میں نازل ہوئی جس میں اس کے دوزخی ہونے کو صاف صاف فرمایا گیا (۲)۔ ابوطالب کی موت کا قصہ صحیح بخاری شریف میں موجود ہے (۳)۔

= ﴿ولا تصل على أحد منهم مات أبداً، و لا تقم على قبره﴾ يعنى المنافقين و هم الكَفَرة، ولأنها شفاعة للميت إكراماً له و طلباً للمغفرة، والكافر لا تنفعه الشفاعة و لا يستحق الإكرام". (تبيين الحقائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته : ۱/۵۷۲، دار الكتب العلمية، بيروت)

(وكذا فی الدر المختار ، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۲۰۷، سعيد)

(۱) "عن ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما، عن عمر بن الخطاب رضى الله تعالىٰ عنه أنه لما مات عبد الله بن أبىّ بن سلول، دُعى له رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ليصلى عليه، فلما قام رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و ثبت إليه، فقلت: يا رسول الله! أتصلى على ابن أبىّ و قد قال يوم كذا و كذا، كذا وكذا، أعدّد عليه قوله..... "لو أعلم أنى إن زدت على السبعين يُغفر له، لزدت عليها". قال: فصلى عليه رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، ثم انصرف، فلم يمكث إلا يسيراً حتى نزلت الآيتان من برآءة: ﴿ولا تصل على أحد منهم مات أبداً، ولا تقم على قبره ..... و هم فاسقون﴾ ..... قال: فعجبت بعد من جرأتى على رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يومئذ. والله و رسوله أعلم". (صحيح البخارى، كتاب الجنائز، باب ما يكره من الصلاة على المنافقين : ۱/۱۸۲، قديمى)

(۲) (سورة اللهب: ۱)

"عن ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما أن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم خرج إلى البطحآء فصعد إلى الجبل، فنادى: "يا صباحاه!". فاجتمعت إليه قريش، فقال: "أرأيتم إن حدثتكم أن العدو مصبحكم أو ممسيكم أكنتم تصدقونى"؟ قالوا: نعم، قال: "فإنى نذيرٌ لكم بين يدى عذاب شديد". فقال أبو لهب: ألهذا جمعتنا، تباً لك؟ فأنزل الله. ﴿تبت يدا أبى لهب﴾ إلى آخرها". (صحيح البخارى، كتاب التفسير، باب قوله تعالىٰ: ﴿و تب، ماأغنى عنه ماله و ما كسب﴾ : ۲/۷۴۳، قديمى)

(۳) "عن ابن المسيب عن أبيه أن أبا طالب لما حضرته الوفاة دخل عليه النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و عنده أبوجهل، فقال: "أى عم! قل: لا إله إلا الله كلمة أحاجّ لك بها عند الله". فقال أبوجهل و عبد الله بن أبى أمية: يا أبا طالب! أترغب عن ملة عبد المطلب ؟ فلم يزالا يكلمانه حتى قال آخر شىء كلمهم به:=

Made searchable using ScribeTools.com

فتح الباری میں لکھا ہے کہ ''ابو طالب کے مرنے پر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی، آپ کا گمراہ چچا مرگیا تو آپ نے فرمایا: ''جا، اسے دبادے'' انہوں نے عرض کیا کہ وہ مشرک مرا ہے، آپ نے پھر بھی فرمایا: ''جا، اسے دبادے'' (۱) اور اسی سال میں حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وفات ہوئی اور حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وفات تک صلوۃ جنازہ مشروع نہیں ہوئی تھی، کذا فی الطحطاوی(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

= على ملة عبد المطلب، فقال النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "لأستغفر لک ما لم أُنهَ عنه" فنزلت: ﴿ما كان للنبى والذين آمنوا أن يستغفروا للمشركين و لو كانوا أولى قربىٰ من بعد ما تبين لهم أنهم أصحاب الجحيم﴾. (سورةالتوبة : ۱۱۳) "و نزلت: ﴿إنک لا تهدى من أحببت﴾. (سورة القصص: آيت :۵۶)

(صحيح البخارى، كتاب مناقب الأنصار، باب قصة أبى طالب : ۱/۵۴۸، قديمى)

(۱) "وابن الجارود من حديث على رضى الله تعالىٰ عنه، قال: لما مات أبو طالب قلت: يا رسول الله! إن عمک الشيخ الضال قدمات، قال: اذهب فواره"، قلت : إنه مات مشركاً، فقال : "اذهب فواره". الحديث". (فتح البارى، كتاب مناقب الأنصار، باب قصة أبى طالب : ۷/۲۴۷، قديمى)

(ورواه أبو داؤد فى سننه فى كتاب الجنائز ، باب الرجل يموت له قرابة مشرک : ۲/۱۰۲، امداديه)

(ورواه النسائى فى سننه فى كتاب الجنائز، باب مدارة المشرک : ۱/۲۸۳، قديمى)

وانظر للتفصيل: (السيرة النبوية لابن هشام ، وفاة أبى طالب و خديجة رضى الله تعالىٰ عنها : ۲/۵۷، ۵۸، مصطفى البابى الحلبى، بمصر)

(۲) "قال الواقدى: لم تكن شرعت يوم موت خديجة رضى الله تعالىٰ عنها، و موتها بعد النبوة بعشر سنين على الأصح". (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح ، أحكام الجنائز، فصل: الصلاة عليه، ص: ۵۸۰، قديمى)

"عن ابن اسحاق قال: ثم إن خديجة بنت خويلد رضى الله تعالىٰ عنها وأباطالب ماتا فى عام واحد، فتتابعت على رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم المصائب بهلاک خديجة وأبى طالب، وكانت خديجة وزيرة صدق على الإسلام كان يسكن إليها، قلت: بلغنى أن موت خديجة كان بعد موت أبى طالب بثلاثة أيام، والله اعلم".

"قال الدكتور عبد المعطى قلعجى تحت هذا الحديث : " روى عن حكيم بن حزام أنها=

Made Searchable by ScribeTools.com

حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پر نمازِ جنازہ

سوال[۴۰۹۲]: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ کی نماز جنازہ نہیں پڑھی گئی، کیا اس وقت نماز جنازہ کے متعلق احکام نازل نہیں ہوئے تھے؟ یا بعد نزولِ وحی قبر پر نماز جنازہ پڑھی گئی یا نہیں، جیسا کہ شاہ نامۂ حفیظ جالندہری میں ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

شاہ نامۂ حفیظ میرے پاس نہیں۔حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وفات کے وقت نماز جنازہ مشروع نہیں ہوئی تھی، طحطاوی، ص:۳۱۸(۱)، جن کا انتقال مکہ معظّمہ میں ہوا ان پر نماز جنازہ نہیں پڑھی، كذا في أوجز المسالك: ۱/۴۲۱ (۲)۔آپ کی قبر پر نماز کا پڑھا جانا میری نظر سے نہیں گزرا، آپ کا انتقال ہجرت سے کئی سال قبل مکہ معظّمہ میں ہوا، الإكمال، ص: ۹ (۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف غفرلہ۔

= توفيت سنة عشر من البعثة بعد خروج بنى هاشم من الشعب، ودفنت بالحجون، ونزل رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قبرها، ولم تكن الصلاة على الجنازة شرعت". (التعليق على دلائل النبوة و معرفة أحوال صاحب الشريعة للبيهقى، باب وفاة خديجة بنت خويلد زوج رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و رضى عنها: ۲/۳۵۲، ۳۵۳، دار الكتب العلمية بيروت)

"وقال محمد بن إسحاق: ماتت خديجة رضى الله تعالىٰ عنها وأبو طالب فى عام واحد". (البداية والنهاية، فصل فى موت خديجة بنت خويلد رضى الله تعالىٰ عنها: ۳/۱۲۷، دار الفكر، بيروت)

(۱) "قال الواقدى: لم تكن شرعت يوم موت خديجة رضى الله تعالىٰ عنها، وموتها بعد النبوة بعشر سنين على الأصح". (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، أحكام الجنائز، فصل: الصلاة عليه، ص: ۵۸۰، قديمى)

(۲) "و فى أنوار الساطعه: شرعت صلوة الجنازة بالمدينة المنورة فى السنة الأولى من الهجرة، فمن مات بمكة المشرفة، لم يصل عليه". (أوجز المسالك شرح مؤطا الإمام مالك، كتاب الجنائز: ۴/۱۹۱، إداره تاليفات اشرفيه، ملتان)

(۳) "خديجة بنت خويلد رضى الله تعالىٰ عنها، هى أم المؤمنين خديجة بنت خويلد ابن أسد القرشية =

Made searchable using ScribeTools.com

مقروض کے جنازہ کی نماز

سوال[۴۰۹۳]: نماز جنازہ کن کن مسلمانوں کی نہیں پڑھنی چاہیئے؟ ایک حافظِ قرآن جو کہ حفظِ قرآن کے سوا اَور کچھ نہیں جانتے ہیں، انہوں نے ایک حدیث بیان کی کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے روبرو ایک جنازہ آیا اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو معلوم ہوا کہ یہ قرضدار ہے، تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کی نماز جنازہ نہیں پڑھائی اور آج مولوی صاحبان ہر کس وناکس کی نماز جنازہ پڑھادیتے ہیں۔ کیا یہ بات صحیح ہے کہ قرضدار کی نماز جنازہ نہیں پڑھانا چاہیئے؟ اور اگر یہ بات غلط ہے تو حافظ صاحب مذکور کے لئے کیا حکم ہے، ان کی امامت میں نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

متعدد آدمیوں کے متعلق فقہاء نے لکھا ہے کہ ان کی نماز جنازہ نہ پڑھی جائے (۱)، آنحضرت صلی

= ..... و ماتت بمكة قبل الهجرة بخمس سنين، وقيل: بأربع سنين، وقيل: بثلث. وكان قد مضى من النبوة عشر سنين، وكان لها من العمر خمس و ستون سنة". (إكمال فى أسماء الرجال لصاحب مشكوة المصابيح شيخ ولى الدين الخطيب الملحق بمشكوة المصابيح، فصل فى الصحابيات، تحت حرف الخاء، ص: ۵۹۳، قديمى)

قال الإمام البيهقى رحمه الله تعالىٰ: "عن ابن إسحاق قال: ثم إن خديجة بنت خويلد رضى الله تعالىٰ عنها وأباطالب ماتا فى عام واحد، فتتابعت على رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم المصائب بهلاك خديجة وأبى طالب، وكانت خديجة وزيرة صدق على الإسلام، كان يسكن إليها، قلت: وبلغنى أن موت خديجة كان بعد موت أبى طالب بثلاثة أيام، والله أعلم". (دلائل النبوة و معرفة أحوال صاحب الشريعة للبيهقى، باب وفاة خديجة بنت خويلد زوج رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و رضى عنها، وما فى أخبار جبريل عليه السلام إياه بما يأتيه به من الآيات: ۲/۳۵۲، ۳۵۳، دار الكتب العلمية بيروت)

(۱) فقہائے کرام نے والدین کے قاتل، بغاۃ، قطاع الطریق اور عصبیت پر قتل ہونے والے کی نماز جنازہ پڑھانے سے منع فرمایا ہے:

"(وهى فرض على كل مسلم مات خلا أربعة: (بغاة و قطاع الطريق)، فلا يغسلوا و لا يصلى عليهم (إذا قتلوا فى الحرب) ..... (وكذا) أهل عصبة ..... (لا) يصلى على (قاتل أحد أبويه) إهانةً له". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۱۰، ۲۱۱، ۲۱۲، سعيد) ..... =

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے جب ایک جنازہ لایا گیا تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ''اس کے ذمہ قرض تو نہیں''؟ عرض کیا گیا کہ ہے، پھر فرمایا کہ ''اس نے اتنا چھوڑا ہے کہ قرض ادا کر دیا جائے''؟ عرض کیا گیا کہ نہیں، اس پر ارشاد فرمایا کہ ''اپنی میت کی نماز خود پڑھ لو''، اس پر ایک صحابی نے کہا کہ میں اس کے قرض کی ذمہ داری لیتا ہوں کہ اس کا قرض میرے ذمہ ہے تب آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز جنازہ پڑھادی''(۱) پھر یہ بھی ہوا کہ جس میت کے ذمہ قرض ہو اس کی ذمہ داری خود لے لی اور نماز پڑھادی (۲)۔ مقروض کے جنازہ کی نماز ممنوع نہیں، حافظ صاحب مذکور غالباً ناواقف ہیں ان کو سمجھا دیا جائے تاکہ وہ اپنی اصلاح کرلیں۔ حدیث پاک میں ارشاد ہے: "صلوا علی کل برٍّ و فاجر" (۳) ہر نیک و بد مسلمان کے جنازے کی نماز پڑھے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۴/ ۸/ ۹۲ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۵/ ۸/ ۹۲ھ۔

= (وكذا في البحر الرائق ، كتاب الصلاة، باب الشهيد : ۲/ ۳۵۰، رشيديه)

(وكذا في تبيين الحقائق ، كتاب الصلاة، باب الشهيد : ۱/ ۵۹۶، دار الكتب العلمية، بيروت)

(۱) "حدثنا سلمة يعني بن الأكوع رضي الله تعالىٰ عنه قال: أتى النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بجنازة، فقالوا: يا نبي الله! صل عليها، قال: "هل ترك عليه دين"؟ قالوا: نعم، قال: "هل ترك من شيء"؟ قالوا: لا، قال صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "صلوا على صاحبكم" قال رجل من الأنصار يقال له أبو قتادة: صل عليه، وعليّ دينه، فصلى عليه". (سنن النسائي، كتاب الجنائز، الصلوة على من عليه دين : ۱/ ۲۷۸، قديمي)

(۲) "عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان إذا توفي المؤمن وعليه دينٌ، فيسأل: "هل ترك لدينه من قضاء" فإن قالوا: نعم، صلى عليه، وإن قالوا: لا، قال صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "صلوا على صاحبكم" فلما فتح الله عزوجل على رسوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "أنا أولى بالمؤمنين من أنفسهم، فمن توفي و عليه دين فعليّ قضاءه، و من ترك مالاً فهو لورثته" (سنن النسائي، الصلوة على من عليه دينٌ: ۱/ ۲۷۹)

(۳) (أخرجه عليّ المتقي بن حسام الدين الهندي في كنز العمال ، الفصل الثالث في أحكام الإمارة =

Made searchable using ScribeTools.com

بے نمازی کے جنازہ کی نماز

سوال[۴۰۹۴]: جس نے اپنی تمام عمر میں نماز نہ پڑھی ہو، یا صرف جمعہ کی نماز پڑھتا ہو اس کی جنازہ کی نماز پڑھنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایسے مسلمان کے جنازہ کی نماز ضرور پڑھنی چاہئے، ہاں! اگر کوئی مقتدیٰ اور بڑا آدمی اس وجہ سے اس کے جنازہ کی نماز نہ پڑھے کہ بے نمازوں کو عبرت ہوگی تو مضائقہ نہیں، ایسی صورت میں اَور لوگ اس کی نماز پڑھ کر باقاعدہ دفن کردیں:"وهی فرض علی کل مسلم مات خلا بغاة و قطاع الطریق إذا قُتلوا فی الحرب"(۱)۔

= وآدابها، (رقم الحدیث : ۱۴۸۱۵): ۵۴/۶، مکتبة الإسلامی، بیروت)

وأخرجه أبو داؤد، فی سننه بلفظ: "عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "الجهاد واجب علیکم مع کل أمیر براً کان أو فاجراً ..... والصلوة واجبة علی کل مسلم براً کان أو فاجراً وإن عمل الکبائر". (کتاب الجهاد، باب الغزو مع أئمة الجور : ۳۵۰/۲، امدادیه)

(۱) (الدر المختار شرح تنویر الأبصار، کتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲۱۰/۲، سعید)

"عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "الجهاد واجب علیکم مع کل أمیر براً کان أو فاجراً ..... والصلوة واجبة علی کل مسلم براً کان أو فاجراً وإن عمل الکبائر". (سنن أبی داؤد، کتاب الجهاد، باب فی الغزو مع أئمة الجور : ۳۵۰/۱، امدادیه)

"فکل مسلم مات بعد الولادة یصلی علیه صغیراً کان أو کبیراً، ذکراً کان هو أو أنثیٰ، حراً کان أو عبداً، إلا البغاة و قطاع الطریق و من بمثل حالهم، الخ". (بدائع الصنائع، کتاب الصلاة، الجنائز، فصل: وأما بیان من یصلی علیه : ۴۷/۲، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل الخامس فی الصلوة علی المیت: ۱۶۳/۱، رشیدیه)

ایضاً

سوال[۴۰۹۵]: بعض مسلمان ایسے ہوتے ہیں کہ اس نے تمام عمر نماز نہیں پڑھی اس کی نماز جنازہ پڑھنی چاہیئے یانہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس کی بھی نماز جنازہ پڑھی جائے، اگر کوئی مقتدیٰ اس میں شرکت سے انکار کردے تو درست ہے بشرطیکہ اس سے دوسرے لوگ عبرت حاصل کریں اور نماز کی پابندی کرنے لگیں (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۹/۱/۴ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

تارکِ نماز کا جنازہ اور اس پر جرمانہ

سوال[۴۰۹۶]: ۱.....اگر کسی مسلمان نے تمام عمر نماز نہیں پڑھی حتی کہ جمعہ اور عیدین کی بھی نہیں پڑھی اور شرابی بھی ہے اور نماز خود بھی نہ پڑھے اور دوسروں کو بھی منع کرے، ایسے شخص کے متعلق کیا حکم ہے، اس کی نماز جنازہ پڑھی جائے یانہیں؟

۲.....جب کہ آج کل مسلمان حاکم نہیں ہیں تو ایسے شخص کو جماعتِ مسلمین شرعی سزا دے سکتی ہے یانہیں؟

---

(۱) "عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "الجهاد واجب عليكم مع كل أمير براً كان أو فاجراً ..... والصلوة واجبة على كل مسلم براً كان أو فاجراً وإن عمل الكبائر". (سنن أبی داؤد، كتاب الجهاد، باب فی الغزو مع أئمة الجور: ۱/۳۵۰، امداديه)

"فكل مسلم مات بعد الولادة يصلى عليه صغيراً كان أو كبيراً، ذكراً كان هو أو أنثى، حراً كان أو عبداً، إلا البغاة و قطاع الطريق و من بمثل حالهم، الخ". (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، فصل: وأما بيان من يصلى عليه: ۲/۴۷، رشيديه)

(وكذا فی الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون، الجنائز، الفصل الخامس فی الصلاة على الميت: ۱/۱۶۳، رشيديه)

Made Se[illegible]ools.com Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایسا شخص بہت بڑا مجرم ہے(۱) اور سخت گنہگار ہے اس کے باوجود اس کے جنازہ کی نماز پڑھی جائے گی اور اس کو مسلمانوں کے قبرستان میں سنت کے موافق دفن کیا جائے گا: "صلوا علی کل بر و فاجر". الحدیث. ابو داؤد شریف(۲)۔

جماعتِ مسلمین ترک تعلق کی سزا دے سکتی ہے(۳) وہ بھی حدودِ شرع کے اندر، مالی جرمانہ کا اس کو بھی

---

(۱) "عن أبی سفیان قال: سمعت جابراً رضی اللہ تعالیٰ عنه یقول: سمعت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم یقول: "إن بین الرجل و بین الشرک والکفر ترک الصلوة". (الصحیح لمسلم، کتاب الإیمان، باب بیان إطلاق الاسم للکفر علی من ترک الصلوة : ۱/ ۶۱، قدیمی)

(۲) لم أجده بهذا اللفظ فی سنن أبی داؤد، ولکن أخرجه أبو داؤد فی سننه بلفظ: "عن أبی هریرةرضی اللہ تعالیٰ عنه قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "الجهاد واجب علیکم مع کل أمیر براً کان أو فاجراً ..... والصلوة واجبة علی کل مسلم براً کان أو فاجراً وإن عمل الکبائر". (سنن أبی داؤد، کتاب الجهاد، باب فی الغزو مع أئمة الجور : ۱/ ۳۵۰، امدادیه)

"فکل مسلم مات بعد الولادة، یصلی علیه صغیراً کان أو کبیراً، ذکراً کان أو أنثی، حراً کان أو عبداً، إلاالبغاة و قطاع الطریق و من بمثل حالهم، الخ". (کتاب الصلاة، الجنائز، فصل: وأما بیان من یصلی علیه : ۲/ ۴۷، رشیدیه)

"و هی فرض علی کل مسلم مات، خلا بغاة و قطاع الطریق إذا قتلوا فی الحرب".

(الدرالمختار، کتاب الصلوة ، باب الجنائز: ۲/ ۲۱۰، سعید)

(و کذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون، الجنائز، الفصل الخامس فی الصلاة علی المیت : ۱/ ۱۶۳، رشیدیه)

(۳) "عن أبی أیوب الأنصاری رضی اللہ تعالیٰ عنه أن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم قال: "لا یحل لرجل أن یهجر أخاه فوق ثلث لیال، فیلتقیان، فیعرض هذا و یعرض هذا، وخیرهما الذی یبدأ بالسلام".

(صحیح البخاری، کتاب الأدب، باب الهجرة : ۲/ ۸۹۷، قدیمی)

قال الملاعلی القاری تحت هذا الحدیث: "قال الخطابی: رخص للمسلم أن یغضب علی =

حق نہیں (۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۷/۶/۸۹ھ۔

بے نمازی کے جنازہ کو بطورِ سزا تین جھٹکے دینا

سوال[۴۰۹۷]: زید نے اپنی زندگی میں کبھی نماز نہیں پڑھی، صرف عیدین کی پڑھتا تھا، بعض لوگوں کا کہنا ہے کہ سب نمازی اس کی میت کو تین جھٹکے دیں تب نماز پڑھیں ورنہ سب گناہ گار ہوں گے۔ کیا یہ طریقہ درست ہے؟ اور اس کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

نماز فرض عین ہے، عمر بھر اس کو ادا نہ کرنا بہت بڑا جرم ہے اور سخت محرومی ہے (۲)- اللہ پاک معاف

= أخيه ثلاث ليال لقلته، ولايجوز فوقها، إلا إذا كان الهجران فى حق من حقوق الله تعالىٰ، فيجوز فوق ذلک ..... فإن هجرة أهل الهواء والبدع واجبة على مر الأوقات ما لم يظهر منه التوبة والرجوع إلى الحق". (مرقاة المفاتيح شرح مشكوة المصابيح، كتاب الأدب، باب من التهاجر والتقاطع و اتباع العورات ،الفصل الأول،(رقم الحديث : ۵۰۲۷) : ۷۵۸/۸، رشيديه)

(وكذا فى عمدة القارى ، كتاب الأدب باب ما ينهى من التحاسد التدابر: ۱۳۷/۲۲ ، خيريه بيروت)

(۱) "عن أبى حرة الرقاشى عن عمه رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "ألا! لا تظلموا، ألا! لا يحل مال امرىء إلا بطيب نفس منه". (مشكوة المصابيح، كتاب البيوع، باب الغصب والعارية : ۲۵۵/۱، قديمى)

"لا يجوز لأحد من المسلمين أخذ مال أحد بغير سبب شرعى ..... والحاصل أن المذهب عدم التعزير بأخذ المال". (البحر الرائق، كتاب الحدود، فصل فى التعزير : ۶۸/۵، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الحدود، فصل فى التعزير : ۱۶۷/۲، رشيديه)

(وكذا فى مجمع الأنهر، كتاب الحدود ، فصل فى التعزير : ۳۷۱/۲، غفاريه كوئٹه)

(۲) "إن بين الرجل وبين الشرک والكفر ترک الصلوة". (الصحيح لمسلم، كتاب الإيمان، باب بيان إطلاق الكفر على من ترک الصلاة: ۶۱/۱، قديمى)

"عن عبدالله بن بريده عن أبيه رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : =

Made searchable using ScribeTools.com

فرمائے- نماز جنازہ اس پر بھی لازم ہے، تین جھٹکے دینا شرعاً ثابت نہیں، پرلے درجے کی جہالت ہے، بغیر جھٹکے دیئے اس کے جنازہ کی نماز پڑھ کر اس کو دفن کیا جائے، بغیر نماز جنازہ دفن کرنا بہت بڑا گناہ ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، ۱۴/ ۷/ ۸۷ھ۔

فاسق وفاجر کی نماز جنازہ اور مودودی صاحب کی رائے

سوال[۴۰۹۸]: ﴿ولا تصل على أحد منهم مات أبداً، ولاتقم على قبرة﴾ (سوره توبة)(۲)۔

اس آیت طیبہ کی تفسیر میں علامہ ابوالاعلیٰ مودودی صاحب نے اپنی تفسیر تفہیم القرآن میں لکھا ہے(۳)

= "إن العهد الذى بيننا وبينهم الصلوة، فمن تركها، فقد كفر". (جامع الترمذى، كتاب الإيمان، باب ماجاء فى ترك الصلوة: ۲/ ۹۰، سعيد)

(۱) "عن أبى هريرةرضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "الجهاد واجب عليكم مع كل أمير براً كان أو فاجراً ..... والصلوة واجبة على كل مسلم براً كان أو فاجراً وإن عمل الكبائر". (سنن أبى داؤد، كتاب الجهاد، باب فى الغزو مع أئمة الجور: ۱/ ۳۵۰، امداديه)

" فكل مسلم مات بعد الولادة، يصلى عليه صغيراً، كان أو كبيراً، ذكراً كان أو أنثىٰ حراً كان أو عبداً، إلاالبغاة و قطاع الطريق و من بمثل حالهم الخ". (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، الجنائز، فصل: وأما بيان من يصلى عليه: ۲/ ۴۷، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادى والعشرون فى الجنائز الفصل الخامس فى الصلاة على الميت: ۱/ ۱۶۳، رشيديه)

"وهى فرض على كل مسلم خلا أربعة: بغاة وقطاع طريق، الخ". (الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب الجنائز: ۲/ ۲۱۰، سعيد)

(۲) (سورة التوبة: پ ۱۰، آيت: ۸۴)

(۳) (راجع، ص: ۶۲۱، رقم الحاشية: ۱)

کہ اس سے یہ مسئلہ نکلا کہ فساق و فجار اور مشہور بالفسق کے جنازہ کی نماز نہیں پڑھی جائے گی۔ یہ عبارت بعینہ تفہیم القرآن کی تو نہیں لیکن اس کا مفہوم یہی ہے، اس تفسیر کو لے کر ہماری بستی میں کچھ لوگوں نے یہ اعلان کیا کہ جو شخص نماز نہیں پڑھے گا اس کے جنازہ کی نماز نہیں پڑھی جائے گی اور قبر کھودنے والوں پر یہ پابندی عائد کر دی گئی کہ جو قبر کھودے گا اس پر پندرہ روپے جرمانہ عائد ہوگا۔

ہماری بستی میں ایک عالم صاحب ہیں، یہ سب باتیں ان کی عدم موجودگی میں ہوئیں۔ کچھ دن بعد جب وہ گھر پر آئے تو انھیں یہ بات نئی معلوم ہوئی، انھوں نے مودودی صاحب کی تفسیر کو دیکھا اور اپنی تقریر میں بیان کیا کہ یہ مودودی صاحب کی زیادتی ہے، یہ آیت کفار اور منافقین کے بارے میں نازل ہوئی ہے نہ کہ فساق و فجار کے بارے میں، مودودی صاحب نے تفسیر بالرائے کی ہے جو سراسر ناجائز اور حرام ہے، نیز انھوں نے کہا کہ ان کی تفسیر کے مطابق خود مودودی صاحب اس لائق نہیں ہیں کہ ان کی جنازہ کی نماز پڑھی جائے کیونکہ فاسق گناہ کبیرہ کے مرتکب کو کہتے ہیں تو مودودی صاحب دن بھر میں اتنے گناہ کبیرہ کا ارتکاب کرتے ہوں گے کہ ان کو خود بھی پتہ نہیں ہوگا، نیز مودودی صاحب کی داڑھی حدود شریعہ سے کم ہے اور وہ کھلم کھلا داڑھی کٹاتے ہیں پس گناہ کبیرہ کا ارتکاب کرتے ہیں اور مشہور بالفسق ہیں، لہٰذا ان کے نماز جنازہ نہ پڑھی جائے۔

عالم صاحب نے اپنی تقریر میں بیان کیا کہ بے نمازی کے جنازہ کی نماز کا نہ پڑھنا - اگر چہ پوری زندگی میں کبھی نماز نہ پڑھی ہو- بالکل حرام ہے اور اگر کسی نے نہیں پڑھی اور بلا نماز جنازہ کے دفن کر دیا گیا تو سارے لوگ بستی کے گنہگار رہوں گے، لہٰذا ایسی زیادتی سے آپ لوگ باز آئیں۔ کچھ دنوں تک بات رک گئی، پھر عالم صاحب اپنی مدرسہ میں چلے گئے، پھر جب وہ آئے تو بستی کے لوگوں نے جب دیکھا کہ یہ بات تو معقول ہے، اب کونسی ترکیب نکالی جائے تو لوگوں نے بہانہ کرنا شروع کیا کہ ہم لوگوں نے صرف لوگوں کو دھمکانے کے لئے ایسا کیا تھا، اس پر عالم صاحب کھڑے ہوئے اور کہا کہ اس نیت سے بھی ایسا کرنا ناجائز ہے، چونکہ آپ لوگ ایک ایسی بستی سے تعلق رکھتے ہیں جس کا ہر معاملہ میں دوسری بستیاں اقتداء کرتی ہیں اس لئے ایسا نہ ہو کہ دوسرے لوگ اس کو حقیقت پر محمول کر کے بلا نماز جنازہ کے کسی مسلمان کو دفن کر دیں، جو بالکل ناجائز و حرام ہے۔ اس پر لوگوں نے پوچھا اچھا تو کونسی شکل تبلیغ کے لئے اختیار کی جائے؟ مولانا نے کہا کہ ہر اولاد والے اپنی اولاد پر کنٹرول کریں اولاد بالغ اگر نماز نہیں پڑھتی ہے تو اس پر سختی کریں، دوسری صورت یہ ہے کہ تبلیغی جماعت کے

Made searchable using ScribeTools.com

اصول کے مطابق گشت کریں، اب اگر لوگ نماز نہیں پڑھتے ہیں تو آپ کا قصور نہیں ہوگا، تیسری صورت یہ ہے کہ سوشل بائیکاٹ کریں۔ اب حل طلب یہ ہے کہ:

۱.....بے نمازی انسان کے جنازہ کی نماز پڑھی جائے یا نہیں؟

۲.....آیتِ بالا کن لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی؟

۳.....مودودی صاحب کی تفسیر صحیح ہے یا نہیں؟

۴.....ڈرانے دھمکانے کی نیت سے جب کہ اندیشہ یہی ہو کہ دوسرے لوگ ہوسکتا ہے کہ حقیقت پر محمول کر کے بالکل جنازہ کی نماز نہ پڑھیں اعلان کرنا کہ ''جو نماز نہیں پڑھے گا اس کے جنازہ کی نماز نہیں پڑھی جائے گی'' ایسا کرنا جائز ہے؟

۵.....لوگوں کی نمازی بنانے کے لئے شریعت کی رو سے کونسا طریقہ اختیار کیا جائے؟

سائل: بدرالحسن، چاندواڑہ، مظفرپور، بہار۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

۱.....نماز فرض عین ہے، بے نمازی سخت گناہگار ہے، نماز جنازہ اس کی بھی ضروری ہے:

"فرض كفاية بالاجماع، فيكفر منكرها لإنكاره الإجماع، كذا في البدائع والقنية، والأصل فيه قوله تعالىٰ: ﴿وصل عليهم﴾ و قوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "صلوا على كل بر و فاجر". طحطاوی، ص: ۳۱۸(۱)۔

---

(۱) (حاشية الطحطاوی على مراقی الفلاح، كتاب الصلاة، أحكام الجنائز، فصل: الصلاة عليه، ص: ۵۸۰، قديمی)

"عن أبی هريرة رضی الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "الجهاد واجب عليكم مع كل أمير براً كان أو فاجراً ..... والصلوة واجبة على كل مسلم براً كان أو فاجراً وإن عمل الكبائر". (سنن أبی داؤد، كتاب الجهاد، باب الغزو مع أئمة الجور: ۱/۳۵۰، إمداديه)

"فكل مسلم مات بعد الولادة، يصلى عليه صغيراً كان أو كبيراً، ذكراً كان أو أنثى، حراً كان أوعبداً، إلا البغاة و قطاع الطريق و من بمثل حالهم، لقول النبی صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "صلوا على =

Made Searchable by ScribeTools.com

۲.....﴿و لاتصل علی أحد منهم مات ابداً﴾(الایة) منافقین کے متعلق ہے، عبداللہ بن سلول رئیس المنافقین کا واقعہ کتبِ حدیث وتفسیر میں بہت مشہور ومعروف ہے کہ اس کے انتقال پر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے جنازہ کی نماز پڑھائی تب یہ آیتِ شریفہ نازل ہوئی، پھر کسی منافق کے جنازہ کی نماز نہیں پڑھائی (۱)۔

۳.....مودودی صاحب کی تفسیر تفہیم القرآن میں بہت سی چیزیں اہل سنت والجماعت کے مسلک کے خلاف بھی ہیں، عامۃ المسلمین کا اس کو پڑھنا یا سننا اعتقادی وعملی گمراہی وغلطی کا موجب بن سکتا ہے، اس لئے اس سے پرہیز لازم ہے، ہاں! جو حضرات اہل علم ہیں، کتاب وسنت کا علم باقاعدہ معتمد اساتذہ سے حاصل کر کے اس پر استحکام رکھتے ہیں اور صحیح وغلط میں تمیز کرنے کا ان کو ملکہ راسخہ حاصل ہے ان کے لئے مضر نہیں، مگر مودودی صاحب نے آیتِ مسئولہ کے متعلق یہ نہیں لکھا جو ان کے معتقدین نے عمل شروع کر دیا، یہ عمل سراسر غلط اور فتنہ ہے اور اس کو مودودی صاحب کی طرف منسوب کرنا بھی غلط ہے، جو معتقدین اپنے اعتقاد میں حد غلو تک پہنچ جاتے ہیں وہ اس قسم کی غلطیاں بکثرت کرتے ہیں، پھر جو لوگ نعمتِ فہم سے محروم ہیں ان کا تو پوچھنا ہی کیا ہے، وہ بے

= كل بر و فاجرٍ". الخ". (كتاب الصلاة، الجنائز، فصل: وأما بيان من يصلى عليه : ۲/۴۷، رشيديه)

"وهى فرض على كل مسلم مات خلا بغاة و قطاع الطريق إذا قتلوا فى الحرب".

(الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۲۱۰، سعيد)

(۱) "عن ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما، عن عمر بن الخطاب رضى الله تعالىٰ عنه أنه لما مات عبد الله بن أبىّ ابن سلول، دُعى له رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ليصلى عليه، فلما قام رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و ثبت إليه، فقلت: يا رسول الله! أتصلى على ابن أبىّ و قد قال يوم كذا وكذا، كذا وكذا، أعدّد عليه قوله، فتبسم رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقال: "أخّر عنى يا عمر!" فلما أكثرتُ عليه قال: "إنى خُيّرت، فاخترت، لو أعلم أنى إن زدت على السبعين يُغفر له، لزدت عليها" قال: فصلى عليه رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، ثم انصرف، فلم يمكث إلايسيراً حتى نزلت الآيتان من برآءة: ﴿و لا تصل على أحد منهم مات أبداً، ولا تقم على قبره ..... وهم فاسقون﴾ ..... قال: فعجبت بعد من جرأتى على رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يومئذ، والله و رسوله أعلم". (صحيح البخارى، كتاب الجنائز، باب ما يكره من الصلاة على المنافقين : ۱/۱۸۲، قديمى)

Made searchable using ScribeTools.com

سمجھے ہی تقلید کرتے ہیں، مودودی صاحب نے اس آیت سے جو مسئلہ استنباط کر کے لکھا ہے وہ یہ ہے:

''اس سے یہ مسئلہ نکلا ہے کہ فساق اور فجار اور مشہور بفسق لوگوں کی نماز جنازہ مسلمانوں کے امام اور سربرآوردہ لوگوں کو نہ پڑھانی چاہئے''۔ تفهيم القرآن : ۲۲۱/۵(۱)۔

مودودی صاحب کا ایسا کلیہ استنباط کرنا بھی غلط اور نصوص کے خلاف ہے(۲) اور ان کے معتقدین کا ایسا سمجھنا کہ بالکل نماز جنازہ نہ پڑھی جائے اور بلا نماز ہی ان کو دفن کر دیا جائے، نہ سربرآوردہ پڑھے نہ کوئی اور پڑھے، یہ بھی غلط (۳) اور اس کو مودودی صاحب کی طرف منسوب کرنا بھی غلط ہے۔

۴..... جب کہ یہ مسئلہ ہی غلط ہے تو اس کی دھمکی بھی غلط ہے اور جہاں اس غلطی میں مبتلا ہو کر بے نماز ہی جنازہ دفن کر دینے کا احتمال اور مظنہ ہو اور لوگ اقتداءً ایسا کرنے پر آمادہ ہوں اور قبر کھودنے والے پر جرمانہ تجویز کیا جائے جس سے یہ بھی احتمال ہو کہ مردہ دفن نہ کیا جائے ویسے ہی پڑا ہوا سڑتا رہے جیسے مرا ہوا کتا، گدھا پڑا ہوتا ہے تو ہرگز ایسی دھمکی اور اعلان کی بھی اجازت نہیں (۴)۔

---

(۱) (تفهيم القرآن لأبي الأعلى المودودي، سورة التوبة، پ: ۱۰، آيت: ۸۴، ۲/ ۲۲۱، مكتبه تعمير انسانيت لاهور)

مودودیت کی رد میں مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: (مودودی صاحب اور تخریب اسلام، احسن الفتاوی، کتاب الایمان والعقائد: ۱/ ۲۹۷، سعید کراچی)

(۲) حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بذاتِ خود زانیہ کی نماز جنازہ پڑھائی ہے اور مرتکبِ کبیرہ کی نماز جنازہ پڑھانے کا حکم فرمایا ہے: ''عن ابن عمر رضی الله تعالىٰ عنهما أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم صلى على زانية ماتت في نفاسها و ولدها'' رواه الطبراني في الكبير''. (مجمع الزوائد للهيثمي، كتاب الجنائز، باب الصلاة على أهل لا إله إلا الله : ۳/ ۴۱، دار الفكر، بيروت)

''عن أبي هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ''الجهاد واجب عليكم مع كل أمير براً كان أو فاجراً ..... والصلوة واجبة على كل مسلم براً كان أو فاجراً وإن عمل الكبائر''. (سنن أبي داؤد، كتاب الجهاد ،باب الغزو مع أئمة الجور : ۱/ ۳۵۰، امداديه)

(۳) (راجع ،ص: ۶۱۹، رقم الحاشية : ۱)

(۴) ایسی دھمکی کی وجہ سے نمازِ جنازہ ترک ہوگا اور اس کے ترک کرنے میں انسان کی بے حرمتی کے ساتھ ساتھ ترک فرض کفایہ بھی ہے جس سے سارے مسلمان گناہگار ہو جائیں گے۔ (راجع للتخريج ، ص: ۶۲۹، رقم الحاشية: ۱)

۵.....عالم صاحب نے جو تدبیریں بتائی ہیں وہ اختیار کی جائیں اور اہل اللہ کی صحبت اختیار کی جائے، ہر مکان اور ہر مسجد میں اہل اللہ کی کتابیں سنانے کا انتظام کیا جائے، اکابر اہل اللہ کی خدمت میں جا جا کر کچھ وقت اپنی تربیت کے لئے گزارا جائے، اپنے احوال کی ان کو اطلاع کر کے ہدایات حاصل کی جائیں اور ان پر عمل کرنے کی فکر کی جائے، ان شاء اللہ تعالیٰ صحیح ماحول بنے گا، دین کا عام چرچا ہوگا (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/ ۸/ ۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/ ۸/ ۹۰ھ۔

عصبیت پر جو شخص مقتول ہو اس کے جنازہ کی نماز

سوال[۴۰۹۹]: نورالایضاح میں مسئلہ لکھا ہے کہ جس شخص کو عصبیت قتل کیا جائے اس پر نماز جنازہ نہیں پڑھی جائے گی، عبارت یہ: "ولا یصلی علی باغ و قاطع طریق قُتل فی حالة المحاربة، وقاتل بالخنق غیلة و مکابرة فی المصر لیلاً بالسلاح، و مقتول عصبیة". ص: ۱۵٤، کتب خانہ امدادیہ دیوبند (۲)۔ عصبیۃ قتل کئے جانے سے کیا مراد ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو شخص اپنے کسی عصبہ کی غلط حمایت کرتا ہوا مرجائے، وہ مراد ہے:

---

(۱) قال الله تعالى: ﴿و ذَكِّر فإن الذكرىٰ تنفع المؤمنين﴾. (سورة الذاريات: ۵۵)

"تعليم صفة الخالق مولانا جل جلاله للناس، و بيان خصائص مذهب أهل السنة والجماعة من أهمّ الأمور، وعلى الذين تصدّوا للوعظ أن يلقّنوا الناس فی مجالسهم على منابرهم ذلک، قال الله تعالىٰ: ﴿وذكّرْ فإن الذكرىٰ تنفع المؤمنين﴾. و على الذين يؤمنون فی المساجد أن يعلّموا جماعتهم شرائط الصلاة و شرائع الإسلام وخصائل مذاهب الحق. وإذا علموا فی جماعتهم مبتدعاً أرشدوه، وإن كان داعياً إلى بدعته منعوه، وإن لم يقدروا رفعوا الأمر إلى الحُكّام حتى يجلوهم عن البلدة إن لم يمتنع. وعلى العالم إذا علم من قاضٍ أو من آخرٍ يدعوالناس إلى خلاف السنة أوظنّ منه ذلک أن يعلّم الناس بأنه لا يجوز اتباعه الخ". (الفتاوىٰ البزازية على هامش الفتاوى العالمكيرية، كتاب ألفاظ تكون إسلاماً أو كفراً أو خطأ الخ، الأول فی المقدمة: ۶/ ۳۲۰، رشيديه)

(۲) (نور الإيضاح مع مراقی الفلاح، كتاب الصلوة، أحكام الجنائز، فصل: الصلاة عليه، ص: ۲۰۲، قديمی)

Made searchable using ScribeTools.com

"وفی نهاية ابن الأثير (۱): العصبية والتعصب المحاماة والمدافعة، والعصبى من يُعِين قومه على الظلم، والذى يغضب لعصبيته منه الحديث: "ليس منا من دعا إلى عصبية أو قاتل عصبية". قال فى شرح درر البحار: و فى النوازل: وجعل مشايخنا المقتولين فى العصبة فى حكم أهل البغى على هذا التفصيل". رد المحتار: ۱/ ۵۸٤(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۱/ ۶/ ۹۲ھ۔

الجواب صحیح، بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۲/ ۶/ ۹۲ھ۔

قاتل پر نمازِ جنازہ

سوال[۴۱۰۰]: ایک مسلمان نے دوسرے مسلمان کو عمداً قتل کر دیا تو اس کو حکومت کی جانب سے پھانسی کا حکم ہو گیا اس کے جنازے کی نماز کا کیا حکم ہے؟

ظہیر الدین، کھالہ پار مظفر نگر۔

---

(۱) (النهاية لابن الأثير، باب العين مع الصاد، تحت لفظ "عصب" : ۳/ ۲۴۶، دار إحياء التراث العربى بيروت)

(۲) (رد المحتار، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/ ۲۱۳، سعيد)

"عن بنت واثلة بن الأسقع أنها سمعت أباها يقول : قلت: يا رسول الله! ماالعصبية؟ قال: "أن تُعِين قومک على الظلم".

"عن جبير بن مطعم رضى الله تعالىٰ عنه أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "ليس منا من دعا إلى عصبية، وليس منا من قاتل عصبية، وليس منا من مات على عصبية". (سنن أبى داؤد، كتاب الأدب، باب فى العصبية : ۲/ ۳۵۱، امداديه ملتان)

(وكذا فى البحر الرائق ، كتاب الصلاة، باب الشهيد : ۲/ ۳۵۰، رشيديه)

(وكذا فى تبيين الحقائق، كتاب الصلاة، باب الشهيد : ۱/ ۵۹۷، دار الكتب العلمية، بيروت)

[**تنبیہ**]: عصبیت پر مرجانا اگرچہ معصیت پر مرنا ہے لیکن ایسے شخص پر نماز جنازہ پڑھی جائے گی، البتہ اگر مقتدایانِ قوم بطورِ زجر و توبیخ نہ پڑھیں تو اس میں مضائقہ نہیں: (كما تقدم تخريجه تحت عنوان: "فاسق و فاجر کی نمازِ جنازہ اور مودودی صاحب کی رائے"۔)

الجواب حامداً ومصلیاً:

وہ سخت گنہ گار ہے لیکن نماز جنازہ ضرور پڑھی جائے (۱)۔فقط۔

والدین کے قاتل پر نماز جنازہ

سوال [۴۱۰۱]: والدین کے قاتل پر یا والدین میں سے کسی ایک کے قاتل پر جنازہ کی نماز نہیں بوجۂ اہانت اس کی، التنویر (۲)، در المختار (۳)، مراقی الفلاح، (٤) شامی (٥)

---

(۱) "عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: " الجهاد واجب عليكم مع كل أمير براً كان أو فاجراً ..... والصلوة واجبة على كل مسلم براً كان أو فاجراً وإن عمل الكبائر". (سنن أبی داؤد، كتاب الجهاد، باب فی الغزو مع أئمة الجور: ۱/۳۵۰، امداديه)

"قال الزيلعی: وأما إذا قتلوا بعد ثبوت يدالإمام عليهم، فإنهم يغسلون ويصلی عليهم، وهذا تفصيل حسن أخذبه كبار المشايخ؛ لأن قتل قاطع الطريق فی هذه الحالة حدّ أو قصاص، ومن قتل بذالک، يغسل ويصلی عليه". (رد المحتار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۱۰، سعيد)

"قال: (لا لبغی و قطع طريق) ..... وقيل: هذا إذا قتل فی حالة المحاربة قبل أن تضع الحرب أو زارها، وأما إذا قتلا بعد ثبوت يد الإمام عليهما، فإنهما يغسلان و يصلی عليهما، وهذا تفصيل حسن أخذ به الكبار من المشايخ. والمعنى فيه إن قتل قاطع الطريق فی هذه الحالة حدٌّ أو قصاص، وقد تقدم أنه يغسل و يصلی عليه". (تبيين الحقائق، كتاب الصلاة، باب الشهيد: ۱/۵۹۲، دار الكتب العلمية، بيروت)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الشهيد: ۲/۳۴۹، ۳۵۰، رشيديه)

(۲) (الدر المختار شرح تنوير الأبصار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۱۲، سعيد)

(۳) (الدر المختار شرح تنوير الأبصار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۱۲، سعيد)

(۴) "و لا يصلی علی قاتل أحد أبويه عمداً ظلماً إهانةً له". (حاشية الطحطاوی علی مراقی الفلاح، كتاب الصلاة، أحكام الجنائز، فصل: الصلاة عليه، ص: ۶۰۲، قديمی)

(۵) (ردالمحتار، باب الجنائز: ۲/۲۱۲، سعيد)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

فتاوی قاضی خان (۱) رکن دین، ص: ۱۹٤ (۲) کیا یہ درست ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

درمختار میں ہے: " لا یصلی علی قاتل أحد أبویه إهانةً له، وألحقه فی النهایة بالبغاة، اه".

اس پر علامہ شامی نے لکھا ہے: "الظاهر أن المراد أنه لا یصلی علیه إذا قتله الإمام قصاصاً، أما لو مات حتف أنفه یصلی علیه"(۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

خودکشی کرنے والے پر نمازِ جنازہ

سوال[۴۱۰۲]: اگر کسی مسلمان نے خودکشی کرلی ہے تو اس کو عام مسلمانوں کی طرح غسل وکفن ودفن کرسکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

خودکشی کرنا بہت بڑا گناہ ہے لیکن اس پر بھی نماز جنازہ پڑھی جائے گی اور جملہ امور تجہیز وتکفین موافق سنت ادا کئے جائیں گے، امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کا یہی مذہب ہے، اسی پر سکب الأنهر میں فتوی نقل کیا ہے(۴)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

---

(۱) (لم أجده فی فتاوی قاضیخان)

(۲) (رکن دین تالیف جناب الحاج مولوی عبدالمعید صاحب، کتاب الصلاۃ، متفرقات، پہلا باب: جنازہ اور اس کے متعلقات ص: ۱۷۵، سعید)

(۳) (ردالمحتار علی الدرالمختار، باب الجنائز: ۲/۲۱۲، سعید)

"عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "الجهاد واجب علیکم مع کل أمیر براً کان أو فاجراً ..... والصلوة واجبة علی کل مسلم براً کان أو فاجراً وإن عمل الکبائر". (سنن أبی داؤد، کتاب الجهاد، باب فی الغزو مع أئمة الجور: ۱/۳۵۰، امدادیه)

(۴) "(ویصلی علی قاتل نفسه) عمداً، به یفتی". (سکب الأنهر المعروف بالدر المنتقی فی شرح =

ایضاً

سوال[۴۱۰۳]: اگرکوئی مسلمان خودکشی کرکے مرجائے تواس کا جنازہ ہوگا یانہیں، اگرخودکشی کرنے والا نابالغ ہوتو کیا حکم ہےاور بالغ ہےتو کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

خودکشی خواہ کسی طریقے پر ہوحرام اور کبیرہ گناہ ہے، تاہم خودکشی کرنے والے مسلمان کوبھی شرعی طریقہ پرغسل دے کرکفن پہنایا جائے اورنماز جنازہ پڑھ کرمسلم قبرستان میں ہی دفن کیا جائے، بالغ ہو یانابالغ غسل کفن نماز جنازہ دفن سب شرعی طور پرلازم ہے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبدمحمودغفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۶/۴/۹۴ھ۔

کنویں میں گرکرمرنے والے کی نماز جنازہ اور بخشش

سوال[۴۱۰۴]: ایک آدمی کنویں میں گرکرمرگیا تواس کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی یانہیں؟اسکی بخشش ہوگی یانہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

فتوی یہ ہے کہ جوشخص خودکشی کرے، خواہ ڈوب کر یا کسی اَورطرح سے، اس کی بھی نماز جنازہ پڑھی جائے گی اوردعاء کی جائے کہ خداوندتعالیٰ اس کے جرم عظیم کومعاف فرمائے، قال العلامة الحصكفي: "من قتل نفسه و لو عمداً، يغسل ويصلى عليه، به يفتى، وإن كان أعظم

= الملتقى للعلامة الحصكفي، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۱/۲۸۱، غفاريه كوئٹه)

"من قتل نفسه و لوعمداً، يغسل ويصلى عليه، به يفتى، وإن كان أعظم وزراً من قاتل غيره".

(الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۲۱۱، سعيد)

(وكذا فى تبيين الحقائق، كتاب الصلاة، باب الشهيد : ۱/۵۹۷، دار الكتب العلمية، بيروت)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادى والعشرون فى الجنائز، الفصل الخامس فى الصلاة على الميت : ۱/۱۶۳، رشيديه)

(۱) (تقدم تخريجه تحت عنوان: "خودکشی کرنے والے پرنمازِ جنازہ"۔)

Made searchable using ScribeTools.com

وزراً من قاتل غیرہ، اھـ" الدرالمختار: ۱/۵۸٤(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

پانی میں ڈوبنے کے کئی روز بعد متعفن لاش ملی، اس پر نمازِ جنازہ کا حکم

سوال[۴۱۰۵]: ایک عورت پانی میں ڈوب گئی، دریا بڑا اور پانی ہونے کے سبب کافی کوشش کے کرنے باوجود نعش نہ ملی، چار روز بعد جب نعش اوپر آئی تو جانوروں نے اس کو خراب کیا اور تعفن اس قدر پیدا ہوا کہ اس کی تجہیز وتکفین دستورِ شرع کے مطابق نہ ہوسکی، اس کو بدقتِ تمام وہاں سے بگی (تانگہ) میں اٹھا کر دفن کی جگہ تک پہنچایا گیا، جبکہ میت خراب ومتعفن ہو چکا تھا۔ اس حالت میں نماز جنازہ کا کیا حکم ہے؟ اس قسم کی میت کی نماز جنازہ پڑھنی ضروری ہے یا نہیں؟ ایک فریق نے یہ کہا کہ بگی میں نماز پڑھادو، دوسرے فریق نے اعتراض کیا کہ نماز بگی میں رکھی ہوئے میت کی نہیں ہوگی، کیونکہ بگی سواری ہے اور غیر معتبر ہے، زمین پر یا چارپائی پر اتارلو، یا قبر میں اندر رکھ لو اس کے بعد نماز ادا کریں گے۔

الجواب حامداومصلیا:

میت کا کچھ حصہ پانی کے جانوروں نے کھا کر خراب کردیا ہو لیکن نصف یا اکثر حصہ موجود ہو تو اس پر پانی بہا کر کفن پہنا کر نماز جنازہ پڑھ لی جائے بلکہ تخت یا چارپائی جس پر بھی ایسی حالت میں ممکن ہو تو نماز جنازہ

---

(۱) (الدر المختار، کتاب الصلاۃ، باب الجنائز: ۲/۲۱۱، سعید)

"و من قتل نفسه عمدا يصلى عليه عند أبى حنيفة و محمد رحمهما الله تعالىٰ وهو الأصح؛ لأنه فاسق غير ساع فى الأرض بالفساد وإن كان باغياً على نفسه كسائر فساق المسلمين". والله تعالىٰ اعلم" (تبيين الحقائق، كتاب الصلاة، باب الشهيد: ۱/۵۹۷، دار الكتب العلمية بيروت)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الشهيد: ۲/۳۵۰، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادى والعشرون فى الجنائز الفصل الخامس فى الصلاة على الميت: ۱/۱۶۳، رشيديه)

عباراتِ مذکورہ سے معلوم ہوا کہ عمداً خودکشی کرنے والے کی نمازِ جنازہ پڑھی جائے گی، لہٰذا اگر عمداً نہ ہو بلکہ بلاارادہ ڈوب کر خودکشی کی صورت سی بن گئی تو اس پر بطریقِ اولیٰ نمازِ جنازہ پڑھی جائے گی۔

پڑھکر دفن کیا جائے، تعفن کی وجہ سے نماز ترک نہ کی جائے (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۰/۴/ ۹۸ھ۔

زانیہ اور ولد الزنا کی نماز جنازہ

سوال[۴۱۰۶]: ایک عورت کو زنا کا حمل قرار پا گیا اور ولادت کے دو دن بعد زچہ بچہ دونوں کا انتقال ہو گیا تو ان کی نماز جنازہ پڑھنی چاہئے یا نہیں کیونکہ زانی اور زانیہ کو سنگسار کرنا فرمایا گیا ہے؟

عبدالشکور زید پورداری۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

دونوں کی جنازہ کی نماز لازم ہے، سنگسار کرنے کا حکم مستقل ہے اس سے نماز جنازہ ساقط نہیں ہوتی (۲) اور ایسے بچہ کو تو سنگسار کرنے کا بھی حکم نہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

---

(۱) "(وُجد رأس آدمی) أو أحد شقیه (لا یغسل و لا یصلی علیه) بل یدفن، إلا أکثر من نصفه و لو بلا رأس". (ردالمحتار، کتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة: ۲/ ۱۹۹، سعید)

"و لو وجد الأکثر من المیت أو النصف مع الرأس، غسل و صلی علیه، وإلا فلا".

(البحر الرائق، کتاب الجنائز: ۲/ ۳۰۵، رشیدیه)

(وکذا فی التاتارخانیة، کتاب الصلاة، الفصل الثانی والثلاثون فی الجنائز، نوع آخر من هذا الفصل فی المتفرقات: ۲/ ۱۷۸، إدارة القرآن، کراچی)

(۲) "عن عمرو بن یحی رضی الله تعالیٰ عنه، قال: صلّی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم علی ولد الزنا و أمه ماتت فی نفاسها". (مصنف عبد الرزاق، کتاب الجنائز، باب الصلاة علی ولد الزنا والمرجوم، (رقم الحدیث: ۶۲۱۲): ۳/ ۵۳۴، المکتب الإسلامی)

"عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم:" الجهاد واجب علیکم مع کل أمیر براً کان أو فاجراً ..... والصلوة واجبة علی کل مسلم براً کان أو فاجراً وإن عمل الکبائر". (سنن أبی داؤد، کتاب الجهاد، باب فی الغزو مع أئمة الجور: ۱/ ۳۵۰، امدادیه ملتان)

"فکل مسلم مات بعد الولادة، یصلی علیه صغیراً کان أو کبیراً، ذکراً کان أو أنثی ..... لقول النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "صلوا علی کل بر و فاجر". (بدائع الصنائع، کتاب الصلوة =

Made searchable using ScribeTools.com

ایضاً

سوال[۴۱۰۷]: کسی انقلاب کی وجہ سے مسلمان کی بالغ لڑکی کافر کے ہاتھ میں قید ہوگئی ہے، یہاں تک مسلمہ عورت سے کافر کے بچے تولد ہوئے، پھر بحکمِ خداوند فعال لما یرید کافر کی قید سے چھوٹ گئی اور وہ بچے جو کافر کے نطفہ سے تولد ہوئے اسی عورت کے ساتھ مسلمانوں کے پاس آئے۔ چونکہ وہ بچے اب تک نابالغ ہیں اس لئے یہ امر دریافت طلب ہے کہ وہ بچے ماں کے تابع ہوکر مسلمان ہوجائیں گے یا نہیں؟ اگر وہ بچے مرجائیں تو صلوۃ جنازہ ان پر پڑھی جائے گی یا نہیں اور بچوں کی حفاظت اور نان نفقہ ماں کے ذمہ ضروری ہے یا نہیں، یا اور دیگر مسلمانوں پر بھی ضروری ہے، یا ان بچوں کو کافر کے زنا ہونے کی وجہ سے تحقیراً قتل کردیا جائے؟ اگر ماں کا ورثہ مال ہو، اس میں وہ بچے میراث کے مستحق ہوں گے یا نہیں؟ نیز بتلائے کہ عام ولدالزنا جو کہ مسلمان کے گھر پیدا ہوں ان کے کیا احکام ہیں، آیا ان کا گھلا گھونٹ کر ماردیا جائے یا ان کی پرورش ضروری ہے اور وہ عورت مسلمہ جس کو کافروں نے زبردستی سے لے جاکر مدتوں اپنے پاس رکھا اور زنا کیا اس کا کیا حکم ہے، آیا مسلمانوں کے ہاتھ اس کا ازدواجی تعلق پیدا کرنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

وہ بچے مسلمان ہیں، ان پر صلوۃ جنازہ پڑھی جائے گی، اِلّا یہ کہ بڑے ہوکر کفر اختیار کریں(۱) والعیاذ باللہ۔ ماں کے ذمہ حفاظت اور پرورش ضروری ہے(۲) ان بچوں کو قتل کرنا حرام ہے(۳)۔ ماں کے مرنے پر وہ

= الجنائز، فصل وأما بيان من يصلى عليه : ۲/۴۷، رشيديه)

"لقوله صلى الله عليه وسلم : "صلوا على كل بروفاجر". (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلوة، أحكام الجنائز، فصل: الصلاة عليه : ۵۸۰، قديمى)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادى عشر فى الجنائز، الفصل الخامس فى الصلاة على الميت : ۱/۱۶۳، رشيديه)

(۱) (راجع ،ص: ۶۳۱، رقم الحاشية : ۴)

(۲) (راجع ،ص: ۶۳۲، رقم الحاشية : ۱)

(۳) قال الله تعالىٰ :﴿ولا تقتلوا النفس التى حرم الله إلا بالحق، ومن قتل مظلوماً فقد جعلنا لوليه سلطاناً، =

Made Searchable by ScribeTools.com

بچے میراث کے مستحق ہوں گے (۱)۔ بصورتِ فراش کسی بچے کو ولد الزنا قرار دینا بلاوجہ شرعی حرام ہے اوراس طرح وہ ولدالزنا نہیں ہوتا (۲)، اگر کوئی اس کو ولد الزنا کہے تو وہ واجب تعزیر ہے (۳)۔ اول اس کے ولد

= فلا یسرف فی القتل، إنه کان منصوراً﴾ (سوره بنی اسرائیل : ۳۳)

"عن أنس بن مالک رضی الله تعالیٰ عنه عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم :" قال أکبر الکبائر الإشراک بالله، وقتل النفس، وعقوق الوالدین، وقول الزور"، أو قال: "وشهادة الزور". (صحیح البخاری، کتاب الدیات، باب قول الله :(من أحیاها) : ۲/۱۰۱۵، قدیمی)

(۱) قال الله تعالیٰ :﴿یوصیکم الله فی أولادکم للذکر مثل حظ الأنثیین، فإن کن نساءً فوق اثنتین فلهن ثلثا ما ترک، وإن کانت واحدةً فلها النصف﴾. (سورة النساء : ۱۱)

"وقال زید بن ثابت رضی الله تعالیٰ عنه: إذا ترک رجل أو امرأة ابنةً فلها النصف، فإن کانتا اثنتین أو أکثر فلهن الثلثان، فإن کان معهن ذکر بدئ بمن شرکهم فیعطی فَرِیضة، وما بقی فللذکر مثل حظ الأنثیین". (صحیح البخاری، کتاب الفرائض، باب میراث الولد عن أبیه وأمه : ۲/۹۹۷، قدیمی)

"وإذا اختلط البنون والبنات، عصب البنون البنات، فیکون للابن مثل حظ الأنثیین". (الفتاوی العالمکیریة ،کتاب الفرائض الباب الثانی فی ذوی الفرض : ۶/۴۴۸، رشیدیه)

(۲) "عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها زوج النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم أنها قالت: کان عتبة بن أبی وقاص عهد إلی أخیه سعد بن أبی وقاص ..... فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "هو لک یا عبد بن زمعة! الولد للفراش و للعاهر الحجر". الحدیث. (صحیح البخاری، کتاب الوصایا، باب قول الموصی لوصیه: تعاهد ولدی الخ : ۱/۳۸۳، قدیمی)

"(قوله : علی أربع مراتب) ضعیفٌ ..... وقویٌّ وهو فراش المنکحة و معتدة الرجعی، فإنه فیه لا ینتفی إلا باللعان". (ردالمحتار، کتاب الطلاق، فصل فی ثبوت النسب : ۳/۵۵۰، سعید)

(وکذا فی الفتاوی العالمکیریة، کتاب الطلاق، الباب الخامس عشر فی ثبوت النسب : ۱/۵۳۶، رشیدیه)

(۳) "(وعُزّر) الشاتم (بیا کافر) ..... یاحرام زاده،و معناه المتولد من الوطء الحرام، فیعم حالة الحیض، لا یقال: فی العرف لا یراد ذلک بل یراد ولد الزنا". (الدرالمختار، کتاب الحدود، باب التعزیر : ۴/۶۹، ۷۱، سعید)

"ومن قذف مملوکاً أو کافراً بالزنا أو مسلماً بیا فاسق ..... یاحرام زاده،عزّر". (البحر الرائق، کتاب الحدود، باب حد القذف، فصل فی التعزیر : ۵/۷۱، رشیدیه) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

الزنا ہونے پر دلیل شرعی قائم کی جائے پھر تحریر کیا جاوے(۱) کہ اس کے کون سے احکام کو دریافت کرنا مطلوب ہے، گلا گھونٹ کر مارنا بہر صورت حرام ہے(۲) خواہ وہ بچہ ثابت النسب ہو خواہ نہ ہو بلکہ پرورش ضروری ہے، اس زنا کی وجہ سے وہ سب پر حرام نہیں ہوگی بلکہ اس سے ازدواجی تعلق درست ہے(۳):

"والولد يتبع خير الأبوين ديناً إن اتحدت الدار، اهـ". درمختار۔ "الصغير تبع لأبويه أو أحد هما فى الدين، فإن انعدما فلذى اليد، فإن عدمت فللدار، و يستوى فيما قلنا أن يكون عاقلاً أو غير عاقل؛ لأنه قبل البلوغ تبع لأبويه فى الدين مالم يصف الإسلام، اهـ". شامى: ۲/۶۴۷(٤)۔

= (وكذا فى مجمع الأنهر، كتاب الحدود، فصل فى التعزير : ۲/۳۷۳، مكتبه غفاريه كوئٹه)

(۱) قال الله تعالى:﴿ والذين يرمون المحصنات، ثم لم يأتو بأربعة شهداء، فاجلدوهم ثمانين جلدةً، ولا تقبلوا لهم شهادةً أبداً، وأولئک هم الفاسقون﴾. (سورة النور : ۴)

"وفى النص إشارة إليه: أى إلى أن المراد بزنا وهو اشتراط أربعة من الشهود يشهدون عليها بما رماها به ليظهر به صدقه فيما رماها به، و لا شيء يتوقف ثبوته بالشهادة على شهادة أربعة إلاالزنا".

(البحر الرائق، كتاب الحدود، باب حد القذف : ۵/۴۹، رشيديه)

(وكذا فى الدر المختار، كتاب الحدود، باب حد القذف :۴/۵۶، سعيد)

(۲) (راجع ،ص: ۶۲۹، رقم الحاشية :۳)

(۳) (راجع ،ص: ۶۳۲، رقم الحاشية : ۱)

(۴) (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب النكاح، باب نكاح الكافر : ۳/۱۹۶، ۱۹۷، سعيد)

"قال ابن شهاب: يصلى على كل مولود متوفى وإن كان بَغيةً من أجل أنه ولد على فطرة الإسلام يدعى أبواه الإسلام أو أبوه خاصةً وإن كانت أمه على غير الإسلام. إذا استهل صارخاً، صلى عليه، ولا يصلى على من لا يستهل من أجل أنه سقط، فإن أبا هريرة رضى الله تعالىٰ عنه كان يحدّث، قال النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "ما من مولود إلا يولد على الفطرة، فأبواه يهوّدانه أو ينصرانه أو يمجّسانه كما تنتج البهيمة بهيمةً جمعاء، هل تحسون فيها من جدعآء". ثم يقول أبو هريرة رضى الله تعالىٰ عنه: ﴿فطرة الله التى فطر الناس عليها﴾. الآية". (صحيح البخارى، كتاب الجنائز، باب إذاأسلم=

"تجبر الأم على الحضانة إذا لم يكن لها زوج اهـ". شامی :۲/۱۰۴۸(۱)۔

"جاز نكاح من رآ ها تزنى، وأما قوله تعالى: ﴿الزانية لا ينكحها إلاّ زان﴾ فمنسوخ بآية: ﴿فانكحوا ماطاب لكم من النساء﴾اهـ". درمختار:۲/۴۷۹(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۲/ ۵/ ۶۴ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۲/ ۵/ ۶۴ھ۔

= الصبى فمات، هل يصلى عليه الخ : ۱/ ۱۸۱، قديمى)

"(والولد يتبع خير الأبوين ديناً)؛ لأنه أنظر له. فإن كان الزوج مسلماً فالولد على دينه، وكذا إن أسلم أحدهما وله ولد صغير، صار ولده مسلماً بإسلامه سواء كان الأب أو الأم ..... وهذا إذا لم تختلف الدار بأن كانا فى دارالإسلام أو فى دار الحرب، أو كان الصغير فى دارالإسلام وأسلم الوالد فى دار الحرب؛ لأنه من أهل دار الإسلام حكماً". (البحر الرائق، كتاب النكاح، باب نكاح الكافر : ۳/ ۳۶۴، ۳۶۵، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب النكاح، الباب العاشر فى نكاح الكافر : ۱/ ۳۳۹، رشيديه)

(۱) (رد المحتار، كتاب الطلاق، باب الحضانة، ۳/ ۵۶۰، سعيد)

"قال مشايخنا: لا تجبر الأم عليها، وكذالک الخالة إذا لم يكن زوج ..... وقيل: تجبر، واختاره أبو الليث و خواهر زاده الهندوانى، وأيده فى الفتح بما فى الحاكم ..... قال فى الفتح: فإن لم يوجد غيرها، أجبرت بلا خلاف". (منحة الخالق على البحر الرائق، كتاب الطلاق، باب الحضانة: ۴/ ۲۸۰، رشيديه)

"وإن لم يوجد غيرها أو لم يأخذ الولد ثدى غيرها، أجبرت بلا خلاف". (فتح القدير، كتاب الطلاق، باب الولد من أحق به: ۴/ ۳۶۸ مصطفى البابى الحلبى، مصر)

(۲) (الدر المختار، كتاب النكاح، فصل فى المحرمات : ۳/ ۵۰، سعيد)

"وإذا رآى امرأة تزنى فتزوجها، حل وطؤها". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب النكاح، القسم السادس المحرمات التى يتعلق بها حق الغير : ۱/ ۲۸۱، رشيديه)

(وكذا فى فتح القدير، كتاب النكاح، فصل فى المحرمات، ۳/ ۲۴۶، مصطفى البابى الحلبى، مصر)

Made searchable using ScribeTools.com

کنواری کے بچہ پرنماز جنازہ

سوال[۴۱۰۸]: ایک بغیر شوہر والی عورت کنواری کے بچہ پیدا ہوا اور امام مسجد نے اس بچہ کی نماز نہیں پڑھائی اور اس بچہ کو اسی طرح سے دفن کر دیا گیا۔ یہ ٹھیک ہوا کہ نہیں اور امام صاحب کی بابت کیا حکم ہے؟

محمد بشیر ابتلالہ، ضلع انبالہ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر بچہ مردہ پیدا ہوا تھا تو اس کو بلا نماز دفن کر دینا چاہئے اور اگر زندہ پیدا ہوا تھا تو اس کے جنازہ کی نماز مکروہ ہے (۱)، اگر امام صاحب کو مسئلہ معلوم نہیں تھا، یا اسی طرح معلوم تھا جس طرح کیا تو وہ ایک درجہ میں

---

(۱) صورت مذکورہ میں اگر بچہ زندہ پیدا ہوا تھا تو اس کی نماز جنازہ پڑھنا بھی مکروہ نہیں بلکہ فرض کفایہ تھی، جیسا کہ حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کے آخری جملے سے بھی معلوم ہوتا ہے اور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بذاتِ خود ولد الزنا کی نماز جنازہ پڑھائی تھی:

"عن عمرو بن یحی رضی اللہ تعالیٰ عنه، قال: صلی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم علی ولد الزنا و أمه ماتت فی نفاسها".(مصنف عبد الرزاق ، کتاب الجنائز ، باب الصلاة علی ولد الزنا والمرجوم ، (رقم الحدیث : ۶۶۱۲): ۵۳۴/۳، المکتب الإسلامی)

"عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنهما أن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم صلی علی زانیة فی نفاسها و ولدها". رواه الطبرانی فی الکبیر".(مجمع الزوائد للحافظ اللهیثمی ، کتاب الجنائز ، باب الصلاة علی أهل لا إله إلا الله : ۴۱/۳، دار الفکر، بیروت)

"و من استهل، صلی علیه، و إلا لا ..... و أفاد بقوله :(وإلا لا) أنه إذا لم یستهل، لا یصلی علیه". (البحر الرائق، کتاب الصلوة، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته علیه : ۳۳۰/۲،رشیدیه)

"و من ولد فمات، یغسل و یصلی علیه إن استهل، و إلا غسل وسمی وأدرج فی خرقةٍ و دفن، ولم یصل علیه". (ردالمحتار، کتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲۲۷/۲، ۲۲۸، سعید)

(وکذا فی تبیین الحقائق ، کتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته علیه : ۵۸۱/۱ ، دار الکتب العلمیة بیروت)

معذور ہیں اور اگر باوجود صحیح طور پر مسئلہ معلوم ہونے کے پھر انہوں نے ایسا کیا تو انہیں اپنے اس فعل سے توبہ کرنا ضروری ہے(۱) اور اس پر نماز نہ پڑھنے سے سب لوگ گناہ گار ہوئے کیونکہ صلوۃ جنازہ فرض کفایہ ہے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۵/۳/۵۶ھ۔

صحیح: عبداللطیف، ۱۶/ ربیع الاول/ ۵۶ھ۔

مسلم مرد اور کافر عورت سے پیدا شدہ بچہ کے جنازہ کا حکم

سوال[۴۱۰۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید کہتا ہے کہ ولد الزنا من مسلم و کافرة و نصرانية (جو ماں کافرہ اور باپ مسلمان دونوں کی پرورش میں ہوں، یا صرف

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿يا أيها الذين آمنوا توبوا إلى الله توبةً نصوحاً﴾. الاية (سورة التحريم: ۸)

"عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: " لله أشدُّ فرحاً بتوبة أحدكم من أحدكم بضالته إذا وجدها".

" واتفقوا على أن التوبة من جميع المعاصي واجبة، وأنها واجبة على الفور، لا يجوز تأخيرها سواء كانت المعصية صغيرةً أو كبيرةً. والتوبة من مهمات الإسلام و قواعده المتأكدة، ووجوبها عند أهل السنة والجماعة". (الصحيح لمسلم مع شرحه للنووي ، كتاب التوبة: ۲/۳۵۴، قديمي)

وانظر للتفصيل: (روح المعاني: ۲۸/۱۵۸، ۱۵۹، دار إحياء التراث العربي، بيروت)

(۲) "هذا هو حكم فرض الكفاية، فإنه يكون فرضاً على كل واحد واحد لكن بحيث إن أدى بعض منهم، سقط عن الباقين، وإن لم يؤد واحد منهم يأثم الجميع بترك، وإن أدى الكل وجدوا ثواب الفرض، وتحقيقه في كتب الأصول". (عمدة الرعاية على هامش شرح الوقاية، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۱/۲۰۶، سعيد)

"والإجماع منعقد على فرضيتها أيضاً، إلا أنها فرض كفاية إذا قام به البعض، يسقط عن الباقين؛ لأن ما هو الفرض –وهو قضاء حق الميت– يحصل بالبعض، ولا يمكن إيجابها على كل واحد من آحاد الناس". (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، فصل: والكلام في صلاة الجنازة: ۲/۴۶، رشيديه)

(وكذا في الدر المختار ، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۰۷، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

باپ مسلمان کی پرورش میں) اگر بچپن میں مرجائے تو اس کی تجہیز وتکفین وغیرہ مسلمانوں کی طرح کی جائے گی، بالخصوص جب کہ اس بچہ کا نام بھی مسلمانوں کا سا ہو، نیز سن تمیز سے پہلے کسی اسلامی مدرسہ میں داخل کردیا گیا ہو اور وہ وہیں مدرسہ میں فوت ہوجائے تو بھی اس کی تجہیز وتکفین وغیرہ مسلمانوں کی طرح کی جائے گی ،اور اس پر دوبارہ تجہیز وتکفین حکم الاسلام کیا جائے گا اور اس پر علامہ ابن عابدین کی تقریر جو شامی جلد ثانی، باب نکاح الکافر، ص:۵۴۸ پر ہے(۱) اپنی حجت میں پیش کرتا ہے اور کہتا ہے کہ علامہ کے قول کو مستند قرار دیتے ہوئے وسعت کی گنجائش ہے۔ بناءً علیہ وہ ولد مسلمان قرار دیا جائے گا اور اس کی تجہیز وتکفین وغیرہ مسلمانوں جیسی کی جائے گی۔

بکر کہتا ہے کہ جو کچھ علامہ شامی نے لکھا ہے وہ ان کی ذاتی رائے اور اجتہاد ہے اور تمام کتبِ فقہ بلکہ حدیثِ قطعی کے معارض ہے اس لئے وہ کسی طرح ہمارے لئے حجت نہیں بن سکتی اور نہ ہم ان کے مقلد ہیں، ان کی شخصی رائے پر حدیثِ قطعی کے مقابلہ میں فتوی دینے کی اصلاً گنجائش نہیں: اور حسبِ ذیل دلائل پیش کرتا ہے:

۱- "الولد للفراش، و للعاهر الحجر" (۲)۔

دلالت میں قطعی ہے، نص کے ہوتے ہوئے قیاس کوئی چیز نہیں نہ کسی کی رائے محض۔ اگر کسی کو شبہ ہو کہ حدیث مذکورہ کے مقابلہ میں دوسری حدیث ہے "کل مولود یولد علی الفطرة". کما قال العلامة اس کا جواب ظاہر ہے کہ خود فطرت کے معنی میں دو احتمال ہیں: اسلام یا استعدادِ اسلام۔

"والثانی أقرب لحدیث أبی داؤد: "کل مولود یولد علی الفطرة". و فیه: "قالوا: یا رسول الله! -صلی الله تعالیٰ علیه وسلم- أفرأیت من یموت و هو صغیرٌ؟ قال: "الله أعلم بما کانوا عاملین". باب فی ذراری المشرکین من کتاب السنة(۳)۔

---

(۱) "قلت: یظهر لی الحکم بالإسلام للحدیث الصحیح: "کل مولود یولد علی الفطرة"، الحدیث. فإنهم قالوا: إنه جعل اتفاقهما ناقلاً عن الفطرة فإذا لم یتفقا، بقی علی أصل الفطرة ..... فإن الاحتیاط بالدین أولی، ولأن الکفر أقبح القبیح، فلا ینبغی الحکم به فی شخص بدون أمر صریح الخ".
(ردالمحتار، کتاب النکاح، باب نکاح الکافر، مطلب: الولد یتبع خیر الأبوین : ۳/۱۹۷، سعید)

(۲) (أخرجه البخاری فی صحیحه، کتاب الوصایا، باب قول الموصی لوصیه: تعاهد ولدی الخ : ۱/۳۸۳، قدیمی)

(۳) والحدیث بتمامه: "عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: =

"فلو كان معنى الفطرة الإسلام لما توقف صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى حكمهم؛ لأن الشيء إذا ثبت ثبت بلوازمه، ومن لوازم الإسلام الحكم بدخول الجنة. وفى مجمع البحار: يريد أنه يولد على نوع من الجبلة والطبع المتهيئ قبول الدين، الخ" (۱)۔

اوراگراقرب یہ نہ ہوتب بھی: "إذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال" تو محتمل معارض نہیں ہوسکتا قطعی کا۔ اور جو مصالح حکم بالاسلام کے لکھے ہیں۔ علامہ شامی کی اول تو وہ رائے محض ہے، دوسرے اس حکم بالاسلام میں مفاسد بھی ہیں، اس لئے کہ ایک مدعی اسلام غیر مسلمہ کے ساتھ ساری عمر بلا زواج زنا کرتا رہے اور اس کے بچوں پر اسلام کا حکم لگا کر مسلمانوں کا سا حکم ہوتا رہے تو اس سے نہ تو زانی کو عبرت ہو اور نہ مزنیہ کو مسلمان بنا کر نکاح کی توفیق ہو اور نہ خود زانی کو اپنے فعلِ شنیع کا خیال تک گزرے، یہ تو اقبح القبیح اور افحش الفواحش ہے، اس میں تو اَور مزید احتیاط کی ضرورت ہے: "فإذا تعارضا المصالح والمفاسد تساقطا"۔

۲- عامہ فقہاء فرماتے ہیں کہ ولد الزنا کی نسبت اس کی ماں کی طرف کی جائے گی اور بچہ اسلام وکفر میں اپنی ماں کے تابع ہوگا (۲)۔

۳- حضرت مولانا عبدالحیٔ صاحبؒ کا فتویٰ "مجموعۃ الفتاوی، باب التجہیز والتکفین، ص: ۳۶۸ حسب ذیل ہے۔

سوال: "مسلمان مرد اور کافرہ عورت سے یا کافر اور مسلمان عورت سے بذریعہ زنا لڑکا یا لڑکی پیدا ہوکر قبل البلوغ یا بعد البلوغ مرجائے تو ان کی تجہیز وتکفین کا کیا حکم ہے؟"

جواب: "بلوغ کے بعد اگر وہ ایمان لائیں تو مسلمانوں کی طرح تجہیز وتکفین ہوگی ورنہ کفار کی طرح

= "كل مولود يولد على الفطرة، فأبواه يهوّادانه و ينصّرانه كما تناتج الإبل من بهيمة جمعاء، هل تحس من جدعاء"؟ قالوا: يا رسول الله أفرائيت من يموت وهو صغيرٌ؟ قال: "الله أعلم بما كانوا عاملين". (سنن أبى داؤد، كتاب السنة، باب فى ذرارى المشركين ۲/۳۰۰، امداديه ملتان)

(۱) (مجمع بحار الأنوار، باب الفاء مع الطاء: ۴/۱۵۴، مجلس دائرة المعارف النعمانية بحيدر آباد الدكن، الهند)

(۲) (راجع، ص: ۶۳۷، رقم الحاشية: ۴)

Made searchable using ScribeTools.com

اور بلوغ کے پہلے وہ ماں کے تابع ہیں کیونکہ ولدالزناء کا نسب زانیہ سے ثابت ہوتا ہے نہ کہ زانی سے، "البحر الرائق" وغیرہ میں ہے: "هو تابع لأحد أبويه إلى البلوغ مالم يحدث إسلاماً، وهو يميز" (۱) وہ اپنے ماں باپ میں سے سن بلوغ تک ایک کا تابع ہے یہاں تک کہ وہ سنِ تمیز کو پہونچ کر اسلام ظاہر کرے پس جب تک وہ تمیز میں اسلام نہ لائے گا ماں کا تابع ہوگا"۔ عبدالحیٔ (۲)۔

اب سوال یہ ہے کہ زید حق پر ہے یا عمر، نیز اگر زید نے گنجائش کے پیشِ نظر حکم بالاسلام کا فتوی دیا اور اس ولد کی تجہیز وتکفین وتدفین کو مسلمانوں کی طرح مسلمانوں کے قبرستان میں کروایا تو اس کا کیا حکم ہے؟ اگر زید غلطی پر ہے تو آئندہ اسے کیا رویہ اختیار کرنا چاہئے؟ نیز اگر عمر نے مذکورہ بالا دلائل کی رو سے کفر کا فتوی دیا تو اس کا کیا حکم ہے، آثم تو نہیں؟ بینوا وتوجروا۔

الجواب و هو الموفق للصواب حامداً و مصلياً :

اتنا تو فریقین کو تسلیم ہے کہ یہ بچہ زنا سے پیدا ہوا ہے اور جو بچہ زنا سے پیدا ہوتا ہے وہ شرعاً ثابت النسب نہیں ہوتا یعنی شرعاً وہ زانی باپ نہیں ہوتا اور وہ بچہ اس کا بیٹا نہیں کہلاتا:

"لقوله عليه السلام: "الولد للفراش و للعاهر الحجر". مجمع الفوائد، ص:٢٣٦ (٣)۔

قال أبو بكر ..... "و قوله: "الولد للفراش" الخ قد اقتضى معنيين: أحدهما: إثبات النسب لصاحب الفراش، والثانى: أن من لا فراش له فلا نسب له". أحكام القرآن(٤)۔

---

(۱) (رد المحتار، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/ ۲۲۹، سعيد)

(۲) مجموعة الفتاوى اللكنوى (اردو)، كتاب الجنائز، باب تجہیز وتکفین: ۱/ ۳۴۴، سعيد)

(۳) (جمع الفوائد، كتاب الطلاق، باب اللعان وإلحاق الولد واللقيط، (رقم الحديث ۴۴۵۵): ۱/ ۴۰۹، المكتبة الإسلامية باكستان)

(۴) (أحكام القرآن للجصاص، سورة النور، پ: ۱۸، تحت الاية :﴿والذين يرمون أزواجهم﴾ الآية فصل : اتفاقهم أن الولد قد ينفى من الزوج باللعان : ۳/ ۴۴۶، قديمى)

"ولأنهم قالوا فى حرمة بنته من الزنى: إن الشرع قطع النسبة إلى الزانى لمافيها من إشاعة الفاحشة، فلم يثبت النفقة والإرث لذلك الخ". (ردالمحتار، كتاب النكاح، باب نكاح الكافر : ۳/ ۱۹۷، سعيد) ..... =

"ومن الدليل على أن الزنا قبيح فى العقل أن الزانية لا نسب لولدها من قِبل الأب إذ ليس بعض الزناه أولى به حاقه به من بعض، ففيه قطع الأنساب و منع ما يتعلق بها من الحرمات فى المواريث والمناكحات و صلة الأرحام وإبطال حق الوالد على الولد و ما جرى مجرى ذلك". أحكام القرآن: ۲۴۶/۳(۱)۔

صلوۃ جنازہ کے لئے میت کا مسلمان ہونا شرط ہے اور بچے کے اسلام کی چند صورتیں ہیں: اول یہ کہ بچہ عاقل ہو اور اسلام لے آئے تو شرعاً اس کا اسلام صحیح اور معتبر ہے: "إسلام الصبى العاقل صحيح". فتاویٰ سراجية، ص: ۵۸(۲)۔ "أو أسلم صبى و هو عاقل: أى ابن سبع سنين، صلى عليه لصيرورته مسلماً". درمختار(۳)۔ پس اگر وہ بچہ عاقل تھا اور اسلام لے آیا تھا تو وہ اس حکم میں داخل ہے ورنہ نہیں۔

دوسری صورت یہ ہے کہ بچہ عاقل تو نہیں خود اسلام نہیں لایا بلکہ اس کے ابوین میں سے کوئی ایک یا دونوں مسلمان ہوگئے اس صورت میں خیر الأبوین کے تابع قرار دیا جائے گا: "إلا أن يسلم أحدهما؛ لأنه يتبع خيرهما، فيصلى عليه تبعا له" زيلعى، ص: ۲۴۳(۴)۔

صورتِ مسئولہ میں ماں کافرہ ہے اور زانی سے نسب ثابت نہیں، پس زانی کا مسلمان ہونا بچے کے حق میں کچھ نافع نہ ہوگا(۵)۔

= "والزنا المحض سببٌ لإيجاب العقوبة، فلا يصلح سبباً لإيجاب الحرمة والكرامةِ ألا ترى أنه لا يثبت به النسب والعدة الخ". (كتاب المبسوط للسرخسى ، كتاب النكاح : ۲۲۸/۴، مكتبه غفاريه كوئٹه)

(۱) (أحكام القرآن للجصاص ، سورة الإسراء ، مطلب: الزنا قبيح فى العقل قبل ورود السمع ، تحت الاية :﴿ولا تقربوا الزنا، إنه كان فاحشةً وساء سبيلاً﴾ (پ: ۱۵ ،آيت : ۳۲): ۲۹۵/۳، قديمى)

(۲) (الفتاوى السراجية للإمام على بن عثمان الأوشى ، كتاب السير، باب الإسلام، ص: ۶۶، سعيد)

(۳) (رد المحتار، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲۳۰/۲، سعيد)

(۴) (تبيين الحقائق ، كتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته : ۵۸۱/۱، دار الكتب العلمية، بيروت)

(۵) (راجع ،ص: ۶۳۷، رقم الحاشية: ۴)

Made searchable using ScribeTools.com

تیسری صورت یہ ہے کہ بچے کو تنہا بغیر احد الأبوین دار الحرب سے قید کر کے دار الاسلام میں لے آئے ہوں، پس اگر قید کرنے والا ذمی ہے تو تابعِ دار قرار دیکر اور اگر قید کرنے والا مسلم ہے تو تابع سابی قرار دے کر اس کو مسلمان کہا جائے گا۔

چوتھی صورت یہ ہے کہ دار الحرب میں امام اس بچہ کا کسی مسلم کو مالک بنادے خواہ بطریقِ بیع ہو خواہ بطریقِ تقسیم غنائم، اس صورت میں بھی بچہ کو تابعِ مالک قرار دے کر مسلمان کہا جائے گا:

"لو سبی وحده، لا یحکم بإسلامه ما لم یخرج إلی دار الإسلام، فیصیر تبعاً للدار، أو یقسم الإمام الغنائم أو یبیعها فی دار الحرب فیصیر مسلماً تبعاً للمالك". ردالمحتار.....

"ولو سبی بدونه فهو مسلم تبعاً للدار أوللسابی". درمختار۔ قال الشامی: "أی إن کان السابی ذمیا، أو للسابی إن کان مسلماً، کذا فی شرح المنیة"(۱)۔

صورتِ مسئولہ میں کسی دار الحرب سے قید کر کے دار الاسلام میں نہیں لایا گیا کہ تابع دار یا تابع سابی قرار دیا جائے، نیز زانی نہ سابی ہے نہ مالک۔

کلامِ فقہاء میں ایسی صورتیں ملیں گی کہ باوجود تحقیقِ اسلامِ میت بعض عوارض کی بنا پر اس پر نماز جنازہ نہیں پڑھی جاتی:" و هی فرض علی کل مسلم مات، خلا بغاة و قاطع طریق إذا قُتلوا فی الحرب، الخ". تنویر(۲)۔

---

(۱) (الدر المختار مع رد المحتار ، کتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۲۲۸، ۲۲۹، سعید)

"وإن سبی صبی ومات، فإن یسب معه أحد أبویه یصلی علیه؛ لأنه مسلم تبعاً للسابی إن کان مسلماً، وللدار إن کان ذمیاً الخ". (الحلبی الکبیر ، کتاب الصلاة، فصل فی صلاة الجنائز، الرابع: الصلاة علیه، ص: ۵۹۱، سهیل اکیڈمی لاهور)

"(أو لم یسب أحد هما معه) أنه یصلی علیه إذا دخل دار الإسلام، ولم یکن معه أحد أبویه تبعاً لدار الإسلام الخ". (البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته : ۲/۳۳۲، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل الثانی فی الغسل: ۱/۱۵۹، رشیدیه)

(۲) (الدر المختار شرح تنویر الأبصار، کتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۲۱۰، سعید) ..... =

Made Searchable by ScribeTools.com

ایسی صورت نہیں ملے گی کہ باوجود تحقیقِ کفرمیت اس پرنماز جنازہ کا حکم ہو، بلکہ جس کے کفرواسلام مین اشتباہ ہواس پربھی نمازِ جنازہ نہیں:" و مما ينبغى أن يعلم فى هذا المقام أن الفقهاء ذكروا أن الصلوة لا يجوز على الكافر بحالٍ وإن كان له وليٌّ مسلم، حتى قالوا: إنه فى من اشتبه عليه أنه مؤمن أوكافر لا يصلى عليه؛ لأن الصلوة على الكافر لا يجوز بحال، وترك الصلوة على المؤمن جائز فى الجملة". تفسير احمدى،ص:۳۸(۱)۔

اورعلامہ شامی نے اس صورتِ مسئولہ پرصلوۃ جنازہ کے متعلق کوئی کلام نہیں کیا کیونکہ باب نكاح الكافر اس کامحل نہیں،تبعیت کی جتنی صورتیں ہیں ان میں سے کوئی سی بھی بچے میں موجودنہیں،لہٰذا تبعیت کی وجہ سے اس پرصلوۃ جنازہ کا ترک بھی احوط معلوم ہوتا ہے:

"وذكر فى شرح الزيادات فى كتاب السير: الدين يثبت بالتبعية، وأقوى التبعية تبعية الأبوين؛ لأنهما سبب لوجوده، ثم تبعية اليد؛ لأن الصغير الذى لا يعبر بمنزلة المتاع فى يده، وعند عدم اليد تعتبر تبعية الدار؛ لأنه قبل وجوده، ألا ترى أن اللقيط الموجود فى دار إلاسلام

= "فكل مسلم مات بعد الولادة، يصلى عليه صغيراً كان أو كبيراً، ذكراً كان أو أنثى، حراً كان أو عبداً، إلا البغاة و قطاع الطريق و من بمثل حالهم، الخ". (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، الجنائز، فصل: وأما بيان من يصلى عليه : ۴۷/۲، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، باب الجنائز، الفصل الخامس الصلاة على الميت : ۱۶۳/۱، رشيديه)

(۱) (التفسيرات الأحمدية لملا جيون، تحت الاية : ﴿وصلّ عليهم،إن صلوتک سكن لهم﴾ (سورة التوبة۱۰۳)، ص:۴۷۳، مكتبه حقانيه پشاور)

"و قال بعضهم: لايصلى عليهم؛ لأن ترک الصلوة على المسلم أولى من الصلاة على الكافر؛ لأن الصلاة على الكافر غير مشروعة أصلاً، قال الله تعالىٰ :﴿ولا تصل على أحد منهم مات أبداً﴾.(سورة التوبة : ۸۴) و ترک الصلاة على المسلم مشروعة فى الجملة كالبغاة و قطاع الطريق، فكان الترک أهون".(بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، الجنائز، فصل: وأما شرائط وجوب الغسل : ۳۱/۲، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

مسلم؟ قال العبد الضعيف عصمه الله تعالىٰ: قد اختلف الرواية فى اللقيط أيضاً، قيل: يعتبر المكان وقيل: الواجد، وقيل: الأنفع". زيلعى: ١/٢٤٤ (١)۔

مگر چونکہ زید بھی شامی کی عبارت سے استدلال کرتا ہے اور اسی سے اس بچہ کا مسلمان ہونا معلوم ہوتا ہے، لہٰذا طرفین میں سے کسی کو کافر کہنا یا لعن طعن کرنا درست نہیں، حتی الوسع تکفیر سے کفِ لسان وقلم ضروری ہے کما صرح به فى البحر(٢) والفتاوىٰ العالمكيرية (٣) وغيرهما(٤) ۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

---

(١) (تبيين الحقائق ، كتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته : ١/٥٨٢، دار الكتب العلميه ، بيروت)

"والأصل الثانى ما عرف فى المبسوط أن الدين يثبت بالتبعية، وأقوى التبعية تبعية الأبوين؛ لأنهما سبب لوجوده، قال صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "كل مولود يولد على الفطرة، فأبواه يهوّادانه". الحديث. ثم يعد تبعية الأبوين اليد؛ لأن الصغير الذى لا يعبر بمنزلة متاع فى يده، وعند عدم اليد يعتبر تبعاً للمكان؛ لأنه محل وجوده، ولهذا كان اللقيط الموجود فى دار الإسلام مسلم تبعاً للدار". (شرح الزيادات للإمام محمد بن الحسن الشيبانى، كتاب السير، باب السبايا من أهل الحرب، ما يصدق فيه وما لا يصدق ، الدين يثبت بالتبعية : ٦/٢١٠٠، ٢١٠١، إدارة القرآن كراچى)

(٢) "وإذا كان فى المسألة وجوه توجب التكفير، ووجه واحد يمنع التكفير، فعلى المفتى أن يميل إلى الوجه الذى يمنع التكفير تحسيناً للظن بالمسلم". (البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين : ٥/٢١٠، رشيديه)

(٣) (وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب السير، قبيل الباب العاشر فى البغاة : ٢/٢٨٣، رشيديه)

(٤) (وكذا فى التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين ، فصل فى إجراء كلمة الكفر : ٥/٤٥٨، إدارة القرآن كراچى)

"و قد ذكروا أن المسئلة المتعلقة بالكفر إذا كان لها تسع و تسعون احتمالاً لكفر، واحتمال واحد فى نفيه، فالأولى للمفتى والقاضى أن يعمل بالاحتمال النافى؛ لأن الخطأ فى إبقاء ألف كافر أهون من الخطأ فى إفناء مسلم واحد". لشرح فقه الأكبر للملا على القارى ، قبيل فصل فى القراءة والصلاة، ص: ١٦٢، قديمى)

صورت مسئولہ میں حکم اصول وقواعد اور ظواہر نصوص کے مطابق ظاہر یہی ہے کہ ایسے بچہ کو قبل سنِ تمیز ماں کے تابع قرار دیا جائے لیکن مسئلہ مختلف فیہ ہے اور امام صاحب سے صراحۃً منقول نہیں، علماء میں اختلاف ہے جیسا کہ علامہ شامی نے بیان کیا ہے، اس لئے صورتِ مسئولہ مذکورہ میں گو نسب ثابت نہ ہوگا اور صلوۃ جنازہ بوجہ اشتباہ اسلام نہ پڑھی جائے گی، كما نقل فی الجواب المذكور من التفسير الأحمدی، لیکن اس کے کفر کا حکم بھی قطعی طور سے نہ کیا جائے گا، كما صرحوا فی باب المرتدين أنه: "لايكفر مسلم ما أمكن حمل كلامه على محمل حسن أو كان فی كفره اختلاف و لو روايةً ضعيفةً(۱)۔

قلت: الصبی المذكور وإن لم يكن مرتداً لكن فی كفره اختلاف العلماء، فالأحوط السكوت أو عدم التكفير۔ فقط واللہ اعلم۔

الجواب صحیح سعید احمد غفرلہ۔

ہیجڑے کی نماز جنازہ

سوال[۴۱۱۰]: خصی مردوں یعنی ہیجڑوں کی نماز جنازہ پڑھنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلياً:

ان کے جنازہ کی نماز بھی پڑھی جائے اگر چہ وہ اپنے فعل کی وجہ سے سخت گنہگار ہیں، لقوله عليه السلام: "صلو اعلى كل بر و فاجر". طحطاوی على مراقی الفلاح، ص: ٤٧٧ (٢)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) (الدر المختار، كتاب الجهاد، باب المرتد: ۴/۲۲۹، سعيد)

(۲) (حاشية الطحطاوی على مراقی الفلاح، كتاب الصلاة، أحكام الجنائز، فصل: الصلاة عليه، ص: ۵۸۰، قديمی)

"عن أبی هريرة رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللہ صلى اللہ تعالیٰ عليه وسلم: "الجهاد واجب عليكم مع كل أمير براً كان أو فاجراً، والصلوة واجبة عليكم خلف كل مسلم براً كان أو فاجراً وإن عمل الكبائر، والصلوة واجبة على كل مسلم براً كان أو فاجراً وإن عمل الكبائر". (سنن أبی داؤد، =

Made searchable using ScribeTools.com

خنثی بچہ کی نماز جنازہ

سوال[۴۱۱۱]: اگرکوئی لڑکا زندہ پیدا ہوااوراس کے پاخانے پیشاب کی راہ بالکل نہ ہوتواس پرنماز جنازہ لڑکی کی یالڑکے کی، کس کی پڑھی جائے گی؟ فقط۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایسے بچہ پرلڑکی کے احکام جاری ہوں گے، بغیران چندمخصوص احکام کے جن کواشباہ، ص:۲۴۴، میں نقل کیاہے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

جو بچہ مرا ہوا پیدا ہواس پرنمازِ جنازہ

سوال[۴۱۱۲]: مسماۃ ہندہ کے مرا ہوا بچہ پیدا ہوالیکن آنول(۲) نہیں نکلی جسکے باعث ہندہ کا بھی انتقال ہوگیا، بچہ کا ناف نہیں کٹی تھی لہذا زچہ اور بچہ دونوں کا ایک ہی کفن وقبر میں دفن کردیا گیا، دونوں ران کے بیچ

= كتاب الجهاد، باب فى الغزو مع أئمة الجور : ۱/۳۵۰، امداديه)

"فكل مسلم مات بعد الولادة يصلى عليه صغيراً كان أو كبيراً، ذكراً كان أو أنثى، حراً كان أو عبداً، إلا البغاة و قطاع الطريق، و من بمثل حالهم، لقول النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "صلوا على كل برو فاجر". (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، الجنائز، فصل: وأما بيان من يصلى عليه : ۲/۷۰۱، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادى والعشرون فى الجنائز، الفصل الخامس فى الصلاة على الميت: ۱/۱۶۳، رشيديه)

(۱) "وحاصله أنه كالأنثى فى جميع الأحكام إلا فى مسائل: لا يلبس حريراً و لا ذهباً و لا فضةً، ولا يتزوج من رجل، ولا يقف فى صف النساء، و لا حد بقذفه، و لا يخلو بامرأة، و لا يقع عتق و طلاق علقاً على ولادتها أنثى به، ولا يدخل تحت قوله: كل أمة". (الأشباه والنظائر، أحكام الخنثى المشكل : ۳/۳۷۹، إدارة القرآن كراچى)

(وكذا فى الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الخنثى : ۶/۷۲۷، ۷۲۸، سعيد)

(۲) "آنول: وہ جھلی جو بچے کی پیدائش کے وقت اس کے ساتھ لگی ہوتی ہے..... جب بچہ پیدا ہوتا ہے تو اس کی ناف انتڑی کی طرح بڑھی ہوئی ہوتی ہے، دائی اُسے اُسی وقت کاٹ ڈالتی ہے.....اھ". (فیروز اللغات، ص:۴۳، فیروزسنز، لاہور)

میں بچہ رکھ دیا گیا تھا۔ ایسا کرنا ٹھیک ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو کر دیا سو کر دیا اس کی کوئی اصلاح نہ کریں (۱) بہتر یہ تھا کہ ناف کاٹ کر بچہ کو علیحدہ دفن کیا جاتا وہ مرا ہوا پیدا ہوا تھا اس کی جنازہ کی نماز بھی نہیں تھی (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۷/۲/۹۴ھ۔

---

(۱) "وينبغي كونه على شقه الأيمن، و لا ينبش ليوجه الخ". (الدرالمختار). "(قوله: و لا ينبش ليوجه إليها): أي لو دفن مستدبراً لها وأهالوا التراب، لا ينبش ؛لأن التوجه إلى القبلة سنة والنبش حرام". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۲۳۶، سعيد)

"و لو وضع لغير القبلة، فإن كان قبل إهالة التراب عليه و قد سرحوا اللبن، أزالوا ذلك؛ لأنه ليس بنبش. وإن أهيل عليه التراب، ترك ذلك؛ لأن النبش حرام". (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، الجنائز ، فصل: أما سنة الدفن : ۲/۶۳، رشيديه)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته عليه : ۲/۳۴۱، رشيديه)

(۲) "عن جابر رضي الله تعالىٰ عنه، عن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "الطفل لا يصلى عليه و لا يرث و لا يورث حتى يستهل". (جامع الترمذي، أبواب الجنائز، باب ما جاء في ترك الصلاة على الطفل حتى يستهل : ۱/۲۰۰، سعيد)

"و من استهل، صلى عليه، و إلا لا ..... و أفاد بقوله: (وإلا لا) أنه إذا لم يستهل، لا يصلى عليه". (البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته عليه : ۲/۳۳۰، رشيديه)

"ومن ولد فمات، يغسل و يصلى عليه إن استهل. و إلا غسل وسمي وأدرج في خرقة و دفن، ولم يصل عليه". (الدرالمختار ، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۲۲۷، ۲۲۸، سعيد)

(وكذا في تبيين الحقائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته عليه : ۱/۵۸۱ ، دار الكتب العلميه، بيروت)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com ools.com

مردہ بچہ کی نمازِ جنازہ کا حکم ائمۂ اربعہ کے نزدیک

سوال [۴۱۱۳]: إن بعض الإخوان من أرسل إلیّ خطاً و مضموناً هكذا: ما حكم السقط الذی ولدته لستة أشهر أو بعد ها لم يستهل، و لم يبك، و لم تظهر أمارة الحيٰوة، ماذا حكمه فی هذه المسئلة فی المذاهب الأربعة هل يصلی عليه أم لا؟ وإن صلی عليه أحد يجوز ذلك أم لا؟ أرجو من حضرتكم الشريفة جواباً شافياً كافياً۔

عباس کیرانوی۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

لا يصلی عليه عند الأحناف كذا فی الدرالمختار: "ومن وُلد و مات، يغسل ويصلی عليه إن استهل: أی وُجد منه ما يدل علی حيٰوته بعد خروج أكثره. وإن لا يستهل، غسل وسمی وأدرج فی خرقة، و لم يصل عليه"(۱)۔ "وعند الإمام أحمد : صلی عليه إذاخرج ميتاً وأتی عليه أربعة أشهر. و الإمام مالك مع الإمام أبی حنيفة فی ذلك: أی لا يصلی عليه ، وللإمام الشافعی فيه قولان كالمذهبين المذكورين". كذا فی الشرح الكبير علی متن المقنع"(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/۶/۹۰ھ۔

---

(۱) (الدر المختار ، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۲۲۷، ۲۲۸، سعيد)

"عن جابر رضی الله تعالیٰ عنه عن النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم قال: "الطفل لا يصلی عليه و لا يرث و لا يورث حتی يستهل". (جامع الترمذی، أبواب الجنائز، باب ما جاء فی ترک الصلاة علی الطفل حتی يستهل : ۱/۲۰۰، سعيد)

"و من استهل، صلی عليه، وإلا لا ..... و أفاد بقوله: (وإلا لا) أنه إذ لم يستهل، لا يصلی عليه". (البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته عليه : ۲/۳۳۰، رشيديه)

(وكذا فی تبيين الحقائق، كتاب الصلاة،، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته عليه : ۱/۵۸۱، دار الكتب العلمية، بيروت)

(۲) (لم أظفر بهذا الكتاب)

جڑواں دو بچوں کے جنازہ پر نماز ایک ہے یا دو؟

سوال[۴۱۱۴]: ایک ساتھ پیدا ہونے والے دو بچے مرجائیں تو نماز جنازہ پڑھی جائے گی یا نہیں اور ایک بار نماز پڑھی جائے گی یا دو بار پڑھی جائے گی؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

جب زندہ پیدا ہوکر مرے ہیں تو ضرور ان پر نماز جنازہ پڑھی جائے گی (۱)۔ جنازہ ہر دو کا ساتھ ہو تو ایک نماز بھی دونوں پر کافی ہے، الگ الگ پڑھنا اعلیٰ بات ہے (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

---

(۱) "عن جابر رضی الله تعالیٰ عنه عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "الطفل لا یصلی علیه و لا یرث و لا یورث حتی یستهل". (جامع الترمذی، أبواب الجنائز، باب ما جاء فی ترک الصلاة علی الطفل حتی یستهل: ۱/۲۰۰، سعید)

"و من وُلد، فمات، یغسل و یصلی علیه إن استهل، وإلا غسل وسمی وأدرج فی خرقة و دفن، و لم یصل علیه". (الدرالمختار، کتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۲۷، ۲۲۸، سعید)

"ومن استهل، صلی علیه، و إلا لا ..... وأفاد بقوله: (وإلا لا) أنه إذ لم یستهل، لایصلی علیه". (البحر الرائق، کتاب الصلوة، باب الجنائز، فصل السلطان أحق بصلاته علیه: ۲/۳۳۰، رشیدیه)

(وکذا فی تبیین الحقائق، کتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل السلطان أحق بصلاته علیه: ۱/۵۸۱، دار الکتب العلمیة، بیروت)

(۲) "عن أبی مالک رضی الله تعالیٰ عنه: أمر رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یوم أحد بحمزة، فوضع و جئ بتسعة، فصلی علیهم رسولُ الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، فرفعوا و ترک حمزة، ثم جیء بتسعة، فوضعوا و صلی علیهم سبع صلوات، حتی صلی علی سبعین و فیهم حمزة رضی الله تعالیٰ عنه فی کل صلوة صلاها". (مراسیل أبی داؤد، فی الصلاة علی الشهدآء: ۱۸، سعید)

"وإذا اجتمعت الجنائز، فإفراد الصلوة أولی". (الدر المختار علی تنویر الأبصار، باب الجنائز: ۲/۲۱۸، سعید)

(وکذا فی البحرالرائق، کتاب الصلوة، باب الجنائز: ۲/۳۲۸، رشیدیه) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

کافر نے اپنا چھوٹا بچہ مسلمان کو دیدیا اس پر نمازِ جنازہ

سوال[۴۱۱۵]: ما قولکم أیها العلماء الکرام **اندرینکه کافرے دخترِ صغیره شیر خوار را بمسلمانے هبةً حواله نمود، ودعوی بالکلیه ترک کرد، و مسلمان صغیره را مانندِ فرزندِ خود از شیر گاؤ پر وش کرده گرفت، قضا را صغیره وفات نمود، پس دریں صورت فطرت و تبعیت ید را ملاحظه نموده، نماز جنازه بر دخترِ صغیره موصوفه گزارده شود یا نه؟** بینوا و توجروا۔

الجواب:

درصورتِ مذکوره چوں کافر دخترِ صغیره راحوالۂ مسلمان نمود، ودعوی بالکلیه ترک نمود، ومسلمان مانندِ فرزندِ خود دخترِ صغیره رابر پرورش میکند، پس به نظر فطرت وتبعیت یدنماز جنازه بردخترِ صغیره گزار شود، کما یُفهم من کتب الفقه والحدیث، فی الهندیة: "والصبی إذا وقع فی یدالمسلم من الجند فی دارالحرب وحده، ومات هناك، صلی علیه تبعاً لصاحب الید، کذافی المحیط"(۱)۔ وفیها: "وإن سبی وحده غسل وصلی علیه، کذا فی الزاهدی"(۲)۔

وفی الدرالمختار: "ولوسبی بدونه، فهو مسلم تبعاً للدار أو للسابی، الخ"۔ فی الشامیة تحت قوله: "(للدار إن کان السابی ذمیًّا) أو للسابی إن کان مسلماً، کذا فی شرح المنیة"(۳)۔

= (وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز ، الفصل الخامس الخ: ۱/۱۶۵، رشیدیه)

(۱) (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز ، الفصل الخامس الخ : ۱/۱۶۳، رشیدیه)

(۲) (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز ، الفصل الثانی فی الغسل : ۱/۱۵۹، رشیدیه)

(۳)(الدر المختار مع رد المحتار ، کتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۲۲۹، سعید)

فی الطحطاوی: "فإن وقع فی سهمه صبّی من الغنیمة فی دارالحرب فمات، یصلی علیه، ویجعل مسلماً تبعاً لصاحب الید"(۱)۔ فی الحدیث الشریف: "عن النبی صلی اللّٰه علیه وصحبه وسلم: "کل مولود یولد علی الفطرة". الحدیث(۲)۔

حرره العبد الأواه شیخ أحمد حماه مولاه۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

در صورتِ مسئوله معنیٔ تبعیتِ ید شرعاً متحقق نشده، زیرا که مراد از تبعیتِ ید این است که آنکس که این دخترِ صغیره بدستِ او است مالکِ این دختر بود، وملکیت دریں صورت یافته نمی شود، زیرا که انسان عام ازینکه مومن بود یا کافر باعتبارِ اصلِ خود حُراست، و ملک بر حُر ثابت نشود اِلا بطریقِ مشروع، و هبۂ حُر باطل است، پس قبضۂ آنکس بر این دختر شرعاً قبضۂ مالکانه نخواهد بود.

آرے اگر امام مسلمین جهاد کند، و کفار را به طریقِ غنیمت گرفتار نموده در غازیان تقسیم کند، بعد از تقسیمِ هر کس مالکِ سهم خود خواهد شد. پس اگر بایں طور صغیرے در قبضۂ کسے در آید، وبمیرد، بر آن صغیر نمازِ جنازه گزارده خواهد شد به تبعیتِ ید، وهم چنین است اگر از کسے خرید کند وغیره وغیره:

قال الطحطاوی ص: ۳۵۰، نقلاً عن الفتح: "فإن مَن وقع فی سهمه صبیّ من الغنیمة فی دار الحرب فمات، یصلی علیه، ویُجعل مسلماً تبعاً لصاحب الید، الخ"(۳)۔ کذا فی

---

(۱) (حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح ، کتاب الصلاة، باب أحکام الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته، ص : ۶۰۰، قدیمی)

(۲) والحدیث بتمامه :"عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "کل مولود یولد علی الفطرة، فأبواه یهوّدانه أو ینصّرانه أو یمجّسانه کمثل البهیمة تنتج البهیمة، هل تری فیها جدعاء". (صحیح البخاری، کتاب الجنائز، باب ما قیل فی أولاد المشرکین : ۱/۱۸۵، قدیمی)

(۳) (حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، باب أحکام الجنائز، فصل: السلطان أحق، ص: ۶۰۰، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

البحرالرائق: ۲/۱۹(۱)۔

ومراد از عبارتِ هنديه نيز همين است، زيرا كه جندِ اسلام چون در دار الحرب بود و بر چيزے از اموالِ اهل الحرب استيلاء يابد، مالک شود. و بعد سبى نيزيدِ شرعى متحقق شود، هكذا يفهم من غنية المستملى شرح منية المصلى(۲) والدر المختار (۳)۔ وعبارتِ طحطاوى (٤) و بحر (٥) **اصرحِ عبارت است،** فالعجيب من المجيب الفاضل! أنه كيف ذهل عن معنى اليد الشرعى، وحمل عبارة كلها على المعنى اللغوى؟ قال الشيخ ابن عابدين بعد بحثٍ طويلٍ:

"وحاصله إنما يحكم بإسلامه بالإخراج إلى دار الإسلام تبعاً للدار أو بالملك بقسمة أو بيع من الإمام تبعاً للمالك لو مسلماً أو للغانمين لو ذمياً، اهـ"(٦)۔

پس در صورتِ مسئوله صبى از اسبابِ مذكوره يافته نشد:

"من اشترى رقيقاً من الصغار فى دار الحرب، فمن مات فيها منهم، فلا يصلى عليه، كذا فى الغياثية. و فى اليد كصبى سبى مع أبويه، لا يصلى عليه؛ لأنه تبع له، الخ". شرح سير كبير(۷)۔

---

(۱) "و فى فتح القدير: واختلف ..... **فإن من وقع فى سهمه صبى من الغنيمة فى دار الحرب فمات، يصلى عليه، و يجعل مسلماً تبعاً لصاحب اليد**". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز ، فصل: السلطان أحق بصلاته : ۲/۳۳۳، قديمى)

(۲) "وإن سبى صبى و مات، فإن يسب معه أحد أبويه، يصلى عليه؛ لأنه مسلم تبعاً للسابى إن كان مسلماً، وللدار إن كان ذمياً، الخ". (الحلبى الكبير، كتاب الصلاة، فصل فى صلاة الجنائز ، الرابع: الصلاة عليه، ص: ۵۹۱، سهيل اكيڈمى لاهور)

(۳) (راجع، ص: ۴۴۷، رقم الحاشية: ۳)

(۴) ،ص: ۴۴۸، رقم الحاشية: ۱)

(۵) (راجع الحاشية رقمها: ۱)

(٦) (رد المحتار ، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۲۳۰، سعيد)

(۷) (لم أجد بهذه العبارة فى شرح السير الكبير ولكن فى الدرالمختار مثله: ۲/۲۲۸، ۲۲۹، سعيد)

Made Searchable by ScribeTools.com

باوجود ابوین صغیر تابع کسے نخواهد شد بل به تبعیتِ ابوین احکامِ کفار بر او جاری خواهد شد: قال محمد أمين الشامی تحت قول صاحب الدر المختار: "كصبی سبی مع أحد أبويه): وبالأولى إذا سبی معها، والمجنون البالغ كصبی كما فی الشرنبلالية. ولا فرق بين كون الصبی مميزاً أولا، ولا بين موته فی دار الإسلام أو الحرب، و لا بين كون السابی مسلماً أو ذمياً؛ لأنه مع وجود الأبوين لا عبرة للدار و لا للسابی، بل هو تابع لأحد أبويه إلى البلوغ ما لم يحدث إسلاماً وهو مميزه كما صرح به فی البحر"(۱)۔

اگر در صورتِ مسئولہ والدین فوت هم شوند و حکم بدار الاسلام نیز کرده شود، بر آں صغیره نماز جنازه گزارده نخواهد شد:

"وكذلك إن ماتت آبائهم وأمهاتهم فی دارنا؛ لأن معنى التبعية بالموت لا ينقطع فی حكم الدين، ألا ترى أن أولاد أهل الذمة لا يحكم لهم بالإسلام وإن ماتت آبائهم و أمهاتهم فی دار ناصغاراً، الخ". شرح سير كبير: ۳/۳۳۵ (۲)۔

وازیں عبارات جوابِ حدیث شریف نیز حاصل شد ۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم وعلمہ اتم واحکم وأکمل۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲/۱/۵۴ھ۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۶/محرم الحرام/۵۴ھ۔

غیر مسلم کے جنازہ میں شرکت

سوال[۴۱۱۶]: مسلمان کو غیر مسلم کے جنازہ کے ہمراہ جانا یا غیر مسلم کو مسلم کے جنازہ کے ساتھ چلنا، تکفین وتدفین میں شرکت کرنا کیسا ہے؟

---

(۱) (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۲۸، ۲۲۹، سعيد)

(۲) (شرح السير الكبير، المفادات بالصغير والكبير من السبی وغير ذلک: ۴/۳۵۰، عباس احمد الباز)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

درست نہیں ہے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۴/۱/۸۹ھ۔

قادیانی کے جنازہ کی نماز

سوال[۴۱۱۷]: جس امام نے پہلے بھی غلطی کی، اسی نے ایک قادیانی کی نماز پڑھائی مگر لوگوں نے کہا کہ اس کی نماز پڑھانی جائز نہ تھی، کہہ دیا ضرور مگر بُلائے تھے تو میں نے اس وجہ سے نماز پڑھائی تا کہ قادیانی اس کی عورت سے نہ کہلوائیں کہ جنازہ ہمیں ملے۔قادیانی آئے اور دعائے خیر مانگ کر چلے گئے، مگر عورت نے پہلے ہی کہہ دیا تھا کہ میرا مذہب قادیانی نہیں۔اس بات پر شریعت کا کیا حکم ہے؟ بعض اپنے قیاس سے جائز کہتے ہیں، جو قادیانی تھا اس نے اپنے ماں باپ سے کہدیا تھا کہ میری نماز قادیانی پڑھیں اور ان کو بلانا، اس وجہ سے ان کو بلایا گیا تھا۔فقط۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر واقعۃً وہ شخص قادیانی تھا تو امام اس کی نماز پڑھانے سے سخت گنہگار ہوا، اس کو علی الاعلان

---

(۱) قال الله تعالىٰ:﴿و لا تصل على أحد منهم مات أبداً، ولا تقم على قبره﴾ (الآية). (سورة التوبة: ۸۴)

"﴿و لا تصل﴾ الاية ..... والمراد من الصلاة المنهى عنها صلاة الميت المعروفة، وهى متضمنة للدعاء والاستغفار والاستشفاع ..... ﴿و لا تقم على قبره﴾ ..... والمراد: لا تقف عند قبره للدفن أو للزيارة، والقبر فى المشهور مدفن الميت، و يكون بمعنى الدفن، وجوّزوا إرادته هنا أيضاً". (روح المعانى : ۱۰/۱۵۵، دار إحياء التراث العربى بيروت)

"قال: (و شرطها): أى شرط الصلاة عليه (إسلام الميت وطهارته). أما الإسلام، فلقوله تعالىٰ ﴿ولا تصل على أحد منهم مات أبداً و لا تقم على قبره﴾ يعنى المنافقين، و هم الكَفَرة، ولانها شفاعة للميت إكراماً له و طلباً للمغفرة، والكافر لا تنفعه الشفاعة و لا يستحق الإكرام". (تبيين الحقائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۱/۵۷۲، دار الكتب العلمية، بيروت)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۳۱۴، رشيديه)

توبہ لازم ہے(۱)۔قادیانی پر کفر کا فتوی ہے اور کافر کی نماز پڑھانا(۲) اور اس کے لئے دعائے مغفرت کرنا حرام ہے(۳)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۲/۱۲/۶۰ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۳/ ذی الحجہ/۶۰ھ۔

---

(۱) قال الله تعالى: ﴿يا أيها الذين آمنوا توبوا إلى الله توبةً نصوحاً﴾. (الاية) (سورة التحريم : ۸)

"عن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "لله أشد فرحاً بتوبة أحدكم من أحدكم بضالته إذا وجدها".

"واتفقوا على أن التوبة من جميع المعاصى واجبة، وأنها واجبة على الفور، لا يجوز تأخيرها سواء كانت المعصية صغيرةً أو كبيرةً، والتوبة من مهمات الإسلام و قواعده المتأكدة، ووجوبها عند أهل السنة والجماعة الخ". (الصحيح لمسلم مع شرحه للنووى ، كتاب التوبة : ۳۵۴/۲، سعيد)

وانظر للبسط: (روح المعانى : ۱۵۷/۲۸-۱۶۰، (سورة التحريم:۸) دار إحياء التراث العربى، بيروت)

(۲) قال الله تعالى: ﴿و لا تصل على أحد منهم مات أبداً، ولا تقم على قبره﴾ (الاية). (سورة التوبة: ۸۴)

"والمراد من الصلاة المنهى عنها صلاة الميت المعروفة، وهى متضمنة للدعاء والاستغفار والاستشفاع". (روح المعانى : ۱۵۴/۱۰، دار إحياء التراث العربى بيروت)

"عن ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما عن عمر بن الخطاب رضى الله تعالىٰ عنه: أنه قال لما مات عبد الله بن أبى بن سلول، دُعِىَ له رسولُ الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ليصلى عليه، فلما قام رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وثبت إليه، فقلت: يا رسول الله ..... قال: فصلى عليه رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، ثم انصرف، فلم يمكث إلا يسيراً حتى نزلت الآيتان من براء ة: ﴿ولا تصل على أحد منهم﴾ الحديث". (صحيح البخارى، كتاب الجنائز ، باب ما يكره من الصلاة على المنافقين : ۱۸۲/۱، قديمى)

"(و شرطها) ستة (إسلام الميت و طهارته)". (الدرالمختار، باب صلاة الجنازة : ۲۰۷/۲، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته : ۳۱۴/۲، رشيديه)

(۳) قال الله تعالى: ﴿ما كان للنبى والذين آمنوا أن يستغفروا للمشركين و لو كانوا أولى قربىٰ من بعد=

Made searchable using ScribeTools.com

ایضاً

سوال[۴۱۱۸]: ایک شخص قادیانی کی لڑکی فوت ہوگئی اس نے اوراس کے باپ نے بیٹی اور پوتی کی نماز جنازہ ادانہیں کی، امام ومقتدی اہلِ سنت والجماعت تھے، کیا قادیانی مذہب کے اولاد یا عورت کی نماز جنازہ اہلِ سنت والجماعت کو پڑھنی چاہئے یانہیں؟ اگرنہیں تو جنہوں نے بخیالِ برادری نماز ادا کی ان پر کچھ سزا شرعی عائد ہوگی یانہیں؟

ریاض الحق کلیانوی از تھانہ بھون۔

الجواب : هو الموفق للصواب

قادیانی لوگ مسلمان نہیں بلکہ کافر ہیں اورنماز مسلمان کے جنازہ کی پڑھی جاتی ہے کافر کے جنازہ کی نمازنہیں پڑھی جاتی، جس کے متعلق معلوم ہوکہ یہ قادیانی ہے اسکے جنازہ کی نماز درست نہیں (۱)، اس کی عورت

= ماتبين لهم أنهم أصحاب الجحيم﴾. (سورةالتوبة : ۱۱۳)

"عن سعيد بن المسيب عن أبيه قال: لما حضرت أبا طالب الوفاةُ، دخل عليه النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و عنده أبوجهل و عبد الله بن أبى أمية، فقال النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "أى عم! قل لا إله إلا الله أُحاجّ لک بها عند الله". فقال أبو جهل وعبد الله بن أبى مية: يا أباطالب! أترغب عن ملة عبد المطلب؟ فقال النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "لأ ستغفرنّ لک مالم أُنْهَ عنک" فنزلت: ﴿ما كان للنبى والذيين آمنوا أن يستغفروا للمشركين﴾ الاية". (صحيح البخارى، كتاب التفسير، باب قوله تعالىٰ : (ما كان للنبى أن يستغفروا للمشركين) الخ : ۲/۶۷۴، ۶۷۵، قديمى)

"(قوله: لنفسه و أبويه و أستاذه المؤمنين) احترز به عما إذا كانوا كفاراً، فإنه لا يجوز الدعاء لهم بالمغفرة". (كتاب الصلاة، فصل: إذا أراد الشروع: ۱/۵۲۱، سعيد)

(۱) قال الله تعالى:﴿ و لا تصل على أحد منهم مات أبداً، ولا تقم على قبره﴾ (الاية). (سورة التوبة: ۸۴)

"والمراد من الصلاة المنهيّ عنها صلاة الميت المعروفة، و هى متضمنة للدعاء والاستغفار والاستشفاع". (روح المعانى : ۱۰/۱۵۵، دار إحياء التراث العربى بيروت)

"عن ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما عن عمر بن الخطاب رضى الله تعالىٰ عنه: أنه قال: لما مات عبد الله بن أبَىّ بن سلول دُعِىَ له رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ليصلى عليه، فلما قام رسول =

اگر مسلمان ہے تو اس کی نماز اور اس کے نابالغ بچے کی نماز درست ہے کیونکہ نابالغ اولاد خیر الأبوین کے تابع ہوتی ہے، البتہ بالغ میں مسلمان ہونے کے لئے ماں باپ کا اعتبار نہ ہوگا بلکہ وہ خود اگر مسلمان ہے تو اسکی نماز جنازہ جائز ہوگی ورنہ نہیں (۱)۔ جن لوگوں نے غیر مسلم کے جنازہ کی نماز پڑھی ہے ان کو توبہ کرنا لازم ہے (۲)، اگر مسئلہ سے ناواقفیت کی وجہ سے انہوں نے ایسا کیا ہے تو ان کے لئے اَور کوئی سزا نہیں، اگر جان بوجھ کر ایسا کیا ہے تو برادری کو بعد تفہیم کوئی مناسب تدارک مثل ترکِ تعلقات کرنے میں مضائقہ نہیں (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ، ۲۳/۳/۵۳ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف عفا اللہ عنہ، ۲۶/ ربیع الاول/۵۳ھ۔

= الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وثبت إليه، فقلت: يا رسول الله ..... قال: فصلى عليه رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، ثم انصرف، فلم يمكث إلا يسيراً حتى نزلت الآيتان من براء ة: ﴿ولا تصل على أحد منهم﴾ الحديث". (صحيح البخارى، كتاب الجنائز ، باب ما يكره من الصلاة على المنافقين : ۱/۱۸۲، قديمى)

"و شرطها) ستة (إسلام الميت) و طهارته)". (الدرالمختار، باب صلاة الجنازة : ۲/۲۰۷، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق ، باب الجنائز ، فصل: السلطان أحق بصلاته : ۲/۳۱۴، رشيديه)

(۱) "إذا كانا مسلمين أو أحدهما، فإنه يصير مسلماً تبعاً للمسلم منهما ..... والحاصل أنه تنقطع تبعية الولد فى الإسلام لأحد أبويه ببلوغه عاقلاً". (ردالمحتار، كتاب الجهاد، فصل: استئمان الكافر، مطلب مهم: الصبى يتبع أحد الخ : ۴/۱۷۳، سعيد)

"الولد يتبع خير الأبوين ديناً". (البحر الرائق، كتاب النكاح ، باب نكاح الكافر : ۳/۳۶۴، رشيديه)

(۲) قال الله تعالى: ﴿ يا أيها الذين آمنوا توبوا إلى الله توبةً نصوحاً ﴾ (الآية) (سورة التحريم : ۸)

"عن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "لله أشد فرحاً بتوبة أحدكم من أحدكم بضالته إذا وجدها".

"واتفقوا على أن التوبة من جميع المعاصى واجبة، وأنها واجبة على الفور، لايجوز تأخيرها سواء كانت المعصية صغيرةً أو كبيرةً، والتوبة من مهمات الإسلام و قواعده المتأكدة، ووجوبها عند أهل السنة والجماعة الخ". (الصحيح لمسلم مع شرحه للنووىؒ، كتاب التوبة : ۲/۳۵۴، قديمى)

والبسط فى: (روح المعانى : ۲۸/۱۵۷ – ۱۶۰، سورة التحريم: ۸، دار إحياء التراث العربى ، بيروت)

(۳) "عن أبى أيوب الأنصارى رضى الله تعالىٰ عنه أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "لا يحل =

Made searchable using ScribeTools.com

قادیانی کے ساتھ تعلقات اور اس پر نمازِ جنازہ

سوال[۴۱۱۹]: اگر کوئی شخص اہلِ سنت قادیانی ہو جائے تو وہ خارج از اسلام ہو جاتا ہے یا نہیں؟ اس شخص سے رسم تعلقات باقی رکھنا، اس کی دعوت کھانا، اس کے یہاں تقریبات نکاح وغیرہ میں شریک ہونا، یا اس کو اپنے یہاں دعوت کھلانا، اگر وہ انتقال کر جائے تو اس کی تجہیز وتکفین میں شرکت کرنا، یا کسی عالم کو باوجود جملہ حالات معلوم ہونے کے اس کی نماز جنازہ پڑھنا اور اس کو مسلمانوں کے مدفن میں دفن کرنا جائز ہے یا نہیں؟ عالم صاحب کے واسطے کیا حکم ہے کیونکہ عوام الناس کی شرکت کا بھی باعث ہوا؟ فقط۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

علمائے اسلام کے فتوی کے مطابق قادیانی کافر ہیں، جو شخص قادیانی ہو جائے وہ مرتد کے حکم میں ہے، اس سے تعلق رکھنا، اس کے نکاح وغیرہ میں شریک ہونا، یا اپنے یہاں اس کو شریک کرنا ناجائز ہے(۱)۔ اس کے

= لرجل أن يهجر أخاه فوق ثلث ليال، فيلتقيان، فيعرض هذا و يعرض هذا، وخيرها الذى يبدأ بالسلام". (صحيح البخارى، كتاب الأدب، باب الهجرة : ۸۹۷/۲، قديمى)

قال الملاعلى القارى تحت هذا الحديث: "قال الخطابى : رخص للمسلم أن يغضب على أخيه ثلاث ليال لقلته ولايجوز فوقها، إلا إذا كان الهجران فى حق من حقوق الله تعالىٰ، فيجوز فوق ذلك .....: فإن هجرته أهل الأهواء والبدع واجبة على مر الأوقات ما لم يظهر منه التوبة والرجوع إلى الحق". (مرقاة المفاتيح شرح مشكوة المصابيح، كتاب الأدب، باب من التهاجر والتقاطع و اتباع العورات ،الفصل الأول ، (رقم الحديث : ۵۰۲۷) : ۷۵۸/۸، رشيديه)

(وكذا فى عمدة القارى ، كتاب الأدب، باب ما ينهى من التحاسد والتدابر الخ: ۱۳۷/۲۲ ، مطبعه خيريه بيروت)

(۱) قال الله تعالىٰ :﴿يا أيها الذين آمنوا لا تتخذوا الذين اتخذوا دينكم هزواً ولعباً من الذين أوتوا الكتاب من قبلكم والكفار أولياء﴾ (المائدة : ۵۷)

وقال الله تعالىٰ: ﴿فلا تقعد بعد الذكرى مع القوم الظالمين﴾. (الانعام : ۶۸)

"وعن أبى قلابة: لا تجالسوا أهل الأهواء ولا تجادلوهم فإنى. لا آمن أن يغمسوكم فى ضلالتهم ويلبسوا عليكم ماكنتم تعرفون. قال أيوب: وكان –والله– من الفقهاء ذوى الألباب. وعنه أيضاً: أنه كان يقول: إن أهل الأهواء أهل ضلالة ولا أرى مصيرهم إلا إلى النار. وعن الحسن: لاتجالس صاحب بدعة، فإنه يمرض قلبك ..... وعن إبراهيم: ولا تكلمومعهم إنى أخاف أن ترتد قلوبكم =

جنازہ میں شرکت اور نماز جنازہ بھی منع ہے، جو شخص باوجود علم کے قادیانی کے جنازہ کی نماز پڑھیں یا پڑھائیں وہ گنہگار ہے اس کو توبہ لازم ہے، قادیانی کو اہلِ اسلام کے قبرستان میں بھی دفن نہیں کرنا چاہیئے:

"و الحق حرمة الدعاء بالمغفرة للكافر". درمختار(۱)۔ "وشرطها (أى صلوة الجنازة) إسلام الميت الخ". تنوير(۲)۔ "أما المرتد، فيلقى فى حفرةٍ كالكلب: أى و لا يغسل، ولا يكفن، و لا يدفع إلى من انتقل إلى دينهم، بحر عن الفتح اهـ". ردالمحتار، ص: ۹۳۱(۳)۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۸/۱۱/۵۵ھ۔

= (الاعتصام، با: فى زم البدع وسوء منقلب أصحابها، ص: ٦٦، دارالمعرفة)

(۱) (الدر المختار، باب صفة الصلاة: ۱/۵۲۲، ۵۲۳، سعيد)

قال الله تعالىٰ: ﴿استغفر لهم أو لا تستغفر لهم، إن تستغفر لهم سبعين مرةً، فلن يغفر الله لهم، ذلك بأنهم كفروا بالله و رسوله، والله لايهدى القوم الفٰسقين﴾. (سورة التوبة: ۸۰)

"عن سعيد بن المسيب عن أبيه قال: لما حضرت أبا طالب الوفاةُ، دخل عليه النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وعنده أبو جهل و عبد الله بن أبى أمية، فقال النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "أى عم! قل لا إله إلا الله أُحاجّ لك بها عند الله" فقال أبوجهل وعبد الله بن أبى أمية: يا أباطالب! أترغب عن ملة عبد المطلب؟ فقال النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "لأ ستغفرنّ لك مالم أُنْهَ عنك" فنزلت: ﴿ما كان للنبى والذين آمنوا أن يستغفروا للمشركين﴾ الاية". (صحيح البخارى، كتاب التفسير، باب قوله تعالىٰ: (ما كان للنبى والذين آمنوا أن يستغفروا للمشركين) الخ: ۲/۶۷۴، ۶۷۵، قديمى)

(۲) (تنوير الأبصار مع الدرالمختار، باب صلاة الجنازة: ۲/۲۰۷، سعيد)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، الباب الحادى والعشرون فى الجنائز، الفصل الخامس فى الصلاة على الميت: ۱/۱۶۲، ۱۶۳، رشيديه)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته: ۲/۳۱۴.، رشيديه)

(۳) (ردالمحتار، باب صلاة الجنازة: ۲/۲۳۰، سعيد)

(وكذا فى فتح القدير، باب الجنائز، فصل فى الصلاة على الميت: ۲/۹۴، رشيديه)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته: ۲/۳۳۴.، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

کمیونسٹ کے جنازہ کی نماز

سوال[۴۱۲۰]: عبدالحکیم نام کا ایک شخص مسلمان کے گھر میں پیدا ہوا اور مسلمان کے طریقہ پر چلتا تھا اور کمیونزم سیاسی میں داخل ہوکر اسلام کا قانون چھوڑ دیا اور گھر والوں کو بھی چھوڑ دیا اور لوگوں میں یوں کہا کرتا تھا کہ: ''اللہ کوئی ہے نہیں، انسان نے جھوٹ موٹ ایسا کہہ دیا، انسان ایسا ہی پیدا ہوتا ہے اور ایسا ہی مرتا ہے، پیدا کرنے والا خدا کیوں ہوگا، وہ ایک فطرتی چیز ہے اور ہر چیز ایسی ہی ہوتی ہے، بننے میں اور بگڑنے میں انسان کی محنت پر دارومدار ہے، محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس زمانہ میں ایک شاعر تھے، قرآن ان کا بنایا ہوا شعر ہے، نماز روزہ کی کوئی ضرورت نہیں، صرف علماء نے اپنے پیٹ پالنے کے لئے اسلام ایک دھرم نام رکھ دیا ہے''۔

اور اپنے کو پورا ناستک ظاہر کرتا ہے(۱) اور پولیس کی گولی میں اس کا انتقال ہوا اور پوسٹ مارٹم کے بعد ان کو گھر لے آئے اور ان کا حقیقی بھائی نجیب الملک نے کچھ لوگوں کو لیکر جنازہ پڑھایا۔ جب ان سے سوال کیا کہ کیوں جنازہ کی نماز پڑھایا تو اس نے جواب دیا کہ وہ عیدین کی نماز پڑھا کرتے تھے اور قربانی کیا کرتے تھے۔ اب درخواست ہے کہ آیا ایسے آدمی کے جنازہ کی نماز جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر اس شخص کے واقعی وہ حالات تھے جو سوال میں درج ہیں(۲) اور اس نے اخیر وقت تک رجوع

---

(۱) ''ناستک: منکر، بے دین، ملحد''۔ (فیروز اللغات، ص: ۱۳۴۲، فیروز سنز، لاہور)

(۲) اللہ تعالیٰ کے وجود، اس کی خالقیت کا انکار، قرآن کریم کو شعر اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو شاعر کہنا، یہ تمام عقائد ایسے ہیں جو کہ قرآن کریم کے نصوصِ قطعیہ اور صریحہ کے خلاف اور ان کا انکار ہے، جو بلا شک وشبہ کفر ہے:

قال الله تعالیٰ: ﴿الله لاإله إلاهوالحی القیوم، لاتأخذه سنة ولانوم﴾. الاية (البقرة: ۲۵۵)

وقال تعالیٰ: ﴿ الله الذی خلق السموات والأرض ومابینهمافی ستة أیام﴾ الاية (السجدة: ۴)

وقال تعالیٰ: ﴿ الرحمن علم القرآن، خلق الإنسان ﴾ (الرحمن: ۱، ۳)

''والمحدث للعالم هوالله تعالیٰ: أی الذات الواجب الوجود الذی وجوده من ذاته، ولایحتاج إلی شیء أصلاً، الخ''. (شرح العقائد: ص: ۲۵)

وقال تعالیٰ: ﴿ وماعلمناه الشعروماینبغی له، إن هو إلا ذکرٌ وقرآنٌ مبینٌ﴾ (یٰسین: ۶۹)

وقال تعالیٰ: ﴿وماهوبقول شاعرقلیلاً ماتؤمنون﴾ (الحاقة: ۴۱).

نہیں کیا تو اس کے جنازہ کی نماز درست نہیں تھی، اگر واقعات حالات معلوم ہونے کے باوجود نماز جنازہ اس کی پڑھی گئی تو یہ غلط اور گناہ کا کام ہوا، توبہ واستغفار لازم ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۰/۱۰/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین غفرلہ، ۲۱/۱۰/۹۰ھ۔

میت مشتبہ ہو تو نماز جنازہ کون پڑھائے، سنی یا شیعہ؟

سوال[۴۱۲۱]: زید کی والدہ شیعہ ہے اور اب بھی اسی پر قائم ہے، نماز وغیرہ شیعوں کی طرح پڑھتی ہے اور محرم کے ایام میں ان کی مجالس میں شریک ہوتی ہے، البتہ بظاہر کسی سنی وغیرہ کو گالی نہیں دیتی ہے اور یہ وصیت کرتی ہے کہ میرے مرنے کے بعد جنازہ کی نماز شیعہ وسنی دونوں مل کر پڑھیں، زید چونکہ سنی ہے اسلئے اس کے مرنے کے بعد ایک سنی عالم فاضلِ دیوبند سے نماز جنازہ پڑھوانا چاہتا ہے۔ عالم صاحب کو ایک شیعہ کی نماز جنازہ پڑھانا جائز ہے یا نہیں؟ دلائلِ شرعیہ سے مطلع فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جب تک کفر کا حکم نہ ہو نماز جنازہ پڑھنی چاہئے: ”لقوله عليه السلام: ”صلوا على كل بر وفاجر“ الحديث (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۹/۶/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۰/۶/۹۰ھ۔

---

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿ومن يرتدد منكم عن دينه، فيمت وهو كافر، فأولئك حبطت أعمالهم فى الدنيا والآخرة، وأولئك أصحاب النار، هم فيها خالدون﴾ (البقرة: ۲۱۷)

یہ شخص مرتد ہے اور مرتد کافر کا جنازہ پڑھنا جائز نہیں ہے:

”أما المرتد فيلقى فى حفرة كالكلب“. (الدر المختار). ”أى ولايغسل، ولايكفن، ولايدفع إلى من انتقل إلى دينهم“. (ردالمحتار، باب صلوة الجنائز، قبيل مطلب فى حمل الميت: ۲/۲۳۰، سعيد)

(۲) (أخرجه حسام الدين الهندى فى كنز العمال، الفصل الثالث فى أحكام الإمارة و آدابها، رقم الحديث: ۱۴۸۱۵، ۶/۵۴، المكتب الإسلامى) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

مسلمین اور غیر مسلمین کی لاشیں مخلوط ہوجائیں، ان کی نماز جنازہ کا کیا حکم ہے؟

سوال[۴۱۲۲]: ایک فیکٹری میں ہندو مسلم سب مل کر کام کرتے ہیں، کسی وجہ سے فیکٹری میں آگ لگ گئی اور ہندو مسلم مزدور آگ سے اس طرح جل گئے کہ شناخت مشکل ہے۔ اب تجہیز وتکفین کے بارے میں شرعاً کیا حکم ہے، جب کہ شناخت مشکل ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

امتیازی علامات ختنہ اور زیر ناف بالوں کا صاف وغیرہ کرنا ہے، اگر یہ علامات بھی مفقود ہوجائیں اور امتیاز کی کوئی صورت نہ ہو تو دیکھا جائے کہ اس جگہ پر کل کتنے آدمی کام کررہے تھے ان میں مسلمانوں کی تعداد کیا تھی اور غیر مسلمانوں کی کتنی تعداد تھی، اگر اکثریت مسلمانوں کی تھی تو سب کو غسل دیا جائے، کفن پہنا کر نماز جنازہ یکدم اس نیت سے پڑھی جائے کہ ان میں جو مسلمان ہیں ان کی نماز جنازہ پڑھتا ہوں، یا مسلمانوں کی تعداد کے اعتبار سے جن نعشوں کے متعلق ظنِ غالب ہوجائے کہ یہ مسلمانوں کی ہوں گی ان کو علیحدہ کرلیا جائے اور تجہیز وتکفین کے بعد اس قصد ونیت سے ان پر نماز پڑھی جائے کہ ان میں جو مسلمان ہوں ان کی نماز جنازہ

= "فكل مسلم مات بعد الولادة، يصلى عليه صغيراً كان أو كبيراً، ذكراً كان هو أو أنثى، حراً كان أو عبداً، إلا البغاة و قطاع الطريق، و من بمثل حالهم الخ". (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، الجنائز، فصل: وأما بيان من يصلى عليه : ۲/۴۷، رشيديه)

"عن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه، قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم:" الجهاد واجب عليكم مع كل أمير براً كان أو فاجراً ..... والصلوة واجبة على كل مسلم براً كان أو فاجراً وإن عمل الكبائر". (سنن أبى داؤد، كتاب الجهاد، باب فى الغزو مع أئمة الجور : ۱/۳۵۰، امداديه ملتان)

"و يصلى على كل مسلم مات بعد الولادة صغيراً كان أو كبيراً، ذكراً كان أو أنثى، حراً كان أو عبداً، إلا البغاة وقطاع الطريق، الخ". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، باب الجنائز، الفصل الخامس فى الصلاة عليه : ۱/۱۶۳، رشيديه)

(وكذا فى حاشية الطحطاوى، كتاب الصلاة، باب أحكام الجنائز ، فصل فى الصلاة : ۵۸۰، قديمى)

Made Searchable by ScribeTools.com

پڑھتا ہوں اور انہیں کیلئے دعاء استغفار کرتا ہوں (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

مسلمان عورت جو ہندوؤں کے قبضہ میں ہو اس کی نمازِ جنازہ

سوال[۴۱۲۳]: تقسیمِ ہند کے وقت بہت سی عورتیں ہندو یا سکھوں کے قبضہ میں چلی گئی تھیں، ان میں سے ایک مظلوم مسلمان عورت یہاں (انگلستان) ایک ہندو کے قبضہ میں ہے اور اس ہندو سے اس مسلمان عورت کے دو تین بچے بھی ہیں۔ مذکورہ عورت وقتاً فوقتاً نماز پڑھ لیتی ہے، روزے رکھ لیتی ہے، نیز دوسرے اسلامی رواج بھی ادا کرتی ہے مثلاً مولود، گیارہویں، شبِ برأت وغیرہ، نیز تلاوتِ قرآن بھی کرتی ہے تو اگر اس عورت کا انتقال ہوجائے تو یہاں کے مسلمانوں پر اس کا کفن دفن کرنا اور نماز جنازہ پڑھنا واجب ہے یا نہیں؟ اور مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کرنا واجب ہے یا نہیں؟

---

(۱) "اختلط موتانا بكفار و لا علامة، اعتبر الأكثر، فإن استووا، غسلوا، واختلف فى الصلاة عليهم و محل دفنهم الخ". (الدرالمختار).

"(قوله : اعتبر الأكثر) ..... قال فى الحلية : فإن كان بالمسلمين علامة، فلا إشكال فى إجراء أحكام المسلمين عليهم، و إلا فلو المسلمون أكثر، صلى عليهم، و ينوى بالدعاء المسلمين و لو الكفار أكثر ..... فعلى هذا ينبغى أن يصلى عليهم فى الحالة الثانية أيضاً: أى حالة ما إذا كان الكفار أكثر؛ لأنه حيث قصد المسلمين فقط، لم يكن مصلياً على الكفار، وإلا لم تجز الصلاة عليهم فى الحالة الأولى أيضاً مع أن الاتفاق على الجواز، فينبغى الصلاة عليهم فى الأحوال الثلاث، كما قالت به الأئمة الثلاث، وهو أوجه قضاء حق المسلمين بلا ارتكاب منهيّ عنه". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۰۰، ۲۰۱، سعيد)

"موتى المسلمين إذا اختلطوا بموتى الكفار أو قتلى المسلمين بقتلى الكفار، إن كان للمسلمين علامة يعرفون بها، يميز بينهم، وعلامة المسلين الختان والخضاب و لبس السواد، فيصلى عليهم. وإن لم تكن علامة، إن كانت الغلبة للمسلمين، يصلى على الكل وينوى بالصلاة الدعاء للمسلمين و يدفنون فى مقابر المسلمين". (الفتاوىٰ العالمكيرية، الفصل الثانى فى الغسل : ۱/۱۵۸، رشيديه)

(وكذا فى بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، فصل: و أما شرائط وجوب الغسل : ۲/۳۲، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

ظاہر ہے کہ اس عورت نے اپنا مذہب تبدیل نہیں کیا، بلکہ وہ مظلوم دوسرے کے قبضہ میں آ گئی تھی، ممکن ہے کہ اب اس کو خلاصی ممکن ہو مگر وہ اس مرد سے مانوس ہوگئی ہو، اس کو وہاں سے علیحدہ ہونے کی کوشش لازم ہے۔ تاہم جب تک تبدیلِ مذہب کی تصدیق نہ ہوجائے (۱) اس کے مرنے پر اس کے ساتھ وہی معاملہ کیا جائے گا جو مسلم عورت کے ساتھ کیا جاتا ہے (۲)۔ جن لوگوں کو اس وقت اس کی اعانت پر قدرت ہے ان کو ضروری ہے کہ وہ اس کو الگ کرانے کی کوشش کریں (۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، ۹۲/۶/۱۸ھ۔

---

(۱) " لا يُخرج الرجلَ من الإيمان إلا جحودُ ما أدخله فيه، ثم ما تيقن أنه ردة يُحكم بها به، و ما يشک أنه ردة لا يحكم بها؛ إذ الإسلام الثابت لا يزول بشک مع أن الإسلام يعلو". (البحر الرائق، كتاب السير ، باب أحكام المرتدين ۵/۲۱۰، رشيديه)

(وكذا في جامع الفصولين، الفصل الثامن والثلاثون في مسائل كلمات الكفر : ۲/۲۹۶، اسلامی کتب خانه کراچی)

(۲) "(وهي فرض على كل مسلم مات خلا) أربعة: (بغاة و قطاع الطريق)، فلا يغسلوا، ولا يصلوا عليهم (إذا قتلوا في الحرب). فكل مسلم مات بعد الولادة، يصلى عليه صغيراً كان أو كبيراً، ذكرا كان هو أو أنثى، حراً كان أو عبداً، إلا البغاة و قطاع الطريق، ومن بمثل حالهم الخ". (بدائع الصنائع ، كتاب الصلاة، الجنائز، فصل: وأما بيان من يصلى عليه : ۲/۴۷، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادى والعشرون في الجنائز، الفصل الخامس: الصلاة على الميت: ۱/۱۶۳، رشيديه)

(۳) "وعن أبي بكر صديق رضى الله تعالىٰ عنه قال ..... فإني سمعت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول: "إن الناس إذا رأوا منكراً، فلم يغيروه، يوشک أن يعمهم الله بعقابه" ..... وفي رواية أبي داؤد "اذا رأوا الظالم فلم يأخذوا على يديه، أوشک أن يعمهم الله بعقاب".

وفي رواية أبي داؤد: "إذا رأوا": أى الناس "الظالم" : أى: الفاسق "فلم يأخذوا على يديه": أى لم يمنعوه عن ظلمه "أو شک أن يعمهم الله بعقاب" : أى: بنوع من العذاب". (مرقاة المفاتيح، كتاب الآداب، باب الأمر بالمعروف، الفصل الثانى : ۸/۸۶۷، ۸۶۹، رشيديه)

میت کے تین ٹکڑے ہونے پر اس کی نماز جنازہ اور اس کی تدفین

سوال[۴۱۲۴]: زید پہلے سے شرابی تھا، ایک دن کسی نے خوب شراب پلا کر زہر دے کر اسے ختم کر دیا، اس کے بعد اس کے تین ٹکڑے کئے: ایک گردن تک، دوسرا کمر تک، تیسرا پاؤں والا حصہ۔ اس کے بعد اس کے تین بنڈل اس طرح بنائے کہ اس میں پانی کا اثر نہ ہو سکے(۱) اور اگر اس کو کنویں میں ڈال کر آئندہ نکل نہ سکے، اس کا پورا انتظام کر دیا۔

خدا کی قدرت کہ سی آئی ڈی کی تحقیق سے پورے تین ماہ بعد اس لاش کو اس میں سے مذکورہ صورت پر نکالی گئی، اس کی مزید تحقیقات کے لئے دو ماہ تک سرکار کے پاس رہی۔ اب سوال یہ ہے کہ اس کو کفن دفن کی کیا صورت ہوگی؟

۱.....نماز جنازہ کا کیا حکم ہے؟

۲.....دفن کہاں کیا جائے مسلمان کے قبرستان میں یا باہر اور کس طرح؟

۳.....اگر چند ماہ پہلے سے قبر کھود کر رکھی گئی ہو تو اس کا کیا حکم ہے؟

۴.....اس میں دفن کرنا جائز ہے یا نہیں؟

۵.....شہید کہا جائے گا یا نہیں؟ بعض حضرات کا بیان ہے کہ نعش بدبودار اور پھول گئی ہے مگر ابھی تک پھٹ کر سب گوشت گرا نہیں ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱، ۲، ۳.....اس کی نعش کے جب تین حصے کر دئے گئے اور جسم کی ہیئتِ ترکیبیہ باقی نہیں رہی اور اجزاء منحل ہو گئے تو اس پر نہ نماز جنازہ ہے، نہ اس کے لئے کفن مسنون ہے، نہ غسل میت ہے، بلکہ ایک کپڑے میں لپیٹ کر مسلم قبرستان میں دفن کر دیا جائے۔ جس میت کو بغیر نماز جنازہ دفن کر دیا جائے اس کے متعلق فقہا لکھتے ہیں: جب تک میت کے تفسخ کا ظن نہ ہو جائے اس وقت تک اس کی قبر پر نماز جنازہ پڑھی جائے اس کے بعد نہیں:

"وإن دفن بلا صلوة، صلى على قبره وإن لم يغسل ما لم يتفسخ، والمعتبر فيه أكبر الرأى على الصحيح". مراقى الفلاح۔ "(قوله: ما لم يتفسخ): أى تتفرق أعضاؤه، فإن تفسخ،

(۱) "بنڈل: پکندا، گٹھڑی، گٹھڑ"۔ (فیروز اللغات، ص: ۲۱۹، فیروز سنز، لاہور)

Made searchable using ScribeTools.com

لایصلی علیه مطلقا؛ لأنها شرعت علی البدن و لا وجود له مع التفسخ"(۱)۔ "وإذا وجد أکثر البدن أو نصفه مع الرأس، غسل وصلی علیه، وإلا لا". مراقی الفلاح،ص:۳٤(۲)۔

۴.....اگرموقوفہ قبرستان میں کسی نے اپنے لئے پہلے سے قبرکھودرکھی ہواوراس کے علاوہ بھی قبر کے لئے جگہ موجود ہوتو اس قبرمیں دوسرا مردہ دفن کرنا مکروہ ہےاورکھودنے کی اجرت کا ضمان ترکۂ میت

---

(۱)(حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، کتاب الصلاة، باب أحکام الجنائز، فصل: الصلاة علیه، ص: ۵۱۲، قدیمی)

یہ حکم اس وقت ہے جب کہ اجزائے میت یقینی طور پر منحل ہو چکے ہوں، اگر اجزائے میت منحل نہ ہوں بلکہ صحیح ہوں تو اس صورت میں اس کی تجہیز وتکفین ہوگی اور نمازِ جنازہ پڑھی جائے گی:" والسقط یلف ولایکفن کالعضو من المیت (و) آدمی منبوش طری لم ینفسخ (یکفن کالذی لم یدفن) مرةً بعد أخری (و إن تفسخ، کفن فی ثوب واحد". (الدرالمختار). "(قوله: کالعضو من المیت): أی لووجد طرف من أطراف إنسان أو نصفه مشقوقاً أو عرضاً، یلف فی خرقة إلا إذا کان معه الرأس، فیکفن کما فی البدائع ..... (قوله: منبوش طری): أی بأن وجد منبوشاً بلا کفن (قوله: لم ینفسخ) قید به؛ لأنه لوتفسخ یکفن فی ثوب واحد ..... (قوله: کالذی لم یدفن): أی یکفن فی ثلاث اثواب". (ردالمحتار، کتاب الصلوة، باب صلاة الجنائز: ۲/۲۰۵، سعید)

(وکذا فی الفتاویٰ التاتار خانیة، کتاب الصلوة، الفصل الثانی والثلاثون فی الجنائز: ۲/۱۳۶، قدیمی)

(۲) (حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، کتاب الصلاة، أحکام الجنائز، فصل: الصلاة علیه، ص: ۵۷۵، قدیمی)

"وقیّد بعدم التفسخ؛ لأنه لا یُصلّٰی علیه بعد التفسخ؛ لأن الصلاة شُرعت علی بدن المیت، فإذا تفسخ، لم یبق بدنه قائماً". (البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته: ۲/۳۲۰، رشیدیه)

(وکذا فی الحلبی الکبیر، کتاب الصلاة، فصل فی الجنائز، الرابع الصلاةعلیه، ص: ۵۹۰، سهیل اکیڈمی لاهور)

"(وُجد رأس آدمی) أو أحد شقیه (لا یغسل و لا یصلی علیه) بل یدفن، إلا أن یُوجد أکثر من نصفه و لو بلا رأس". (الدرالمختار، کتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة: ۲/۱۹۹، سعید)

میں لازم ہوگا:

"وإن دفن فی قبر حق لغیره من الأحیاء بأرض، لیست مملوکة لأحدٍ، ضمن قیمة الحفر من ترکته، وإلا فمن بیت المال أو المسلمین کما قدمناه، فإن کانت المقبرة واسعةً، یکره ذلك". مراقی الفلاح: ۳۷۳(۱)۔

۵.....اگر کسی شخص کا واجب القتل یا مباح القتل ہونا معلوم نہیں تو یہ بھی شہید ہے، انواع شہید بیان کرتے ہوئے قدر مشترک کے طور پر، طحطاوی علی المراقی الفلاح ،ص: ۳۷۹، میں ہے:"لأن القتل لم یخلف فی هذه المواضع بدلاً هومال "(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۰/ ۱۱/ ۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

نصف جلی ہوئی لاش پر نمازِ جنازہ

سوال[۴۱۲۵]: ایک گاؤں میں آگ لگی، ایک لڑکی جل گئی اور ایسی جلی کہ ہاتھ، سر اور پیروں تک

---

(۱) (حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، کتاب الصلاة، أحکام الجنائز، فصل فی حملها و دفنها : ۶۱۵، قدیمی)

"رجل حفر قبراً فأرادوا دفن میت آخر فیه، إن کانت المقبرة واسعةً یکره، وإن کانت ضیقةً، جاز و لکن یضمن ما أنفق صاحبه فیه". (الفتاوی العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل السادس فی الوقف والنقل: ۱/ ۱۶۶، رشیدیه)

(وکذا فی التاتارخانیة، کتاب الصلاة، الفصل الثانی والثلاثون فی الجنائز، نوع آخر من هذا الفصل فی المتفرقات : ۲/ ۱۷۸، إدارة القرآن، کراچی)

(۲) (حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، أحکام الجنائز، باب أحکام الشهید ،ص: ۶۲۵، قدیمی)

"و لو نزل علیه اللصوص لیلاً فی المصر، فقتل بسلاح أوغیره أو قتله قطاعُ الطریق خارج المصر بسلاح أو غیره، فهو شهید؛ لأن القتیل لم یخلف فی هذه المواضع بدلاً هومال". (البحر الرائق، کتاب الجنائز، باب الشهید : ۲/ ۳۴۹، رشیدیه)

(وکذا فی رد المحتار : کتاب الصلاة، باب الشهید : ۲/ ۲۵۰، سعید)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

کا پتہ نہیں چلا، اس کی نماز پڑھی جانی چاہے یا نہیں؟ نیز غسل وکفن بھی دیا جانا چاہیے تھا یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اس کو غسل نہ دیا جائے گا، نہ کفن پہنایا جائے گا، نہ نماز جنازہ پڑھی جائے گی، بلکہ ایک کپڑے میں لپیٹ کر دفن کر دیا جائے گا:"وإن وجد نصفه من غير الرأس أو وجد نصفه مشقوقاً طولاً، فإنه لا يغسل ولا يصلى عليه، و يلف فى خرقة و يدفن فيها". عالمگیری(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

بھیڑیا، بچہ کو اٹھالایا، اس پر نمازِ جنازہ پڑھنے کا حکم

سوال[۴۱۲۶]: ایک بچہ جس کو بھیڑیا کہیں سے اٹھالایا، اس کا نچلا حصہ بھیڑیا کھا گیا، دوسری جگہ آدھا حصہ ملا، اسکی شناخت کیسے کریں، نماز کسی طرح سے ادا کی جائے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اس کی شناخت کی کوئی ضرورت نہیں، اس پر نماز جنازہ بھی نہیں، ایک کپڑے میں لپیٹ کر دفن کر دیں(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلوة، الباب الحادى والعشرون فى الجنائز، الفصل الثانى فى غسل الميت: ۱/۱۵۹، رشيديه)

"(وُجد رأس آدمى) أو أحد شقيه (لا يغسل و لا يصلى عليه) بل يدفن، إلا أن يوجد أكثر من نصفه و لو بلا رأس". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة: ۲/۱۹۹، سعيد)

"و لو وجد الأكثر من الميت أو النصف مع الرأس، غسل و صلى عليه، وإلا فلا". (البحر الرائق، كتاب الجنائز: ۲/۳۰۵، رشيديه)

(و كذا فى التاتارخانية، كتاب الصلاة، الفصل الثانى والثلاثون فى الجنائز، نوع آخر من هذا الفصل فى المتفرقات: ۲/۱۷۸، إدارة القرآن، كراچى)

(۲) "(وُجد رأس آدمى) أو أحد شقيه (لا يغسل و لا يصلى عليه) بل يدفن، إلا أن يوجد أكثر من نصفه =

غائبانہ نماز جنازہ

سوال[۴۱۲۷]: ۱.....غائبانہ نماز جنازہ پڑھنا حنفیوں کے نزدیک جائز ہے یانہیں، اگر جائز ہے تو کس وجہ سے؟ مکمل تحریر فرمادیں۔

۲.....کیا ائمۂ اربعہ میں سے کسی کے نزدیک جائز ہے یانہیں؟ اگر جائز ہے تو کس کے نزدیک اور کیونکر؟

۳.....ایک واقعہ حدیث کا یاد پڑتا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کسی کی غائبانہ نماز جنازہ پڑھی تھی وہ کون تھے اور اس کی کیا وجہ تھی؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....حنفیہ کے نزدیک ناجائز ہے: "شرائط صحتها شرائط الصلوة المطلقة، وإسلام الميت وطهارته و وضعه أمام المصلى، و بهذا القيد علم أنها لا تجوز على غائب". كبيرى، ص: ۵۳۹(۱)۔

۲.....امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ تعالیٰ کے نزدیک جائز ہے اور ان کی دلیل یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نجاشی پر صلوۃ غائبانہ پڑھی ہے۔ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ناجائز ہے، وہ

= و لو بلا رأس". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة: ۲/ ۱۹۹، سعيد)

"و لو وُجد الأكثر من الميت أو النصف مع الرأس، غسل وصلى عليه، وإلا فلا". (البحر الرائق، كتاب الجنائز: ۲/ ۳۰۵، رشيديه)

(وكذا فى التاتارخانية، كتاب الصلاة، الفصل الثانى والثلاثون فى الجنائز، نوع آخر من هذا الفصل فى المتفرقات: ۲/ ۱۷۸، إدارة القرآن، كراچى)

(۱) (الحلبى الكبير، كتاب الصلاة، فصل فى صلاة الجنائز، الرابع فى الصلاة عليه: ۵۸۳، سهيل اكيڈمى، لاهور)

"(ووضعه) و كونه هو أو أكثره (أمام المصلى) و كونه للقبلة، فلا تصح على غائب". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/ ۲۰۸، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته: ۲/ ۳۱۴، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے نجاشی کا جنازہ کردیا گیا تھا اور درمیانی حجابات اٹھادیئے گئے تھے، پس وہ جنازہ حاضر تھا غائب نہ تھا:

"ومن ذلك قول الشافعي و أحمد رحمهما الله تعالىٰ بصحة الصلوة على الغائب مع قول أبي حنيفة رحمه الله تعالىٰ و مالك رحمه الله تعالىٰ بعدم صحتها الخ". ميزان شعراني: ١/٤٠٨ (١) وبسط الدلائل في الأوجز شرح الموطا: ٣/٤٤٥ (٢)۔

٣.....نمبر:٢ پر جواب آچکا ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ۔

میت غائب کی نمازِ جنازہ

سوال[٤١٢٨]: میت غائب کی نماز جنازہ کا کیا حکم ہے، کیا یہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور

---

(١) (الميزان الكبرىٰ للشعراني، كتاب الجنائز: ١/٢٢٥، مصطفى البابي الحلبي، مصر)

(٢) "وقال أبو حنيفة و مالك رحمهما الله تعالىٰ: هذا خاص به، وليس ذلك لغيره. قال أصحابهما: و من الجائز أن يكون رفع له سريره، فصلى عليه، وهو يرى صلاته على الحاضر المشاهد وإن كان على مسافة من البُعد، والصحابة وإن لم يروه، فهم تابعون للنبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم. قالوا: و يدل على هذا أنه لم ينقل أنه كان يصلي على كل الغائبين غيره ..... و يؤيده ما ذكره الواحدي بلا إسناد عن ابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما قال: كشف للنبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم عن سرير النجاشي حتى رآه و صلى عليه. ولابن حبان عن عمران بن حصين رضي الله تعالىٰ عنه: فصلينا خلفه و نحن لا نرى إلا أن الجنازة قُدامنا. وأجيب أيضاً بأن ذلك خاص بالنجاشي لإشاعة أنه مات أو استئلاف قلوب الملوك الذين أسلموا في حياته إذ لم يأت في حديث أنه صلى على ميت غائب". (أوجز المسالك، كتاب الجنائز، التكبير على الجنازة: ٤/٢١، ٢١٩، اداره تاليفات اشرفيه، ملتان)

"ولم يكن من هديه و سنته صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الصلاة على كل ميت غائب، فقد مات خلقٌ كثيرٌ من المسلمين و هم غُيّب، فلم يصل عليهم، الخ". (زاد المعاد في هدى خير العباد لابن القيم، فصل في هديه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم في الصلاة على الغائب، ص: ٢٠١، دار الفكر بيروت)

(وكذا في عمدة القاري، كتاب الجنائز، باب الرجل ينبغي إلى أهل الميت بنفسه، ذكر ما يستفاد منه، فرع: ٨/٢٢. مطبعه منيريه، بيروت)

صحابہ کرام سے ثابت ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

نماز جنازہ کے لئے میت کا حاضر ہونا ضروری ہے، غائب پر درست نہیں (۱) اِلّا یہ کہ بغیر نماز جنازہ دفن کردیا گیا ہوتو قبر پر خاص مدت تک کے اندر نماز جنازہ پڑھی جائے (۲)۔ حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نجاشی کے جنازہ پر غائبانہ نماز پڑھی ہے (۳)، یہ روایت معتبر ہے، شراحِ حدیث نے لکھا ہے کہ نجاشی کا جنازہ آپ کے سامنے کردیا تھا وہ غائب نہیں تھا، نماز پڑھنے والے صحابہ کرام آپ -علیہ السلام- کے

---

(۱) (راجع ،ص: ۶۷۰، رقم الحاشية : ۲، ۱)

(۲) "عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه أن أسود رجلاً أو امرأةً كان يكون فی المسجد يقم المسجد، فمات و لم يعلم النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم بموته، فذكره ذات يوم فقال: "ما فعل ذلک الإنسان"؟ قالوا: مات يا رسول الله! قال: "أفلا آذنتمونی"؟ فقالوا: إنه كا ن كذا و كذا قصته قال: فحقّروا شانه قال: "فدلّونی علی قبره" قال: فأتیٰ قبره فصلی عليه". (صحيح البخاری، كتاب الجنائز، باب الصلاة علی القبر بعد ما يدفن : ۱/۱۷۸، قديمی)

"(وإن دفن) وأهيل التراب (بغير صلاة) أو بها بلا غسل أو ممن لا ولاية له (صلی علی قبره) استحساناً (مالم يغلب علی الظن تفسخه) من غير تقدير، هو الأصح". (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۲۲۴، سعيد)

(وكذا فی البحرالرائق، كتاب الصلوة، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته : ۲/۳۱۹، رشيديه)

(وكذا فی تبيين الحقائق، كتاب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته : ۱/۵۷۵، دار الكتب العلمية، بيروت)

(وكذا فی الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل الخامس فی الصلاة علی الميت : ۱/۱۶۵، رشيديه)

(۳) "عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه أن رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم نعی النجاشی فی اليوم الذی مات فيه، و خرج فصلّی، فصفّ بهم و كبّر أربعاً" (صحيح البخاری، كتاب الجنائز، باب الرجل ينعی إلی أهل الميت بنفسه : ۱/۱۶۶، قديمی)

Made searchable using ScribeTools.com

تابع تھے(۱) علامہ ابن تیمیہؒ نے لکھا ہے:

''اگر میت کو کسی شہر میں بلا نماز جنازہ دفن کر دیا گیا ہو جیسا کہ نجاشی کا حال تھا تو دوسرے شہر کے لوگ غائبانہ نماز جنازہ پڑھیں، اگر نماز جنازہ پڑھ کر دفن کیا گیا ہو تو نہ پڑھیں، کیونکہ فرض پہلی نماز کے ذریعہ ادا ہو گیا(۲)۔

اَور بھی بعض نام بعض روایات میں آئے ہیں جن پر غائبانہ نماز جنازہ کا تذکرہ ہے، لیکن محدثین نے ان پر جرح بھی کی ہے اور جنازہ سامنے کرنے کی ان میں تصریح موجود ہے(۳)، تاہم اتنا مسلّم ہے کہ یہ آپ

---

(۱) "والرابع حضوره أو حضور أكثر بدنه أو نصفه مع رأسه، والصلوة على النجاشي كانت بمشهده كرامة له، ومعجزة للنبي صلى الله عليه وسلم". (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح ، كتاب الصلاة، أحكام الجنائز، فصل: الصلاة عليه، ص: ۵۸۲، قديمي)

(وكذا في الدر المختار، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۲۰۸، ۲۰۹، سعيد)

(۲)" وقال شيخ الإسلام ابن تيمية: الصواب أن الغائب إن مات ببلدٍ لم يصل عليه فيه، صلى عليه صلاة الغائب كما صلى النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على النجاشي؛ لأنه مات بين الكفار و لم يصل عليه. وإن صلى عليه حيث مات، لم يصل عليه صلاة الغائب؛ لأن الفرض قد سقط بصلاة المسلمين عليه". (زاد المعاد في هدى خير العباد لابن القيم، فصل في هديه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم في الصلاة على الغائب، ص: ۲۰۱، دار الفكر، بيروت)

(۳) "و قد روى أنه صلى على معاوية وهو غائب، ولكن لا يصح، فإن في إسناده العلاء بن زياد، ويقال: زيد ؟ قال علي بن المديني: كان يضع الحديث. رواه محمود بن هلال عن عطاء ابن ميمون عن أنس، قال البخاري: لا يتابع عليه ..... وأما حديث صلاته صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على معاوية بن معاوية الليثي، فجاء من طُرق لا تخلو عن مقالٍ، و على تسليم صلاحيته للحجية بالنظر إلى مجموع طرقه دفع بما ورد أنه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم رفعت له الحجب حتى شاهد جنازته". (أوجز المسالك، كتاب الجنائز، التكبير على الجنائز : ۴/۲۱۸، ۲۱۹، إداره تاليفات أشرفيه)

"وعن أبي أمامة رضي الله تعالىٰ عنه قال: أتى رسولَ الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم جبريلُ وهو بتبوك فقال: يا محمد! اشهد جنازة معاوية بن معاوية المزني، فخرج رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ونزل جبريل في سبعين ألفاً من الملائكة، فوضع جناحه الأيمن على الجبال فتواضعت، ووضع =

Made Searchable by ScribeTools.com

کی عادت نہیں تھی، بہت سے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دور دراز مقامات پر وفات پائی جیسے بیرِ معونہ کا واقعہ پیش آیا اور آپ کو بذریعہ وحی خبر بھی دی گئی، آپ کو صدمہ بھی ہوا لیکن آپ نے ان کی نماز جنازہ نہیں پڑھی (۱)۔

آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد صحابہ کرام کا کسی میت غائب کی نماز جنازہ پڑھنا کہیں نہیں دیکھا، اگر یہ عمل سنتِ متوارثہ ہوتا تو صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین بھی ضرور اس پر عمل کرتے اور بطریقِ توارث منقول ہوتا (۲)۔علامہ چلپیؒ نے روایات سے بحث کے بعد لکھا ہے:

"ثم دليل الخصوصية أنه عليه السلام لم يصل على غائب سوىٰ هؤلاء، ومن عد النجاشي صرح فيه بأنه وقع له، وكان مرأى منه، ثم إنه قد توفى خلقٌ كثيرٌ منهم غيباً فى

= جناحه الأيسر على الأرضين فتواضعن، حتى نظر إلى مكة والمدينة، فصلى عليه رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و جبريل والملائكة". الحديث. (مجمع الزوائد للهيثمى، كتاب الجنائز ، باب الصلاة على الغائب : ۳۸/۳، دارالفكر، بيروت)

(۱) "عن أنس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه أن رعلاً و ذكوان و عصية و بنى لحيان استمدّوا رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على عدوٍّ، فأ مدهم بسبعين من الأنصار –كنا نسميهم القراء فى زمانهم كانوا يحتطبون بالنهار و يصلون بالليل– حتى كانوا ببئر معونة قتلوهم، وغدروا بهم، فبلغ النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فقنت شهراً يدعو فى الصبح على أحياء من أحياء العرب على رعل و ذكوان الخ".
(صحيح البخارى، كتاب المغازى، باب غزوة الرجيع ورعل و ذكوان : ۵۸۶/۲، قديمى)

(۲) "وقد مات من الصحابة خلقٌ كثيرٌ و هم غائبون عنه، و سمع بهم، فلم يصل عليهم، إلا غائباً واحداً، ورد أنه طويت له الأرض حتى حضره". (عمدة القارى، كتاب الجنائز، باب الرجل ينعى إلى أهل الميت بنفسه، ذكر ما يستفاد منه، فرع : ۲۲/۸، مطبعه منيريه .بيروت)

" ولم يكن من هديه و سنته صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الصلاة على كل ميت غائب فقد مات خلق كثير من المسلمين و هم غُيّب، فلم يصل عليهم". (زاد المعاد فى هدى خير العباد لابن القيم، فصل فى هديه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى الصلاة على الغائب، ص: ۲۰۱، دارالفكر، بيروت)

مزید تفصیل کیلئے دیکھئے: (اوجز المسالک، کتاب الجنائز، التکبیر علی الجنائز : ۲۱۸/۴، ۲۱۹، ادارہ تالیفات اشرفیہ)

Made searchable using ScribeTools.com

الغزوات و غيرها، ومِن أعزّ الناس إليه كان القراء و لم يؤثر قط عنه عليه الصلوة والسلام أنه صلى عليه وكان على الصلوة على من توفى من أصحابه شديد الحرص حتى قال: "لايموتن أحد منكم إلا آذنتموني به، فإن صلاتي رحمة له، اهـ". كبيري، ص: ٥٤١ (١)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

قبر پر صلوۃِ جنازہ

سوال[۴۱۲۹]: اگر کوئی میت بغیر نماز جنازہ کے دفن کردی جائے تو اس کی قبر پر کتنے دن تک نماز پڑھی جاسکتی ہے؟ فقط۔

حشمت علی بلوچ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جب تک یہ ظنِ غالب ہو کہ میت کا جسم پھٹا نہیں: "وإن دفن بغير صلوة، صلى على قبره مالم يغلب على الظن تفسخه". الدر المختار: ۱/۵۹۳ (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

---

(۱) (الحلبی الکبیر، کتاب الصلوة، فصل فی صلوة الجنائز، الرابع فی الصلوة علیه، ص: ۵۸۴، سهیل اکیڈمی، لاهور)

(۲) (الدر المختار، کتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۲۴، سعید)

"عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه: أن امرأة سوداء أو رجلاً كان يقم المسجد، ففقده النبی صلى الله تعالیٰ عليه وسلم، فسأل عنه فقيل: مات فقال: "ألا آذنتمونی به"؟ قال: "دلونی على قبره" فدلوه فصلى عليه". (سنن أبی داؤد، كتاب الجنائز، باب الصلاة على القبر: ۲/۱۰۱، امدادیه)

"فإن دفن بلا صلاة، صلى على قبره ما لم يتفسخ؛ لأن النبی صلى الله تعالیٰ عليه وسلم صلى على قبر امرأة من الأنصار". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته: ۲/۳۱۹، رشيديه)

(وكذا فی الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل الخامس فی الصلوة على الميت: ۱/۱۶۵، رشيديه)

8

چارپائی پر میت کی نماز جنازہ

سوال[۴۱۳۰]: کیا میت کو چارپائی پر رکھ کر نماز جنازہ پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

میت کو چارپائی پر رکھ کر نماز جنازہ درست ہے(۱) مگر چارپائی پاک ہو(۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۵/۱۲/۲۵ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۵/۱۲/۲۶ھ۔

---

(۱) "وعن عبد الله بن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه قال: نعی لنا نبینا و حبیبنا نفسه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ..... قلت: فمن یغسلک؟ قال: رجالٌ من أهل بیتی الأولی فالأولی" قلنا: ففیما نُکفّنک؟ قال: "فی ثیابی هذه أوفی بیاض مصر أو حلة یمانیة" قلنا: فمن یصلی علیک ؟ قال:"فبکی و بکینا، فقال: "مهلاً! غفر الله لکم و جزاکم عن نبیکم خیراً، إذا غسلتمونی و کفنتمونی، فضعونی علی سریر فی بیتی هذا، علی شفیر قبری هذا، ثم اخرجوا عنی ساعةً، فأول من یصلی علیَّ خلیلی و جلیسی جبریل ثم میکائیل ثم إسرافیل ثم ملک الموت". الحدیث. (مختصر اتحاف السادة المهرة بزوائد المسانید العشرة تالیف أبی العباس أحمد بن أبی بکر الشهیر بالبوصیری، باب فی مرضه و وصیته و وفاته و غسله و تکفینه و الصلاة علیه الخ : ۱۲۵/۹، مکتبة عباس أحمد الباز مکة المکرمة)

"قال: حدثنا الواقدی : ..... عن أبیه عن جده : لما أدرج رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی أکفانه، وضع علی سریره، ثم وضع علی شفیر حجرته، ثم کان الناس یدخلون علیه رفقاً رفقاً، لا یؤمهم أحدٌ". (دلائل النبوة و معرفة أحوال صاحب الشریعة للبیهقی، باب ما جاء فی الصلاة علی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : ۲۵۰/۷، ۲۵۱، دار الکتب العلمیة، بیروت)

"إن کان المیت علی الجنازة، لاشک أنه یجوز". (ردالمحتار، کتاب الصلوة، باب الجنازه: ۲۰۸/۲، سعید)

(۲) "فی القنیة : الطهارة من النجاسة فی ثوب وبدن و مکان و ستر العورة شرط فی حق المیت والإمام جمیعاً". (الدرالمختار، باب الجنائز ۲۰۸/۲، سعید)

"الطهارة من النجاسة فی الثوب والبدن والمکان، وستر العورة شرطٌ فی حق المیت والإمام جمیعاً". (البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته : ۳۱۵/۲، رشیدیه) =

Made searchable using ScribeTools.com

عورت کے جنازہ پر امام کا رومال ڈالنا

سوال[۴۱۳۱]: کوئی حنفی امام یا عالم عورت کے جنازہ پر اپنا رومال اپنی نظر کی جگہ ڈالتا ہے تاکہ وہ ریشمی اور خوبصورت کپڑا جو میت کے اوپر ہے، حضور قلب میں مخل نہ ہو، کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس کی کوئی ضرورت نہیں، بلا رومال ڈالے بھی نماز درست ہے اور رومال ڈالنے میں بھی مضائقہ نہیں دونوں طرح درست ہے کسی ایک کو ضروری سمجھنا یا اصرار کرنا خلاف اصل ہے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، الجواب صحیح: عبد اللطیف، ناظم مدرسہ مظاہر علوم۔

نماز جنازہ سے متعلق چند مسائل

سوال[۴۱۳۲]: ۱.....بچہ مردہ پیدا ہونے کی حالت میں نماز جنازہ ہونا چاہیے یا نہیں؟

۲.....بچہ زندہ پیدا ہوکر کچھ دیر بعد فوت ہونے کی صورت میں نماز جنازہ ہونی چاہیے یا نہیں؟

۳.....دو لڑکیاں ایک ساتھ پیدا ہوکر فوت ہوگئیں تو کیا نماز جنازہ علیحدہ ہوگی یا ایک ہی کافی ہے؟

۴.....ایک ساتھ ایک لڑکا اور ایک لڑکی پیدا ہوکر فوت ہوگئے تو نماز جنازہ الگ الگ پڑھی جائیگی یا

= (وكذا فى حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلاة، أحكام الجنائز، فصل: الصلاة عليه: ۵۸۲، قديمى)

(۱) قال الطيبى رحمه الله تعالىٰ: "وفيه من أصرّ على أمر مندوب، وجعله عزماً، ولم يعمل بالرخصة، فقد أصاب منه الشيطان من الإضلال، فكيف من أصر على بدعة أو منكر". (مرقاة المفاتيح، كتاب الصلاة، باب الدعاء فى التشهد، الفصل الأول، تحت حديث عبدالله بن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه، (رقم الحديث: ۹۶۴): ۳/۳۱، رشيديه)

"ان الإصرار على المندوب يبلغه إلى حد الكراهة، فكيف إصرار البدعة التى لا أصل لها فى الشرع". (السعاية، كتاب الصلوة، باب صفة الصلوة، قبيل فصل فى القراءة، ذكر البدعات: ۲/۲۶۵، سهيل اكيڈمى، لاهور)

ایک ہی مرتبہ پڑھنا کافی۔ ہے، تو دعاء لڑکے یا لڑکی کی پڑھی جائے گی؟

۵.....اگر میتیں مرد اور عورت کی بیک وقت موجود ہوں تو نماز جنازہ الگ الگ پڑھی جائے گی یا ایک ہی کافی ہونے کی حالت میں دعا نابالغ، بالغ، کونسی پڑھنی چاہئے، نابالغ کی یا بالغ کی؟

۶.....اگر میتیں بالغ بیک وقت چند موجود ہوں تو نماز جنازہ ایک ہی کافی ہوسکتی ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....جو بچہ مردہ پیدا ہو اس کے جنازہ کی نماز نہیں پڑھی جائے گی (۱)۔

۲.....اگر پیدا ہونے کے کچھ دیر بعد مرجائے تو نماز جنازہ پڑھی جائے گی (۲)۔

۳.....الگ الگ ہو تو اعلیٰ بات ہے، ایک ساتھ بھی درست ہے (۳)۔

---

(۱) "عن جابر رضی الله تعالیٰ عنه، عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "الطفل لا یصلی علیه، ولا یرث و لا یورث حتی یستهل". (جامع الترمذی، أبواب الجنائز، باب ما جاء فی ترک الصلوة علی الطفل: ۱/۲۰۰، سعید)

(۲) "و من استهل صلی علیه، وإلا لا ..... وأفاد بقوله: (إلا لا) أنه إذا لم یستهل لا یصلی علیه، ویلزم منه أن لا یغسل و لا یرث و لا یورث و لا یسمی، الخ". (البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۳۳۰، رشیدیه)

"ومن وُلد فمات، یغسل ویصلی علیه إن استهل، وإلاغسل وسمی وأدرج فی خرقة و دفن، ولم یصل علیه". (الدر المختار، کتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۲۷، ۲۲۸، سعید)

(وکذا فی تبیین الحقائق، کتاب الصلاة، باب الجنائز: ۱/۵۸۱، دار الکتب العلمیة، بیروت)

(۳)"عن أبی مالک رضی الله تعالیٰ عنه أمر رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یوم أحد بحمزة، فوضع وجئ بتسعة، فصلی علیهم رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، فرفعوا و ترک حمزة، ثم جیء بتسعة فوضعوا، و صلی علیهم سبع صلوات، حتی صلی علی سبعین و فیهم حمزة رضی الله تعالیٰ عنه فی کل صلاة صلاها". (مراسیل أبی داؤد، فی الصلوة علی الشهداء: ۱۸، سعید)

"وإذا اجتمعت الجنائز، فإفراد الصلاة أولی". (الدر المختار، کتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۲۱۸، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲/۳۲۸، رشیدیه) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

۴.....: اعلیٰ بات یہ ہے کہ الگ الگ پڑھی جائے ایک ساتھ بھی درست ہے(۱)، دعاء دونوں پڑھی جائیں(۲)۔

۵..... جب دونوں بالغ ہوں تو دعاء بالغ کی پڑھی جائے (۳)

۶.....: جب دونوں بالغ ہوں تو دعاء بالغ کی پڑھی جائے، نماز جنازہ ایک ساتھ ہو تو بھی درست ہے، الگ الگ بہتر ہے، لڑکے کی دعاء پڑھیں اگر ایک ساتھ پڑھیں تو بالغ کی دعاء پڑھیں (۴)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

مسجد میں نمازِ جنازہ (مفصل)

سوال[۴۱۳۳]: حضرت اقدس مفتی اعظم صاحب دامت برکاتہم!

احناف کی حدیث: ”من صلی علی جنازۃ فی المسجد، فلا أجر لہ“ کے بارے میں محدثینِ

= (وكذا في الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادى والعشرون فى الجنائز، الفصل الخامس فى الصلاة على الميت: ۱/۱۶۵، رشيديه)

(۱) (راجع، ص: ۶۷۴، الحاشية: ۳)

(۲) ”و لا يستغفر لصبى و مجنون ..... بل يقول بعد دعاء البالغين: أللهم اجعله لنا فرطاً الخ“.

(الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة: ۲/۲۱۵، سعيد)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادى والعشرون فى الجنائز، الفصل الخامس فى الصلاة على الميت: ۱/۱۶۵، رشيديه)

(۳،۴) ”ويدعو للميت و جميع المسلمين، وليس فيها دعاء مؤقت، و عن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أنه كان يقول: ”أللهم! اغفر لحينا و ميتنا و شاهدنا، وغائبنا و صغيرنا و كبيرنا و ذكرنا وأنثانا، أللهم! من أحييتَه فأحيه على الإسلام، ومن توفيتَه منا فتوفه على الإيمان“. (الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادى والعشرون فى الجنائز، الفصل الخامس فى الصلاة على الميت: ۱/۱۶۴، رشيديه)

(وكذا فى الدر المختارمع ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة: ۲/۲۱۲، سعيد)

کرام کا اعتراض ہے کہ یہ صحیح نہیں کیونکہ اس کا راوی "صالح مولی توأمة" اس روایت میں منفرد ہے وہ ضعیف ہے(۱) اور اس کے مقابل حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حدیث: "واللہ! قد صلی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علی ابن بیضاء فی المسجد" (۲) صحیح ہے، مسلم کی روایت ہے۔ حدیث صحیح کے ہوتے ہوئے ضعیف پر عمل کرنا صحیح نہیں ہے۔

اگر حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حدیث پر صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے انکار کا اعتراض ہو تو اس کے دو جواب ہیں: ایک یہ کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قسمیہ جملہ کے بعد صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم خاموش رہے اور نماز پڑھی گئی جس سے اجماع سکوتی کا پتہ چلتا ہے، گویا اجماعاً مسجد میں پڑھنا بھی ثابت ہوا۔

دوسرا جواب یہ کہ مؤطا امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ میں موجود ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے جنازے کی جماعت مسجد میں ہوئی (۳) جس سے "فلا أجر له" کے منسوخ ہونے کی کھلی دلیل ملتی ہے، خصوصاً جب کہ "فلا أجر له" کے بارے میں محدثین کا بیان ہے (امام احمد، امام نووی، عسقلانی وغیرہ) کہ

---

(۱) (أخرجه العلامة الزيلعي رحمه الله تعالىٰ في نصب الراية، باب الجنائز، آحاديث وضع الموتى للصلاة، (رقم الحديث: ۳۰۷۴): ۲/۲۷۵، المكتبة المكية جده)

"وفي إسناده صالح مولى التوأمة، و قد تكلم فيه غير واحد من الأئمة، قال النووي رحمه الله تعالى: وأجابوا عنه يعني الجمهور بأجوبة: أحدها أنه ضعيفٌ لا يصح الاحتجاج به، قال أحمد بن حنبل رحمه الله تعالىٰ: هذا حديث ضعيف تفرد به صالح مولى التوأمة وهو ضعيف". (نيل الأوطار للشوكاني، كتاب الجنائز، باب الصلاة على الجنازة في المسجد: ۴/۱۱۲، دار الباز للنشر والتوزيع، مكة المكرمة)

(۲) (أخرجه مسلم في صحيحه في كتاب الجنائز، فصل في جواز الصلاة على الميت في المسجد: ۱/۳۱۳، قديمي)

(۳) "قال مالك: عن نافع عن عبد الله بن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما أنه قال: صُلي على عمر بن الخطاب في المسجد". (مؤطا الإمام مالك، كتاب الجنائز، الصلوة على الجنائز في المسجد، ص: ۲۱۱، مير محمد كتب خانه كراچي)

Made searchable using ScribeTools.com

حدیث ضعیف ہے، خود متنِ حدیث میں اضطراب ہے، بعض حضرات فرماتے ہیں کہ "فلا أجر له" خطائے فاحش ہے(۱)۔ بینوا و توجروا۔

المستفتی مولوی حسین احمد قاسمی بنارسی، ناندیر ضلع اورنگ آباد، مہاراشٹر۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جنازہ کی نماز بغیر کسی عذر کے مسجد میں پڑھنا حنفیہ کے نزدیک مکروہ ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ: "من صلی علی جنازة فی المسجد، فلا شیء له"۔ سنن أبی داؤد شریف: ۲/۹۸(۲)، سنن ابن ماجه، ص: ۱۱۰(۳)۔

نیز اس روایت کو ابن ابی شیبہ نے: ۳/۱۵۳ (۴) پر اپنی مصنف میں، امام احمد نے اپنی مسند میں: ۲/۴۴۴(۵)، ۲/۴۵۵ (۶) بیہقی نے: ۴/۵۱ (۷) اور امام طحاوی نے شرح معانی الآثار: ۱/۲۸۴ (۸) پر

---

(۱) "قال ابن عبد البر: رواية: "فلا أجر له" خطأ فاحش، الصحيح: "فلا شيء له". (نصب الرايه، كتاب الصلاة، باب الجنائز، أحاديث وضع الموتى للصلاة، (رقم الحديث: ۳۰۷۴): ۲/۲۷۵، مكتبه المكية جده)

(۲) (سنن أبی داؤد، كتاب الجنائز، باب الصلوة على الجنازة فی المسجد: ۲/۹۸، امداديه ملتان)

(۳) (سنن ابن ماجة، كتاب الجنائز، باب ما جاء فی الصلوة على الجنائز فی المسجد، ص: ۱۰۹، قديمی)

(۴) (رواه ابن أبی شيبة فی مصنفه فی كتاب الجنائز، باب من كره الصلاة على الجنازة فی المسجد، (رقم الباب: ۱۶۷، رقم الحديث: ۱۱۹۷۱): ۳/۴۷، دار الكتب العلمية بيروت)

(۵) (مسند الإمام أحمد، (رقم الحديث: ۹۴۳۷): ۳/۱۹۱، دار إحياء التراث العربی، بيروت)

(۶) (مسند أحمد، (رقم الحديث: ۹۵۵۵): ۳/۲۱۰، (رقم الحديث: ۱۰۱۸۳): ۳/۳۰۱، دارإحياء التراث العربی بيروت)

(۷) (رواه البيهقی فی السنن الكبرى فی كتاب الجنائز، باب الصلاة على الجنازة فی المسجد: ۴/۵۲، اداره تاليفات اشرفيه ملتان)

(۸) (شرح معانی الآثار، كتاب الجنائز، باب الصلوة على الجنازة، هل ينبغی أن تكون فی المساجد أو لا: ۱/۳۳۱، سعيد)

روایت کیا ہے، بحواله بغية الألمعی فی تخریج الزیلعی: ۲/۲۷۵(۱)۔

نیز بخاری شریف اور مسلم شریف میں ہے کہ: ''حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نجاشی کی موت کی خبر سنائی، پھر صحابہ کو لے کر مسجدِ نبوی سے باہر تشریف لائے اور اس کے قریب نماز جنازہ کے لئے جو مخصوص جگہ تھی، وہاں پر صف بستہ نماز پڑھائی:

"عن أبی هريرة رضی اللّٰه تعالیٰ عنه قال: نعیٰ لنا رسول اللّٰه صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم النجاشی صاحب الحبشة اليوم الذی مات فيه، فقال: "استغفروا لأخيكم". و فی رواية: "نعی النجاشی فی اليوم الذی مات فيه، و خرج إلی المصلی، فصف بهم و كبّر أربعاً". صحيح بخاری: ۱/۱۶۷ (۲) و صحيح مسلم: ۱/۳۰۹(۳)۔

اور یہ اس واقعہ کی تخصیص نہیں تھی بلکہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دائمی عمل اس معاملہ میں یہی تھا کہ نماز جنازہ مسجد میں نہیں پڑھتے تھے، چنانچہ مسلم شریف میں ہے: ''ما كانت الجنائز يدخل بها فی المسجد: ۱/۳۱۳(٤) یعنی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ مبارکہ میں جنازے مسجد میں نہیں لائے جاتے تھے۔

علامہ ابن قیم رحمہ اللہ تعالیٰ اپنی مشہور کتاب "زاد المعاد فی هدی خير العباد" میں تحریر فرماتے ہیں: " و لم يكن من هديه الراتب الصلوة عليه فی المسجد، وإنما كان يصلی علی الجنازة

---

(۱)(بغية الألمعی فی تخريج الزيلعی علی هامش نصب الراية، كتاب الصلاة، باب الجنائز، أحاديث وضع الموتی الخ: ۲/۲۷۵، المكتبة المكية جده)

(۲) (صحيح البخاری، كتاب الجنائز، باب الرجل ينعی إلی أهل الميت بنفسه: ۱/۱۶۶، ۱۶۷، وباب الصلوة علی الجنائز بالمصلی والمسجد: ۱/۱۷۷، قديمی)

(۳) (رواه مسلم فی صحيحه فی كتاب الجنائز، باب فصل فی النعی الناس الميت: ۱/۳۰۹، قديمی)

(۴) (رواه مسلم فی صحيحه فی كتاب الجنائز، فصل فی جواز الصلاة علی الميت فی المسجد: ۱/۳۱۳، قديمی)

Made searchable using ScribeTools.com

خارج المسجد: ۱/۱۴۳"(۱) یعنی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دائمی دستور مسجد میں نماز جنازہ پڑھانے کا نہیں تھا بلکہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسجد کے باہر ہی جنازہ پڑھتے تھے۔ ملا علی القاری فرماتے ہیں :

"إنهم لم يكونوا يصلون على الجنائز داخل المسجد الشريف" مرقاة: ۳/۳۴۲(۲) یعنی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم مسجد نبوی میں نماز جنازہ نہیں پڑھتے تھے۔

علامہ ابن الحاج فرماتے ہیں:" إنهم كانوا لايصلون على ميت في المسجد"۔ المدخل: ۲/۸۱ (۳) یعنی وہ لوگ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم مسجد میں کسی میت پر نماز جنازہ نہیں پڑھتے تھے بلکہ مسجد سے باہر اس کے لئے مستقل اور علیحدہ جگہ بنوائی گئی تھی، چنانچہ بخاری شریف میں ہے:"ان اليهود جاؤا إلى النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم برجل منهم وامرأة زنيا، فأمر بهما فرجما قريباً من موضع الجنائز عند المسجد". ۱/۱۷۷ (٤)۔ یعنی یہود حضور اکرم صلی اللہ

---

(۱) (زاد المعاد فى هدى خير العباد لابن القيم الجوزية، فصل فى تجهيز الميت والصلاة عليه، ص: ۱۹۴، دار الفكر، بيروت)

(وكذا فى أوجز المسالك، كتاب الجنائز، الصلاة على الجنائز فى المسجد: ۴/۲۳۵، ادارہ تالیفات اشرفیہ ملتان)

(۲) "ما وجدت هذه العبارة بعينها فى المرقاة ولكن فيه: "وأما قول ابن حجر: فيه أو ضح حجة لقول الشافعى الأفضل إدخال الميت المسجد للصلوة عليه، فمردود؛ لأنه لو كان أفضل، لكان أكثر صلاته عليه الصلوة والسلام على الميت فى المسجد، ولما امتنع جل الصحابة عنه وإنما الحديث يفيد الجواز فى الجملة، وما أظن أن الشافعى يقول بأنه أفضل مع خلاف الإمام الأكمل، وقد نازع جماعة من المتأخرين الشافعى فى الاستحباب بأنه كان للجنائز موضع معروف خارج المسجد، والغالب منه عليه الصلوة والسلام الصلوة عليها ثمة". (مرقاة المفاتيح، كتاب الجنائز، باب المشى بالجنازة والصلوة عليها، الفصل الأول تحت الحديث رقمه: ۱۶۵۶: ۴/۱۴۴، رشيديه)

(۳) (المدخل لابن الحاج، فصل فى الصلوة على الميت فى المسجد: ۲/۲۸۲، دار الفكر، بيروت)

(۴) (رواه البخارى فى صحيحه فى كتاب الجنائز، باب الصلوة على الجنائز بالمصلى والمسجد: ۱/۱۷۷، قديمى)

Made Searchable by ScribeTools.com

تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس ایک ایسے مرد اور عورت کو جنہوں نے زنا کیا تھا لیکر آئے تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم دیا تو ان کو مسجد سے قریب جنازہ پڑھنے کی جگہ میں سنگسار کیا گیا۔

چنانچہ ابن سمرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ والی اس روایت کی شرح کرتے ہوئے محدثِ کبیر حافظ ابن حجر رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیثِ رجم یہ بتاتی ہے کہ نماز جنازہ کے لئے ایک جگہ مقرر تھی اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کبھی آپ کا مسجد نبوی میں جنازہ پڑھنا کسی عارضی وجہ سے تھا:

"و دل حديث ابن عمر المذكور على أنه كان للجنائز مكانٌ معدّ للصلوة عليها، فقد يستفاد منه أن ما وقع من الصلوة على بعض الجنائز فى المسجد كان لأمر عارض". فتح الباری:۳/۱۶۰(۱)۔

اور اسی جگہ فرماتے ہیں:"عن ابن حبيب أن مصلى الجنائز بالمدينة كان لاصقاً بمسجد النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من ناحية جهة المشرق". فتح الباری۳/۱۶۰ (۲) یعنی مدینہ منورہ میں جنازہ پڑھنے کی جگہ مسجد نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے متصل جانبِ شرق میں تھی۔

ان تمام تصریحات سے معلوم ہوتا ہے کہ مسجد پانچ نمازوں کے لئے بنائی جاتی ہے اس میں نماز جنازہ بلا عذر پڑھنا کراہت سے خالی نہیں، اگر مسجد میں نماز جنازہ بلا کراہیت کے جائز ہوتی تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کے لئے ایک اَور مستقل جگہ نہ بنواتے بلکہ مسجد ہی اس کے لئے کافی تھی لیکن ایسا نہیں ہوا بلکہ آپ نے اس کے لئے ایک اَور مستقل جگہ بنوائی اور مسجد نبوی کی تعمیر ختم ہوتے ہی جنازہ پڑھنے کی جگہ بنوائی گئی، چنانچہ طبقاتِ ابن سعد میں اس کی تصریح موجود ہے:

"و قد ذكر ابن سعد فى الطبقات الكبير أن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بنىٰ موضعاً للجنائز لاصقاً بالمسجد بعد الفراغ من مسجد الشريف فى السَّنَة الأولىٰ من الهجرة".

---

(۱) (فتح الباری، کتاب الجنائز، باب الصلاة علی الجنائز بالمصلی والمسجد : ۳/۲۵۶، قدیمی)

(وكذا فى أوجز المسالک، كتاب الجنائز، الصلاة على الجنائز فى المسجد : ۴/۲۳۵، ادارہ تالیفات اشرفیه ملتان)

(۲) (فتح الباری، المصدر السابق آنفاً)

Made searchable using ScribeTools.com

التعليق الصبيح: ۲/۲۳۹ (۱)۔

اس کے بعد کسی مزید دلیل کی ضرورت نہ تھی لیکن مناسب معلوم ہوتا ہے کہ قائلینِ جواز کی دلیل کا بھی جائزہ لیا جائے اوران کی جانب سے ہونے والے اعتراضات کا جواب دیا جائے۔ جولوگ جواز کے قائل ہیں وہ اپنی دلیل میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا والی مسلم شریف کی روایت پیش کرتے ہیں جس کے الفاظ یہ ہیں:

"عن عائشة رضى الله تعالىٰ عنه أنها قالت: لما توفى سعد بن وقاص أرسل أزواج النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أن يمرّوابجنازته فى المسجد فيصلين عليه، ففعلوا فوقف به على حجرهن يصلين عليه، ثم أخرج به من باب الجنائز الذى كان إلى المقاعد، فبلغهن أن الناس قد عابوا ذلك، و قالوا: ما كانت الجنائز يدخل به المسجد، فبلغ ذلك عائشةَ رضى الله تعالىٰ عنه فقالت : ما أسرع الناس إلى أن يعيبوا ما لا علم لهم به، عابوا علينا أن يمرّ بجنازة فى المسجد، و ما صلى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على سهيل ابن بيضآء إلا فى جوف المسجد". مسلم: ۱/۳۱٤ (۲) ۔

اولاً تو یہ واقعہ ہے جو کسی عذر کی وجہ سے پیش آیا، چنانچہ مولانا قطب الدین محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ

---

(۱) (التعليق الصبيح على مشكاة المصابيح للعلامة محمد إدريس الكاندهلوى رحمه الله تعالىٰ، كتاب الجنائز، باب المشى بالجنازة والصلاة عليها، الفصل الأول، تحت حديث أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه: ۲/۲۳۹، المكتبة العثمانية لاهور)

"عن أبى سعيد الخدرى رضى الله تعالىٰ عنه قال: كنا قدم النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم المدينة إذا حضر منا الميت، أتيناه فأخبرناه، فحضره واستغفر له حتى إذا قبض ..... قال محمد بن عمر: فمن هناك سمى ذلك الموضع موضع الجنائز؛ لأن الجنائز حملت إليه، ثم جرى ذلك من فعل الناس فى حمل جنائزهم والصلاة عليها فى ذلك الموضع إلى اليوم". (الطبقات الكبرى لابن سعد، ذكر الموضع الذى كان يصلى فيه رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على الجنائز: ۱/۲۵۷، دار صادر، بيروت)

(۲) (رواه مسلم فى صحيحه فى كتاب الجنائز، فصل فى جواز الصلاة على الميت فى المسجد: ۱/۳۱۳، قديمى)

فرماتے ہیں کہ ایک روا ت میں صریح آیا ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم معتکف تھے، اس لئے مسجد میں نمازِ جنازہ پڑھی، مظاہر حق: ۲/ ۴۹ (۱) اور حافظ بن حجر رحمہ اللہ تعالیٰ کا قول بھی یہی ہے کہ عذر کی وجہ سے تھا: "فقد يستفاد منه أن ما وقع من الصلوة على بعض الجنائز فى المسجد كان لأمر عارض". فتح البارى: ۱/ ۱۳٤ (۲)۔

ثانیاً: خود حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی فرمائش سے معلوم ہوتا ہے کہ وہاں مسجد میں جنازہ پڑھنے کا دستور نہ تھا ورنہ فرمائش کی کیا ضرورت تھی۔

ثالثاً: محض سہیل بن بیضاء کی مثال دینا ثابت کرتا ہے کہ دوسرے جنازے خارجِ مسجد پڑھے جایا کرتے تھے، مذکورہ جنازہ کسی عذر کی وجہ سے مسجد میں پڑھا گیا ہے (۳)۔

رابعاً: صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا انکار ثابت کرتا ہے کہ نماز جنازہ مسجد میں پڑھنے کا دستور نہ تھا چنانچہ انہوں نے صاف انکار کیا: "ما كانت الجنائز يُدخل به المسجد" (۴) جو اس کے خلافِ سنت

---

(۱) (مظاهر حق، كتاب الجنازة، باب المشى بالجنازة والصلاة عليها : ۲/ ۱۰۰، دارالإشاعت، كراچى)

"و قد أوَّلَ بعض أصحابنا حديث عائشة رضى الله تعالىٰ عنها: إنما صلى فى المسجد بعذر مطر، وقيل: بعذ ر الاعتكاف". (لامع الدرارى، كتاب الجنائز، باب صلاةالصبيان مع الناس : ۴/ ۳۶۴، امداديه مكة المكرمة)

"نحن أيضاً نقول: صلاته فى المسجد كان للمطر أو للاعتكاف". (عمدة القارى، كتاب الجنائز، باب الرجل ينعى إلى أهل الميت : ۸/ ۱۸، مطبعه منيريه بيروت)

(۲) (فتح البارى، باب الصلوة على الجنائز بالمصلى والمسجد: ۳/ ۲۵۶، قديمى)

(وكذا فى أوجز المسالك، كتاب الجنائز، الصلاة على الجنائز فى المسجد : ۴/ ۲۳۵، اداره تاليفات اشرفيه ملتان)

(وكذا فى لامع الدرارى، كتاب الجنائز، باب صلاة الصبيان مع الناس : ۴/ ۳۶۲، امداديه مكة المكرمة)

(۳) (راجع رقم الحاشية : ۱، ۲)

(۴) (رواه مسلم فى صحيحه فى كتاب الجنائز، فصل فى جواز الصلاة على الميت فى المسجد: ۱/ ۳۱۳، قديمى) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

ہونے کا واضح ثبوت ہے۔

یہ جوابات تو اس وقت ہیں جب کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی روایت کو متصل تسلیم کرلیں، حالانکہ امام دارقطنی نے اس حدیث کے بارے میں امام مسلم پر استدراک ومواخذہ کیا ہے اور اس کو مرسل قرار دیا ہے، چنانچہ فرماتے ہیں:

"خالف الضحاكَ حافظان: مالكُ والماجشون، فروياه عن أبى النضر عن عائشة رضى الله تعالىٰ عنها مرسلاً، وقيل: عن الضحاك عن أبى النضر عن أبى بكر بن عبد الرحمن، ولا يصح إلا مرسلاً: هذا كلام الدار قطنى". نووى شرح مسلم: ۱/۳۱۳ (۱)۔

یعنی اس روایت میں دو بڑے حفاظِ حدیث: امام مالک اور ماجشون نے ضحاک کی مخالفت کی ہے،

= "لكن إنكار الصحابة على عائشة رضى الله تعالىٰ عنها يدل على اشتهار العمل بخلاف ذلك". (أوجز المسالك، كتاب الجنائز، الصلاة على الجنائز فى المسجد: ۴/۲۳۴، ادارہ تالیفات اشرفیہ ملتان)

(وكذا فى لامع الدرارى على جامع البخارى، كتاب الجنائز، باب صلاةالصبيان مع الناس: ۴/۳۶۳، امداديه مكة المكرمة)

(۱) (شرح مسلم للنووى، كتاب الجنائز، فصل فى جواز الصلوة على الميت فى المسجد: ۱/۳۱۳، قديمى)

"وكذالك حديث عائشة رضى الله تعالىٰ عنها لا يخلوا عن كلام؛ لأن جماعة من الحفاظ مثل الدارقطنى وغيره عابوا على مسلم تخريجه إياه مسنداً؛ لأن الصحيح أنه مرسل كما رواه مالك والماجشون عن أبى النضر عن عائشة رضى الله تعالىٰ عنها مرسلاً، والمرسل ليس بحجة عندهم" (عمدة القارى، كتاب الجنائز، باب الرجل ينعى إلى أهل الميت بنفسه: ۸/۱۸، مطبعه منيرية بيروت)

"قال ابن عبد البر: هكذا هو فى مؤطا عند جمهور الرواة منقطعاً ..... قال العينى: منقطع؛ لأن أبا النضر لم يسمع من عائشة شيئاً، وقال ابن وضاح: ولا أدركها ..... وانتقده الدارقطنى بأن حافظين خالفا الضحاك، و هما: مالك والماجشون، فروياه عن أبى النضر عن عائشة مرسلاً". (أوجز المسالك، كتاب الجنائز، الصلاة على الجنائز فى المسجد: ۴/۲۳۵، ادارہ تالیفات اشرفیہ ملتان)

انہوں نے اس روایت کو "عن أبی النضر عن عائشة رضی اللّٰہ تعالیٰ عنها" منقطع بیان کیا ہے اور ضحاک نے "عن أبی النضر عن أبی بکر بن عبد الرحمن" روایت کیا ہے حالانکہ اس روایت کا منقطع ہونا ہی صحیح ہے۔

ہم مخالفین سے پوچھتے ہیں: روایتِ منقطع سے استدلال کہاں تک صحیح ہے؟ خصوصاً اس کے مقابلہ میں حدیثِ متصل مرفوع موجود ہے۔ یہ مخالفین کی دلیل اور اس کا جواب تھا۔

اب انہوں نے حدیثِ ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر جو اعتراض کئے ہیں ان کا جواب سنئے: اس روایت پر ان کا سب سے بڑا اعتراض یہ ہے کہ اس میں "صالح مولی التوأمة" ہے جو ضعیف ہے جس کی وجہ سے یہ روایت قابل استدلال نہیں (۱)۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ صالح کو ضعیف کہا گیا اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کو اخیر عمر میں اختلاط ہو گیا تھا، اس لئے اگر یہ سبب مرتفع ہو جائے یعنی کوئی ایسا راوی ہو جو اس حالت کے طاری ہونے سے پہلے ان سے روایت کی ہو، ان کی روایت کے معتبر اور قابلِ حجت واستدلال نہ ہونے کی کوئی وجہ نہیں۔

"تقریب التهذیب" میں ہے: "صالح ابن نبهان المدنی مولی التوأمة، -بفتح المثناة وسکون الواو بعدها همزة مفتوحة- صدوقٌ اختلط بأخره، قال ابن عدی: لا بأس بروایة القدماء عنه کابن أبی ذئب وابن جریج". ص: ۱۷۵ (۲)۔

یعنی صالح ابن نبہان مدنی مولی التوامہ صدوق ہیں، ان کو اخیر عمر میں اختلاط ہو گیا تھا، ابن عدی فرماتے ہیں کہ ان سے قدماء (یعنی جن لوگوں نے ان سے اس حالت کے طاری ہونے سے پہلے روایت کی ہے) کے روایت کرنے میں کوئی قباحت نہیں جیسے کہ ابن ابی ذئب اور ابن جریج۔ اور مذکورہ روایت "من صلی

---

(۱) "وفی إسناده صالح مولی التوأمة، و قد تکلم فیه غیر واحدٍ عن الأئمة، قال النووی رحمه اللّٰہ تعالیٰ: وأجابوا عنه یعنی الجمهور بأجوبة: أحدها أنه ضعیفٌ لا یصح الاحتجاج به، قال أحمد بن حنبل رحمه اللّٰہ تعالیٰ: هذا حدیث ضعیف تفرد به صالح مولی التوأمة، وهو ضعیف". (نیل الأوطار للشوکانی، کتاب الجنائز، باب الصلاة علی الجنازة فی المسجد: ۱۱۲/۴، دار الباز للنشر والتوزیع، مکة المکرمة)

(۲) (تقریب التهذیب لابن حجر العسقلانی رحمه اللّٰہ تعالیٰ رقم الترجمة: ۲۸۹۲، ص: ۲۷۴، دار الرشید حلب)

Made searchable using ScribeTools.com

علی جنازة فی المسجد فلا شیء له" (۱) میں صالح سے روایت کرنے والے ابن ابی ذئب ہیں، اس لئے یہ بھی صحیح ہے، اس میں کوئی علت نہیں۔

امام زیلعی نصب الرایہ میں فرماتے ہیں" وأسند عن ابن معین أنه قال: فیه ثقةٌ إلا أنه اختلط قبل موته، فمن سمع منه قبل ذلك فهو ثَبَتٌ حجةٌ، و مِمَّن سمع منه قبل الاختلاط ابن أبی ذئب، ص: ۱۸۵" (۲)۔

یعنی ابن معین سے سنداً ثابت ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ وہ (صالح) ثقہ ہیں مگر اخیر عمر میں ان کو اختلاط ہوگیا تھا، پس جن لوگوں نے اس حالت کو طاری ہونے سے پہلے سنا ہے وہ ثابت اور قابلِ حجت ہیں اور ان ہی لوگوں میں سے ابن ابی ذئب بھی ہیں۔

خود امام احمد بن حنبل (جن کے قول سے مخالفین حجت پکڑتے ہیں) فرماتے ہیں:

"ما أعلم به بأساً مَن سمع قدیماً، و قد روی عنه أکابر أهل المدینة". کتاب العلل ومعرفة الرجال للإمام أحمد بن حنبل: ۱/۳۴۸" (۳)۔

یعنی جن لوگوں نے ان (صالح بن التوأمۃ) سے ابتداءً سنا ہے اس میں کوئی قباحت نہیں اور ان صالح سے اکابرِ اہلِ مدینہ نے روایت کیا ہے۔

شیخ ابراہیم چلپی رحمہ اللہ تعالیٰ اپنی کتاب "غنیة المستملی" المعروف بہ "کبیری" میں ابن معین

---

(۱) (راجع ،ص: ۶۷۷، الحواشی رقمها: ۲،۳،۴،۵،۶،۷،۸)

(۲) (نصب الرایة للعلامة الزیلعی، کتاب الصلاة، باب الجنائز، أحادیث وضع الموتی للصلاة، تحت حدیث أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه الحدیث رقم: ۳۰۷۴، ۲/۲۷۵، مکتبة المکیة، جده)

"قال ابن معین: ثقةٌ لکنه اختلط قبل موته، فمن سمع منه قبل ذلک، فهو ثَبَتٌ حجة، و کلهم علی أن ابن أبی ذئب سمع منه قبل الاختلاط". (أوجز المسالک، کتاب الجنائز، الصلاة علی الجنائز فی المسجد: ۴/۲۳۴، اداره تالیفات اشرفیه ملتان)

(۳) (موسوعة أقوال الإمام أحمد بن حنبل فی رجال الحدیث وعِلله، حرف الصاد، رقم الإسم: ۱۲۰۲، صالح بن نبهان المدنی، مولی التوأمة: ۲/۱۷۳، عالم الکتب، بیروت)

سے نقل فرماتے ہیں: ”قال ابن معین: ثقةٌ لکنه اختلط قبل موته، فمن سمع منه قبل ذلك فهو ثَبَتٌ حجةٌ، وکلهم علی أن ابن أبی ذئب سمع منه قبل الاختلاط“(۱)۔

یعنی ابن معین فرماتے ہیں کہ (صالح) ثقہ ہیں لیکن وفات سے پہلے ان کو اختلاط ہوگیا تھا (اس لئے جن لوگوں نے ان سے حالت کے طاری ہونے سے پہلے سنا ہے وہ ثابت اور قابلِ حجت ہے) اور سارے محدثین اس پر متفق ہیں کہ ابن ابی ذئب نے اس حالت کے طاری ہونے سے پہلے ان سے روایت کی ہے۔

یہی وجہ ہے کہ اس حدیث کو روایت کرنے کے بعد امام سنن أبی داؤد نے اس پر کسی قسم کی جرح نہیں کی، بلکہ سکوت اختیار فرمایا اور یہ مسلّم ہے کہ امام ابوداؤد جس پر سکوت اختیار فرمائیں وہ روایت صالح الاستدلال ہے(۲)۔ اور صالح مسلم اور سننِ اربعہ کے روایوں میں سے ہیں، چنانچہ محدثِ کبیر علامہ انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ”وصالح من رواة السنن و مسلم“۔ عرف الشذی: ۱/۳۵۶ (۳)۔ یعنی صالح سنن اور مسلم کے رواۃ میں سے ہیں اگر یہ ضعیف ہوتے تو یہ حضرات ان کی روایت نہ لیتے یا ان پر جرح کرتے۔

بہرحال! محدثین کی اتنی بڑی جماعت کے نزدیک جب صالح مولی التوأمۃ ثقہ ہیں تو اس کے مقابلہ

---

(۱) (غنیة المستملی (الحلبی الکبیر) کتاب الصلاة، فصل فی الجنازة، الرابع فی الصلوة علیه، ص: ۵۸۹، سهیل اکیڈمی)

(۲) ”سنن أبی داؤد: فقد جاء عنه أنه یذکر فیه الصحیح و ما یشبهه و یقاربه، و ما کان فیه وهنٌ شدیدٌ بیّنه، وما لم یذکر فیه شیئاً فهو صالح“. (تدریب الراوی، النوع الثانی، الحدیث الحسن و تعریفه والاحتجاج به الخ، الحسن فی سنن أبی داؤد: ۱/۱۳۴، قدیمی)

”ماسکت عنه أبو داود، فهو صالح للاحتجاج به“. (مقدمة إعلاء السنن، أنواع الحدیث، الفصل الثانی فی بیان ما یتعلق بالتصحیح والتحسین، ما سکت عنه سنن أبی داؤد الخ: ۱/۵۱، إدارة القرآن، کراچی)

(وکذا فی مجموعة رسائل اللکنوی، رسالة: الأجوبة الفاضلة عن الأسئلة العشرة الکاملة، السوال الثانی فی کیفیة أحادیث السنن الأربعة وغیرها من کتب الحدیث: ۴/۱۷، ۱۸، ادارة القرآن کراچی)

(۳) ”وصالح من رواة السنن و مسلم“. (العرف الشذی علی جامع الترمذی، أبواب الجنائز، باب ما جاء فی الصلوة علی المیت فی المسجد: ۱/۱۹۹، سعید)

Made searchable using ScribeTools.com

میں امام نووی کا امام احمد کے قول کو اس کے ضعیف ہونے کے استدلال میں پیش کرنا چنداں قابلِ توجہ نہیں، پوری جماعت کے فیصلہ کو ترجیح ہوگی۔

دوسرا اعتراض اس حدیث پر ان کا یہ ہے کہ اس کے متن میں اضطراب ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ محدث خطیب اس کے متعلق فرماتے ہیں:"المحفوظ: "فلا شئ له. ۲/۲۸۵" (۱) یعنی اس میں محفوظ روایت "فلا شیء له" کی ہے۔ علامہ ابن عبدالبر رحمہ اللہ تعالیٰ بھی یہی فرماتے ہیں:"الصحیح: "فلا شیء له" . حوالہ مذکورہ (۲)۔ اور ابن ماجہ کی روایت جو اس میں قوی ہے اس سے اس کی پوری تائید ہوتی ہے جس کے الفاظ یہ ہیں: "فلیس له شیء". ابن ماجة: ۱/۱۱۰ (۳) جو بالکل واضح ہے۔

تیسرا اعتراض مخالفین یہ کرتے ہیں کہ جب حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے قسمیہ طور پر یہ فرمایا کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سہیل بن بیضاء کی نماز جنازہ مسجد میں پڑھی تو اس پر صحابہ نے ان کی بات کو تسلیم کرلیا اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے جنازہ پر (نماز) مسجد میں پڑھی گئی جس سے اجماعِ سکوتی کا پتہ چلتا ہے (۴) یعنی صلوۃ جنازہ فی المسجد بالاجماع ثابت ہوئی۔

---

(۱) "قال الخطیب : المحفوظ: "فلا شیء له" (نصب الرایة، کتاب الصلاة، باب الجنائز، (رقم الحدیث : ۳۰۷۴) : ۲/۲۷۵، مکتبه المکیه جده)

"أقول: إن الصحیح: "لا شیء له"؛ لأن فی ابن ماجة: "فلیس له شیء" الخ بسند قویّ الخ" (العرف الشذی علی جامع الترمذی، أبواب الجنائز، باب ما جاء فی الصلوة علی المیت فی المسجد : ۱/۱۹۹، سعید)

(۲) "قال ابن عبد البر : روایة : "فلا أجر له" خطأ فاحش، الصحیح: "فلا شیء له". (نصب الرایة، کتاب الصلاة، باب الجنائز، (رقم الحدیث: ۳۰۷۴) : ۲/۲۷۵، مکتبه المکیه جده)

(۳) (سنن ابن ماجة، کتاب الجنائز، باب ماجاء فی الصلوة علی الجنائز فی المسجد، ص: ۱۰۹، قدیمی)

(۴) "و رد بأنها لما أنکرت علیهم سلّموا لها، فدل علی أنها حفظت ما نسوه، وقال ابن عبد البر: لم تر عائشة رضی الله تعالیٰ عنها ذلک بنکیرٍ و رأت الحجة فعل النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، وان إنکاره جهل بالسنة، ألا تری قولها: ما أسرع الناس ترید إلی إنکار ما لا یعلمون". (شرح الزرقانی علی=

تو اس کا یہ جواب ہے کہ اولاً تو آپ لوگ مسلم شریف کی مذکور حدیث سے یہ ثابت کریں کہ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے مسجد میں ان کے جنازہ کی نماز پڑھی بلکہ (امہات المومنین) کے لئے بھی "یصلین" کا جو لفظ استعمال کیا گیا ہے اس سے مراد "دعا" ہے وہ بھی اس طریقہ پر کہ امہات المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہن اجمعین خود تو اپنے حجروں میں رہیں اور جنازہ ان کے سامنے گزارا جائے، چنانچہ الفاظ حدیث بھی اس پر دال ہیں، چنانچہ امہات المومنین نے جو فرمائش کی اس کے الفاظ یہ ہیں: "أن یمرّوا بجنازة فی المسجد یصلّین" (۱) یعنی حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا جنازہ مسجد سے ہو کر گزارا جائے تاکہ وہ ان کے لئے دعاء کریں۔ انہوں نے یہ نہیں فرمایا کہ مسجد میں جنازہ رکھا جائے اور اس پر نماز جنازہ پڑھی جائے تاکہ ہم بھی نماز پڑھ لیں، بلکہ یہ فرمایا کہ صرف جنازہ حجروں کے سامنے سے گزارا جائے تاکہ دعاء کریں، چنانچہ اس فرمائش کی جو تعمیل کی گئی اس کو حدیث: "موقوف به علی حجر هن" (۲) سے تعبیر کیا گیا ہے جس کا حاصل صرف اتنا ہے کہ جنازہ ان کے حجروں کے سامنے لایا گیا۔

نیز اگر امہات المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہن اجمعین نے نماز جنازہ پڑھی ہوتی تو ہر ایک کے حجرہ کے سامنے علیحدہ علیحدہ لیجانے کی کیا ضرورت تھی (جس پر "علی حجر هن" کا لفظ دلالت کرتا ہے) بلکہ سب مل کر نماز پڑھ لیتیں اور پھر جب آگے چل کر اس پر چہ میگوئیاں شروع ہوئیں تو صحابہ کا یہ فرمانا کہ: "ما کانت الجنائز یدخل بها المسجد" (۳) (یعنی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ مبارک میں جنازے مسجد

= المؤطأ، الصلاة علی الجنائز فی المسجد: ۲/۶۴، دار الفکر، بیروت)

"لکن لفظ الدعاء نصٌّ فی معناه، و إرادة الصلاة منه بعید، فما ورد من لفظ الصلاة فی هذه القصة المراد بها الدعاء، وإنما أمرت بالإمرار لتدعوا له بحضرته؛ لأن مشاهدته مدعو إلی الإشفاق والاجتهاد له، ولذا یسعی إلی الجنائز و لا یکتفی بالدعاء فی المنزل". (أوجز المسالک، کتاب الجنائز، الصلاة علی الجنائز فی المسجد: ۴/۲۳۴، ۲۳۵، ادارہ تالیفات اشرفیه ملتان)

(۱) (الصحیح لمسلم، کتاب الجنائز، فصل فی جواز الصلوة علی المیت فی المسجد: ۱/۳۱۳، قدیمی)

(۲) (الصحیح لمسلم، المصدر السابق)

(۳) (الصحیح لمسلم، المصدر السابق)

Made searchable using ScribeTools.com

میں داخل نہیں کئے جاتے تھے) بھی دلالت کرتا ہے کہ وہاں نماز نہیں پڑھی گئی تھی، صرف جنازہ مسجد میں لیجایا گیا تھا، ورنہ اگر نماز پڑھی گئی ہوتی تو صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اس کے رد میں یہ فرماتے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں مسجد میں نماز جنازہ نہیں پڑھی جاتی تھی۔ بہرحال! یہ ایک سطحی اعتراض ہے جو عدمِ تفقہ کی وجہ سے پیدا ہوا ہے جس کے لئے الفاظِ حدیث میں کوئی گنجائش نہیں۔

رہا ان کا یہ **اعتراض** کرنا کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نماز جنازہ مسجد میں پڑھی گئی جس سے "فلا اجر له" والی حدیث کے منسوخ ہونے کا پتہ چلتا ہے۔ اس کا **جواب** یہ کہ ادھر ہم ان سے یہ سوال کرتے ہیں کہ تم اس کے قائل بھی ہو کہ یہ حکم پہلے تھا اور پھر منسوخ ہوا، کیونکہ منسوخ ہونے کا حاصل تو یہ ہے کہ پہلے یہ حکم تھا مگر بعد میں اٹھالیا گیا اور اگر قائل ہو تو پھر کون سے نص کے ذریعہ؟

ثانیاً: حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وفات کے بعد صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا یہ عمل تمہارے نزدیک منسوخ ہونے کی دلیل کیسے بن سکتا ہے؟

ثالثاً: ہم کہتے ہیں کہ یہ بر بنائے عذر تھا اور عذر یہ کہ چونکہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قریب دفن کرنا تھا اور وہ حجرہ مسجد میں ہونے کی وجہ سے جنازہ مسجد میں سے لے جانے بغیر چارۂ کار نہ تھا تو چونکہ اصل ممانعت تو جنازہ مسجد میں لیجانے کی ہے، جب بنا بریں عذر اس پر عمل ممکن نہ رہا تو صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے اَور توسیع کی اور نماز بھی مسجد میں پڑھائی گئی (۱)۔

رابعاً: اگر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نماز جنازہ مسجد میں پڑھا جانا روایتِ ابو ہریرۃ کے لئے ناسخ بن گیا اور نماز جنازہ مسجد میں پڑھنے کا ثبوت مل گیا تو پھر صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے جنازہ کو مسجد میں لانے پر اتنی چہ می گوئیاں کیوں کیں جب کہ حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات حضرت

---

(۱) "وفی البرهان: صلاة الصحابة على أبي بكر و عمر رضى الله تعالىٰ عنهما فى المسجد كان لعارض دفنهما عند رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم. انتهى". (أوجز المسالك، كتاب الجنائز، الصلاة على الجنائز فى المسجد : ۴/ ۲۳۹، ۲۳۸، اداره تاليفات اشرفيه ملتان)

Made Searchable by ScribeTools.com

عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کئی سال بعد ہوئی تھی، اگر صحابہ کرام کے نزدیک وہ حدیث منسوخ ہی تھی تو ایسا کیوں ہوا(۱)۔فقط واللہ سبحانہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

جامع مسجد میں نمازِ جنازہ

سوال[۴۱۳۴]: اگر عید کی نماز بوجۂ عذرِ بارش مسجد میں ہوئی یا کسی دوسرے عذر کی وجہ سے وہاں پڑھی گئی اور جامع مسجد میں باہر جگہ ہے تو نماز ایسے وقت میں جامع مسجد ہی میں پڑھی جائے یا باہر جگہ؟ ترتیب نمازِ جنازہ اور خطبہ اور خطبہ عیدین میں کیا ہونی چاہیے؟ مفصل جوابات تحریر فرمائیں جائیں اور کتبِ فتاوی کے حوالہ جات بھی تحریر فرمائیں تاکہ اس کی طرف مراجعت کی جائے۔فقط والسلام۔

المستفتی: ابرارالحق، ۲۴/ ذی قعدہ/ ۵۸ھ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جب باہر کوئی عذر نہیں اور جگہ موجود ہے تو باہر پڑھی جاوے: "كرهت تحريماً فى مسجد جماعة هو فيه، و اختلف فى الخارجة، و المختار الكراهة، اهـ". تنوير۔ "(قوله: فى مسجد جماعة: أى المسجد الجامع و مسجد المحلة اهـ"(۲).

---

(۱) (راجع ،ص: ۶۸۱، رقم الحاشية: ۲، وص: ۶۸۲، رقم الحاشية :۴)

(۲) (الدر المختارمع ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجنائز ۲/۲۲۴، ۲۲۵، سعيد)

"عن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من صلى على جنازة فى المسجد، فلا شىء له". (سنن أبى داؤد، كتاب الجنائز، باب الصلوة على الجنازة فى المسجد : ۲/۹۸ امداديه)

"(قوله : و لا فى المسجد) لحديث أبى داؤد مرفوعاً: "من صلى على ميت ..... الحديث، أطلقه فشمل ما إذا كان الميت والقوم فى المسجد، الخ". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۳۲۷، رشيديه)

والبسط فى : (الحلبى الكبير، كتاب الصلاة، فصل فى الجنائز (الرابع) فى الصلاة عليه، ص:۵۸۸، سهيل اكيڈمى)

Made searchable using ScribeTools.com

تنبیہ: نمازِ عید جامع مسجد میں پڑھنے سے جامع مسجد عیدگاہ نہیں بنے گی ترتیب نمبر:ا میں مذکور ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۶/۱۱/۵۸ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۶/ ذیقعدہ/ ۵۸ھ۔

احاطۂ مسجد میں نمازِ جنازہ

سوال[۴۱۳۵]: ۱.....مسجد یا صحنِ مسجد یعنی چبوترۂ مسجد پر نماز جنازہ کا کیا حکم ہے؟

۲.....: قصبہ کٹوت ضلع آصف آباد دکن میں ایک مسجد ہے جس میں ۱۵/ یا ۲۰/ نمازی اول درجہ ہوتے ہیں، جمعہ میں تقریباً پچاس، اس مسجد کے دو درجہ ہیں اور سامنے پختہ چبوترہ متصل ہے جیسا کہ عام طور سے ہوتا ہے، دروازہ سے چبوترہ پختہ تک خام صحن ہے جس پر نہ کوئی نماز پڑھتا ہے نہ کبھی جماعت ہوتی ہے مگر یہ خام صحن اندرونِ احاطۂ مسجد ہے جیسا کہ نقشہ سے جو پشت پر ہے معلوم ہوگا کہ امر متنازعہ فیہ یہ ہے کہ مسجد کے دونوں دالانوں کے سامنے جو صحن چبوترہ پختہ ہے اور جس پر اکثر نماز و جماعت ہوتی رہتی ہے جزء مسجد ہے یا کہ نہیں اور صحن پختہ مسجد میں شمار کیا جاویگا یا کہ نہیں اور صحن خام کو جو دروازہ سے چبوترہ پختہ تک سے جہاں جوتے اتارتے ہیں مسجد سمجھا جائیگا یا نہیں اور ان دونوں میں کس پر نماز پڑھنی چاہیے تاکہ موتی کو ثواب سے محرومی نہ ہو؟

۳.....اصل مسجد و پختہ صحن و چبوترۂ مسجد کو چھوڑ کر نیچے خام صحن میں نماز پڑھی جائے تو آیا نماز باصواب ہو جاوے گی یا نہیں؟ نماز جنازہ کے متعلق سوال ہے۔

۴.....اور میت کو اس خام صحن میں پلنگ یا گہوارہ میں رکھ کر نماز پڑھنے سے توہینِ میت ہے یا نہیں؟

۵.....مسجد کے سامنے علاوہ راستہ عام کے میدان وسیع ہے، نیز قبرستان قصبہ کے متصل بھی زمین انتادہ ہے، باوجود موجودگی ان مواقع احاطۂ مسجد کے اندر (ماسوائے مسجد کے چبوترہ پختہ و مسجد و حجرہ کے) نماز جنازہ مسجد میں پڑھنا چاہیے، یا مسجد کے نیچے خام صحن میں جو مسجد کے حکم میں نہیں ہے، یا کہ مسجد کے صحن پختہ پر جو ملحق مسجد ہے جیسا کہ اَور مسجدوں میں ہوتا ہے جو حکم مسجد میں ہے جس پر نماز و جماعت ہوتی ہے حائضہ اور جنبی کے آمد کی جس پر ممانعت ہے اور اعتکاف جس پر آنے کے بعد نہیں ٹوٹتا ہے۔

فقط المستفتی: خواجہ محمد سعید حسین، معرفت پیروکار صاحب، متعلقہ کٹوت ضلع آصف آباد۔

الجواب حامداًومصلیاً:

۱.....صلوۃ جنازہ بلاعذر مسجد میں مکروہ ہے:"وصلوة الجنازة فی المسجد الذی تقام فیه الجماعة مکروه". عالمگیری :۱/ ۱۶۲(۱) اگر وہ خام صحن داخلِ مسجد ہے تو اس کا حکم بھی یہی ہے، اگر خارجِ مسجد ہے تو اس میں صلوۃ جنازہ بلاکراہت درست ہے۔

۲..... یہ بات اصل واقف سے دریافت کرنے کی ہے، جس کو اس نے مسجد بنانے کی نیت کی ہے وہ مسجد ہے، جس کو مسجد بنانے کی نیت نہیں کی وہ مسجد نہیں (۲)، اگر وہ موجود نہیں نہ کوئی تحریر وقف نامہ وغیرہ موجود ہے جس سے معلوم ہوسکے تو قرائن پر حکم کیا جائیگا، بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ جس جگہ نماز اور جماعت ہوتی ہے یعنی پختہ فرش وہ مسجد ہے، وہاں نمازِ جنازہ مکروہ ہے (۳) جس جگہ نماز نہیں ہوتی بلکہ جوتے نکالے جاتے ہیں یعنی خام صحن وہ

---

(۱) (الفتاوی العالمکیریة، کتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل الخامس فی الصلاة علیه : ۱/۱۶۵، رشیدیه)

"عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "من صلی علی جنازة فی المسجد، فلا شیء له". (سنن أبی داؤد، کتاب الجنائز، باب الصلاة علی الجنازة فی المسجد : ۲/۹۸، امدادیه)

"وتکره الصلوة علی الجنازة فی مسجد عندنا". (الحلبی الکبیر، کتاب الصلاة، فصل فی الجنائز، الرابع فی الصلاة علیه، ص:۵۸۸، سهیل اکیڈمی، لاهور)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۳۲۷، رشیدیه)

(وکذا فی الدر المختار مع رد المحتار، کتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۲۲۴، سعید)

(۲) ".علی أنهم صرحوا بأن مراعاة غرض الواقفین واجبة". (ردالمحتار، کتاب الوقف، مطلب: مراعاة غرض الواقفین واجبة :۴/۴۴۵، سعید)

"أجمعت الأمة أن من شروط الواقفین ما هو صحیحٌ معتبرٌ یُعمل به". (البحر الرائق، کتاب الوقف : ۵/۴۱۱، رشیدیه)

(وکذا فی مجمع الأنهر، کتاب الوقف : ۲/۶۰۸، مکتبه غفاریه کوئٹه)

(۳) (راجع رقم الحاشیة : ۱)

Made searchable using ScribeTools.com

خارج مسجد ہے وہاں نماز جنازہ مکروہ نہیں، اس کے خلاف اگر قرائن موجود ہوں تو یہ حکم نہ رہے گا۔

۳.....اگر وہ جزوِ مسجد ہے پھر تو اس میں نماز جنازہ مکروہ ہے، اگر جزوِ مسجد نہیں تو مکروہ نہیں، کمامر۔

۴.....صورتِ مسئولہ میں میت کی توہین نہیں ہوتی (۱)۔

۵.....جو جگہ متصلِ مسجد ہے لیکن جزوِ مسجد نہیں ہے اور جو احاطۂ مسجد سے خارج ہے وہ سب جنازہ کے لئے برابر ہے، اسی طرح قبرستان میں اگر کوئی جگہ جنازہ کی نماز کے لیے بنی ہوئی موجود ہے: ”والصلوة على الجنازة فی الأمكنة والدور سواء، كذافی المحيط“. عالمگیری: ۱/ ۱۶۲ (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۶/ ربیع الثانی/ ۵۴ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف۔

مسجد میں اضافہ کر کے اس میں نمازِ جنازہ

سوال[۴۱۳۶]: شہر بیاور ضلع اجمیر میں ایک جامع مسجد ہے، پہلے کسی زمانے میں نیچے کے درجہ میں مسجد تھی بعد ازاں آدمیوں کی کثرت ہوئی اور مسجد میں تنگی ہوئی، اس کے روبرو اور آگے بڑھا کر اور زیادہ کشادہ بنالی گئی، پہلی جگہ میں جو نیچے ہے اس میں چندلڑکے بھی پڑھتے ہیں پھر جمعہ کے روز اس میں بھی کچھ آدمیوں کو تکلیف ہونے لگی اور نہ آسکے جو پہلے کی جگہ نیچے کی تھی اس میں کچھ جگہ وضو خانہ بنالیا گیا اور اکثر جگہ جس میں ۵/ یا

---

(۱) (الفتاوىٰ العالمكيرية، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل الخامس فی الصلوة على الميت: ۱/ ۱۶۵، رشيديه)

چونکہ میت چارپائی پہ رکھی ہوئی ہے، لہٰذا کوئی موجبِ توہین امر بظاہر نہیں۔

(۲) (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل الخامس فی الصلاة على الميت: ۱/ ۱۶۵، رشيديه)

”بقی من المكروهات أشياء أخر ..... والصلاة فی مظان النجاسة كمقبرة و حمام ..... أو كان فی المقبرة موضع أعد للصلاة و لا قبر و لا نجاسة، فلا بأس“. (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها: ۱/ ۶۵۴، سعيد)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها: ۱/ ۵۸، رشيديه)

۶/صف ہوجاتی ہے، بروز جمعہ بھی ۳۰، ۳۵/آدمی کھڑے ہوجاتے ہیں اور بعض وہاں پر جماعتِ ثانیہ بھی پڑھتے ہیں جس کو بعض علماء مکروہ لکھتے ہیں، اس لئے مسجد کی شکل میں بنالی گئی ہے۔ اب اس میں اختلاف یہ ہے کہ بعض تو اس میں نماز جنازہ پڑھنے کو منع کرتے ہیں اور بعض کبھی پڑھتے ہیں اور جائز قرار دیتے ہیں۔ شرع شریف کا حکم تحریر فرمائیں۔

از بیاور ضلع اجمیر۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو حصہ پہلے سے مسجد ہے اس میں جماعتِ ثانیہ اور صلوۃ جنازہ مکروہ ہے: "وتكره الصلوة على الجنازة في مسجد عندنا، اهـ". كبيري ص ٥٤٥ (١)۔

اور جس حصہ کا بعد میں اضافہ ہوا ہے اگر مسجد میں اس جگہ کا اضافہ بہ نیتِ مسجد کیا گیا ہے تب تو اس پر مسجد کے احکام جاری ہوں گے یعنی وہاں جنب کا جانا منع ہوگا جماعتِ ثانیہ مکروہ ہوگی۔ اور اگر بہ نیتِ مسجد اضافہ نہیں کیا گیا بلکہ اس غرض سے بڑھا دیا گیا ہے کہ بوقتِ ضرورت وہاں بچے بیٹھ کر پڑھ لیا کریں، یا اگر نمازی زیادہ ہوجائیں تو وہاں بھی کھڑے ہوجایا کریں لیکن وہ حصہ حصۂ مسجد نہیں ہے تو اس پر مسجد کے احکام جاری نہیں ہوں گے وہاں جنب کا جانا، جماعتِ ثانیہ، صلوۃ جنازہ وغیرہ سب چیزیں درست ہیں، اس کی تحقیق کہ اس حصہ

---

(۱) (الحلبي الكبير، كتاب الصلاة، فصل في الجنائز، الرابع في الصلاة عليه، ص: ۵۸۸، سهيل اكيڈمی، لاهور)

"عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من صلى على جنازة في المسجد، فلا شيء له". (سنن أبي داؤد، كتاب الجنائز، باب الصلوة على الجنازة في المسجد: ۹۸/۲ امداديه)

"(كرهت تحريماً) وقيل: (تنزيهاً في مسجد جماعة هو): أي الميت (فيه) وحده أو مع القوم". (الدرالمختار). "(قوله: قيل: تنزيهاً) ..... فرجح القول الأول لإطلاق المنع في قول محمد في مؤطئه: لا يصلى على جنازة في مسجد". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲۲۴/۲، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۳۲۷/۲، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

کا اضافہ بہ نیتِ مسجد کیا گیا ہے یا نہیں واقف اور بانی سے کی جاوے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۶/۱/۵۶ھ۔

اور حصہ مسجد کو وضو خانہ بنانا جائز نہیں۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، ۱۸/محرم/۵۶ھ۔

جائے نماز بچھا کر اس پر نمازِ جنازہ پڑھنا

سوال[۴۱۳۷]: جنازہ کی نماز اگر جائے نماز بچھا کر پڑھی جائے تو اس میں کوئی حرج تو نہیں ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اپنی جائے نماز بچھا کر پڑھا دے تو کوئی حرج نہیں ہے مگر یہ جزوِ کفن نہیں ہے اور اس کا التزام درست نہیں ہے(۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

نمازِ جنازہ فنائے مسجد اور قبرستان میں

سوال[۴۱۳۸]: مسجد سے متصل قبرستان اگر ہو اور فنائے مسجد میں نماز جنازہ ادا کرنا ممکن ہو تو کون

---

(۱) "على أنهم صرحوا بأن مراعاة غرض الواقفين واجبة". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب مراعاة غرض الواقفين واجبة الخ: ۴۴۵/۴، سعيد)

"أجمعت الأمة أن من شروط الواقفين ما هو صحيحٌ معتبرٌ يُعمل به". (البحر الرائق، كتاب الوقف: ۴۱۱/۵، رشيديه)

(وكذا في مجمع الأنهر، كتاب الوقف: ۶۰۸/۲، مكتبه غفاريه كوئٹه)

(۲) "قال الطيبي رحمه الله تعالىٰ: و فيه من أصرَّ على أمر مندوب، و جعله عزماً، و لم يعمل بالرخصة، فقد أصاب منه الشيطان من الإضلال، فكيف من أصر على بدعة أو منكر". (مرقاة المفاتيح، كتاب الصلوة، باب الدعاء في التشهد، الفصل الأول، (رقم الحديث: ۹۴۶): ۳۱/۳، رشيديه)

"إن الإصرار على المندوب يبلغه إلى حد الكراهة، فكيف إصرار البدعة التي لا أصل لها في الشرع". (السعاية، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، قبيل فصل في القراءة، ذكر البدعات، ۲۶۵/۲، سهيل اكيڈمي، لاهور)

سی جگہ بہتر ہوگی؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

فنائے مسجد (جہاں نماز نہیں پڑھی جاتی) میں نماز جنازہ بلا کراہت درست ہے، قبرستان میں اگر کوئی جگہ نماز جنازہ کیلئے تجویز شدہ ہو اس طرح کہ قبریں سامنے نہ ہوں اور نہ درمیان میں نمازیوں کے ہوں: "قال أبوحنيفة: لا ينبغي أن يصلى على ميت بين القبور". طحطاوی علی مراقی الفلاح، ص: ۳۲۶(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

مسجد میں نماز جنازہ میں عدمِ شرکت

سوال[۴۱۳۹]: ۱.....نماز جنازہ اگر مسجد میں ہو رہی تو بنظرِ اصلاح جماعت سے علیحدگی ضروری ہے؟

---

(۱) (حاشية الطحطاوی علی مراقی الفلاح كتاب الصلاة، باب أحكام الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته، ص: ۵۹۵، قديمی)

"و ما يكره من الصلاة فی القبور ..... و رأى عمرُ رضی الله تعالیٰ عنه أنسَ بن مالک رضی الله تعالیٰ عنه يصلی عند قبره، فقال: القبر القبر، و لم يأمره بالإعادة".

"(قوله: و لم يأمره بالإعادة): أی لم يأمر عمرُ أنساً رضی الله تعالیٰ عنه بإعادة صلاته تلک، فدل على أنه يجوز ولكن يكره. واعلم أن العلماء اختلفوا فی جواز الصلاة على المقبرة ..... وذهب الثوری وأبو حنيفة والأوزاعی رحمه الله تعالیٰ إلى كراهة الصلاة فی المقبرة". (عمدة القاری، كتاب الصلاة، بابٌ هل تنبش قبور مشركی الجاهلية: ۴/۱۷۱، إدارة المطبعة المنيرة بيروت)

"بقی فی المكروهات أشياء ..... الصلاة فی مظان النجاسة كمقبرة و حمام ..... أو كان فی المقبرة موضع أعد للصلاة و لا قبر و لا نجاسة، فلا بأس ..... لا تكره الصلاة فی جهة قبر إلا إذا كان بين يديه بحيث لو صلى صلاة الخاشعين وقع بصره عليه". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها: ۱/۶۵۴، سعيد)

(و كذا فی البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها: ۲/۵۸، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

۲.....باوجود مسئلہ بتانے کے اگر لوگ رواجاً پڑھتے ہوں تو شرکتِ جماعت سے اور امامت سے معذوری ظاہر کرنا ضروری ہے کہ نہیں؟

۳.....اگر مسئلہ بتانے سے فساد کا امکان ہو تو ایسی صورت میں کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....اصلاح کی خاطر علیحدگی اختیار کرلے تو بہتر ہے(۱)۔

۲.....مسئلہ بتا کر معذوری ظاہر کردی جائے۔

۳.....محض دو چار آدمیوں کا کوئی سخت لفظ اس کو کہہ دینا تو کوئی فساد نہیں جس کی بناء پر مسئلہ بتانے سے گریز کیا جائے، واقعی فساد ہو تو سکوت کی بھی گنجائش ہے(۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/۶/۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/۶/۸۷ھ۔

---

(۱) مسجد میں نماز جنازہ پڑھنا مکروہ تحریمی میں ہے لہذا علیحدگی اختیار کرنا ہی افضل ہے۔

"عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم:" من صلی علی جنازة فی المسجد، فلا شیء له". (سنن أبی داؤد، کتاب الجنائز، باب الصلاة علی الجنازة فی المسجد : ۹۸/۲، امدادیه)

"کرهت تحریماً فی مسجد جماعة هو فیه، واختلف فی الخارجة، والمختار الکراهة مطلقاً". (الدر المختار) . "(قوله : فی مسجد جماعة): أی المسجد الجامع و مسجد المحلة". (رد المحتار، کتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲۲۴/۲، ۲۲۵، سعید)

" وتکره الصلاة علی الجنازة فی مسجد عندنا". (الحلبی الکبیر، کتاب الصلاة، فصل فی صلاة الجنازة، الرابع: الصلاة علیه، ص:۵۸۸، سهیل اکیڈمی، لاهور)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب الجنائز : ۳۲۷/۲، رشیدیه)

(۲) قال الله تعالیٰ : ﴿ولتکن منکم أمة یدعون إلی الخیر و یأمرون بالمعروف و ینهون عن المنکر، وأولئک هم المفلحون﴾. (سورة آل عمران پ ۴ آیة: ۱۰۴)

"ففی الآیة بیان الإیجاب، فإن قوله تعالیٰ: ﴿ولتکن﴾ أمرٌ، وظاهر الأمر الإیجاب" (إحیاء علوم =

چندہ نہ دینے کی وجہ سے مسجد میں جنازہ سے روک کرتالا لگانا

سوال[۴۱۴۰]: ہمارے گاؤں میں دو پارٹی میں، جس کی اکثریت ہے وہ حنفی کہلاتی ہے، جو اقلیت میں ہے اس کو وہابی کہتے ہیں۔ ابھی حال میں حنفی پارٹی نے مدرسہ کا چندہ نہ دینے کا الزام لگا کر وہابی پارٹی کا بائیکاٹ کر دیا ہے، اقلیت والی پارٹی میں سے ایک شخص کا انتقال ہوگیا تو اکثریت والی پارٹی شریک جنازہ نہیں ہوئی، جب دوسرے موضع کے لوگ کفن دفن کیلئے آئے تو ان کے لئے مسجد کے دروازہ پر تالا لگا دیا تا کہ صحنِ

= الدين للإمام الغزالی، کتاب الأمر بالمعروف والنهی عن المنکر، الباب الأول، فی وجوب الأمر بالمعروف والنهی عن المنکر الخ : ۳۰۶/۲، ۳۰۷، دار إحياء التراث العربی، بيروت)

"عن مجاهد قال: حدثنی مولی لنا أنه سمع عدياً يقول: سمعت رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم يقول: "إن الله عزوجل لا يعذب العامة بعمل الخاصة، حتی يروا المنکر بين ظهرانيهم و هم قادرون علی أن ينکروه، فلا ينکروه، فإذا فعلوا ذلک، عذّب الخاصة والعامة". (مسند الإمام أحمد، (رقم الحديث : ۱۷۲۶۷): ۲۱۳/۵، دار إحياء التراث العربی، بيروت)

"عن تميم الداری رضی الله تعالیٰ عنه عن النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم قال: "الدين النصيحةً" قلنا: لمن؟ قال: "لله ولكتابه و لرسوله ولأمة المسلمين وعامتهم".

"قوله : وأما نصيحة عامة المسلمين وهم من عدا ولاة الأمر فإرشادهم لمصالحهم فی آخرتهم و دنياهم و كف الأذی عنهم، فيعلّمهم ما يجهلونه من دينهم ودنياهم ..... وأمرهم بالمعروف ونهيهم عن المنكر برفق وإخلاص والشفقة عليهم و توقير كبيرهم و رحمة صغيرهم ..... قال: النصيحة لازمة علی قدر الطاقة إذا علم الناصح أنه يقبل نصحه و يطاع أمره وأمن علی نفسه المكروه، فإن خشی أذی، فهو فی سعةٍ، والله اعلم". (الصحيح لمسلم مع شرحه النووی، كتاب الإيمان، باب بيان الدين النصيحة : ۵۴/۱، قديمی)

"لكن الأمر والنهی أفضل وإن غلب علی ظنه أنه يضربه أو يقتله؛ لأنه يكون شهيداً، قال تعالی: ﴿أقم الصلاة، وأمر بالمعروف، وأنهَ عن المنكر، واصبر علی ماأصابک﴾ الخ". (ردالمحتار، كتاب الطهارة، فصل فی الاستنجاء، قبيل كتاب الصلاة : ۳۵۰/۱، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

مسجد میں نماز جنازہ نہ ہو، نماز جنازہ قبرستان میں ادا کی گئی۔ سوال یہ ہے کہ مسجد میں نماز نہ پڑھنے دینا اور نماز جنازہ ادا نہ کرنے دینا، ایسا کرنے والا مسلمان گنہ گار ہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مسجد میں نماز پڑھنا ہر مسلمان کا حق ہے، مدرسہ میں چندہ نہ دینے سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔ مسجد پر تالا ڈال کر نماز سے روک دینا یا مسجد میں نماز نہ پڑھنے دینا بہت بڑا ظلم ہے: ﴿ومن أظلم ممن منع مساجد الله أن يذكر فيها اسمه﴾ الايه (۱)۔ مشرکین مکہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مسجد میں نماز پڑھنے سے روکتے تھے، ان کے لئے یہ سخت وعید کلام پاک میں آئی ہے (۲)۔ ان کو اپنی حرکت سے توبہ کرنا ضروری ہے (۳)۔

---

(۱) (سورة البقرة : ۱۱۴)

قال العلامة الآلوسی رحمه الله تعالیٰ :"و ظاهر الآية العموم فی كل مانع، و فی كل مسجد، وخصوص السبب لا يمنعه". (تفسير روح المعانی : ۱/۳۶۳، دار إحياء التراث العربی، بيروت)

(۲) قال ابن كثير تحت هذه الآية : "وأيضاً فإنه تعالیٰ لما وجه الذم فی حق اليهود والنصاری، شرع فی ذم المشركين الذين أخرجوا الرسول صلى الله تعالیٰ عليه وسلم وأصحابه من مكة، و منعوهم من الصلاة فی المسجد الحرام. وأما اعتماده على أن قريشاً لم تسع فی خراب المدينة، فأیّ خراب أعظم مما فعلوا؟ أخرجوا عنها رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم وأصحابه ..... ﴿وما لهم ألا يعذبهم الله و هم يصدون عن المسجد الحرام﴾ الاية ..... ﴿هم الذين كفروا و صدوكم عن المسجد الحرام﴾. الاية". (تفسير ابن كثير : ۱/۱۵۶، سهيل اكيڈمی، لاهور)

(۳) قال الله تعالیٰ :﴿ يا أيهاالذين آمنوا توبوا إلى الله توبةً نصوحاً﴾ الآية (سورة التحريم :۸)

"عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول اللهصلى الله تعالیٰ عليه وسلم: "لَلّٰه أشد فرحاً بتوبة أحدكم من أحدكم بضالته إذا وجدهما".

"واتفقوا على أن التوبة من جميع المعاصی واجبة، وأنها واجبة على الفور، لا يجوز تأخيرها سواء كانت المعصية صغيرةً أو كبيرةً. والتوبة من مهمات الإسلام و قواعده المتأكدة، ووجوبها عند أهل السنة والجماعة". (الصحيح لمسلم مع شرحه للنووی، كتاب التوبة : ۲/۳۴۵، قديمی)

Made Searchable by ScribeTools.com

جوحصہ نماز کے لئے متعین ہے جیسے اندرونی حصہ اور فرشِ مسجد جہاں گرمی کے وقت نماز پڑھی جاتی ہے۔نماز جنازہ پڑھنا مکروہ ہے(۱)،اس فرش سے علیحدہ اگر احاطہ اور چہار دیواری میں زائد جگہ ہوتو وہاں مکروہ نہیں۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

قبرستان میں نمازِ جنازہ

سوال[۴۱۴۱]: کیا مقبرہ میں جبکہ قبر قریباً دس قدم کے فاصلہ پر ہے جنازہ کی نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟ مدلل تحریر فرمادیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

وفی البدائع وغیرها: "قال أبوحنيفة رحمه الله تعالىٰ: لاينبغی أن يصلی علی ميت بين القبور، وكان علیّ رضی الله تعالىٰ عنه و ابن عباس رضی الله تعالىٰ عنهما يكرهان ذلك، وإن صلوا أجزأهم، لما روی أنهم صلوا علی عائشة و أم سلمة رضی الله تعالىٰ عنهما بين مقابر البقيع و الإمام أبوهريرة رضی الله تعالىٰ عنه، وفيهم ابن عمر رضی الله تعالىٰ عنهما. ثم محل

---

(۱) "عن أبی هريرة رضی الله تعالىٰ عنه قال رسول الله صلی الله تعالىٰ عليه وسلم: "من صلی علی جنازة فی المسجد، فلا شیء له". (ابو داود، كتاب الجنائز، باب الصلاة علی الجنازة فی المسجد : ۹۸/۲، امداديه)

" كرهت تحريماً فی مسجد جماعة هو فيه، واختلف فی الخارجة، و المختار الكراهة مطلقاً". (الدرالمختار) . "(قوله : فی مسجد جماعة): أی المسجد الجامع و مسجد المحلة". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲۲۴/۲، ۲۲۵، سعيد)

"وتكره الصلا ة علی الجنازة فی مسجد عندنا". (الحلبی الكبير، كتاب الصلاة فصل فی صلاة الجنازة، الرابع: الصلاة عليه، ص:۵۸۸، سهيل اكيڈمی)

(وكذا فی البحرالرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۳۲۷/۲، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

الكراهة إذا لم يكن عذر، فإن كان فلا كراهة اتفاقاً، اهـ"(۱)۔

عباراتِ بالا سے سوال کا جواب معلوم ہوگیا۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۸/۴/۶۴ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۹/ ربیع الثانی/۶۴ھ۔

---

(۱) (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، فصل: وأما سنن الدفن : ۲/ ۶۵، رشيديه)

"عن أبي مرثد الغنوي رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "لا تجلسوا على القبور، ولا تصلوا إليها". (جامع الترمذي، أبواب الجنائز، باب ما جاء في كراهية الوطى على القبور والجلوس عليها : ۱/ ۲۰۳، سعيد)

"قال أبو حنيفة رحمه الله تعالىٰ: لا ينبغي أن يصلي على ميت بين القبور، وكان عليّ وابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهم يكرهان ذلك. وإن صلوا أجزأهم لما روى أنهم صلوا على عائشة وأم سلمة رضي الله تعالىٰ عنهما بين مقابر البقيع و الإمام أبوهريرة رضي الله تعالىٰ عنه، وفيهم ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما. ثم محل الكراهة إذا لم يكن عذر، فإن كان فلا كراهة اتفاقا". (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح، كتاب الصلاة، باب أحكام الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته، ص: ۵۹۵، قديمي)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الصلاة، فصل: السلطان أحق بصلاته : ۲/ ۳۴۱، رشيديه)

ترجمہ: بدائع وغیرہ میں ہے کہ: امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ قبروں کے درمیان میت پر نماز پڑھنا مناسب نہیں اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما اس کو مکروہ فرماتے تھے۔اور اگر نماز پڑھ لی تو کافی ہوجائے گی جیسا کہ روایت کیا گیا ہے کہ حضرت عائشہ اور ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما پر نماز جنازہ مقابر بقیع میں ہوئی اور امام حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے اور نمازیوں میں حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی تھے، پھر محلِ کراہت بھی اس وقت ہے جب کوئی عذر نہ ہو، اگر عذر ہو تو پھر بالاتفاق کوئی کراہت نہیں۔

خلاصہ جواب: یہ ہے کہ مقبرہ میں قبروں کے درمیان کھڑے ہوکر نمازِ جنازہ پڑھنا بغیر عذر کے مکروہ ہے، اور اگر کوئی عذر ہو تو اس میں حرج نہیں۔

ایضاً

سوال[۴۱۴۲]: یہاں قبرستان کی جگہ یہاں کی کونسل نے عطا کی ہے۔اس قبرستان میں صلوۃ الجنازہ کی سہولت کے لئے ایک قوم کے خیرخواہ فرد نے اپنے خرچ سے ایک عمارت تعمیر کردی ہے، یہ عمارت نہ کسی قبر پر تعمیر کی گئی ہے اور نہ اس کے قبلہ رو کوئی قبر واقع ہے، عمارت کے چاروں طرف دیواریں ہیں، دیواروں کے چاروں طرف لوہے کی جالی ہے، باہر ہال کے چاروں طرف بیل بوٹا ہیں۔اسی عمارت میں آج تک علماء نماز جنازہ پڑھتے آئے ہیں لیکن اس سال ایک مولوی صاحب نے اس عمارت میں نماز پڑھنے کو ناجائز قرار دیا ہے، کیونکہ وہ فرماتے ہیں کہ نماز جنازہ مسجد میں پڑھنا سنت کے مطابق نہیں ہے۔اس لئے براہ کرم جلد از جلد جواب سے مطلع فرمایا جائے۔فقط۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

نماز جنازہ مسجد میں پڑھنا مکروہ ہے، کوئی عذر ہو تو دوسری بات ہے مثلاً زور کی بارش ہو اور کہیں جگہ بھی نہ ہو، ورنہ تو مسجد میں نماز جنازہ نہ پڑھی جائے، حدیث وفقہ سے ایسا ہی ثابت ہے۔درمختار میں ہے:

"وكرهت تحريماً فى مسجد جماعة هو: أى الميت فيه وحده أومع القوم واختلف فى الخارجة عن المسجد و حده أومع بعض القوم، والمختار الكراهة مطلقاً، خلاصة، بناءً على أن المسجد إنما بنى للمكتوبه وتوابعها كنافلة وذكر و تدريس علم، وهوالموافق لإطلاق حديث أبى داود : "من صلى على ميت فى المسجد فلا صلوة له، اهـ". هذه رواية ابن أبى شيبة، و رواية أحمد و أبى داود: "فلا شئ له "وابن ماجة: فليس له شئ". وروى: "فلا أجرله: "وقال ابن عبدالبر: هى خطأ فاحش والصحيح: "فلا شئ له" اهـ. إنما تكره فى المسجد بلا عذر، فإن كان فلا، ومن الأعذار المطر". مطلب كراهة صلوة الجنا زة فى المسجد، ردالمحتار: ۱/۵۹۳، ۵۹٤، نعمانيه(۱)۔

جبکہ وہاں قبرستان میں نماز جنازہ کیلئے مستقل تعمیر موجود ہے اور قبلہ رخ کوئی قبر بھی نہیں ہے تو وہیں نماز

---

(۱) (الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب صلوة الجنازة، مطلب فى كراهة صلاة الجنازة فى المسجد: ۲/۲۲۴، ۲۲٦، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

جنازہ پڑھی جائے، ایسی جگہ تو فرض نماز بھی مکروہ نہیں:

”تكره الصلوة فى المقبرة، اهـ“. مراقى الفلاح۔ ”إلا أن يكون فيها موضع أعد للصلوة لا نجاسة فيه ولا قذر فيه، اهـ“. طحطاوى، ص: ۲۱۵(۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۹/۶/۲۸ھ۔

عیدگاہ میں نمازِ جنازہ

سوال[۴۱۴۳]: عیدگاہ میں نماز جنازہ پڑھنا کیسا ہے خواہ عیدگاہ کے متصل کوئی جگہ ہو یا نہ ہو؟

الجواب حامداً ومصلياً:

راجح اور اصح قول کے مطابق عیدگاہ صرف جوازِ اقتداء بصورتِ عدمِ اتصالِ صفوف کے حق میں مسجد کا حکم رکھتی ہے لہذا عیدگاہ میں صلوۃ جنازہ (مسجد کی طرح) ممنوع نہیں خواہ متصل کوئی جگہ ہو یا نہ ہو۔ اگر متصل شارع عام ہے تو اس میں صلوٰۃ جنازہ مکروہ ہے، اسی طرح کسی کی زمین میں (بغیر اذنِ مالک) بھی مکروہ ہے، البتہ اگر کوئی جگہ جنازہ کیلئے مخصوص ہے تو اس میں پڑھنا بلا خلاف اَولیٰ ہے، اسی طرح ملک غیر میں اذنِ مالک کے بعد:

---

(۱) (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلاة، فصل فى المكروهات، ص: ۳۵۶، قديمى)

”و ما يكره من الصلاة فى القبور ..... و رأى عمرُ أنسَ بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه يصلى عند قبر، فقال: القبر القبر، و لم يأمره بالإعادة“. ”(قوله: و لم يأمره بالإعادة): أى لم يأمر عمرُ أنساً رضى الله تعالىٰ عنهما بإعادة صلاته تلك، فدل على أنه يجوز، ولكن يكره. واعلم أن العلماء اختلفوا فى جواز الصلاة على المقبرة ..... وذهب الثورى وأبوحنيفة والأوزاعى رحمه الله تعالىٰ إلى كراهة الصلا ة فى المقبرة“. (عمدة القارى، كتاب الصلاة، باب هل تنبش قبور مشركى الجاهلية: ۴/۱۷۱، إدارة المطبعة المنيرة بيروت)

”بقى فى المكروهات أشياء ..... الصلاة فى مظان النجاسة كمقبرة و حمام ..... أو كان فى المقبرة موضع أعد للصلاة و لا قبر و لا نجاسة، فلا بأس“. (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب مايفسد الصلاة وما يكره فيها: ۱/۶۵۴، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها: ۲/۵۸، رشيديه)

"لا تكره صلوة الجنازة فى مسجد أعدلها، و كذا فى مدرسة و مصلى عيد؛ لأنه ليس لها حكم المسجد فى الأصح إلافى جواز الاقتداء وإن لم تتصل الصفوف، اهـ". طحطاوى ص:٣٤٧(١)۔ "تكره الصلوة الجنازة فى الشارع وأراضى الناس لشغل حق العامة فى الأول وحق المالك فى الثانى". مراقى الفلاح، وطحطاوى، ص:٣٤٨) (٢)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۶/۱۱/۵۸ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۶/ ذیقعدہ/ ۵۸ھ۔

ایضاً

سوال[۴۱۴۴]: حدودِ عیدگاہ میں نماز جنازہ پڑھ سکتے ہیں یا نہیں اور عیدگاہ کے اندر میت رکھی جاسکتی ہے یا نہیں؟

---

(۱) (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلاة، باب أحكام الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته الخ ص:۵۹۵، ۵۹۶، قديمى)

"ولم يقيد المصنف كصاحب المجمع المسجد بالجماعة كما قيده فى الهداية لعدم الحاجة إليه؛ لأنهم يحترزون به عن المسجد المبنى لصلاة الجنازة، فإنها لا تكره فيه مع أن الصحيح أنه ليس بمسجد؛ لأنه ماأعد للصلوة حقيقةً؛ لأن صلاة الجنازة ليست بصلاة حقيقةً، و حاجة الناس ماسّةٌ إلى أنه لم يكن مسجداً توسعةً للأمر عليهم. واختلفوا أيضاً فى مصلى العيدين أنه هل هو مسجد؟ والصحيح أنه مسجد فى حق جواز الاقتداء وإن لم تتصل الصفوف؛ لأنه أعد للصلاة حقيقةً، لا فى حرمة دخول الجنب والحائض". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته: ۳۲۸/۲، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوى العالمكيرية كتاب الصلاة، الباب الحادى والعشرون فى الجنائز، الفصل الخامس فى الصلاة على الميت: ۱۶۵/۱، رشيديه)

(وكذا فى رد المحتار، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲۲۵/۲، سعيد)

(۲) مراقى الفلاح، كتاب الصلاة، باب أحكام الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته، ص:۵۹۵، قديمى)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

وہاں میت بھی رکھ سکتے ہیں اور نماز جنازہ بھی پڑھ سکتے ہیں، وہ من کل الوجوہ مسجد کے حکم میں نہیں(۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸/۱/۸۹ھ۔

ایضاً

سوال[۴۱۴۵]: عیدگاہ میں نماز جنازہ پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جائز ہے، کذا فی الطحطاوی، ص: ۳۲۲(۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

تعزیہ گاہ میں نمازِ جنازہ

سوال[۴۱۴۶]: ایک شخص عاشورہ کے دن فوت ہوگیا جو نمازی اور اہل السنّت والجماعت تھا، اس

---

(۱) "واختلفوا أيضاً فی مصلی العيدين أنه هل هو مسجد؟ والصحيح أنه مسجد فی حق جواز الاقتداء وإن لم تتصل الصفوف؛ لأنه أعد للصلاة حقيقةً، لا فی حرمة دخول الجنب والحائض". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل السلطان أحق بصلاته : ۳۲۸/۲، رشيديه)

"ولا تكره صلوة جنازة فی مسجد أعدلها، و كذا فی مدرسة و مصلی عيد؛ لأنه ليس لها حكم المسجد فی الأصح إلا فی جواز الاقتداء وإن لم تتصل الصفوف". (حاشية الطحطاوی علی مراقی الفلاح، كتاب الصلاة، باب أحكام الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته، ص: ۵۹۵، قديمی)

(۲) "ولا تكره صلوة جنازة فی مسجد أعدلها، وكذا فی مدرسة و مصلی عيد؛ لأنه ليس لها حكم المسجد فی الأصح، إلا فی جواز الاقتداء وإن لم تتصل الصفوف". (حاشية الطحطاوی علی مراقی الفلاح، كتاب الصلاة، باب أحكام الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته، ص: ۵۹۵، ۵۹۶، قديمی)

"واختلفوا أيضاً فی مصلی العيدين أنه هل هو مسجد؟ والصحيح أنه مسجد فی حق جواز الاقتداء وإن لم تتصل الصفوف؛ لأنه أعد للصلاة حقيقةً، لا فی حرمة دخول الجنب والحائض". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته : ۳۲۸/۲، رشيديه)

کے ورثاء نے جنازہ کی نماز مقررہ جنازہ گاہ میں نہیں پڑھی اور جنازہ اس مقام پر لے گئے جہاں تعزیہ نکلے ہوئے تھے اور وہاں اہلِ تشیع ماتم کررہے تھے تو بعض ان میں سے آگئے اور جنازہ میں شامل ہوگئے اور نماز جنازہ اہل سنت والجماعت نے پڑھائی۔ اور ورثاء یہ نیت بیان کرتے ہیں کہ وہاں مجمع کثیر تھا اس لئے وہاں لے گئے حالانکہ شہر میں اہل سنت والجماعت کا وعظ ہورہا تھا وہاں مجمع کثیر موجود تھا اور ان کو پہلے جنازہ کی اطلاع بھی دی گئی تھی، انہوں نے کہا کہ اگر نماز جنازہ گاہِ مقررہ پر پڑھیں تو ہم سب شامل ہیں لیکن تعزیہ کی طرف نہیں جاتے، چنانچہ وہ نہ گئے۔ اب سوال یہ ہے کہ جن لوگوں نے مجمع اہل السنۃ والجماعت سے اہل تشیع کو ترجیح دی ان کے لئے شرعاً کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

انہوں نے بُرا کیا ہے، اس فعل سے توبہ کرنی چاہیے، جب نماز دوسری جگہ ہوسکتی تھی اور مجمع کثیر کی شرکت کی بھی امید قوی تھی تو جان بوجھ کر فسق وفجور کی جگہ میں جانے کی کیا ضرورت تھی (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۷/۱/۵۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، ۲۰/محرم/۵۷ھ۔

کشادہ جگہ میں نمازِ جنازہ

سوال[۴۱۴۷]: ہمارے وطن میں جنازہ کی نماز کے سلسلہ میں یہ اختلاف ہورہا ہے کہ ہمارے یہاں عیدگاہ بھی موجود ہے، کچھ لوگ نماز عیدین عیدگاہ میں ادا کرتے ہیں اور کچھ لوگ قصبہ میں ایک مسجد ہے اس

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿یا أیھاالذین آمنوا توبوا إلی اللہ توبۃً نصوحاً﴾ الایۃ" (سورۃ التحریم: ۸)

"عن أبی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: "لَلّٰہ أشد فرحاً بتوبۃ أحدکم من أحدکم بضالتہ إذا وجدھا".

"واتفقوا علی أن التوبۃ من جمیع المعاصی واجبۃ، وأنھا واجبۃ علی الفور، لا یجوز تأخیرھا سواء کانت المعصیۃ صغیرۃً أو کبیرۃً. والتوبۃ من مھمات الإسلام و قواعدہ المتأکدۃ، ووجوبھا عند أھل السنۃ والجماعۃ". (الصحیح لمسلم مع شرحہ للنووی، کتاب التوبۃ: ۲/۳۵۴، قدیمی)

وراجع للبسط: (تفسیر روح المعانی: ۲۸/۱۵۷، ۱۵۸، ۱۵۹، ۱۶۰، دار احیاء التراث العربی، بیروت)

Made searchable using ScribeTools.com

مسجد کے سامنے مسجد سے الگ کشادہ جگہ ہے وہاں پر ہر سال عید کی نماز پڑھتے ہیں، اس کشادہ جگہ میں نماز جنازہ پڑھنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس کشادہ جگہ میں بھی نماز جنازہ پڑھنا درست ہے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۷/۹/۹۵ھ۔

ارضِ مغصوبہ میں نمازِ جنازہ

سوال[۴۱۴۸]: ارض مغصوبہ میں نماز جنازہ کا کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مغصوبہ زمین میں نماز جنازہ مکروہ ہے :"تکره صلوة الجنائز فی الشارع وأراضی الناس"(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

---

(۱) "واختلفوا أيضاً فی مصلی العيدين أنه هل هو مسجد؟ والصحيح أنه مسجد فی حق جواز الاقتداء، وإن لم تتصل الصفوف؛ لأنه أعِدّ للصلاة حقيقةً، لا فی حرمة دخول الجنب والحائض". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته : ۳۲۸/۲، رشيديه)

"ولا تكره صلوة جنازة فی مسجد أعدلها، و كذا فی مدرسة و مصلی عيد؛ لأنه ليس لها حكم المسجد فی الأصح، إلا فی جواز الاقتداء وإن لم تتصل الصفوف". (حاشية الطحطاوی علی مراقی الفلاح، كتاب الصلاة، باب أحكام الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته، ص:۵۹۵، قديمی)

(۲) (حاشية الطحطاوی علی مراقی الفلاح، كتاب الصلاة، باب أحكام الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته، ص:۵۹۶، قديمی)

"تكره فی الشارع و أراضی الناس كما فی المضمرات". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل الخامس فی الصلاة علی الميت : ۱۶۵/۱، رشيديه)

(وكذا فی رد المحتار، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲۲۵/۲، سعيد)

نمازِ جنازہ کے بعد دعاء

سوال[۴۱۴۹]: بعض لوگ نماز جنازہ کے بعد بیٹھ کر دعاء مانگتے ہیں، اس کا کیا حکم ہے، درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ ثابت نہیں، قرآن کریم، حدیث شریف اور کتب فقہ میں کہیں اس کا حکم نہیں دیکھا، حالانکہ چھوٹے چھوٹے مستحبات بھی کتب فقہ میں مذکور ہیں، بلکہ بعض کتب میں نماز جنازہ کے بعد دعاء کو منع کیا گیا ہے(۱) (اس لئے کہ نماز جنازہ خود میت کے لئے دعا ہے)۔ فقط واللہ وتعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

ایضاً

سوال[۴۱۵۰]: دعاء بعد نمازِ جنازہ کا کیا حکم ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

نمازِ جنازہ خود دعاء ہے اس کے بعد وہیں ٹھہر کر دعاء کرنا جیسا کہ بعض جگہ رواج ہے شرعاً ثابت نہیں، خلاصۃ الفتاویٰ میں اس کو مکروہ لکھا ہے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) (راجع الحاشية التالية)

(۲) "لا يقوم بالدعاء بعد صلوة الجنازة" (خلاصة الفتاوى، الفصل الخامس والعشرون فى الجنائز، نوع منه إذا اجتمعت الجنائز: ۱/۲۲۵، رشيديه كوئٹه)

"و لا يدعو للميت بعد صلاةالجنازة؛ لأنه يشبه الزيادة فى صلاة الجنازة" (مرقاةالمفاتيح، كتاب الجنائز، باب المشى بالجنازة والصلاة عليها، الفصل الثالث، (رقم الحديث: ۱۶۸۷): ۴/۱۷۰، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوى البزازية على هامش الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الخامس والعشرون فى الجنائز، و فيه الشهيد: ۴/۸۰، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

ایضاً

سوال[۴۱۵۱]: ہمارے علاقے میں نمازِ جنازہ کے سلام پھیرنے کے بعد ہاتھ اٹھا کر امام و جملہ مقتدی دعاء مانگتے ہیں کیا یہ دعاء مانگنا جائز ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

خلاصۃ الفتاوی:۱/ ۲۲۵ میں اس کو منع کیا ہے:"لایقوم بالدعاء بعد صلوۃ الجنازۃ"(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۱/ ۹/ ۸۹ھ۔

نمازِ جنازہ کے بعد اجتماعی دعاء

سوال[۴۱۵۲]: نماز جنازہ کے بعد سلام پھیرنے کے بعد اور جنازہ اٹھانے سے پہلے بعض جگہ پر رواج ہے کہ تمام لوگ کھڑے ہوکر ہاتھ اٹھا کر میت کے لئے دعاء مانگتے ہیں، مانگنے سے قبل جنازہ نہیں اٹھایا جاتا، دعاء نہ مانگنے والوں کو ملامت کیا جاتا ہے کہ یہ تارکِ سنت ہے، یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ یہ سنت ہے (دعاء میں سورۂ فاتحہ اخلاص وغیرہ پڑھتے ہیں) اور اگر منع کیا جائے تو کہتے ہیں کہ تم لوگ نیک کام سے منع کرتے ہو اور یہ کہتے ہیں کہ اگر یہ سنت نہ بھی ہو تب بھی کوئی حرج نہیں ثواب کا کام ہے، اس لئے شریعت اسلام کا یہ حکم ہے کہ جہاں تک ممکن ہو کسی بھی نیک کام کو ترک نہ کیا جائے۔

اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ کیا آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین یا ائمہ

---

(۱) (خلاصة الفتاوى، الفصل الخامس والعشرون فى الجنائز، نوع منه: إذا اجتمعت الجنائز: ۱/ ۲۲۵، رشيديه)

"و لا يدعو للميت بعد صلاةالجنازة؛ لأنه يشبه الزيادة فى صلاة الجنازة". (مرقاةالمفاتيح، كتاب الجنائز، باب المشى بالجنازة والصلاة عليها، الفصل الثالث، تحت حديث مالك بن هبيرة رضى الله تعالىٰ عنه، (رقم الحديث: ۱۶۸۷): ۴/ ۱۷۰، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوى البزازية على هامش الفتاوى العالمكيرية، كتاب الصلاة، الخامس والعشرون فى الجنائز، وفيه الشهيد: ۴/ ۸۰، رشيديه)

Made Searchable by ScribeTools.com

اربعہ،فقہائے متقدمین یامتاخرین رحمہم اللہ تعالیٰ سے یہ عمل ثابت ہے یانہیں؟اگرثابت نہیں توفی زماننااس پرعمل کرنادرست ہے یانہیں،یایہ کہ ابتدائے اسلام میں تھالیکن بعدمیں منسوخ ہوگیا؟

الجواب حامداًومصلیاً:

جولوگ ایسے عمل کوسنت کہتے ہیں ان سے مطالبہ کیاجائے کہ کسی حدیث میں کس فقہ کی کتاب میں ہے، مگرآپ نے ان سے ثبوت طلب نہیں کیا، کچھ حکمت ہی ہوگی۔فقہاء نے نماز جنازہ سے فارغ ہوکر بعدسلامِ میت کے لئے مستقلاً کھڑے ہوکردعاء کرنے سے منع فرمایاہے،فقہ حنفی کی معتبرکتاب خلاصۃ الفتاویٰ میں اس کومنع کیاہے۔اس دعاء کانیک کام ہونا کیاحضورصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم،خلفائے راشدین،ائمۂ مجتہدین وغیرہ کومعلوم نہیں تھاآج ہی منکشف ہواہے: "لا یقوم بالدعاء بعد صلوة الجنازة". خلاصة الفتاویٰ: ۱/۲۲۵(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبدمحمودغفرلہ،دارالعلوم دیوبند۔

نماز جنازہ کے بعدمستقلاً میت کے لئے دعاء کرنا

سوال[۴۱۵۳]: نماز جنازہ کے بعدکھڑے ہوکرمستقلاً میت کے لئے دعائے مغفرت کرنا کیساہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

نماز جنازہ خوددعاء ہےاورمیت کیلئے اس میں دعائے مغفرت ہی اصل ہےِ نماز کے بعدمستقلاً کھڑے

---

(۱) (خلاصة الفتاوی، الفصل الخامس والعشرون فی الجنائز، نوع منه: إذا اجتمعت الجنائز: ۱/۲۲۵، رشیدیه)

"و لا یدعو للمیت بعد صلاةالجنازة؛ لأنه یشبه الزیادة فی صلاة الجنازة". (مرقاةالمفاتیح، کتاب الجنائز، باب المشی بالجنازة والصلاة علیها، الفصل الثالث، (رقم الحدیث : ۱۶۸۷): ۴/۱۷۰، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاوی البزازیة علی هامش الفتاوی العالمکیریة، کتاب الصلاة، الخامس والعشرون فی الجنائز، وفیه الشهید : ۴/۸۰، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

ہوکر دعاء کرنا ثابت نہیں بلکہ کتبِ فقہ میں اس کو منع کیا گیا ہے: "لا یقوم بالدعاء بعد صلوة الجنازة". خلاصة الفتاویٰ: ۱/۲۲۵(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

نمازِ جنازہ کے بعد دعاء اور قل ھو اللّٰہ پڑھنا

سوال[۴۱۵۴]: جب امام نماز جنازہ پڑھ لیتا ہے تو بعد میں بعض جگہ دعاء مانگتے ہیں اور جو جنازہ کی نماز کے بعد دعاء نہ مانگے اس کو برا سمجھتے ہیں، بعض جگہ نماز جنازہ کے بعد گیارہ مرتبہ ﴿قل هو الله أحد﴾ پڑھ کر جنازہ کو اٹھاتے ہیں، کتبِ فقہ میں بعد نمازِ جنازہ دعاء کرنا یا گیارہ مرتبہ ﴿قل هو الله أحد﴾ پڑھنا نہیں آیا کیونکہ یہ نماز خود دعاء ہے۔ ایسا کرنے والا بدعتی ہوگا یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

کتبِ فقہ میں بعد نماز جنازہ دعاء کا ثبوت نہیں بلکہ دعاء کا انکار منقول ہے اور ﴿قل هو الله أحد﴾ گیارہ مرتبہ پڑھنے تک بھی جنازہ کو نہ اٹھانا ثابت نہیں ہے لہذا یہ طریقہ شرعاً بے اصل اور بدعت ہے(۲) اس پر انکار کرنے والے کو بُرا

---

(۱) (خلاصة الفتاوی، کتاب الصلوة، الفصل الخامس والعشرون فی الجنائز نوع منه إذا اجتمعت الجنائز: ۱/۲۲۵، رشیدیه)

"ولا یدعو للمیت بعد صلوة الجنازة؛ لأنه یشبه الزیادة فی صلوة الجنازة". (مرقاة الفاتیح، کتاب الجنائز، باب المشی بالجنازة والصلوة علیها، الفصل الثالث، (رقم الحدیث: ۱۶۸۷): ۴/۱۷۰، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاویٰ البزازیة، کتاب الصلوة، الخامس والعشرون فی الجنائز، وفیه الشهید: ۴/۸۰، رشیدیه)

(۲) "عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها قالت: قال النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "من أحدث فی أمرنا هذا ما لیس، منه فهو رد". (صحیح البخاری، کتاب الصلح، باب إذا اصطلحوا علی صلح جور، فهو مردود: ۱/۳۷۱، قدیمی)

قال الملا علی القاری تحته: "من أحدث". أی جدّد وابتدع، وأظهر واخترع "فی أمرنا هذا": أی فی دین الإسلام ..... قال القاضی: المعنی: من أحدث فی الإسلام رأیاً لم یکن له من الکتاب والسنة سندٌ ظاهرٌ أو خفیٌّ، ملفوظٌ أو مستنبطٌ، فهو مردودٌ علیه. قیل: فی وصف الأمر "بهذا" إشارة إلی أن أمر الإسلام کمل وانتهی وشاع وظهر ظهور المحسوس بحیث علی کل ذی بصرٍ وبصیرة، فمن حاول الزیادة، فقد حاول أمراً غیر مرضیٍّ؛ لأنه من قصور فهمه رآه ناقصاً ..... فذلک الشخص =

کہنا بہت ہی بُرا ہے، صلوۃ جنازہ خود دعاء ہے، نفسِ ایصالِ ثواب بغیر التزام مالا یلزم کے درست اور نافع ہے(۱)۔

قال الشامی:" فقد صرحوا عن اٰخرهم بأن صلوة الجنازة هی الدعاء للميت؛ إذ هوالمقصود منها اهـ"(۲)۔ قال القاری فی شرح المشكوة :"و لا يدعى للميت بعد صلوة الجنازة؛ لأنه يشبه الزيادة فی صلوة الجنازة، اهـ".(۳)۔ قال فی خلاصة الفتاوی:"لا يقوم الرجل بالدعاء بعد صلوة الجنازة، اهـ" (٤)۔ وقال فی شرح المنية: "وفی السراجية: إذا فرغ من الصلوة، لا يقوم بالدعاء"(٥)۔ فقط واللہ سبحانہ اعلم۔

= ناقص مردود وعن جنابنا بطرود عن بابنا، فإن الدين اتباع آثار الآيات والأخبار واستنباط الأحكام منها". (مرقاة المفاتيح، كتاب الإيمان، باب الاعتصام بالكتاب والسنة، الفصل الأول (رقم الحديث: ۱۴۰): ۱/۳۶۵، ۳۶۶، رشيديه)

(وكذا فی فيض القدير شرح الجامع الصغير لعبد الرؤوف المناوی، (رقم الحديث: ۸۳۳۳): ۱۱/۵۵۹۴، مكتبه نزار مصطفیٰ الباز، رياض)

وفی رد المحتار:"بأنها (أی البدعة) ما أحدث على خلاف الحق المتلقى عن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من علم أو عمل أو حال بنوع شبهة و استحسان، وجعل ديناً قويماً و صراطاً مستقيماً".(كتاب الصلاة، باب الإمامة، مطلب: البدعة خمسة أقسام: ۵۶۰، سعيد)

(۱) "إن سعد بن عبادة رضى الله تعالىٰ عنه أخابنى ساعدة توفيت أمه و هو غائب عنها فأتى النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقال: يا رسول الله! إن أمى توفيت وأنا غائب عنها، فهل ينفعها شیء إن تصدقت به عنها؟ قال: "نعم" قال: إنى أشهدک أن حائطى المخراف صدقة عليها".(صحيح البخارى، كتاب الوصايا، باب الإشهاد فی الوقف والصدقة والوصية : ۱/۳۸۷، قديمى)

"صرح علماء نا فی باب الحج عن الغير: بأن للإنسان أن يجعل ثواب عمله لغيره صلاةً أو صوماً أو صدقةً أو غيرها ..... الأفضل لمن يتصدق نفلاً أن ينوى لجميع المؤمنين والمؤمنات؛ لأنها تصل إليهم ولا ينقص من أجره شیء".(ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۲۴۳، سعيد)

(۲) (رد المحتار، كتاب الصلاة، باب الجنائز : ۲/۲۱۰، سعيد)

(۳) (مرقاة المفاتيح، كتاب الجنائز، باب المشى بالجنازة والصلاة عليها، الفصل الثالث، (رقم الحديث : ۱۶۸۷): ۴/۱۷۰، رشيديه)

(۴) (خلاصة الفتاوى كتاب الصلوة، الفصل الخامس والعشرون فی الجنائز، نوع منه: إذا اجتمعت الجنائز: ۱/۲۲۵، رشيديه)

(۵)(الفتاوى السراجية، كتاب الجنائز، باب الصلاة على الجنازة، ص:۲۳، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com


لا يجيب دعوة الداع اذا دعان
هو الله الذي لا اله الا هو الرحمن
العزيز الملك القدوس السلام المؤمن المهيمن
العزيز الجبار المتكبر الخالق البارئ المصور الغفار القهار
الوهاب الرزاق الفتاح العليم القابض الباسط الخافض الرافع المعز
الملك السميع البصير الحكم العدل اللطيف الخبير الحليم العظيم الغفور
الشكور العلي الكبير الحفيظ المقيت الحسيب الجليل الكريم الرقيب المجيب
الواسع الحكيم الودود المجيد الباعث الشهيد الحق الوكيل القوي المتين
الولي الحميد المحصي المبدئ المعيد المحيي المميت الحي القيوم الواجد
الماجد الواحد الاحد الصمد القادر المقتدر المقدم المؤخر الاول الآخر
الظاهر الباطن الوالي المتعالي البر التواب المنتقم العفو الرؤف
مالك الملك ذو الجلال والاكرام المقسط الجامع الغني المغني المانع الضار النافع
النور الهادي البديع الباقي الوارث الرشيد الصبور
فبأي آلاء ربكما تكذبان